جلد اول

فتوحاتِ مکیہ

تصنیف لطیف

شیخ اکبر محی الدین ابن العربی علیہ الرحمۃ

علی برادران تاجران کُتب اشرف مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آ[باد]

www.maktabah.org

www.maktabah.org

www.maktabah.org

www.maktabah.org

۷۸۶
۹۲

جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں

جلد اوّل

فتوحاتِ مکیہ

تصنیف لطیف، حضرت امام الموحدین سید المکاشفین شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی طائی اندلسی المعروف بہ ابن عربی قدس اللہ سرہ

ترجمہ

حضرت علامہ صائم چشتی فیصل آباد،

ناشران

علی برادران تاجران کتب

نزد جامعہ رضویہ ارشد مارکیٹ جھنگ بازار، فیصل آباد

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام تالیف	فتوحات مکیہ
مولف	شیخ محی الدین ابن العربیؒ
مترجم	علامہ صائم چشتی
پہلی بار	دسمبر ۱۹۸۶ء
تعداد	گیارہ سو
طابع	فضل کریم نقشبندی
مطبع	
کتابت	اللہ دتہ جمیل رقم
سائز	۲۳/۳۶ ۱۶
ہدیہ	۱۲۰/-
صفحات مع متن	۲۱۶
ناشر	علی برادران فیصل آباد

ملنے کے پتے

علی برادران ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

چشتی کتب خانہ ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

www.maktabah.org

انتساب

بصد عجز و نیاز محبوبِ حقیقی جلّ و علاٰ کے نام

بندۂ ناچیز صائم چشتی

www.maktabah.org

نذرِ عقیدت

بصد احترام بحضورِ حقیقت الحقائق صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

گر قبول اُفتد زہے عز و شرف

بندہ کمترین
صائم چشتی

www.maktabah.org

وَفِیْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

www.maktabah.org

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ
وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ

www.maktabah.org

مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ

ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا

www.maktabah.org

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
تعارف از پروفیسر محمد اسحاق قریشی	۲۵
خطبہ	۴۱
سب سے پہلے لوح پر کیا تحریر ہوا	۵۱
پانی کیسے بنا	۵۱
زمین کیسے بنی	۵۲
آسمان کیسے بنے	۵۲
خود خدا کس کے لئے ہے	۵۲
آسمان بغیر ستون کے کیسے قائم ہے	۵۳
اہلِ سعادت اور اہلِ شقاوت کی تحقیق	۵۴
اپنی ذات کی معرفت اپنے اِسم سے حاصل کرو	۵۵
اقطاب و اوتاد کا ظہور	۵۶
سات ابدال	۵۶
دیکھنے کی چیز	۵۷
اس کے ساتھ کوئی چیز نہیں	۵۷
اپنے نفس کی پہچان	۵۸
عالم ترکیب کا درست تجزیہ	۵۸
ہر نتیجے کے دو مقدمے ہیں	۵۹
آپ کی کسی حقیقت کو جان لینا	۶۰
مدت جہان کی	۶۰
اِن اشاروں کو دیکھیں	۶۱
مقدمہ	۸۷
پہلا عِلم عقلی علم ہے	۸۸
دوسرا علم علم الاحوال ہے	۸۹
تیسرا علم علم الاسرار	۸۹
عِلم الاسرار کا ثبوت	۹۳
راویانِ حدیث	۹۲
فلسفی کے مذہب کے بارے میں	۹۵
عقلِ نظری کا علم	۹۶
عِلم احوال عِلم اسرار کے قریب ہے	۹۷
یہ راستہ کس کے لئے ہے	۹۸

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
اپنی جانوں کا حق	۹۹	پہلی فصل	۱۲۷
حقائق چار ہیں	۱۰۰		
حال اور مقام کا فرق	۱۰۱	غریبی کی زبان سے معرفت حاصل کی	۱۲۷
تین مقامات	۱۰۲	حادث کے لئے سبب	۱۲۷
معرفت کے سات مقام	۱۰۲	حوادث سے نہ نکلنے والا	۱۲۷
عامۃ المسلمین کا راستہ درست ہے	۱۰۳	اثبات بقا اور استحالہ عدم قدیم	۱۲۸
علم قرآن اصل علم ہے	۱۰۴	اخفاء وظہور	۱۲۸
یہودیوں کے سوال کا جواب	۱۰۵	ابطال انتقال عرض اور اسکا عدم	۱۲۸
کیا وہ مسلمان ہے	۱۰۶	حوادث کے لئے اولیت نہیں	۱۲۸
علم کلام کیوں وضع کیا گیا	۱۰۶	باب القدم	۱۲۹
بلا تاویل قران مجید سے اخذ کریں	۱۰۷	جوہر کے ساتھ نہیں	۱۲۹
قرآن پاک نبی کریم کا معجزہ ہے	۱۱۱	جسم کے ساتھ نہیں	۱۲۹
مقام شریعت	۱۱۳	عرض کے ساتھ نہیں	۱۲۹
اسلام کا بنیادی عقیدہ اور گواہی	۱۱۳	باب نفی الجہات	۱۳۰
اللہ تعالیٰ کے بارے میں عقیدہ	۱۱۵	باب الاستواء	۱۳۰
حضور رسالتماب کے متعلق عقیدہ	۱۲۲	باب الاحدیت	۱۳۰
مزید شرائط ایمان	۱۲۳	باب فی الروئت	۱۳۰
شیعہ وشادیہ عقائد کے بارے میں	۱۲۵	دوسری فصل	۱۳۲

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
حامل و محمول لازم کی معرفت میں مشرقی کی زبان سے	۱۳۲	طاقت نہ رکھنے پر تکلیف	۱۳۶
باب العلم	۱۳۲	ایلام بری اللہ تعالیٰ کے حق میں ظلم نہیں	۱۳۶
باب الحیات	۱۳۲	اچھائی اور برائی	۱۳۶
باب الارادت	۱۳۲	وجوبِ معرفت خداوندی	۱۳۷
باب ارادۃ الحادث	۱۳۳	رسولوں کی بعثت	۱۳۷
ارادہ مقام میں نہیں	۱۳۳	اثبات رسالت رسول بعینہ	۱۳۷
باب الکلام	۱۳۳		
قدم عالم	۱۳۳	چوتھی فصل	۱۳۸
باب سمع وبصر	۱۳۴	یمنی کی زبان سے ترتیب وتلخیص	
اثباتِ صفات کے باب میں	۱۳۴	کی معرفت	۱۳۸
		باب الاعادہ	
تیسری فصل	۱۳۵	سوال و عذاب قبر	۱۳۸
شامی کی زبان سے ابداع وترکیب		بابِ المیزان	۱۳۸
کی معرفت	۱۳۵	بابِ صراط	۱۳۹
عالم خلق اللہ	۱۳۵	جنت و دوزخ کی تخلیق	۱۳۹
باب الکسب	۱۳۵	وجوبِ امامت	۱۳۹
باب کسب مراد اللہ	۱۳۵	شرائطِ امام	۱۳۹
خلقِ عالم واجب نہیں	۱۳۶	اہل کشف ونظر اہل اللہ کے مخصوص عقائد	۱۴۱

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ
حق وخلق اور واجب وممکن	١٤١
سلب واثبات	١٤٢
واجب وممکن کی مناسبت	١٤٢
حق وخلق کے درمیان برزخ	١٤٤
الوہیت کیا ہے؟	١٤٥
مسئلۂ جبر	١٤٥
مُدرَک اور مدرِک	١٤٦
علم، معلوم ۔ تصوّر	١٤٦
ممکن فاعل نہیں	١٤٧
ایجادات وموجد کے بارے میں	١٤٧
بات نہیں بنتی	١٤٧
الوہیت اللہ کیلئے مخصوص ہے	١٥٠
علم اور معلوم	١٥٠
تغیّر لازم نہیں	١٥٠
نسبت ، منسوب ، منسوب الیہ	١٥١
علمِ تصوّرات واکتساب	١٥٢
بصیرت وبصارت	١٥٢
ازل اور اوّل	١٥٣
ممکن کا وجود	١٥٣

مضمون	صفحہ
تشبیہات ممکنات	١٥٤
استواء کیسے ہے	١٥٤
تشبیہ وتجسیم	١٥٥
امکان ووجوب	١٥٦
وجود ہی ذات ہے ذات کا غیر نہیں	١٥٦
نورِ عقل اور نورِ ایمان	١٥٨
کیفیّات کی معرفت	١٥٩
بقا حق تعالیٰ کے لئے ہے	١٥٩
اِسم اور مُسمّٰی	١٦٠
معلومات کا انحصار	١٦٠
حسن وقباحت ذاتی کیا ہے	١٦٠
دلیل کی نفی مدلول کی نفی نہیں	١٦١
قضا اللہ کا حکم ہے	١٦٢
اختراع اور مخترع	١٦٢
واجب اور ممکن کا ارتباط	١٦٢
علم، عالم اور معلوم	١٦٣
تین سو ساٹھ وجوہات	١٦٣
ممکن کیا ہے	١٦٤

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ
ارادۂ الٰہی کا مفہوم	۱۶۵
نسبت سلبیہ	۱۶۵
نسبت وضعیہ	۱۶۶
رویت باری تعالیٰ	۱۶۷
عدم شر محض ہے	۱۶۸
اہل اللہ کا عقیدہ	۱۶۸
باب اوّل	۱۷۰
کیا زندہ مردے کا طواف کرتا ہے	۱۷۲
وہ نوجوان کون تھا	۱۷۴
مشہد بیعت الٰہیہ کا مشاہدہ	۱۸۰
وجود و طواف سے کعبہ کے راز کے ساتھ مخاطبات تعلیم و الطاف	۱۸۱
طواف کس کا ہوتا ہے	۱۸۵
تو میں ہوں مجھے تلاش کر	۱۸۶
تو نے کیوں نہ پوچھا	۱۸۷
باب دوم	۱۹۱
پہلی فصل	۱۹۱

مضمون	صفحہ
حرفوں کے آسمان	۱۹۲
حرفوں کا مزاج	۱۹۳
آسمان حرفوں سے کیا لیتے ہیں	۱۹۳
دورۂ افلاک	۱۹۵
کس کس کا حصہ ہے	۱۹۵
جنات کے مرتبے	۱۹۶
تین حروف اللہ تعالیٰ کیلئے	۱۹۷
تین حروف انسان کیلئے	۱۹۸
عبد کیلئے تین حالتیں	۱۹۸
اللہ تعالیٰ کیلئے دو حال	۱۹۹
مناسبت کی صورت	۱۹۹
نون کیا ہے	۱۹۹
انسان ازلی ہے یا اوّل	۲۰۰
فرشتوں کے حروف	۲۰۲
اٹھارہ کا ہندسہ	۲۰۲
حقی خلقی مراتب	۲۰۲
نو ہی سات ہے	۲۰۳
القاء اور تلقی	۲۰۴
گرم اور مرطوب حروف طبعی زندگی پر دال ہیں	۲۰۴

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
جسم کی زندگی روح کی زندگی سے ہے	۲۰۵	حروف کی اُمتیں اور رسول	۲۱۹
جسم اور روح کا ملاپ	۲۰۶	عالم امتزاج	۲۲۰
چار کا ہندسہ	۲۰۷	اجناسِ عوالم	۲۲۱
اجتماعِ ضدّین	۲۰۸	عالم مرسل اور دیگر عوالم	۲۲۱
حقائق کی قسمیں	۲۰۹		
یہ مشکل بات ہے	۲۰۹	ہر مؤلف زیرِ اختیار ہے	۲۲۳
حقائق اُمہات و حروف	۲۱۰	القائے ربانی	۲۲۴
چار مرتبے چھ مرتبے	۲۱۳	تین سے پانچ تک	۲۲۵
پہلا مرتبہ	۲۱۴	سُورت یا صورت	۲۲۵
دوسرا مرتبہ	۲۱۴	علم اعداد کا نادر نمونہ	۲۲۶
تیسرا مرتبہ	۲۱۵	انفرادیتِ الٰہیہ	۲۲۸
چوتھا مرتبہ	۲۱۵	روحانی نون پوشیدہ ہے	۲۲۸
پانچواں مرتبہ	۲۱۵	وصل اور فصل	۲۲۹
چھٹا مرتبہ	۲۱۵	بحر ازل و ابد	۲۳۰
یہ اسرارِ خداوندی ہیں	۲۱۵	کونسی نعمت جھٹلاؤ گے	۲۳۰
علم اسرار علم توحید ہے	۲۱۶	احسن تقویم سے اسفل السافلین تک	۲۳۱
دودھ کا نوش کرنا حصول علم ہے	۲۱۷	الف، لام، میم	۲۳۲
میرے رب نے حدیث بیان کی	۲۱۸	جو حرف حرکت نہ کرے	۲۳۴
الف اور لام کا اجمالی خاکہ	۲۱۹	حرکت صفت علمیہ ہے	۲۳۴

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ
استمداد مدد	۲۳۵
آدم صورتِ رحمان پر بنا ہے	۲۳۶
مد کا وجود	۲۳۶
رسول ملائکہ	۲۳۶
رسول بشری	۲۳۷
حروفِ علت کی بحث	۲۳۷
اگر دیکھنا ہے	۲۳۸
پیچھے کی طرف لوٹ جاؤ	۲۳۹
الف، لام، میم کی آخری وضاحت	۲۳۹
ذالک الکتاب	۲۴۰
ذا اور الکتاب	۲۴۱
اس میں شک نہیں	۲۴۳
ردا - مرتدی	۲۴۵
علم و معلوم کے درمیان گہرا سمندر رہے	۲۴۵
فاعل اور مفعول نہ تھا	۲۴۶
اشتراک و افتراق	۲۴۷
قوتِ عجیب	۲۴۸
جیسا تھا ویسے ہے	۲۴۹
تذکیر ذالک و تانیث تلک	۲۵۰

مضمون	صفحہ
حروف کا تفصیلی تعارف	۲۵۳
الف میں کیا ہے	۲۵۳
ہمزہ میں کیا ہے	۲۵۳
وہ جو حذفِ ھا میں ہے	۲۵۴
جو عینِ مہملہ میں ہے	۲۵۶
حا مہملہ میں کیا ہے	۲۵۸
جو غین منقوطہ میں ہے	۲۵۹
جو خا منقوطہ میں ہے	۲۶۰
قاف میں کیا ہے	۲۶۱
جو قاف میں ہے	۲۶۲
ضاد معجمہ میں کیا ہے	۲۶۳
جو کچھ جیم میں ہے	۲۶۴
شین میں کیا ہے	۲۶۶
حرف یا، میں کیا ہے	۲۶۷
جو حرف لام میں ہے	۲۶۷
جو حرف راء میں ہے	۲۶۸
حرف نون میں کیا ہے	۲۶۹
جو طاء مہملہ میں ہے	۲۷۰
حرف دال میں کیا ہے	۲۷۱

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ
حرف تاء اوپر سے دو کے ساتھ	۲۷۲
صاد یا بسمہ میں کیا ہے	۲۷۳
صاد کے خصوصی اسرار	۲۷۴
صاد، صدق، صورت	۲۷۵
وہ نظم یہ ہے	۲۷۷
ترجمہ اس نظم کا	۲۷۸
جو حرف زای میں ہے	۲۸۰
سین میں کیا ہے	۲۸۱
جو ظا معجمہ میں ہے	۲۸۲
ذال معجمہ میں کیا ہے	۲۸۳
جو حرف ثاء بالثلاثہ میں ہے	۲۸۴
حرف فاء میں کیا ہے	۲۸۶
جو باء بواحدہ میں ہے	۲۸۷
حرف میم میں کیا ہے	۲۸۸
جو واؤ میں ہے	۲۸۸
مزید اسرار و رموز	۲۸۹
لام الف اور الف لام کا بیان	۲۹۰
لام الف لا کی معرفت	۲۹۱
لام کا عشق	۲۹۱

مضمون	صفحہ
پہلے کون لام یا الف	۲۹۲
ہم دونوں سے آگے ہیں	۲۹۳
بحر قرآن میں غوطہ لگائیں	۲۹۴
ہمیشہ ہمیشہ کے لئے	۲۹۵
دو یاقوت تلاش کریں	۲۹۵
ہر لام الف لا برابر نہیں	۲۹۶
ابھی اسرار باقی ہیں	۲۹۷
الف لام ال کی معرفت	۲۹۸
حق و خلق و ملکوت	۲۹۸
الف اور لام کی حقیقت	۳۰۰
تفسیر الفاظ	۳۰۳
الفاظ کا قطب	۳۰۳
دو امام	۳۰۴
اوتاد چار ہیں	۳۰۴
ابدال سات ہیں	۳۰۴
تو صاحب علم کا اختلاف ہے	۳۰۶
حروف کی شرح	۳۰۹
ایمان کا نور نکل جاتا ہے	۳۰۹
وہ قسم جسکا نام عالم غیب ہے	۳۱۰

www.maktabah.org

مضمون	صفحہ
دوسری قسم عالم شہادت وقہر	
پہلے کی انتہا دوسرے کی ابتداء ہے	۳۱۱
اعداد کے بیان میں	۳۱۳
اگر ایک ہوگا	۳۱۴
اگر دو ہوں	۳۱۵
اگر تین ہوں	۳۱۵
اگر چار ہوں	۳۱۶
اگر پانچ ہوں	۳۱۷
اگر چھ ہیں	۳۱۷
اگر سات ہیں	۳۱۸
اگر آٹھ ہیں	۳۱۹
اگر نو ہوں	۳۱۹
عدد اللہ تعالیٰ کا راز ہے	۳۲۰
بسائط سے مراد	۳۲۰
فلک سے کیا مراد ہے	۳۲۱
طبقات کا امتیاز	۳۲۲
حروف کا تقرر	۳۲۳
پہلا طبقہ	۳۲۴
دوسرا طبقہ خاص سے	۳۲۵
	۳۲۶

مضمون	صفحہ
تیسرا طبقہ خواص سے	۳۲۶
چوتھا طبقہ خواص سے	۳۲۷
بسم اللہ کا اجمالی بیان	۳۲۸
پانچواں طبقہ عین الصفاء	۳۲۸
مرتبہ دوم تا ہفتم	۳۲۹
حرکت معوجہ ومستقیمہ کی وضاحت	۳۳۰
اعراف خلق وغیرہ کا بیان	۳۳۰
خالص اور ممتزج کی وضاحت	۳۳۱
کامل یا ناقص کی وضاحت	۳۳۱
مقدس کی وضاحت	۳۳۲
مفرد ومثنیٰ کی تشریح	۳۳۲
ذات وصفات اور قول	۳۳۵
اسماء کی وضاحت	۳۳۵
فصل دوم	۳۳۷
الفاظ کا مطلق ذکر	۳۳۹
ارواح حروف	۳۳۹
نکتہ اور اشارہ	۳۴۱
پھونک کس کی؟	۳۴۲
ثبوت کا سبب حضور ہیں	۳۴۳

www.maktabah.org

معبُود و عابد

خُدا خواہ کتنا نزول فرمائے خدا ہے
بندہ خواہ کتنا عُروج پائے بندہ ہے

"ابن عربی"

رب حق ہے بندہ حق ہے کاش مجھے معلوم ہوتا مکلف کون ہے۔
اگر تو کہے بندہ تو وُہ مرنے والا ہے اگر کہے خدا تو وُہ کیونکر مُکلف ہے؟

"ابن عربی"

www.maktabah.org

اعترافِ عجز

از مترجم

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

الحمدُ للہِ ربِّ العٰلمین والصلوٰۃ والسّلام علی رسولہِ الکریم الامین وعلی آلہِ الطاھرین وصحبہٖ اجمعین

اَمّا بَعدُ! کُلَّ فَوقَ ذِی عِلمٍ عَلِیمٌ یعنی ہر علم والے کے اوپر ایک علم والا ہے، نصِ قرآنی سے منصوص یہ کُلیہ ناقابلِ تغیّر ہے، امتدادِ زمانہ اور علوم جدیدہ کا ارتقاء اس فرمانِ ایزدی میں تبدیلی نہیں لاسکتا اور اس کے بالعکس قائم کردہ تصورات از خود دم توڑ دیتے ہیں۔

صرف اور صرف ایک اقدس و اعلیٰ ذات ایسی ہے جس کے اوپر کوئی علم والا نہیں اور وہ ذاتِ مُنزّہ و مُقدّس خالقِ کائنات معبودِ برحق اللہ جل شانہٗ ہے اور یہی اُس کی شانِ معبودیت ہے کہ وہ، تمام تر رفعتوں سے بلند تر ہے اور ہر بلندی اُس کے حضور میں پست ہے

اُس ذاتِ اقدس و اعلا اور علیم و خبیر کے بعد سب سے زیادہ علیم و خبیر، سب سے زیادہ جاننے والے، سب سے زیادہ علوم پر احاطہ کرنے والے مُعلّم و مقصودِ کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔

وُہ شہریارِ مملکتِ رسالت جنہیں عَلَّمَہُ الْبَیَان کا تاج پہنایا گیا،

وُہ تاجدارِ سلطنتِ علوم جنہیں "وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ" کے خلعت سے سرفراز کیا گیا۔

www.maktabah.org

وُہ صاحبِ قرآن وحی اور قرآنِ ناطق جن کے عُلوم کے بیکراں سمندر سے قرآن مجید کے علوم ایک قطرہ ہیں، باوجودیکہ قرآن خود میں تفصیل کل شیٔ کا مُدعی ہے۔

نٓ وَالقَلَمِ اور اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ القَلَمَ کی وُہ حقیقتِ صادقہ جسے مَا کَانَ وَمَا سَیَکُون کو تحریر کرنے کا حکم ہُوا تھا۔

وُہ عالِم مَا کَانَ وَمَا یَکُون جن کے نورِ علوم کی برکت سے حضرت آدم علیہ السلام اَسماءَ کُلَّھَا کے عالم قرار پائے۔

وُہ کلماتِ الٰہیہ کے جامع جن کا ارشاد ہے کہ میں جامع الکلم دیا گیا ہُوں۔

وُہ مدینۃ العلم کہ لوح و قلم کا علم جن کے علوم کا ایک حصّہ ہے۔

وُہ مبداء و مرکزِ علوم اپنی دعائے نیم شب میں سب سے بڑے علیم و عالم کے حضور عرض کرتے ہیں، رَبِّ زِدنِی عِلماً۔

آپ کی یہ پاکیزہ و محترم دُعا اُسی کے فرمانِ عالی شان کی تعمیل تھی جس کے اُوپر کوئی علم والا نہیں، جب عطا فرمانے والا خود کہے مجھ سے فلاں چیز مانگ تو یقیناً وہ مائل بہ کرم ہے اور وُہ چیز عطا فرمانے کے درپے ہے، اندریں صُورت آپ کی افزونیٔ علم کا کیا اندازہ کیا جاسکتا ہے، تاہم شانِ عبودیت قائم ہے اور حجرۂ عائشہؓ سے رب زدنی علماً کی صدائے کیف آفریں مسلسل آرہی ہے۔

زیادہ سے زیادہ اور پھر زیادہ سے زیادہ بھی حدود و تعینات ہیں، اور امکان و تعیّن کے لئے تعیّن کا تقرر بدیہی امر ہے، خالق کائنات، واجب الوجود لامتناہی و لاتعیّن ہے، اِس لئے یہ تعیّن صرف اور صرف اُس کے نزدیک ہے رہا مخلوق کے نزدیک اُس جانِ جہاں کے عُلوم تو وُہ لامتناہی اور غیر متعیّن ہیں سوائے خالق کائنات کے کوئی بھی آپ کے علوم کا احاطہ نہیں کرسکتا، ایک رحمٰن ہے جو آپ کو سکھانے والا ہے باقی سب آپ سے سیکھتے ہیں خواہ وُہ انبیاء ہوں

www.maktabah.org

یا ملائکہ آپ ہی کی درسگاہِ قدس کے طالبِ علم ہیں اور علوم قدیمہ و جدیدہ کا ہر طالبِ علم طوعاً کرہاً آپ سے ہی اکتساب فیض کرتا ہے بہر کیف! ہمارے آقائے نعمت اللہ تبارک و تعالیٰ کی دیگر نعمتوں کی طرح علم کی دولت بھی تقسیم فرماتے ہیں اور سبھی مخلوقات اسی قاسم العلوم کی دریوزہ گر ہے اگر کوئی شوریدہ سر اِس مُسلمہ حقیقت کا انکار کرتا ہے تو یہ اُس کی اپنی محرومی ہے، ہمیں اُس سے کچھ غرض نہیں، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہر صُورت اُستادِ کُل ہیں اور آپ کے سِوا تمام مخلوق کے لئے "جائے اُستاد خالی است" کا قول علی الاطلاق صادق ہے۔

آپ کے غلاموں کے عُلوم غرناطہ کی لائبریری سے یورپ کے ممالک میں پُہنچے تو سائنیسی کمالات کا ظہور شروع ہو گیا، آپ کے علومِ اسرار کی تجلیات قلوب صالحین پر پڑیں تو جُنیدؒ و شبلیؒ جیسے علمبرداران رُوحانیت کا سکہ جاری ہو گیا، آپ کے کلام بلاغت نظام کے اثرات رازیؒ و غزالیؒ پر پڑے تو یونانی اور غیر اسلامی فلسفے کی دھجیاں فلک بسیط پر اُڑنے لگیں، بہر نوع اِدنیا کا کوئی علم ایسا نہیں جو تاجدارِ انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وساطت کے بغیر دُوسروں کی طرف منتقل ہوا ہو۔

صاحب فتُوحات مکیہ الشیخ الاکبر محی الدین ابن عربیؒ بھی آپ ہی کے گلستان علم کے خوشہ چین ہیں، اُن کو علم انوار کے ساتھ ساتھ علم اسرار بھی عطا کیا گیا تھا یہ کتاب فتُوحات مکیہ ان دونوں علوم کی جامع ہے، شیخ اکبرؒ کے کلام میں خاص طور پر جو چیز پائی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ اُنہیں جب مکاشفہ کے ذریعے کسی سربستہ راز سے آگہی حاصل ہوتی ہے تو وہ اُس کی دلیل عُلوم انوار یعنی علوم شرعیہ میں تلاش کرتے ہیں اور حتی الامکان اپنے مکاشفہ کو نصوص سے مُدلل کر

www.maktabah.org

لیتے ہیں بایں ہمہ اکثر مشاہدات و مکاشفات اُن علوم اسرار سے ہیں جن کا تعلق کتابوں سے نہیں دل سے ہے جو مادی سیاحی سے نہیں بلکہ رُوحانی سیر سے تعلق رکھتے ہیں، ان مکاشفات و مشاہدات کو بیان کرنے کے لئے اُنکے پاس یقیناً قوتِ بیانیہ بھی موجود ہے اور یہ بھی یقینی امر ہے کہ اُن کی عبارات سے بہت زیادہ پڑھے لکھے لوگ اُن کے مفہوم و مطالب تک رسائی حاصل کرلیں مگر یہ امر بھی مُسلّم ہے کہ اُن کیفیات کو الفاظ کا جامہ نہیں پہنایا جاسکتا جو محض ذوق و وجدان سے تعلق رکھتی ہیں اس کا اعتراف خود شیخؒ نے بھی علم الاحوال اور علم الاسرار کی بحث میں کیا ہے، تاہم قاری پر کیفیتِ وجدان نہ سہی کیفیت تحریر کے اثرات بہرحال مرتّب ہوتے ہیں،

میں پُورے خُلوص و دیانت اور نہایت ایمانداری سے اس امر کا معترف ہُوں کہ کم از کم میں اپنی اس علمی کم مائیگی اور بے بضاعتی کے سبب ہرگز ہرگز اس قابل نہ تھا کہ اس مکاشفات رُوحانیہ اور منامات صادقہ پر مشتمل کتاب کا ترجمہ کرنے کی جسارت کرتا مگر اسے تائید ایزدی کہہ لیں یا میری جسارت سمجھ لیں کہ میں نے اپنے برادرِ عزیز شیخ فضل کریم نقشبندی کے شب و روز کے اصرار پر اس بحرِ ناپیدا کنار میں چھلانگ لگادی، میں نہیں جانتا کہ اس جُراٴت رندانہ کا انجام کیا ہوگا تاہم اس قدر جان گیا ہُوں کہ اگر کوئی غیبی قوت میری راہنما نہ ہوتی تو اس سمندر کی گہرائیوں میں دفن ہوچکا ہوتا اس کے ساتھ ہی مجھے پُوری دیانت سے اس امر کا بھی اعتراف ہے کہ مجھ سے بعض مقامات پر لغزشِ قلم بھی واقع ہوگئی ہوگی اس لئے کہ اس امر کا احتمال آخر تک قائم رہا ہے اور ہمیشہ دل کو یہ دھڑکا رہا کہ اب بھولا کہ بھولا، اس سے قبل میں دس سے زیادہ عربی کتابوں کو اردو زبان میں ڈھال چکا ہُوں مگر یہ صُورت

www.maktabah.org

کبھی سامنے نہیں آئی کہ بعض مقامات پر ترجمہ کی بجائے ترجمانی سے کام چلانا پڑا ہو، اندریں صورت اہلِ علم و فن حضرات سے درخواست ہے کہ اگر وہ اس ترجمہ میں کہیں لغزشِ قلم یا تساہل دیکھیں تو حرف گیری کرنے کی بجائے براہِ راست مجھے آگاہ فرما دیں بصورتِ دیگر چشم پوشی فرمالیں اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی پردہ پوشی فرمائے گا آمین! ثم آمین۔

اس اعترافِ عجز کے بعد قارئین کرام سے ملتمس ہوں کہ وہ دل کی گہرائیوں سے میرے لئے دُعا فرمائیں کہ میں تصوف کے اس بحرِ بیکنار سے مزید درِ نایاب آپ کو اُردو زبان کے جواہر پاروں کی صورت پیش کر سکوں اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ وہ اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقہ سے میری اس محنت کو قبول و منظور فرما کر اس ترجمہ کو میرے لئے توشۂ آخرت اور اہلِ ذوق حضرات کے لئے مفید اور کار آمد بنائے۔

آمین بحرمتِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

دُعاگو
صائم چشتی

www.maktabah.org

تعارف

تصنیف و مصنّف

از محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحٰق قریشی مدظلہ العالی انچارج شعبہ عربی گورنمنٹ کالج فیصل آباد

شیخ محی الدین ابوبکر محمد بن علی الطائی، الحاتمی الاندلسی، دنیائے علم و ادب میں ابن عربی کی کنیت اور محافلِ صوفیاء میں الشیخ الاکبر کے لقب سے معروف ہیں، آپ ایک قابلِ فخر عالم اور لائقِ استفادہ صوفی ہیں جن کے خیالات و نظریات نے علماء اور صوفیاء پر یکساں اثر کیا ہے اور جن کی تصنیفات ہر دور میں اور ہر مکتبۂ فکر کے ہاں قدر و منزلت کی نظر سے دیکھی گئی ہیں، شائد آپ عالمِ اسلام کی وہ واحد شخصیت ہیں جن کے خیالات موافق و مخالف ہر صاحبِ علم کی توجہ جذب کرتے رہے ہیں اور جن کے نظریات کی توضیح و تشریح پر ان گنت کتب تصنیف ہوئی ہیں۔

شیخ ابن عربی اندلسِ اسلامی کے ایک شہر مرسیہ میں سترہ رمضان المبارک ۵۶۰ھ/۲۸ جولائی ۱۱۶۵ء کو بروز پیر پیدا ہوئے، آپ مشہور عرب سخی، سردار اور شاعر حاتم الطائی کے بیٹے عبداللہ جو حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حقیقی بھائی تھے کی نسل میں ہونے کی وجہ سے کبھی الطائی اور کبھی الحاتمی نسبت سے یاد کئے جاتے رہے ہے، عمرِ عزیز کے آٹھ ابتدائی سال مرسیہ میں گزارے اور اپنے خاندان اور ہم عصر اساتذہ سے کسبِ فیض کی ابتداء کی ۵۶۸ھ میں آپ کا خاندان اندلس کے مشہور شہر اور علمی مرکز اشبیلیہ میں منتقل ہو گیا، اشبیلیہ علوم و فنون کا مخزن اور متعدد اساتذۂ فن کا وطن تھا، ہونہار

www.maktabah.org

طلبہ اور محنتی متلاشیان علم کے لئے اشبیلیہ میں حصول علم کے بہتر مواقع تھے، شیخ اکبر کا بچپن انہیں علمی فضاؤں میں گزرا۔ آپ نے قرآن، حدیث اور فقہ کی تعلیم اور درسیات کی تحصیل کا حق ادا کیا اور جلد ہی مروجہ علوم و فنون میں نام پیدا کر لیا، اندلس کی درسگاہوں میں ادبیات عربی پر توجہ زیادہ تھی، شیخ کی حساس طبیعت پر ادب کا رنگ نمایاں ہونے لگا، نظم و نثر میں ماہرانہ دسترس حاصل ہوئی تو اشبیلیہ کے حکمرانوں کے قریب ہونے کے مواقع بھی ملے اور کچھ عرصہ بطور کاتب دربار خدمات بھی انجام دیں مگر یہ منصب طبیعت اور مزاج کی عمومی روش کے مطابق نہ تھا اس لئے جلد ہی کنارہ کش ہو گئے، قدرت اپنا فیصلہ کر چکی تھی جس کے اثرات جلد نمایاں ہونے لگے، علم و ادب کی ہر شاخ پر اُن کی نظر تھی مگر نظر پھر بھی متلاشی ہی تھی اس لئے کہ متجسس طبیعت کسی صاحب نظر کی تلاش میں تھی، اصحاب طریقت سے راہ و رسم بڑھنے لگی اور وقت کا جید عالم بتدریج تصوف کے دام میں اسیر ہوتا گیا، مقامی صوفیاء سے کسب فیض نے طبیعت کو اور مضطرب کر دیا، ایک بے قراری، خود فراموشی اور وارفتگی ہمہ وقت طاری رہنے لگی، نابغۂ عصر کی جولان گاہ کے لئے اندلس کی سرزمین سمٹنے لگی تو اس تنگنائے سے نکلنے کا ارادہ کر لیا اور بالآخر اشبیلیہ کو چھوڑ دیا، یہ صرف جغرافیائی حدود کی تبدیلی نہ تھی روحانی سفر کی ابتداء بھی تھی،

شیخ نے اڑتیس سال کی عمر میں یعنی ۹۸ ھ میں سفر کا آغاز کیا، اگرچہ بعض روایات کے مطابق وہ اس سے چند سال پیشتر تونس گئے تھے، سفر کے آغاز ہی میں مصر آئے اور وہاں کے علماء سے علمی، ادبی اور روحانی علوم و مشاہدات پر تبادلہ خیال کیا پھر مکہ مکرمہ تشریف لے گئے، یہ آپ کے سفر کا نقطۂ ارتقاء تھا، بیت اللہ کی ضیا پاشیوں نے قلب و نظر کو مستنیر کیا اور

www.maktabah.org

یقین و اعتماد کی دولت عطا کی، مکہ مکرمہ کی پاکیزہ فضا اور روحانی ماحول نے فکر و نظر کے زاویے بدل ڈالے، وہاں آپ کی علمی و ادبی صلاحیتوں کو نئی جہت ملی روحانی قوتیں جلا پانے لگیں اور آپ اِن فضاؤں میں کھو گئے، اپنی خداداد صلاحیت اور فطری تڑپ کے باعث وجود مہبطِ انوار بن گیا، ان تجلیات کا پہلا ظہور "الفتوحات المکیہ" کے ذریعے نمایاں ہونے لگا، آپ نے الفتوحات المکیہ کی ابتداء کی جو آپ کے ذہنی سفر اور علمی و روحانی عظمتوں کی امین ہے،

مکہ مکرمہ میں طویل قیام رہا، دو مرتبہ یعنی ۶۰۱ھ اور ۶۰۸ھ میں بغداد کا سفر بھی کیا، ۶۱۱ھ میں شیخ دوسری مرتبہ مکہ مکرمہ تشریف لائے، بلادِ شام کا سفر کیا، موصل اور حلب میں قیام رہا، دنیائے اسلام کے تمام علمی مراکز دیکھے ہر شہر میں مجلسیں برپا ہوئیں، علماء اور اُن کی نگارشات سے آگاہی ہوئی، صوفیا اور اُن کے مشاہدات و مجاہدات کا بنظرِ غور مشاہدہ کیا، دلِ زندہ ہر نقش محفوظ کرتا گیا اور آپ بالآخر تمام بلادِ اسلامیہ سے اخذ و استفادہ کرتے کرتے دمشق پہنچ گئے اور اس کو دائمی وطن بنا لیا، ۲۲ ربیع الآخر ۶۳۸ھ/۱۲۴۰ء کے جمعۃ المبارک کی رات دمشق ہی میں آپ اپنے خالقِ حقیقی سے واصل ہوئے اور جبل قاسیون میں دفن کیے گئے،

شیخ ابن عربی علیہ الرحمۃ کثیر التصانیف بزرگ تھے، علم کی وسعت، تجرباتِ حیات کی کثرت اور ذہنی بالیدگی و متانت نے اُن کے قلم میں علمی وقار، ادبی اندازِ اظہار اور ابلاغ کی بے پناہ قوت پیدا کر دی تھی،

اُن کی تحریر میں بلا کی روانی بھی ہے اور معانی و مطالب کی حیران کُن جولانی بھی، تصوف کے گداز نے اُن کے قلم کو شہبازِ فکر کا ہم رکاب کر دیا ہے، اُن کی تصنیفات و تالیفات کا ہر ہر حرف اُن کی عظمت کا شاہد اور اُن

www.maktabah.org

کے مخصوص طرزِ تحریر کا غماز ہے، ہر کلمہ اور ہر جملہ بر ملا اعلان کرتا ہے کہ وُہ شیخ کے قلم کا موتی ہے، اُن کے اندازِ تحریر اور اسلوبِ نگارش نے اُن کو منفرد مقام عطا کر دیا ہے، اس عظمت و رفعت کے باوصف بعض اوقات یہ شکایت بھی سننے میں آتی ہے کہ شیخ کے کلام کی تفہیم میں دِقت محسوس ہوتی ہے اور بسا اوقات اُن کے مفاہیم قاری کے ذہن پر نہیں اُترتے۔

یہ دبی دبی شکایت متقدمین نے بھی کی اور عصرِ حاضر کے ادباء نے بھی یہ تسلیم کر لینے میں کوئی امر مانع نہیں کہ شیخ علم معرفت کے شناور اور عالم تصوف کے سیار ہیں. علم معرفت یا علم تصوف ایک ریاض چاہتا ہے، یہ علم سے زیادہ واردات ہے اور اس کا ایقان کتابوں کے مطالعے سے زیادہ مظاہر و اعیان کے مشاہدے سے ممکن ہے، ایک بینا انسان ایک کمزور نظر والے کو حوالوں یا کتابوں سے ہی اپنا مشاہدہ بتا سکتا ہے، قوتِ متخیلہ کی صلاحیت ہی وُہ جوہر ہے جو ابلاغ کی راہیں واضح کرتا ہے، انسان عادۃً اپنی کوتاہیوں کو دُوسروں کے سر دے کر مطمئن ہونے میں عافیت پاتا ہے، شیخ اکبر کے خیالات تک رسائی میں بھی یہ مرحلہ درپیش ہے، قاری اپنے اندر کو بیدار کئے بغیر اور رُوحانی قوتوں کو بروئے کار لائے بغیر ان خیالات کو اپنانے کی کوشش کرتا ہے، تو ناکام ہوتا ہے اور اپنی ناکامی کو اپنی ذات کی طرف راجع کرنے کے بجائے کلامِ شیخ کے سقم تلاش کرنے لگتا ہے۔

مگر صورتِ حال یہی ہے کہ اس میں چشمۂ آفتاب کا کیا قصور، کورنگاہی کا درماں چاہئے۔

تصانیف | تصانیف کی تعداد کے بارے میں اختلاف ہے، مولانا جامی علیہ الرحمۃ نے یہ تعداد پانچ سو بتائی ہے جو حقائق و آثار کے حوالے

www.maktabah.org

سے مبالغہ آمیز محسوس ہوتی ہے یا شاید اجزاء کو مکمل کتب کے طور پر شمار کر لیا گیا ہے، علامہ الشعرانی نے اپنی تصنیف الیواقیت والجواہر میں شیخ کی تصنیفات کی تعداد چار سو لکھی ہے، بر دکلمن نے تاریخ ادب عربی میں اڑھائی سو مطبوعہ یا غیر مطبوعہ کتب کا حوالہ دیا ہے، بر دکلمن شیخ علیہ الرحمۃ کے علم و فضل کا مداح ہے اور اُس نے اعتراف کیا ہے کہ تصنیفات کی کثرت کے ساتھ ساتھ شیخ کی تحریریں وفورِ عقل اور وسعتِ خیال موجود ہے، محمد رجب حلمی نے شیخ اکبر کے مناقب میں ایک مستقل کتاب تحریر کی جس کا نام البرھان الازھر فی مناقب الشیخ الاکبر، ہے اس میں حلمی نے شیخ کی ۲۸۴ تصنیفات شمار کی ہیں، شیخ علیہ الرحمۃ نے اپنی وفات سے چھ سال قبل ۶۳۲ھ میں اپنی تصنیفات کو شمار کیا اور ۲۹۰ سے زیادہ کا ذکر کیا، ان شہادتوں کی بنیاد پر کہا جاسکتا ہے کہ آپ کی تصنیفات کی تعداد تین سو سے بہر حال زیادہ ہے کہ آخری چھ سال آپ نے تصنیف و تالیف ہی میں گزارے ہیں"

علمِ تصوّف! شیخ اکبر علیہ الرحمۃ کی تصنیفات ہم عصر ادبی، علمی اور دینی موضوعات کا احاطہ کئے ہوئے ہیں لیکن جس موضوع پر شیخ کی گرفت سب سے زیادہ ہے اور جو آپ کی پہچان ہے وہ علمِ تصوّف ہے، نثر ہو یا نظم شیخ کا سیال قلم تصوّف کے رموزِ غواض سے پردے ہٹاتا جاتا ہے اور ایسے ایسے علوم و معارف کی نشاندہی کرتا ہے جس کی صرف تفہیم ہی علم کا سرمایہ ہے شیخ نے اپنی ابتدائی زندگی ہی سے قلم تھام لیا تھا اور وقت کے ساتھ ساتھ اس پر آپ کی گرفت مضبوط ہوتی گئی لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ عالمِ بالا کا یہ راہی جس قدر بلند تر ہوتا گیا قاری کے لئے مسائل اور دقتیں پیدا ہوتی گئیں، "فصوص الحکم" جو آپ کے دورِ آخر کی یادگار ہے علماء و طلباء

www.maktabah.org

ئے لئے چیلنج ہے اور صدیوں سے ارباب بصیرت اس کی توضیحات میں مستغرق ہیں، پختہ فکر، کے رشحات قلم پختگیٔ فکر کے طالب ہیں اور ہر کہ دمہ کو اس لاہوتی سفر کی قوت حاصل نہیں ہے۔

شیخ کا خواب! شیخ علیہ الرحمۃ کی تمام تصنیفات لائق مطالعہ ہیں لیکن ان میں فصوص الحکم، الفتوحات المکیہ، مفاتیح الغیب، شجرۃ الکون، محافرۃ الابرار و مسامرۃ الاخیار، مواقع النجوم اور دیوان شعر کو بہت پذیرائی حاصل ہوئی ہے، کہتے ہیں کہ ۶۲۷ھ کو شیخ علیہ الرحمۃ نے ایک خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی، آپ کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی، شیخ علیہ الرحمۃ کے استفسار پر آپ نے اس کا نام فصوص الحکم بتایا، آپؐ نے یہ کتاب شیخ ابن عربی کو دی اور فرمایا اسے لوگوں تک پہنچا دو، یہ ایک اشارہ تھا جس کی تعمیل میں شیخ نے فصوص الحکم تحریر کی، خواب، شیخ کی زندگی میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں اور آپ نے اپنی تالیفات میں متعدد مقامات پر خوابوں کا ذکر کیا ہے، علامہ المقری نے نفح الطیب میں لکھا ہے کہ "ومن تالیفہ مجموع ضمنہ مَنامات رای فیھا النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم وما سمع منہ ومنامات قد حدث بھا عمن راٰہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ یعنی آپ کی تالیفات میں ایک کتاب ایسی بھی ہے جس میں آپ نے ان خوابوں کا ذکر کیا ہے جن میں آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا وہ اور جو ان سے سنا درج کیا ہے اور ایسی خوابیں بھی درج کی ہیں جن میں ان اصحاب کا ذکر ہے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا"

الفتوحات المکیہ، شیخ اکبر کی وہ ضخیم تصنیف ہے جو بڑے سائز کی ۸ جلدوں پر محیط ہے، اس کتاب کی تصنیف شیخ کی مکہ مکرمہ آمد کے ساتھ ہی شروع ہو

www.maktabah.org

گئی تھی ۵۹۸ھ میں فتوحات کی ابتداء ہوئی اور سفر و حضر میں جاری رہی تیس سال کے طویل عرصے میں جب کہ شیخ نے عالم اسلام کے ہر اہم تعلیمی و تہذیبی مرکز کی سیاحت کر لی تھی اور ہر قابل ذکر عالم و صوفی سے استفادہ کیا تھا یہ کتاب مکمل ہوئی، ۶۲۹ھ اور بعض کے خیال کے مطابق ۶۳۵ھ تک کتاب کی تکمیل ہوئی، بعض عارفانِ حال کا بیان ہے کہ آپ اس تمام عرصے میں ہر روز تین ورق لکھا کرتے تھے اور یہ معمول سفر و حضر میں ترک نہ ہوتا تھا، الفتوحات المکیہ شیخ کے نظریات کی حامل کتاب ہے جس میں علمی فوائد اور دینی مباحث کو اچھوتے مگر دلپذیر انداز سے پیش کیا گیا ہے، پوری کتاب پر متصوفانہ نظریات کی چادر تنی ہوئی ہے، علم تصوف کے بنیادی حقائق اور ضروری مباحث پر شرح و بسط کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔

شیخ اپنی علمی جلالت اور روحانی عظمت کے تمام مظاہر کے ساتھ کتاب میں جلوہ گر ہیں بسا اوقات اشہبِ قلم محو پرواز ہو جاتا ہے، اور ذہنی حوالہ معدوم ہونے لگتا ہے، شیخ کی ذاتی صلاحیت کے حوالے سے یہ زمینی سفر ہو یا آسمانی پرواز اُن کی رفتار میں کہیں کمی نہیں آتی مگر قاری جو زمین کا باسی اور جہات و مظاہر کا اسیر ہے اِن تعینات کے پردوں سے ورے جھانکنے کی کم ہمت پاتا ہے اس لئے لغزشِ قدم کا خطرہ اُسے ہراساں کر دیتا ہے، یہی وہ مقامات ہیں جہاں عقل و شعور کی بھر پور قوت اور روحانی بالیدگی کا مستقل ساتھ چاہیئے انہیں مقامات کی وجہ سے بعض قاری دل برداشتہ بھی ہو جاتے ہیں اور کبھی کبھی بہکنے کا خطرہ بھی لاحق ہوتا ہے اس لئے مطالعے میں احتیاط چاہیئے اور توفیق کی دعا بھی، شیخ جب اپنے روحانی سفر میں مادیت کے خول سے نکلتے ہیں تو لفظ معانی کا احاطہ کرنے میں ناکام رہتے ہیں، حرف و صوت کی

www.maktabah.org

دنیا سے بے تصوّریت کی فضائے لاہُوت میں یہ شناختی استعارے بے کار ہو جاتے ہیں، یہ مشاہدات کی دنیا ہے، یہ واردات کا ہنگام ہے اس لئے قاری تفہیمِ مطالب میں حرفی حوالوں سے تسکین نہیں پاتا، یہ تحریر کا اُلجھاؤ نہیں لفظوں کی بے بسی ہے اور قاری کو ایسی ژولیدگی کے لئے پہلے سے تیار ہونا چاہیئے مگر بعض کوتاہ بین اپنی کوتاہیوں کو شیخ کی تحریر کے سُقم کی شکل میں دیکھنے کے عادی ہیں اور چاہتے ہیں کہ مادہ گزیدگی کے باوجود مشاہداتِ ازلیہ اُن کے حیطۂ نظر میں سما جائیں، یہی وُہ بُعد ہے جو بعض قاری شیخ کے کلام میں محسوس کرتے ہیں حالانکہ شیخ کے اسلوبِ نگارش کی ائمہ فن نے جی بھر کر تعریف کی ہے ابن مسُدی کہتے ہیں "إنہ کان جمیل الجملۃ والتفصیل، محصلاً لفنون العلم اُخص تحصیل ولہ فی الأدب الشاء الذی لا یلحق والتقدم الذی لا یسبق"

(نفح الطیب الوفد الثانی ص ۳۶۳)

کہ مجموعی طور پر با تفصیل میں وُہ صاحب جمال ہیں علم کے تمام فنُون میں مہارت خاصہ رکھتے ہیں، ادب میں وُہ بلند مقام پایا ہے کہ کوئی وہاں تک نہیں جاسکتا اور ایسی سبقت اُنہیں حاصل ہے جس کے آگے نہیں جایا جاسکتا، امام ذہبی اُنہیں قائلین وحدۃ الوجود کا سالار کہتے ہیں، وحدۃ الوجود کا تصوّر اپنے اندر جو قوتِ استدلال رکھتا ہے شیخ اُس سے بخوبی آگاہ ہیں بلکہ یہ کہا جائے کہ اس تصوّر کو وقار آپ کی ذات سے ملا ہے تو مبالغہ نہ ہوگا،

دلدادگانِ فتوحات! "الفتوحات المکیہ" کی تصنیف نے دمشق میں ایک ہنگام بپا کر دیا، اہلِ علم کھنچے چلے آئے، اربابِ اقتدار نے نوازشوں کی بارش کر دی، اصحاب دولت نذرانے لئے حاضر ہوئے، فتوحات نے ہر دل کو مُسخّر کر لیا اور شیخ کا گھر مال و دولت کی کثرت سے خزانہ شاہی سے چشمک کرنے لگا

www.maktabah.org

علامہ المقری کا بیان ہے کہ گورنر حمص اس تالیف کے دوران میں ہر روز سو درہم نذر کرتا رہا اور ابن العربی کی ہر روز تیس (۳۰) درہم حاضر کرتا رہا لیکن "فما ادّخر منها شیئا" ان میں سے آپ نے کچھ ذخیرہ نہ کیا بلکہ "فکان یتصدق بالجمیع" سب کا سب صدقہ کر دیا، صاحب فتوحات مکیہ کو بھلا اس دولتِ دنیا کی کیا حرص ہو سکتی تھی، صاحبِ اسرار و انوار مائلِ درہم و دینار نہیں ہوتا۔

ابواب و فصول الفتوحات المکیہ پانچ سو ساٹھ ابواب پر مشتمل کتاب ہے جس کو چھ فصلوں میں منقسم کیا گیا ہے تاکہ موضوعات کی ترتیب میں منطقی اور استدلالی پیش رفت قائم رہے فصل اوّل علمِ تصوف کے بنیادی مباحث یعنی معارف کو محیط ہے اس میں روح کی ماہیت کے بیان سے ھبوطِ روح کی منازل اور اجساد کی تخلیق و تشکیل کے بارے میں نہایت قابلِ قدر فکر انگیز معلومات مہیا کی گئی ہیں، یہ فصل در حقیقت کائنات و ربِ کائنات کے بارے میں اُن اسرار و غوائض کے بیان کے لئے وقف ہے جن سے مخلوق و خالق کے رابطوں کا ادراک اور ان کی عظمت کا احساس اُبھرتا ہے۔

فصل ثانی اعمالِ باطنہ اور انسانی قلب و نظر پر اُن کے اثرات کی اہمیت کے بیان کے لئے مخصوص ہے، خصائص حسنہ اور شمائل ذات کے ہر پہلو کو اس میں شامل کیا گیا ہے، اس طرح یہ فصل جوہرِ انسانیت کے لئے دستورِ العمل بن گئی ہے۔

فصل ثالث میں احوال کا بیان ہے، اس میں ذات کے احوال اور اُن پر مرتب ہونے والے اثرات کا تذکرہ ہے۔

فصل رابع میں منازلِ حقیقت پر بحث ہے، یہ دراصل حقائق ذات کے مختلف مظاہر ہیں جن میں حقیقۃ الحقائق جاری و ساری ہے، فصل خامس

www.maktabah.org

ہیں منازلات کی وضاحت ہے، یہ احوالِ ذات کے مقامات ہیں جہاں اُوصاف صُورتِ ظاہرہ میں مُشکل ہوتے ہیں، آخری فصل میں مقامات کا تذکرہ ہے، سالک راہ حقیقت کے مقامات اُس کی صلاحیت کے حوالے سے مُتعین ہوتے ہیں اور آخر وہ اُس بلند ترین مقام محسوس کرنے لگتا ہے جو مقام مُحمّدی ہے جو مطلوب و مقصودِ کائنات ہے۔"

فصُول کی ترتیب میں نزولی نُقطۂ نظر کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ حقیقتِ مُطلقہ جو ماورائے فہم و ادراک اور وِجدان ہے، کی مظہریت کس طرح قدم قدم وجود کے قریب آتی جاتی ہے اور پھر کیسے وجُود ممکن، ان واجب حقیقتوں کے واسطے سے بلند تر ہو کر ارفع ترین مقام حاصل کر لیتا ہے، الفتوحات المکیہ کے معارف انسان کے ہر پہلو کو محیط ہیں، مادی وجُود، لاہوتی مظہر اور حقائقِ اشیاء کی معرفت اور اس کے ہر مُمکن تعیّن کی معرفت ایک مُشکل مرحلہ تھا شیخ ان معارف، منازل اور مقامات سے بالفعل مُستنیر ہو کر اپنے تجربات کو شواہد و حقائق کی زبان میں بیان کرتے جاتے ہیں، مسائل دقیق بھی ہیں اور ان کی معرفت ذاتی حوالے بھی چاہتی ہے اس لئے ان کے مطالعہ میں عام قاری دِقّت محسُوس کرتا ہے، شیخ چونکہ عالمِ بالا کے راہی ہیں اُن کی نظر فلسفیانہ مباحث اور مادی عوائق پر بھی ہے اور سب سے بڑی بات کہ اُن کا مطمح نظر کسی جدلیاتی بحث میں اُلجھنا یا فلسفۂ الٰہیات کے مدارج کا شمار نہیں ہے۔

اُن کا طریق اخذ نظریاتی نہیں وارداتی ہے، ذاتی تجربات اور مشاہدات نے اُن کی نظر کو صیقل کر دیا ہے اس لئے اُن کا طریقِ فکر فلسفیانہ نہیں متصوفانہ ہے، اُن کی رُوحانی پرواز میں اُن کی ذات کی جھلک نمایاں ہے اسلئے معرفت کا بیان ہو یا منازل اُن کا لہجہ پُراعتماد ہے، قاری ایسے اعتماد سے عاری

ہے اِس لئے لغزشِ قدم کا خطرہ اور اس بے یقینی سے عدم تفہیم کا گلہ پیدا ہونا بر بہی ہے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ شیخ کی کتب کے مطالعہ کے لئے سالہا سال کی ذہنی تیاری درکار ہے، مُبتدیوں کے لئے اس میں خطرہ بھی ہے اور بدظنی پیدا ہونے کا امکان بھی کہ یہ منتہی اصحاب کے مطالعے کی چیز ہے، شیخ علیہ الرحمۃ اپنے سفرِ رُوحانی میں طائرِ لاہُوت کی طرح سرگرمِ پرواز ہیں اور بعض اوقات وُہ اِس پرواز میں اس قدر دُور نکل جاتے ہیں کہ مادیّت گزیدہ ذہن اُسے نقطۂ مَوہُوم سمجھنے لگتا ہے۔ یہ کوتاہ بینی ہے اس سے طائرِ ملکُوت کی پرواز تو مُتاثر نہیں ہوتی۔"

کم نظری الزامات کو جنم دیتی ہے

کم نظری قاری کی وُسعتِ نظر کا نقص ہے مگر انسانی فطرت ہے کہ وُہ جہاں تک جاننے سے قاصر ہوتا ہے، اُس پر تشکیک کے تیر پھینکنے لگتا ہے اور اپنی کوتاہیوں کی پردہ پوشی کے لئے بھیانک الزامات بھی تراشتا ہے"

شیخ کے بعض قارئین کا اندازِ تحکیم بھی ایسا ہی ہے، مقامِ شیخ کی رفعت سے ناآشنا لوگ شیخ کے عقائد و تصورات میں خُود ساختہ اُلجھنیں تلاش کرنے لگے، کبھی اُن کے فلسفہ وحدۃ الوجود کی آڑ میں اُن کے عقائد کو باطل قرار دیا گیا، تو کبھی موجودات کے تعین میں بے راہ روی کا طعنہ دیا گیا، کبھی ذاتِ الٰہی پر ایمان میں شیخ کو مُضطرب بتایا گیا تو کبھی مقامِ رسالت کے اِدراک میں کوتاہ نظری یا بے باکی کا الزام لگایا گیا، حملہ کرنے والے وہ بھی تھے جو اُن کے

www.maktabah.org

ارفع خیالات تک بلند نہ ہو سکتے تھے اور وُہ بھی جو اپنی علمی بے بضاعتی کا کفارہ ادا کر رہے تھے، اس بات سے انکار نہیں کہ راہِ سلوک میں مشاہدات کا تفاوت عین مُمکن ہے اور مُسافر کی ذاتی صلاحیت کو بھی اِس میں دخل حاصل ہے، اِس لئے اختلاف فطری ہے ایسا ہونا چاہیئے تھا اور ہُوا "

بعض ہم منصب بزرگوں نے کئی مقامات میں رائے کے اختلاف کا حق استعمال کیا ہے، مگر یہ علمی مناقشت کے علاوہ روحانی پیش رفت کا تفاوت تھا۔

مگر حیرت اُن ساکن وجُودوں پر ہے جو زمین اور زمینی حوالوں سے بلند نہ ہو سکے جب کہ صاحبِ اسرار اور بلند بام سیّار شش جہات پر حرف گیری کرتے رہے "

شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام الزامات سے ماوریٰ ہیں اور اُن کے فکر سے آشنا متعدد اصحاب نے اُن کے دفاع کا حق بھی ادا کیا ہے "

مستشرقین کی مادی نگاہیں

الفتوحات المکیہ کو مستشرقین کی مادی نگاہوں نے بھی اپنے مخصوص ماحول کے حوالے سے جانچنے کی کوشش کی ہے چنانچہ دائرہ مُعارفِ اسلامیہ (انگریزی) کا مقالہ نگار اسے Allegory قرار دیتے ہوئے اسے انسان کے بہشت تک سفر کی داستان بتاتا ہے اس۔لئے دانتے (DANTE) کی الہامی طربیہ (Divine Comedy) پر اس کی گہری چھاپ کا تذکرہ کرتا ہے، یہ فتوحات کی تدریس و تعلیم کا مادی حوالہ ہے اور مغربی ذہن اسی حوالے کو معتبر گردانتا ہے،

www.maktabah.org

حالانکہ شیخ کی سیرِ روحانی تمثیلاتی نہیں، یہ شیخؒ کے وجدان کا سفر ہے جس میں اُن کی باطنی قوتیں سر بسر ہم رکاب ہیں، فتوحات کا ورق ورق شہادت دے رہا ہے کہ شیخ نے یہ سفر قُرآن وحدیث کے سایوں میں کیا ہے اور کہیں بھی "انا" یا خُودنگری حدُود سے متجاوز نہیں "الکلمۃ" کے مفاہیم اور مراد میں اُن کا فکر قرآن کی تعلیمات کا محتاج ہے اور کہیں بھی غلط استنباط نے "واجب الوجود" کے حضور غلط روش اختیار نہیں "انسان کامل" کا تصوّر بھی متعدد مُفکّرین کے ہاں مبہم ہے، شیخ اکبر کا انسان کامل فوق البشر ہرگز نہیں ہاں آپ اُسے "حقیقۃ الحقائق" یا "الحقیقۃ المحمدیہ" ضرور قرار دیتے ہیں اس طرح یہ فوق البشر کے بجائے خیرالبشر کا روپ دھار لیتا ہے"

یہ ترجمہ اور ترجمہ نگار

"الفتوحات المکیہ" اِن امتیازی اَوصاف کی بناپر ہر دَور میں عُلماء وصُوفیاء کی توجہ کا مرکز رہی ہے۔ درسگاہوں اور روحانی تربیت گاہوں میں اس کی باقاعدہ تدریس ہوتی رہی ہے، برِ صغیر کے قارئین بھی اسکی لطافتوں سے آشنا ہیں لیکن وہ طبقہ جو عربی زبان سے کما حقہٗ واقف نہ تھا احساسِ محرُومی کا شکار رہا، چاہت کے باوجود اور محبت کے بے پناہ جذبات کے

www.maktabah.org

باوصف زبان کی غیریت سدِ راہ رہی، ضرورت تھی کہ اس عظیم علمی و روحانی سرمائے کو اردو داں اصحاب کے لئے پیش کیا جائے، بحمد للہ یہ سعادت ہمارے دوست اور کرم فرما جناب صائم چشتی کو حاصل ہوئی، فتوحات کا ترجمہ ایک بہت بڑی جرأت ہے اس کے لئے ایسے انسان کی ضرورت تھی جو علم و ادب کی وادیوں کا راہی اور تصوّف و دین کے نشیب و فراز سے آگاہ ہو، صائم چشتی پنجابی زبان کے نمائندہ شاعر ہیں، اردو نظم و نثر میں اُن کا قلم بے تکان کئی مشکل مراحل سے گذر چکا ہے، چشتی نسبت سے اور ذاتی مَیلان کی وجہ سے اُن میں تصوّف کے رموز و اوقاف کے سمجھنے کی صلاحیت ہے انہوں نے نظم و نثر میں متعدد کتابیں تالیف کی ہیں جن میں فنی مسائل سے علمی و ادبی نگارشات تک سب شامل ہیں، فقہ، تاریخ، سیرؔ میں اُن کے قلم سے کئی الجھے ہوئے مسائل پر ضخیم کتب تحریر ہوئی ہیں، عُمر بھر کے تجربے اور گداز کے بعد انہوں نے یہ بیڑا اٹھایا ہے کہ شیخ اکبر کی نمائندہ کتاب الفتوحات المکیہ کو اُردو قالب میں ڈھال دیا جائے، پہلے ایک سو کے قریب صفحات پر مشتمل پہلی جلد زیورِ طبع سے آراستہ ہو رہی ہے،، صائم چشتی کا ترجمہ رواں دواں ہے، الفاظ کے انتخاب میں نہائت احتیاط سے کام لیا گیا ہے تاکہ مفہوم واضح بھی ہو اور متن سے قرب کا احساس بھی رہے، صائم چشتی کا یہ ترجمہ قاری کی کس حد تک راہنمائی کرتا ہے اور اردو داں طبقہ اُن کی اس کاوش سے شیخ اکبر کے خیالات کو اخذ کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوتا ہے یہ تو قارئیں کا حق ہے کہ اس پر رائے دیں، میں نے جستہ جستہ ترجمے کا مطالعہ کیا ہے اور مجھے اس احساس کے باوجود کہ میں اس میدان میں مبتدی ہوں تفہیم مطالب میں زیادہ دِقّت محسوس نہیں ہوئی متن کی

www.maktabah.org

علمی وجاہت اور فنی رفعت بار بار احساسِ ندامت کو ابھارتی ہے مگر اپنی کوتاہ فہمی کا الزام ترجمے کو نہیں دیا جاسکتا، کتاب کے متن میں اصطلاحاتِ تصوف کی کثرت ہے جس کے مکمل ترجمے کی اُردو متحمل نہیں ہوسکتی اس لئے چند مترادفات کے سوا اصطلاحات ترجمے میں بھی باقی ہیں، بہتر ہوگا کہ آخر پر مُصطلحات پر وضاحتی نوٹ شامل کر دیئے جائیں تاکہ قاری کو مطالب تک پہنچنے میں سہولت ہو، الفتوحات المکیہ ضخیم کتاب ہے جس کے مختصر حصے کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے دِلی خواہش ہے کہ پُوری کتاب اردو ترجمے کے ساتھ شائع ہوتا کہ اس سے استفادہ کے در کھل جائیں،

شیخ اکبر کے نظریات وعقائد پر بعض حلقوں کی طرف سے اعتراضات کئے جاتے رہے ہیں، بہتر ہوگا کہ ان گذارشات کے آخر پر اُن کے نظریات پر مشتمل چند اقتباسات نذرِ قارئین کر دیئے جائیں اس سے بعض شکوک کا ازالہ بھی ہوگا اور ترجمے کے انداز اور مترجم کی محنت کا اندازہ بھی ہوسکے گا۔

ترجمے میں سے چند اقتباس

ذاتِ باری تعالےٰ کے بارے میں شیخ اکبر کے نظریات کی ایک جھلک ملاحظہ ہو،

اللہ تبارک وتعالیٰ واحد معبود ہے، الوہیت میں اُسکا کوئی ثانی نہیں، وہ بیوی اور اولاد سے مُنزہ اور پاک ہے،

وہ بذاتہٖ موجود ہے اور اُس کا وجود مُوجد کی طرف احتیاج کے بغیر ہے، اُس کے لئے نہ زمان کی حد قائم کی جاسکتی ہے اور نہ انتقالِ مکانی کی بلکہ وُہ تھا اور مکان نہ تھا، وُہ اوّل و آخر اور ظاہر و باطن ہے اور وہ ہر چیز

www.maktabah.org

پر قادر ہے۔

وُہ ہمیشہ سے تمام اشیاء کا علم رکھتا ہے اور نئی چیز کو پیدا کرتے وقت اُس کے لئے اُس چیز کا علم نیا نہیں۔

اللہ سبحانہ تعالیٰ ہمیشہ سے اپنے ارادے کی صفت سے موصوف ہے اور عدم وغیر موجود کو جانتا ہے۔

وُہ کسی کو نعمتوں کے ساتھ نوازتا ہے تو یہ اُس کا فضل ہے۔ اگر وہ کسی پر عذاب کرتا ہے تو یہ اُس کا عدل ہے۔

اُس کے فضل میں عدل اور اُس کے عدل میں فضل حُکم نہیں کرتا۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بارے میں شیخ علیہ الرحمۃ کے نظریات۔

کہ جنہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے وُجود سے چُنا اور پسند کیا اور برگزیدہ فرمایا وہ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں اللہ تبارک وتعالےٰ نے اُنہیں تمام لوگوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا۔ چنانچہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کچھ بھی لائے اُس پر ایمان رکھتا ہوں، آپ جس چیز کے ساتھ آئے اُس میں سے جسے میں جانتا ہوں اُس پر ایمان رکھتا ہوں اور جسے نہیں جانتا اُسے بھی تسلیم کرتا ہوں۔

چند دیگر معتقدات!

اقرار کرتا ہوں کہ قبر میں حساب کتاب پُوچھا جائے گا اور یہ حق ہے۔

عذابِ قبر اور قبروں سے جسموں کا اُٹھایا جانا حق ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف لوٹنا اور حوضِ کوثر حق ہے۔

میزان اور اعمال ناموں کا ملنا اور پُلِ صراط حق ہے۔

www.maktabah.org

جنت و دوزخ حق ہے، ایک فریق کا جنت میں اور ایک فریق کا دوزخ میں جانا حق ہے۔"

ملائکہ و انبیاء کرام اور مومنین کی شفاعت حق ہے۔"

کبیرہ گناہ کرنے والے مومنوں کا جہنم میں داخل ہونا اور پھر انہیں شفاعت و احسان کے ہاتھ اُس سے نکالا جانا حق ہے۔"

داجب اور ممکن کا ارتباط ،

اللہ تبارک و تعالےٰ کا عالم کے ساتھ ربط واجب کے ساتھ ممکن کا اور صانع کے ساتھ مصنوع کا ارتباط ہے، تو عالم کے لئے یہ مرتبہ ازل سے نہیں یقیناً یہ مرتبہ ذات کے لئے واجب ہے اور وہ ذات اللہ تبارک و تعالےٰ ہے اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں خواہ عالم موجود ہو خواہ معدوم ،

قرآن مجید کے بارے میں عقیدہ و رویہ ؛

اگر تو وسیع نفس رکھتا ہے تو قرآن عزیز کے سمندر میں غوطہ زنی کر اور اگر تو نے اس کے ظاہر کے لئے مفسرین کی کتابوں کے مطالعہ پر ہی اکتفاء کر لیا اور غوطہ نہ لگایا تو ہلاک ہو جائے گا، پس یقیناً قرآن مجید کا سمندر عمیق ہے، اگر ساحل کے قریبی مقامات کو مقصد بنا کر اس سمندر میں غوطہ زنی نہیں کی جائے گی تو تمہارے لئے کبھی کچھ نہیں نکلے گا ، پس انبیائے کرام اور وراثت حفظ وہ لوگ ہیں جو عالم کے ساتھ ان مقامات رحمت کا قصد رکھتے ہیں، ہاں وہ لوگ واقف ہیں اور پہنچ کر خاموش ہو جاتے ہیں اور واپس نہیں لوٹتے نہ ان کے ہاتھ کوئی نفع ہے اور نہ ہی وہ کوئی نفع حاصل کرتے ہیں، پس قصد کرتے ہیں بلکہ سمندر کے بڑے حصے میں اترنے کا قصد اُن کے ساتھ ہے تو وہ ابد تک غوطہ زن رہتے

www.maktabah.org

ہیں اور کبھی نہیں نکلتے"

ان چند اقتباسات سے شیخِ اکبر کے خیالات کی پختگی اور نظریات کی حقانیت واضح ہے اور ادائے مطلب کے لئے ترجمے کی پختگی بھی نمایاں ہے، علم معرفت کا ہر متلاشی اور عقائد و نظریات کی راستی کا ہر متمنی شیخ علیہ الرحمۃ کی "الفتوحات المکیہ" کے ترجمے سے سکون پائے گا اور خواہش رکھے گا کہ یہ سلسلہ بحسن و خوبی انجام کو پہنچے میں ان تمہیدی گذارشات کیساتھ جناب صائم چشتی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک دیرینہ ضرورت کے ازالے کی سعی کی ہے۔ دعاگو ہوں کہ آپ اس میں یوں کامیاب ہوں کہ تکمیل کا حق بھی ادا ہو اور ترجمے کا بھی"

اللہ تعالیٰ ان علمی آثار سے استفادہ کا شوق اور ہمت عطا فرمائے، آمین

مورخہ ۹۔ نومبر ۱۹۸۶ء

پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
گورنمنٹ کالج فیصل آباد

www.maktabah.org

خطبہ

تمام تعریفیں اُس اللہ تعالیٰ کے لئے جو اشیاء کو وجود میں لایا اور اُسے معدوم کر دیا اور اِن اشیاء کا وُجود اپنے کلمات کی توجہ پر منحصر کر دیا، تاکہ اِس کے ساتھ ان اشیاء کے حدوث و قدم کا راز اُس کے قِدم کے باعث ثابت ہو جائے اور ہم اُس کی سکھائی ہُوئی تحقیق کو پیشِ نظر رکھتے ہُوئے اُس کے قِدم کی صداقت پر وقوف حاصل کریں،،

پس اللہ سُبحانہ، تعالیٰ نے ظہور فرمایا اور خود ظاہر ہو کر دوسروں کو ظاہر فرمایا، اور وُہ پوشیدہ نہیں اگر پوشیدہ ہُوا تو دُوسروں کو بھی چُھپا دیا،،

اسمِ اول نے عبد کی ذات کے وجُود کا اثبات کیا اور وُہ ثابت ہو گیا اور اُس کے لئے اِسمِ آخر نے فناء و فقدان کی تقدیر کا اثبات کر دیا اور یہ اِس سے پہلے ثابت تھا،،

اگر عصر و معاصر اور جاہل و عالم نہ ہوتے تو کسی کو بھی اُس کے اوّل و آخر اور ظاہر و باطن کے معنی کا عِلم نہ ہوتا،،

اگرچہ اُس کے اسمائے حسنیٰ اِس روشن طریق پر ہیں لیکن اِن کے درمیان منازل میں مباینت ہے، اور یہ بات اُس وقت ظاہر ہو گی جب کہ حلُولِ نوازل کے وسائل اختیار کئے جائیں،،

پس کوئی عبدالحلیم عبدالکریم نہیں اور نہ ہی کوئی عبدالغفور عبدالشکوُر ہے، ہر عبد کا ایک اسم ہے اور وُہ اُس کا رب ہے، اور وُہ خود اُس اِسم کا

www.maktabah.org

وجود اور قلب ہے،

وہی سُبحانہ تعالیٰ علیم ہے جس نے بذاتِ خود جانا اور دوسروں کو سکھایا،
جو بذاتِ خود حاکم ہے اُس نے خود حکم دیا اور حاکم بنایا، وہ جو غالب ہوا اور دوسروں
کو غالب کیا۔

وہ قادر ہے اُس نے مقدر کیا اور کسب کو تقدیر نہ کیا۔

وہ باقی ہے اور اُس کے ساتھ بقاء کی صفت قائم نہیں۔

وہ مشاہدہ کے وقت آمنے سامنے ہونے سے پاک ہے، بلکہ
عبد اس مقدس ترین مقام پر مُنزّہ ہو جاتا ہے اور ایسا کبھی نہیں ہوتا
کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کو اِس عظیم موقع پر تشبیہ لاحق ہو جاتی ہو۔

حضوری کے اِس مقام پر عبد سے جہات زائل ہو جاتی ہیں
اور اس پر نظر قائم ہونے سے اِلتفات معدوم ہو جاتا ہے۔

میں اُسی ذاتِ حمید کی اِس حیثیت سے حمد بیان کرتا ہوں کہ
اللہ تعالیٰ سُبحانہ اپنی صِفات میں بلند تر ہے اور بلند فرماتا ہے۔

اور وہ اپنی ذات میں بہت ہی جلیل القدر اور عظیم تر ہے اور
عظمت عطا فرماتا ہے کیونکہ اُس کے سامنے عزّت و عظمت کا پردہ
کھنچا ہوا ہے، اور اُس کی ذات کی معرفت سے واقفیت حاصل کرنے
کا دروازہ پُورے طور پر بند ہے۔

اگر وہ اپنے بندے سے خطاب فرمائے تو وہی سُننے اور سنانے
والا ہے اب اگر بندہ اُس کے حُکم کی تعمیل کرے تو وہی مطیع و مطاع
ہے جب مجھے اِس حقیقت نے متحیّر کر دیا تو حُکم طریقہ کے مطابق خلیفہ یعنی
انسان کے لئے یہ شعر پڑھے۔

www.maktabah.org

الرب حق والعبد حق   یالیت شعری من المکلف
ان قلت عبد فذاك میت   او قلت رب أنّی یکلف

یعنی رب حق ہے اور بندہ حق ہے کاش مجھے معلوم ہوتا کہ مکلّف کون ہے،

اگر تو کہے عبد تو وہ مرنے والا ہے، اگر کہے ا رب تو وہ کیسے مکلّف ہو سکتا ہے۔

پس وہ مقدس ذات جب چاہے مخلوق سے اپنی اطاعت کرواتا ہے اور تعیّن وجوبِ حق میں اُس کی ذات انصاف کرتی ہے، یہ محض خالی اشباح ہیں جو اپنی چھتوں پر گرے پڑے ہیں،

خَاوِیَۃٌ عَلیٰ عُرُوْشِہَا[1]

اور پہاڑوں کی بازگشت میں ہمارا راز موجود ہے جس کی طرف ہم نے اُس شخص کے لئے اشارا کیا ہے جو ہدایت حاصل کرنا چاہتا ہے اور اُس شخص کی طرح شکر کرتا ہے، جیسے یہ ثابت ہے کہ مکلّف بنانے سے معبود کا نام ظاہر ہوتا ہے اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ کے حقیقی وجود کے باعث جود ظاہر ہے۔

پس اگر تو جنت کو اعمال کی جزا سمجھتا ہے تو وہ جود و کرم کہاں گیا جسے تو جانتا ہے؟

---

[1] الکہف آیت ۴۲

www.maktabah.org

یہ بات تجھے معلوم ہے کہ تو اپنی ذات کے لئے موہوب ہے اور اپنے اصلِ نفس کی وجہ علم سے محجوب ہے، بایں ہمہ اگر تو اُس جزاء کا طالب ہے جو تیرے لئے نہیں تو تُو اپنے عمل کو کیسے دیکھ سکتا ہے۔

پس تو اشیاء اور اُس کے خالق کو ترک کر، مرزوقات اور اُس کے رازق کو چھوڑ دے اب وُہ حق تعالیٰ بخشش فرمانے والا ہے جسے ملال نہیں آتا وُہ بلند و برتر بادشاہ اور اپنے بندوں کے لئے لطیف و خبیر ہے"

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

اُس کی مثل کوئی چیز نہیں اور وُہ سمیع و بصیر ہے"

درود و سلام ہو اُس ذات پر جو عالم کا راز اور اس کی تخلیق کا نقطہ ہے"

جو غایت و مقصودِ کائنات اور سیّد و صادق ہے"

وُہ ذاتِ اقدس جن کے لئے ساتوں راستے کُھل جاتے ہیں اور ذاتِ خداوندی انہیں رات کی سیر کراتی ہے تاکہ اُنہیں اُس کی تخلیق کی آیات و اسرار معلوم ہو جائیں"

وُہ جنہیں میں نے بھی حقائقِ امثال کے عالم میں یہ خطبہ ارشاد فرماتے وقت دیکھا"

میرا یہ مشاہدہ بارگاہِ خداوندی میں اور اُس کے غیب کی حضوری میں مکاشفۂ قلبی تھا جب میں نے اُس عالم میں حضورِ رسالتماب صلی اللہ

www.maktabah.org

علیہ و آلہٖ وسلّم کا مشاہدہ کیا تو آپ معصوم المقاصد، محفوظ المشاہد، نصرت دیئے گئے اور تائید کِئے گئے سردار تھے، اور آپ کے سامنے تمام رسُول اور چُنے ہوئے لوگ موجود تھے"

آپ کی خیرالامم اُمت آپ کی طرف متوجہ تھی اور ملائکہِ تسخیر آپ کے عرش مقام کے اِرد گرد حلقہ بنائے کھڑے تھے، اور وُہ ملائکہ جو نیک اعمال سے پیدا ہوتے ہیں آپ کے سامنے اخلاص کے ساتھ ایستادہ تھے"

حضرت ابوبکر صدّیق رضؓ آپ کے دائیں ہاتھ اور فاروق اعظم رضؓ بائیں مُقدّس ہاتھ کھڑے تھے اور ختم آپ کے سامنے حدیث اُنثیٰ سُنانے کے لئے دوزانو بیٹھا تھا، اور حضرت علی علیہ الصلواۃ والسلام اپنی زبان سے آپ کے ختم کی ترجمانی کر رہے تھے، اور جناب ذوالنورین رضؓ اپنی حیاء کی چادر زیبِ بدن کئے آپ کی شان کی طرف متوجہ تھے"

اب کشفِ اجلیٰ کے نور، چشمہ اعلیٰ کے مُورد سردارِ اعلیٰ نے ختم کے پیچھے میری طرف توجہّ فرمائی کیونکہ میرا ختم کے حُکم میں اشتراک تھا"

پس اُسے سردار نے کہا! یہ تیرا عدیل تیرا بیٹا اور تیرا خلیل ہے میرے سامنے اِس کا منبر نصب کر، پھر میری طرف اشارا کیا اے محمد "ابن العربیؒ" اُس پر کھڑا ہو جا جو میں نے بھیجا ہے اور جو مجھ پر ہے، بیشک تجھ میں مُجھ سے شعُور ہے مُجھ سے اُس کے لئے صبر نہیں ہوتا، یہی تیری ذات میں سُلطان ہے، پس اپنی کُلّیات کے سوا میری طرف رجوع نہ کر، اور رجوع سے اُس کی طرف لازماً

www.maktabah.org

لقاء ہے تو بے شک یہ عالمِ شقاء سے نہیں، پس میرے لئے اُٹھنے کے بعد بلندی کے علاوہ کوئی چیز نہ تھی، میں ملاءِ اعلیٰ میں حمد اور شُکر کرتا تھا۔

چُنانچہ ختم نے اِس عظیم مشہد میں منبر نصب کر دیا جس کی ایک طرف لکھا ہُوا تھا یہی پاکیزہ مقامِ محمدی ہے جو اِس پر چڑھ گیا وُہ اِس کا وارث ہو گیا۔

اللہ تعالےٰ نے اسے حُرمتِ شریعت کے لئے بھیجا اور کھڑا کیا ہے اور اُسے اِسی وقت حُکم کے انعامات عطا کر دیئے ہیں گویا مجھے اب جوامع الکلم عطا ہو گئے تھے، میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکریہ ادا کیا اور اُس منبر پر چڑھ گیا اور مجھے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ٹھہرنے اور اِستوا فرمانے کا مقام حاصل ہو گیا۔

اور میں جس درجہ میں تھا وہاں مجھے سفید قمیص کی آستین بچھادی گئی جس پر میں نے وقوف کیا تاکہ میں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے احترام واکرام کی بنا پر اُس جگہ کو استعمال نہ کر سکوں جسے آپ استعمال فرماتے تھے اور یہ امر مجھے اِس معاملہ میں خبردار کرنے کے لئے تھا۔

اِس کا مطلب یہ تھا کہ جس مقام پر حضُور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے رب کا مشاہدہ کیا ہے وہاں آپؐ کے وارث چادر کے پسِ پردہ رہ کر ہی اُسے دیکھ سکتے ہیں اگر ایسا نہ ہوتا تو ہم بھی وہ چیز دیکھ لیتے جو آپؐ نے دیکھی تھی اور آپؐ ہی کیطرح معرفت حاصل کرتے"

www.maktabah.org

کیا تُو نہیں دیکھتا جو آپؐ کی اتباع کرتا ہے وُہ اُس کی خبر پا لیتا ہے لیکن آپؐ کے طریق پر چل کر اللہ تبارک وتعالیٰ کا اُس طرح مشاہدہ نہیں کر سکتا جس طرح آپؐ نے کیا تھا۔

اور تُو نہیں جان سکتا کہ آپؐ سلب اوصاف سے کس طرح خبر حاصل کرتے تھے مثال کے طور پر وُہ مٹی پر چلے اور اُس کا مشاہدہ کیا مگر تو صرف اُن کے نقشِ قدم دیکھ سکے گا اِس کے سوا کچُھ نہیں یہاں ایک پوشیدہ بھید ہے ہاں! تو اگر اُسے تلاش کرے تو اُس کو معلوم کر سکتا ہے، اِس لئے کہ وُہ امام ہے، جب کہ اُسے بھی امام حاصل ہے جو نہ توکسی اثر کا مشاہدہ کرتا ہے اور نہ اُسے پہچانتا ہے اور اُس پر ایسی چیز مکشوف ہوگی جسے وُہ کثیف نہیں کرتا۔

اور یہ مقام مُوسیٰ صَلَّی اللّٰہ علیٰ سیّدِنا محمّدٍ وعلیہِ وعلی الخضر کے انکار سے ظاہر ہُوا جب میں نے اِس بلند مقام پر وقوف کیا تو میرے سامنے وُہ تمام نقشہ موجود تھا جو شب اسریٰ میں حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قَابَ قَوسَینِ اَوْ اَدنیٰ میں دیکھا تھا۔

چُنانچہ میں شرمندہ ہو کر اور مُنہ ڈھانپ کر اُٹھ کھڑا ہوا پھر مجُھے رُوح القدس کی تائید حاصل ہُوئی تو میں نے فی البدیہہ یہ شعر پڑھے۔

یامنزل الآیات والانباء انزل علیّ معالم الاسماء
حتی اکون لحمد ذاتك جامعا بمحامد السراء والضراء

اُسے آیات وانبیاء کے نازل فرمانے والے مجھ پر اسماء کے معالم نازل فرما۔

www.maktabah.org

"تاکہ میں تیری حدِ ذات کا جامع ہو جاؤں جس میں راحت و کلفت دونوں تعریفیں موجود ہیں"

پھر میں نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف اشارا کرتے ہوئے کہا!

ویکون هذا السید العلم الذی　　جردته من دورة الخلفاء
وجعلته الاصل الکریم وآدم　　مابین طینة خلقه والماء
ونقلته حتی استدار زمانه　　وعطفت آخره علی الابداء
وأقمته عبدا ذلیلا خاضعا　　دهرا یناجیکم بغار حراء
حتی أتاه مبشرا من عندکم　　جبریل المخصوص بالانباء
قال السلام علیك أنت محمد　　سرّ العباد وخاتم النبآء
یاسیدی حقا أقول فقال لی　　صلـ نطقت فانت ظل ردانی
فاحمد وزد فی حمد ربك جاهدا　　فلقد وهبت حقائق الاشیاء
وانثولنا من شأن ربك ما انجلی　　لفؤادك المحفوظ فی الظلماء
من کل حق قائم بحقیقة　　یأتیك مملوکا بغیر شراء

"یہ علم کے وُہ سردار ہیں جنہیں دورۂ خُلفاء سے تجرّد حاصل ہے"
"جب آدم علیہ السلام مٹی اور پانی کے درمیان تھے انہیں اصلِ کریم سے بنایا گیا تھا"
"آپ ہمیشہ ادوارِ زمانہ میں منتقل ہوتے رہے یہاں تک کہ آخری زمانہ پر عطف ہوئے"
"آپ نے خشوع و خضوع عبدیت کے ساتھ ایک عرصہ تک غارِ حراء میں قیام فرمایا"

www.maktabah.org

یہاں تک کہ تمہارے پاس سے جبریل علیہ السلام مخصوص خبر دل کے ساتھ اُن کے پاس بشارت لے کر آئیں "

میں نے کہا! آپ پر سلام ہو آپ محمدؐ "تعریف کے گئے" بہتر العباد اور خاتم النبیین ہیں "

اُے میرے سردار! کیا میں نے حق کہا ہے؟ آپ نے فرمایا! تو نے سچ بولا ہے پس تو میری رداء کے سائے میں ہے "

پس حمد بیان کر اور اپنے رب کی حمد بیان کرنے میں زیادہ کوشش کرے گا تو تجھے حقائق الاشیاء عطا کئے جائیں گے "

اپنے رب کی طرف سے تجھ پر جو ظاہر ہو اُسے ہمارے لئے بکھیرے گا تو تیرا دل اندھیروں سے محفوظ ہو جائے گا "

ہر حق سے بیان کر جو حقیقت سے قائم ہے تیرے پاس بغیر خریدنے کے غلام آئیں گے "

پھر میں نے لسان علام سے آغاز کلام کیا اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی طرف اشارا کرتے ہوئے کہا!

میں اُس اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں جس نے آپ پر وہ کتاب مکنون نازل فرمائی جسے غیر طاہر اور ناپاک ہاتھ نہیں لگا سکتے "

لَا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ[1]

یہ کتاب آپؐ کے عمدہ اخلاق و عادات کی تعریف و تقدیس بیان کرنے اور آپ کو ہر قسم کی آفات سے محفوظ رکھنے کے لئے اُتاری

---

[1] الواقعہ آیت ۷۹

www.maktabah.org

گئی ہے جیسا کہ سورۂ نون میں ہے،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ○ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ○ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ○ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ[1]

نٓ اور قلم اور اُن کے لکھے کی قسم آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں اور ضرور آپ کے لئے بے انتہا ثواب ہے اور بے شک آپ کی خو بُو بڑی شان کی ہے، اب کوئی دم جاتا ہے کہ آپ بھی دیکھ لیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے"

پھر اُس نے ارادہ کا قلم علم کی روشنائی میں ڈبویا اور دستِ قدرت سے جو تھا، جو ہونے والا ہے،

جو ہوگا یا نہ ہوگا جو اللہ تعالیٰ چاہے گا یا نہ چاہے گا کہ وہ ہو لوحِ محفوظ و مضمون پر تحریر کر دیا،

اور یہ سب کچھ ویسے ہی ہو گا جیسے اللہ تبارک و تعالےٰ کی موزون و معلوم قدر اور اُس کے مخزون و کریم علم کا اقتضاء ہو گا،

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ[2]

پس تیرا رب عزت والا پروردگار ان چیزوں سے پاک ہے"
یعنی وہ اللہ تعالیٰ واحد و احد ہے اور مشرکوں کے شرک سے بلند ہے"

---

[1] نٓ والقلم آیت ا تا ۵ [2] صافات آیت ۱۸۰

www.maktabah.org

سب سے پہلے لوح پر کیا تحریر ہوُا

پس تمام تر اسماء میں سے سب سے پہلا اسم جو اُس قلم جلی نے لکھا یہ تھا یا محمدؐ میں چاہتا ہوں آپ کے لئے ایسا جہان پیدا کردں جو آپ کی ملکیت ہو چنانچہ میں نے پانی کا جوہر پیدا کیا۔

پس میں نے بغیر حجاب کے پانی پیدا فرمایا اور میں اُسے ہی مستور تھا کہ کوئی چیز اس مقام غیب میں میرے ساتھ نہ تھی۔

پانی کیسے بنا

پس اللہ سبحانہ نے پانی کو ایک منجمد ٹھنڈک کی شکل میں پیدا فرمایا جو گولائی اور سفیدی میں موتی کی طرح تھی اور اُس میں اجسام و اعراض والی قوتیں ودیعت کیں۔

پھر عرش کو پیدا فرما کر اُس پر اپنے اسم رحمٰن کو مستوی فرمایا اور کرسی نصب کر کے "بلا تشبیہ و کیف" اُس پر اپنے پاؤں لٹکا دیئے پھر اپنی نگاہِ جلال سے منجمد جوہر کی طرف دیکھا تو وہ شرم کے مارے پگھل گیا اور اُسکے کے اجزاء تحلیل ہو کر پانی کی طرح بہہ گئے۔

زمین و آسمان سے قبل اُس کا عرش پانی پر تھا۔

كَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ[1]

---

[1] ھود آیت ۷

www.maktabah.org

پس اُس وقت سوائے محلِ استواء صاحبِ استواء اور فعلِ استواء کے کچھ موجود نہ تھا

زمین کیسے بنی

پس اُس نے پھونکا تو اُس کے ارتعاش سے پانی میں تموّج پیدا ہوا اور جھاگ اُڑنے لگی اور محمود و حق حمد کی آواز دی جب وُہ ساحلِ عرش سے ٹکرائی تو عرش کے پائے ہلنے لگے اور آواز آئی اُنا اَحمد یعنی میں احمد ہوں"

پانی شرمندہ ہو کر اُنگلیوں کے بل چلتا ہُوا اُلٹے پاؤں واپس آ گیا اور جھاگ ساحل پر چھوڑ آیا جو اُس نے پیدا کی تھی"

اب وُہ جھاگ اس پانی کی تلچھٹ یا چھاچھ تھی جو اکثر اشیاء پر حادی تھی چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس جھاگ سے زمین کو پیدا فرمایا جو گول اور طول و عرض والی تھی"

آسمان کیسے بنے

پھر زمین پھٹتے وقت اُس کی رگڑ سے جو آگ پیدا ہوئی اُس سے دُھواں پیدا کیا اور اُس میں سے بلند آسمان نکالے، پھر ان آسمانوں کو نزولِ انوار کا مقام اور ملاءِ اعلیٰ کی منازل بنا دیا، اور اُنکی تزئین کے لئے اُن میں روشن ستارے جڑ دیئے جب کہ زمین کی تزئین و آرائش کے لئے اُسے نباتات اور پھل پھول عطا فرمائے"

خود خُدا کس کے لئے ہے؟

پھر ذاتِ حق تعالےٰ نے خود کو حضرت آدم علیہ السلام اور اُن

www.maktabah.org

کی اولاد کے لئے وجود قدرت کیساتھ مخصوص و منفرد کر لیا۔

بعد ازاں ایک نئی پیدائش تیار کی اور اُس کو دو طریقوں سے راست کیا ایک درستی انقضاء مدت کی اور دوسری قبول ابدیت کی تھی اِس پیدائش کا مسکن نقطۂ کرہ وجود بنایا اور اُس کی ذات کو چھپا دیا۔

پھر اپنے بندوں کو بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا[1] آیت کریمہ کے ذریعہ خبردار کیا یعنی آسمان کو دیکھ رہے ہو کہ بغیر ستون کے قائم ہے۔

تو جب انسان دارِ حیات کے برزخ کی طرف منتقل ہوا تو آسمان زور زور سے ہلنے لگا اور پھٹ گیا اور بہتی ہوئی آگ کا ایک شعلہ بن گیا جیسا کہ سُرخ چمڑہ ہوتا ہے

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ[2]

آسمان بغیر ستون کے کیسے قائم ہے

جس شخص نے حقائق اضافات کو سمجھ لیا وہ ہمارے اشارات کو پہچان لے گا اور وہ قطعی طور پر جان لیتا ہے کہ بغیر ستون کے قبہ قائم نہیں رہ سکتا جس طرح کوئی شخص والد نہیں ہوسکتا جب تک اُس کا بیٹا نہ ہو۔

پس ستون ماسک یعنی قوتِ ماسکہ ہیں اگر آپ پسند نہیں کرتے کہ یہ انسان سے منسوب ہو تو اسے مالک کی قدرت تصور کر لیں۔

پس ثابت ہوا کہ قبہ کو روکنے کے لئے ماسک ضروری ہے اور اللہ

---

[1] الرعد آیت ۲
[2] الرحمٰن آیت ۳۷

www.maktabah.org

ایک ایسی مملکت ہے جس کے لئے مالک کا ہونا ضروری ہے چنانچہ جس کی وجہ سے کوئی چیز رُک گئی وُہی اُس کا ماسک ہے اور جس کا وجود کسی سبب سے ہو وُہ سبب اُس کا مالک ہے۔

اہلِ سعادت اور اہلِ شقاوت کی تخلیق

جب میں نے سعیدوں اور شقیّوں کے حقائق کو عدم و وجود کے درمیان اُس کے قبضِ قُدرت یعنی حالتِ تخلیق کے وقت دیکھا تو جس کا انجام اچھا تھا اُس نے موافقت اور ہدایت حاصل کر لی تھی اور جس کا انجام بُرا تھا اُس نے گمراہی اور سرکشی کی راہ اختیار کر لی۔

سعید تخلیق تیزی سے وُجود کی طرف منتقل ہوئی اور شقی تخلیق وہیں کی وہیں جمی رہی یا واپس ہو گئی۔

لہٰذا اللہ تبارک و تعالےٰ نے اہلِ سعادت کا حال بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

اُولٰٓئِکَ یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَھُمْ لَھَا سٰبِقُوْنَ [1]

یہ لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور یہی سب سے پہلے اُنہیں پہنچے۔

یہ اسی سُرعت کی طرف اشارا ہے اور اشقیاء کے حق میں فرمایا۔

فَثَبَّطَھُمْ وَقِیْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِیْنَ [2]

تو ان میں کاہلی بھر دی اور فرمایا گیا بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ

---

[1] المومنون آیت ۶۱ [2] التوبہ آیت ۴۶

www.maktabah.org

بیٹھ رہو۔"

اور یہ اُسی رجعت کی طرف اشارہ کیا ہے۔"

اپنی ذات کی معرفت اپنے اسم سے حاصل کرو

اگر اجساد پر یہ جھونکے نہ چلتے تو اِس عالم میں گمراہی اور ہدایت کا وجود نہ ہوتا حضور رسالتمآب پر اللہ کی رحمت ہو آپ نے اِسی سُرعت وجُود کی خبر ہمیں اِس حدیث میں دی ہے"

ان رحمۃ اللہ سبقت غضبہ (الحدیث)

یعنی بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی"

راوی نے اسی طرح یہ بات آپ سے منسوب کی ہے"

پھر اللہ سُبحانہ تعالیٰ نے اپنے اسماءِ حقّہ کی تعداد کے مطابق حقائق کو ظہور پذیر کیا اور ملائکۂ تسخیر کو اپنی مخلوق کی تعداد کے مطابق پیدا کیا"

اُس کے اپنے اسماء سے ہر حقیقت کے لئے ایک نام مقرر ہے جو اُس کی عبادت کرتا ہے وہ اِسے جانتا ہے"

ہر رازِ حقیقت کے لئے ایک فرشتہ مقرر فرمایا جو اس کی خدمت کرتا ہے اور ہمیشہ اُس کے پاس رہتا ہے"

چُنانچہ یہ حقیقت ہے کہ جس شخص نے اپنی ذات کو اُسکے اِسم سے معلوم نہ کیا وہ اس کا مکلف نہ رہا اور اُس کے حکم سے خارج ہو کر منکرین میں شامل ہو گیا"

www.maktabah.org

اللہ تبارک وتعالیٰ نے جن لوگوں کو ثابت قدم رکھا اُنھوں نے اُسکے اسم کو اپنا امام بنالیا اور اُس کے اور اپنے درمیان علامت کو مضبوط کرلیا تو وُہ ساجدین سے ہوگئے۔

اقطاب واوتاد کا ظہور

بعد ازاں اُس نے مصدرِ اوّل سے اقطاب کے انوار نکالے اور یہ سُورج تھے جو مقامات کے افلاک میں تسبیحیں پڑھتے تھے، پھر نجباء کے انوار نکالے تو یہ ستارے تھے جو کرامات کے افلاک پر تسبیحیں پڑھتے تھے۔

اور ارکان اربعہ کے لئے چار اوتاد ثابت کئے اور اُن کے ذریعہ جنوّں اور انسانوں کو محفوظ کردیا، اِن اوتاد نے زمین کے میلان و حرکات کو زائل کردیا تو زمین ساکن ہوکر پھولوں کے زیور سے آراستہ ہوگئی۔ اور نباتات کو پیدا کیا اور اپنی برکتیں ظاہر فرمائیں۔ چنانچہ مخلوق کی آنکھیں اِن خوبصورت مناظر سے لُطف اندوز ہونے لگیں، اِن کے مشام ان کی معطّر خوشبوؤں سے اور اُن کے حلق اُن کی خوشگوار لذّات سے بہرہ ور ہونے لگے۔

سات ابدال

پھر اُس نے سات ابدال بھیجے اور ایک حکیم و علیم کی حیثیت سے اُنہیں سات مملکتوں کا بادشاہ بنایا اور ہر بدل یعنی ہر ابدال کو ایک اقلیم عنایت فرمائی۔

www.maktabah.org

قطب کے لئے دو امام وزیر بنائے اور اُنہیں دو زمانوں پر امام بنا دیا جیسا کہ ابو حامد غزالی نے الامکان میں بیان کیا،

دیکھنے کی چیز

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُس نے عیان کے لئے آپ کا جسدِ اطہر نمودار فرمایا اور راوی نے آپ سے روایت کی کہ ایک روز آپ نے اپنی مجلس میں فرمایا تھا،

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ وَلَا شَیْءَ مَعَہٗ بَلْ ھُوَ عَلٰی مَا عَلَیْہِ کَانَ

یعنی اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی بلکہ وُہ اسی پر تھا"

اور اِسی طرح آپ نے حقائقِ اکوان سے یہ تمام چیزیں بیان فرمائیں اللہ تعالیٰ کا آپ پر سلام ہو"

اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں

پس یہ حقیقت جمیع حقائق پر زائد نہیں، سوائے اِس کے کہ یہ اکوان پر سابق ہے اور لواحق ہیں، کیونکہ جو کسی چیز کے ساتھ نہیں اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں اور جب دوسرے پر حقائق ظاہر ہوں گے تو اُس پر علم کے حکم میں ہونگے جب کہ حقیقت منزّہ اُس حکم میں نہیں"

پس حقائق اِس وقت حکم میں اِس طرح ہیں جس طرح علم ہمیں کہنا چاہیئے کہ حقائق موجود ہیں اور اُن کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی

www.maktabah.org

اور یہ اب بالکل اس طرح ہے جسطرح وہ اپنے معبود کے علم میں تھے"
جناب نے یہ جو خبر حق پر بیان کی ہے وہ تمام مخلوق کو شامل ہے چنانچہ! اسباب اور سبب کی تعداد کی زیادتی اس پر معترض نہیں ہو گی کیونکہ وہ اسماء وصفات کے وجود سے تم پر وارد ہو گا۔
نیز یہ کہ وہ معانی جن پر مختلف خبریں دلالت کرتی ہیں"

اگر ابتداء و انتہاء کے مابین کوئی سبب رابطہ اور کسب ضابطہ نہ ہوتا تو اُن دونوں میں سے کوئی بھی ایک دوسرے کے ذریعے سے نہ پہچان سکتا، اور یہ بات نہیں کہی جاسکتی ہے کہ پہلے کا حکم دوسرے کو ثابت کر رہا ہے"

اپنے نفس کی پہچان

چنانچہ بندے اور رب کے سوا اور کچھ نہیں اور یہ کافی ہے اس امر میں اُس شخص کے لئے جو عالم وجود میں اپنے نفس کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہے"
کیا آپ نہیں دیکھتے کہ خاتمہ بالکل سابقہ ہے اور یہ بات واجب وصادق ہے"
انسان کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ جاہل اور اندھا بن کر ایسے اندھیروں میں چل رہا ہے جہاں نہ پانی ہے نہ سایہ"

عالم ترکیب کا درست تجزیہ

www.maktabah.org

سب سے درست چیز فلک محیط کا وجود اور عالم مرکب و بسیط

کا موجود ہونا ہے جس کا نام ھباء یعنی بکھرے ہوئے ذرّات ہے اور یہ خبر ہیں نے نبوّت سے سُنی ہے اور اِسے فہم کا ہُدہُد ملکِ سبا سے لایا ہے اور اس کے ساتھ زیادہ مُشابہت رکھنے والی چیز پانی اور ہوا ہے اگرچہ وُہ بالکل وُہی صُورت ہیں جو اُن پر ظاہر ہے چونکہ یہ فلکِ وجود کی اصل ہے لہٰذا اُس کے ظہور کے لئے حضرتِ جُود سے نُور کا اِسم مُتجلّی ہو رہا ہے“

اِس فلک نے اس نُور کو حاصل کر کے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صُورت قبول کر لی“

اب ایک صُورتِ مثلیہ ظاہر ہوگئی جس کے مشاہدات عینی ہیں اور مشارٌ الیہ غیبی ہے“

اِس کی جنت عدنیہ اور اس کے معارف قلبیہ ہیں“

ہر نتیجے کے دو مقدمے ہیں

اُس کے علُوم یمنی، اسرار مددی، ارواح نُوحی اور طینت انسانی ہے پس جس طرح آپ کے اِشارے کے مطابق اِس جمع میں آدم علیہ السلام ہمارے جسمانی باپ ہیں اِسی طرح آپؐ ہمارے رُوحانی باپ ہیں، اور عناصر کے لئے ماں بھی ہے اور باپ بھی، جیساکہ الھباء یعنی بکھرنے والے کی حقیقت کا اصل واحد کے ساتھ ہے، تو ایسا کوئی امر نہیں جو دو امروں سے نہ بنتا ہو اور نہ ہی ایسا نتیجہ ہے جس کے لئے دو مُقدّمے نہ ہوں“

کیا تیرا وجُود حق سُبحانہ تعالیٰ سے نہیں؟ اور اُس کا قادر ہونا

www.maktabah.org

یقینی ہے، تیرے احکام اُس کے عالم ہونے پر موقوف ہیں"
تیرا کسی دُوسری چیز کے باوجود کسی امر کے ساتھ مخصوص ہونا اس کا مزید مخصوص ہونے سے تجھ پر جائز ہے، پس یکتا ذات سے کسی معدوم کا وجود درست نہیں"
جب ثابت ہوا کہ اَین کہاں سے سمجھا جاسکتا ہے تو ضروری ہوگیا کہ کسی چیز کی ذات کسی وجہ سے عَین ہو، اور اس بات کو وہ شخص نہیں سمجھ سکتا جس کی آنکھ حقائق سے نابینا ہے"

آپؐ کی کسی حقیقت کو جان لینا

صفت اور موصوف کی معرفت میں اَین مصروف کی حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے ورنہ تو حضور رسالت مآبؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اَین کا سوال کس طرح کر سکتا ہے اور مسئول سے ظرف کی فا کس طرح قبول کی جاسکتی ہے"
پھر اُس کے لئے خالص ایمان کی گواہی دینا اور تیری شہادت حقیقت ہے مجاز نہیں اور واجب ہے جواز اً نہیں"

اگر تو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کسی طرح کی حقیقت سے نہ سمجھتا تو تو اُس چیز کا قول کبھی قبول نہ کرتا جو آسمانوں کی پوری کائنات میں گونجی ہے"

مکرّمت جہان کی

www.maktabah.org

پھر جب اُس نے لطیف وکثیف عالم ایجاد کر لئے اور مملکت

کی بنیاد رکھ دی اور اعلیٰ مرتبہ تیار کر لیا تو سب سے پہلے دَورے میں خلیفہ کو اُتارا۔ اسی لئے اللہ سُبحانہ تعالیٰ نے دُنیا میں ہماری مدّت سات ہزار سال بنائی، اس کے آخر میں ہم پر نیند اور اُنگھ کی حالت میں حالتِ فناء طاری ہو جائے گی اور پھر وُہ ایسے برزخ کی طرف مُنتقل ہو جائے گی جو تمام طرائق کا جامع ہے، اُس میں تمام مخلوقات پر طاری ہو جانے والے جمیع حقائق غلبہ حاصل کر لیتے ہیں، چنانچہ حکومت ارواح کی طرف پھر جاتی ہے اُس وقت چھ سَو پَروں والا طائر اُس کا خلیفہ ہوتا ہے اور صُورتیں ارواح کے تابع ہو جاتی ہیں، بعد ازاں اِنسان جس صُورت میں چاہتا ہے چلا جاتا ہے (پس) اُس کے لئے حقیقت قبروں سے اُٹھنے کے بعد دُرست ظاہر ہوتی ہے اور یہ امر جنت اور لطائف و احسان کے بازار پر مَوقُوف ہے۔"

ان اِشاروں کو دیکھیں

اللہ تبارک و تعالےٰ آپ پر رحم فرمائے اُس امر کو دیکھیں جس کا میں نے زُمردہ بیضاء میں حضرت آدم علیہ السلام کی طرف اشارا کیا جسے اللہ سُبحانہ نے پہلا باپ بنایا ہے پھر اُس نُورِ مُبین کی طرف دیکھیں جس نے ہمارا نام مسُلمان رکھا اور میں نے دُوسرے باپ کے نام سے اُس کی طرف اشارا کیا ہے۔"

پھر اُس جین (خالص چاندی) کی طرف دیکھیں جو اللہ تعالےٰ کے حُکم سے کوڑھی اور گنجے کو شفایاب کرتا تھا جیسا کہ نص کے ساتھ آیا ہے۔"

www.maktabah.org

أُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِ اللَّهِ ۖ

پھر اُس کے یاقوتِ نفس کی سُرخی کے جمال کو دیکھیں اِس سے میں نے اُس ذات کی طرف اشارا کیا ہے جسے حقیر پیسوں کے عوض فروخت کیا گیا تھا "

پھر ابریز کی سُرخی کی طرف دیکھیں اِس میں مَیں نے خلیفہ عزیز کی طرف اشارا کیا ہے "

پھر ظلمتوں میں یاقوتِ زرد کی روشنی ملاحظہ فرمائیں اس سے میں نے بذریعہ کلام فضیلت پانے والے کی طرف اشارا کیا ہے "

جو شخص اِن انوار کی طرف کوشش کرے گا وہ اُن اسرار کی طرف پہنچ جائے گا جو راستے تیرے لئے کھولے گئے ہیں "

جس نے اُس کا مرتبہ پہچان لیا اُسے مقامِ اولیٰ حاصل ہو گیا اور اُس کے سامنے سجدہ ریز ہو گیا کیونکہ وہ رب بھی ہے اور مربوب بھی، طالب بھی ہے اور مطلوب بھی "

انظر الی بدء الوجود و کن به	فطنا ترا الجود القديم المحدثا
والشئ مثـل الشئ الاانه	أبداه فی عين العوالم محدثا
ان أقسم الرائی بان وجوده	ازلا فبرّ صادق لن يحنثا
أو أقسم الرائی بانّ وجوده	عن فقده أحری وکان مثلثا

ابتدائے وجود کی طرف دیکھیں اور اسے سمجھنے کی کوشش

www.maktabah.org

ل عمران آیت ۴۹

کریں گے تو جُود و کرم کو قدیم اور مُحدَث پائیں گے"۔

اور شئے شَے کی مانند ہے مگر اسے جہانِ عوالم میں حادث بنا کر ظاہر کیا گیا ہے"۔

اگر مشاہدہ کرنے والا قسم اُٹھائے کہ اُس کا وجود ازلی ہے تو یہ قسم بالکل سچی بات ہے جو کبھی ٹوٹ نہیں سکتی"۔

یا مشاہدہ کرنے والا قسم اُٹھائے کہ اُس کے گم ہونے سے اُس کا وجود زیادہ مناسب اور مُثلّث بن گیا ہے تو وُہ بھی سچ کہتا ہے"۔

پھر میں نے کئی اسرار ظاہر کئے اور خبریں بیان کیں جن کے ایراد کی فُرصت نہیں اور اکثر لوگ ایجادِ خلق کو نہیں سمجھتے اس لئے ان اُمور کو خوفِ طوالت سے مہیع کے سر پر موقوف چھوڑ دیا اس خوف سے کہ حکمت نامناسب جگہ پر نہ آجائے۔ "پھر میں خواب کے اِس مشہدِ اعلیٰ سے عالمِ سفلی کی طرف لوٹ آیا تو اِس حمد مقدّس کو کتاب کا خطبہ مقرر کیا اور اس کو اِس کا دیباچہ بنایا۔ پھر اِس کے بعد کے کلام میں ترتیب ابواب پر اس کی شرح کی اور تمام تعریف اللہ غنیُ وہاب کے لئے ہے پس اِس رسالہ کو اِسکے ساتھ لکھا اما بعد"۔

لما انتھی للکعبۃ الحسناء ... جسمی وحصل رتبۃ الامناء
وسعی وطاف وثم عند مقامھا ... صلی وأبتسہ من العتقاء
من قال ھذا الفعل فرض واجب ... ذاك المؤمّل خاتم النبآء
ورأی بھا الملأ الکریم وآدما ... قلبی فکان لھم من القرناء
ولآدم ولدا نقیا طائما ... ضخم الدسیعۃ أکرم الکرماء
والکل بالبیت المکرم طائف ... وقد اختفی فی الحلۃ السوداء
برخی ذلاذل بردہ لبریك فی ... ذاك التبختر نخوۃ الخیلا
وأتی علی الملأ الکریم مقدّم ... یمشی باضعف مشیۃ الزمناء

www.maktabah.org

والعبد بين يدى أبيه مطرق	فعل الاديب وجبرئيل ازائى
يبدى العالم والمناسك خدمة	لابى ليورثها الى الابناء
فعجبت منهم كيف قال جميعهم	بفساد والدنا وسفك دماء
اذ كان يحجبهم بظلمة طينه	عما حوته من سنا الاسماء
وبدا بنور ليس فيه غيره	لكنهم فيه من الشهداء
ان كان والدنا محلا جامعا	للاولياء محا وللاعداء
ورأى الموهبة والنوبرة جاءتا	كرها بغير هوى وغير صفاء
فبنقص ماقامت به أضداده	حكموا عليه بغلظة وبذاء
وأتى يقول أنا المسيح والذى	مازال عمدكم صباح مساء
وأنا المقدّس ذات نور جلالكم	وأتوا فى حق أبى بكل جفاء
لما رأوا جهة الشمال ولم يروا	منه يمين القبضة البيضاء
ورأوا نفوسهم عبيدا خشعا	ورأوه ربا طالب استيلاء
لحقيقة جمعت له اسماء من	خص الحبيب بليلة الاسراء
ورأوا منازعه اللعين بجنده	يرنو اليه بمقلة البغضاء
ربذات والدنا منافق ذاته	حظ العصاة وشهوتنا حوّاء
علموا بان الحرب حتما واقع	منه بغير تردّد واباء
فلذاك مانطقوا بما نطقوا به	فاعذرهم فهم من الصلحاء
فطروا على الخير الاعم جبلة	لايعرفون مواقع الشحناء
ومتى رأيت أبى وهم فى مجلس	كان الامام وهم من الخدماء
وأعاد فوقهم عليهم ربنا	عدلا فانزلهم الى الاعداء
خزانة الملأ الكريم عقوبة	لمقالهم فى أول الآباء
أوما ترى فى يوم بدر حوبهم	ونبينا فى نعمة ورخاء
بعريشه متقلقا متضرعا	لالهه فى نصرة الضعفاء
لما رأى هذى الحقائق كلها	معصومة قلبى من الاهواء
نادى فاسمع كل طالب حكمة	يطوى لها بشملة وجناء
طى الذى يرجو لقاء مراده	فيجوب كل مفازة بيداء
يارا حلا يقص المهامه قاصدا	نحوى ليلحق رتبة السمراء

www.maktabah.org

قل للذى تلفاه من شجرائى ... عنى مقالة أنصح النصحاء
واعلم بانك خاسر فى حبرة ... لما جهلت رسالتى وندائى
ان الذى مازلت أطلب شخصه ... ألفيته بالربوة الخضراء
البلدة الزهراء بلدة تونس ... الخضرة المزدانة الغراء
بمحله الاسنى المقدّس تربه ... بحلوله ذى القبلة الزوراء
فى عصبة مختصة مختارة ... من صفة النجباء والنقباء
يمشى بهم فى نور علم هداية ... من هديه بالسنة البيضاء
والله كم يتلى والمعارف تنجلى ... فيه من الامساء للامساء
بدر الاربعة وعشر لا يرى ... أبدا منوّر ليلة قمراء
وابن المرابط فيه واحد شانه ... جلت حقائقه عن الافشاء
و بنوه قد حفوا بعرش مكانه ... فهو الامام وهم من البدلاء
فكأنه وكأنهم فى مجلس ... بدر تحف به نجوم سماء
واذا أتاك بحكمة علوية ... فكانه ينبى عن العنقاء
فلزمته حتى اذا حلت به ... أنثى لها نجل من الغرباء
حبر من الاحبار عاشق نفسه ... سر المجانة سيد الظرفاء
من عصبة النظار والفقهاء ... لكنه فيهم من الفضلاء
دافى وعنادى للتنفل نية ... فى كل وقت من دجى وضحاء
فتركته ورحلت عنه وعنده ... متى تغير غيرة الادباء
وبدا يخاطبنى بانك خنتنى ... فى عترتى وصحابنى القدماء
وأخذت تائبتا الذى قامت به ... دارى ولم تخبر به سجرائى
والله يعلم نيتى وطويتى ... فى أمر تائبه وصدق وفائى
فانا على العهد القديم ملازم ... فوداده صاف من الاقذاء
ومتى وقعت على مفتش حكمة ... مستورة فى النخبة الحورا
متحير متشوّف كلناله ... ياطالب الاسرار فى الاسراء
أسرع فقد ظفرت يداك بجامع ... لحقائق الاموات والاحياء
نظر الوجود فكان تحت نعاله ... من مستواه الى قرار الماء
مافوقه من غاية يغشوها ... الا هو فهو مصرف الاشياء

www.maktabah.org

لبس الوداء تنزها وازاره … لما أراد تكوّن الانشاء
فاذا أراد تمتعا بوجوده … من غير ما نظر الى الرقباء
شال الرداء فلم يكن متكبرا … وازار تعظيم على القرناء
فبدا وجود لا تقيده لنا … صفة ولا اسم من الاسماء
ان قيل من هذا ومن تعني به … قلنا المحقق آمر الامراء
شمس الحقيقة قطبها وامامها … سر العباد وعالم العلماء
عبد تسوّد وجهه من همه … نور البصائر خاتم الخلفاء
سهل الخلائق طيب عذب الجنى … غوث الخلائق أرحم الرحماء
جلت صفات جلاله وجماله … وبهاء عزته عن النظراء
يمضي المشيئة في البنان مقسما … بين العبيد الصم والأجراء
مازال سائس أمة كانت به … محفوظة الانحاء والارجاء
شرى اذا نازعته في ملكه … أرى اذا ماجئته لحباء
صلب ولكن لين لعفاته … كالماء يجري من صفا صماء
يغني ويفقر من يشاء فامره … محيي الولاة ومهلك الاعداء
لا انس اذ قال الامام مقالة … عنها يقصر أخطب الخطباء
كا بناو رداء وصلى جامع … لذواتنا فأنا بحيث ردائي
فانظر الى السر المكتم درة … مجلوة في اللجة العمياء
حتى يحار الخلق في تكييفها … عينا كخبرة عودة الايداء
عجبا لها لم تخفها اصدافها … الشمس تنفي حندس الظلماء
فاذا أتى بالسر عبد هكذا … قيل اكتبوا عبدي من الامناء
ان كان يبدي السر مستورا فما … تدري به أرضي فكيف سمائي
لما أتيت ببعض وصف جلاله … اذ كان عيني واقفا بحذائي
قالوا لقد الحقته بالهنا … في الذات والاوصاف والاسماء
فبأي معنى تعرف الحق الذي … سواك خلقا في دجى الاحشاء
قلنا صدقت وهل عرفت محققا … من موجد الكون الاعم سوائي
فاذا مسحت فانما بي على … نفسي فنفسي عين ذات ثنائي
لحقائنا من أجله وظهورنا … من أجلنا فسناه عين ضيائي
ثم التفت بالعكس رمز اثانيا … جلت عوارفه عن الاحصاء

www.maktabah.org

واذا اردت تعرفا بوجوده — قسمت ماعندى على الغرماء
وعدمت من عيني فكان وجوده — فظهوره وقف على اخفائى
جل الاله الحق أن يبدو لنا — فردا وعيني ظاهر وبقائى
لوكان ذاك لكان فردا طالبا — متجسسا متجسسا لتنائى
هذا محال فليصح وجوده — فى غيبتى عن عينه وفنائى
فمتى ظهرت اليكم أخفيته — اخفاء عين الشمس فى الأنواء
فالناظرون يرون نصب عيونهم — سحبا تصرفها يد الاهواء
والشمس خلف الغيم تبدى نورها — للسحب والابصار فى الظلماء
فيقول قد بخلت على وانها — مشغولة بتحلل الاجزاء
لتجود بالمطر الغزير على الثرى — من غير مانصب ولا اعياء
وكذاك عند شروقها فى نورها — تمحو طوالع نجم كل سماء
فاذا مضت بعد الغروب بساعة — ظهرت لعينك أنجم الجوزاء
هذا لميتها وذاك لحيها — فى ذاتها وتقول حسن رآء
خفاؤه من أجلنا وظهوره — من أجله والومض فى الافياء
فكأننا سيان فى آعياننا — كصفا الزجاجة فى صفا الصهباء
فالعلم يشهد مخلصين تألفا — والعين تعطى واحدا للرائى
فالروح ملتذ بمبدع ذاته — وبذاته من جانب الاكفاء
والحس ملتذ برؤية ربه * — فان عن الاحساس بالنعماء
فالله أكبر والكبير ردائى — والنور بدرى والضياء ذكائى
والشرق غربى والمغارب مشرقى — والبعد قربى والدنو تنائى
والنار غيبى والجنان شهادتى — وحقائق الخلق الجديد امائى
فاذا أردت تنزها فى روضتى — أبصرت كل الخلق فى مرآئى
واذا انصرفت أنا الامام وليس لى — أحد أخلفه يكون ورائى
فالحمد لله الذى أنا جامع — لحقائق المنشى والانشاء *
هذا قريضى منبئ بعجائب — ضاقت مسالكها على الفصحاء
فاشكر معى عبد العزيز الهنا — ولتشكروا أيضا الى العذراء
شرعا فان الله قال اشكر لنا — ولوالديك وأنت عين قضائى

www.maktabah.org

جب میرا جسم حسین و جمیل کعبہ تک جا پہنچا اور امین لوگوں کا رتبہ حاصل کر لیا"

اور سعی و طواف کے بعد مقام خاص پر نماز پڑھی اور اپنے آپ کو کعبہ کے مقدس لوگوں میں سے ثابت کیا"

جس شخص نے کہا تھا کہ یہ فعل فرض اور واجب ہے وہ امید وار تمام خبروں کا خاتم ہے"

وہاں پر میں نے ملاء اعلیٰ کو دیکھا اور حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھیوں میں شامل ہو گیا"

وہاں پر حضرت آدم علیہ السلام کا ایک بیٹا بھی دیکھا جو بڑے بڑے کریموں میں سے اکرم، وسیع بخشش کا مالک صاحب تقویٰ اور فرماں بردار تھا"

یہ سب لوگ سیاہ پوش تھے اور بیت مکرم میں سرگرم طواف تھے"

یہ لوگ رداؤں کے پلو اس طرح لٹکائے ہوئے چل رہے تھے کہ ان کے ناز و انداز میں اہل فخر و غرور کی نخوت پائی جاتی تھی"

اور میرے باپ یعنی حضرت آدم علیہ السلام بزرگ ملائکہ کے آگے آگے کمزور رفتار سے آہستہ آہستہ چل رہے تھے"

اور بندہ یعنی ابن العربی مؤدب شخص کی طرح خمیدہ گردن اپنے باپ کے سامنے کھڑا تھا اور جبریلؑ میرے سامنے تھے"

اپنے باپ کی خدمت کے لئے میں نے ہاتھ میں معالم و مناسک لے رکھے تھے تاکہ وہ اپنے بیٹوں کے سپرد کر سکیں"

www.maktabah.org

مجھے اپنے باپ کا یہ جاہ و جلال دیکھ کر تمام فرشتوں پر، تعجب

ہوا کہ انہوں نے اس پر زمین میں فساد کرنے اور خون بہانے کا الزام کیسے لگایا تھا،

جب کہ وہ اپنی طین کی ظلمت کے باوجود اُس چیز کو چھپا رہا تھا جو اُن پر اسماء کی روشنی میں چھا گئی تھی"

اُس نے اب نور ظاہر کیا جس میں اُس کے سوا کوئی نہ تھا لیکن وہ لوگ اُس کے مشاہدین تھے"

جب کہ ہمارے والدِ گرامی اپنے دوستوں اور دشمنوں کو جمع کرنے والے مقام پر تھے"

اُس نے مویہہ اور نوبرہ کو دیکھا وہ بغیر خواہش اور دوستی کے مجبوراً ہمارے سامنے آگیا تھا"

چونکہ حضرت آدم علیہ السلام کا خمیر، ایسی چیز سے اُٹھا تھا جس میں مختلف اضداد قائم تھیں" اِسلئے" انہوں نے اس کی سختی کا الزام دیا"

اور کہا! ہم صبح شام تیری تسبیح و تحمید کرتے رہتے ہیں"

اور کہا! ہم آپ کے نورِ جلال سے پاکیزہ ہیں اور میرے باپ کے بارے میں ہر قسم کی سختی کا اظہار کیا"

فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں جانب کو دیکھا اور دائیں طرف کو نہ دیکھا جو روشن اور منوّر تھی، یعنی تاریک پہلو دیکھا اور روشن پہلو سے صرف نظر کی"

اب فرشتوں نے خود کو غلام اور عاجز محسوس کیا اور حضرت آدم

www.maktabah.org

علیہ السلام کو مالک اور آقا تصوّر کیا جو اُن پر تسلّط اور غلبہ حاصل کرنا چاہتا تھا،

کیونکہ جس نے اپنے محبوب "صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، کو شب اسریٰ کے لئے مخصوص فرمایا تھا اُس نے حضرت آدم علیہ السلام میں تمام اُسماء کو جمع فرما دیا تھا،

اور فرشتوں نے شیطان لعین کا جھگڑا دیکھا جو حضرت آدم علیہ السلام کی طرف خشمگیں اور غضبناک نگاہوں سے دیکھ رہا تھا،

اُس کی ہمارے والد کے ساتھ منافقت عصات و خواہشاتِ حواء کی "صورت میں ظاہر ہوئی،

فرشتوں نے جان لیا تھا کہ شیطان اور حضرت آدم علیہ السلام کی جنگ ناگزیر ہے اِس میں اِشتباہ و انکار کی گنجائش نہیں،

اُنہوں نے جو کہا اِس وجہ سے کہا تھا اِس لئے اللہ تبارک و تعالےٰ نے اُن کو معاف فرما دیا اور وہ صالحین میں شامل ہو گئے،

چونکہ فرشتوں کی فطرت و جبلّت خیر پر اُستوار کی گئی ہے اس لئے وُہ دشمنی اور عداوت کا تصوّر بھی نہیں کر سکتے،

اب میں دیکھ رہا تھا کہ فرشتے اور میرے والدِ گرامی ایک ہی مجلس میں جلوہ افروز ہیں جب کہ میرے والد سردار اور ملائکہ اُن کے خادم تھے،

گویا اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کے اعتراض کا اِعادہ بصورتِ عدل کر دیا اور "اُن کو خادم بنا کر، بمنزلہ اِعلاءِ قرار دیا تھا،

گویا فرشتوں کو پہلے دن کے اعتراض کی سزا کے طور پر حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت پر مامور کیا گیا تھا،

www.maktabah.org

تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ بدر کے دن حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم محوِ استراحت تھے اور فرشتے اُن کی جگہ جنگ لڑ رہے تھے،
آپؐ اپنے عریشہ میں خشوع و خضوع اور تضرّع کے ساتھ کمزور اور بے بس لوگوں کے لئے "اللہ تعالیٰ سے" نصرت طلب کر رہے تھے،
جب میں نے یہ تمام حقائق ملاحظہ کئے تو میرا دل ہر قسم کے تصوّارت و تخلیّات سے پاک ہوگیا،
وُہ زور سے پُکارا تو اُس کی طرف جوش و خروش سے سفر کرنے والے ہر طالب حکمت نے سُن لیا،
جو اپنی مُراد حاصل کرنے کے لئے بڑے بڑے گھنے جنگلوں کی مسافتیں طے کرتا ہے اُس نے بھی سُن لیا،
(وُہ آواز یہ تھی) اے وُہ مسافر! جو میرے ہم نشینوں میں شامل ہونے کے لئے گھنے جنگلوں اور وادیوں کو عبُور کر کے میری طرف آرہا ہے،
تو میرے نیاز مندوں میں سے جس کسی کو ملے اُسے میری بات بتادے جو انتہائی نصیحت آموز ہے،
اُس کو یہ بتادے کہ اگر تجھے میرا پیغام اور میری آواز معلوم نہیں تو تو انتہائی خسارے اور حیرت کا شکار ہے،
میں جس شخص کی تلاش و جستجو میں مدّتوں سرگرداں رہا اُسے میں نے ایک سرسبز و شاداب ٹیلے پر پالیا،
یہ شاداب و سرسبز زمین اور چمکتا ہوا علاقہ تونس ہے،

www.maktabah.org

اس کے بزرگ ترین مقام پر جس کی مٹی بھی مقدس ہے اور جو ایک بابرکت قبلہ کا حامل ہے"۔

ایک خاص قطعۂ زمین پر جو مخصوص اور پسندیدہ ہے اور اس کے باشندے نجیب الاصل اور شریف ہیں"۔

وُہ اِن لوگوں کے ساتھ نورِ ہدایت کا علم لیکر چلتا ہے جو اُسے سُنتِ بیضاء سے حاصل ہُوا"۔

اور اُس کا ذِکر وردِ زبان رہتا ہے جس سے صُبح شام ہر وقت معارف تجلّی پذیر ہوتے ہیں"۔

وُہ چودھویں کا چاند ہے جو ہمیشہ روشن چاند کی طرح رات کو منوّر کرتا ہے"۔

وُہ اُس شخص کا بیٹا ہے جس کی شان یکتا ہے اور جس کے حقائق اظہار سے بلند ہیں"۔

اُس کے عالی قدر بیٹے اُس کے جاہ وجلال کے ارد گرد گھومتے رہتے ہیں وُہ خود امام ہے اور اُس کے بیٹے ابدال ہیں"۔

گویا وُہ خود چودھویں کا چاند ہے اور اُس کے بیٹے آسمان کے ستارے ہیں جنھوں نے اُسے گھیرا ہُوا ہے"۔

جب وُہ کوئی آسمانی بلند حکمت بیان کرتا ہے تو گویا وہ عالمِ عنقاء سے خبریں لاتا ہے"۔

میں اُن کی ملازمت میں تھا کہ ایک بزرگ خاتون باہر سے آکر اُن کے پاس آکر قیام پذیر ہو گئیں"۔

وُہ احباب میں سے ایک دانا، اپنی ذات کے عاشق، مجانت

www.maktabah.org

کے راز، داناؤں کے سردار"

گروہِ محققین و فقہا کے فردِ فرید مگر اُن سب سے زیادہ فاضل شخصیت کے حامل تھے،

میں اُن کے پاس صُبح شام رہ کر اُنکے قرب کا فیضان حاصل کرتا رہا"

بعد ازاں میں اُنہیں چھوڑ کر اُن سے رُخصت ہونے لگا تو اُنہیں اِس بات کا شدید دُکھ ہُوا جیسے ایک ادیب کو ہوتا ہے"

اُنہوں نے مجھے مخاطب کرتے ہُوئے فرمایا! میرے خاندان اور پرانے دوستوں میں سے تُو نے مجھ سے خیانت کی ہے"

تو نے ہمارے تائب کو اخذ کیا جس سے میرا گھر قائم تھا اور اُس سے تُو نے میرے ساتھیوں کو بے خبر رکھا"

اُن کے تائب اور میری وفاء کی سچائی کے بارے میں اللہ تبارک و تعالیٰ میری نیت اور حالت کو خُوب جانتا ہے"

میں تو اَب بھی اپنے پُرانے عہد پر قائم ہُوں اور میرے دِل میں اُن کی محبت ہر قسم کی کدورت سے پاک صاف ہے"

جب میرا واسطہ کسی ایسے شخص سے پڑا جو حکمت کی کسی بات کو انتہائی دقیق اور سنگلاخ وادیوں میں تلاش کرتا ہے تو میں حیرت کا شکار ہو جاتا ہُوں"

میں اُسے کہتا ہُوں، اے طالب اسرار! جلدی کر لے تُو ایسے شخص کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا ہے جو زندہ اور مُردہ دونوں طبقوں کے حقائق کو جانتا ہے"

جب مَیں نے وجودِ کائنات کو دیکھا تو اپنے مقام سے لیکر پانی کی

www.maktabah.org

تہہ تک اُس کے قدموں میں تھا۔

سوائے اُس کی ذات کے اُس کے اُوپر کوئی غایت نہیں جس کا وُہ قصد کرے کیونکہ وُہ اشیاء میں ہر قسم کا تصرّف کر سکتا ہے۔

جب اُس نے عالمِ تکوین کی پیدائش کا ارادہ فرمایا تو پاکیزگی کی چادر اوڑھ لی اور ازار سنبھال لیا۔

پس جب اپنے وُجود سے تمتّع کا عزم کیا تو بغیر اپنے رقیبوں کی طرف غور و خوض کرنے کے تھا۔

اُس کا ازار و رداء کو پاؤں کے نیچے تک گرانا اپنے ساتھیوں پر بڑائی اور بلندی ثابت کرنے کے لئے نہیں تھا۔

ان اُمور کے بعد ہمارے سامنے ایک ایسا وُجود نمودار ہُوا جس کا احاطہ نہ کوئی اسم کر سکتا ہے اور نہ کوئی صفت اُس پر محیط ہو سکتی ہے، یعنی اُس کے لئے کسی اسم و صفت کا تعیّن مُمکن نہیں۔

اگر کوئی سوال کرے کہ وُہ کون ہے جس کی تو مدح و ثناء بیان کرتا ہے تو میں کہوں گا! میرے ممدوح امیر الامراء مُحقّق ہیں۔

وُہ جو حقیقت کے درخشاں سُورج اور قُطب دا امام ہیں، وُہ جو سیّد العباد اور عالم العلماء ہیں۔

وُہ ایسے عبد ہیں جن پر اُن کی سرداری کے آثار نمایاں ہیں، وُہ آنکھوں کے نور اور خاتم الخلفاء ہیں۔

وُہ پاکیزہ اور عمدہ سے اخلاق کے مالک، شیریں مقال، مخلوقِ خدا کی پناہ گاہ اور رحم و کرم والوں کے سردار ہیں۔

اُن کے جلال و جمال کی صفات اور عزت و عظمت کی قدر و قیمت

www.maktabah.org

عام دیکھنے والوں کی نظر سے بلند تر ہے۔

وُہ مستقل طور پر ایک قوم کے سردار ہیں جسکا ہر پہلو اور ہر گوشہ اُن کی وجہ سے محفوظ و مصئون ہے۔

اگر تو اُن کے مُلک کے بارے اُن سے لڑائی جھگڑا کرے گا تو اُنہیں سخت دِل اور سخت مزاج پائے گا لیکن اگر تو اُن کے پاس کسی مطلب کے حصُول کے لئے جائے گا تو اُنہیں نہایت نرم دِل پائے گا۔

وُہ سخت ہیں لیکن اپنے نیاز مندوں کے لئے نرم ہیں جیسے پانی سخت پتھر سے جاری ہو کر جسے چاہتا ہے غنی کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے فقیر بنا دیتا ہے۔

اُن کا امر دوستوں کو زندگی دیتا ہے اور دشمنوں کو ہلاکت آشنا کر دیتا ہے۔

وُہ امام جب کوئی حُکم دے دیں تو بڑے سے بڑا خطیب بھی اُس کو بجالانے میں کوتاہی نہیں کر سکتا۔

وُہ ہمارے ساتھ چادر اوڑھے ہُوئے جمع ہو کر نماز پڑھتے ہیں اور ہماری ذوات کے لئے چادر کی حیثیت سے ہیں۔

پس اُس پوشیدہ بھید کی طرف دیکھ جو ایسے موتی کی طرح ہے جو گہرے دریا میں جلوہ افروز ہو۔

یہاں تک کہ اُس کے صوُرت پذیر ہونے پر لوگ حیرت زدہ ہو جائیں، جیسے اُس شخص کی حیرت جو جہاں سے چلا ہو وہیں واپس آ جائے۔

تعجب ہے کہ اُس موتی کو اُس کے صدف نے بھی نہیں چھپایا

www.mahdiabh.org

"کیونکہ سورج سخت اندھیری رات کی تاریکیوں کو ختم کر دیتا ہے"۔

ایسے ہی اگر کوئی بندہ کسی راز کو ظاہر کرتا ہے تو اُسکے بارے میں کہا جاتا ہے اسے میرے امینوں میں لکھ لو"۔

اگر وُہ کسی پوشیدہ بھید کو کھولتا ہے تو اُسے زمین و آسمان بھی نہیں جان سکتے"۔

اگرچہ میری زبان کی لکنت میرے بیان میں حائل تھی یعنی میں بیان کرنے سے عاجز تھا پھر بھی میں نے اُس کے چند اوصاف بیان کر دیئے ہیں"

لوگوں نے کہا! تُونے اُسے ذات، اسماء اور صفات میں ہمارے معبود سے ملا دیا ہے اب تو حق تعالیٰ کی تعریف کیسے کرے گا جس نے تجھے عمدہ طریقے پر پیدا فرمایا اور پیٹ کی تاریکیوں میں تیری تخلیق کی تکمیل فرمائی، (یا یہ کہ تو حق کو کیسے پہچانتا ہے جس نے تیری تخلیق انتڑیوں کے اندھیروں میں مکمل فرمائی)

ہم نے کہا! تُونے سچ کہا! کیا تُونے میرے اُمّم کے سوا کائنات کے مُوجد سے تحقیقی معرفت حاصل کر لی ہے"۔

تو بیشک جب تونے تعریف بیان کی تو وُہ دُوسرے پر میری ذات ہے تو میری ذات کی عین دُوسری ذات ہے"۔

جب تُو اُس کے وجود کی معرفت چاہے گا جو میرے نزدیک ہے تو اُسے غُرباء پر تقسیم کرنا ہو گا"۔

پس جو میری عین سے عدم ہے وُہ اُس کا وجود ہے پس اُس کا ظہور میرے اِخفاء پر موقوف ہے"۔

www.maktabah.org

وُہ ظاہر ہے مگر اپنے حق کے لئے ہمارے لئے اکیلا ظاہر ہے اور

میری عین ظاہر اور میری بقاء ہے"

اگر وُہ اکیلے طالب کی جُستجو کرتا تھا تو وُہ دوسرے کے لئے مُتجسّس تھا"

یہ محال ہے اور میرے اِخفاء وفناء میں اُسکی عین سے اُس کا وجُود درست ہے"

پس تمہاری طرف اُسکا اِخفا کب ظاہر ہے سُورج کی ذات کا اخفاء انوار میں ہے"

ناظرین کا اپنے عیون نصیب کا بادل دیکھنے میں خواہش کے ہاتھ کا تصرف ہے"

ابر آلود آسمان کے پیچھے بادل کے لئے آفتاب کا نور ظاہر ہوتا ہے

اور ابصار اندھیرے میں ہیں"

پس کہتے ہیں کہ بے شک وُہ خلوت میں ہے اور وہ تحلیلِ اجزاء کے

ساتھ مشغول ہے"

تجرّد کے لئے زمین پر بارش برسنے کے ساتھ دُوسرے کے

لئے نہ نصب ہے اور نہ اعیاء ہے"

جیسا کہ آفتاب کے طلوع کے وقت اُس کی روشنی میں آسمان

کے تمام چمکتے ہوئے ستارے محو ہو جاتے ہیں"

پس جب غروبِ آفتاب کے بعد ایک ساعت گذرتی ہے تو

تیری آنکھ کے لئے ستارے آسمانی بُرج میں ظاہر ہو جاتے ہیں"

مُردہ اور زندہ دونوں کے لئے یہ امر اُس کی ذات میں ہے اور

کیا خُوب دیکھا ہے"

پس اُس کا اخفاء ہم سے ظاہر ہے اور اُس کا ظہُور اُس سے

اور اُخفیاء میں رمز ہے"

www.maktabah.org

ہمارا اِخفاء اِس کی وجہ سے ہے اور ہمارا ظہور روشنی ہماری وجہ سے ہے چنانچہ اس کی روشنی ہماری عین ہے۔"

پھر میں نے اِس کے بالعکس دُوسری رمز کی طرف توجہ دی تو معلوم ہوا کہ اُس کے معارف حدو شمار سے باہر ہیں۔"

گویا کہ اَعیان کے سلسلہ میں ہم دونوں برابر ہیں جس طرح مصفا شیشے میں مصفا شراب برابر ہے۔"

عِلم تالّف کے اخلاص کی گواہی دیتا ہے اور آنکھ مشاہدین کو صرف واحد اکو پیش کرتی ہے۔"

چنانچہ رُوح اپنے پیدا کرنے والے سے اور اپنے ہمجنسوں کو چھوڑ کر اپنی ذات سے لذّت پذیر ہوتی ہے۔"

اور حِسّ بھی اپنے رب تعالیٰ کی رؤیت سے لذت حاصل کرتی ہے اور نعمتوں کے احساس سے فنا پذیر ہے۔"

پس اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے اور اُس کی کبریائی میری رداء ہے اور نُور میرا بدر ہے اور ضیاء میری ذکا ہے۔"

مشرق میرا مغرب اور مغرب میرا مشرق ہے بُعد میرا قُرب اور قُرب میرا بُعد ہے۔"

آگ میرا غیب ہے اور جنت میرا شہود ہے، خلقِ جدید کے حقائق میرے غلام ہیں۔"

جب تُو میرے گلستان میں سیر و تفریح کرنا چاہے گا تو میرے اندر تمام مخلوق کو موجُود پائے گا۔"

جب میں اِمامت سے منہ موڑ لوں گا تو ایسا کوئی شخص نہیں

www.maktabah.org

ہوگا جو میرے بعد میری خلافت کو سنبھال سکے۔"

الحمدللہ کہ میں پیدا کرنے والے اور پیدا ہونے والوں دونوں کے حقائق کا جامع ہوں"

میرے یہ اشعار عجائب و غرائب کا مظہر ہیں جنہوں نے بڑے بڑے فُصحاء اور بُلغاء کا ناطقہ بند کر دیا ہے"

اَے عبدالعزیز! ہم دونوں مِل کر اپنے پروردگار کا شکریہ ادا کریں اور اِس کے ساتھ ہی عذراؑ کا بھی شکریہ ادا کریں"

کیونکہ شرعی طور پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہی حُکم ہے کہ ہم اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکریہ ادا کریں اور اپنے والدین کا شکریہ ادا کریں اور یہی اُس کا فیصلہ ہے"

اشعار کا ترجمہ تمام ہوا

www.maktabah.org

اللہ تعالیٰ کی اُس حمد کے بعد جس حمد سے کسی اور کی حمد نہیں کی جاسکتی اور اُس ذاتِ اقدس پر تمام صلواۃ وسلام کے بعد جسے وہ سیر کرانے کے لئے اپنے اِستوا پر لے گیا "

اَے عقلمند ادیب، دوست، حبیب! جان لے کے جب حکیم اپنے ساتھی سے بچھڑ جائے اور دونوں کے درمیان گردش زمانہ حائل ہو جائے تو اُس کے لئے ضروری ہے کہ وُہ اپنے دوست کو اُن تمام باتوں سے آگاہ کرے جو اُس نے اُس سے علیحدگی کے دوران حاصل کی ہوں اور اُس کی عدم موجودگی میں حاصل ہونے والے سامانِ حکمت کے بارے میں بتائے، تاکہ اُس کے دوست کو اُن لطائف و معارف اور حکمتوں کے ملنے سے خوشی حاصل ہو جو خدائے محسن و رحیم نے اُسے عطا کئے اور جو کلمات اُسے سکھائے ہیں اور یُوں معلوم ہو کہ اُس کا دوست اُس سے الگ ہُوا ہی نہیں اِس لئے کہ اُس کا دوست اُس کی کچھ باتیں سُن چکا ہے، اللہ تعالیٰ اُس کے دوست کو باقی رکھے ایسی صورت میں یہ سب کچھ بتانا اور بھی ضروری ہو جاتا ہے جب اُس کے دوست کے دِل میں دوستی کا خلوص مکدّر ہو چکا ہو اور انقباض پیدا ہو گیا ہو "

بہرکیف! اُس کے دوست نے اُس سے تنقید کی آنکھیں بند کر لی ہیں اور دوست کے بارے میں اُسے اچھا عقیدہ حاصل ہو گیا ہے، کیونکہ تیرے بارے میں وُہی شخص اہتمام کرے گا جو تیرے متعلق سوال کر سکتا ہے "

پس اللہ تعالیٰ دوست کو دوام بخشے اُسے مبارک ہو کہ قلب سلامت

www.maktabah.org

ہے اور پہلو میں اُس کی محبت قائم و دائم ہے"

اللہ تعالیٰ اُسے باقی رکھے وُہ جانتا ہے کہ اُس کی محبت غرض و غایت اور خواہشات پر مبنی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور بغیر کسی عِلّت کے قدیمی طور پر اُس کے دِل میں موجود ہے، جس میں نہ تو اِضافہ ہوتا ہے اور نہ ہی وُہ کم ہوتی ہے، نہ کسی جزا کی تمنا ہے نہ سزا سے بچنے کی خواہش"

اللہ تعالیٰ میرے دوست کی حفاظت فرمائے میں نے پہلی مرتبہ اُن کی طرف ۵۹۰ھ میں سفر کیا تھا، جب کہ اُن کا میری طرف عدمِ التفات تھا اور وُہ میرے مقاصد و مذاہب پر چلنے سے مُتنفر تھے۔

کیونکہ وُہ اِس میں نقص دیکھتے تھے خُدا اُن سے راضی ہو اور میں اُنہیں اِس میں معذور پاتا تھا،

وُہ جو کچھ بھی سمجھتے تھے وُہ میرے ظاہری حال اور بیرونی احوال کے مشاہدہ سے تھا، کیونکہ مجھ پر جو حالت طاری تھی وُہ میں نے اُن سے اور اُن کے بیٹوں سے چھپا رکھی تھی اور اُن پر اپنی بدحالی اور شرِحِس کا اظہار کیا کرتا تھا،

بسا اوقات میں اُن کو خبردار کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ ظاہر بھی کر دیتا تھا مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کو یہ منظور نہ تھا کہ اُن میں سے کوئی ایک بھی مجھے اچھی نظروں سے دیکھے"

ایک دِن وُہ دوست مجلس میں صدر نشین تھے تو میں نے اُن کے گوشِ سماعت کو کھٹکھٹانے کیلئے یہ شعر پڑھے،

www.maktabah.org

انا القرآن والسبع المثانی | وروح الروح لا روح الاوانی
فؤادی عند معلومی مقیم | یشاھدہ وعند کم لسانی
فلا تنظر بطرفك نحو جسمی | وعدّ عن التنعم بالمغانی
وغص فی بحر ذات الذات تبصر | عجائب ما تبدّت للعیان
واسرارا تراءت مبھمات | مسترۃ بأرواح المعانی

میں قرآن اور سبع مثانی ہوں، میں رُوحوں کی رُوح ہوں جسموں کی رُوح نہیں۔"

میرا دِل میرے معلوم کے پاس اقامت گزین ہے اور اُس کا مشاہدہ کرتا ہے تمہارے پاس میری زبان ہے۔"

تُو اپنی نظر سے میرے جسم کو نہ دیکھ اور مغانی سے نِعمت حاصل کرنے سے گریز کر۔"

تُو ذات کی ذات کے سمندر میں غوطہ زن ہوگا تو ایسے عجائبات دیکھے گا جو واضح طور پر ظاہر ہونگے۔"

اور ایسے اسرار بھی دیکھے گا جو مُبہم نظر آتے ہیں اور معانی کی رُوحوں میں پوشیدہ ہیں۔"

خُدا کی قسم جب میں نے اِس قطعہ سے ایک شعر پڑھا تو مجھے معلوم ہوا جیسے میں کسی میّت کو سُنا رہا ہوں اور اِس کا باعث وہ حکمت تھی جس کی رضا مجھے مطلوب تھی اور نفس یعقوب میں ایک حاجت تھی جو اُس نے پُوری کر لی۔"

مجھے اِس اجتماع مکرّم میں اُن کے کلیم ظاہر اور مقدّم ابُو عبداللہ بن مرابط نے محسُوس کیا لیکن یہ احساس کامل نہیں تھا بلکہ اِس میں قدرے

www.maktaban.org

شک و اشتباہ بھی شامل تھا، البتہ شیخ مُسّن مرحوم جراح کے سامنے میں پُوری طرح کُھل گیا تھا، میں اُس کے پاس موجود رہا اور حضرتِ دوست کی مفارقت کے بعد اُسے نہیں چھوڑا "

اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے ذکر اور اُس کے اپنے احوال پر شکر کرنے کے لئے اُسے باقی رکھے اور اُس نُطق کو بھی قائم رکھے جو اُس کے مناقب بیان کرتا ہے اور اُس کے آداب کا عاشق ہے "

میں نے جب کبھی اُس دوست کے بارے کتابوں میں تحریر کیا تو سواروں کے ذریعہ مُختلف شہروں میں اُس کی شہرت ہو گئی اور دوست بھی اِس امر سے واقف ہو گیا "

یقیناً اُس سبب کے اِقتضاء سے قبل میری محبت جلد یا بدیر اُس پر ثابت ہو گئی "

تاہم وُہ اِسے اپنی ذات میں قائم بھی رکھتا ہے اور چھوڑ بھی دیتا ہے "

اللہ تعالیٰ میرے دوست کو اپنا دوست بنائے رکھے اس واقعہ کے کئی سال بعد اُس کے مکان پر اُس سے مُلاقات ہوئی تو چند یوم کے علاوہ نو۹ ماہ کا عرصہ عیش و راحت اور رُوح و بدن کی مُسرتوں کے ساتھ اُس کے پاس گذارا اور ہم میں سے ہر ایک نے اپنے دوست کے لئے خلوص و سماحت کی کوشش کی ۔

وُہ میرا بھی رفیق تھا اور اُس کا بھی رفیق تھا اور ہم دونوں کا دوست ابو عبداللہ بن مرابط تھا جو ایک عقلمند بزرگ، محصل و ضابط غیور النفس، پسندیدہ کردار و عادات اور پاکیزہ اعمال کا مالک اور ہمیشہ تسبیح و تلاوت قرآن میں وقت گذارنے والا شخص تھا۔

www.maktabah.org

اور میرا دوست عبداللہ بدرحبشی تھا خدا اُسے گہن سے بچائے وہ خالص ضیاء اور نورِ محض تھا، وہ ہمیشہ پوشیدہ اور اعلانیہ ذکرِ خدا میں مشغول رہنے والا، میدانِ معاملات کا پہلوان، صاحبِ منازل، ورُودِ منازلات سے واقف، اپنے حال میں منصف، حق و باطل میں تفریق کرنے والا، اپنے اہل کا حق پہچان کر اُسے ادا کرنے والا، حق لینے والوں سے مخالفت کی بجائے موافقت کرنے والا تھا، اُس نے درجۂ امتیاز حاصل کر لیا تھا اور وہ کٹھالی میں گلایا جانے کے بعد خالص سونا بن کر نمُودار ہوا تھا، اُس کا کلام حق اور اُس کا وعدہ سچا تھا، پس ہم چار ارکان تھے اِن پر پورا جہان اور انسان قائم تھے، پھر وہاں پیدا ہونے والے چند حالات کی بنا پر ہم چاروں الگ الگ ہو گئے اور اب تک اِسی حالت پر قائم ہیں

چنانچہ میں نے حج اور عمرہ کی نیت کی اور تیزی کے ساتھ اِس مجلس کریم کی طرف چل پڑا۔ اور اُم القریٰ میں پہنچ کر اپنے خلیل علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہُوا جس نے میزبانی کو سُنت کا درجہ دیا، پھر میں نے صخرہ اور اقصیٰ میں نماز ادا کی پھر اپنے اور اولادِ آدم کے سردار دیوانِ احاطہ واحصاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کیا،

بعد ازاں اللہ تبارک و تعالیٰ نے میرے دل میں ڈال دیا کہ معارف کے اُن فنون کو اپنے دوست کی خدمت میں پیش کروں جو میں نے اُس سے مخفی اور الگ رہ کر حاصل کئے اور علم کے اُن جواہرات کا ہدیہ اُس کی نذر کروں جو میں نے دورانِ سفر حاصل کئے،

چنانچہ میں نے یہ کتاب تیار کی جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے جہالت سے منہ موڑنے کے لئے تعویز بنا دیا ہے،

www.maktabah.org

اس دوست کے علاوہ، ہر مخلص دوست، محقق، صوفی اور میرے حبیب، ولی، ذہین و فہیم بھائی، نیک اخلاق برخوردار عبداللہ بدر حبشی یمنی، معتق ابی غنائم ابن ابی الفتوح حرانی کے لئے۔ اللہ تعالٰے اِسے مفید بنائے۔"

میں نے اِس کتاب کا نام "فتوحاتِ مکیہ فی معرفت اسرار المالکیہ والملکیہ" رکھا، اِس لئے کہ میں نے اِس کتاب میں اکثر وُہ باتیں بیان کی ہیں جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے مجھے بیتِ مکرّم کے طواف اور حرم شریف میں مراقبہ کے دوران عطا فرمائیں، میں نے اِس کے ابواب شریفہ مقرّر کئے اور اس میں لطیف مُعانی بھر دیئے۔"

کیونکہ جب تک انسان اپنی انتہاء کو نہ پہچان لے اُس پر ابتداء کی مُشکلیں آسان نہیں ہوتیں، بالخصوص جب وُہ اِس پھل کا ذائقہ چکھ لے یا اُسے اپنی غایت و تمنّا بنا لے۔"

جب کسی کی بصارت کا دروازہ مسدود ہو جاتا ہے تو بصیرت کی آنکھ وا ہو جاتی ہے اور وُہ شخص جواہرات اور موتی نکالنے لگتا ہے، یہ دروازہ اُسے اُس کی عقل و فہم اور قوّت ارادی کے مطابق رُوحانی حکمتیں اور رَبّانی نکات عطا کرتا ہے، اور اُس کے علم کے سمندروں کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہونے سے اُسے نفس کی وُسعت عطا کرتا ہے۔"

لما لزمت قرع باب الله — کنت المراقب لم أكن باللاهي
حتى بدت للعين سبحة وجهه — والى هلم لم تكن الاهي
فاحطت علما بالوجود فمالنا — في قلبنا علم بغير الله
لو يسلك الخلق الغريب محجتي — لم يسألوك عن الحقائق ماهي؟

www.maktabah.org

جب میں نے اللہ تعالیٰ کے دروازے کو کھٹکھٹانے کا فیصلہ کیا اُس وقت میں مراقبہ میں وقت ضائع کر رہا تھا۔

یہاں تک کہ میری آنکھوں کے سامنے اُس کا چہرہ نمودار ہوا تو میرے سامنے اُس کے سوا کوئی نہ تھا،

میں نے علمِ وجود کا احاطہ کر لیا اب میرے سینے میں اللہ تعالےٰ کے بغیر کوئی علم نہیں اگر غریب مخلوق میرے طریق پر چلے تو وہ تجھ سے کبھی نہ پوچھے کہ یہ کیا چیز ہے؟"

بعدازاں اِس کتاب کے ابواب شروع کرنے سے پہلے میں نے اِس کتاب کی فہرست کے ابواب کا باب مقرر کیا، پھر علوم اسرار الٰہیہ کے ضمن میں تمہیدی مقدمہ بیان کیا انشاءاللہ العزیز فہرست کے باب کے مطابق اِس کے ابواب میں کلام کیا جائے گا، اور اللہ تعالیٰ ہی حق کہلاتا اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے،

الحمد للہ پہلی جزء تمام ہوئی انشاءاللہ العزیز اُس پر دوسری[۱] جزء پڑھی جائے گی وصلی اللہ علیٰ محمد وعلیٰ آلہ الطاہرین،

---

[۱] شیخ اکبرؒ کی صراحت کے مطابق اِس کتاب کی دوسری جزء کتاب کی فہرست پر مشتمل ہے لہٰذا اب مقدمہ کی صورت میں تیسری جزء کا آغاز کریں۔ مترجم

www.maktabah.org

مُقدّمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بسا اوقات میرے خیال میں آیا کہ اِس کتاب کی پہلی فصل اُن عقائد پر مقرر کروں جن کی تائید اُدلہ قاطعہ اور براہین ساطعہ سے ہوتی ہو، پھر میں نے دیکھا کہ یہ اُس شخص کیلئے مُشکلات کا باعث ہوگا جو اسرارِ وُجود کے زیادہ سے زیادہ عقائد کی تلاش پر آمادہ اور الطافِ جُود وسخا کے درپے ہو اگر طالب خلوت و ذکر کو لازم قرار دے کر اور فکر سے فارغ ہو کر فقیر بن کر بیٹھ جائے گا تو اُس کے لئے اُس کے پروردگار کے دروازے پر کچھ نہیں جب تک اللہ تبارک وتعالیٰ اُسے وُہ معارفِ ربانیہ اور اسرارِ الٰہیہ قلم سے نہ عطا فرمائے جو اُس نے اپنے بندے حضرت خضر علیہ السلام کو عطا کرکے فرمایا!

فَوَجَدَا عَبۡدًا مِّنۡ عِبَادِنَآ اٰتَیۡنٰهُ رَحۡمَةً مِّنۡ عِنۡدِنَا وَعَلَّمۡنٰهُ مِنۡ لَّدُنَّا عِلۡمًا [1]

ترجمہ! ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت عطا فرمائی اور علم اسرار سکھایا،

اللہ تبارک وتعالیٰ نے مزید فرمایا!

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۖ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ [2]

ترجمہ! اور اللہ سے ڈرو، اور اللہ تمہیں علم سکھاتا ہے

---

[1] الکہف آیت ۶۵ [2] البقرہ آیۃ ۲۸۲

www.maktabah.org

إِن تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا[1] ترجمہ! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہے تو تمہارے لئے ایک قوتِ امتیاز پیدا کر دے گا

وَيَجْعَل لَّكُمْ نُورًا تَمْشُونَ[2] ترجمہ! اور اللہ تمہارے لئے ایک نور بنائے گا جس کی روشنی میں تم چلو گے۔

کسی نے حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے پوچھا آپ نے جو پایا کیسے پایا ؟ آپ نے فرمایا! میں اِس درجہ کے نیچے تیس سال ساتھ بیٹھا ہوں، حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں تم لوگوں نے اپنا علم مُردے سے مُردے نے سیکھا ہے جبکہ ہم نے اپنا علم اس ذات سے حاصل کیا ہے جو حیّ لایموت ہے تو یہ علم صاحب ہمت کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خلوت میں حاصل ہوتا ہے اور اس کے ساتھ اُس کی جلالت رُعب اور عظمتِ احسان ہے علوم میں سے ظاہر طور پر متکلم کی کوئی چیز اُس سے غائب ہو بلکہ ہر صاحب نظر و برہان کو یہ کیفیت حاصل نہیں ہوتی اور یہ علم اُس کی نظرِ عقلی کے ماوری ہے جبکہ علوم کے تین مرتبے ہیں۔

پہلا علم عقلی علم ہے

یہ ہر علم تجھے فی البدیہہ یعنی بغیر غور و فکر کے حاصل ہو سکتا ہے یا دلائل جیسی کسی اور چیز میں غور و فکر کرنے سے بھی ہو سکتا ہے مگر اُس میں لغزش کا خطرہ ہے اور یہ امر علوم میں سے اِس فن کے لئے مجمع و مختص ہے، اسی لئے نظر کے بارے میں کہتے ہیں کہ اِس سے صحیح بھی ہے اور فاسد بھی ہے،

---

[1] انفال آیت ۲۹ [2] الحدید آیت ۲۸

www.maktabah.org

دوسرا علم علم الاحوال ہے

علم الاحوال کی طرف سوائے اہل ذوق کے کوئی راستہ نہیں، عاقل نہ تو اس کی حد پر قادر ہے اور نہ ہی اس کی معرفت پر دلیل قائم کر سکتا ہے، جیسا کہ شہد کی مٹھاس، ایلوے کی تلخی، لذت جماع، عشق، وجد و شوق، اور اس قسم کی دوسری شکلوں کا علم ہے۔

تو کسی شخص کا ان علوم کو جان لینا محال ہے سوائے اس کے وہ اسکے ساتھ اور اسکی جنس سے اہل ذوق میں اسکے ذوق و شباہت سے متصف ہو جیسا کہ کسی نے کڑوا زرد رنگ کھایا اور ایک مرتبہ اس نے شہد پایا جو اس جیسا نہیں تو اگر وہ شخص کھانے کے وقت کہے یہ وہی کڑوا زرد رنگ ہے"

تیسرا علم علم الاسرار

علوم اسرار وہ علم ہے جو طور عقل کے اوپر ہے اور یہ علم روح میں پاکیزہ روح پھونکنا ہے جو کہ نبی اور ولی کے لئے مختص ہے، اس علم کی دو قسمیں ہیں،

پہلی قسم! عقل سے ادراک کرنا جیسا کہ پہلا علم انہی اقسام سے ہے مگر اس عالم کو یہ علم نظر سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ اُسے علم کا یہ مرتبہ عطا کر دیا جاتا ہے

دوسری قسم! دو ضربوں پر مشتمل ہے ان میں سے ایک ضرب دوسرے علم سے ملتی ہے مگر اس کا حال اس سے اعلیٰ ہے،

اور دوسری ضرب علوم اخبار پر مشتمل ہے اور اس میں سچی اور جھوٹی دونوں قسم کی خبریں داخل ہیں"

اس صورت میں اگر مخبر بہ کے نزدیک خبر دینے والا صادق اور صاحب عصمت

www.maktabah.org

ہو اور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرح اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبریں دیتا ہو جیسا کہ اُنہوں نے جنت اور جو کچھ اُس میں ہے کی خبریں دی ہیں، مثلاً اُن کا جنت کی جگہ بتانا تو یہ علمِ خبر ہے، اور قیامت میں کہنا کہ وہاں حوض ہے اور وہ شہد سے میٹھا ہے تو یہ علمِ احوال ہے اور یہی علمِ ذوق ہے،

اور یہ ارشاد کہ خدا تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور اِس کی مثل دُوسرے علوم ہیں جن کا ادراک عقل نظر سے کر سکتی ہے، تو یہ تیسری صنف ہے جسے علم الاسرار کہتے ہیں اِس علم کا جاننے والا تمام علوم کو جانتا ہے اور اُن میں ڈوبا ہُوا ہے، دُوسرے کسی علم کو جاننے والا اِس جیسا نہیں اور نہ ہی کوئی علم اِس علم سے اشرف اور اعلیٰ ہے۔

اور یہ علم بقیہ تمام معلومات پر حاوی اور محیط ہے،

اندریں صُورت مُخبر بہ کا سامعین کے نزدیک صادق اور معصُوم ہونا ہے جبکہ اُس کی یہ شرط عوام کے نزدیک ہے،

رہا وُہ عاقل و زِیرک جس کا نفس پاک طینت ہے لیکن وہ کہتا ہے کہ فلاں چیز میرے نزدیک جائز ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ یہ سچ ہے یا جھُوٹ تو اس کا قول میرے نزدیک جائز ہے،

جیسا کہ ہر عاقل کو پتہ ہے کہ اُسے یہ علوم غیر معصُوم سے پہنچے ہیں اور وُہ نفس الامر میں اِن خبروں کے دینے میں سچا ہو" لیکن اس سے سُننے والے پر لازم نہیں آتا کہ وُہ اُس کی تصدیق یا تکذیب کرے مگر اُس کی صداقت میں تامّل کرے اور اِس میں کچھ اُسے نقصان نہیں کیونکہ اُس کی خبر میں جو آیا ہے اُس میں عقلوں کا حِیلہ نہیں بلکہ اُس کا جواز موجود ہے یا پھر اُس کے نزدیک توقف ہے

پس جب ایسا امر آجائے جو عقلاً جائز ہے اور شارع اُس سے خاموش ہے تو ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ اُسے بالکل ہی رد کر دیں اور ہمیں اُسے قبول کر لینے میں

www.makitabah.org

اختیار ہے۔"

پس اگر مُخبر بہ کا حال اُس کے عادل ہونے کا مقتضی ہے تو ہمیں اُسے قبول کرنے میں نقصان نہیں جیسا کہ اُس کی گواہی قبول کرنا اور اُس کے ساتھ اموال و امور ح میں حکم دینا اور اگر وہ شخص ہمارے علم میں عادل نہیں تو اُس پر غور کریں اگر اُس کی خبر ہمارے نزدیک دوسری صحیح وجوہات پر جائزات کے باب میں سچی ہے تو اُسے قبول کرلیں ورنہ چھوڑ دیں، اور اُس کے قائل کے بارے میں کسی چیز پر کلام نہ کریں کیونکہ یہ شہادت مکتوبہ ہے جس کے بارے میں اُس سے پوچھا جائے گا،

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ[1] ترجمہ اب اُن کی گواہی لکھ لی جائے گی اور ان سے جواب طلب کیا جائے گا۔

اور ہم اس میں اخلاصِ نفس کے زیادہ حق دار ہیں، اور اگر یہ مُخبر معصوم کی لائی ہوئی خبر کے سوا خبر نہیں دیتا تو ہم اُس کی اُس روایت سے مقابلہ کریں گے جو ہمارے پاس ہے تو ہمارا اُس کی خبر کے ساتھ زیادہ کرنا بے فائدہ ہے اور بے شک صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اسرارِ شریعہ سے امور اور حکم کے ساتھ ایسی خبر لائے ہیں جو کہ (انسان کی) قوتِ فکر و کسب سے خارج ہے اور سوائے مشاہدہ اور الہام کے اس تک کبھی نہیں پہنچا جاسکتا،"

---

[1] الزخرف آیت ۱۹

www.maktabah.org

علمِ اسرار کا ثبوت

بقولِ علیہ السلام ان یکن فی امتی محدثون منہم عمرؓ

وقولہ فی ابی بکر فی فضلہ بالسر غیرہ،

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری اُمت میں محدثین ہونگے جن میں ایک عمرؓ ہیں اور آپ کا ارشاد ہے کہ ابوبکرؓ سِر کے ساتھ دوسروں سے افضل ہیں،

اور اگر ان علوم سے وجود میں انکار واقع نہیں ہوتا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قول کچھ فائدہ نہیں دیتا

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ حفظت من رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم وعاءین فاما احدھما فبثثتہ واما الآخر فلو بثثتہ قطع منی ھذا البلعوم[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم کے دو تھیلے سیکھے یعنی دو قسم کا علم حاصل کیا ایک کو میں نے لوگوں میں پھیلادیا ہے اور اگر میں دوسرے علم کو پھیلاؤں تو میرا یہ نرخرا کاٹ دیا جائے،،

راویانِ حدیث

۵۸۹ھ میں فقیہ ابوعبداللہ محمد بن عبیداللہ حجری نے مجھ سے اپنے گھر میں اس کے ساتھ کی حدیث بیان کی اور ایسے ہی دوسری حدیث ۵۹۲ھ میں ابوولید احمد بن محمد بن عربی نے اپنے گھر اشبیلیہ میں مجھ سے بیان کی، سبھی کہتے ہیں ابوولید

---

[1] بخاری کتاب العلم

www.maktabah.org

ابن عربی کے علاوہ بھی ہم سے یہ حدیث بیان کی گئی ہے، تو بے شک اُس نے کہا میں نے اباحسن شریح بن رعینی سے سُنا اُنہوں نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے ابی ابو عبداللہ اور ابو عبداللہ محمد بن احمد بن منظور القیسی نے دونوں پر کہ سُنا حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابی محمد عبداللہ بن احمد بن حمویہ سرخسی حموی وابی اسحٰق مستملی اور ابی الہیثم محمد بن مکی الکشمیہنی سے اس حدیث پر دونوں نے سنا، اُنہوں نے کہا! ابو عبداللہ محمد بن یوسف بن مطر فربری نے ہم سے اور اُن سے ابو عبداللہ بخاری نے حدیث بیان کی ایسے ہی مجھ سے ابو محمد یونس بن یحییٰ بن ابی الحسین بن البرکات ہاشمی عباسی نے مکہ معظمہ حرم شریف میں کعبہ معظمہ کے رکن یمانی کے پاس ۵۹۹ھ جمادی الاول میں ابی الوقت عبدالاول بن عیسیٰ سجزی ہروی سے حدیث بیان کی اُنہوں نے ابی الحسن عبدالرحمٰن بن مظفر الداودی سے اُنہوں نے ابی محمد عبداللہ بن حمویہ سرخسی سے اُنہوں نے ابی عبداللہ الفربری سے اُنہوں نے بخاری سے۔ بخاری نے صحیح بخاری میں کہا! حدیث بیان کی مجھ سے اسمٰعیل نے اُنہوں نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے میرے بھائی نے ابن ابی ذئب سے اُنہوں نے سعید مقبری سے اُنہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے،،

(اس حدیث شریف اور بلعوم کی شرح ابی عبداللہ بخاری نے کتاب العلم میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کے ضمن میں کی ہے اور بیان کرتے ہیں کہ بلعوم گذرگاہِ طعام ہے) مترجم

اللہ عزوجل کا ارشاد ہے،

اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَھُنَّ یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَھُنَّ

اللہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور ان کے برابر زمینیں بنائیں اُن کے درمیان حکم اُترتا

www.maktabah.org

لِتَعْلَمُوٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ[1] ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے

تو اِس آیت کریمہ کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا یہ قول فائدہ نہیں دے گا کہ!

اگر اِس کی تفسیر بیان کر دوں تو مجھے سنگسار کر دیتے اور ایک روایت میں ہے تم کہتے میں کافر ہوں"

مجھ سے یہ حدیث ابو عبداللہ محمد بن عیشون نے ابی بکر قاضی سے محمد بن عبداللہ بن عربی معاضری سے اُنہوں نے ابی حامد محمد بن محمد طوسی غزالی سے بیان کی ہے اور حضرت علی ابن ابی طالب علیہ الصلواۃ والسلام کے نواسے جناب رضی رضؓ کے اس قول کا کیا مطلب ہو گا جو اُنہوں نے فرمایا ہے کہ

یارب جوهر علم لو أبوح به لقیل لی أنت ممن یعبد الوثنا
ولاستحل رجال مسلمون دمی یرون اقبح ما یاتونه حسنا

اے پروردگار اگر میں علم کے جوہر ظاہر کر دوں تو مجھے کہا جائے گا کہ تو صنم پرستوں میں سے ہے"

اور مسلمان میرا خون حلال قرار دے دیں گے جبکہ وہ میرا خون بہانا، بہت ہی بُرا کام ہو گا مگر وہ اِسے اچھا سمجھیں گے"

پس یہ تمام حضرات نیکوں کے سردار اور اِس علم کے جاننے والے ہیں انہی سے یہ علم مشتہر ہوا اِن میں بہت سے اِس علم کے عالم اور اِس کے مرتبے اور منزلت کو جانتے ہیں جب کہ بہت سے لوگ اس کا انکار کرتے ہیں، عاقل و عارف کو چاہیئے کہ اُن کے انکار میں اُن پر مواخذہ نہ کرے بیشک حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ حضرت خضر علیہ السلام کے قصّے میں اُن کے لئے گشادگی ہے اور

www.maktabah.org

[1] الطلاق آیت ۱۲

دونوں گروہوں کے لئے محبت ہے ،، اگرچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا انکار اُن کی شرط کے مطابق نسیان سے تھا اور اللہ تعالیٰ نے اُسکی تعدیل کردی یہ بعینہٖ منکرین پر حجت ہے لیکن اِس میں ان سے جھگڑنے کی ضرورت نہیں بلکہ ! ہم یہ کہتے ہیں جیسا کہ نیک بندے نے کہا ہذا فراق بینک وبینی یعنی یہ میرے اور تیرے درمیان جدائی ہے،

فلسفی کے مذہب کے بارے میں

وصل ! اے ناظر تجھ سے یہ صنف پوشیدہ نہیں یہی وُہ علم ہے جو انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا علم ہے اور اُن کی وراثت ہے ،،

جب تو مسائل میں سے کسی مسئلہ سے یعنی اِس علم کے بارے میں واقفیت حاصل کرلے جس کا تذکرہ فیلسوف متکلّم یا اہلِ نظر کرتے ہیں تو تُو یہ کہے گا !

| کہ یہ بات کہنے والا محقق صوفی ہے اور وُہ فلسفی بھی ہے چونکہ فلسفی نے اِس کا ذکر کیا ہے تو وُہ اِس کا معتقد بھی ہوگا اور فلسفیوں سے ہی نقل کیا اور یہ اُسکا دین ہے تو بے شک فلسفی کے ساتھ کہا گیا کہ اُس کا دین نہیں، تو اے بھائی اُس بات سے کام نہ رکھ جس بات سے کچھ حاصل نہ ہو، فلسفی کا سارے کا سارا علم باطل نہیں،

پس تُو اُس کے اُس علم کے قریب ہو جو اُس کے پاس حق میں سے ہے بالخصوص وُہ جو ہم نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پایا خاص طور پر وُہ جسے وُہ شہوات اور نفس کی مکاریوں سے بریّت کے حکم کے لئے وضع کرتا ہے اور اس پر بُرے ضمائر نہیں پہنچتے،

تو اگر ہم عرفانِ حقائق نہیں رکھتے تو ہمیں چاہیئے کہ اِس مُتعینہ مسئلہ میں فلسفی کے قول کا اثبات کریں اور بے شک یہ حق ہے، جب کہ وُہ اِس میں رسُول اللہ

www.maktabah.org

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان یا صحابی یا امام مالک یا امام شافعی یا حضرت سُفیان ثوری رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا قول بیان کرے۔

مگر تیرا یہ کہنا کہ میں نے یہ فلسفی سے سُنا ہے یا اُن کی کتابوں میں پڑھا ہے تو بے شک یہ تجھے اکثر طور پر کذب و جہل میں لے جائے گا۔ کذب یُوں کہ تو نے اُس کی بات سُنی یا پڑھی مگر اُس کا مشاہدہ نہیں کیا اور جہل یُوں کہ تو اِس مسئلہ میں حق و باطل کے درمیان فرق نہ کر سکے۔ مگر تیرا یہ قول کہ فلسفی بے دین ہے تو اِس پر دلیل قائم نہیں ہو سکتی کہ وُہ بے دین ہے اگرچہ اُس کے پاس باطل ہی باطل ہو اور ہر عاقل اِس کا پہلے عقل کے ساتھ ادراک کر سکتا ہے "

پس اِس قسم کے مسائل میں صوفی پر اعتراض کرنے سے تُو علم و صدق اور دین سے باہر نکل گیا اور جاہلوں، جھُوٹوں، بہتان تراشی کرنے والوں، دین و عقل کی کمی والوں، فساد نظر اور انحراف کرنے والوں کے ساتھ منسلک ہو گیا۔

کیا تو نے دیکھا اگر خواب میں تجھے کچھ دیا جائے تو سوائے تعبیر اور تلاش معنی کے کیا تھا، تو ایسے ہی جو تجھے اس صُوفی سے ملے۔ لے لے اور اپنے نفس پر تھوڑی سی ہدایت دے کر فارغ ہو جا جب کہ تیرے مقام کے ساتھ عطا کرے یہاں تک کہ تجھ پر اُس کے اچھے معنے ظاہر ہوں اور یہ اِس سے بہتر ہے کہ تو قیامت کے دن کہے کہ ہم اِس سے غافلوں میں تھے بلکہ ظالموں میں تھے" الآیۃ

عقلِ نظری کا علم

ہر علم کی عبادت جب اپنے حسن و فہم کے معنوں میں کھُلتی ہے یا سامع کے فہم کے قریب و بعید ہوتی ہے تو وُہ عقلِ نظری کا علم ہے کیونکہ وُہ ادراک کے تحت ہے اور اگر نظر ہے تو سوائے علم اسرار کے اِس کے ساتھ مستقل ہے۔

www.maktabah.org

توجب اُس عبارت کا اخذ کرنا فہم و ادراک پر سخت اور ناگوار ہو اور اکثر اوقات کمزور اور متعصب عقلیں اس کی حقیقت جاننے سے گریزاں ہو جاتی ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے نظر و بحث کی صورت اس میں رکھی ہیں، اس لئے بہت زیادہ علم رکھنے والا فہموں کے قریب تر پہنچنے کے لئے ضرب المثلوں اور اشعار سے کام لیتا ہے۔

علم احوال علم اسرار کے قریب ہے

علم اسرار اور علم عقول کے درمیان علم احوال ہے جس پر اکثر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جو اہل تجربہ ہوں اور یہ علم عقلی اور نظری علم کی نسبت علم الاسرار سے زیادہ قریب ہے لیکن علم عقلی ضروریہ کی صنف سے قریب تر ہے بلکہ اصل میں یہ وہی علم ہے، جب کہ عقول اس تک سوائے اس علم کی خبروں کے نہ پہنچ پائیں یا اس کی نبی یا ولی سے گواہی نہ ملے، اس لئے علم بدیہی کی تمیز ہے بشرطیکہ وہ اس کے شاہد کے نزدیک ضروری ہو۔

جان لے کہ جب تیرے نزدیک یہ اچھا ہو اور تو اُسے قبول کرے اور اس پر ایمان لے آئے تو پھر تجھے اس سے کشف بدیہہ کی بشارت دی جاتی ہے اور تو نہیں جانتا اور سوائے سینے کی ٹھنڈک کے اس دلیل کو کوئی راستہ نہیں مگر ساتھ اس کے کہ یہ اپنی صحت کے ساتھ قطع ہو اور عقل اس میں داخل ہو کیونکہ یہ اُس کے ادراک میں نہیں سوائے اس کے کہ یہ خبر لانے والا معصوم ہو اُس وقت عاقل کا سینہ ٹھنڈا ہوتا ہے، اگر خبر لانے والا غیر معصوم ہے تو اُس کے کلام سے سوائے اہل ذوق کے لذت حاصل نہیں کر سکتا۔

اگر تو کہے کہ میرے لئے مدعی اس طریق کا خلاصہ پیش کرے تو بے شک یہ بطریقہ شریفہ سالک کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف واصل کرتا ہے اس پر یہ

www.maktabah.org

کہ اِسے حقائق سے مقامات کے لئے قریب تر عبارت اور مختصر الفاظ کے ساتھ پیا نہیں جا سکتا یہاں تک کہ تو اِس پر عمل کرے اور بلانے والے تک پہنچ جائے بیشک تو اُس کی طرف واصل ہو گا اور مجھے خدا کی قسم وُہ تجھ سے تجربہ اور خبروں کی بنا پر نہیں لے گا بلکہ وُہ تجھ سے صدق پر اخذ کرے گا، میرا تیرے ساتھ نیک گمان ہے کیونکہ یہ خبر بھی مجھے عقل کے عطا کردہ حصّہ سے ملی ہے اور بے شک یہ اُس سے ہے جس کے جواز و امکان کو عقل کاٹ دیتی ہے یا دُوسرے حُکمِ معیّن سے وہاں ٹھہر جاتی ہے"

پس اِس پر تُو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر اور تجھے تیرا آمال و نفع اور تیرے ساتھ نفع پہنچ چکا ہے،

یہ راستہ کس کے لئے ہے

جان لے کہ یہ طریق اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف اُس شخص کے لئے ہے جو مومنین اور نجات کے طالبوں میں سے خاص طور پر اِس راستہ پر چلتا ہے علاوہ اُن لوگوں کے جو اپنے نفسوں میں مشغول رہتے ہیں سوائے اس کے کہ اس کے لئے چار شعب بواعث، دواعی، اخلاق اور حقائق پیدا کئے گئے ہیں اور کوئی شخص اُنہیں اِس دواعی و بواعث اور اخلاق و حقائق کی طرف بلائے تو اُن پر یہ تین حقوق فرض ہو جاتے ہیں "۱- اللہ کا حق، ۲- اُن کی جانوں کا حق ۳- مخلوق کا حق۔

اللہ تعالیٰ کا اُن پر یہ حق ہے کہ وہ اُس کی عبادت کریں اور کسی چیز کو اُس کا شریک نہ ٹھہرائیں،

مخلوقات کا اُن پر یہ حق ہے کہ اُنہیں کسی بھی قسم کی ایذا دینے سے باز رہیں

www.maktabah.org

سوائے اس کے کہ اُس کے ساتھ حد قائم کرنے کا شریعت نے حکم دیا ہو،

حسب استطاعت و ایثار اس نیکی اور حد کے ساتھ رہے جن سے شریعت نے منع نہ کیا ہو کیونکہ موافقتِ غرض کی طرف سوائے شریعت کی زبان کے کوئی راستہ نہیں۔

اپنی جانوں کا حق

اُن پر اپنی جانوں کا یہ حق ہے کہ سوائے سعادت و نجات کے کسی رستہ پر نہ چلیں اگر نفس اِس سعادت و نجات کے راستہ کو اختیار کرنے سے انکار کرے تو اس کا باعث جہالت ہوگی جو اُس پر مسلط ہے یا طبعی خرابی کیونکہ نفس کی خرابی کو دین اور مروّت دو چیزیں اخلاق فاضلہ میں تبدیل کرتی ہیں تو جہالت دین کی ضد ہے کیونکہ وُہ علوم سے اکتساب علم ہے اور خرابیٔ طبعیت مروّت کی ضد ہے۔

پھر چوتھی شعب کی طرف لوٹیں جسے دواعی کہتے ہیں جب کہ پانچویں شعب یا جس سببی ہے جس کا نام نفرانخاطر ہے، پھر ارادہ پھر ہمت اور پھر نیت ہے بواعث کے لئے دواعی میں سے تین اشیاء ہیں اول رغبت دوم رہبت سوم تعظیم۔

رغبت، دو رغبتوں پر مشتمل ہے ۱۔ رغبت فی المجاورۃ ۲۔ رغبت، فی المعائنہ یعنی قربت میں رغبت اور معاینہ میں رغبت،

اگر تو چاہے تو! کہہ دے کہ اِس میں اُس کے پاس جو کچھ ہے اُس میں رغبت ہے۔

رہبت، دو راہبتوں پر مشتمل ہے، رہبت من العذاب اور رہبت من الحجاب یعنی عذاب سے ڈرنا اور حجاب سے ڈرنا۔

www.maktabah.org

تعظیم یہ ہے کہ تو خود کو ان سے الگ کر دے اور تو اس کے ساتھ تبع کر دے

اخلاق کی تین قسمیں ہیں ا۔ خُلقِ متعدی ۲۔ خُلقِ غیر متعدی ۳۔ خُلقِ مشترک۔

خُلقِ متعدی دو قسموں پر مشتمل ہے۔

۱۔ منفعت کے ساتھ متعدی جیسا کہ بخشش و فتوت

۲ نقصان دُور کرنے سے متعدی جیسا کہ جزاء و تمکنت کی قدرت رکھنے کے باوجود ایذا نہ دینا اور عفو و درگذر سے کام لینا

خُلقِ غیر متعدی: جیسا کہ تقویٰ و زہد اور توکل۔

خُلقِ مشترک: بسطِ وجہ اور خلقت کی طرف سے ایذاء پر صبر کرنے کی مانند ہے۔

حقائق چار ہیں

۱۔ ذات مقدسہ کی طرف لوٹنے والے حقائق

۲۔ صفات منزّہ کی طرف لوٹنے والے حقائق اور یہ نسب ہے۔

۳۔ افعال کی طرف لوٹنے والے حقائق اور یہ کُن اور اُس کے قبیل سے ہیں

۴۔ مفعولات کی طرف لوٹنے والے حقائق اور یہ اکوان و مکونات ہیں اور ان حقائق کونیہ کے تین مرتبے ہیں!

۱۔ علویہ اور یہ معقولات ہیں۔

۲۔ سفلیہ اور یہ محسوسات ہیں

۳۔ برزخیہ اور یہ تخیلات ہیں۔

حقائق ذاتیہ! ہر وہ مشاہدہ جو تجھے حق پر قائم رکھے اور یہ تشبیہ و کیفیت سے پاک ہیں نہ اِن کے لئے وُسعتِ عبارت ہے اور نہ ہی ان کی طرف اشارا

www.maktabah.org

کیا جا سکتا ہے،

حقائق صفاتیہ! ہر وہ مشہد جو تجھے حق پر قائم رکھے اور ان میں اللہ سبحانہٗ قادر و عالم، مرید و حیّ صفات کے علاوہ اسماء و صفات مختلفہ، متقابلہ اور متماثلہ کے ہونے کی اطلاع ہے

حقائق کونیہ! ہر وہ مشہد کہ جو تجھے حق پر قائم رکھے اور ان میں ارواح و بسائط، مرکبات و اجسام اور اتصال و انفصال کی معرفت کی اطلاع حاصل کرے

حقائق فعلیہ! یہ تمام مشہد تجھے کُن اور قدرت کے ساتھ مقدور کے تعلق کی اطلاع دیتے ہیں اس ضرب خاص کے ساتھ کہ بندے کے کون کے لئے فعل نہیں اور نہ اُس کی قدرت کے لئے موصوف بہا کا اثر ہے۔

حال اور مقام کا فرق

یہ تمام امور جو ہم نے ذکر کئے ان کا نام احوال و مقامات ہے۔ مقام وہ صفت ہے جس کا راسخ ہونا ضروری ہے اور اس کا منتقل ہونا درست نہیں جیسا کہ توبہ اور حال وہ صفت ہے جو بغیر وقت کے وقت میں ہو جیسا کہ سکر و محویت اور غیبت و رضا۔

اِن اُمور کی دو قسمیں ہیں،

قسم اول! جیسا کہ بظاہر انسان اور اُس کا باطن اور جیسا کہ تقویٰ اور توبہ،

قسم دوم! جیسا کہ بباطن انسان تو پھر اگر اُس کی ظاہری اتباع ہو تو کچھ حرج نہیں جیسا کہ زہد و توکل اور پھر اللہ تعالیٰ کے طریق مقام یکون باطن

www.maktabah.org

کے علاوہ ظاہر ہیں نہیں۔

پھر ان مقامات سے ایک وہ مقام ہے جس کے ساتھ انسان دنیا و آخرت میں متصف ہوتا ہے جیسا کہ مشاہدہ، جلال و جمال اُنس، و ہیبت، اور بسط ہے

تین مقامات

ان مقامات میں سے ایک مقام وہ ہے جس سے انسان موت سے قیامت تک اور جنت میں پہلا قدم رکھنے تک متصف ہوتا ہے اور وہ یہ کہ اس سے خوف و قبض اور حزن و رجا زائل ہو جاتا ہے۔

ان مقامات میں سے ایک مقام وہ ہے جس سے انسان موت کے وقت طریق قربت پر متصف ہوتا ہے جیسا کہ زہد، توبہ، تقویٰ، مجاہدہ اور تخلی و تحلی ہے۔

ان میں سے ایک مقام کی شرط ہمیشہ زوال و رجوع کی طرف لوٹنا ہے جیسا کہ صبر، شکر اور تقویٰ و ورع ہے اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے بے شک یہ آپ کے لئے حقائق و معانی کے مرتبہ و منازل کا انتہائی مختصر ترین اور درمیانی راستہ ہے اگر تو اس راستے پر گامزن ہوگا تو واصل باللہ ہو جائے گا اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں اور تجھے ہدایت نصیب فرمائے

معرفت کے سات مقام

فصل: علم کا وہ مدار جو اہل اللہ کے ساتھ مخصوص و مختص ہے سات مسئلوں پر ہے جو انہیں پہچان لیتا ہے وہ علمِ حقائق میں سے کسی چیز کا انکار نہیں کرتا۔ اور یہ علم ان معرفتوں پر مشتمل ہے۔

www.maktabah.org

۱۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسماء کی معرفت

۲۔ تجلیات کی معرفت

۳۔ زبانِ شریعت سے اُس کے بندوں کے خطابِ حق کی معرفت

۴۔ وجود کے کمال اور نقص کی معرفت

۵۔ انسان کی اُس کے حقائق کی جہت سے معرفت

۶۔ کشفِ خیالی کی معرفت

۷۔ علل و اسباب کی معرفت

ہم نے اِن مسائل کا ذکر اِس کتاب میں معرفت کے باب میں کیا ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ سامنے آجائے گا۔

عامۃ المسلمین کا راستہ درست ہے

تتمہ! پھر آپ اُس سبب کی طرف متوجہ ہوں جو ہم نے صحتِ عقائد میں علمِ کلام کی جہت سے مذاہب کے دِل پر بذریعہ نظر تجلّیٔ حق کے بارے میں بیان کیا ہے تو یہ بلا اختلاف تمام صحیح العقل متشرع اور عقائدِ سلیمہ رکھنے والے وہ عام مسلمان ہیں جنھوں نے نہ تو علمِ کلام کا مطالعہ کیا اور نہ ہی وہ لڑائی جھگڑے والے مذاہب کو پہچانتے ہیں، بلکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں صحتِ فطرت پر باقی رکھا ہے اور وُہ وجودِ باری تعالیٰ کا علم ہے جو اُنہیں متشرع باپ کی تلقین و تربیت سے حاصل ہوتا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کی معرفت اور تنزیہہ جو قرآن مبین میں تنزیہہ و معرفت کے حکم میں وارد ہے اِن لوگوں پر ظاہر ہے اور بحمدِ اللہ یہ لوگ اِس مسئلہ میں صحت و صواب پر ہیں اور اِن میں سے کوئی شخص بھی تاویل کا راستہ نہیں اپناتا اور

www.maktabah.org

اگر کوئی شخص تاویل کے راستے پر چلتا ہے تو وہ عام مسلمانوں کے حکم سے خارج ہے اور اہلِ نظر و تاویل کی صنف سے ملا ہوا ہے۔ اگر تو یہ تاویل اللہ تعالیٰ کی طرف سے القا ہوئی ہے تو وہ صواب پر ہے ورنہ امور شرعیہ میں تناقض ظاہری کے ساتھ نظر سے غلطی کا امکان موجود ہے۔

پس بحمد اللہ تعالیٰ عامۃ المسلمین کے عقائد سلامتی والے ہیں وہ جیسا کہ ہم نے اس کا ذکر ظاہر کتاب عزیز سے کیا

علم قرآن اصلِ علم ہے

اور یہ اتصالِ علم کا متواتر راستہ ہے اور سوائے علوم پر قطعیت کے علم کا کوئی مقصد نہیں تو یہ یقیناً ہمارے اُس علم پر حد ہے جس میں شک و ریب ہے جب کہ قرآن عزیز یقیناً ہمارے نزدیک تواتر سے ثابت ہے کیونکہ اسے لانے والے اللہ کی طرف سے رسول ہونے کے مدعی ہیں اور یقیناً یہ قرآن مجید کی صداقت کی دلیل ہے اور اس میں کسی بھی شخص کو معارضہ پیدا کرنے کی ہرگز ہرگز استطاعت نہیں، بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس قرآن عزیز کے ساتھ ایک روز ہمارے پاس تشریف لائے اور اُنہوں نے بتایا کہ بے شک یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا کلام ہے"

تو یہ سب کچھ ہمارے نزدیک تواتر سے ثابت ہے اور بیشک قول و فصل اور سمعیہ عقلیہ دلائل کے ساتھ اِس علم کا خبرِ حق ہونا ثابت ہے اور جب حکم کے ساتھ کسی امر پر حکم ہو تو اُس حکم پر شک کی کوئی گنجائش نہیں اور جب حکم اس امر پر ہوگا جو ہم کہتے ہیں تو مناسب کو چاہیئے کہ وہ اپنا عقیدہ قرآن عزیز سے اخذ کرے کیونکہ وہ دلالت کے طور پر بمنزلہ دلیل عقلی کے ہے اور سچ ہے اُس کے سامنے

www.maktabah.org

یا حکیم حمید کے نازل کئے گئے کے مادری تودہ اس اصل ثبوت کی موجودگی
میں دلائل عقلیہ کا محتاج نہیں جو اُس کے نزدیک متحقق اور اُس پر سیف معلق و
اصفاق ہے۔

یہودیوں کے سوال کا جواب

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں یہودیوں نے عرض کی ہم آپ کے رب کا کیا تصوّر کریں؟

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے جواب میں سُورہ اخلاص نازل فرمائی اور اُن کے دلائل سے ایک بھی دلیلِ نظری قائم نہیں فرمائی بلکہ فرمایا!

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ آپ فرمادیں کہ اللہ ایک ہے۔ اس جملے سے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ایک وجود ثابت ہوگیا اور تعداد کی نفی ہو کر اللہ سُبحانہ کے لئے احدیت کا اثبات ہوگیا،

اَللّٰهُ الصَّمَدُ، یعنی اللہ بے نیاز ہے تو اس سے اللہ تعالےٰ کے جسم کی نفی ہوگئی،

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، یعنی نہ اُس نے کسی کو جنا اور نہ اُس کو کسی نے جنا تو اس سے اُس کے باپ ہونے اور بیٹا ہونے کی نفی ہوگئی،

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، اور نہ اُس کا کوئی کفو ہے۔ تو اس سے اللہ تعالیٰ کی بیوی ہونے کی نفی ہوگئی جیسا کہ اُس کا شریک نہ ہونے کے بارے میں اُس کا ارشاد ہے،

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا
اگر آسمان وزمین میں اور خدا ہوتے تو دونوں یعنی زمین و آسمان ضرور تباہ ہوجاتے

لے الانبیا آیت ۲۲

www.maktabah.org

پس عقلی دلیل رکھنے والا اس کے معنوں کی صحت پر عقل کے ساتھ برہان طلب کرے گا اور بیشک اس کی صحت پر یہ لفظ دلالت کرتا ہے۔

کیا وُہ مُسلمان ہے

کاش مجھے معلوم ہوتا کہ یہ شخص دلیل کی جہت سے اللہ تعالیٰ کو پہچانتا ہے اور جو نظر نہ آئے اُس کا انکار کرتا ہے اور اُس کی نظر سے پہلے کیا حالت تھی اور حالِ نظر میں کیا وُہ مُسلمان ہے یا نہیں؟ اور کیا وُہ نماز روزے کا پابند ہے یا اُس کے نزدیک محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اُس کی طرف آنا ثابت ہے یا اللہ تعالیٰ موجود ہے؟

اگر وُہ اِن تمام اُمور پر اعتقاد رکھتا ہے تو یہ عوام کی حالت ہے اور اُن کو اس حال پر چھوڑ دیں اور اِن میں سے کسی کی تکفیر نہ کریں،

اور اگر وُہ بغیر دیکھنے کے اِن اُمور پر اعتقاد نہیں رکھتا اور علم کلام پڑھتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں ایسے مذاہب سے پناہ میں رکھے اُس کی یہ نامعقول وناپسندیدہ بات اور بد نظری اُسے ایمان سے خارج کر دیتی ہے۔

عِلم کلام کیوں وضع کیا گیا

عِلم کلام کو جاننے والے عُلماء کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اِس علم کو وضع کیا اور اِس میں کتابیں تصنیف کیں اور وُہ اِس سے اپنے لئے علم باللہ کا اثبات کرتے ہیں اور بے شک اُنھوں نے اِس علم کو لڑائی جھگڑے کو رفع کرنے کے لئے وضع کیا ہے،

مگر جو لوگ اِس علم سے اللہ تعالیٰ کا یا اُس کی صفات کا یا اُسکی بعض صفات

www.maktabah.org

کا یا رسالت کا یا رسالت محمدیہ علیٰ صاحبہا علیہ الصلواۃ والسلام کا یا حدوث عالم کا اور موت کے بعد رُوحوں کے جسموں میں لوٹنے کا یا حشر و نشر اور اس صنف سے اُس کے متعلقات کا انکار کرتے ہیں تو وُہ کافر ہیں اور وُہ قرآن مجید کی تکذیب کرتے ہیں، پس منکرین اس کے لئے علماء علم کلام کو تلاش کرتے ہیں اور اُن پر اپنے مزعومہ طریقہ پر دلیل قائم نہیں کر سکتے، بے شک یہ لوگ ناپسندیدہ اور باطل نواز ہیں جبکہ ہم اُس کی صحت خاص کے مدعی ہیں یہاں تک کہ عوام پر اُن کے عقائد سے کچھ تشویش نہیں، کیونکہ یہ دونوں گروہ میدانِ مجادلہ میں برسرِ پیکار ہیں ان کے مقابلہ میں اَشعری یا وُہ لوگ ہیں جو صاحب علم و نظر ہیں اور اُن میں سیف رغبت پر کوئی کمی واقع نہیں ہوتی، اور وُہ حرص کرتے ہیں کہ اس بُرہان کے ساتھ ان میں سے ایک شخص ہی اُمت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لڑی میں ایمان و انتظام کی طرف لوٹ آئے جب کہ ایک شخص امرِ معجز کے ساتھ اور سچائی کے دعوے کے ساتھ آیا ہے تو بیشک یہ دعوئے کرنے والے اللہ کے رسُول علیہ الصلواۃ والسلام ہیں ان کے حق میں جو کچھ اُن لوگوں نے پہچانا اُن کے پاس اس معجزہ کے قائم مقام برہان ہے تو جو شخص اس برہان کی طرف رجوع کرتا ہے اُس کا اسلام بہترین ہے اور جو شخص تلوار سے خوفزدہ ہو کر رجوع کرتا ہے تو اُس کی منافقت کے احتمال کا امکان ہے پس یہ شخص صاحب بُرہان جیسا نہیں ہو سکتا،

بلا تاویل قرآن مجید سے اخذ کریں

علمائے کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے سوائے دوسرے کے علم جوہر و عرض وضع کیا اس سے شہر میں ایک ہی عالم کافی ہے، پس جب کوئی شخص قرآن کے ساتھ ایمان لایا کہ یہ قطعی طور پر اللہ تعالیٰ کا کلام ہے تو وُہ بغیر تاویل اور

www.maktabah.org

ملاوٹ کے اسی سے عقیدہ اخذ کرے گا اللہ تعالیٰ سبحانہ، بنفسہ منزہ ہے مخلوقات میں سے کوئی چیز اس کے مشابہ نہیں یا وہ کسی چیز کے مشابہ نہیں جیسا کہ اس کا فرمان ہے"

۱- لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ [1] — اس کی مثل کوئی چیز نہیں اور وہ دیکھتا سنتا ہے

۲- وَسُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ [2] — پاکیزگی ہے تمہارے رب کو عزت والے رب کو ان باتوں سے

اور قیامت کے دن ظاہر طور پر رویت باری تعالیٰ کا اس کے اس فرمان سے اثبات ہوتا ہے

۱- وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ [3] — اس روز اپنے رب کو دیکھتے کچھ منہ تروتازہ ہوں گے

۲- كَلَّا إِنَّهُمْ عَنْ رَبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوبُونَ [4] — ہاں بے شک وہ اس دن اپنے رب کے دیدار سے محروم و محجوب ہیں"

اور اس کے ادراک کا احاطہ نہ کر سکنے کے بارے میں اس کا یہ فرمان ہے،

لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ [5] — آنکھیں اسے احاطہ نہیں کر سکتیں اور سب آنکھیں اس کے احاطہ میں ہیں،

اور اللہ تعالیٰ کا اپنی کائنات پر صاحب اقتدار ہونا اس کے اس فرمان سے ثابت ہے،

وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ [6] — اور وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے

اور اس کا اپنی کائنات کا عالم ہونا اس کے اس فرمان سے ثابت ہے

---

www.maktabah.org

[1] الشوریٰ آیت ۱۱ [2] الصافات آیت ۱۸۰ [3] القیامۃ آیت ۲۲ [4] المطففین آیت ۱۵ [5] الانعام آیت ۱۰۳ [6] هود آیت ۴

وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا [1] اور اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہے

اور اُس کی کائنات میں اُس کے ارادے کا اثبات اُس کے اِس فرمان سے ہوتا ہے،

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ [2] ہمیشہ جو چاہے کرنے والا ہے

اور اُس کا اپنی کائنات کا سمیع ہونا اُس کے اِس ارشاد سے ثابت ہے

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْا [3] بیشک اللہ نے اُن لوگوں کی بات سنی جو کہتے تھے

اور اُس کا اپنی کون میں بصیر ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہے۔

اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى [4] تو کیا حال ہوگا نہ جانا کہ اللہ دیکھ رہا ہے،

اور اُس کا اپنی کائنات میں مُتکلّم ہونا اُس کے اِس ارشاد سے ثابت ہے،

وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا [5] اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ (علیہ السلام) سے حقیقتاً کلام فرمایا،

اور اُس کا صاحبِ حیات ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہوتا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ [6] اللہ ہے جسکے سوا کسی کی عبادت نہیں آپ زندہ اور اوروں کو قائم رکھنے والا ہے

اور اُس کی طرف سے رسُولوں کو بھیجنے کا اثبات اُسکے اِس ارشاد سے ہوتا ہے

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ [7] اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے رسُول بھیجے سب ہی مرد تھے جنہیں ہم وحی کرتے

---

[1] یوسف آیت ۱۰۹ [2] الطارق آیت ۱۶ [3] آل عمران آیت ۱۸۱ [4] العلق آیت ۱۴ [5] النسا آیت ۱۶۴

[6] آل عمران آیت ۱ [7] یوسف آیت ۱۰۹

www.maktabah.org

اور حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا اثبات فرامین خداوندی اِنَّہٗ آخر الانبیاء وخاتم النبیینؐ سے ہوتا ہے۔

اور اُس کے سوا تمام خلقت کا تخلیق ہونا اللہ تبارک وتعالٰے کے اِس فرمان سے ثابت ہوتا ہے۔

اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ[۱] — یعنی اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز کا مختار ہے

اور جنوں کا تخلیق ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہے

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ[۲] — اور اللہ نے جنوں اور انسانوں کو عبادت کے لئے پیدا کیا ہے

اور اجسام کا نشر اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہوتا ہے۔

مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْھَا نُعِیْدُکُمْ وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی[۳] — ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اسی میں تمہیں پھر لے جائیں گے اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے

چنانچہ حشر ونشر، قضاوقدر، جنت و دوزخ، قبر و میزان، حوض و صراط اور دیگر عقائد ضروریہ کا اعتقاد رکھنے والے کے لئے یہ مثالیں محتاج الیہ ہیں، اللہ تبارک وتعالٰی کا ارشاد ہے

مَا فَرَّطْنَا فِی الْکِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ اِلٰی رَبِّھِمْ یُحْشَرُوْنَ[۴] — ہم نے اس کتاب میں کچھ اٹھا نہ رکھا پھر اپنے رب کی طرف اُٹھائے جائیں گے

---

[۱] الزمر آیت ۶۲ [۲] الذاریات آیت ۵۱ [۳] طٰہٰ آیت ۵۵

[۴] الانعام آیت ۳۸

www.maktabah.org

قرآن پاک نبی کریم کا معجزہ

اور یہ قرآن مجید حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ ہے اس میں عارضہ تلاش کرنے والا عاجز آ جاتا ہے فرمان خداوندی ہے،

قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ [1]

آپ فرمائیں تو اس جیسی ایک سورت لے آؤ اور اللہ کو چھوڑ کر جو مل سکیں سب کو بلا لو،

پھر یہ کہ اس میں کبھی معارضہ نہیں ہو سکتا فرمان الٰہی ہے!

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ [2]

آپ فرمادیں اگر آدمی اور جن سب اس پر متفق ہو جائیں کہ اس قرآن کی مانند لے آئیں تو اس کا مثل نہ لا سکیں گے اگرچہ ان میں ایک دوسرے کا مددگار ہو

پھر اُن لوگوں کے عاجز آنے کی خبر دی گئی جو اس میں عارضہ تلاش کرنے کا عزم کئے ہوئے تھے تو اُن لوگوں کا اقرار عجز اس میں امر عظیم ہے بقول اللہ تعالیٰ کے کہ انہوں نے خوب سوچنے اور پورا زور صرف کرنے کے بعد کہا کہ یہ جادو ہے، تو قرآن مجید میں صاحب عقل کے لئے بہت بڑا خزانہ ہے شدید بیمار کے لئے دوا اور شفاء ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا،

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ [3]

اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لئے شفا اور رحمت ہیں،

یہ قرآن مجید ایسے شخص کے لئے کافی اور شافی ہے جو نجات کے راستے کا

---

[1] یونس آیت ۳۸ [2] الاسرا آیت ۸۸ [3] الاسرا آیت ۸۲

www.maktabah.org

عزم رکھتا ہے اور بلندئ درجات میں رغبت رکھتا ہے، اور ایسے علوم کو ترک کر دیتا ہے جن میں شکوک و شبہات وارد ہوتے ہیں اور تضیعِ اوقات اور دشمنی کا باعث ہیں،

جب یہ راستہ کشادہ ہوتا ہے تو تشغیب و فساد اور ریاضت تہذیبِ نفس کے شغل سے نجات مل جاتی ہے، کیونکہ اس میں لڑائی جھگڑے سے باز رکھنے میں جن لوگوں کے لئے عین نہیں پائی جاتی، استغراقِ اوقات ہے اگر جھگڑا کرنے والے کے لئے شبہ واقع ہو تو اُس کا دور کرنا ممکن ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ نہ واقع ہو تو یقیناً واقع ہوگا اور یقیناً نہ واقع ہوگا اور جب واقع ہوگا تو شریعت کی تلوار اُسے روک دے گی اور اُسے کاٹ دے گی،

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لوگوں سے جنگ کرو یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کہدیں اور مجھ پر اور جو میرے ساتھ آیا ہے اُس پر ایمان لائیں،

اور ہم اُن کی جنگ، کی مدافعت نہیں کر سکتے جب تک عناد رکھنے والے کیلئے اس میں جو کہا گیا ہے یعنی جہاد اور تلوار سے کام نہ لیں تو متوہم جھگڑا کرنے والے کے ساتھ زمانے کو کیسے قطع کریں گے جب کہ نہ تو ہم اُس کے لئے عین دیکھتے ہیں اور نہ ہی اُس نے ہمارے لئے کوئی چیز کہی ہے اور بے شک ہم صرف اُس کے ساتھ ہیں جو ہمارے لئے اور ہماری جانوں کے لئے واقع ہو چنانچہ ہمارا اپنے سواد دوسروں کے ساتھ اور اس شخص کے ساتھ اُلجھنا خیالی بات ہے،

پس اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے راضی ہو جنھوں نے سامان تیار کیا اور بہتری کا ارادہ کیا اور اگر یہ لوگ ایسے شخص کو چھوڑ دیتے ہیں تو اُن کے لئے

www.maktabah.org

ضروری ہے کہ اس کے ساتھ اپنے آپ میں مشغول ہوں خدا کی قسم اُس کے ارادے سے کامل نفع ہے اگر خوف طوالت نہ ہوتا تو علوم کے مقامات و مراتب پر مزید گفتگو کی جاتی اور اگر علم کلام اِس شرف کے ساتھ ہے تو بہت سے لوگوں کو اُس کی ضرورت نہیں بلکہ شہر میں طبیب کی طرح ایک ہی شخص کافی ہے"

مقامِ شریعت

فقہاء و علماء فروعِ دین کے ساتھ ہیں اور اُس جیسے نہیں بلکہ لوگوں کی اکثریت عُلمائے شریعت کی مُحتاج ہے اور بحمد اللہ شریعت میں غُنیہ اور کِفایت ہے،

چنانچہ اگر انسان فوت ہو جائے اور وہ علم نظری مثلاً جوہر و عرض، جسم و جسمانی، رُوح و روحانی کے قائلین کی اصطلاح کو نہیں جانتا تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُس سے یہ نہیں پُوچھے گا اور بے شک لوگوں سے وہی پوچھے گا جو اُن پر خاص تکلفات سے واجب ہے اور اللہ تعالیٰ ہم زندوں کو اُس سے رزق عطا فرمائے"

اِسلام کا بنیادی عقیدہ اور گواہی

وصل اِس ضمن میں کہ جو عقیدہ عموم میں پہنچا ہے، تو وہ بغیر دلیل و بُرہان کی طرف نظر کرنے کے مسلمانوں کا مُسلّمہ عقیدہ ہے"

تو اے میرے مومن بھائیو! اللہ تعالیٰ ہمارا اور تمہارا خاتمہ بالخیر فرمائے

"اِس سے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے ارشاد میں اُس کے نبی حضرت ہُود علیہ السلام سے سُنا وہ یہ ہے کہ جب اُنہوں نے اپنی اور اپنی رسالت

www.maktabah.org

کی تکذیب کرنے والی اپنی قوم سے فرمایا!

قَالَ اِنِّیْۤ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْۤا اَنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ؎ — کہا میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم سب گواہ ہو جاؤ کہ میں سب سے بیزار ہوں جنہیں تم اللہ کے سوا اس کا شریک ٹھہراتے،

تو حضرت ہود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی اَحدیت کا اقرار کرنے اور اُس کے ساتھ اپنی شرک سے علیحدگی کے بارے میں جسے آپ جانتے تھے اپنی قوم کو جو تکذیب کرنے والوں کے گواہ بنایا،

تو بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں کو اپنے سامنے کھڑا کرکے اُن کے لئے یا اُن پر حجت قائم کرنے کے لئے پوچھے گا جب کہ وُہ سب کچھ جانتا ہے یہاں تک کہ ہر گواہ پر اُس کی گواہی لوٹائی جائے گی۔

اور حدیث میں مؤذّن کے لئے آیا ہے کہ اُس کی آواز پر خشک و تر سے اور ہر سُننے والے سے گواہی ہے اِس لئے شیطان اذان کے وقت پُشت پھیر لیتا ہے اور اُس کے لئے حصاص ہے اور ایک روایت میں ضراط ہے یہاں تک کہ وُہ گواہی کے ساتھ مؤذّن کی اذان نہیں سُنتا، اُس کے لئے ضروری ہے کہ اِس گواہی کی گواہی دے مِن جملہ جو سعادت مشہود لہٗ، میں کوشش کرتا ہے اور وُہ شیطان محض دُشمن ہے اُس کے لئے ہماری طرف خیر نہیں البتہ اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے، اور جب کہ وُہ دشمن ہے تو لازماً وُہ تیرے ساتھ بھی گواہی دے گا جو اپنے لئے دے گا، تو وُہ تیرے لئے اور تیرے دوست اور حبیب کے لئے گواہی کم کرے گا اور اُس کی بھی جو تیرے دین اور ملت پر ہوگا،

اور تو اپنے آپ پر دُنیا میں وحدانیت اور ایمان کے ساتھ اُس کی گواہی

؎ ھود آیت ۵۴

www.maktabah.org

کم کرے گا"

اللہ تعالیٰ کے بارے میں عقیدہ

تو اے میرے بھائی اور دوست! اللہ تعالیٰ تم پر راضی ہو تم ہر لحظہ اور ہر پل اللہ تعالیٰ کی طرف فقیر، کمزور و مسکین بندے یعنی اس کتاب کے مؤلف شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں گواہی دو اور یہ تمہیں اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کے بعد اپنے آپ پر گواہ بناتا ہے" اور جو مومنین سے حاضر ہے اور جو اسے سُنے اِس قول کی گواہی دے اور عقیدہ سیکھے کہ!

اللہ تبارک و تعالیٰ واحد معبود ہے، الوہیت میں اُس کا کوئی ثانی نہیں

وُہ بیوی اور اولاد سے منزّہ اور پاک ہے"

وُہ بلاشرکت غیرے مالک ہے اُس کے لئے بادشاہی ہے اور اُس کا کوئی وزیر نہیں"

وُہ صانع ہے اور اُس کے ساتھ کوئی مُدبّر نہیں.

وُہ بذاتہٖ موجُود ہے اور اُس کا وجود موُجد کی طرف احتیاج کے بغیر ہے، اُسے دِل سے اور آنکھوں سے دیکھا جاسکتا ہے.

وُہ جب چاہے عرش پر غلبہ فرماتا ہے جیسا کہ اُس کا ارشاد ہے اور اِس معنے میں اُس کا ارادہ ہے، جیسا کہ عرش اور اس کے ماسوا کے ساتھ اِستوا یعنی غلبہ فرماتا ہے"

اوّل و آخر اُسی کے لئے ہے نہ اُس کے لئے مثل معقول ہے اور نہ ہی اس پر عقول دلالت کرسکتے ہیں،

www.maktabah.org

اُس کے لئے نہ زمان کی حد قائم کی جاسکتی ہے اور نہ انتقال مکانی کی بلکہ

وُہ تھا اور مکان نہ تھا،

وُہ مکان و مکین اور زمین کو بنانے والا ہے،

اُس نے فرمایا میں واحد حیّ ہوں اُس کے لئے مخلوقات کی حفاظت گراں نہیں،

اور اُسکی طرف صفت رُجعت نہیں کرتی نہ ہی اللہ تعالیٰ کی مصنوعات سے کوئی صفت اس پہ ہے بیشک صنعت پہ حوادث ہے اور حوادث ہر صنعت یا اُسکے بعد یا اس سے پہلے جائز ہوگا،

بلکہ کہتے ہیں وُہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی پس وُہ بعدِ زمان کے صیغے سے ہے وُہ اسے بنانے والا ہے،

وُہ قیّوم ہے اُس کے لئے نیند نہیں وُہ قہار ہے اسکی بارگاہ میں مجال دم زدنی نہیں

اُس کی مثل کوئی چیز نہیں اُس نے عرش کو پیدا کیا اور اُس کے لئے حدِ استواء قائم فرمائی،

اُس نے کرسی کو بنایا اور اُسے زمین اور بلند آسمانوں پر وسُعت دی،

اُس نے لوح اور اعلیٰ قلم کی اختراع فرمائی اور فصل و قضا کے دن تک خلقت میں اُس کے علم کے ساتھ اجراءِ کتابت فرمایا،

اُس نے تمام خلقت کو پہلے مثال موجود ہونے کے علاوہ پیدا فرمایا،

اُس نے خلقت کو پیدا فرمایا،

اُس نے رُوحوں کو اجسام میں اتارا اور اجسام کو ارواح کی منزل بنایا،

زمین میں خُلفاء بنائے اور ہمارے لئے زمین و آسمانوں کی ہر چیز کو مسخر کیا اُس کے حُکم اور اُس کی طرف کے سوا کوئی ذرّہ حرکت نہیں کرتا،

اُس نے بغیر خلقت کی طرف حاجت کے خلقت کو پیدا فرمایا اور یہ اس پر موجب واجب نہیں مگر اُس کے پہلے علم کے مطابق پیدا ہوا جو پیدا ہوا۔

www.maktabah.org

وُہ اوّل و آخر اور ظاہر و باطن ہے اور وُہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اُس کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے اور ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے۔

اُسے پوشیدہ اور اخفاء کا علم ہے اور وُہ آنکھوں کی خیانت اور سینے میں چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے اور اُسے اُس چیز کا علم کیسے نہ ہو جسے اُس نے پیدا فرمایا ہے۔

وُہ مخلوق کو جانتا ہے اور وُہ لطیف و خبیر ہے۔

وُہ چیزوں کو اُن کے وجود میں آنے سے پہلے جانتا ہے پھر اُس نے اُنہیں اُن کے علم کی حد پر وجود عطا فرمایا۔

وُہ ہمیشہ سے تمام اشیاء کا علم رکھتا ہے اور نئی چیز کو پیدا کرتے وقت اُس کے لئے اُس چیز کا علم نیا نہیں۔

وُہ اشیاء کو حکم کرتا ہے اور اُن کا حاکم ہے ساتھ اِس کے وُہ اُنہیں جو چاہے حکم کرے۔

اہلِ نظر کے صحیح اور متفق علیہ اِجماع کے مطابق اُسے علی الاطلاق کُلّیات کا ویسے ہی عِلم ہے جیسے جزئیات کا وُہ ہر نہاں و عیاں کو جاننے والا ہے تو اُسے اُن کے شرک سے بلندی ہے۔[1]

وُہ جو چاہتا ہے کرتا ہے پس وہ زمین و آسمان کے عالم میں کائنات کا ارادہ فرمانے والا ہے۔

اُس کی قدرت کے ساتھ کسی چیز کا تعلق نہیں یہاں تک کہ اُس کا ارادہ جیسا کہ وُہ نہیں لوٹتا یہاں تک کہ اُس کے علم میں ہوتا ہے، جبکہ عقل میں محال ہے۔

---

[1] المومنون آیت ۹۲

www.maktabah.org

کہ اُس چیز کا ارادہ کرے جس کا علم نہ ہو یا کسی کام کا اختیار و تمکین رکھنے والا اس کام کو چھوڑ دے جس کا ارادہ نہ رکھتا ہو، جیسا کہ اِن حقائق کا غیرِ حق میں پایا جانا محال ہے، جیسا کہ اُن صفات کا بغیر اُس ذات کے قائم رہنا محال جو اِن صفات سے موصوف ہے، تو جو کچھ وجود میں ہے اطاعت اور نافرمانی، نہ نفع نہ خسارہ نہ غلام نہ آزاد، نہ ٹھنڈک نہ گرمی، نہ حیات نہ موت، نہ حصول نہ ضیاع، نہ دن نہ رات، نہ اعتدال نہ جھکاؤ، نہ خشکی نہ سمندر، نہ جوڑا نہ اکیلا، نہ جوہر نہ عرض، نہ صحت نہ بیماری، نہ خوشی نہ غم، نہ رُوح نہ جسم، نہ ظلمت نہ روشنی، نہ زمین نہ آسمان نہ ترکیب نہ تحلیل، نہ کثیر نہ قلیل، نہ صبح نہ شام، نہ سفید نہ سیاہ، نہ نیند نہ بیداری، نہ ظاہر نہ باطن، نہ متحرک نہ ساکن، نہ خشک نہ تر، نہ چھلکا نہ مغز یا انکے خلاف یا انکی مثل کوئی نسبت ایسی نہیں جسکا مقصود اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی ذات نہ ہو اور وہ کیوں مقصود نہ ہو جب کہ اُسے اُس نے ایجاد فرمایا ہے اور مختار کے نہ چاہنے سے وہ کیسے وجود پاتی نہ اُس کے امر کو کوئی رد کر سکتا ہے اور نہ اُس کے حکم کو روک سکتا ہے وہ جسے چاہے بادشاہی عطا فرمائے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے جسے چاہے ذلت دے جو چاہے کرے اور جسے چاہے ہدایت دے جسے چاہے گمراہ کرے جسے چاہے راستہ دکھائے اُس نے جو چاہا وہ ہو گیا اور جو نہ چاہا نہ ہوا اگر تمام مخلوق جمع ہو کر کسی چیز کا ارادہ کرے تو وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ارادے کے خلاف نہیں کر سکتی یا مل کر ایسا کام کرے جو اس کے ارادے میں نہ ہو تو نہیں کر سکے گی، مخلوق اُس کے ارادے کے سوا کسی ارادے اور کسی فعل کی استطاعت نہیں رکھتی اور نہ ہی اُسے سوائے اُس کی مشیّت حکم اور ارادے کے کفر و ایمان اور اطاعت و نافرمانی میں قدرت حاصل ہے۔

www.maktabah.org

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ ہمیشہ سے اپنے ارادے کی صفت سے موصوف ہے

اور عدم و غیر موجود کو جانتا ہے اور اُس کے علم اور نگاہ میں معدوم غیر موجود ثابت تھا، پھر وُہ بغیر تفکر و تدبر کے عالم کو جہل یا عدم علم سے وجود میں لایا اور اُسے تفکر و تدبر کا علم عطا فرمایا"

زمان و مکان اور اکوان والوان میں سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے جو کچھ بھی پیدا فرمایا ہے اِس سے وُہ ناواقف نہیں تھا بلکہ اُس نے اُسے اپنے سابق علم کے مطابق اپنے ازلی فیصلہ شدہ ارادۂ پاک کے تعیّن سے وجود عطا فرمایا ہے، تو وجود میں حقیقتاً اُس کے ارادے کے سوا کوئی چیز نہیں، اور جب وُہ اللہ سبحانہٗ کے قائل ہُوئے تو وُہ وہی چاہیں گے جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔ اور بیشک اللہ سبحانہٗ اپنے علمِ خاص کے مطابق حکم و ارادہ فرماتا ہے اور اپنی قدرت سے پیدا فرماتا ہے جیسا کہ دیکھنا اور سُننا جو حرکت کرتا ہے یا ساکن ہے یا عالم اسفل و اعلیٰ کے پیچھے بولنا اُس کے لئے دُور سے سُننا حجاب میں نہیں تو وُہ قریب ہے اور نہ قریب سے دیکھنا اُس کے لئے حجاب میں ہے تو وُہ دور ہے، وُہ کلام نفس کو نفس میں سُنتا ہے اور مَس کرتے وقت مس کی پوشیدہ آواز کو سُنتا ہے۔ وُہ اندھیرے میں سیاہی کو اور پانی کو پانی میں دیکھتا ہے، اُس کے لئے مِلی جُلی چیزیں پردے میں نہیں اور نہ روشنی اور اندھیرا اُس کے لئے حجاب میں ہے اور وُہ سُننے والا دیکھنے والا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ازلی اور قدیم کلام کے ساتھ گفتگو فرماتا ہے نہ کہ پہلی خاموشی اور نہ سکوت واہمہ ہے"

جیسا کہ اُس کے علم و ارادہ اور قدرت کی تمام صفات ہیں، اُس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ گفتگو فرمائی اُس کی گفتگو کا نام تنزیل، زبور، توراۃ اور انجیل ہے نہ اُس کے لئے حروف ہیں نہ آوازیں اور نہ ہی نغم و نغمات

www.maktabah.org

ہے۔ بلکہ وُہ آوازوں، حرفوں اور لغات یعنی زبانوں کا خالق ہے۔

تو اُس اللہ سبحان تعالیٰ کا کلام بغیر حرُوف و لسّان کے ہے ایسے ہی اُس کی سماعت بغیر کانوں اور اذان کے ہے ایسے ہی اُس کی آنکھ بغیر آنکھ کی سیاہی اور پلکوں کے ہے، ایسے ہی اُس کا ارادہ بغیر قلب اور جان کے ہے۔ ایسے ہی اُس کا عِلم بغیر اضطرار کے ہے اور بُرہان میں نظر نہیں، ایسے ہی اُس کی حیات دِل کے اندر کی گرمی اور امتزاجِ ارکان کے بغیر ہے، ایسے ہی اُس کی ذاتِ اقدس زیادتی اور کمی کو قبول نہیں کرتی یعنی زیادہ یا کم ہونے سے پاک ہے، پس وُہ سُبحانہٗ تعالیٰ قُرب و بُعد سے پاک بہت بڑا بادشاہ احسان فرمانے والا اور اپنے تمام ماسوا سے جسیم الامتنان ہے اُس کا جُود فیض دینے والا ہے اُس کا فضل اور عدل اُس کے لئے باسط اور قابض ہے۔

جب اُس نے دُنیا کی اختراع و تخلیق کی تو کمال تر صنعت گری ظاہر فرمائی اُس کی بادشاہی میں کوئی اُس کا شریک نہیں اور نہ ہی اُس کی سلطنت میں کوئی اُس کے ساتھ تدبیر کرنے والا ہے وُہ کسی کو نعمتوں کے ساتھ نوازتا ہے تو یہ اُس کا فضل ہے۔

اگر وُہ کسی پر عذاب کرتا ہے تو یہ اُس کا عدل ہے۔

اِس کے سوا اُس کی مملکت میں کوئی تصرّف نہیں کر سکتا۔

پس جو روحیف کی طرف منسوب کرتا اور نہیں توجہ کی جائے گی اُس کے سوا کے لئے حُکم کی تو وُہ ڈر اور خوف سے متصّف ہو گا۔

اُس کے ماسوا سب کچھ اُس کے غلبۂ سلطانی کے تحت ہے اور اُس کے ارادہ و حُکم کے زیرِ تصرّف ہے۔

وُہی لوگوں کے دِلوں میں پرہیزگاری اور بدکاری الہام فرماتا ہے۔

www.maktabah.org

وُہ چاہے تو اَب اور قیامت کے دِن درگذر فرمائے اور چاہے تو گرفت فرمائے۔"

اُس کے فضل میں عدل اور اُس کے عدل میں فضل حُکم نہیں کرتا۔"

اُس نے کائنات کو دو مٹھیوں سے پیدا فرمایا اور اُس کے لئے دو منزلیں بنائیں تو فرمایا یہ جنت کے لئے ہے اور مجھے اِس کی پرواہ نہیں اور یہ دوزخ کے لئے ہے اور مجھے اس کی پرواہ نہیں۔" اور اِس امر پر کوئی معترض اعتراض نہیں کرسکتا جب کہ وُہ اِس کے سِوا لاموجود تھا، پس سب کچھ اُس کے اسماء کے تحت گردانے۔"

اُس کے اَسماء کی ایک مُٹھی کے تحت مصیبتیں اور اسماء کی ایک مٹھی کے تحت نعمتیں ہیں۔"

اگر وُہ پاک اور سُبحان چاہتا کہ تمام عالم سعید ہو تو تمام عالم سعید ہوتا اور اگر وُہ چاہتا سب دُنیا شقی ہو تو سب دُنیا شقی ہوتی لیکن اُس نے ایسا نہیں چاہا اور وُہی ہُوا جو اُس نے چاہا تھا۔"

اب بھی اور قیامت کے دِن بھی اِن میں سعید اور شقی دونوں قسم کے لوگ ہوں گے پس اُس کے امرِ قدیم میں تبدیلی کا کوئی راستہ نہیں۔"

اُس نے فرمایا کہ نمازیں پانچ ہیں اور فرمایا نمازیں پچاس ہیں تو ہم اُس کا فرمان تبدیل نہیں کرسکتے اور نہ ہی ہم اپنے مُلک میں اپنی خواہش کا نفاذ کرنے کے سلسلے میں سرکشوں کے ساتھ اندھیروں میں ہیں۔"

اِس حقیقت کو جاننے کے لئے ابصار و بصائر نابینا ہیں اور سوائے عطائے الٰہی اور جُودِ رحمانی کے اِس پر افکار و ضمائر مُطلع اور خبردار نہیں ہوسکتے البتہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بعض بندوں کو اِس حقیقت سے رُوشناس کرواتا ہے

www.maktabah.org

اور یہ اُس کے لئے حاضری کے ساتھ پہلی گواہی ہے، پس جب یہ علم جان لیا تو قسم قسمِ عطا ہُوا ہے اور بیشک قدیم رمزوں سے ہے پس اللہ سبحانہٗ کے سوا کوئی فاعل نہیں اور نہ ہی اُس کے سوا کوئی بنفسہٖ موجود ہے۔

پس اللہ تعالیٰ نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا فرمایا ہے۔ وہ جو بھی کرتا ہے اُس کے بارے میں اُس سے سوال نہ کیا جائے گا اور اُن سے پوچھا جائے گا، پس یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے حجّتِ بالغہ ہے تو اگر وُہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت نصیب فرماتا۔"

حضور رسالتمآبؐ کے متعلق عقیدہ

دُوسری گواہی! جیسا کہ مَیں نے اللہ تبارک و تعالیٰ کی توحید کے بارے میں اپنے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کی اور اُس کے فرشتوں کی تمام مخلوق کی آپ لوگوں کی گواہی طلب کی ہے ایسے ہی میں اللہ تعالیٰ سبحانہ کو اُس کے فرشتوں کو تمام مخلوق کو اور آپ کو اپنے ایمان کے لئے گواہ بناتا ہُوں کہ جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کے وُجود سے چُنا اور پسند کیا اور برگزیدہ فرمایا وُہ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں تمام لوگوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا اور آپ اُس کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والے اور سراجِ مُنیر ہیں تو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جو اُن کے پروردگار کی طرف سے نازل ہُوا تھا پہنچا دیا اور اُس کی امانت لوٹا دی۔ اور اپنی اُمت کو نصیحت فرمائی۔

حجۃ الوداع کے موقع پر آپ نے اپنی اتباع کرنے والے تمام حاضرین کو خطاب فرماتے ہُوئے خوف و حذر تبشیر و انداز۔ وعدہ و وعید اور تحدید فرمائی

www.maktabah.org

اور اذنِ خداوندی سے اِس وعظ و تذکیر کو کسی ایک کے ساتھ مخصوص نہیں فرمایا، پھر اہلِ اجتماع سے کہا! کیا میں نے تمہیں پہنچا دیا؟ لوگوں نے کہا! ہاں یا رسول اللہ تو آپؐ نے فرمایا! یا اللہ اِس پر گواہ ہو جا۔

مزید شرائطِ ایمان

چنانچہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کچھ بھی لائے میں اُس پر ایمان رکھتا ہوں، آپ جس چیز کے ساتھ آئے اُس میں سے جسے میں جانتا ہوں اُس پر ایمان رکھتا ہوں اور جسے نہیں جانتا اُسے بھی تسلیم کرتا ہوں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاں موت کا وقت مقرر ہے جب وہ آتی ہے تو موخر نہیں ہوتی۔

پس ہم اِس ایمان کے ساتھ مومن ہیں اور اِس میں کوئی شک وریب نہیں ایسے ہی میں ایمان لایا اور اقرار کرتا ہوں کہ قبر میں حساب کتاب پوچھا جائے گا اور یہ حق ہے۔

عذابِ قبر اور قبروں سے جسموں کا اُٹھایا جانا حق ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف لوٹنا اور حوضِ کوثر حق ہے۔

میزان اور اعمال ناموں کا ملنا اور پُل صراط حق ہے۔

جنت اور دوزخ حق ہے، ایک فریق کا جنت میں اور ایک فریق کا دوزخ میں جانا حق ہے۔

قیامت کے دِن ایک گروہ کے لئے کرب اور ایک گروہ کو حزن وملال نہ ہونا حق ہے۔

ملائکہ و انبیاء کرام اور مومنین کی شفاعت حق ہے۔

www.maktabah.org

اور وُہ اَرحم الرحمین جسے چاہے گا شفاعت کے بعد دوزخ سے نکالے گا، حق ہے،

کبیرہ گناہ کرنے والے مومنوں کا جہنم میں داخل ہونا اور پھر اُنہیں شفاعت واحسان کے ساتھ اُس سے نکالا جانا حق ہے،

مومنین وموحدین کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے باغ نعیم اور جنت میں قیام حق ہے اہل جہنم کا ہمیشہ ہمیشہ آگ میں رہنا حق ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں سے علم یا جہل کی صُورت میں جو بھی اُس کے رسُولوں اور کتابوں کے ساتھ آیا حق ہے،

پس یہ میری ذات پر ہر اُس شخص کی گواہی اور امانت ہے جس کے پاس یہ پہنچے جب بھی اُس سے پُوچھا جائے وُہ یہ امانت واپس کرے اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں اور آپ کو اِس ایمان کے ساتھ نفع عطا فرمائے اور اِس دُنیا سے دارِ حیات کی طرف انتقال کرتے وقت ہمیں اِس پر ثابت قدم رکھے، اور اِس سے دارِ کرامت ورضوان ہمارے لئے نازل فرمائے،

ہمارے اور اُن کے گھر کے درمیان پردہ ہو جن کے کُرتے بدبودار روغن یا رال کے ہونگے یعنی ہمارے اور جہنمیوں کے درمیان فاصلہ رکھے اور ہمیں ایمان کے ساتھ کتابوں سے اخذ کرنے کی دستاریں پہنائے اور ہمیں حوضِ کوثر سے تر وتازہ اور سیراب کر کے لوٹائے اور اُس کے ساتھ میزان کا بھاری فرمائے اور اُس کے لئے پلصراط پر دونوں پاؤں کو مضبوط فرمائے بیشک وُہ نعمتیں عطا کرنے والا اور احسان فرمانے والا ہے، تو شکر ہے اُس ذات کا جس نے ہمیں ہدایت نصیب فرمائی اِس لئے کہ اگر اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں ہدایت نصیب نہ فرماتا تو ہمیں ہدایت نہ ملتی، بے شک ہمارے پروردگار کی

www.maktabah.org

طرف سے حق کے ساتھ رسُول تشریف لائے۔"

تو یہ عوام اہلِ تقلید اور اہلِ نظر مسلمانوں کے عقیدے کا خلاصہ اور اختصار ہے۔"

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے چاہا تو میں نے مختصراً عقیدہ ناشیہ شادیہ یعنی حیران کُن ظاہر ہونے والے عقیدہ کے بارے میں ایک رسالہ لکھا جس میں اِس ملت کیلئے دلیل سے اخذ کیا گیا ہے، اِسکا نام "رسالۃ المعلوم من عقائد اہل الرسوم" اِسکا حفظ کر لینا طالب علم کے لئے آسان ہے پھر اللہ تعالےٰ کے راستے پر چلنے والے اہل اللہ اور اہل کشف و وجود محققین کا عقیدہ بیان ہوگا اور پھر اسے دوبارہ آخری جزء میں جس کا نام ہم نے معرفت رکھا ہے بیان کیا جائے گا اور اِس کے ساتھ کتاب کا مقدمہ اپنی نہایت کو پہنچ جائے گا، ہاں عقیدے کے خلاصہ کی صُورت میں تعین پر تفرد کی صراحت میں مُشکلیں اور پیچیدگیاں ہیں۔"

لیکن ہم نے اِسے تشنہ نہیں چھوڑا بلکہ اِس کتاب کے ابواب میں پُورا کر دیا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں جو فہم عطا فرمایا ہے اور اِس امر کی معرفت اور اُس کے غیر میں تمیز سکھائی ہے، پس یہ علم حق اور سچی بات ہے علاوہ ازیں میرا کوئی مقصد نہیں یعنی ہر تہمت سے بری ہے، اِس میں بینا اور نابینا دونوں کے لئے راہنمائی ہے، یہ عقیدہ بعید کو قریب سے ملاتا ہے اور اسفل کو اعلیٰ سے جوڑتا ہے اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے اور اُس کے سوا کوئی پالنے والا نہیں۔"

ناشیہ وشادیہ عقائد کے بارے میں

وصل شادیہ نے کہا خط استواء کے نیچے قبۃ ارین میں چار عالم جمع

www.maktabah.org

ہوئے"۔

اُن میں مشرقی، ایک مغربی، ایک یمنی اور ایک شامی تھا۔ اُنہوں نے علُوم و اسماء اور رسوم کے فرق کے بارے میں گفتگو شروع کر دی، اور اُن میں سے ہر ایک نے ایک دوسرے کو کہا اُس علم میں خیر نہیں جو اپنے ساتھی کو ابدی سعادت اور دائمی تاثیر کا تقدس نہ عطا کرے"۔

چنانچہ ہمارے سامنے اُن علُوم میں بحث ہونا چاہیئے جن کا حصُول باعثِ عزت اور جس کا اکتساب افضل، روشن اور زیادہ لائق افتخار ہو

مغربی نے کہا! میرے پاس اِس علم سے وہ علم ہے جو حاملِ قائم کے ساتھ ہے،

مشرقی نے کہا! میرے پاس وُہ علم ہے جو حامل محمول لازم کے ساتھ ہے "

شامی نے کہا! ان علوم سے میرے پاس ابداع و ترکیب کا علم ہے

یمنی نے کہا! اِس علم سے میرے پاس تلخیص و ترتیب کا علم ہے

پھر اُن میں سے ہر ایک نے کہا یہ سب کچھ ہمیں خواب میں نظر آیا ہے، تو اِس سے مدعی اپنے دعوے کی حقیقت پیش کرے"۔

www.maktabah.org

پہلی فصل

غربی کی زبان سے معرفتِ حامل قائم

مغربی امام کھڑا ہوا اور مجھے کہا! چونکہ میرا علمی مرتبہ بڑا ہے اس لئے پہلے میں حکم کروں،،

حاضرین نے اُسے کہا! مختصر اور بلیغ و معجز کلام کر،،

حادث کے لئے سبب

اُس نے یعنی مغربی نے کہا! جان لو کہ کچھ نہ تھا پھر ہو گیا اور اُسکے حق میں زمانے قائم ہوئے چنانچہ دونوں حال،، برابر ہیں تو اس وقت اُس کا پیدا کیا جانا لازم آئے گا،،

حوادث سے نہ نکلنے والا

پھر کہا جو کسی امر سے مستغنی نہیں یعنی جسے احتیاجِ امر ہے اُس کا حکم اُس امر کے حکم میں ہے مگر یہ حکم اُس وقت ہو گا جب وہ خلق و امر کے عالم میں تھا تو طالب کو اس کی طرف نگاہ رکھنا چاہیئے اور تلاش کرنے والا اس پر اعتماد کرے،،

www.maktabah.org

اثبات بقا اور استحالہ عدم قدیم

پھر کہا! جس کا وجود اُس کے لئے لازم ہے تو بے شک اُس کا عدم محال ہے اور جو موجود ہے اور نہ تھا اُس کا قدم محال ہے، اور جب اُس پر عدم محال نہیں تو قدم میں اپنے ساتھی کے مقابل ہے، پس اگر مقابل نہ تھا تو یہ صاحب سکوت مقابل میں عجز ہے اور اگر تھا تو اِس پر دُوسرے کا ہونا محال ہے، صحت شرط اور ربطِ احکام کے لئے بذاتہٖ زوال محال ہے۔

اخفاء و ظہور

پھر کہا! یہ سب کچھ جو بعینہٖ ظاہر ہے اور اس کا حُکم بدیہی نہیں تو اس کا ظاہر ہونا محال اِس لئے اِس کا علم فائدہ نہیں دیتا،

ابطالِ انتقال عرض اور اُس کا عدم

پھر کہا! اس پر رہائش گاہوں کی تعمیر محال سے ہے کیونکہ اُس نے اپنی ذات کے وجود کے زمانوں میں سے دُوسرے زمانے میں رحلت کرنا ہے اور رہائش گاہ کو بقا نہیں اور اگر بنفسہٖ قیام کے لئے انتقال جائز اور مقام و محل سے مستغنی ہو اور صفات کے لئے گُم ہونے اور فاعل کے ساتھ عدم ضد نہیں، پس اگر تیرا قول یہ ہے کہ فعل کوئی چیز نہیں تو یہ بات عقلمند نہیں کہتا،

حوادث کے لئے اوّلیت نہیں

پھر کہا! جس چیز کی فنا پر اُس کا وجود متوقف ہو تو اُس کا وجود نہیں یہاں

www.maktabah.org

تک کہ وُہ فنا ہوجائے پس اگر اس چیز کو فنا میں گم پائے تو اُس پر توقف کرے اور اُس چیز کے تقدم سے معنیٰ حاصل کرے تو بے شک اُس کے سِوا پر قید اور حصر ہے اور اُس کے لئے یہ وصف ضروری ہے، اور اگر ہمیشگی ہے تو بغیر جھوٹ کے عین ثابت ہے"۔

باب القدم

پھر کہا! اگرچہ خبر کے مُبتداء کی طرف خبر کا حُکم ہے تاہم اُس کے لئے انتہائے عدد نہیں اور نہ وجد سے وجود درُست ہے"۔

جوہر کے ساتھ نہیں

پھر کہا! اگر ہم اُسے خالی اور بھرا ہُوا ثابت نہ کریں تو وُہ پرانا ہوگا جبکہ وُہ پُرانا نہیں،

جسم کے ساتھ نہیں

پھر کہا! اگر ترکیب کو قبول کرے گا تو اُس میں تحلیل بھی ہوسکتی ہے اگر تالیف کو قبول کرے گا تو مضمحل ہوگا اور جب مماثلت واقع ہوگی تو فضیلت ساقط ہوجائے گی

عرض کے ساتھ نہیں

پھر کہا! اگر اُس کا وُجود اپنے سِوا کے ساتھ قیام کا خواہشمند تھا تو یہ منسوب الیہ کے برابر نہ تھا اور اُس کی طرف نِسبت درُست ہے تو اُس کے وجود پر موافقت باطل ہے اور بے شک اُس کی قید اور ایجاد ہے پھر یقیناً اُس کا وصف الوصف محال ہے تو اِس جوڑ کے حال کی طرف کوئی راستہ نہیں"۔

www.maktabah.org

باب نفی الجہات

پھر کہا! اگر کرّہ فانی ہے تو اُس کے لئے کنارہ نہیں جب اُس کی طرف جہات ہیں تو وُہ اُس کے حکم پر ہیں اور ہم اُس سے خارج ہیں اور اگر ہم نہ تھے تو مشکلات و مصائب اور رنج و بلا کا کیا معنیٰ ہے،''

باب الاِستوا

پھر کہا! ہر رہائش گاہ رکھنے والے کی اُس مکان سے رحلت جائز ہے اور اُس کا انتقال یعنی نقل مکانی ثابت ہے جو بذاتہٖ کسی چیز پر حاوی ہے پس اگر تثلیث ہوگی تو اُسے محدود و مقدور کر دے گی اور یہ عقل کی پہلی تقریر کی نقیض ہو جائے گی

باب الاَحدیت

پھر کہا!

یہ حقیقت ہے کہ کوئی چیز نہیں پائی جاتی جو ان مسلمات سے نہ ہو تو یہ اتفاق ہوگا یا اختلاف اگر یہ بات درست ہے تو ہم وجود میں اتفاق و اختلاف کیوں نہیں پاتے مقدر کا حکم حکمِ حقیقی ہے

باب فی الرؤیت

پھر کہا! جب عین میں کسی چیز کو پایا تو جائز ہے کہ ظاہر چہرے کے ساتھ اُسے بعینہٖ قید میں دیکھے اور اکثر اشعریہ کے مذہب میں وجوب رؤیت پر علت گناہ ہے، سوائے ساتھ وجود بنیادی اور غیر بنیادی کے اور بنیادی سے لازمی ہے،

www.maktabah.org

اور اگر رؤیت مرئی میں اختیار کی گئی تھی تو ہمارے لئے جائز نہیں تو بے شک ان مطالب کے لئے دلائل ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

پھر اُس مغربی نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام پڑھا اور بیٹھ گیا۔

حاضرین نے اُس کے اختصارِ عبارت اور استیفاءِ معانی اور دقیق اشاروں کا شکریہ ادا کیا۔

www.maktabah.org

دوسری فصل

حامل و محمولِ لازم کی معرفت میں مشرقی کی زبان سے

باب القدرت

پھر مشرقی اٹھا اور اُس نے کہا! کسی چیز کا کسی چیز سے وجود میں آنا بوجہ میلان ہے اور کوئی مادہ چیز سے نہیں اقتدار ازلی سے ہے، تو وہ چیز جسے روک نہیں سکتا اُس پر غالب آجائے گا اور وہ ہمیشہ رہے گی،

باب العلم

پھر کہا! مُحکم میں احکام کا ایجاد ہونا علمِ مُحکم کے وجود کے ساتھ اُس کے حُکم سے ثابت ہے،،

باب الحیات

پھر کہا! اور حیاتِ عالم میں ایک شرطِ لازم اور وصفِ قائم ہے،،

باب الارادت

پھر کہا! جب کوئی چیز تقدم و مناص کو قبول کرلے تو لازمی ہے کہ وہ

www.maktabah.org

وقوع اختصاص کے لئے خاص کی گئی ہو اور عقل و عادت کے حکم میں یہی عین ارادہ ہے۔

باب ارادۃ الحادث

پھر کہا! اگر ارادہ کرنے والے کے ساتھ ارادہ نہ تھا البتہ وہ تھا اور مراد نہ تھی تو وہ نہ تھا۔

ارادہ مقام میں نہیں

پھر کہا! خبر دینے والے کے ساتھ اقامت کئے بغیر اُس خبر کے احکام کے معانی کا واجب یعنی یقینی یا ضروری ہونا محالات میں سے ہے۔

باب الکلام

پھر کہا! جو شخص اپنے ساتھ گذرنے والی بات خود ہی بیان کرتا ہے تو یہ بات اُس کے ارادے سے نہیں اِس کے ساتھ کلام و قضا پر حکم دلیل ہے

قدم عالم

پھر کہا! قدیم جدید کو قبول نہیں کرتا اِس میں شک نہ کر اور اگر کوئی بنفسہٖ حادث ہے تو وہ اس میں سے نہیں البتہ وہ عدم عدم کے ساتھ ہے کیونکہ یہ صفت ناقصہ اُس سے ہے، اور قدیم کے لئے جو کمال عقل اور نقل سے ثابت ہے وہ اِس نقص سے منسوب نہیں ہو سکتا۔

www.maktabah.org

باب سمع و بصر

پھر کہا! اگر تو جہل کی وجہ سے نہ دیکھ سکے اور نہ سُن سکے تو یہ امر تجھ سے اکثر طور ظہور میں آتا ہے۔

اور اس کی طرف جہل کی نسبت محال ہے تو سوائے اِن صفتوں کی حال کے ساتھ نفی کرنے کے کوئی راستہ نہیں،

اور جو اپنی بات سے اِن دونوں کی نفی کا ارتکاب کرتا ہے تو وُہ معمُول کو ڈرانے کیلئے کرتا ہے،

جو ایفائے عہد کے لئے اُس کی کون کی طرف لوٹانا تھا،

اثباتِ صفات کے باب میں

پھر کہا! حکم کیلئے معنیٰ ضروری ہے اور معنیٰ کیلئے اُس چیز کی ضرورت ہے جس سے وُہ قائم ہو سکے تو اُے جھگڑا کرنے والے تو کب تک مشقت برداشت کرے گا یہ تو کچھ بھی نہیں سوائے تیرے گنتی کے خوف کے اور یہ واحد واحد کی حقیقت کا بطلان نہیں کر سکتا اور اگر تو جان لے عدد اَحد ہے تو تجھے کسی سے جھگڑا کرنے کی ضرورت نہیں پس یہ ان معالم کی تقاسیم میں حامل و محمُول عارض و لازم سے ظاہر ہے پھر وُہ بیٹھ گیا،

www.maktabah.org

تیسری فصل

شامی کی زبان سے ابداع وترکیب کی معرفت

عالم خلق اللہ

پھر شامی کھڑا ہوا اور اُس نے کہا، جب محدثات میں مماثلت ہے اور قدرت کا تعلق اکیلی ذات کے ساتھ ہے تو اِس سے بعض ممکنات کو کون سی دلیل خارج کرے گی"

باب الکسب

پھر کہا امرادِ حقیقت کے ساتھ جو کچھ تعلق تھا اگر حادثے کی قدرت نہیں رکھتا اُس کی مثل طریقہ میں خلل ہے، تو یہ وُہ کسب ہے جو بندے اور تقدیرِ الٰہی کا کسب ہے یہ حرکت اختیاریہ اور رعدِ اضطراریہ کے ساتھ واضح ہوتی ہے

باب کسب مراد اللہ

پھر کہا قدرت کی شرطِ ایجاد ہے جب اُسکے ساتھ علم وارادہ کا تعاون ہو اب تو اپنے آپکو اس عادت سے بچا تو، جو چیز نقصِ اُلوہیت کی طرف لوٹے وُہ مردُود ہے

www.maktabah.org

اور وُہ چیز وجُودِ حادث میں مقرر کرے جو اللہ کی مراد نہیں تو وُہ معرفت کے معاملے میں مردود ہے اور اُس کی وجہ میں توحید کا دروازہ بند ہے، اور کبھی اس کا ارادہ ہوتا ہے اور مامور بہ اُس سے مقصود نہیں ہوتا یہی دُرست ہے اور یہی اِس صراحت کی غرض ہے۔"

خلقِ عالم واجب نہیں

اور یہ صحیح مذاہب میں اللہ تعالیٰ پر محال ہے، اور جو کہتا ہے علم سابق کے بیٹے وجُوب ہے، تو وُہ واجب میں عُلماء کے ہاں معرُوف حُکم سے نکل گیا اور یہی صحیح حُکم ہے۔"

طاقت نہ رکھنے پر تکلیف

پھر کہا! جس کی طاقت نہ ہو اُس سے مُکلّف ہونا عقلاً جائز ہے اور یہ امر مشاہدہ اور نقل میں بھی دیکھا گیا ہے۔"

ایلام بری اللہ تعالیٰ کے حق میں ظلم نہیں

پھر کہا! کوئی چیز حقیقتاً اُس کی ملکیت سے خارج نہیں تو جو کچھ اُس کے مُلک میں اُس کے حُکم سے جاری ہے اُس میں وُہ ظُلم و جَور سے مُتصف نہیں۔"

اچھائی اور بُرائی

پھر کہا! جو صاحبِ اختیار ہو اُس پر رعایتِ اصلاح واجب نہیں اور بیشک

www.maktaban.org

قباحت وحسن شرع اور عرض کے ساتھ ثابت ہے، اور جو کہتا ہے حسن و قبح ذات حسین و قبیح کے لئے ہے اُسے عرض کا علم نہیں"

وجوب معرفت خداوندی

پھر کہا! جب اللہ تبارک و تعالیٰ اور اُس کے سوا معرفت اُس کی شرط ارتباطِ ضرر سے واجب ہے جو مستقبل میں اُسے چھوڑ دے گا تو یہ وجُوب عقلاً درست نہیں کیونکہ یہ عقل میں نہیں آتا"

رسُولوںؑ کی بعثت

پھر کہا! جب عقل بنفسہٖ ایک امر میں مُستقل اور ایک امر میں غیر مستقل ہے تو لازماً مُستقل کی طرف ملانے والوں میں سے ہے پس رسُولوں کی بعثت محال نہیں اور وُہ علیہم الصلواۃ والسلام غایتوں اور راستوں کو تمام خلقت سے زیادہ جانتے ہیں"

اثبات رسالت رسُول بعینہٖ

پھر کہا! اگر جھُوٹے کا اُسی چیز کو لیکر آنا جائز ہوتا جس کے ساتھ سچا آیا ہے تو یہ قدرت کو عجز میں بدل دینا ہے اور جھُوٹ حضرتِ عزت کی طرف منسوب ہو جاتا ہے اور یہ سب محال اور انتہائی گمراہی ہے۔

جو کچھ پہلے ایک شخص نے ثابت کیا تمام وجوہ و معانی سے دُوسرے نے ثابت کیا ہے"

www.maktabah.org

چوتھی فصل

یمنی کی زبان سے ترتیب و تلخیص کی معرفت

باب الاعادہ

پھر یمنی یعنی جنوب والا کھڑا ہُوا اور اُس نے کہا! جس نے بنا کر بکھیرا ہے اُسے حق ہے کہ دوبارہ اُس شکل میں بنا دے

سوال و عذاب قبر

پھر کہا! جب انسان کی کسی چیز میں سے لطیفۂ رُوحانیہ قائم ہو جاتا ہے تو اُس پر ایسے زندہ کا نام درُست ہو گا جو سو رہا ہو، وُہ خواب میں ایسا کچھ دیکھتا ہے جو بیداری میں نہیں دیکھتا تو ایسا شخص مختلف مذاہب کے لئے زندوں میں شمار ہو گا اور اُس پر لذّت والم کا احساس درُست ہے اور وُہ مُردوں ہی نہیں جو تیرے لئے ہے۔"

باب المیزان

پھر کہا! کسی چیز کے اپنی اقامت گاہ سے دوسری جگہ تبدیل ہو جانے

www.maktabah.org

ی اُس کے لئے احکام واجب رہتے ہیں

باب صراط

پھر کہا جو ذات پرندوں کو اجسام کی صورت میں ہوا میں ٹھہرانے پر قادر ہے تو ایسے ہی وہ تمام اجرام کو ٹھہرانے کی قدرت رکھتی ہے

جنت و دوزخ کی تخلیق

پھر کہا حلول دائرہ سے پہلے تکمیلِ نشاۃ اور اطرافِ دائرہ کا جمع ہو جانا،

وجوبِ امامت

پھر کہا! اقامت دین مطلوب ہے اور یہ بغیر امام کے درست نہیں پس ہر زمانے میں اتخاذِ امام واجب ہے یعنی امام کو حاصل کرنا ضروری ہے،،

شرائط امام

پھر کہا! جب امامت کی شرائط پوری ہو گئیں اور انعقادِ بیعت درست ہو گیا اور دنیا کو اس کا عہد پورا کرنا لازمی ہوگا، اور امام وہ مرد ہو سکتا ہے جو عقل و علم حریت و ورع اور قوت و کفایت کی صفات سے متصف ہو اور قریشی نسب ہو اور اس کے دیکھنے سننے کے حواس سلامت ہوں، اور یہ بعض اہل علم اور اہلِ نظر حضرات کا قول ہے،،

پھر کہا! جب دو اماموں میں عارضہ پیدا ہو جائے تو اس سے عقدِ بیعت کریں جس کے متبعین کی تعداد زیادہ ہو اور جب عذر کی صورت پیدا

www.maktabah.org

تو اگر کسی ناقص امام کو علیحدہ کرنا مشکل ہو جائے تو وقوع عدم یقینی ہے چنانچہ بیعت کا باقی رکھنا ضروری ہے اور اس سے الگ ہو ناجائز نہیں
شادیہ کے علاوہ اِن چاروں میں سے ہر ایک نے اِسی شرط و نظم اور ربط کا بیان کیا ہے،

www.maktabah.org

اہلِ کشف و نظر اہل اللہ کے مخصوص عقائد

حق و خلق اور واجب و ممکن

وصل ، تمام تعریفیں اُس اللہ کے لئے ہیں جو ہمتوں کے نتائج میں محیر العقول ہے اور حضرت محمد مصطفیٰ اور آپ کی آلِ پاک پر درود و سلام ہو ،

مسئلہ! اما بعد! بے شک عقلوں کے لئے ماہیتِ مُفکرہ کی حیثیت سے حد قائم ہوتی ہے ماہیتِ قابلہ کی حیثیت سے نہیں، پس اِس امر میں کہا گیا کہ جو چیز نسبتِ الٰہیہ سے محال نہیں عقل کے لئے محال ہے ایسے ہی کہا گیا! جو کچھ عقل میں جائز ہے، نسبتِ الٰہیہ میں محال ہے۔

مسئلہ! حق واجب الوجود کی ذات اور ممکن کے درمیان کون سی چیز مناسبت رکھتی ہے،

اور اگر اُس کے نزدیک واجب ہے جو یہ کہتا ہے کہ اِس کے ساتھ اقتضائے ذات کے لئے اِقتضائے علم اور مآخذِ فکر یہ پہلے ہے، بے شک اس کا براہین وجُود یہ سے اِس پر قائم ہونا دُرست ہے اور یہ لازماً دلیل و مدلول اور بُرہان و مُبرہن کے درمیان دلیل اور مدلول علیہ کی طرف اُس دلیل پر تعلق مناسبت کی وجہ سے ہوگا اور اگر یہ وجہ نہیں تو اُس کی دلیل دلالتِ مدلول تک کبھی نہیں پہنچے گی، پس مخلوق اور حق کا ذات کی حیثیت سے بایں وجہ جمع ہونا کبھی دُرست

لیکن اُس تعریف کی گئی ذات خداوندی کی حیثیت سے ہے، تو

www.maktabah.org

یہ دُوسرا حکم ہے کہ جس کے ادراک پر عقول مستقل ہو جاتی ہیں اور ہر وُہ چیز جس پر عقل مستقر ہو جائے ممکن ہے کہ علم اُس کے شہود پر تقدم حاصل کر لے اور حق تعالیٰ کی ذات اِس حکم سے علیحدہ ہے۔

پس اُس کا شہُود اِس کے ساتھ علم پر مُقدم ہے بلکہ گواہی دیتا ہے اور جانتا نہیں ایسے ہی خدُا کو جانتا ہے اور گواہ نہیں اور ذات اُس کے مقابل ہے اور عُلماء میں سے کون ایسا ہے جو سنجیدہ عقل کے ساتھ اِس امر کا مدّعی ہو۔

سلب واثبات

کہا کہ جسے فکری نظر سے ذات کی معرفت حاصل ہے اس میں اُسے مغالطہ ہے کیونکہ یہ سلب واثبات کے درمیان اُس کے فکر سے تردّد ہے، پس اثبات اُس کی طرف راجع ہے تو یقیناً یہ بات ناظر کے حق میں ثابت نہیں، مگر وہ ناظر جو اس پر اس کے ہونے سے جمیع اسماء کی طرف عالم وقادر اور ارادہ رکھنے والا ہو۔

اور سلب یا عدم اور نفی کی طرف راجع ہے اور نفی ذاتی صفت نہیں ہو سکتی کیونکہ صفات ذاتیہ موجودات کے لئے ہیں تو اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات اقدس کے ساتھ اثبات وسلب کے درمیان کسی چیز سے فکر وتردّد کو جو ثبوت حاصل ہوتا ہے وُہ یہی ہے۔

واجب وممکن کی مناسبت

"نکتہ حسینیہ"

مسئلہ کیا یا مقیّد کے لئے مُطلق اور اُس کی ذات کیساتھ معرفت کا اقتضاء

www.maktabah.org

ہوسکتا ہے اور کیسے ممکن ہے کہ ممکن واجب بالذات کی معرفت تک پہنچ جائے، اور سوائے اس کے ممکن کے لئے کوئی وجہ نہیں کہ اس پر عدم نسیان و احتیاج کو جائز سمجھا جائے، تو اگر واجب بذاتہ اور ممکن کے درمیان جمع ہونے کی یہ وجہ ہوتی تو واجب کے لئے بھی نسیان و احتیاج وغیرہ اسی طرح جائز ہوتا جس طرح ممکن کے لئے ہے اور یہ امر واجب کے حق میں محال ہے پس واجب اور ممکن کے درمیان اجتماعیت کے اثبات کی وجہ محال ہے، پھر اگر وجوہ ممکن اس کے تابع ہیں تو یہ فی نفسہٖ اس کے عدم پر جائز ہیں تو وہ اس حکم سے اس کے توابع کا زیادہ مستحق ہے، اس جامع وجہ سے جو کچھ ممکن کے لئے ثابت ہے وہ واجب بالذات کے لئے ثابت نہیں، اور گناہ کی جو چیز ممکن کے لئے ثابت ہے وہ ذات واجب الوجود کے لئے ثابت نہیں، تو ممکن اور واجب ذات کی جامع وجہ کا وجود محال ہے

میں کہتا ہوں کہ بے شک ذات خداوندی کے لئے احکام ہیں جب کہ وہ حکم دینے والا ہے اور صورتوں میں یہی احکام ہیں اور دار آخرت میں ہر جگہ تجلی واقع ہوگی تو اس میں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اپنے رب کو دیکھنا مختلف ہے جیسا کہ بیان ہوا اور بے شک رفرف اور دُرّہ یاقوت وغیرہ کے بارے میں حدیث نورِ اعظم آئی ہے،

میں حکم ارادہ سے کہتا ہوں لیکن میں اختیار کے ساتھ نہیں کہتا تو اگر یہ خطاب بالاختیار وارد ہوا ہے تو بے شک جو خطاب اختیار و ارادہ کے ساتھ ہے وہ ممکن کی طرف نظر کرنے کی وجہ سے ہے،

مسئلہ: اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے جو کشفِ اعتصامی عطا فرمایا ہے اس کے ساتھ کہتا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ تھا اور اس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور اب بھی اس کے ساتھ کوئی چیز نہیں ہے، انتہیٰ لفظہٖ علیہ السلام۔ الخ

www.maktabah.org

جو اس کے بعد آیا وُہ اس میں الحاقی، اور اُن کا یہ قول ہے وُہ اب بھی اُسی حالت پر قائم ہے جس پر وُہ تھا اُن کے حکم کی مُراد یہ ہے الآن کما کان، ہم پر دو حکم عائد ہیں جب کہ دونوں ہمارے ساتھ ظاہر و اُمثال ہیں، اور بے شک اِس میں مناسبت کی نفی ہے اور اِس پر یہ قول شاہد ہے کان اللہ ولا شئی معہ، یعنی اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی،، اور بے شک یہ الوہیت ہے ذات نہیں اور ذات کے لئے جو تمام حکم باب علم الٰہی میں ثابت ہیں بے شک وُہ الوہیت کے لئے ہیں اور یہی احکام نسبت و اضافات اور اُسلوب عین میں نہیں کثرت میں منسوب ہیں،،

یہاں آکر اُن لوگوں کے قدم لڑکھڑا گئے ہیں جو تشبیہ کو قبول کرنے والے اور قبول نہ کرنے والوں کو ملا دیا،

اور اُنہوں نے اِس پر اُن جامع امور سے اعتماد کیا ہے جن کے لئے دلیلِ حقیقت، علّت اور شرط موجود ہے،

اِس کے ساتھ اُنہوں نے غایب و حاضر پر ایک ہی حکم دیا ہے، اور اگر حاضر ہے تو وُہ مُسلّم ہے اور اگر غایب ہے تو وُہ غیر مُسلّم

حق و خلق کے درمیان برزخ

مسئلہ حق اور خلق کے درمیان اندھا سمندر برزخ ہے اِس سمندر میں ممکن عالم و قادر اور ہمارے سامنے جو جمیع اسمائے الٰہیہ میں سے متصف ہے، اور حیرت و بشاشت اور مسکراہٹ و فرحت کے ساتھ متصف الحق ہے اور موجودات کی اکثر صفات اُس اکیلے کے لئے ہیں اور تو اُس سے وُہ چیز لے جو اُس کے لئے نزول اور ہمارے لئے عروج ہے۔

مسئلہ تو جو اُس سے واصل ہونا چاہتا ہے وُہ کبھی اُس سے واصل نہیں

www.maktabah.org

ہو سکتا مگر اِس کے ساتھ اِتیرے ساتھ وُہ چیز ہے جس نے تُجھے طلب کیا ہے کیونکہ تیرے مقصود کا مقام تو الوُہیت ہے اُسے طلب کر اور ذات کو طلب نہ کر،

الوہیت کیا ہے؟

مسئلہ ! تمام تر ایجادات ماسوی اللہ پر جس کی توجہ ہے وہ احکام اور نسبت و اضافات کے ساتھ الوہیت ہے اور یہی آثار کی خواہش کرتی ہے، تو یہ صلاحیت قاہر بلا مقہور اور قادر بلا مقدور رہے اور وجود و قوت و فعل محال ہے

مسئلہ ! الوُہیت کی اخص الخاص تعریف اپنے کون پر قُدرت کی انفرادیت ہے جب کہ مُمکن کو یہ قُدرت ہر گز ہر گز حاصل نہیں اور یقیناً اُس کے لئے اثر الٰہی کے تعلق کے ساتھ قبُول کرنا ہے،

مسئلہ ! چُونکہ ! کسب کا تعلق ممکن کے لئے ارادہ سے ہے تو اِس تعلق کے نزدیک اُس کا اقتدارِ الٰہی کو پانا ہے پس مُمکن کے لئے اِس کا نام کسب ہے،

مسئلہ جبر

مُحقق کے نزدیک اُس کے کون میں عبد کے لئے جبر صحت کے منافی نہیں تو یقیناً جبر کو مُمکن سے وجود الآبایت کے ساتھ فعل پر حمل کرنا مُمکن ہو گا، پس جمادات مجبُور نہیں کیونکہ نہ تو جمادات سے فعل کا تصوّر ہے اور نہ ہی اُس کے لئے عقل عادی ہے، تو مُمکن مجبور نہ ٹھہرا کیونکہ نہ تو اُس سے تصوّرِ فعل ہے اور نہ ہی اُس کے ساتھ ظہورِ آثار کے ساتھ عقل مُحقق ہے،

مسئلہ ! اقتضائے الوُہیت یہ ہے کہ دُنیا میں مصیبت اور عافیت ہو

www.maktabah.org

پس مُنتقم کا ازالہ بخشش و درگذر کرنے والے اور مُنعم کے ازالہ سے اولیٰ نہیں، اور باقی اسمائے میں حُکم نہیں تعطّل ہے جب کہ الوہیت میں تعطّل محال ہے تو اسمائے کا اثر نہ ہونا محال ہو گا،

مُدرِک اور مُدرَک

مسئلہ: مُدرِک، صاحب ادراک، مُدرَک ادراک کیا گیا ہر دو کے لئے دو ضربیں ہیں،

مُدرِک "صاحب ادراک" کے لئے یہ دو ضربیں ہیں،

۱۔ وُہ جانتا بھی ہے اور اُس کے پاس قوّتِ خیال بھی ہے

۲۔ وُہ جانتا ہے مگر اُس کے پاس قوّتِ تخیّل نہیں"

مدرَک "اِدراک کئے گئے" کیلئے یہ ضربیں ہیں،

۱، مدرک لہٗ اُسے اُس کی صُورت سے صُورتاً جانتا ہے نہ اُس کے لئے تصوّر ہے نہ قوّتِ خیال"

۲، اُسے جانتا ہے اور قوّتِ خیال سے اُس کا تصوّر کرتا ہے اور اُس کے لئے جو صُورتِ علمیہ ہے اُس سے اُس کا ادراک کرتا ہے، فقط

علم۔ معلوم۔ تصوّر

مسئلہ: علم نہ تو تصوّرِ معلوم ہے اور نہ ہی اِس کے معنے تصوّرِ معلوم ہیں، تو یقیناً جو سب کچھ معلوم ہے وُہ اُس کا تصوّر ہو گا جب کہ تمام عالم کا تصوّر نہیں، پس اگر عالم کے لئے تصوّر ہے تو بے شک وُہ معلوم کے لئے صُورت اور اپنے تخیّل سے خیال ٹھہرنے کی حالت پر ہو گا، اور پھر معلومات تو خیال

www.maktabah.org

پر ہر گز نہیں رُک سکتیں، پس ثابت ہُوا کہ اُن کے لئے یقیناً صُورت ہے"

مُمکن فاعل نہیں

مسئلہ: اگر مُمکن سے فعل درُست ہے تو اُس کا قادر ہونا درُست ہوگا چنانچہ نہ اُس کے لئے فعل ہے اور نہ اُس کے لئے قدرت ہے پس مُمکن کے لئے قدرت کا اثبات بے دلیل دعویٰ ہے اور اِس فصل میں مع اشاعرہ کے ہمارا کلام ہے جو مُمکن سے فعل کی نفی کا اثبات کرتا ہے"

ایجادات و مُوجد کے بارے میں

مسئلہ: واحد سے سوائے واحد کے ہر کام کا صدور نہیں اور کیا پھر وُہ کوئی ذات ہے؟

اس پر منصف کو اعتراض ہے کیا تو نے اشاعرہ کو نہیں دیکھا کہ اُنہوں نے حق کیلئے ایجاد کو اِس لئے تسلیم کیا ہے کہ وُہ قادر اور مختص ہے، اِس لئے کہ وُہ مراد ہے اور احکام اس لئے کہ وُہ عالم اور کسی چیز کا مرید اُس کے قادر ہونے کی طرح ہو،

بات نہیں بنتی

تو اس کے بعد اُن کی یہ بات نہیں بنتی کہ تعلق عام میں اُس کا ہر وجہ سے اکیلا ہونا صحیح ہے اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ صفات کو ذات پر زائد تسلیم کرتے ہیں

یہ حالت اُنکی ہے جو نسبتوں کو اضافی صُورت دیتے ہیں

www.maktabah.org

اور ہر فرقہ نے وحدت کو تمام وجوہ سے علیحدہ نہیں کیا کیونکہ وہ اُس کے قائلین اور نہ ماننے والوں کے درمیان لٹکے ہوئے ہیں۔

تو یہ الوہیت میں وحدانیت کا اثبات ہے یعنی کوئی معبود نہیں مگر وہ اور یہ اِس پر صحیح مدلول ہے۔

مسئلہ: اللہ تبارک وتعالیٰ کا عالم، حیی، قادر ہونا تمام صفات نسبت و اضافت کی طرف ہے، اُس کے لئے اعیان زائدہ نہیں جب کہ اُس کی تعریف نقص کے ساتھ ادا ہو اور جب کامل زائد کے ساتھ اُس کے زائد کمال سے ناقص یا کم بالذات ہے۔

اور وہ اپنی ذات کے لئے کامل ہے تو ذات پر زائد بالذات محال ہے اور نسبت واضافت محال نہیں۔

رہا قائل کا یہ قول کہ نہ یہ وہ ہے اور نہ یہ اُس کے لئے غیر ہے تو یہ انتہائی بعید کلام ہے، بے شک اس مذہب والا زائد کے اثبات پر دلیل دیتا ہے اور وہ زائد بلاشک وریب غیر ہے کیا وہ نہیں دیکھتا کہ یہ لاغیر کے اطلاق کا انکار ہے۔

پھر یہ اُسکی حد درجے کی زبردستی ہے جو کہتا ہے کہ یہ دونوں غیر ہیں تو یہ تب ہوگا جب ایک کی دوسرے سے مکان وزمان اور وجود و عدم میں مفارقت ہو، پس جمیع علمائے کرام کے نزدیک دو غیروں کیلئے حد نہیں۔

مسئلہ: کون واحد میں فی نفسہٖ متعلق سے تعلقات کی تعداد اثر انداز نہیں

www.maktabah.org

ہوتی جیسا کہ ایک کلام کے ساتھ متکلم کی تقسیم اثر انداز نہیں ہوتی،

مسئلہ! موصوف کے لئے اُس کی صفات ذاتیہ اُس کے ساتھ ہیں اُن کی تعداد فی نفسہ موصوف کی تعداد پر دلالت نہیں کرتی اس لئے کہ اُس کی ذات مجموع ہے اور اگرچہ ایک دُوسری کی تمیز میں معقول تھی،

مسئلہ! عالم میں تمام صُورتیں جوہر میں عرض ہیں اور یہی اس پر خلع و سلخ اور جوہر واحد واقع ہے اور صورتوں میں تقسیم ہے جوہر میں نہیں،

مسئلہ! قائل کا یہ قول! کہ بیشک معلُولِ اوّل سے کثرت نے وجود پایا ہے، اور اگر یہ ایک ہے تو اِس میں تین اعتبارات پائے جاتے ہیں اور یہ اعتبارات اُس کی علت، اُس کی ذات اور اُس کا امکان ہیں، تو ہم انہیں کہتے ہیں تمہاری دلیل علتِ اُولیٰ میں لازم ہے یعنی اِس میں اعتبارات کا وجود ہے اور وُہ واحد ہے تو یہ تمہیں اِس سے منع نہیں کرتا کہ سوائے واحد کے اُس سے سارے کام پورے نہ ہوں،

ہاں! اگر تم علتِ اُولیٰ سے کثرت کا صُدور یا معلولِ اول سے صُدورِ واحد قرار دیتے مگر تم اِن دونوں باتوں کے قائل نہیں ہو،

مسئلہ! جس کے لئے کمال و استغنائے ذاتی واجب ہو اُس کے لئے کوئی چیز علت نہیں ہوگی کیونکہ علت کا اُس کے ہونے کی طرف لوٹنا معلول پر توقف قرار پائے گا جب کہ ذات کسی چیز پر توقف کرنے سے پاک ہے پس اُس کے ہونے پر علت محال ہے لیکن الوہیت یقیناً اضافت کو قبول کرتی ہے

تو اگر کہا جائے کہ اِس کا اطلاق اُس ذات کے علاوہ پر جو کامل اور غنی ذات ہے، اور وُہ نسبت و اضافت نہیں چاہتی تو ہم کہتے ہیں کہ علت کی برعکس لفظ میں مشاحت نہیں پس یقیناً اصل میں یہ وضع کی گئی ہے اور اِس کا معنیٰ

www.maktabah.org

معلول کو چاہتا ہے، پس علت کی یہ مُراد ہے تو یہ تسلیم ہے اور اس امر میں شریعت کی جہت سے کوئی نزاع نہیں کہ کیا شریعت نے اس سے منع کیا ہے یا جائز کہا ہے یا خاموش ہے،،

اُلوہیت اللہ تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے

مسئلہ! اُلوہیت مرتبۂ ذات ہے جس کا استحقاق سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے کسی کو نہیں تو جو اس کا مُستحق ہے وُہ اُس سے جو چاہے طلب کرے

اور یہی اُس کی طلب ہے اور ذاتِ حق تعالیٰ ہر شے سے مُستغنی ہے،

جو کچھ ہم نے بیان کیا یہ سِرِ رابطِ اُلوہیت کا بطلان ظاہر کرتا ہے جب کہ کمالِ ذات کا بطلان نہیں اور اس سے زوال کے معنی آشکار ہوتے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں شہر سے ظاہر ہوئے یعنی اُس سے بلند ہوئے، الوہیت کے لئے یہ امام کا قول ہے کہ اُلوہیت کے لئے سِر ہے اگر ظاہر ہو تو اُلوہیت کا بطلان ہے

علم اور معلوم

مسئلہ علم کو معلوم کے تغیّر سے تغیر نہیں لیکن معلوم کی طرف نسبت اور اُس کے تغیّر کے ساتھ تعلق ہے،

علم کے تعلق کی مثال یہ ہے کہ کوئی کہتا ہے زید آگیا اور وُہ آگیا تو اُس کے متعلق علم ہو گیا کہ وُہ اس حال میں موجود ہے، اور علم کا تعلق اُس کے ہونے کے آغاز سے زائل ہو گا،

تغیّر لازم نہیں

اور تغیّر تعلق سے تغیّر علم لازم نہیں آتا اور ایسے ہی مسموع د مرئی

www.maktabah.org

کے تغیّر سے خواب اور سمع کا تغیّر لازم نہیں آتا۔

مسئلہ ا: ثابت ہُوا کہ عِلم کو تغیّر نہیں ایسے ہی معلوم کو تغیّر نہیں تو بے شک عِلم کا معلوم ہے اور یقیناً اِس کی نسبت دو معلوم محقق امروں کے لئے ہے پس جسم معلوم ہے اُس کو تغیّر نہیں اور جسم کے ساتھ اِس کا قیام مُلحق ہو گا، اور نسبت کو بھی تغیّر نہیں اور یہ شخصی نسبت ہے اُس شخص کے سِوا کے لئے تو اِس میں تغیّر نہیں۔

اِس مقام پر اصل میں اِن چاروں کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں اور یہ تین اُمور متحقق ہیں۔

۱، نسبت ۲، منسوب ۳، منسوب الیہ

پس اگر کہا جائے کہ ہم تغیّر کو منسوب الیہ سے کیوں ملاتے ہیں، ہم کہتے ہیں جب کوئی امر اس کی طرف منسوب دیکھتے ہیں تو بے شک اُس کی حقیقت کی حیثیت سے نہیں دیکھتے، پس حقیقت غیر متغیّر ہے، اور نہ ہی اس حیثیت سے دیکھتے ہیں جس سے وُہ اُس کی طرف منسوب ہے، پس ایسے ہی اِس حقیقت کو بھی تغیّر نہیں، اور بے شک اُس کی طرف اُس حیثیت سے دیکھتے ہیں جو اُس کے حال کی طرف منسوب ہے، پس اِس کے علاوہ کو معلوم نہیں کہ وُہ اِس حالت میں اُس کی طرف منسوب ہو۔

میں کہتا ہوں یقیناً یہ زائل ہے پس اس کی اپنے منسوب سے جدائی نہیں اور یہ دُوسرا دُوسری نسبت سے منسوب ہے تو اِس سے نہ علم کو تغیّر ہے نہ معلوم کو، اور بے شک علم کے معلومات سے تعلقات ہیں یا معلومات

www.maktabah.org

سے تعلق ہے جیسا چاہیں سمجھ لیں"

علم تصوّرات و اکتساب

مسئلہ: نظر فکری سے اکتساب کرنے والے کے لئے علم تصورات سے کوئی چیز نہیں پس اکتسابی علوم معلوم تصوری کا معلوم تصوری کی طرف نسبت کے سوا کچھ نہیں اور نسبت مطلقہ بھی علم تصورات سے ہے، تو جب اکتساب کی نسبت علم تصورات کی طرف ہو گی، تو یہ تیرے کون سے سُنے ہوئے لفظ کے سوا کچھ نہیں بے شک اس پہ اس طائفہ کی اصطلاح صادق آتی ہے جس میں سے ہر ایک اُس کے معنی کو پہچانتا ہے لیکن ہر ایک اُس لفظ کو نہیں پہچانتا، اس پر دلیل ہے پس اس کے لئے اس لفظ پر اطلاق کرنے والے معنیٰ کے بارے میں پوچھا جائے یعنی وہ معنی جسے مسؤل پہچانتا ہے، تو اگر سائل کے پاس اس معنیٰ کا علم اُس کی معنوی حیثیت سے نہ تھا اور اُس شخص کی مراد کی معرفت کی طرف ملانے پر دلالت کرتا تھا اس کے لئے اس معنی کی اصطلاح وہی ہو گی جسے وہ پہلے پہچانتا تھا اور کہتا تھا تو لازمایہ تمام معنے اُس کی ذات میں مرتکز ہونگے جو پھر ایک حال کے بعد دوسرے حال میں انانیت کے ساتھ منکشف ہوئے

مسئلہ: معلومات پر محیط علم کا وصف تناہی کا اقتضا کرتا ہے جبکہ متناہی اس میں محال ہے تو احاطہ محال ہے لیکن کہتے ہیں حقیقتاً علم معلوم پر محیط ہے، مگر معلوم احاطۂ طریق کے ساتھ نہیں، تو بیشک علم یہاں ایک وجہ سے ہے اور من کل الوجوہ محیط نہیں

بصیرت و بصارت

مسئلہ: رؤیت بصیرت علم ہے اور رویت بصر حصول علم کا راستہ تو اس

www.maktabah.org

کیلئے الٰہ کا سمیع و بصیر ہونا تفصیلی ہے پس اس میں علم کیلیے دو حکم ہیں اور اس میں جو وقوعِ تثنیہ ہے وہ مسموع و مبصر میں ہے"

ازل اور اوّل

مسئلہ: ازل تعریف سلبی صرف ہے اور یہ اولیت کی نفی ہے، پس جب ہم کہتے ہیں کہ اوّل الوہیت کا حق ہے تو یہ صرف مرتبۂ ہے،

مسئلہ: اشاعرہ نے تمام ماسویٰ اللہ کے حدوث پر دلیل بیان کی ہے اور ہم اس حدوث کو تسلیم کرتے ہیں جس حدوث کا وہ ذکر کرتے ہیں،

ممکن کا وجود

مسئلہ: ہر وہ موجود ممکن جو بغیر ٹھکانے کے بنفسہ قائم ہے اس کے وجود کے ساتھ نہ تو زمانے کا اجراء ہوتا ہے اور نہ ہی وہ مکان طلب کرتا ہے،

مسئلہ: ممکن کے اوّل ہونے میں اشعری دلیل دیتے ہیں بے شک وہ اس کے وجود کے زمانۂ تقدم و تاخر کی صورت میں جائز ہے، اس مسئلہ مقدّر میں موجود نہیں پس اختصاص دلیل مخصص پر ہے پس یہ دلیل عدم زمان کے لئے فاسد ہے تو اس دلیل سے اس کا موجود ہونا باطل ٹھہرا،

اگر کہا کہ ممکنات کی وجود کی طرف نسبت یا وجود کی ممکنات کی طرف نسبت ماہیت کے اعتبار سے ایک ہی نسبت ہے اور ممکن کی حیثیت سے نہیں تو وجود کے ساتھ یہ بعض ممکنات کے ساتھ اختصاص سوائے ان کے علاوہ ممکنات کے ہے اور اس پر ان کی تخصیص کی دلیل ہے تو یہ تمام ماسوا اللہ حدوث ہے

مسئلہ: قائل کا قول کہ بے شک زمانے کی مدت متوہمہ حرکت فلک کو

www.maktabah.org

قطع کرتی ہے ہمارے کلام کے خلاف ہے کیونکہ متوہم کا وُجود تحقیق نہیں تو یہ اشاعرہ پر ممکن اوّل میں تقدیر زمان کا انکار کرتے ہیں، پس حرکتِ فلک لاشئی میں منقطع ہے پس اگر دُوسرے نے کہا یہ فلک کی حرکت کا زمانہ ہے اور فلک متحیز ہے توسوائے متحیز کے حرکت قطع نہیں ہوتی "

تشبیہاتِ ممکنات

مسئلہ! اشاعرہ کے دو بڑے گروہوں پر تعجب ہے اور یہ دونوں لفظِ اشتراک میں غلطیوں کا مجسمہ ہیں وُہ اُسے تشبیہ کے لئے کیسے مقرر کرتے ہیں اور تشبیہ نہیں ہوگی سوائے اُس کی مثل لفظ کے یا حرف کے دو امروں کے درمیان صفت کافی ہے اور یہ نادرالوجود ہے ہر اُس تشبیہ سے جو کسی آیت اور خبر میں قائم کی گئی،

پھر اشاعرہ نے تصور کر لیا کہ جسکی تاویل ہو سکے وُہ تشبیہ کے دائرہ سے خارج ہے اور یہ تشبیہ اجسام سے تشبیہ معانی محدثہ سے الگ کے ساتھ منتقل کرنا ہے اس کے سوا حقیقت وحد میں نعوت قدیمہ کے لئے کچھ فرق نہیں، تو اسے ہرگز ہرگز تشبیہ سے محدثات کے ساتھ منتقل نہیں کر سکتے۔

استواء کیسے ہے

اگر ہم اُنکی بات مان لیں تو استواء سے اعراض نہیں کر سکتے، اور اُسے استواء کی طرف استقرار ہے کیونکہ وُہ اُس پر غالب ہے جیسا کہ وُہ سید ہے ہیں اور بالخصوص عرش کا اسی نسبتِ استوا سے ذکر کیا گیا ہے۔

اور تخت و مکان کے ذکر کے ساتھ غالب آنے کے معنی باطل ہو جاتے

www.makiabah.org

ہیں، پس ہم اُس کے استقرار کے معنوں میں تصرف

تشبیہ و تجسیم

ہم کہتے ہیں تشبیہ اُس کی مثل ہے جو استواء کے ساتھ واقع ہو استواء کے معنی وہ مستوی نہیں جو جسم ہو، اور استوا معقول و معنوی حقیقت تمام نسبت ہے جو اُسے ذات کی حقیقت سے عطا کئے گئے کے مطابق ہو اور ہمیں اِس کے ظاہر سے اِستواء میں تصرف کے تکلف کی ضرورت نہیں تو یہ واضح غلطی ہے جو پوشیدہ نہیں،

رہا ذات کی تجسیم کا سوال تو اُنہیں اہلِ ایمان اور اہلِ عقل ہونے کی صورت میں یہ حق نہیں پہنچتا کہ کسی ایک لفظ کے احتمال پر اس حد تک تجاوز کریں جبکہ اُس کا فرمان ہے لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ،

مسئلہ: جیساکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فحشاء کے ساتھ حکم نہیں دیا ایسے ہی یہ اُس کی خواہش نہیں بلکہ قضاء و قدر ہے کون مراد نہیں کیونکہ اُس کا فاحش یا بُرا ہونا اُس کے عین کے حکم میں نہیں بلکہ اس میں اللہ کا حکم ہے اور اللہ کا حکم اشیاء میں غیر مخلوق ہے اور جو کچھ خلقت پر جاری نہیں ہوگا وہ مراد نہیں ہوگا تو یقیناً ہمیں اُس کی اطاعت لازم ہے اور ہم کہتے ہیں اطاعت کیلئے ارادہ سمع سے ثابت ہے عقل سے نہیں،

پس وہ فحشاء میں بھی ثابت ہے اور ہم نے اُسے قبول کیا ہے اور اُس پر ایمان لائے ہیں، جیساکہ ہم اعمال کا وزن ہونا اور اُس کی صورتوں کو کون و اعراض کے ساتھ کہتے ہیں، تو اس میں کوئی جھگڑا نہیں جس میں ہم اقتضائے دلیل پورا کرتے ہوئے اس کی طرف گئے ہیں،

www.maktabah.org

امکان و وجوب

مسئلہ: عدم ممکن کے لئے اُس کے وُجود کے اعتبار سے ہمارا مقصود نہیں"
لیکن عدم اُس کے وُجود حال سے حکماً ملا ہوا ہے اگرچہ وُجود نہ تھا
اس لئے یہ عدم اس پر منطبق ہوگا اور نہ یہ مُراد ہے لیکن وہ عدم حس
کے وجود کی حالت میں حکم ملا ہوا ہوا اور عدم ممکن اُس کی ذات واجب الوجود کے مقابلہ
میں مراد نہیں ہوسکتا اس لئے کہ مطلق عدم جو کہ ممکن ہے کے مقابلہ میں مرتبہ وجود
مطلق کے لانا جائز نہیں اور یہ امر وجود الوہیت کے لئے ہے دُوسرے کے لئے نہیں
مسئلہ: عقل میں وجودِ قدیم کا گذر محال ہے پس اگر نہیں ہوگا تو سمع اور دُوسرے
طریق سے نہیں ہوگا"
وجود ممکن کے لئے تخصیص وجود کے لئے مقصود ممکن ہے لیکن یہ اس
کی نسبت کی حیثیت سے ہے جو دُوسرے ممکن سے جائز ہے تو یہ امر وجود ممکن
کی حیثیت سے نہیں بلکہ ممکن مطلق کی حیثیت سے ہے جو نہ مراد کے ساتھ ہے
اور نہ اصل واقع کے ساتھ ہے سوائے ممکن کے ساتھ ہونے کے تو جب ممکن کے
ساتھ ہے تو اس کی حیثیت ممکن سے نہیں بلکہ اس کی نسبت کی حیثیت سے مراد
ہوگا جو غیر نہیں۔

وُجود ہی ذات ہے ذات کا غیر نہیں

دلیل سبب مختص کے ثبوت پر دلالت کرے اور مثلاً اس میں اس مختص
کی طرف نفی یا اثبات سے علی التوقیف منسوب ہونے پر دلالت ہو جیسا کہ ہمیں
بعض دیکھنے والوں نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا جو ہمارے اور اُن کے درمیان

www.maktabah.org

جاری تھی تو ہم نے اُس پر اپنے گمان کے مطابق توقف کر لیا، لیکن وُہ دلیل جو مُرسل کی طرف سے رسُول کے ثبوت پر دلالت کرے وُہ ہم رسُول سے نسبتِ الٰہیہ کو پکڑیں گے تو اس کے ساتھ ہم کیسے حکم دے سکتے ہیں کہ ایسا ہے اور ایسا نہیں "

اور اُس کے وُجود پر روشن دلیل ہے اور اُس کا وجود عین اُس کی ذات ہے اور اُس کی ذات کے اثبات کیلئے کسی چیز کیلئے دلیل کی ضرورت نہیں جبکہ اسکے علاوہ کسی چیز کیلئے دلیل کی ضرورت ہوتی ہے، بس وُہ موجود ہے اور اُسکے وُجود ذات کے علاوہ کچھ نہیں، ممکن واجب بالذات کا محتاج ہے اور واجب کے لئے ممکن کے علاوہ استغنائے ذاتی ہے، اُس کا نام اِلٰہ ہے اور اِس کا تعلّق اُس کی ذات سے ہے اور تمام محقق حقائق سے ہے خواہ اُن کا وجُود ہو یا عدم،

علم اس کا تعلق ممکنات کے ساتھ اس حیثیت سے ہے جو اِن ممکنات پر ہے "

اختیار! اس کا تعلق ممکن کے ساتھ ممکن کے ہونے سے پہلے علم کی حیثیت سے ہے،

مشیت! اس کا تعلق ممکن کے تعیّن پر کسی جائز تخصیص کے ساتھ ہے"

ارادہ! اس کا تعلق ایجادِ کائنات سے ہے"

قدرت! اس کا تعلق اُس کی کون کے لئے مکوّن پیدا کئے گئے، کی سماعت سے ہے،

امر! اس کی دو قسمیں ہیں بالواسطہ اور بلا واسطہ تو واسطوں کے ساتھ اٹھنا لازماً نافذ الامر ہے اور بالواسطہ کے لئے نفوذ ضروری نہیں اور جب تک اللہ تبارک و تعالیٰ امر کے ساتھ کوئی چیز متوقّف نہ کرے امر کے ساتھ عین حقیقت میں نہیں"

اس کا تعلق اسمائے مکوّن کے ساتھ اُس کے کون سے لوٹتے یا اُس کے ٹھہرتے

www.maktabah.org

سے جو اُس سے صادر ہو سکتا ہے۔

نہی ! اُس کی صورت صورتِ امر کی تقسیم میں ہے اس کا تعلق اُس تحصیل کے ساتھ ہے جس پر وہ ہے یا کائنات سے اُس کے سوا دوسرا یا اُس کی اپنی ذات ہے۔

اخبار ! بے شک اِن کا تعلق کون کے ساتھ طریق یعنی چیز پر ہے۔

استفہام ! اس کا تعلق اُس کی طرف نزول کی جہت پر صیغۂ امر کے ساتھ ہے

دُعاء ! اس کی طرف امر کے باب سے تعلق ہے۔

کلام ! اس کا تعلق کلام کے ساتھ بغیر شرطِ علم کے ہے۔

سمع ! تو بے شک یہ سُننے والے کے تبع تعلقِ فہم کے ساتھ متعلق ہے۔

فہم ! اس کا تعلق کیفیتِ نور سے ہے اور جو اُس نے مرئیات سے حمل کیا ہے !

بصر و رویت ! اس کا تعلق ہر مُدرک کے ادراک کے ساتھ ہے اور سوائے اس کے ان تمام تر متعلقات کے ساتھ اس کا تعلق درست نہیں۔

حیات اور عین ! ان میں سے ہر ایک کا حقائق متعلقات اور اسمائے مسمیات سے تعدّدِ تعلقات ہے۔

نورِ عقل اور نورِ ایمان

عقل کے لئے نور ہے جس سے وہ مخصوص امور کا ادراک کرتی ہے اور ایمان کے لئے نور ہے جس کے ساتھ وہ ہر اُس چیز کا ادراک کرتا ہے جس کا مانع قائم نہیں تو نورِ عقل کے ساتھ معرفتِ الوہیت کی طرف اتصال ہے جو اس کے ساتھ واجب اور جائز ہے اور جو اِس سے جائز نہیں وہ محال اور واجب نہیں

www.maktabah.org

اور نورِ ایمان کے ساتھ عقل معرفتِ ذات کا ادراک کرتی ہے اور ان تعریفوں کا ادراک کرتی ہے جو اُس کی ذات کی طرف حق منسوب ہیں"

کیفیات کی معرفت

مسئلہ: ہمارے نزدیک وہ معرفتِ کیفیت ممکن نہیں جو احکام ہیں سے ذات کی طرف منسوب ہے مگر منسوب اور منسوب الیہ ذاتوں کی معرفت کے بعد اور جس وقت اُس ذاتِ مخصوص کے لئے نسبتِ خاص کی کیفیت کی پہچان ہو جائے ممکن ہو سکتی ہے جیسا کہ استوا، معیت، ہاتھ، آنکھ اور ان کے علاوہ"

مسئلہ: نہ اعیان پھرتے ہیں نہ حقائق تبدیل ہوتے ہیں آگ کا کام حقیقتاً جلانا ہے صورتاً نہیں، پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا: اے آگ سلامتی کے ساتھ ٹھنڈی ہو جا، تو یہ خطاب صورت کو ہے، اور یہ پتھر اور سنگریزے آگ کے ساتھ جلتے ہیں اور جب آگ ان پر قائم ہو تو ان کا نام آگ ہو گا اور یہ برودت کو بھی اسی طرح قبول کرتے ہیں جس طرح حرارت کو قبول کرتے ہیں"

بقا حق تعالیٰ کے لئے ہے

مسئلہ: بقا کا معنیٰ استقرارِ وجودی کا نام ہے دوسرے پر نہیں اور نہ ہی یہ صفتِ زائدہ ہے جسے بقا کی احتیاج ہو اور یہ سوائے اشاعرہ کے مذہب کے مسلسل بیان کی گئی ہے، تو اگر بقائے عرض ہے تو بقا کی محتاج نہیں اور یقیناً یہ امر بقائے حق تعالیٰ میں موجود ہے"

مسئلہ: کلام کی یہ حیثیت کہ وہ ایک ہو اور اس کے ساتھ متکلم میں تقسیم کرے کلام نہیں، پس امر و نہی، خبر و استخبار اور طلب کلام میں سب ایک ہیں"

www.maktabah.org

اسم اور مسمّٰی

مسئلہ! اسم، مُسمّیٰ اور تسمیہ میں اختلاف لفظی ہے۔ رہا اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ فرمان کہ تیرے رب کا نام برکت والا ہے اور تیرے رب کے نام کی تسبیح ہے تو یہ دُشمن کی سرزمین کی طرف مصحف کے ساتھ سفر کرنے کے لئے ہے" اور اسماء کے ساتھ مُسمّیٰ کی حجت میں قول مُسمّیٰ کا اسم ہونے پر ہے پس لوگوں کے معبود اور بندوں سے نسبت الوہیت اِس پر حجت نہیں کہ اسم ہی مسمّیٰ ہے اگر ہوگا تو وہ لُغت اور وضع کے حُکم میں ہو گا معنے کے حُکم میں نہیں۔

مسئلہ! ممکنات کا وُجود ذاتی اور عرفانی کمال کے مرتبوں کے لئے ہے غیر نہیں

معلومات کا انحصار

ظاہر و باطن کے حسن میں معلومات کا انحصار ادراک کی حیثیت سے ہے اور یہ ادراک ذاتی بدیہی ہے اِس سے عقل مرکب نہیں خواہ معنیٔ خیال میں ہو خواہ صُورت خیال میں سوائے خاص صُورت کے مُرکب نہیں، پس عقل اُس کا ادراک کرے گی جو قوّتِ خیال کی بجائے مرکبِ خیال میں ہو اگر اِس کے بعض کا تصوّر کیا جائے جو عقل اور قدرتِ خداوندی کے راز سے مُرکب ہے تو یہ اُن تمام سے خارج ہے پس یہاں توقف کرو"

حُسن و قباحت ذاتی کیا ہے

حسین و قبیح کیلئے ذاتی چیز ہے مگر اُس میں سے ذاتی اچھائی برائی کیلئے حِس کا نظر کے ساتھ ادراک کیا جا سکے، اور یہ اچھائی یا برائی اُس کے کمال یا نقص،

www.maktabah.org

غرض اور نرمیٔ طبع، یا اُس کی منافرت و وضع کی بنا پر دیکھے جائے گی اور ایک اچھائی یا بُرائی کا اِدراک سوائے منجانب حق کے لئے نہیں کیا جا سکتا وُہ شریعت ہے"

اور جب کسی چیز کو اچھی یا بُری کہتے ہیں تو شریعت میں یہ خبر ہے حکم نہیں اور اِس میں جو بات کہتے ہیں زمانے اور حال اور شخص کی شرط پر کہتے ہیں، تو اِس میں ہماری شرط اِس حُکم سے ہے جو قتل کے سِلسلہ میں کہتے کہ اِس کے لئے دیت یا قصاص یا حدّ ہے، یا سفاح و نکاح کی صُورت میں ذکر کا فرج میں داخل کرنا پس ایلاج یعنی ایک دُوسرے سے ملاپ کی حیثیت ایک جیسی ہو گی تو اگر اختلافِ زمان ہے اور لوازمِ نکاح موجود نہیں تو یہ امر سفاح میں داخل ہے اور کسی چیز کی حلالیّت کا زمانہ اُس کی حُرمت کا زمانہ نہیں اگرچہ ایک زمانے میں زید کی حرکت عین حرام تھی مگر دُوسرے زمانے میں اُس سے یہ حرکت نہیں ہوتی اور نہ ہی عمرو کی یہ حرکت وُہ حرکت ہے جو زید سے سرزد ہوئی تو قبیح وُہ ہے جو کبھی حَسن نہیں ہو، کیونکہ یہ حرکت یا اچھائی سے موصوف ہو گی یا بُرائی سے جو کبھی اعادہ نہیں کرتی، تو بیشک اِس کا حق تعالیٰ کو علم ہے کہ اچھا کیا ہے اور بُرا کیا ہے اور ہم نہیں جانتے"، پھر کسی چیز کا قبیح ہونا اُس کے اثرات کے قبیح ہونے سے ہے اور کسی چیز کا اچھا ہونا بھی اُس کے اثرات کی اچھائی سے ہے، جیسا کہ صداقت اچھی چیز ہے مگر کسی موقعہ پر اُس کے اثرات بُرے مُرتب ہوتے ہیں ایسے ہی جھُوٹ جو بُری چیز ہے مگر کسی موقعہ پر اُس کے اثرات اچھے ہوتے ہیں، تو تحقیق سے جب تجھے ہم نے پہنچایا اس پر حق پالے"

دلیل کی نفی مدلُول کی نفی نہیں

مسئلہ: دلیل کی نفی مدلُول کی نفی کو مُستلزم نہیں تو اس پر حلولی کا قول

www.pdfbooksfree.org

درست نہیں کہ اگر اللہ کسی شے میں تھا جیسا کہ عیسےٰ علیہ السلام میں احیاء موتیٰ کیلئے،

قضا اللہ کا حکم ہے

مسئلہ: قضاء پر راضی ہونے والے کا فیصلہ قضا پر راضی ہو اور ہمیں اس کا حکم دیا ہے کہ اس پر راضی ہولا جو قضا عمل میں آچکی ہے اس پر راضی ہونا ضروری ہے۔

اختراع اور مخترع

مسئلہ: اگر اختراع حدوث کے ساتھ ارادہ کیا گیا اختراع کرنے والے کی ذات کے معنوں میں ہے اور وہ اختراع کی حقیقت ہے تو یہ اللہ تبارک و تعالیٰ پر محال ہے، اور اگر اختراع حدوث کے ساتھ ارادہ کیا گیا وجود میں اس کی پہلی مثال کے بغیر ہے جو اس میں ظاہر ہے تو بے شک اختراع کے ساتھ اس کا وصف بیان ہو سکتا ہے۔

واجب اور ممکن کا ارتباط

مسئلہ: اللہ تبارک و تعالیٰ کا عالم کے ساتھ ربط واجب کے ساتھ ممکن کا اور صانع کے ساتھ مصنوع کا ارتباط ہے، تو عالم کے لئے یہ مرتبہ ازل سے نہیں یقیناً یہ مرتبہ ذات کے لئے واجب ہے اور ذات اللہ تبارک و تعالیٰ ہے اور اس کے ساتھ کوئی چیز نہیں خواہ عالم موجود ہو خواہ معدوم، اللہ تبارک و تعالیٰ اور عالم کے درمیان جو وہم ہے وجود ممکن اس میں تقدم و تاخر کی قدرت نہیں رکھتا، پس وہم باطل ہے اور اس کی کچھ حقیقت نہیں، اس لئے ہی ہم میں

www.maktabah.org

حدوثِ عالم کی دلالت کے بارے میں نزاع ہے برخلاف اِس کے اِس کی طرف اشاعرہ میں کوئی نزاع نہیں جیسا کہ ہم نے اِس کے متعلقات میں ذکر کیا ہے۔

عِلم، عالم اور معلوم

عِلم کا تعلق معلوم کے ساتھ اِس امر میں لازم نہیں کہ نفسِ عالم معلوم حاصل ہو جائے اور یقیناً عِلم کا معلومات کے ساتھ تعلق معلومات کے وجود و عدم کی حیثیت سے ہے اور کہنے والے نے کہا اُس کے لئے بعض معلومات کے وجود میں چار مرتبے ہیں، ذہنی[۱]، عینی[۲]، لفظی[۳] اور خطی[۴] اگر ذہن سے عِلم مُراد ہے تو غیر مسلّم ہے اور اگر ذہن سے مُراد خیال ہے تو مسلّم ہے، لیکن ہر معلوم میں تخیلِ خاص ہے اور ہر عالم میں تخیل ہے مگر یہ سوائے خاص ذہنی کے درست نہیں کیونکہ لفظی اور خطی صورت عین مطابق نہیں، جیسا کہ لفظ اور خط دلالت و تفہیم کے لئے دو موضوع ہیں تو اِن کا صورت پر صورت کی حیثیت سے نزول نہیں ہوتا اگر زید لفظی اور خطی ہے تو بے شک یہ زا، یا اور دال رقم ہو گا یا لفظ۔ اُس کے لئے نہ دایاں ہے نہ بایاں نہ جہت ہے نہ آنکھ نہ سمع اِس لئے ہم کہتے ہیں کہ لفظ اور خط صورت کی حیثیت سے نہیں دلالت کی حیثیت سے نزول کرتے ہیں۔ ایسے ہی جب ان میں مشارکت واقع ہو گی تو دلالت باطل ہو جائے گی۔ پھر اِس میں ہمیں لغت، بدل اور عطف بیان کرنے کی احتیاج ہو گی۔ اور ذہنی میں ہرگز مشارکت نہیں ہوتی پس اِس پر غور کریں۔

تین سو ساٹھ وجوہات

مسئلہ: عالم میں وجوہِ معارف سے عقل کے لئے کیا ہے اِس پر ہم نے

www.maktabah.org

کتاب معرفتِ اول میں حصر کرنا چاہا تو ہمیں خبر دی گئی کہ اس کا حصر کہاں ہو سکتا ہے چنانچہ جاننا چاہیئے کہ جنابِ حق العزیز سے تین سو ساٹھ وجہوں کے مقابل میں عقل کے لئے تین سو ساٹھ وجہیں ہیں اور اس سے ہر وجہ علم کے ساتھ بڑھتی ہے اسکی دوسری وجہ بیان نہیں کی جاتی، پس جب عقل کی وجوہ کو اخذ کی گئی وجوہ سے مثال دی جائے گی تو اس سے عقل کے لئے لوحِ محفوظ پر مسطور یہی علوم نکلیں گے اور لوحِ محفوظ نفس ہے۔

اس امر کا ذکر ہم نے کشف الٰہی سے کیا ہے اس کے لئے عقلی دلیل سے حجت نہیں تو اس کے قائل سے بغیر دلیل کے اُس کے مصادر سے سیکھتا ہے تو یہ اس سے اُولیٰ ہے، پس اگر حکیم اس نظر میں دعویٰ کرے تو اس کے ساتھ داخل ہے، ہم نے عیون المسائل فی دُرۃ البیضاء میں اس کا ذکر کیا ہے کہ وُہ عقلِ اوّل ہے اور یہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اِس پر دخل لازم نہیں. تو ہم جو اُسکی نظر کا دعویٰ کرتے ہیں اور جو اُس کی تعریف کا دعویٰ کرتے ہیں اگر منکرِ قائل کی غایت اس کی تکذیب ہے تو اُس کے پاس اس کے سوا کچھ نہیں جیسا کہ اس کے لئے مومن کہتا ہے یہ صدق ہے، تو یہ ہمارے اور قائلین اعتباراتِ ثلاثہ کے درمیان فرقان ہے، اور اللہ ہی کے ساتھ توفیق ہے۔

ممکن کیا ہے

مسئلہ ہر ممکن کے لئے جو کچھ بھی عالمِ خلق سے ہے اُس کے لئے دو پہلو ہیں ایک وجہ اُس کا سبب اور دوسری وجہ من جانب اللہ ہے، تو ظلمت اور حجاب سبب کے باعث اور نور و کشف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، اور ہر ممکن عالمِ امر سے ہے تو اُس کے لئے حجاب کا تصور نہیں کیونکہ وُہ ایک وجہ یعنی محض سبب

www.maktabah.org

سے ظہور میں نہیں آیا پس وُہ نورِ محض ہے اور خالص دین اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے ہے۔

ارادۂ الٰہی کا مفہوم

مسئلہ: قدرت کے متعلق ایجاد پر عقلی دلیل دلالت کرتی ہے اور کہا حق اُس کی ذات سے ہے بے شک وجود کا واقع ہونا امرِ الٰہی سے ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا بیشک چیز کے لئے ہمارا فرمان ہے، اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ یعنی جب ہم اُس کا ارادہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہوجا تو وُہ ہوجاتی ہے، تو لازماً وُہ جو امر کے متعلق ہے اُسے بھی دیکھتا ہے اور اُسے بھی دیکھتا ہے جو قدرت کے متعلق ہے، یہاں تک کہ سمع اور عقل جمع ہوجاتے ہیں تو انہیں حکم ماننے کے لئے کہا جاتا ہے تو یقیناً اُس کے حکم فیکون کے مطابق واقع ہوجاتا ہے اور اُس کے ساتھ مامور ہے، بے شک وُہ وجود ہے تو دو ممکنوں میں سے ایک کے ساتھ تخصیص ارادہ کا تعلق ہے، اور وُہ موجود ہے پس دو ممکن کے ساتھ قدرت کا تعلق ہے تو اُس ایجاد میں اُس کے اثرات ہیں، اور یہی وجود و عدم کے مابین معقول حالت ہے۔

پس خطاب بالامر کا تعلق اِس کے ہونے کے ساتھ عین مختص کے لئے ہے تو وُہ فرماں برداری کرتا تھا تو ممکن کے لئے نہ عین ہے اور نہ ہی اُس کے لئے وصفِ وجود ہے جو اِس عین الامر پر وجود کے ساتھ متوجہ ہوتا جب وجود واقع ہوا تھا اور کُن کی شرح میں نہی المراد کہنا درست نہیں۔

نسبتِ سلبیہ

مسئلہ: معقولیت اوّلیہ واجب الوجود کی وجود سے غیر کے ساتھ نسبت

www.maktabah.org

سلبیہ وُجوبِ مطلق کا ہونا ہے، جب یہاں اُس کا قدم جائز ہو گا تو وُہ ہر مقید کے لئے اوّل ہے، اُس کے لئے بحیثیتِ واجبِ مطلق انخلاء نہیں"

فیکون! پس ہو جاتا ہے مگر یہ بنفسہٖ محال ہے اور اگر اس کے ساتھ قائم ہے اِس سے وُجوہ کے لئے محال ہے"

اگر وُہ بنفسہٖ قائم ہے اور اس سے واجبِ مطلق کے لئے لازم نہیں آتا، اگر یہ اُس کے ساتھ محتاجی سے قائم ہے تو ہو جاتا ہے اور اگر بذاتہٖ قائم کرنے والا ہے تو محال ہے یا اُس کے لئے مرتبہ قائم کرنے والا ہے تو یہ بھی محال ہے"

نسبت وضعیہ

واجبِ مُطلق کے لئے نسبت وضعیہ مُعقولیتِ نسبتی ہے، سوائے اس کی طرف انتساب کے عقل اِس کو نہیں سمجھ سکتی تو اس اعتبار سے اوّل ہے، اور اگر قدرت ہو؟

جب تک متعلق کو نہ پائے نسبتِ اوّل کی نفی کے لئے مُمکن کے ہاں قُوت و فعل کا وجود نہیں،

جاننا چاہیئے کہ مُمکنات اپنے مُوجد کو نہیں جانتے سوائے اُس کی حیثیت سے تو اُس کی ذات کو جاننا اور اُس کو جاننا جو اُس سے اُس کے علاوہ ہے دُرست نہیں، کیونکہ علم چیز کے ساتھ اُس کے احاطہ کا اِذن دیتا ہے اور اُس سے فارغ ہو جاتا ہے جبکہ یہ امر جنابِ باری تعالیٰ میں محال ہے"

پس اُس کو کسی کا جان لینا محال ٹھہرے گا اور اُسے جان لینا دُرست نہیں کیونکہ بعض نہیں، تو سوائے اس کے علم باقی نہیں جو اُس سے اُس کے ساتھ ہے اور جو اُس سے ہو گا وُہ تُو ہے اور تُو معلوم ہے، پس اگر کہا ہم جانتے ہیں

www.maktabah.org

اگر کوئی کہے وُہ ایسا نہیں تو یہ بھی علم ہے اِس کا جواب دیں گے،

مسئلہ! ہم نے کہا تیری تعریفوں سے اس کا تجرّد ہے اس لئے وُہ نفیٔ مشارکت کی دلیل کا اِقتضاء کرتا ہے، تو جو ذات تیرے علم میں نہیں تیرے نزدیک اُس کا امتیاز اِس حیثیت سے ہے جو کچھ اُس کی ذات لئے معلوم ہے، تیرے لئے یہی تمیزِ عدم صفات ثبُوتیہ فی نفسہٖ اُس کے لئے ہے پس وُہ غور کریں جو نہیں جانتے،، اور کہہ اَے میرے پروردگار میرا علم زیادہ کر،،

اگر اُس کے لئے عِلم ہے وُہ نہیں ہو گا اگر تیرے لئے جہل ہے تُو نہیں ہو گا، تو اس کا عِلم تیرے پانے اور تیرے عجز کے ساتھ اُس کی عبادت کرنے سے ہے پس ھُوَ ھُوَ اُس کے لئے ہے تیرے لئے نہیں اور انتَ انتَ تیرے لئے ہے، اور تیرے لئے اُس کے ساتھ وُہی رَبط ہے جو دائرے کے ساتھ دائرہ کے نقطے کا ہوتا ہے، ایسے ہی ذاتِ مُطلق کا تیرے ساتھ ربط الوہیتِ ذات کا ربط نہیں بلکہ یہ رابطہ ایسے ہے جیسے دائرے کا نُقطے سے،

روئیت باری تعالیٰ

مسئلہ! اُس کی ذات سبحانہٗ کو ہمارا دیکھنا حق ہے اِس کے متُعلق اور اُس کے اضافات و اسلُوب کے ساتھ اِلٰہ ہونے کے اثبات کے ساتھ ہمارے عِلم کے متعلق، تو اس کے متُعلق اختلاف ہے، تو روُیت میں نہیں کہتے بیشک وُہ علم میں مزید روشنی ہے اختلافِ مُتعلّق کے لئے اور اگر اُس کا وجود عین اُس کی ماہیت رہے تو انکار نہیں بے شک اُس کا موجودہ کون غیر معقولیت، معقولیتِ ذات رہے،،

www.maktabah.org

عدم شر محض ہے

بے شک عدم محض شر ہے اور بعض لوگ اِسے نہیں سمجھ سکتے اور اس کلام کی حقیقت بہت مشکل ہے اور یہ عُلمائے متقدمین و متاخرین میں سے بعض علمائے محققین کا قول ہے"

اور ہم سے ظلمت و نور کی منزلوں میں بعض مسافرانِ حق نے طویل کلام میں کہا بے شک خیر وجود میں ہے اور شر عدم میں ہے،

ہمیں علم ہے کہ بیشک حق تعالیٰ کیلئے بغیر قید کے اطلاقِ وجود ہے اور یہ خیر محض ہے اِس میں شر نہیں بمقابلہ اطلاقِ عدم کے دُہ شر محض ہے، اس میں خیر نہیں تو یہ اُن کے اِس قول کے معنی ہیں کہ عدم محض شر ہے

اہل اللہ کا عقیدہ

مسئلہ بیشک اللہ تعالیٰ کیلئے جائز ہے اگر ایجادِ امر کرے یا نہ کرے حقیقت کی جہت سے نہیں کہتے تو اگر اُس کا فعل اشیاء کے لئے ہے تو ممکن اِس طرف نظر کے ساتھ نہیں اور نہ ہی ایجاب موجب کے ساتھ ہے ولیکن کہتے ہیں کہ امر جائز ہے اگر ایجاد ہو اور جائز ہے اگر نہ ایجاد ہو تو یہ مرجح کی طرف محتاج ہے اور مرجح اللہ تبارک و تعالیٰ ہے۔

اور بے شک ہم سے شریعت اقتضاء کرتی ہے کہ ہم نے اُس میں جو کچھ دیکھا اُس میں تناقض نہیں جو ہم اُسے کہتے ہیں"

تو جو شخص حق میں کہتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ اُس کے لئے ویسا ہی واجب کر دیتا ہے اور ویسا ہی حلال کر دیتا ہے اور ایسے ہی اِس پر جائز نہیں کہتے

www.maktabah.org

تو یہ عقیدہ مخصوص اہل اللہ کا ہے، رہا خلاصتہ الخاص فی اللہ تعالیٰ کا عقیدہ تو اُن کا حکم اِس کے اُوپر ہے، اس کے لئے ہی اِس کتاب میں میں نے اِس اس اعتقاد اور اس عقیدہ کو بکھیرا ہے جس سے اکثر عقول محجُوب ہو جاتے ہیں اور اُس کی عدمِ تجرید کے ادراک سے افکار قاصر آجاتے ہیں"

کتاب کا مقدّمہ پُورا ہُوا اور یہ کتاب کے علاوہ ہے جو چاہے اِس میں لکھے جو چاہے چھوڑ دے اور اللہ تعالیٰ ہی حق کہلاتا ہے اور وہی راستہ دکھاتا ہے۔

الحمد اللہ تیسری جُز تمام ہوئی

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب اوّل

معرفتِ رُوح کے بیان میں جس کی تفصیل اِس کتاب میں مسطور ہے اور جو میرے اور اُس کے درمیان اسرار تھے وُہ یہ نظم ہے ،

فلت عند الطواف كيف أطوف ... وهو عن درك سرنا مكفوف
جلمد غير عاقل حركاني ... قيل أنت المحير المتلوف
انظر البيت نوره يتلالا ... لقلوب تطهرت مكشوف
نظرته بالله دون حجاب ... فبدا سره الحلى المنيف
وتجلى لها من افق جلالي ... قرا الصدقّ ما اعتراه خسوف
لو رأيت الولى حين يراه ... قلت فيه مدله ملهوف
يلثم السرّ فى سواد يمينى ... أى سرّ لوانه معروف
جهلت ذاته فقيل كثيف ... عند قوم وعند قوم لطيف
قال لى حين قلت لم جهلوه ... انما يعرف الشريف الشريف
عرفوه فلازموه زمانا ... فتولاهم الرحيم الرؤف
واستقاموا فما يرى قط فيهم ... عن طواف بذاته تحريف
قم فبشر عنى مجاور بيتى ... بأمان ما عنده تخويف
ان أمتهم فرحتهم بلقائى ... أو يعيشوا فالثوب منهم نظيف

www.maktabah.org

میں نے طواف کے موقعہ پر کہا اُس کا طواف کیسے ہو جو ہمارے راز کے ادراک سے قاصر اور میری حرکات کا شعور نہ رکھنے والا پتھر ہے"

کہا! تو محیرّ المتلوف یعنی دیوانہ ہے"

بیت اللہ شریف کا چمکتا ہُوا نور دیکھ جسے دِلوں کی طہارت و پاکیزگی کے لئے کھولا گیا ہے"

اِس کے لئے اُفقِ جلالی سے تجلّی ہے اور اس کے صدق کا چاند بے گہن ہے"

اگر تجھے دوست کو دیکھنا ہے جب وُہ دیکھے۔

میں نے کہا! اس میں اس کے لئے دائمی غمزدگی ہے"

رُکنِ یمانی کے راز کو چوم لے اُس راز کو جو جانا پہچانا ہے"

جب میں نے اُس کی ذات کو نہ پہچانا تو بعض نے اُسے کشف کہا اور بعض نے اُسے لطیف کہا اور شریف ہی شریف کو پہچانتا ہے"

جو اُسے پہچانتے ہیں اُس کو دیر تک پکڑے رکھتے ہیں، اُن کی رؤف و رحیم سے دوستی ہے"

وُہ صاحبِ استقامت ہیں وُہ طوافِ کعبہ سے اُس کی ذات کے ساتھ ہرگز تحریف نہیں دیکھتے"

اُٹھ! میری طرف سے بیت اللہ شریف کے ہمسائے کو بشارت دے کہ وُہ امان کے ساتھ ہے اور کعبہ شریف کے نزدیک خوف نہیں،

بے شک اِن میں سے لوگ میری بقاء کے ساتھ اُس سے فرحت پاتے ہیں

www.maktabah.org

جو اِس طرح زندہ ہیں کہ اُن کا لباس پاکیزہ ہے

کیا زندہ مُردے کا طواف کرتا ہے

اَے حامیم اَے دوست اور کریم اَے پسندیدہ جان کہ جب میں حرکات وسکنات رُوحانیہ کے معدن مکۃ البرکات میں پہنچا اور میرا وہی حال تھا جو بیت العتیق شریف کا طواف کرتے ہوئے بعض اوقات ہوتا ہے، ہم طواف کے دوران تسبیح وتمجید اور تکبیر وتہلیل کرتے ہوئے کبھی رُکن کو چُومتے اور کبھی مُلتزم کا التزام کرتے جب ہم حجرِ اسود کے پاس پہنچے تو ایک مبہوت نوجوان سے ملاقات ہوئی جو خاموش مُتکلم زندہ نہ مردہ اور محاط ومحیط کا مُرکّب بسیط تھا،

اُسے بیت اللہ شریف کا طواف کرتے ہوئے دیکھا جیسے زندہ مردے کا طواف کرتا ہے میں نے اُس کی حقیقت اور اُس کے مجاز کو پہچان لیا اور جان لیا کہ بے شک بیت اللہ شریف کا طواف ایسے ہے جیسے جنازہ پر نماز پڑھی جائے چنانچہ مُردوں کے ساتھ زندوں کے طواف کے وقت مذکورہ بالا نوجوان سے اُس کے جو اشعار سُنے وُہ یہ ہیں"

ولما رأيت البيت طافت بذاته شخوص لهم سر الشريعة غيبي
وطاف به قوم هم الشرع والحجا وهم كحل عين الكشف ماهم به عمي
تعجبت من ميت يطوف به حي عزيز وحيد الدهر مامنه شي
تجلى لنا من نور ذات محله وليس من الاملاك بل هو أنسي
تيقنت أن الامر غيب وأنه لدى الكشف والتحقيق حي ومرئي

جب میں نے دیکھا کہ کعبے شریف کا طواف بذاتہ ایسے اشخاص کر رہے

www.maktabah.org

جن کے لئے شریعت کا غیبی راز ہے ۔

اور طواف کرنے والے وہ لوگ ہیں جو نابینا نہیں بلکہ کشف کی آنکھ کا سرمہ ہیں تو مجھے تعجب ہوا کہ ایسا عزیز اور وحید العصر زندہ مُردے کا طواف کر رہا ہے جس کی مثال نہیں "

چُنانچہ، ہمیں نورِ ذات کی اُس تجلی سے نوازا گیا جو کعبے کو ضیا بار کرتی ہے اور یہ فرشتہ نہیں بلکہ انسان ہے "

"بعد ازاں، مجھے یقین ہو گیا کہ یقیناً یہ امرِ غیب سے ہے اور میرے سامنے کھُلا ہُوا ہے اور بتحقیق وہ زندہ اور مرئی ہے "

میں کہتا ہوں ان اشعار کے موقعہ پر اموات کے بارے میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے بیتِ مکرّم کی حقیقت مجھ پر ظاہر کر دی گئی، بجلی کی زبردست چمک نے میری آنکھوں میں چکا چوند پیدا کر دی اور مجھے زجر و توبیخ کرتے ہُوئے کہا گیا! مرنے سے قبل بیت اللہ شریف کے راز کی طرف دیکھ لے، میں نے مُطیفین و طائفین کو پتھروں کے ساتھ چمکتے ہُوئے پایا،

وہ اُنہیں کعبہ شریف کے پردوں کے پیچھے سے دیکھ رہا تھا تو میں نے اُسے چمکتا ہُوا دیکھا پس اُس کے لئے عالمِ مثال میں فی البدیہہ یہ شعر پڑھے "

أری البیت یزھو بالمطیفین حوله ۔ وما الزھو الا من حکیم له صنع
وھـ ـذا جماد لا یحس ولا یری ۔ ولیس له عقل ولیس له سمع
فقال شعیص ھـذہ طاعة لنا ۔ قد اُثبتها طول الحیاة لنا الشرع
فقلت له ھـذا ابلاغك فاستمع ۔ مقالة من أبدی له الحکمة الوضع
رأیت جمادا لا حیاة بذاته ۔ ولیس له ضر ولیس له نفع
ولکن لعین القلب فیه مناظر ۔ اذا لم یکن بالعین ضعف ولا صدع

www.maktabah.org

يراه عز بزاان نجلى بذاته ... وليس لمخلوق على حمله وسع
فكنت أبا حفص وكنت علينا ... فنى العطاء الجزل والقبض والمنع

بیت اللہ شریف کی طرف دیکھو اس کا گرداگرد مُطیفین کے ساتھ چمک رہا ہے اور اِس کی یہ چمک اِس کے حکمت والے صانع کے سوا نہیں۔

ایک شخص نے کہا! یہ جمادات نہ محسُوس کر سکتا ہے اور نہ دیکھ سکتا ہے، نہ اس کے لئے عقل ہے اور نہ یہ سُن سکتا ہے"

ایک شخص نے فرمایا، ہمارے لئے یہ اُس کی اطاعت ہے اور بیشک شریعت میں اِس کے لئے طویل زندگی ثابت ہے"

میں نے کہا! آپ کا یہ پُر حکمت ابدی قول پہنچا تو سُن لیا۔

فرمایا! تو نے جمادات کو دیکھا اِس کے لئے بذاتہٖ زندگی نہیں اور نہ ہی یہ نفع یا نقصان دے سکتا ہے"

لیکن دِل کی آنکھ کے لئے اِس میں مناظر ہیں جب کہ آنکھ ضُعف اور بیماری کا شکار نہ ہو"،

اَے عزیز! اُس کی تجلّی کو اُس کی ذات کے ساتھ دیکھ مخلوق اِس کی وسعت کا حمل نہیں کر سکتی"

تُو ابا حفص یعنی حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ "رضی اللہ تعالیٰ عنہما" کا عکس بن جائے گا اور ہماری طرف سے خیرِ کثیر عطا کرنا اور روکنا ہے"۔

وُہ نوجوان کون تھا؟

وصل ! پھر مجھے اُس نوجوان کے مرتبے کی اطلاع دی گئی اور بتایا گیا

www.maktabah.org

کہ وُہ مکان زمان و مکان سے مُنزہ ہے"

پس جب میں نے اُس کے مرتبے اور اُس کے نزول اور اُس کے وجود میں مکان اور ٹھکانے اور اُس کے احوال کو پہچان لیا تو میں نے اُس کی دائیں طرف بوسہ دیا اور اُسکی پیشانی کے پسینے سے مسح کرتے ہوُئے کہا آپ اپنی مجالس کے طالب اور اپنی موانست میں راغب کی طرف دیکھیں"

پس ایسا اور پیچ دار کلام سے اشارا کیا تو بے شک وُہ کلام کو پھاڑ دینے والا تھا خواہ ایک بات بھی بغیر رمز کے نہ کی جائے، جب میں نے اپنا راز اُسے بتا دیا اور محقق کر دیا اور سمجھا دیا تو میں نے جان لیا کہ فصُحار کی فصاحت اُس کا ادراک نہیں کر سکتی اور نہ بُلغاء کی بلاغت اُس کے نطق تک جاسکتی ہے تو میں نے اُسے کہا اے بشارت اور یہ خیر کثیر دینے والے میں آپ کی اصطلاحوں کو پہنچانا چاہتا ہوُں اور مجھے کیفیت حرکات کی مفتاح پر واقفیت بہم پہنچائیں، میں چاہتا ہوُں کہ آپ سے مذاکرات کروں اور چونکہ آپ میرے کفو و نظر میں اس لئے چاہتا ہوں کہ آپ سے رشتہ داری کا شرف حاصل کروں اور وُہ تیری ذات میں نازل اور امیر ہے، اور اگر آپکی حقیقت مجھُ پر ظاہر نہ ہوتی تو آپکو نہ پا سکتا"

کچھ ایسے ناظرہ چہرے ہیں مجھے اُن سے مطلع کریں۔ پس اُس نے اشارا کیا تو میں نے جان لیا اور مجھ پر اُس کے جمال حقیقت کی تجلی پڑی تو میں نے سمجھ لیا"

پس وُہ میرے ہاتھ میں گر پڑا، اور مجھ پر غالب آگیا قریب تھا کہ میں بے ہوش ہو جاتا خوف کی وجہ سے میرا جسم کانپنے لگا،

www.maktabah.org

اور اس کے ساتھ امین ملائکہ کا نزول ہُوا بے شک اہل علم بندوں میں سے جو اللہ سے ڈرتے ہیں اس سے دلیل مقرر کی اور اس سے معرفت کی طرف علم کا راستہ حاصل کیا،

پس میں نے کہا اب مجھے اپنے بعض اسرار سے مطلع کریں یہاں تک کہ اپنے من جملہ احبار کے ہونے سے، "تو فرمایا! میری مشیت کی تفصیل اور ماہیت کی ترتیب کی طرف دیکھ تو مجھ سے جو سوال کرتا ہے اُس سے رتم پائے گا،

تو بے شک میں نہ متکلم ہوں نہ کلیم میرا علم میرے سوا نہیں اور نہ ہی میری ذات میرے اسمار کی غیر ہے،

میں علم، معلوم اور علیم ہُوں، میں حکمت، مُحکم اور حکیم ہُوں"

پھر مجھے فرمایا میرے پیچھے پیچھے طواف کر اور میرے چاند کے نور کی طرف دیکھ یہاں تک کہ تو میرے ظہور سے وُہ چیز اخذ کرے جسے تو اپنی کتاب پر لکھ سکے اور لکھنے والے پر املا کر سکے،

اور وُہ تمام چیزیں مجھے بتادینا جو تو دوران طواف مشاہدہ کرے جنہیں ہر طواف کرنے والا نہیں دیکھ سکتا تاکہ مجھے تیری ہمت اور تیرا مقصُود معلوم ہو جائے اور جو تجھ سے معلوم ہو جائے اُس کا میں ذکر کر سکوں،

تو میں نے جواب دیا اے شاہد و شہود میں تجھے اُن چیزوں کے ذریعہ سے پہچانتا ہوں جن سے میں نے وجود کے اسرار معلوم کئے ہیں جو انوار کے غالیچوں پر رقصاں ہیں اور تیز نظروں سے ٹکٹکی لگائے پردوں کے پیچھے سے دیکھ رہے ہیں جن پردوں کو اللہ تعالیٰ نے اُٹھالیا ہے اور اُن کا نام موضوع رکھا ہے،

چنانچہ ذات لطیف کی طرف نظر کرنا اور اسے نہ پانا میرے لئے

www.maktabah.org

باعثِ عزت ہے۔

فوصفه ألطف من ذاته   وفعله ألطف من وصفه

وأودع الكل بذاتي كما   أودع معنى الشئ في حرفه

فالخلق مطلوب لمعنى كما   يطلب ذات المساك من عرفه

اُس کا وصف اُس کی ذات سے لطیف تر ہے اور اُس کا فعل اُس کے وصف سے لطیف تر ہے،

ہر چیز اُس کی ذات کی طرف لوٹتی یا متوجہ ہے جس طرح کسی چیز کے معنی اُس کے حرف میں محفوظ معنی کے لئے مطلوب ہیں جیسا کہ کستوری اپنی خوشبو کی وجہ سے پہچانی جاتی ہے،

اگر کوئی چیز اپنے اقتضائے حقیقی سے متوجہ ہوئے بغیر اُس کی طرف طریقت سے واصل ہونا چاہے تو اِس سے اُس کے مشرب میں کُھنا نہیں پایا جاتا اور نہ ہی یہ اُس کی معرفت کی طرف میلان کرتی ہے۔

اب میں اپنے مقصد اور اُسکی غایت کی طرف لوٹتا ہُوں پس دقت وصول دائرہ کھولنے میں اُس کے انتہائی وجود اور ابتدائی نقطہ کی طرف پر کار پکڑ آخر الامر دائرہ اپنے اول سے مربُوط ہو جائے گا اور اُس کا ابساس کے ازل پر لوٹ آئے گا،

پس اُستوار دائم وجود قرار گاہِ شہُودِ ثابت کے علاوہ نہیں اور سوائے اُس کے نہیں کہ یہ لوگوں کے دیکھنے کی وجہ سے راستہ طویل ہو گیا پس اگر عبد اُس کا رُخ اُس کی طرف موڑ دے جو غیر سے ملا ہُوا ہے اِس میں نظر کے لئے بُری آنکھ سے سالکین کی طرف راستہ ہے جب وُہ ملتے ہیں واللہ وُہ فاعل نہیں ہیں، اگر وُہ اپنے مکان کو پہچانتے تو انتقال نہ کرتے لیکن وُہ خالق کی فردیت کو چھوڑ کر حقائق کی ثنویت کی طرف چلے گئے،

www.maktabah.org

نے زمین اور راستوں کو پیدا فرمایا، پس وُہ مدارج اسماء کو دیکھتے ہیں اور سیر کے زینے تلاش کرتے ہیں اُن کا تخیل منزلت عظیم تلاش کرتا ہے اور ارفع حالت حق تعالیٰ کا قصد کرتے ہوئے راغب ہوتی ہے پس وُہ اُن کے ساتھ بُراق صدق اور اُس کے رفرف پر سیر کرتے ہیں اور جو کچھ وُہ اُس کے لطائف و اعلام سے دیکھتے ہیں اُن سے وُہ محقق ہیں۔

یہ امر اُس کے لئے نگاہِ شمالیہ ہے اور فطرت نشاۃ کمالیہ پر ہے۔ اُس کے رُخ کے ساتھ تقابل دراصل دائرے کے نقطے کا تقرر ہے۔ پس اس دائرے کا نصف حصہ دائیں طرف راستہ ہے اور غربی جانب سے اُس کا سفر ہے پہنچنے کے لئے اس کا پہلا گوشہ مشاہدہ تعین میں مقام تمکین ہے،

تعجب ہے اُس کے لئے جو اعلی علیین میں ہو اور اُس کا تخیل اسفل السافلین میں ہے میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ جاہلین ہے ہونے سے پناہ مانگتا ہوں پس اُس کا بایاں اُس کے دائرے کا دایاں ہے۔ اور اُس کا ٹھہرنا اس کے اُس مقام میں ہے جو اس کی انتہائی سیر میں پایا جاتا ہے۔ تو جب یہ مشار الیہ عقلمند کے نزدیک ثابت اور درست ہے اور علم کی طرف مرجع ہے تو اس کا موقف اور ٹھکانہ ہے اُسے چھوڑا نہیں جا سکتا لیکن مسکین آدمی تخیل میں ٹھنکھتا اور کھوتا ہے۔

اور وُہ کہتے ہیں تنگ وضیق کے مقابلہ میں سوائے وُسعت و شرح کے کیا ہے پھر وُہ دونوں مخالفوں پر یہ قرآن پڑھتا ہے پس اللہ تبارک و تعالیٰ جس کی ہدایت کا ارادہ فرماتا ہے اُس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے اور جس کی گمراہی کا ارادہ فرماتا ہے اُس کا سینہ تنگ کر دیتا ہے گویا کہ وُہ آسمان میں چڑھتا ہے جیسا کہ نہیں کھلتا مگر تنگی کے بعد جیسا کہ حصول مطلوب طریق سلوک کے بعد ہوتا ہے۔ اور مسکین اُس کی تحصیل سے غافل ہے جو اُسے الہام کے ساتھ حاصل

www.maktabah.org

ہوتا ہے وہ فکر و دلیل سے حاصل نہیں ہوتا اور جو کہا سچ ہے اور اس میں یقیناً صاحبانِ عقل و فہم کے ہاں دلیل ہے۔

تو بیشک نابیں آنکھ سے دیکھتا ہے۔ تو وہ اس کا حال تسلیم کرتے ہیں اور اس کے لئے اس کا محال ثابت کرتے ہیں اور اس کے محال سے کمر وربدتے ہیں اور اسے کہتے ہیں اگر تیرا ارادہ اسکے وصول کی طرف ہے تو اس سے استعانت پکڑ جو جس سے نکلتا ہے اس کیلئے وہ محال نہیں اور اس سے مقام ہمسائیگی چھپاتے ہیں اور اسکا بوجھ یہ سب لوگ مل جل کر اٹھاتے ہیں۔

پس عندالوصول اس کی طرف جو اسکی سیر ہے وہ حزن ہے اور جو اس کے ساتھ طریقہ اسرار سے حاصل ہوتا ہے وہ فرحت ہے اور اگر حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج طلب نہ فرماتے تو نہ چلتے اور نہ آسمان کی طرف چڑھتے اور نہ اترتے آپ کے پاس ملاءِ اعلیٰ کا حال آیا تھا اور آپ کے پروردگار کی نشانیاں اس کے مقام سے آتی تھیں۔

گویا زمین اس کے لئے رات کا ٹکڑا ہے اور اس میں لیٹا ہوا ہے ولیکن وہ سِرِ خداوندی ہے جو چاہے انکار کرے کیونکہ اس کے لئے پیدائش نہیں اور جو چاہے اس کے ساتھ ایمان لائے کیونکہ وہ اشیاء کا جامع ہے۔

پس اس کے پاس جو علم آیا ہے اس تک عقل نہیں پہنچتی نہ اس کے لئے حد ہے اور نہ ہی فہم کو پورا کرنے پر اس کا حصول ہوتا ہے۔

فرمایا ! مجھے عجیب راز سنایا گیا اور میرے لئے عجیب معنے کھولے گئے۔ تجھ سے پہلے وہ نہ کسی ولی نے سنا ہے اور نہ دیکھا ہے اس پر تیری طرح یہ حقائق تمام ہوئے بے شک اس پر میرے لئے معلوم ہے اور یہ میری ذات کے ساتھ مرقوم ہے

www.maktabah.org

جب تیرے پردے اُٹھیں گے تجھ پر میرا راز کھل جائے گا اور میرے اشارے واضح ہو جائیں گے، ولیکن مجھے اُس نے خبر دی ہے کہ میں تیرے لئے اُسکی گواہی دوں تو جب میں تجھے اُس کے حرم میں اُتاروں اور تجھ پر پوشیدہ چیزوں کو ظاہر کروں تو جو کچھ تو دیکھے مجھے بتا دینا،

مشہد بیعت الٰہیہ کا مشاہدہ

میں کہتا ہوں! اے کلام نہ کرنے والے فصیح اور معلوم کے سائل جاننا چاہئے کہ اس کے لئے اُس کی طرف ایمان سے وصال ہے اور اُس پر حضرت انسان میں نزول ہے، مجھ پر اُس کے حرم میں اُتارا گیا اور اُس کے حرم میں مجھے اطلاع دی گئی اور کہا مناسک کی زیادتی صبر و تحمل میں رغبت کے لئے ہے اگر مجھے یہاں نہیں پایا تو مجھے وہاں پایا اگر تجھ سے تو پوشیدہ ہے تو تیرے لئے مجھ میں تیری تجلی ہے علاوہ ازیں میں نے تجھے تیری قرارگاہوں کے علاوہ قرارگاہ کا علم سکھایا اور تیرے بعض لطائف میں تیری طرف اس کا ایک سے زیادہ مرتبہ اشارہ کیا۔ اگر تیرا حجاب ہے تو وہ تیری تجلی ہے جسے ہر عارف نہیں جانتا سوائے اس کے کہ معارف سے جس کے ساتھ اُس کا علم محیط ہے۔

کیا تو مجھے دیکھے گا کیا قیامت میں اُن کی پہچانی ہوئی صورت کے علاوہ تجلی ہو گی، تو وہ میری ربوبیت کا انکار کرتے ہیں اور اُس سے پناہ مانگتے ہیں، جب کہ اُسی کے ساتھ پناہ مانگتے ہیں مگر نہیں جانتے، مگر وہ کہتے ہیں کہ اس کے لئے ظاہر تجلی ہونا چاہئے تجھ سے اللہ کے ساتھ پناہ مانگتے ہیں اور ہم اپنے پروردگار کے منتظر ہیں۔ پس اُس وقت اُن کی پہچانی ہوئی صورت میں آؤں گا، تو میرے لئے ربوبیت کے ساتھ اور اپنی جانوں پر عبودیت کے ساتھ اقرار

www.maktabah.org

کر لیں گے، اب وُہ اپنی نشانیوں کی عبادت کر رہے ہیں اور اپنی خیالی مقررہ صورتوں کا مشاہدہ کر رہے ہیں تو اُن میں سے جس نے کہا کہ وُہ میری عبادت کرتا اور اُس کے پاس جو تجلی ہے اُس کا انکار کرتا ہے تو اُس نے جھوٹی تہمت لگائی اور مجھ پر بہتان باندھا اور اِس سے یہ کیسے درست ہے تو جو مجھے بغیر صُورت کے صُورت کے ساتھ مُقیّد کرتا ہے تو یہ اُس کا تخیل عبد ہے اور وہ اُس کے قلب مستورہ میں حقیقتِ امکانی ہے۔ پس یہ اُس کا تخیل ہے کہ وہ میری عبادت کرتا ہے اور یقیناً وُہ دانستہ میرا انکار کرتا ہے

ممکنات میں عارفوں کی نگاہ سے میں پوشیدہ نہیں کیونکہ وُہ مخلوق اور اپنے اسرار سے غایب ہیں پس اُن کے لئے اُن کے نزدیک میرے سوا ظاہر نہیں کیا جاتا اور نہ ہی وُہ میرے اسماء کے علاوہ موجودات کو جانتے ہیں۔ پس اُن کے لئے ہر چیز ظاہر و متجلی ہے اور وُہ کہتے ہیں تُو ہی اعلیٰ تسبیحوں والا ہے پس وُہ برابر نہیں کچھ لوگ غایب ہیں کچھ حاضر ہیں اور دونوں کے پاس ایک چیز ہے"

پس جب میں نے اُس کا کلام سُنا اور اُس کے اشارات و اعلام کو سمجھا تو اُس کے کلام نے مجھے اپنی طرف جذب کر لیا اور مجھے اُس نے اپنے سامنے ٹھہرا لیا۔

وجودِ طواف سے کعبہ کے راز کے ساتھ مخاطباتِ تعلیم و الطاف

اُس نے ہاتھ بڑھایا اور میں نے اُسے بوسہ دیا

www.maktabah.org

تو اُس نے وُہ صورت دکھادی جس کا میں عاشق تھا تو وُہ حیات کی صُورت میں آگیا اور میں اُس کے سامنے میں مُردے کی صُورت میں آگیا تو میں نے مختلف لوگوں کو تلاش کرنا شروع کر دیا صُورت نے اُسے کہا تو اچھی حصست کیوں نہیں دکھتا تو میں نے اُس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیا اور کہا کہ میں عالم شہادت میں آج تک اُس کی حقیقت کو نہیں پا سکا۔

پھر اس نے صُورت بصر میں سیرا اور میں نے صُورت بصری میں اسکا طواف تبدیل کیا اور یہ جگر ٹوٹنے اور جگر ٹوٹنے کے خیال کے بعد پھر اس صورت نے عقبی صُورت کو تلاش کیا تو اُس نے اُس کے لیے مقالہ مذکور کی مثل کہا پھر اس نے علم اعم کی صورت میں میرا اور میں نے جہل گناہ کی صورت میں اس کا طواف تبدیل کیا صورت نے عقبی صورۃ کو طلب کیا تو اُس نے اس کے لیے مشہور مقالہ کہا۔

پھر اُس نے سماع ندا کی صورت میں میرا اور میں نے نکارے کو نگی صُورت میں اُس کا طواف تبدیل کیا اور صورت نے عقبی صُورت کو تلاش کیا تو حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان پردہ ڈال دیا۔

پھر اس نے صُورت خطاب میں میرا اور میں نے جواب سے گونگی صُورت میں اُس کا طواف تبدیل کیا اور صورت نے عقبی صُورت کو تلاش کیا پس حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان لوح کی تحریر بھیج دی۔

پھر اُس نے میرا صُورت ارادہ میں اور میں نے اُس کا حقیقت وعادت کے قصُور کا طواف تبدیل کیا اور صورت نے پیچھے آنے والی صُورت کو تلاش کیا پس حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان نُور وضیا کو فائض فرمایا

www.maktabah.org

پھر اُس نے میرا قدرت وطاقت کی صُورت میں اور میں نے اُس کا عجز وفاقہ

کی صُورت میں طواف تبدیل کیا تو صورت نے عقبی صُورت کو طلب کیا پس حق نے عبد کے لئے اُس کی تقصیر ظاہر کردی۔

میں کہتا ہُوں جب میں نے یہ اعراض دیکھا اور مجھے جو تمام اعراض و مقاصد حاصل ہُوئے نہ سونے پر اور نہ میرا عہد پُورا ہُوا تو مجھے کہا اے میرے بندے تو اپنے نفس پر سو گیا۔

اے طواف کرنے والے اگر اس جگہ لطائف کی ان صُورتوں میں میرے یمین کو چُومنا ہے تو ہر چکر میں حجرِ اسود کا بوسہ ہے پس بیشک یہاں میرا گھر بمنزلہ ذات کے ہے اور طواف کے چکر بمنزلہ سات صفات کے ہیں اور یہ صفات صفاتِ کمال ہیں صفات جلال نہیں، کیونکہ صفات تیرے ساتھ اتصال و انفصال ہے پس سات چکر سات صفات ہیں۔

اور بیتِ قائم ذات پر دلالت کرتا ہے سوائے اِس کے کہ میں نے اُسے اپنے فرش پر اُتارا اور میں عوام کے لئے کہتا ہُوں کہ تمہارے نزدیک یہ بمنزلہ میرے عرش کے ہے اور زمین پر میرا خلیفہ اس پر مستوی اور محیط ہے۔ پس فرشتے کی طرف دیکھ تیرے ساتھ دو گروہ ہیں اور تیرے پہلو کی طرف ٹھہرے ہُوئے ہیں۔ پس میں نے اُس کی طرف دیکھا اور وُہ اپنے عرش کی طرف لوٹ گیا اور وُہ پورے جسم کیساتھ بلند ہو کر مجھ سے دُور تھا پس میں نے مسکراتے ہوئے فی البدیہہ کہا!

یا کعبۃ طاف بہا المرسلون	من بعد ما طاف بہا المکرمون
ثم أتی من بعدھم عالم	طافوا بہا من بین عال ودون
أنزلھا مثلا الی عرشہ	ونحن حافون لھا مکرمون
فان یقل أعظم حاف بہ	انی أنا خیر فھل تسمعون
واللہ ما جاء بنص ولا	أتی لنا الا عما لا یبین
ھل ذاك الا النور حفت بہ	أنوارھم ونحن ماء مھین
فانجذب الشیٔ الی مثلہ	وکلنا عبد لدیہ مکین
ھلا رأوا مالم یروا انھم	طافوا بما طفنا ولیسوا بطین

www.maktabah.org

لوجود الالطف منا استوی | علی الذی حفوا بہ طائفین
قد سھموا أن یجھلوا حق من | قد سخر اللہ لہ العالمین
کیف ھم وعلمھم اننی | ابن الذی خروا لہ ساجدین
واعترفوا بعد اعتراض علی | والدنا بکونھم جاھلین
وأبلس الشخص الذی قد أبی | وکان للفضل من الجاحدین
قد سھموا قد سھموا انھم | قد عصموا من خطأ الخطئین

اُے وُہ کعبہ جس کا طواف انبیاء و ملائکہ نے کیا بعد ازاں ایک پُورا جہان آیا جس میں بلند و پست لوگوں نے طواف کیا۔

اللہ تعالیٰ نے اُسے مثالِ عرش بنا کر نازل کیا اور ہم اُس کا طواف و اکرام کرنے والے ہیں۔

اگر اُس کی طرف قصدِ عظیم کرنے والا یہ کہے کہ میں سب سے بہتر ہُوں تو کیا تم سن لو گے۔

خُدا کی قسم وُہ ایسا شخص نہیں جو نص لیکر آیا ہو اور نہ ہی ہمارے نزدیک وُہ کوئی قابلِ ذکر چیز ہے۔

وُہ تو ایک نُور ہے جس نے اُسے گھیرا ہُوا ہے اور ناقص بانی ہیں۔

اُنہوں نے اُس چیز کا مشاہدہ پہلے نہیں کیا تھا جو اَب دیکھی ہے اور اُنہوں نے اُس چیز کا طواف کیا جو مٹی نہیں۔

جو سب سے لطیف ہے اگر وُہ ہم سے علیحدہ ہو جائے تو وُہ اُس چیز پر غالب ہو جائے گا جس کا لوگ طواف کر رہے ہیں۔

اُن کی قسمت میں یہ بات آگئی ہے کہ وُہ اُس شخص کے حق سے جاہل رہیں جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کو مُسخر فرمایا۔

اُن کا یہ کیسا حال ہے! جب کہ وُہ جانتے ہیں میں اُس کا بیٹا ہوں جس کے سامنے ملائکہ سجدے میں گر گئے تھے۔

www.maktabah.org

اور انہوں نے اُس کی "سرفرازی" کا اقرار کر لیا حالانکہ پہلے انہوں نے علم نہ ہونے کی بنا پر میرے والد کی "خلافت کا" انکار کیا تھا،

اور ابلیس شیطنت دکھا کر انکار پر جما رہا اور تمام منکرین کا سردار قرار پایا فرشتوں نے اس بات کو مان لیا اور خطاکاروں کی خطا سے محفوظ ہیں

میں کہتا ہوں پھر میں نے اُس سے دل کے رُخ کو موڑا اور اُس کے ساتھ اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہوا،

طواف کس کا ہوتا ہے

پس مجھے کہا میں نے تیرے باپ سے مدد چاہی اور تجھ میں اپنی برکت رکھی اس پر دونوں سے منزل کی سماعت کر اور جو اُس کے آنے سے پہلے اُس کے سامنے خیر تھی اور ملائکہ مقربین کی منازل سے تیری منزل کہاں ہے تم پر اور ان تمام پر اللہ کی رحمت ہو، میرا کعبہ یہ قلب وجود ہے اور میرا عرش یہ قلب جسم محمود ہے ان دونوں سے کوئی بھی میری وسعت نہیں رکھتا اور نہ ہی اُس کے ساتھ میری خبر ہے جو دونوں کی خبر سے ہے، اور جو گھر میری وسعت رکھتا ہے وہ تیرا قلب مقصود ہے جو تیرے جسم مشہود میں ودیعت کیا گیا ہے، پس تیرے قلب اسرار کا طواف کرتے ہیں تو وہ ان پتھروں کا طواف کرتے وقت بمنزلہ تمہارے جسموں کے ہیں، پس ننگے پاؤں ہمارے عرش محیط کا طواف کرتے ہیں جس طرح تجھ سے علم تخطیط کے ساتھ طواف کرتے ہیں، تو تم دونوں ہو بے شک جسم تجھ سے رُتبہ میں تیرے قلب محیط کے علاوہ ہے ایسے ہی یہ کعبہ عرش محیط کے ساتھ ہے، پس کعبے کا طواف کرنے والے بمنزلہ تیرے قلب کا طواف کرنے والوں کے ہیں ان دونوں کا اشتراک دلوں میں ہے اور تیرے جسم کا طواف کرنے والے ایسے ہی

www.maktabah.org

جیسے عرش کا طواف کرنے والے اِن دونوں کا اشتراک صفتِ احاطیہ میں ہے۔
پس تم دونوں ہو بیشک عالم اسرار کے طائفین اُس قلب کا طواف کرتے ہیں جس میں میری وسعت ہے اور وُہ اِن دُوسروں سے اعلیٰ و بالاشان والا ہے۔
جیساکہ تم عرشِ محیطِ اوّلی کے طواف کرنے والوں پر شرف نعت اور سرداری کے ساتھ۔ یقیناً تم قلب وجودِ عالم کا طواف کرنے والے ہو پس تم بمنزلہ اسرارِ علماء کے ہو اور وُہ جسم عالم کا طواف کرتے ہیں تو وُہ بمنزلہ پانی اور ہوا کے ہیں پس وُہ کیسے برابر ہونگے اور میری وسعت تمہارے برابر نہیں اور نہ ہی صُورتِ کمال میں ظاہر ہے سوائے تمہارے معنیٰ میں۔

تُو میں ہُوں مجھے تلاش

پس وُہ قدر پہچانتے ہیں جو شرف عالی سے تمہیں اُس نے عطا فرمائی اور اس کے بعد یہ کہ میں کبیر متعالی ہُوں میری حد کو حد نہیں نہ مجھے سردار پہچانتا ہے نہ بندہ میری الوہیت کا تقدس تیرے دیکھنے سے منزّہ ہے اور اُس کی منزلت میں تُو مشترک ہے تو میں ہُوں۔

پس مجھے تلاش کر یہاں تک کہ مجھ سے ملاقات کرے مگر تیری طلب و تلاش میں ادب ہو اور اپنے مذہب اور اپنی شریعتوں میں رہ، میرے اور اپنے درمیان تمیز رکھ تو مجھے نہیں دیکھ سکتا اور تو مجھے اِس مقصد کے تحت تلاش نہ کر ورنہ تکلیف اُٹھائے گا اور نہ مجھے خارج میں تلاش کر تجھے اِس میں بھی کامیابی نہیں ہوگی۔

پس صفتِ اشتراک میں توقف کر اور اپنی عبودیت اور درک الادراک ادراک سے اظہار عجز کر، اس میں عنیق سے ملحق اور مکرّم دوست ہو جائے گا۔

پھر کہا: میری بارگاہ سے نکل جا بس تیرے جیسا میری خدمت کے قابل نہیں

www.maktabah.org

تو میں مُستر د ہو کر نکل آیا تو حاضرین چیخنے چلّانے لگے تو اُس نے کہا!

ذَرْنِی وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِیْدًا ؟

یعنی مجھے اور اُس شخص کو نپٹ لینے دو جسے میں نے اکیلے پیدا کیا ہے۔

پھر فرمایا! اسے واپس بُلا لو تو میں واپس آگیا اور مجھے اُس کے سامنے ایسی ساعت نصیب ہوئی گویا کہ میں اُس کے شہود کی بساط اور حضرت وُجود سے کبھی دُور نہیں ہُوا۔

پھر اُس نے فرمایا! میری بارگاہ میں ایسا شخص کیسے داخل ہو سکتا ہے جو میری خدمت کے قابل نہیں اگر مجھے تیرا احترام ملحوظ نہ ہوتا تو میں تجھے حاضری کی کبھی اجازت نہ دیتا، اور تجھے پہلی نظر میں ہی نکال باہر پھینکتا جب کہ اس وقت تُو میری بارگاہ میں موجود ہے، میں نے تجھ میں ایسے بُرہان کا مشاہدہ کیا ہے جس نے میری نظر میں تیرا احترام بڑھا دیا ہے اور تیری شان و شوکت میں اضافے کا باعث ہُوا ہے۔

تُو نے کیوں نہ پُوچھا

پھر فرمایا! جب میں نے تجھے باہر نکال کر دوبارہ واپس بُلایا تو تُو نے مجھ سے اس کے بارے میں پُوچھا کیوں نہیں جب کہ تو صاحب زبان و بُرہان ہے؟ اے انسان تُو اتنی جلدی سب باتیں بھول گیا؟

میں نے کہا! آپ کی ذات کے مُشاہدہ کی عظمت نے مجھے مبہوت کر دیا تھا چنانچہ آپ کی تجلیّات کی وجہ سے آپ کی بیعت کا ہاتھ میرے ہاتھ سے چھُوٹ گیا اور میں حیران و سرگرداں رہ گیا، اور میں کچھ نہ

www.maktabah.org

جان سکا کہ غیب سے کون سی چیز نمُودار ہو گئی۔

اگر آپ اُس وقت میری طرف متوجہ ہوتے تو جان لیتے کہ وُہ میری اپنی ہی حالت تھی جو مجھُ پر وارد تھی مگر آپ کی بارگاہ کا تقاضا یہ ہے، کہ نہ تو اُس کے علاوہ کہیں دیکھا جائے اور نہ ہی آپ کے چہرے کے علاوہ کسی پر نظر ڈالی جائے۔"

اُنہوں نے فرمایا! اے محمّد (ابن العربی) تُو نے ٹھیک کہا ہے چنانچہ اب تو مقام توحید میں ثابت قدمی سے کھڑا ہو جا اور گنتی کو ترک کر دے کیونکہ اُس میں ابدی ہلاکت ہے۔"

بعد ازاں جو مذکرات و مخاطبات ہُوئے وُہ حج کے باب میں بیان ہونگے۔"

وصل اُنہوں نے فرمایا! اے وَلی، اَے صفی، اَے نجی، اے کریم تو جو بات بھی میرے سامنے بیان کرے گا وُہ مجُھے پہلے ہی معلوم ہو گی اور وُہ میری ذات میں قائم و مسطور ہے۔

میں نے عرض کی! آپ نے اپنی مُلاقات سے میرے شوق کو تیز تر کر دیا ہے لہٰذا میری خواہش ہے کہ آپ کے بارے میں مزید واقفیت حاصل کر دوں۔"

اُنہوں نے فرمایا! اے آنے والے مُسافر اور طلب کرنے والے قاصد، میرے ساتھ پتھّر کے کعبے میں داخل ہو جا۔

وُہ ایک ایسا گھر ہے جو پردے اور حجاب سے بلند تر ہے، وُہ عارفوں کے داخل ہونے کی جگہ ہے اور طائفین کے لئے اِس میں راحت ہے، چنانچہ میں اُن کے ساتھ پتھّر کے گھر میں داخل ہو گیا

www.maktabah.org

تو اُنھوں نے اپنا ہاتھ میرے سینے پر رکھ کر کہا! میں محیطِ کائنات کے مرتبہ و ذات اور زمانہ کے اسرارِ وجُود میں ساتواں ہُوں، اللہ تبارک و تعالیٰ نے مجھے نُور کا قطعہ عطا کیا ہے، میری حواس ادجہ ہے اور میرا امتزاج کُلیات، کے ساتھ کر دیا گیا میں اس دوران خود پر نزول کرنے والی تمام اشیاء پر مطلع تھا پس کیا دیکھتا ہُوں کہ ایک اعلیٰ درجے کا قلمی علم اپنی بلند منازل سے میری ذات میں اُتر رہا ہے، جو کہ تین پاؤں والے گھوڑے پر سوار تھا، اُس نے اپنا سر میری ذات میں گھسیڑ دیا تو روشنیاں اور اندھیرے منتشر ہونے لگے اور میرے جسم میں تمام کائنات پھیل گئی، اب میرا آسمان اور میری زمین پھٹنے لگے اور اُس نے مجھے اپنے تمام اسماء پر مطلع کر دیا چنانچہ میں نے اپنی ذات اور اپنے غیر کو پہچان لیا اور میں نے اپنے خیر و شر اور خالق و حقائق میں تمیز پیدا کر لی،

پھر یہ فرشتہ یعنی جس نے اپنا سر میری ذات میں گھسیڑا تھا، مجھ سے الگ ہو کر واپس چلا گیا، تو اُس نے کہا! کیا تجھے معلوم ہے کہ تُو اس وقت فرشتے کے سامنے تھا"

پھر میں نے پیام لانے والے اور قاصد کے نزول کے لئے خود کو آمادہ کر لیا تو فرشتے میرے قریب آنے لگے اور افلاک میرے اِرد گرد گھومنے لگے"

اِن میں سے ہر ایک میرے دائیں ہاتھ کو چومنے لگا اور میری طرف متوجہ ہو گیا لیکن میں نے نہ تو کسی فرشتے کو نازل ہوتے دیکھا اور نہ ہی کوئی فرشتہ میرے سامنے کھڑا ہونے کے لئے منتقل ہوا یعنی وُہ وہیں پر موجود معلوم ہوتے تھے"

www.maktabah.org

اب میں نے اپنے اردگرد غور کیا تو ازل کی صورت کا مشاہدہ کر رہا تھا اور میں نے جان لیا کہ نزول محال ہے چنانچہ میں اسی حالت پر قائم رہا اور میں نے جو کچھ دیکھا یا پایا تھا اس پر بعض مخصوص لوگوں کو مطلع کیا۔

اب میں ایک سرسبز و شاداب باغ اور ایک بھرپور پھل ہوں اب میں اسرار کو کھولتا ہوں اور اس چیز کو پڑھتا ہوں جو مجھ میں مستور اور پوشیدہ ہے۔ لہٰذا تو نے جو کچھ بھی مجھ سے حاصل کیا ہے اسے اپنی کتاب میں لکھ لے اور اس سے اپنے تمام دوستوں کو خطاب کر۔

چنانچہ میں نے اس کے تمام پردے ہٹا کر جب اس کی لکھی ہوئی چیزوں کو غور سے دیکھا تو اس کا نور میرے سامنے نمودار ہوگیا جس کے اندر وہ پوشیدہ علم موجود تھا جو اس پر حاوی تھا۔ تو وہ پہلی سطر جو میں نے پڑھی اور اس سطر کا راز جو میں نے معلوم کیا دوسرے باب میں بیان کروں گا اور اللہ ہی انسان کو سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

www.maktabah.org

باب دوم

مراتب حروف و حرکات عالم اور جو ان کے لئے اسماء الحسنیٰ سے ہے اور علم عالم، معلوم کی معرفت کا بیان، یہ باب تین فصلوں پر مشتمل ہے۔

فصل اوّل: حروف کی معرفت میں

فصل دوم: حرکات کے بیان میں جن سے کلمات میں تمیز ہوتی ہے

فصل سوم: علم، عالم اور معلوم کی معرفت کے بیان میں۔

پہلی فصل

حروف اور ان کے مراتب حرکات جو کہ حروف صغار ہیں اور ان کے لئے جو اسماء الحسنیٰ ہیں کی معرفت کا بیان

ان الحروف أئمه الالفاظ	شهدت بذلك ألسن الحفاظ
دارت بها الافلاك فى ملكوته	بين النيام الخرس والايقاظ
ألحظها الاسماء من مكنونها	فبدت تعز لذلك الالحاظ
وتقول لولا فيض جودى ما بدت	عند الكلام حقائق الالفاظ

حروف لفظوں کے امام ہیں جس کی گواہی حفاظ کی زبان دیتی ہے گونگے، بہرے اور سونے والوں کے درمیان، آسمان اپنے ملکوت میں حرفوں کے ارد گرد گھومتے ہیں۔

www.maktabah.org

آسمانوں نے انہیں اُن کے پوشیدہ مقامات سے دیکھا تو وہ ان کی اِس امر کے لئے عزت کرنے لگے۔

ہم کہتے ہیں اگر ہماری بخشش یا کرم کا فیض نہ ہوتا تو کسی کلام سے لفظوں کے حقائق ظاہر نہ ہوتے۔

جاننا چاہیئے اللہ تعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے بے شک جو وجودِ مطلق بلاقید مُکلف کو متضمن ہے وُہ حق تعالیٰ جلّ شانہ ہے، دوسرے مکلفین ہیں جو عالم ہیں وہ حروف ہیں، جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہم نے چاہا کہ اس درجہ دقیق سے جو اہل کشف کے ہاں اِس پر واقفیت کے بعد تبدیل نہیں ہوتی اِن حروف مکلفین سے مقامِ مکلّف ظاہر کریں، جن بسائط سے اِن حروف کی ترکیب ہے وُہ اِن کا مخرج ہیں اصطلاحِ عربی میں ناموں میں ان کا نام حروفِ معجم ہے، اور اِن کا نام حروفِ معجم اِس لئے ہے کہ اِس میں ناظر پر اس کے معنے مخفی ہیں، جب ہم نے بسائط پر ان کا کشف کیا تو انہیں ہم نے چار مرتبوں پر پایا۔

حرفوں کے آسمان

جن حروف کا مرتبہ ہفت آسمان ہے، وُہ یہ ہیں، الف، زا، لام

جن حروف کا مرتبہ ہشت افلاک ہے وُہ یہ ہیں، نون، صاد، ضاد

جن حروف کا مرتبہ نو افلاک ہے وُہ یہ ہیں، عین، غین، سین، شین،

جن حروف کا مرتبہ دس افلاک ہے وُہ باقی حروفِ معجم ہیں جن کی تعداد اٹھارہ ہے اور اِن میں ہر حرف دس کا مرکب ہے، ترکیب میں استعمال ہونے والے حرف وہی ہیں جو نو، آٹھ اور سات افلاک کے ہیں اِن کے علاوہ نہیں جیسا کہ اس کا ذکر

www.maktabah.org

ہم نے اُن افلاک کی تعداد بیں کیا ہے جو اِن حرفوں میں پائے جاتے ہیں اور یہی بسائط ہیں جن کا ذکر ہم نے دو سو اِکسٹھ [۲۶۱] افلاک کی تعداد میں کیا ہے۔"

حرفوں کا مزاج

سات افلاک کا مرتبہ، اِس میں الف کے علاوہ، زا اور لام ہیں تو اِن دونوں کا مزاج گرم اور خشک ہے جب کہ الف کا مزاج گرم مرطوب، خشک اور سرد ہے یہ عوام سے حسب ہمسائگی گرم کے ساتھ گرمی، مرطوب کے ساتھ رطوبت، سرد کے ساتھ سردی اور خشک کے ساتھ خشکی سے رجوع کرتا ہے۔"

آٹھ افلاک کا مرتبہ! اِس کے تمام حروف گرم اور خشک ہیں

نو آسمانوں کا مرتبہ! اِن حروف میں عین اور غین دونوں کا مزاج سرد اور خشک ہے جب کہ سین اور شین دونوں کی طبع گرم خشک ہے۔"

دس افلاک کا مرتبہ! سوائے حا مہملہ اور خا معجمہ کے اِس کے تمام حروف گرم خشک ہیں جب کہ یہ دونوں حرف سرد خشک ہیں البتہ اِن میں ہا، اور ہمزہ کا مزاج سرد اور مرطوب ہے۔"

آسمان حرفوں سے کیا لیتے ہیں

اِن حروف کی حرکت سے جو افلاک حرارت پاتے ہیں اُن کی تعداد دو سو تین [۲۰۳] ہے۔"

جو افلاک اِن کی حرکت سے خشکی پاتے ہیں اُن کی تعداد دو سو اکتالیس [۲۴۱] ہے

جو افلاک اِن کی حرکت سے ٹھنڈک حاصل کرتے ہیں اُن کی تعداد پینسٹھ [۶۵] ہے

جو افلاک اِن کی حرکت سے نمی حاصل کرتے ہیں اُن کی تعداد ستائیس [۲۷] ہے

www.maktabah.org

مع اِس میں نکلنے اور داخل ہونے کے حساب پر جس کا ابھی ہم نے ذکر کیا،

سات آسمان اِن حروف کی حرکت سے اربعہ عناصر کا اوّل پاتے ہیں اور اِن افلاک سے بطورِ خاص حرف الف پایا جاتا ہے،

ایک سو چھیانوے افلاک ان کی حرکت سے صرف گرمی اور خشکی پاتے ہیں اِن افلاک سے یہ حروف پائے جاتے ہیں، با، جیم، دال، واؤ، زا، طا، یا، کاف، لام میم، نون، صاد، فا، ضاد، قاف، را، سین، تا، ثا، ذال، ظا، شین،

اٹھاسی ۸۸ افلاک اِن کی حرکت سے سردی اور خشکی پاتے ہیں اور ان افلاک سے یہ حرف پائے جاتے ہیں، عین، حا، غین، خا،

بیس ۲۰ افلاک اِن کی حرکت سے بطورِ خاص ٹھنڈک اور نمی پاتے ہیں اور اِن افلاک سے یہ حروف پائے جاتے ہیں ہا اور ہمزہ جب کہ لام اور الف کا ایک سو سات اور چھیانوے ۹۶ افلاک سے امتزاج ہے،

یہ امر اِس ارشادِ خداوندی کی مثل ہے،

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ [1] — نہ انہیں عذاب چھوئے گا اور نہ انہیں غم ہوگا

اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے اِس فرمان کی مثل ہے،

لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ [2] — بیشک اُن کے دلوں میں اللہ سے زیادہ تمہارا ڈر ہے،

تو اِس کا امتزاج ایک سو ساٹھ ۱۶۰، نوے ۹۰ اور بیس ۲۰ سے ہے ان دونوں کے علاوہ ایسا کوئی فلک معلوم نہیں جس سے گرمی اور خاص نمی پائی جاتی ہو،

جب تو اُسکے مزاج کو دیکھے گا تو تجھ پر وہ حکمت واضح ہو جائے گی جس سے اُس کیلئے ایک خاص فلک ممنوع ہے

---

[1] الزمر آیت ۶۱ [2] الحشر آیت ۱۳

www.maktabah.org

گویا کہ وہاں کوئی فلک نہیں پایا جاتا جو اِن عناصر سے انفرادی طور پر پایا جاتا ہو"

دورۂ افلاک

چوتھا فلک ا ہا ہمزہ کے ساتھ دَورہ کرتا ہے اور یہ دَورہ نو ہزار ۹ سال میں مکمل ہوتا ہے"

دُوسرے فلک کے ساتھ حاخا اور عَین غَین دورہ کرتے ہیں اور گیارہ ہزار ۱۱ سال میں فلک کی انتہائی مسافت کو قطع کرتے ہیں"

پہلے فلک کے ساتھ باقی حرُوف دَورہ کرتے ہیں اور بارہ ہزار ۱۲ سال میں دَورے کی تکمیل کرتے ہیں"

یہ امر افلاک میں منزلوں پہ ہے اس میں وُہ ہے جو فلک کی سطح پر فلک کی گہرائی دونوں کے درمیان ہے اگرچہ منازل وحقائق کے درمیان طوالت نہیں لیکن اس سے ملاقات مقصود ہے جس کا شافی بیان اِس کتاب کے ساٹھویں باب میں ہے اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس کلام کے وقت معرفتِ عناصر میں یہ امر ہمیں الہام کیا"

عالمِ سفلی پر عالمِ علوی کا تسلط ہے اور فلک کے انتہائی دَوروں سے یہ دورہ ہے جس عالم کے وجود میں ہم اِس وقت ہیں اور جس رُوحانیت کو ہم نے دیکھا ہے تیزی سے اُس کی طرف چلتے ہیں یہاں تک کہ انشاءاللہ اُس مقام کی طرف یا اُس مقام سے واصل ہونگے"

کِس کِس کا حصّہ ہے

پس ہم اپنے مضمون کی طرف رجوع کرتے ہُوئے کہتے ہیں کہ سات آسمانوں

www.maktabah.org

کا مرتبہ ہم نے ذاء الف اور لام حضرت الٰہیہ کے لئے مکلفہ مقرر کیا ہے یعنی یہ حروف اُس کا حصہ ہیں،،

آٹھ آسمانوں کا مرتبہ ہم نے نوں، صاد، ضاد مقرر کیا ہے جو عالم حروف سے انسان کا نصیب اور حصہ ہے،،

نو آسمانوں کا مرتبہ ہم نے عین، غین، سین اور شین مقرر کیا ہے تو یہ عالم حروف سے جنات کا حصہ ہے،

عالم حروف سے دس آسمانوں کا مرتبہ وہ ہے جو ان چار مرتبوں میں سے دوسرا مرتبہ ہے، چنانچہ عالم حروف سے باقی مقررہ حروف ملائکہ کا حصہ ہے،،

بیشک اِس موجودات اربعہ کے لئے ہم نے اس تقسیم پر حروف سے یہ مرتبے مقرر کئے ہیں حقائق کے لئے تنگیٔ مدرک بنفسہٖ دیوان کی طرف اس کے ذکر و بیان کی محتاج ہے،،

یہاں تک کہ ہم نے اِس بیان کو کتاب ،، المبادی و الغایات،، میں پورا کیا جو اِس پر محیط ہے،،

، حروف معجم عجائبات اور نشانیوں میں سے وہ ہمارے سامنے ہے مگر پوری نہیں ہو گی بلکہ متفرق اوراق کی صورت میں ہے

، ہم انشاء اللہ العزیز اِس باب میں بھی اِس کا قدرے ذکر درخشاں کریں گے،،

جنات کے مرتبے

ناری جنات کے حقائق کے لئے چار مرتبے ہیں، ان مراتب میں اُن کے لئے حق تعالیٰ کی خبر ہے پھر اِن مرتبوں کو اُن کے آگے پیچھے اور دائیں بائیں

www.maktabah.org

کے درمیان لایا گیا، اور ان کے حقائق سے اُن کے لئے پانچویں حقیقت باقی نہیں جس سے وُہ زائد مرتبہ طلب کریں۔

آپ اِس پر عقیدہ رکھیں کہ یہی اُن کے لئے جائز ہے اور اِسی میں اُن کے لئے بلندی ہے اور اِس کے مقابلہ میں دونوں کے لئے چھ جہات ہیں تو بے شک یہ حقیقت اُس امر پر ہے جسے ہم نے کتاب "المبادی والغایات" میں مقرر کیا۔

حروف میں سوائے عین، غین، سین اور شین کے اُن کا اختصاص نہیں اُن حروف میں اُن کے درمیان مناسبت ہے اور بیشک وُہ افلاک سے موجود ہیں ہیں نے یہ حروف اس سے پائے ہیں۔

تین حروف اللہ تعالیٰ کے لئے

ان حروف میں سے برائے حقائق حضرتِ الٰہیہ کے لئے تین حرُوف حاصل ہوئے اِس پر بھی یہی ہے اور یہ تینوں، ذات، صفت اور ذات وصفت کے درمیان رابطہ ہیں اور یہی مقبول یعنی اس کے ساتھ قبول ہیں، کیونکہ اِس کے لئے صفت کا تعلق موصوف کے ساتھ ہے اور یہ اُس کے ساتھ حقیقی تعلق ہے جیسا کہ علم عالم ومعلوم کے ساتھ نفسہٖ مربوط ہے، اور اِرادہ مرید ومراد کے ساتھ اُس کی ذات سے مربوط ہے اور قدرت قادر ومقدور کے ساتھ بنفسہٖ مربوط ہے ایسے ہی تمام اوصاف واسماء ہیں۔

اور اگر نسبت تھی اور اس کے ساتھ حرُوف الف، زا اور لام مختص ہیں تو پہلی نفی کے معنوں پر دلالت ہے اور وُہ ان حروف کی تعداد میں ازل وبسائط واحد ہے، پس جو عجیب تر حقائق ہیں وُہ اس پر موقف ہیں، بے شک وُہ اِس میں

www.maktabah.org

جہل غیر سے منزّہ ہے اور جہلا کے سینوں میں اس کے ساتھ تنگی ہے، اور بیشک ہم نے کتاب مذکور میں ان حروف اور حضرت الہیہ کے مابین مناسبت جامعہ کے بارے گفتگو کی ہے"

تین حروف حضرت انسان کے لئے

ایسے ہی حضرت انسان کے لئے بھی تین حروف حاصل ہوئے ہیں جس طرح کہ حضرت الہیہ کے لئے دوسرے اعداد کا اتفاق ہے، انسان کے لئے یہ حرف، نون، صاد، ضاد، ہیں تو موّاد کی جہت سے حضرت الہیہ کے لئے ان میں فرق ہے، بیشک حقائق میں عبودیت ربوبیت کی شریک نہیں ہوسکتی اور یہ ایسے ہے کہ ایک معبود ہے اور ایک عابد، یعنی دونوں کا عین واحد ہے اور یہ درست نہیں تو لازماً حقائق متبائن ہونگے اور اگر عین واحد کی طرف نسبت ہوگی تو اس لئے وہ اس کے قدم سے الگ ہونگے جس طرح وہ ان کے حدوث سے الگ ہے، اور اس کے علم سے الگ نہیں کہتے جیسا کہ ان کا علم اس سے الگ ہے"

تو بے شک فلک علم ایک ہے قدیم میں قدیم اور حادث میں حادث اور دونوں حضرات میں ہر ایک لئے تین حقائق معقولہ جمع ہیں"

۱، ذات، ۲، صفت، ۳، صفت اور موصوف کے درمیان رابطہ، اس کے ساتھ غیر ہے"

عبد کے لئے تین حالتیں

عبد کے لئے تین حالتیں ہیں، ایک حالت اس کی ذات کے ساتھ ہے دوسرے کے لئے نہیں اور یہ وہ وقت ہے جس میں وہ ہر چیز سے نائم القلب ہو یعنی اس

www.maktabah.org

کا دِل سو رہا ہو، ایک حالت اللہ کے ساتھ ہے اور ایک حالت دُنیا کے ساتھ

اللہ تعالیٰ کے لئے دو حال

اللہ تبارک و تعالیٰ اِس میں ہمارے لئے بائن ہے جس کا ہم نے ذکر کیا اور اُس کے لئے دو حال ہیں، ایک حال جو اُس کے وعدے سے ہے اور ایک حال جو اُس کی خلقت کے وعدے سے اور اس کے اُوپر موجود نہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ کا اِس کے ساتھ تعلقِ صفت ہوگا تو یہ دُوسرا سُمندر ہے اگر ہم اِس میں غوطہ زن ہوں تو ایسے اُمور آئیں گے جن کے سُننے کی طاقت نہیں۔

مناسبت کی صُورت

ہم نے اِنسان کے لئے نوُن، صاد اور ضاد کے درمیان اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے الف، را اور لام کے درمیان نسبت کا ذکر کتاب "المبادی والغایات" میں کیا ہے اور بیشک حضرتِ الٰہیہ کے حروف ہفت افلاک سے اور حضرتِ انسان کے حروف ہشت افلاک سے ہیں تو اِس میں سوائے عابد و معبود کے تباین کے مناسبت میں کوئی قدح اور اختلاف نہیں۔

نوُن کیا ہے

پھر بے شک وُہ نفسِ نوُن میں مرقوم ہے اور یہ عجائبات سے نصف فلک ہے اِس کی سماعت پر کسی کو قدرت نہیں سوائے اُس کے جو اس پر تسلیم و تحقق سے راحت موت کے ساتھ سفر کرتا ہے اُس پر اِس سے اعتراض قائم کرنے کا نہ تصوّر ہے اور نہ اطلاع۔

www.maktabah.org

اسی طرح نونِ سفلیہ کی شکل کے اُوپر نونِ روحانیہ معقولہ کا نقطہ نون کی ذات میں پہلی دلالت ہے، اور یہ نونِ مرقومہ موضوعہ کے ساتھ دائرہ اور نقطہ موصولہ سے نصف ہے اور یہ پہلی شکل ہی مرکز الف معقولہ ہے جس سے دائرہ کے قطر اور آخری نقطہ کی تمیز ہوتی ہے اور اس کے ساتھ نون کی شکل منقطع ہو کر اس کے ساتھ منتہی ہوتی ہے، یہی اِس الف معقولہ متوہمہ کا سِر ہے پس اِس کے سونے سے اس کے قیام کی قدرت نہیں تو یہ تیرے لئے نونَ پر مرتکز ہے پس یہ حرف لام اور نونَ ظاہر ہے اِس کا نصف مع وجودِ الف مذکورہ کے ذا ہے، اِس اعتبار سے نونَ تجھے ازلِ انسانیہ عطا کرتا ہے، جیسا کہ تجھے الف، لا اور لام میں حق عطا کیا گیا ہے۔"

بیشک وہ حق میں دُوسرا ظاہر ہے کیونکہ وہ اُس کی ذات کے ساتھ ازلی ہے اُس کے اپنے لئے اوّل نہیں اور نہ ہی اُس کے وجود کے لئے فی ذاتہٖ افتتاح ہے بلاشک وریب"

انسان ازلی ہے یا اوّل

بعض محققین نے انسانِ ازلی میں کلام کیا ہے اور اُنہوں نے انسان کو ازل سے منسُوب کیا ہے تو انسان اِس ازل میں پوشیدہ ہے پس یہ جہل ہے، کیونکہ انسان اس میں اپنی ذات سے ظاہر نہیں، تو بے شک اِس میں ازل درست ہے اس وجہ سے جو اُس وجود کی وجوہ میں سے ہے، بیشک موجود پر اُس کا وجود چار مرتبوں میں اطلاق کرتا ہے۔"

۱۔ وجود فی الذہن یعنی ذہن میں وجود کا ہونا

۲۔ وجود فی العین یعنی تشخّص میں وجود کا ہونا

۳۔ وجود فی اللفظ یعنی لفظوں میں وجود کا ہونا

www.maktabah.org

۴۔ وُجود فی الرقم یعنی تحریر میں وُجود کا ہونا۔

انشاء اللہ العزیز اس کتاب میں اِس کا ذکر آئے گا تو تو جو کچھ اِس کی صُورت پر اس کے وُجود کی جہت سے پایا اِس کا تعلق اُس کے ثبوت حال میں اُس کے ساتھ علمِ قدیم ازلی کا فی عینہٖ تعلق ہے تو وُہ ازل میں موجود تھا گویا کہ وُہ اُس علم کی عنایت کے سے جو اِسکے ساتھ متعلق ہے اور جیسا کہ عرض کی قیام گاہ اُسکے جوہر کے قیام کے باعث ہے، تو یہ تمام مقام بالتبع ہیں لہٰذا اس میں ازل پوشیدہ ہے اور اِس کے حقائق بھی صُورتِ مُعینہ معقولہ سے الگ ازلی ہیں جو ہماری اِس کتاب میں دائروں اور جدولوں کے اِنشاء میں کی گئی شرح کے مطابق قِدم و حدُوث کو قبول کرتے ہیں اُس بیان کی طرف یہاں نظر کی تو اُسے اس پر محیط پایا چنانچہ اُس سے اِس کتاب کے بعض ابواب میں بوقتِ ضرورت کچھ حصّہ ذکر کیا جائے گا اور سِرِّ ازل سے جس کا ذکر ہم نے حرف نوُن میں ظاہر کیا وہی صاد اور ضاد میں کمالِ دائرہ کے وجود کے لئے تمام اور متمکن ہے اور ایسے ہی نوُن کے حقائق کی طرف حق کے لئے الف، زا اور لام کے حقائق رجوع کرتے ہیں، جب کہ صاد اور ضاد عبد کے لئے ہیں جو حق کی طرف راجع ہیں اور یہ اُن کے اسرار کے ساتھ متصّف ہیں جن کے کھولنے سے ہمیں کتابوں میں روک دیا گیا ہے، لیکن عارف انہیں اِن کے اہل لوگوں کے درمیان کھول دیتا ہے جو اس کے علم اور مشرب میں ہوں یا درجاتِ تسلیم میں اکمل تسلیم کئے گئے ہوں، اور ان دونوں صِنفوں کے علاوہ دُوسرے لوگوں پر اِن اسرار کا کھولنا حرام ہے۔

پس تحقیق ہم نے جو اس کا ذکر کیا اور اِس کے عجائبات میں سے جو تیرے لئے ظاہر کیا اپنے حُسن جمال سے عقلوں پر غالب ہے۔

www.maktabah.org

فرشتوں کے حروف

باقی حروف ملائکہ کے لئے ہیں اور یہ اٹھارہ ہیں، با، جیم، دال، ہا، واؤ، حا، طا، یا، کاف، میم، فا، قاف، را، تا، ثا، خا، ذال، ظا۔

اٹھارہ کا ہندسہ

ہم کہتے ہیں ان مراتب میں حضرت انسان حضرتِ الٰہیہ کی طرح ہے؛ نہیں بلکہ ملک، ملکوت اور جبروت تین مرتبوں میں عین ہے اور ان میں سے ہر مرتبہ تین کی طرف تقسیم ہوتا ہے، پس یہ تعداد میں نو ہیں تو اس سے تین شہادتیں پکڑ اور اس کے ساتھ حضرتِ الٰہیہ اور حضرتِ انسان سے چھ کے مجموعہ میں یا جو اس میں چھ مقدرہ دن ہیں میں ضرب دے تو اس سے تین حقی اور تین خلقی مرتبے پائے گا اور ہر تین سے تیرے لئے اٹھارہ مراتب نکلیں گے اور وہ وجودِ ملک ہے، ایسے ہی حق میں عمل کر اور یہ اُس کے ساتھ مشابہ ہے پس حق کے اِلقا کے لئے نو افلاک ہیں اور اِنسان کے القاء کے لئے بھی نو افلاک ہیں۔

حقی خلقی مراتب

پس نو حقیہ سے ہر حقیقت نو خلقیہ کی طرف امدادِ اسرار در موزہے، اور نو خلقیہ سے حقیہ کے اسرار کی طرف مُنعطف ہے، اِس حیثیت سے دونوں جمع ہیں اور یہ اجتماع مرتبۂ ملک تھا اور یہاں حدث ہے، پس یہ زائد امر ہے کہ یہ حدث وہ ملک ہو تو یقیناً اس تمام سے میلان مراد ہے ایسے ہی نو اُس کا ایک دُوسرا جذبۂ مُتَرَدّد ہے دونوں کے درمیان حضرت جبریل علیہ السلام حق تعالیٰ

www.maktabah.org

کی طرف سے نبی علیہ السلام پر نازل ہوتے ہیں اور بے شک حقیقت ملک میں میلان درست نہیں کیونکہ یہ دونوں کے درمیان اعتدال کے پیدا ہونے کی جگہ ہے اور اس سے انحراف جائز نہیں، لیکن وہ حرکت منکوسہ "سرنگوں" اور حرکت مستقیمہ "سیدھی" کے درمیان پھرتا ہے یہ عین کنایہ اور رمز ہے "اگر آنے والا فاقد" گم کرنے والا" ہے تو حرکت منکوسہ ذاتیہ عرضیہ ہے اور اگر آنے والا واجد" پانے والا" ہے تو حرکت مستقیمہ عرضیہ ہے ذاتی نہیں"

اگر چھوڑ دے تو فاقد ہے پس حرکت ذاتیہ اور عرضیہ ہے اور اگر پا لے تو واجد ہے پس حرکت منکوسہ عرضیہ ہے، ذاتیہ نہیں" اور بے شک عارف سے ہمیشہ حرکت مستقیمہ ہو گی اور عابد سے ہمیشہ حرکت منکوسہ ہو گی، جو کلام منکوسہ، افقیہ اور مستقیمہ حرکات کا حصر کرتا ہے وہ اس کتاب میں داخل ہے اور انشاء اللہ آگے آئے گا تو یہ ایک عجیب غیبی نکتہ ہے"

نو ۹ ہی سات ہے

ہم پھر اپنے موضوع سے رجوع کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ نو ۹ ہی سات ہے اور یہ عالم شہود ہے جو فی نفسہ برزخ ہے، پس یہ ایک ہے اور اس کیلئے ظاہر ہے تو دو ہیں اور اس کے لئے باطن ہے تو یہ تین ہیں پھر اس کی ذات میں عالم جبروت برزخ ہے تو وہ ایک ہی ہو گا لہذا یہ چار ہیں۔

پھر اس کے لئے ظاہر ہے اور وہ عالم شہادت کا باطن ہے پھر اس کے لئے باطن ہے اور یہ پانچ ہے

پھر اس کے بعد عالم ملکوت ہے اور یہ اس کی ذات میں برزخ ہے اور

www.maktabah.org

بہ چھ ہے،

پھر اُس کے لئے ظاہر ہے اور وُہ جبروت کا باطن ہے اور اُس کے لئے باطن ہے اور وُہ سات ہے، اور اِس کے علاوہ خطا ہے،
اور یہ سات اور نوؔ کی صُورت ہے،

القاء اور تلقی

پس تین کو سات سے ضرب دے گا تو اکیس نکلیں گے اِس میں سے تین اِنسانیہ نکال دیں تو باقی اٹھارہ رہ جائیں گے اور یہی مقام ملک ہے اور یہی وُہ افلاک ہیں جن سے انسان کا ملاپ اور ٹکراؤ ہوتا ہے،
ایسے ہی تین حقی مراتب کو بھی سات سے ضرب دے گا تو اس کے ہاں وُہ افلاک ہونگے جن سے حق تعالیٰ اپنے بندے پر واردات میں سے جو چاہتا ہے اِلقاء کرتا ہے، اگر ہم انہیں حق تعالیٰ کی طرف سے لیتے ہیں تو ہم انہیں افلاک اِلالقا کہتے ہیں اور اگر ہم انسان کی طرف سے لیتے ہیں تو افلاک التلقی کہتے ہیں اور اگر دونوں سے لیتے ہیں تو اس کے ساتھ نوؔ حق سے القاء کے لئے اور دوسرے نو تلقی کے لئے مقرر کرتے ہیں اور اِن دونوں کے اجتماع سے فرشتہ پیدا ہوتا ہے،
اسلئے ہی حق تعالیٰ نے نوؔ افلاک سات آسمان، کرسی اور عرش بنائے ہیں اور اگر چاہیں تو انہیں فلکِ کواکب اور فلکِ اطلس کہیں اور یہ درست ہے،

گرم اور مرطوب حروفِ طبعی زندگی پر دال ہیں

تتمیم، ہم نے اِس فصل کے اول میں حرارت و رطوبت کا نہ ہونا بیان کیا تھا اور اِس کا سبب بیان نہیں کیا تھا تو اِس تتمیم کے بعد اِس باب

میں قدرے اس کا ذکر کیا جاتا ہے جبکہ اِس کتاب میں انشاءاللہ العزیز وہ پورا باب داخل ہوگا جو اس مضمون پر محیط ہے۔

گرم اور مرطوب حروف چونکہ فلک کے ساتھ دُوسرے فلک کا دورہ کرتے ہیں جس کا ذکر ہم نے پہلے باب میں کیا ہے

پس جاننا چاہیئے کہ حرارت اور رطوبت یہی طبعی زندگی ہے تو بیشک اگر اُس کے لئے فلک ہے جیسا کہ اُسکے ساتھیوں کی ملاقات میں اِس فلک کا دورہ توڑنے کے لئے اور وُہ ہمیشہ مسلّط ہے، جیسا کہ حیاتِ عرضیہ یعنی زمانے کی زندگی میں عدم یا انتقال ظاہر ہوتا ہے اور اِس کی حقیقت کا تقاضا یہ ہے کہ معدوم نہ ہو تو اُس کے لئے فلک نہیں، اِس لئے ہی اُنہیں باری تعالیٰ نے آخرت کی خبر دی ہے کہ یہی زندگی ہے۔

اور اگر ہر چیز اُس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرے تو حیاتِ ابدیہ کا فلک حیاتِ ازلیہ کی طرف لوٹتا ہے اور اس کے لئے فلک دَورے کا اقتضاء نہیں کرتا، زندہ کے لئے حیاتِ ازلیہ ذاتیہ کے لئے نقیض درست نہیں! پس حیاتِ ابدیہ جس سے حیاتِ ازلیہ پیدا ہوتی ہے کا انقضا دُرست نہیں،

کیا تُو نے نہیں دیکھا کہ جب روحوں کے لئے حیاتِ ذاتی ہے تو بلاشبہ اِس میں اُنہیں موت نہیں اور جب اجسام میں عرض کے ساتھ زندگی قائم ہو تو اُس کے لئے موت اور فنا ہے۔

جسم کی زندگی رُوح کی زندگی سے ہے

یقیناً جسم کی زندگی سے رُوح کی زندگی کے آثار ظاہر ہیں جیسا کہ زمین میں سُورج کی روشنی، تو جہاں سے سُورج گذرتا ہے وہاں روشنی ہوتی ہے

www.maktabah.org

اور باقی زمین میں اندھیرا ہوتا ہے، ایسے ہی جب رُوح جسم سے اُس عالم کی طرف رحلت کرتی ہے جہاں سے آتی ہے تو اُس کی اتباع میں زندہ جسم میں زندگی منتشر ہو جاتی ہے اور باقی جسم آنکھوں کو جمادات کی صُورت نظر آتا ہے پس کہتے ہیں کہ فلاں مر گیا اور حقیقت کہتی ہے کہ اپنی اصل کی طرف لوٹ گیا ہے۔

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى[1]

ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اسی میں تمہیں پھرے جائیں گے اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے

جسم ورُوح کا ملاپ

جیسا کہ رُوح اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے یہاں تک کہ عشق کے طریق پر رُوح سے جسم کے لئے جلوت ہوگی تو اُسے اُٹھایا جائے اور اُس کے اجزاء و اعضاء کی ترکیب و ترتیب حیات لطیفہ کے ساتھ ہوگی، اُس کی تا[illegible] کے لئے انتہائی متحرک اعضاء ہونگے اور رُوح کی گرمی سے اکتساب کرے گا، [illegible] جب اُس کی بنیاد برابر ہوگی اور نشاۃ ترابیہ قائم ہو جائے گی تو اُسے صُور میں اسرار اسرافیل کے ساتھ رُوح کی تجلی ہوگئی جو اُس کے اعضاء میں زندگی دوڑا دے گی پس وُہ شخص برابر قائم ہو جائے گا جس طرح پہلی بار تھا، پھر اُس میں دُوسری بار پھونکا جائے گا تو جب وُہ کھڑے ہونگے تو زمین کو اپنے ربّ کے نُور سے درخشندہ دیکھیں گے جیسا کہ تم ابتداء کو لوٹ گئے ہو۔

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ[2]

آپ فرما دیں اُنہیں وُہ زندہ کرے گا جس نے اُنہیں پہلی بار بنایا۔

---

[1] طٰہٰ آیت ۵۵ [2] یٰسین آیت ۷۹

www.maktabah.org

خواہ وُہ شقی ہو یا سعید تو اِن امروں کے امتزاج میں عجائبات ہیں جاننا چاہیئے کہ بے شک حرارت و برودت دو ضدّیں ہیں اور اِن کا امتزاج نہیں اور جب امتزاج نہیں ہوگا تو ان میں سے کوئی چیز نہیں ہوگی ایسے ہی خشکی اور نمی ہیں اور یقیناً اِن دونوں کا امتزاج ضدٌ الضدا ایک ضد کے ساتھ دُوسری ضد کا امتزاج ہوگا جبکہ چاروں کے سوا کبھی پیدا نہیں ہوگا چونکہ یہ چار ہیں اِس لئے دو دو ضدوں کے لئے دو ضدّیں ہیں "

تو اگر اِس پر نہ ہو البتہ وُہ مُرکب اس سے زیادہ ہے جو اُسے اس کے حقائق سے عطا کیا گیا اور اربعہ۴ اصُول سے زیادہ مُرکب نہ ہوگا تو بے شک اربعہ۴ ہی اصُول تعداد ہے "

چار کا ہندسہ

چار میں تین۳ ہیں اور یہ تین۳ چار۴ سے مِل کر سات ہو جائینگے
چار۴ میں دو۲ ہیں اور یہ دو۲ سات۷ سے مل کر نو۹ ہو جائینگے "

چار میں ایک۱ ہے اور یہ ایک۱ نو۹ کے ساتھ مل کر دس ہو جائینگے اور اس کے بعد جو مرکب چار۴ ہیں بنالیں اور ایسا کوئی ہندسہ نہیں پایا جاتا ہے جو تجھے اِن چار کے علاوہ عطا کیا گیا ہو جیسا کہ چھ۶ کے ہندسہ کے علاوہ کوئی مکمل ہندسہ نہیں پایا جاتا کیونکہ اِس میں نصف، ثلث اور چھٹا حصہ پایا جاتا، تو حرارت و یبُوست، پھر آگ، گرمی، اور نمی، پھر ہوا، ٹھنڈک اور نمی، پھر پانی، برُودت، خُشکی اور پھر مٹی کا امتزاج ہے "

حرارت و یبُوست کا امتزاج ہے پس آگ، حرارت اور نمی ہو گئے، پس ہوا، برودت اور نمی ہو گئے، پس پانی، برُودت اور خشکی ہو گئے پس مٹی ہو گئی "

www.maktabah.org

تو دیکھیں ہوا آگ اور نمی سے بنی ہے اور یہ نفس ہے جو حیاتِ حسیہ ہے اور یہ پانی، زمین اور آگ ہر چیز کے لئے بنفسہ مُحرک ہے اور اُس کی حرکت اشیاء کو حرکت دیتی ہے اُس کے لئے زندگی ہے جب کہ حرکت زندگی کی نشانی ہے"

تو یہ چار ارکان اُمہاتِ اوّل سے پیدا ہوتے ہیں، پھر تو جان لے کہ بیشک ان اُمہاتِ اوّل سے مرکباتِ کو اِن کے حقائق عطا ہوتے ہیں جو امتزاج کے بغیر نہیں ہیں پس حرارت سے گرم ہونا اُس کے غیر سے نہیں ہوگا ایسے ہی یبوست سے خشکی اور قبض کا ہونا ہے،

جب آگ کو دیکھا کہ وُہ پانی کو اُس کے مقام سے خشک کرتی ہے پس حرارت کے لئے یہ تخیل نہیں کہ وُہ پانی کے گڑھے میں ہے تو بے شک آگ حرارت اور خشکی کا مرکب ہے جیسا کہ پہلے اُس کی حرارت سے پانی خشک ہوتا ہے اور یبوست سے اُس میں خشکی واقع ہوتی ہے،

ایسے ہی نمی اور برودت کی ٹھنڈک کے بغیر ملین نہیں ہوگا یعنی اُس میں نرمی نہیں آئے گی"

اجتماعِ ضدّین

پس حرارت خشک کرتی ہے، برودت ٹھنڈک دیتی ہے، نمی نرم کرتی ہے، تو یہ اُمہاتِ متنافرہ سوائے صُورت کے کبھی جمع نہیں ہوسکتیں، لیکن اُس کے حقائق عطا ہونے کے مطابق ہونگی اور اِس سے کبھی ایک صُورت نہیں پائی جاتی بلکہ دو صورتیں پائی جاتی ہیں"

مگر حرارت و یبوست جیسا کہ اِس کے پہلے مرکب سے ہے، رہا حرارت اور اُس کی حد کا پایا جانا تو اُس کے لئے سوائے اِس کے کسی میں انفرادیت

www.maktabah.org

نہیں ہوگی مگر یہی۔

حقائق کی قسمیں

وصل! تو بیشک یہ حقائق دو قسموں پر ہیں!

۱، وُہ حقائق جو عقل میں مفردات پائے جاتے ہیں جیسے زندگی، علم، نطق اور حسّ،

۲، وُہ حقائق جو وجودِ مرکّب سے پائے جاتے ہیں جیسے، آسمان، عالم، انسان اور پتھر،

یہ مُشکل بات ہے

اگر تو کہے اِن اُمہات منافرہ کے جمع ہونے کا سبب کیا ہے یہاں تک کہ اِن کے اِمتزاج سے جو ظاہر ہے وُہ ظاہر ہو تو یہ سِرّ عجیب اور مُشکل مرکبّ ہے اِس کا کھولنا حرام ہے کیونکہ اِس کے اُٹھانے کی طاقت نہیں عقل اِس کی عقل نہیں رکھتی لیکن کشف اس کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس سے خاموش رہ، اور میری اِس کتاب میں ان مواقع میں بعید اشارے ہیں اِس پر باریک بین بحث کرنے والا ادراک کر سکتا ہے،

ولیکن سبحانہٗ صاحبِ اختیار کے ارادہ نے اِس کی تالیف کے لئے کہا جو کچھ تخلیق عالم سے اُس کے علم میں پہلے ہے، اور بے شک یہ اصل اُس سے زیادہ ہے یا اُس کی اصل ہے اگر اُس کی تالیف چاہے، اور وُہ اعیان میں موجود نہ ہو ولیکن اُسے مؤلفہ پایا پہلے اُسے مفرد بنایا پھر اُسے جمع کیا اور اِس سے یہ حقائق ہیں،

www.maktabah.org

پس ان حقائق سے دو حقیقتوں کی تالیف سے اِس عبارت کی صُورت پائی گئی"

پس وُہ لوٹتی ہے گویا کہ متفرق موجود تھی پھر تالیف ہوئی تو تالیف کے لئے حقیقت کا ظہور وقتِ افتراق میں نہ تھا"

حقائقِ اُمہات وحروف

پس ان اُمہات کے حقائق عطا کئے گئے بے شک اس کی عین ہیں ان کے لئے اِس سے مرکبّ صُورتوں کے وجُود نہ تھا، پس جب یہ صُورتیں بنائی گئیں تو یہ پانی، آگ، ہوا اور زمین کی صُورتیں تھیں، اور اللہ تعالیٰ سبحانہ نے ایک کو دُوسری کی طرف تحلیل کیا چُنانچہ آگ ہوا میں اور ہوا آگ کی طرف لوٹتی ہے جیسا کہ تا، طا اور سین، صاد اُس کی طرف پھرتے ہیں جس میں اُمہات کو پایا"

اول اس سے یہ حرُوف پائے تو اُس فلک نے اُس سے زمین پائی اور اُس سے جو حرف پائے وُہ یہ ہیں ثا، تا، جیم کا سرِ الام کی جڑ کا نصف، خا کا سرا، ہا کا تیسرا حصّہ، دال یا بسہ، نوُن اور میم"

اور جس فلک نے اِس سے پانی پایا اُس سے جو حرف پائے گئے وُہ یہ ہیں شین، غینَ، طا، حا، ضاد، ایک نقطے کے ساتھ یا کا سِرا، بغیر سر کے فا کے جسم کی مد، قاف کا سرا اور وُہ چیز جو اُسکی جڑ میں ہے، ظا معجمہ کا نیچے کا نصف حصّہ۔

اور جس فلک نے اس سے ہوا پائی اُس سے یہ حرف پائے گئے"، ہا کی دُوسری آنکھ جو اُس کا دائرہ منعقد کرتی ہے، فا کا سرا، نصف دائرہ کے حکم پر خا کی جڑ، ظا معجمہ کے اُوپر کا نصف دائرہ مع اُس کے قائمہ کے ذال، عین صاد، واو۔

www.maktabah.org

اور جس فلک نے اُس سے آگ پائی اُس سے یہ حرف پائے گئے، ہمزہ، کاف، با، سین، را، جیم کا سرا، یا کا بغیر سر کے نیچے کا دو تہائی جسم، لام کا وسط، قاف کا جسم بغیر سر کے، اور الف کی حقیقت سے جو ان تمام حروف میں صادر ہے، اور وہ روح اور حِس کا فلک ہے اور ایسے ہی پھر پانچ موجود ہے اور وہ اِن ارکان کی اصل ہے۔

اور اِس میں طبائع کا علم رکھنے والے اصحاب کے نظریات میں اختلاف ہے حکیم نے اِس کا ذکر اسطقسات میں کیا اور اُس میں کوئی چیز ایسی نہیں پائی گئی جہاں ناظر توقف کرے اور نہ ہی علمِ طبائع جاننے والوں میں بحثیت قراۃ پہچانی جاتی ہے،

میرا ایک ساتھی جو علمِ طب حاصل کر رہا تھا میرے پاس آیا تو میں نے چلتے ہوئے اُس سے پوچھا ہمارا اِن اشیاء کے بارے میں علم کشف کی جہت سے ہے قرأت و نظر کے لحاظ سے نہیں، پس اُس نے ہم پر پڑھا تو اس سے اس اختلاف پر واقفیت حاصل ہوئی،

مذکورہ بالا گفتگو سے مجھے اس امر کا پتہ چلا اگر یہ بات نہ ہوتی مجھے پتہ نہ چلتا کہ اِس میں کسی کا اختلاف ہے یا نہیں؛ تو بے شک ہمارے پاس اِس میں سے وہی چیز ہے جو اس پر حق ہے اور جو ہمارے نزدیک اس کے خلاف ہے تو بیشک اللہ تبارک و تعالیٰ سے اُس کے متعلق علوم لیتے ہیں، اِس کے ساتھ دِل فکر سے خالی ہے اور قبول واردات کی استعداد کا امر اُس کی اصل پر بغیر اجمال و حیرت کے اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات عطا کرتی ہے،

اِس پر اس سے حقائق کی معرفت حاصل کر مفردات تھا یا حدوث ترکیب کے ساتھ حادث یا حقائق الٰہیہ برابر ہے، ہمیں اِس میں کسی چیز پر شک نہیں تو جو

www.maktabah.org

یہاں ہے وُہ ہمارا علم مراد ہے اور حق تعالیٰ جل شانہ، ہمارا معلم ہے جس نے وراثت انبیاء علم کو خلل و اجمال اور ظاہر سے معصوم و محفوظ رکھا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ [1] اور ہم نے اُن کو شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وُہ اُن کی شان کے لائق ہے،

اور بے شک شعر محل اجمال و رموز اور اشارہ و غمزہ ہے یعنی رمز سے اس چیز تک پہنچائے جسے ہم نہ کسی چیز سے اشارہ کر سکیں اور نہ مخاطب کر سکیں،

پس محل شعر یقیناً اجمال و رموز اور ابہام و اخفاء ہے یعنی اُس چیز کے لئے ہماری رمز ہو اور ہم نے نہ اُسے مبہم کیا نہ کسی چیز کے ساتھ خطاب کیا، ہماری مُراد دُوسری چیز ہے اور ہم نے اسے مجمل خطاب نہیں کیا مگر یہ کہ اُس کا ذکر شاہد تھا، جب ہم نے اُسے جذب کیا اور چھپایا اور جب ہم نے اُسے اپنے پاس حاضر کیا تو ہم اُس کی سمع تھے اور اُس کی بصر تھے، پھر ہم نے اُسے تمہاری طرف لوٹا دیا تاکہ تم جہل کے اندھیروں اور کَون میں اُس سے ہدایت حاصل کرو، پس ہم اُس کی زبان تھے جس کے ساتھ تمہیں مخاطب کیا جاتا پھر ہم نے اُس پر اپنا ذکر اُتارا پھر اُس کے ساتھ شاہد کا ذِکر کیا جائے تو وُہ ذکر اُس کے لئے حاصل ہے" اور قرآن یعنی اُن چیزوں کا مجموعہ جن کا بیان ہمارے نزدیک اُس کے علم کے لئے اصل کے ساتھ شاہد ہے اِس منزّہ و مقدّس تقریب کا مشاہدہ اور معائنہ کرنے والے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور اِس میں ہمارے لئے حسب تقویٰ اور صفاء محل حصہ ہے، تو جو کوئی اِس کے اعیان و تالیف کے وجود میں اللہ تبارک و تعالیٰ

---

[1] یٰسین آیت ۶۹

www.maktabah.org

کی طرف محتاجی اور احتیاج سے عالم مرکبات اور علم طبائع کو جانتا ہے تو وُہ حضرتِ الٰہیہ کے اسماء الحُسنیٰ اور اوصافِ اعلیٰ کے سبب سے ہے، اِس کے حقائق سے اُس کی طرف سے جیسا تو چاہے گا عطا ہونگے۔

اِس فصل کا بیان اِس کتاب میں جدولوں اور دائروں کے انشاء کے مقام پر پُورا کیا گیا ہے اور اِس طرف سے اِس کتاب میں ذکر کیا جائے گا پس وہ مسبب الاسباب ہے جو ہمیشہ موئلف اُمہات اور مولد البنات ہے تو وہ پاک ذات سبحانہٗ خالق ارض و سماوات ہے۔

چار مرتبے چھ مرتبے

وصل: اِس کتاب میں کلام مطلوب کی غایت مُکلف اور مکلفین کی جہت سے حرفوں اور اس سے اس کے حصوں اور افلاک سداسیہ مضاعفہ کی حرکت پر منتہی ہے نیز ان افلاک میں دوروں پر بلند ہونا ان کی حرکت سے اور طبیعت سے ان کے حصہ پر ہے جب کہ حسبِ مکلفین چار عام مراتب ہیں اِس لئے کہ بساطِ افلاک دو اقسام پر مُشتمل ہے۔

وُہ بسائط جن کے ساتھ عام عُقلاء کے حقائق کا اختصار اِن چار پر ہے،

۱، حق تعالیٰ کے حرُوف سات افلاک سے

۲، انسان کے حرُوف آٹھ افلاک سے

۳، ملک کے حروف نو افلاک سے

۴، جن ناری کے حروف دس افلاک سے

پھر ان عقلاء کے ہاں ادراک سے اُنکا نورِ عقل اُس چیز سے قاصر ہے جو دہاں ہے کیونکہ وُہ اپنے عقول سے مغلوب ہیں جب کہ محققین اپنے سردار شہنشاہ

www.maktabah.org

حقیقی اللہ سبحانہ تعالیٰ کے غلبہ کے تحت ہیں اس لئے اُن کے لئے جو کشف ہوتا ہے دُوسروں کے لئے نہیں۔

بسائط محققین چھ مرتبوں پر ہیں۔

پہلا مرتبہ

حق تعالیٰ کا مرتبہ مُکلّف نہیں نوُن سے ہے اور یہ آٹھ افلاک ہے تو بیشک حق ہے ہمارے سوا اُس کو نہیں جانتا اور وُہ ہمارا معبود ہے اور اِس کے کمال کا ادراک نہیں رکھتا مگر ہمارے ذریعہ یہی وجہ ہے کہ اُسکے لئے نُون ہے اور وُہ ثنائیہ ہے کیونکہ ! اس کے دو بسائط واؤ اور الف ہیں، الف اُس کے لئے اور واؤ تیرے معنے کے لئے ہے تو اللہ کے اور تیرے سوا کچھ نہیں کیونکہ تُو خلیفہ ہے لہٰذا الف عام ہے اور واؤ ملی جُلی ہے جیسا کہ اس کا ذکر اِس باب میں آئے گا۔

اِس مخصوص فلک کا دَورہ فلک مُحیط کُلّی کے ساتھ منقطع ہوتا ہے اور اِس کا جامعہ دورہ فلک کُلّی کو بیاسی ہزار سال میں منقطع کرتا ہے جبکہ فلک واؤ فلک کُلّی کو دس ہزار سال میں قطع کرتا ہے اِس امر کا ذکر ہم اپنے کلام میں حرُوف مقرّرہ اور اُن کے حقائق کے موقعہ پر اِس باب کے بعد کریں گے اِن مراتب سے جو باقی ہے وُہ مُکلّفین کی تعداد پر ہے۔

دُوسرا مرتبہ

دُوسرا مرتبہ اِنسان ہے اور وُہ مکلّفین کا اکمل وجود، اَتم و اَتم خلق اور راست تر ہے اِس کے لئے ایک ہی حرف ہے اور وُہ میم ہے اور یہ ثلاثیہ ہے، اِس کے لئے تین بسائط یا، الف اور ہمزہ ہیں اِس کا بیان اِسی باب میں داخل

www.maktabah.org

ہے جو انشاءاللہ العزیز آگے آئے گا۔

تیسرا مرتبہ

یہ مرتبہ مطلقاً ناری اور نوری جن کے لئے ہے اور یہ رباعیہ ہے، اس کے لئے یہ حروف ہیں، جیم، واؤ، کاف، قاف اِن کا ذکر آئے گا،

چوتھا مرتبہ

چوتھا مرتبہ بہائم کے لئے ہے اور یہ خماسیہ ہے اس کے لئے یہ حروف ہیں دال یابسہ، زا، صاد یابسہ، عین یابسہ، ضاد معجمہ، سین یابسہ، ذال معجمہ، غین معجمہ، شین معجمہ اس کا بیان انشاءاللہ آگے آئے گا،

پانچواں مرتبہ

پانچواں مرتبہ نباتات کے لئے ہے اور یہ سداسیہ ہے اس کے لئے یہ حروف ہیں، الف، ہا، لام، اور اس کا ذکر انشاءاللہ آگے آئے گا،

چھٹا مرتبہ

چھٹا مرتبہ جمادات کے لئے ہے اور یہ سباعیہ ہے اس کے لئے یہ حروف ہیں با، حا، طا، یا، خا، را، تا، ثا، فا، اور ظا، انشاءاللہ العزیز اس کا ذکر آگے آئے گا،

یہ اسرار خداوندی ہیں

الغرض اس کتاب میں روشنیوں کا اظہار اور اشارات اسرار موجود ہیں،

www.maktabah.org

اگر ہم اِن حروف کے اسرار کو کھول دیں تو قلم اور دوات خشک ہو جائیں، اوراق و الواح تنگ ہو جائیں"

اور اگر منثور لکھا جائے تو یہ کلمات اُن میں سے ہیں جن کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا سمندر دوات بن جائے اور فرمایا تمام زمین کے درخت قلمیں بن جائیں اور سمندر سیاہی بن جائے اور اس کے بعد کہا سات سمندر اللہ تعالیٰ کے کلمات میں گم ہو جائیں تو یہ راز اور اشارۂ عجیبہ ہر گز ہر گز ادراک نہیں کیا جا سکتا اور زیرک ان کلمات کی خبر نہیں رکھتا

اگر یہ علوم فکر و نظر کا نتیجہ ہوتے تو پھر قریب تر مدت میں انسان ان کا حصر نہ کر لیتا؟ مگر یہ غیب سے بندے کے دل اور نیک ارواح پر اللہ تبارک و تعالیٰ کی رحمت اور اُس کے پاس سے نزول و ورود کرتے ہیں.

یہ علم اللہ تبارک و تعالیٰ کا اپنا عطا کردہ ہے اور وُہ وہاب علی الدوام اور فیاض علی الاستمرار ہے یعنی ہمیشہ ہمیشہ عطا اور بخشش فرمانے والا ہے.

عِلم اسرار عِلم توحید ہے

ہمیشگی پر تحلی قابل ہے، خواہ جہل قبول کرے خواہ عِلم جس کے قلب کا آئینہ صاف اور مجلّیٰ ہو گا اُسے عطائے دوام حاصل ہو گی اور اُسے وُہ چیز ایک لحظہ میں عطا ہو جائے گی جس پر قابو پانے کی طاقت وُہ زمانوں میں نہ رکھتا تھا فلک معقول اس کی وسعت نہیں رکھتا اور فلک محسوس تنگ ہے، پس جس کی نہایت و غایت کا تصور نہ ہو اس کا انقضیٰ کیسے ہو گا، یہاں توقف کر بیشک اِس کی صراحت اللہ تبارک و تعالیٰ کے اِس فرمان میں موجود ہے جو اُس نے رسُول اللہ علیہ و آلہ وسلم کو کیا کہ، آپ کہیں اے میرے پروردگار میرا عِلم زیادہ فرما،

www.maktabah.org

- القرآن

اس زیادتی علم سے مُراد توحید کے ساتھ کثرت اور معرفتِ خداوندی کے ساتھ زیادہ تعلق ہونا ہے، اس میں اُس کی تحمید زیادہ کرنے کی رغبت ہے اور اُس کی تحمید پر اُس کا فضل بے انتہا زیادہ ہے، اس سے زیادہ طلب کرنے کا انقطاع نہیں۔"

جب کسی کو یہ علوم و اسرار حاصل ہو جائیں تو جو کچھ ہم نے بیان کیا اس سے جو بھی اُسے پہنچے گا وُہ اس کی تائید کرے گا، تو بے شک یہ علم توحید کی زیادتی ہے دُوسرے علم کی نہیں۔"

حضُور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب کھانا تناول کرتے تو فرماتے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا — الٰہی اس میں ہمارے لئے برکت عطا فرما اور اس سے ہمارے لئے زیادہ فرما اور ہمیں بہترین کھانا عطا کر

اور جب آپ دُودھ نوش فرماتے تو "بارگاہِ خداوندی میں یوں عرض کرتے"۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا فِیْہِ — یا اللہ اس میں ہمارے لئے برکت عطا فرما اور اسے ہمارے لئے زیادہ کر

دُودھ کا نوش کرنا حصُولِ علم ہے

کیونکہ زیادتی طلب کے امر کا ذکر اُس دُودھ کو دیکھنے پر تھا جو آپؐ نے شبِ اسرا میں نوش فرمایا جبریل نے آپ کی خدمت میں عرض کی آپ اپنی فطرت تک پہنچے اور آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپکی اُمت کو پہنچائی فطرت علم توحید ہے جس پر اللہ نے خلقت کو پیدا فرمایا جب وُہ گواہی دیتے تھے اور جب وُہ اپنے ظہور سے منبض تھے، کہا، کیا میں تمہارا رب نہیں ہُوں،" اُنھوں نے کہا کیوں نہیں تو وُہ ہر پیدے سے پہلے ربُوبیت کے شاہد تھے اس لئے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

www.maktabah.org

نے سب سے پہلے ترکیب میں یہ دودھ پیا اور اُس کے فضل کو پہنچے،

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپؐ کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہ اس کا اوّل کیا ہے؟ آپ نے فرمایا علم، اور اگر علم اور دودھ کے درمیان حقیقی مناسبت جامعہ نہ ہوتی تو جو اُس کی صورت کے ساتھ عالم خیال میں ظاہر ہے نہ ہوتا اس کی معرفت اس کی معرفت سے اس کا جہل اُس کے جہل سے ہے، تو جو اپنی ذات سے نہیں بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ سے لیتا ہے اُس کا کلام کیسے کبھی ختم ہو سکتا ہے،

میرے رب نے حدیث بیان کی

مولف کے درمیان دو ٹوٹے ہیں وہ جو کہتا ہے مجھ سے فلاں رحمۃ اللہ علیہ نے فلاں رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث بیان کی اور جو کہتا ہے مجھ سے میرے دل نے میرے رب سے حدیث بیان کی، اور یہ اس سے بھی رفیع الشان دو ٹوسلے ہیں اس کے اور اُس کے درمیان جو کہے حدیث بیان کی مجھ سے میرے رب نے میرے رب سے یعنی میرے رب نے اپنی ذات سے حدیث بیان کی" اس میں پہلا اشارہ ربّ معتقد کی طرف اور دوسرا اُس رب کی طرف جو غیر تقیید ہے، تو وہ بالواسطہ بالواسطہ نہیں، اور یہ وہ علم ہے جو اس سے قلب کو مشاہدۂ ذاتیہ سے حاصل ہوتا ہے اور سرّ و روح اور نفس پر مستفیض ہے تو جو اس مشرب پر ہے اُس کے مذہب کی معرفت کیسے ہو پس اس کی معرفت نہیں یہاں تک کہ معرفت خداوندی ہو اور وہ جمیع وجوہ معرفت سے اللہ تعالیٰ کو نہیں پہچانتا ایسے ہی اس کی پہچان نہیں تو بے شک عقل اُسے نہیں دیکھتی اگر وہ ہے تو بیشک اس کا مطلب اکوان ہے کون نہیں جیسا کہ کسی نے کہا!

ظہرت لما ابقیت بعد فنائہ فکان بلا کون لانک کننہ

www.maktabah.org

میں اپنی فنا کے بعد ظاہر ہُوا
وُہ بغیر کون کے تھا اور تو وہاں موجود تھا

الف اور لام کا اجمالی خاکہ

تمام تعریفیں اُس ذات کے لئے ہیں جس نے مجھے اہلِ القاء تلقی سے بنایا پس اُس اللہ سبحانہ، سے سوال کر جس نے ہمیں اور آپ سے اہلِ قربت و ارتقا کو بنایا پھر ہم اپنے مضمون کی طرف رجوع کرتے ہیں، ہُوئے کہتے ہیں کہ حرُوفِ مجم کی فصلوں کی تعداد پانچ سو سے زیادہ ہے اور ہر فصل کے لئے بہت سے مراتب ہیں تو ہم اِس پر کلام کو چھوڑتے ہیں یہاں تک کہ انشاء اللہ العزیز کتاب المبادی والغایات میں اِس کا حصر کریں گے اور اِس سے اُس پر اقتصار کریں گے جس کا ذکر اس کے بعد لازمی ہے اور جو نام مرتبوں سے ہماری اِس کتاب کے لائق ہیں اور اکثر اُن کے بعض پر کلام ہُوا ہے، اِس کے بعد اس سے حرف حرف لیا جائے گا یہاں تک کہ تمام حروف انشاء اللہ العزیز مکمل ہو جائیں گے، پھر الف کے ساتھ لام کے تعلق اور اس کے لوازمات کے لئے اسرار سے اشاروں کے ساتھ اِس کی اتباع کی جائے گی اور وُہ جو اس کا سبب ہے لہٰذا اِن کے درمیان خاص روحانی تعشق ہے یہاں تک کہ عالم کتابت و تحریر میں ظاہر ہو، تو بے شک الف کے ساتھ لام کے ارتباط میں ایک راز ہے جو سوائے الف کے سونے سے قائم ہونے کے نہیں کھلتا اور حل لام اُس کے عقد سے ہے،

اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو عمل صالح کی توفیق عطا فرمائے اور وُہ مجھ سے راضی ہو،

الحمد اللہ چوتھی جز تمام ہُوئی،

حروف کی اُمتیں اور رسُول

اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں اور آپ کو توفیق عطا فرمائے حروف مخاطب مکلف

www.maktabah.org

اُمتوں سے ایک اُمت ہیں اور اِن کی جنس سے اِن میں رسُول ہیں اور اُن کی حیثیت سے اُن کے نام ہیں، ہمارے طریق سے اہلِ کشف کے سوا ان کی معرفت نہیں ہوتی زبان و بیان کی وضاحت کے لئے عالمِ حرُوف افصح العالم ہے ان حروف کی اقسام ہیں جیسا کہ عالمِ معروف کی عُرف میں قسمیں ہیں،

عالمِ عظمت: ان میں سے ابی طالب مکیؒ کے نزدیک عالمِ جبروت ہے اور ہم نے اُس کا نام عالمِ عظمت رکھا ہے اور وُہ ہا، اور ہمزہ ہے،

عالمِ ملکوت اِن میں سے عالمِ اعلیٰ ہے اور وُہ عالمِ ملکُوت ہے اور وُہ حا، خا عین اور غین ہے،

عالمِ جبروت اِن میں سے عالمِ وسط ہے اور یہ ہمارے نزدیک اور ہمارے اصحاب کے نزدیک عالمِ جبرُوت ہے اور یہ ثا، جیم، دال، ذال، را، زا، ظ، کاف، لام، نون، صاد، ضاد، قاف، سین، شین اور یا صحیحہ ہے،

عالمِ اسفل یہ عالمِ ملک و شہادت ہے اور یہ با، میم اور واؤ صحیحہ ہے،

عالمِ امتزاج

اِن میں عالمِ جبرُوت الوسط اور عالمِ شہادت کے درمیان عالمِ امتزاج ہے اور وُہ فا ہے،

اِن میں عالمِ جبرُوت الوسط اور عالمِ ملکوت کے درمیان عالمِ امتزاج ہے اور وُہ کاف اور قاف ہے اور یہ امتزاج مرتبہ ہے،

اِن میں صفتِ رُوحانیہ میں امتزاج ہے اور وُہ طا، ظا، صاد اور ضاد ہے،

اِن میں عالمِ جبرُوتِ اعظم اور عالمِ ملکُوت میں امتزاج ہے اور وُہ حا مُہملہ ہے

اِن میں ایک وُہ عالم ہے جو ہمارے عالم سے مُشابہ ہے وُہ جو نہ ہم ہیں دُخول

www.maktabah.org

کے ساتھ متصف ہیں اور ہم سے خروج کے ساتھ متصف ہیں، اور وُہ الف، یا اور واؤ مُعتلان ہے،

اجناسِ عوالم

پس یہ عوالم ہیں اور ہر عالم کے لئے اُن کی جنس سے رسُول ہیں اور اُن کے لئے شریعت ہے جس کے ساتھ وُہ عبادت کرتے ہیں اور اُن کے لئے لطائف بھی ہیں اور کثائف بھی، اور اُن پر امر کے ساتھ خطاب ہے اور اُن کے ہاں نہی نہیں ہے،

اِن میں عام، خاص، خاص الخاص اور خاص الخاص کا مصفّا خلاصہ ہیں،

اِن میں سے عام جیم، ضاد، خا، دال، غین، شین، ہیں،

اِن میں سے خاص الخاص، الف، یا، با، سین، کاف، طا، قاف، تا، داؤ، صاد، حا، نُون لام اور غین ہیں،

اِن میں خاص الخاص کا خلاصہ حرف با ہے،

اور اِن میں جو خاص ہے اُس کا درجہ عام کے اُوپر ہے اور یہ حرُوف سُورتوں کے آغاز میں ہیں جیسے الم اور المص اور یہ چودہ حرُوف ہیں الف، لام، میم، صاد، را، کاف، ہا، یا، عین، طا، سین، حا، قاف، نوُن،

اور اِن میں خاص الخاص حروف کے خلاصۂ صفایہ حرُوف ہیں، نوُن، میم، را، با، دال، زا، الف، طا، یا، داؤ، ہا، ظا، ثا، لام، فا اور سین،

عالمِ مُرسل اور دیگر عوالم

اِن میں عالم مُرسل ہے اور وُہ جیم، حا، خا اور کاف ہیں،

اِن میں وُہ حرُوف جن کا تعلق اللہ تبارک وتعالیٰ اور مخلوق کے ساتھ ہے

www.maktabah.org

یہ ہیں، الف، دال، ذال، را، زا، واؤ اور یہ حروف گردبیان سے عالم تقدیس ہے،

اِن میں سے وُہ ہے جس پر اوصافِ حق کے ساتھ غلبۂ خلق ہے، اور وُہ حرُوف اہل انوار کے نزدیک تا، ثا، حا، ذال، زا، ظا مُعجمہ، نوُن، ضاد مُعجمہ، غین معجمہ، قاف، شین معجمہ اور فا ہیں"

اِن میں وُہ عالم ہے کہ اُن پر تحقق غالب ہے اور وُہ اہل اسرار کے نزدیک با، فا اور جیم ہیں،

ان میں وُہ عالم ہے جو مقامِ اتحاد سے مُتحقق ہے اور وُہ الف، حا، دال، را، طا یابسہ، کاف، لام، میم، صاد یابسہ، عین یابسہ، سین یابسہ، ہا اور واؤ ہیں، اِس صوُرت میں میں انہیں اتحاد کے دو مقاموں عالی اور اعلیٰ پر کہتا ہُوں، تو عالی الف کاف، میم، عین اور سین ہے اور اعلیٰ باقی حروف ہیں۔

اِن میں سے وُہ عالم ہے جس میں طبائع کا امتزاج ہے اور وُہ جیم، ہا، یا، لام، فا، قاف، خا اور ظا خاصہ ہیں"

اجناسِ عوالم

عوالم حرُوف کی اجناس چار ہیں،

جنس مُفرد! یہ الف، کاف، لام، میم، ہا، نوُن اور واؤ ہے،

جنس ثنائی۲! دال اور ذال کا مثِل ہے"

جنس ثلاثی۳! جیم، حا اور خا کی مثل ہے

جنس رباعی۴! یہ کلمہ کے وسط میں با، تا، ثا، یا اور نوُن ہے یہ اِس اعتبار سے جنسِ خماسی۵ ہے اور اگر اِس اعتبار سے نہ ہوں تو با، تا، ثا اور یا جنسِ ثلاثی سے ہو گا اور جنسِ رباعی ساقط ہو جائے گا،

www.maktabah.org

پس اِس کے ساتھ ہم نے تجھ پر حروف کے عالم کا قصہ بیان کیا تاکہ تو اس کے حقائق پر عالم کشف واطلاع کی طرف پہنچانے والے امور میں اپنی ذات کیلئے استعمال کرے،

اور تجھ پر خدا تعالیٰ کا یہ ارشاد محقق ہو جائے،

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ [1]

اور کوئی چیز نہیں جو اُسکی حمد بیان کرتی ہوئی اُسکی تسبیح نہ بیان کرے ولیکن تم اُن کی تسبیح نہیں سمجھتے،

بعض عُلمائے نظر کے گمان کے مطابق اگر تسبیح حال تو اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان لا تفقہون بے فائدہ ہوگا، چنانچہ اس طرف رسائی حاصل کر اور اس سے واقفیت حاصل کر،

ہر مولف زیر اختیار ہے

ہم کسی وقت اس کے بعض امور پر کلام کریں گے ہیں نے اس عالم کی طرف دیکھا تو اس کے علاوہ زیادہ کلام کرنا ممکن نہیں، ہم نے اس عالم کو مختص پایا اور وُہ عالم الٓمٓ، المص، الرٰ اور اس قبیل کے دوسرے حروف کی طرح غیر معروف ہے پس الم پر گفتگو کرتا ہوں، یہ قرآن مجید کی پہلی سُورت کا مُبہم اور مختصر کلام اسرار کے طریق سے ہے، اور کسی وقت ان آیات کے ساتھ تلاوتِ حق ہوتی ہے اگرچہ یہ باب سے نہیں لیکن اُس کا کام میرے پروردگار کے امر سے ہے جس کا اس کے ساتھ وعدہ ہے، پس وُہ اجازت کے بغیر گفتگو نہیں کرتا جیساکہ میں اپنی

---

[1] بنی اسرائیل آیت ۴۴ [2] البقرہ [3] یونس

www.maktabah.org

حد پر ٹھہر جاتا ہوں۔

بے شک ہماری یہ اور دوسری تالیفات اجرائے توالیف سے جاری نہیں ہوتیں عام مؤلفین کی طرح نہیں چلتے تو یقیناً ہر مؤلف اُس کے زیرِ اختیار ہے اور اگر اُس کے اختیار میں مجبور تھا یا اُس کے خاص پھیلنے والے علم کے تحت تھا تو جس سے چاہے ملے جسے چاہے چھوڑ دے یا اُس سے ملے جو علم اُسے عطا کیا جائے اور اِس مسئلہ پر زبردستی اور تحکّم اُسے روک دے گا یہاں تک کہ اُس کی حقیقت میدان میں نکل آئے۔

القائے ربّانی

اور ہم اپنی تالیفات میں فصیح زبان استعمال کرتے ہیں جیسا کہ یہ قلوب حضرتِ الٰہیہ کے دروازے پر مراقب و معتکف ہیں، جب کہ خلوت گزین فقیر کے لئے ہر علم سے اُس کا دروازہ کھل جاتا ہے، اگر تو اِس مقام پر سوال کرے تو فقدانِ احساس سے کوئی چیز نہیں سُن سکے گا، اس پردے کے پیچھے اُس کا فہم اُس سے برسرِ پیکار ہوتا ہے اور اُس سے بدلہ لینے کے لئے دوڑتا ہے، اور اُس کی الفت امر میں اُس کی حد کے مطابق ہے، تو بیشک وہ چیز اُس کی طرف القاء ہوتی ہے جو اُس کی جنس میں عادت اور نظرِ فکری سے نہیں ہوتی اور جو اُسے علمِ ظاہر سے عطا گیا اور اور ظاہری مناسبت عُلماء کے لئے مناسبتِ پوشیدہ ہے اور اِسے سوائے اہلِ کشف کے کوئی محسوس نہیں کر سکتا، بلکہ پھر وہ جو ہمارے نزدیک انتہائی عجیب و غریب ہے وہ یقیناً اِس قلب اشیاء کی طرف القاء کرتا ہے، اُسے القاء کا حکم دیا جاتا ہے اور وہ اس وقت میں اس کا علم نہیں رکھتا اور حکمت الٰہیہ کے لئے مخلوق سے پوشیدہ ہوتا ہے۔

www.maktabah.org

اِس لئے ہر شخص کے لئے اِلقاء سے تالیف کی قید نہیں اس باب کے علم کے ساتھ جو اس پر کلام کرتا ہے۔ ولیکن اِس میں اس کے علاوہ علم سامنے عادی پر اُس پر اِلقاء ہونے کے مطابق درج ہے، لیکن وُہ ہمارے نزدیک قطعاً بعینہٖ اِس باب کے نفس سے ہے لیکن اِس وجہ کے ساتھ ہمارا غیر نہیں پہچانتا مثلِ کبُوتر اور کوّے کے وُہ لوگ جو بلندی کے لئے جمع ہیں اُن کے دونوں کے پاؤں مضبوط ہیں اور یقیناً مجُھے تقیید میں اِذن دیا گیا ہے اِس کے بعد جو اِلقاء ہو گا لازماً اِسی سے ہو گا"۔

تین سے پانچ تک

وصل! ان غیر معروف مخصوص حروف کی تعداد اُن حروف پر ہے جو تکرار کے ساتھ نہیں اور سُورتوں میں اُس کے اجمال اور اُس کے افراد پر ہے، صٓ، وقٓ ونٓ میں ان کا تثنیہ طٰس اور طٰہٰ میں اور ان کے قبیل سے ہے اور یہ تین سے جمع ہیں یہاں تک اُوپر چڑھ کر پانچ متصل اور منفصل حروف کو پہنچ جاتے ہیں اور اکثر نہیں پُہنچتے، بعض کو وصل میسّر نہیں اور بعض کٹ جاتے ہیں، اور سین کے ساتھ سُورتیں نہ تھیں اور نہ صاد کے ساتھ ہونگی، عُلمائے ظاہر کے نزدیک اِن حروف کے معنوں میں ناواقفیت نہیں اور اہلِ احوال کے کشف کے نزدیک اِس کی دُوسری طرف ہے ہم نے اِس کا ذکر کتاب "جمع والتفصیل فی معرفتِ تنزیل" میں کیا ہے پس اللہ تبارک وتعالیٰ کی سرکت پر نقل ہُوا اور اللہ ہی حق کہلاتا ہے اور وہی راستہ دکھاتا ہے"۔

سُورت یا صُورت

جاننا چاہیئے کہ سُوَرِ غیر معرُوف کے مَبداء کی حقیقتوں کو سوائے اہلِ صُوَر

www.makitabah.org

معقولہ کے کوئی نہیں جانتا پھر قرآن کی سُورتیں سین کے ساتھ مقرر ہوئیں اور یہ شرعی عبادت ہے اور یہ سُورتوں کا ظاہر ہے اور اس میں عذاب ہے اور اس میں اس کے ساتھ جہل واقع ہے اور اس کا باطن صاد ہے اور وُہ مقامِ رحمت ہے اور یہ علم حقائق کے سوا نہیں اور علم حقائق توحید ہے"

پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُنتیس سُورتیں بنائیں اور وُہ صُورتِ کمال ہے وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ، اور چاند کے لئے ہم نے منزلوں کا تعیّن کیا اُنتیس ۲۹ قطب ہیں جن کے ساتھ فلک قائم ہے اور وُہ اس کے وجود کی علت ہیں" اور وُہ سُورت آل عمران ہے الم اللہ، اور اگر یہ نہ ہو تو اٹھائیس ۲۸ ثابت نہ ہوں، اور تکرارِ حرُوف کا مجمل اٹھتر ۷۸ حرُوف ہیں پس آٹھ کی حقیقت بضع یعنی نَو ۹ ہے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ایمان بضع وسبعون یعنی اناسٹھ ۷۹ ہے اور یہ حرُوف اٹھتر ۷۸ ہیں تو عبد پر اسرارِ ایمان مکمل نہیں ہوتے یہاں تک کہ صُورتوں میں ان حرُوف کے حقائق کا علم نہ ہو"

پس اگر تو کہے کہ بضع زبان میں مجھول ہے اور یہ ایک سے نَو تک کو کہا جاتا ہے تو یہ ثمانیہ یعنی آٹھ کو کہاں قطع کرے گا؟

اگر تو کہے بضع کا ہندسہ زبان میں غیر معرُوف ہے اور یہ ایک سے نو تک ہے تو آٹھ کو کیسے قطع کرے گا؟

علمِ اعداد کا نادر نمُونہ

پس اگر تُو چاہے تو ہم تجھے کشف کے طریق پر بتائیں کہ تو اس پر پہنچ جائے اور یہ طریق وُہ ہے جس پر وُہ مسلک اور رُکن ہے جو میرے تمام علوم ہیں اس کی طرف مستند اور منسوب ہے"

اور اگر تُو چاہے تو تیرے لئے عدد کے باب سے ابتداء کر دوں" اور

www.maktabah.org

ابُوالحکم عبد بن سلام نے اپنی کتاب میں اِس باب میں جو بیان کیا ہے اُس میں اِس امر کا ذکر نہیں کیا اللہ تعالیٰ اُس پر رحم فرمائے اِس نے جو بیان کیا ہے وُہ فلک کی جہت سے ہے اور اُس نے اُس کشف پر پردہ ڈال دیا ہے جو ۵۸۳ھ میں بیت المقدس کی فتح کے ساتھ قطع ہُوا،

تو ایسے ہی اگر ہم چاہیں تو کھول دیں اور اگر چاہیں تو اِس پر اعداد کا پردہ ڈال دیں، پس ہم کہتے ہیں یہ بُضع سُورۂ رُوم میں آٹھ ۸ ہے، جزم صغیر کے ساتھ الم کے حروف کے عدد لو گے تو آٹھ ۸ ہونگے اور بُضع کو آٹھ ۸ ہیں جمع کریں تو سولہ ہونگے پس ایک ۱ جو الف اساس کے لئے ہے اُسے گرا دیں تو باقی پندرہ رہ جائیں گے پس تجھے اِس سے تمسّک کرنا ہے"

پھر اِس میں جمل کبیر کے عمل کی طرف رجوع کر اور وُہ جزم ہے پس بُضع آٹھ ۸ کو اکہتر ۷۱ سے ضرب دیں تو اِس تمام سے تیرے لئے پانچ سو اڑسٹھ ۵۶۸ سنین بر آمد ہونگے تو ان میں اُن پندرہ ۱۵ کو جن کا تجھے امر کیا اُٹھائیں تو پانچ سو تراسّی ۵۸۳ کی طرف لوٹ آئیں گے اور یہ غُلبت الرُوم پڑھنے پر فتح بیت المقدس کا زمانہ ہے، غُلبت میں غین پر اور لام پر زبر ہے جبکہ سَیَغلبُون کی یا پر پیش اور لام پر زبر ہے اور ۵۸۳ھ میں کافروں کے اخذجِ میں مُسلمانوں کا ظہور ہُوا تھا اور وُہ بیت المقدس کی فتح ہے،

اور ہمارے لئے عِلم اعداد کشف کے طریق پر ہے اور اُس طریق سے جس کا تقاضا اُس کی طبع کرتی ہے اسرار عجیب ہیں اور اُس طریق سے جو اُس کے لئے حقائق الٰہیہ سے ہے، اگر ہمارے ساتھ طویل زندگی ہُوئی تو انشا اللہ العزیز معرفت اعداد پر کتاب لکھیں گے،

۱+۷ : ۸

www.maktabah.org

انفرادیتِ الٰہیہ

تو ہم جس راستے پر چل رہے تھے اُسکی طرف رجوع کرتے ہُوئے کہتے ہیں شعب الایمان کے ضمن میں اسرارِ عبد تکمیل پذیر نہیں ہوتے سوائے اس کے کہ جب اِن حرُوف کے حقائق کا عِلم سُورتوں میں اُن کے حسبِ تکرار ہو جیسا کہ جب اِس کا علم اُسے بغیر تکرار کے ہو اِس میں حقیقتِ ایجاد پر اللہ تعالیٰ کی تنبیہ اور صفاتِ ازلیہ کے ساتھ اللہ سبحانہ کا قدیم تفرّد ہے پس اُس کے قُرآن میں چودہ۱۴ مُفرد مُبہم حروف بھیجے گے آٹھ۸ معرفتِ ذات کے لئے اور سات۷ ہم سے صفات کے لئے اور چار طبائع موتفہ کے لئے مقرر ہُوئے، اور یہ چار، خُون، سودا، صفرا اور بلغم ہیں۔

پس بارہ۱۲ حروف موجودہ آئے اور یہ انسان ہے اِس فلک سے اور دُوسرے فلک سے جو گیارہ۱۱، دس۱۰، نو۹ اور آٹھ۸ سے مرکب ہے یہاں تک کہ دو۲ فلکوں کی طرف ہے اور ایک کی طرف کبھی جائز نہیں، پس اِس سے حق تعالیٰ کے لئے انفرادیت ہے، اور اُس کے سوا کوئی مُوجود نہیں۔

رُوحانی نُون پوشیدہ ہے

پھر بے شک اُس سُبحانہ تعالیٰ نے پہلے الف کو خط میں اور ہمزہ کو نفظ میں مقرر فرمایا اور اس کا آخر نوُن ہے، پس الف وجودِ ذات پر اُس کے کمال کے لئے ہے کیونکہ وُہ عالم سے نصفِ وُجود کے لئے حرکت اور نون کی طرف لا یحتاج ہے اور وُہ عالمِ ترکیب ہے اور یہ فلک سے ہمارے لئے نصف دائرہ ظاہر ہے اور دُوسرا نصف اِس پر نُون معقولہ ہے، اگر حس کے لئے ظاہر ہو اور عالمِ رُوح سے انتقال کرے تو دائرہ محیط کے لئے ہے لیکن کمال وُجود کے ساتھ یہ روحانی نوُن

www.maktabah.org

چھپا ہوا ہے اور نون محسوسہ کے نقطہ کو اِس پر دلیل بنایا، پس ان تمام وجوہ سے الف کامل ہے اور نون ناقص، پس شمس کامل ہے اور قمر ناقص کیونکہ وہ محو ہے، پس اُس کی روشنی کی صفت عاریتاً ہے اور یہ امانت ہے جو اُس نے اٹھا رکھی ہے اور قدر کے مطابق اُس کا محو و اِخفا اور اثبات و ظہور ہے تین کے لئے تین ہیں پس تین حضرتِ احدیت میں قلبِ الٰہی قمر کا غروب، اور تین حضرت ربانیہ قلبِ الٰہی کے قمر کا طلوع اور جو اِن دونوں کے درمیان خروج و رجوع ہے قدم کے ساتھ قدم کو کبھی اختلال نہیں۔

وصل اور فصل

پھر اللہ تعالیٰ سُبحانہ نے اِن حروف کو مرتبوں پر فائز کیا اِن میں سے موصول مقطوع، مفرد مثنٰی اور مجموع ہیں، پھر ہر وصل میں قطعی طور پر آگاہی ہے اور ہر قطع میں وصل نہیں، پس ہر وصل فصل پر دلالت کرتا ہے اور ہر فصل وصل پر دلالت نہیں کرتی، پس وصل اور فصل جمع میں اور غیر جمع میں ہیں اور فصل اُس عین فرق میں ایک ہے اس سے جو اُس کی اِنفرادیت ہے تو اِس میں ازل سے فنا رسمِ عبد کی طرف اشارا ہے اور جو اُس کی اثنا ہے یہ موجودہ وجود رسم عبودیت کی طرف اشارا ہے جو اس کا جمع ہے یہ ابد کی طرف موارد لامتناہیہ کی طرف اشارا ہے، پس اکیلا بحرِ ازلی کیلئے اور جمع بحرِ ابدی کیلئے ہے، اور مثنٰی برزخ محمدی انسان کیلئے ہے

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ[1] ﴿۲۱﴾

اُس نے دو سمندر بنائے کہ دیکھنے میں ملے ہوئے معلوم ہوں اور اُن میں روک ہے تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے،

---

[1] الرحمٰن آیت ۱۹-۲۰-۲۱

www.maktabah.org

بحر ازل و ابد

کیا بحر کے ساتھ اعیان سے نیستی کا وصل ہے یا اُس سے فصل ہے اور کیا اُس کا نام اکوان کے ساتھ ہے یا برزخ کے ساتھ! وہ جس پر استوائے رحمٰن ہے تو اپنے رب کی کونسی نعمت جُھٹلاؤ گے، وہ بحر ازل سے موتی اور بحر ابد سے مرجان نکالتا ہے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے اور اُس کیلئے الجواری الروحانیہ یعنی رُوحانی چلنے والیاں ہیں اور مُنشآت بحر میں حقائقِ اسمائیہ ذاتی اقدسی ہیں جیسے پہاڑ تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے،

کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

اُس سے اُس کے عُلو و قدس پر عالم علوی کا اور عالم سفلی میں اُسکے نزول و نحس پر سوال کرتے ہیں زمین پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے اور یہ اعیان کے لئے عدم نہیں بلکہ قریب سے قریب کی طرف رحلت ہے اور ہر ایک بار میں ایک کام ہے تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے اے بھاری گروہ تمہارے سب کام جلد نپٹا کر تمہارے حساب کا قصد کرتے ہیں تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے،

ایسے ہی اگر یہ قرآن پر اعتبار کرتے تو دونوں میں اختلاف اور جھگڑا نہ ہوتا اور نہ مُبتلائے مصیبت ہوتے، پس تم اپنی آیات میں غور اور تدبّر کرو اور اپنی ذات سے نہ نکل جاؤ تمہاری صفات لازماً میرے لئے ہیں تمہاری نظر اور تدبیر سے جب عالم نے سلامتی پائی تو علی الحقیقت خلقت تمہاری تسخیر کے تحت ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے،

اِنَّ اللّٰہَ سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا — اللہ نے تمہارے لئے مُسخّر کیا جو کچھ آسمانوں

www.maktabah.org

فِی الْاَرْضِ ؕ — میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اُس طرف کی ہدایت نصیب فرمائے جس میں ہماری دُنیا و آخرت کی اصلاح اور سعادت ہے اور بے شک وُہ کریم دوست ہے۔

احسن تقویم سے اسفل السافلین تک

وصل، الف الم سے توحید کی طرف اشارہ ہے اور میم ملک کے لئے ہے جسے ہلاکت نہیں اور لام دونوں کے درمیان واسطہ ہے جو دونوں کے لئے رابطہ قائم کرتی ہے، پس اُس سطر کی طرف دیکھ جس پر لام سے خط واقع ہے تو اس کی طرف الف کو اپنی اصل سے منتہی پائے گا اور اس سے میم کو اس کی ظہور کی ابتداء کیساتھ پائے گا پھر احسنِ تقویم سے نیچے آجاتی ہے اور یہ سطر میم کی جڑ ہے جو اسفل السافلین کی طرف منتہی ہوتی ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ؗ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ؕ[2] — بے شک ہم نے انسان کو اچھی صورت پر بنایا پھر اُس کو ہر نیچی سے نیچی حالت کی طرف پھیر دیا۔

اور سطر کی طرف الف کا نزول اِس قول کی مثل ہے۔

ہمارا رب آسمان دُنیا کی طرف نزول فرماتا ہے۔

اور یہ آسمان پہلا عالم ترکیب ہے کیونکہ وُہ آدم علیہ السلام ہے، اور اس سے آگ کا فلک ملا ہوا ہے، پس اِس لئے پہلی سطر کی طرف نزول کرتا ہے،

تو بے شک وُہ مقامِ احدیت سے مقامِ ایجادِ خلیفہ کی طرف نزول کرتا

---

[1] لقمٰن آیت ۲۰ ع ۳ [2] والتین آیت ۴

www.maktabah.org

ہے اور یہ نزول تقدیس و تنزیہہ کا نزول ہے تمثیل و تشبیہ کا نزول نہیں"

الف۔لام۔میم

اور لام واسطہ ہے اور یہی مکوّن و کون کی قائم مقام نائب ہے اور یہی وہ قدرت ہے جس سے عالم وجود میں آیا پس پہلی سطر کے نزول میں الف کی مشابہت ہے اور جب اِس کا مکوّن اور کون سے امتزاج ہے تو بے شک وہ اپنی ذات پر قدرت کے ساتھ متصف نہیں اور بیشک وہ خالق اپنی مخلوق پر قادر ہے۔ پس وجہِ قدرت مخلوق کی طرف مصروف ہے۔ اور اس لئے سوائے وابستگیٔ مخلوق کے خالق کا اثبات نہیں ہوتا پس اِن کے ساتھ لازماً علوی اور سفلی تعلق ہے اور جب اُس کی حقیقت ہے تو وصول کے ساتھ سطر کی طرف ختم نہیں ہوتی اور الف مرتبۂ واحد پر ہے اُس کی حقیقت کے ساتھ سطر کے نیچے یا سطر کے اُوپر نزول طلب کریں جیسا کہ نزولِ میم ہے، پس ایجادِ میم کی طرف نزول ہے، اور صورتِ میم پر یہ تنزّل متمکن نہیں، پس وہ ہو گیا تو اس سے کبھی میم کے سوا نہیں پایا جائے گا۔ پس نصف دائرے نے نزول کیا یہاں تک کہ سطر بلا جہت کی طرف پہنچا پس نصف فلکِ محسوس کا جھکنا نصف فلکِ معقول کو طلب کرتا ہے، پس دونوں سے فلک دائرہ ہے تو تمام عالم کی اوّل سے آخر تک چھ ایام اجناس میں اول اتوار سے آخر جمعۃ المبارک تک تکوین ہوئی اور باقی ہفتے کے دِن حال سے حال کی طرف اور مقام سے مقام کی طرف انتقالات ہوتے ہیں اور کون سے کون کی طرف استحالات بلا زوال و تغیّر اُس پر ثابت ہیں اِس لئے کہ اِس دن پر ٹھنڈک اور خشکی کی حکومت ہے اور یہ کواکبِ زحل سے ہے،

چنانچہ الف، لام، میم اکیلا فلکِ محیط بن گیا جس کا حکم کاشف ہے اور جسکے ساتھ ذات و صفات اور افعال و

www.maktabah.org

مفعولات ہے پس جو عالم اِس حقیقت و کشف کے ساتھ پڑھے وُہ کُل کے لئے کُل کے ساتھ بالکل حاضر ہے چُنانچہ کوئی چیز ایسی باقی نہیں جو اُس کا مشاہدہ نہ کرے لیکن اُس سے جسے جانتا ہے اور اُس سے جسے نہیں جانتا پس وُہ الف قیام حرکات سے منزّہ ہے، اِس کے ساتھ دلالتِ صفات ہے جو سوائے افعال کے عقل میں نہیں آتی جیسا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور وُہ جس پر ہے اُس پر تھا،

ہم اُس امر سے صرف نظر کرتے ہیں جو نہ عقل کی طرف ہے اور نہ وُہ ذات منزّہ کی طرف ہے تو بے شک یہ اضافت سوائے متضائفین کے کبھی عقل میں نہیں آسکتی بے شک اُبوّت بغیر باپ اور بیٹے اور تقدیر کے عقل میں نہیں آسکتی اِسی طرح مالک و خالق، باری و مصوّر اور جمیع اسماء عالم کو اُس کے حقائق کے ساتھ طلب کرتے ہیں اور حروف میں سے الم مقامِ تنبیہ ہے اِس پر جو اتصال لام میں ہے وُہ صفتِ میم کے ساتھ ہے اور وُہی اس کا اثر اور فعل ہے

پس الف واحد ذات ہے حروف میں سے کسی چیز کا اتصال اِس میں دُرست نہیں، جب پہلے خط میں واقع ہوئی یہی وہ صراطِ مستقیم ہے جس کا سوال نفس اہدِنا الصراط المُستقیم میں کرتا ہے یعنی تنزیہہ و توحید کا راستہ تو جب اُس کا رب اُس کی دُعا پر آمین کہتا ہے اور یہ وُہ کلمہ ہے جس کی طرف رجُوع کرنے کا حُکم سُورہ فجر میں ہے جو اُس کی دُعا پر آمین قبول فرماتا ہے، پس الم سے وَالضَّالین کے پیچھے الف ظاہر ہے اور آمین پوشیدہ ہے، کیونکہ عالمِ ملکوت سے غیب ہے، جو اُس کی آمین سے واقف ہیں، ملائکہ کا غیب آمین کہنا تحقیق شُدہ ہے جس کا نام عام میں سے فقہا نے اخلاص رکھا ہے اور صُوفیائے کرام اُسے حضُور کہتے ہیں اور مُحققین نے اُسے الہام کہا ہے جبکہ ہم اور ہماری طرح کے لوگ اِس کو عنایت کا نام دیتے ہیں،

www.maktabah.org

جب عالم ملکوت و شہادت میں الف ظاہر ہے تو قدیم اور محدث کے درمیان فرق واقع ہونا ظاہر ہے،

جو حرف حرکت نہ کرے

پس دیکھ جس میں ہم نے عجیب تفصیل تحریر کی اور جو ہمارے اُس بیان کی تائید کرتا ہے کہ وجودِ صفت مد بغیر الف کے لام اور میم میں موجود ہے، تو اگر صُوفی یہ کہے کہ ہم نے الف مخطُوطہ اور ہمزہ کے ساتھ نطق بغیر الف کے پایا ہے پس الف کے ساتھ نُطق نہیں تو ہم کہتے ہیں یہ بھی اُسکی تائید کرتا ہے جو ہم نے کہا ہے، پس اگر الف حرکت قبول نہ کرے تو اُسے الف کے ساتھ کیوں نہیں پڑھا جاتا،

جب رفع، نصب، جر اُس پر حرکت پڑے گی تو تمیز ہو گی،

اور ذات اپنی ماہیت کے ساتھ کبھی نہیں سمجھی جاتی، پس جو شخص اِس امر پر نہیں وُہ اِسے کبھی نہیں جان سکتا،

حرکت صفت علمیہ ہے

اِس ذات پر جو الف دلالت کرتا ہے حرُوف میں خلیفہ ہے جیسا کہ عالمِ غیر معروف میں انسان بھی خلیفہ ہے ایسے ہی ذات حرکت قبُول نہیں کرتی، پس جب وُہ نہیں قبول کرے گی تو اُس سے سلبِ اوصاف کی جہت کے سوا پہچان باقی نہیں، اور جب ساکن کے ساتھ نُطق مُمکن نہیں تو ہمارا نُطق اِسمِ الف کے ساتھ ہے الف کے ساتھ نہیں پس ہمارا نُطق ہمزہ کے ساتھ زبر کی حرکت سے ہے،

پس ہمزہ مبدعِ اول کے مقام پر قائم ہے اور اِس کی حرکت صفتِ علمیہ اور نُون کے ساتھ اِتصالِ کاف میں اُس کے ایجاد کے محل پر ہے،

www.maktabah.org

پس اگر کہا جائے کہ ہم نے الف کو لام میں اُس کے ساتھ منطوق پایا ہے اور الف میں نُطق نہیں پایا جاتا تو ہم کہتے ہیں، سچ کہا اِس کے ساتھ نُطق واقع نہیں ہو گا سوائے اِس کے کہ زیر، زبر یا پیش کی حرکات کو اِس سے قبل حرکت دی جائے جو اُسکے ساتھ موصول ہے اور بے شک ہمارا یہ کلام الف مقطوعہ کے بارے میں ہے زیر، زبر، پیش سے پہلے اِس حرف کی حرکت نہیں،

زیر، زبر، پیش سے قبل اِس حرف کی حرکت نہیں پس نُطق ظاہر نہیں ہو گا،

استمدادِ مدّ

اگر الف کو اِنَّمَا الْمُومِنُوْنَ کی مِثل رقم کیا جائے تو یہ اِنما اور مومنین کی لام کے درمیان دو الف موجود ہیں پس یہ دونوں کے ساتھ نُطقاً غیر ملفوظ خطاً ہے اور بے شک یہ الف موصولہ ہے، جو لام، ہا، حا اور اِس جیسے حرف کی طرح حرف کے بعد واقع ہوتا ہے، تو اگر اِسکا وجود نہ ہوتا تو اِن تمام حروف میں کسی کی مد نہ ہوتی اور اِس کی مدّ ہی وُہ سترِ استمداد ہے جس کے ساتھ محلِ حروف میں ایجادِ صفات ہے اِس لئے مُدِ وصل کے ساتھ ہو گی تو جب حرفِ الف اُس کے دُوسرے نام سے ملے گا الف کا لمبا ہونا وجودِ حرف کے ساتھ موصول بہ ہو گا اور جب حرف موصول بہ صفتِ رحمانیہ کی طرف محتاج پایا جائے گا تو اُسے زبر کی حرکت عطا کی جائے گی اور وُہ یہی زبر ہے کہ جب یہ عطا ہو جائے تو اس سے اس پر شکر طلب کرنا ہے کہا کہ! اِس پر شُکر کیسے ہو گا؟ اُسے کہا گیا! سامعین اِسے تیرے وُجود کی صفت کے ساتھ جان لیں تیری ذات کے ساتھ نہیں اور جو یقیناً ذاتِ قدیم اللہ تعالیٰ سے ہے، پس تیری ذات کے ذکر کے موقعہ پر اُس کا ذِکر ہو گا،

www.maktabah.org

آدم صورتِ رحمٰن پر بنا ہے

پس بے شک تجھے رحمت خاصہ کی صفت کے ساتھ بنایا جانا اس پر دلیل ہے اور اسی لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے

اِنّ اللہ خلق آدم علیٰ صُورۃ الرحمٰن، یعنی بیشک اللہ تعالیٰ نے آدم کو صُورت رحمن پر پیدا فرمایا ہے

تو اس مُوجد پر ثناء کے ساتھ نُطق کر، پھر کہا! لام، یا، ھا، حا، طا تو نطق ظاہر ہُوا جو پوشیدہ خطا ہے کیونکہ الف کا طٰہٰ، حٰم اور طٰس میں نطق موجود ہے دلالت صفت کے لئے اِس پر اخفاء خطا ہے اور یہی زبر افتتاحِ وجود کی صفت ہے،،

مّدکا وُجود

کہا کر ایسے ہی اس سے پہلے واؤ مضموم ہیں اور اُس سے قبل یائے مکسُور میں مد کو پایا گیا پس یہ بھی تین ذاتیں ہیں تو یہاں اور وہاں ذاتِ واحدہ کیسے ہوگا؟

ہم کہتے ہیں ہاں، واؤ مضموم ہیں اُس سے قبل نٓ والقلم کی طرح مدّ موجود ہے اور یا مکسُور اس سے پہلے مثل سین کی یا طٰس سے اور میم کی یا حٰم سے ہے چونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِن دونوں کو حرُوف عِلّت بنایا اور ہر علّت حقیقتاً معلُوم چاہتی ہے اور جب تو نے یہ دعوے کر لیا تو لازماً دونوں کے درمیان اِس کے ساتھ استمداد و امداد کا وقوع ہوگا پس اِس لئے مد عطا کی گئی ہے اور یہ رسولِ ملکی وَحی کی طرف لوٹتی ہے،،

رسُولِ ملائکہ

اگرچہ اِس کے اور اُس کے درمیان ماقبل چیز کی نسبت ملاقات نہ ہوگی

www.maktabah.org

لیکن وُہ اُس سے مخفی ہے پس جب اُسے یہ وحی حاصل ہو گی اور اس وحی کا مقام واؤ ہے اِس لئے کہ وہ رُوحانی علوی ہے اور عُلوِ بلندی عطا کرتا ہے اور یہ واؤ مُعتلہ یعنی حروف علّت کے باب سے ہے پس ہم نے اِس سے جبریل علیہ السلام یا دُوسرے روحانی رسُولِ ملائکہ کو تعبیر کیا ہے،

رسُول بشری

چنانچہ جب رسُول بشری کو توحید و شرائع کے اسرار تفویض ہوتے تو جس مد کے ساتھ عالم ترکیب ہے اُس سے استمداد و امداد عطا کر دیتے اور استمداد کا راز مخفی رکھا، اِس لئے حضوُر رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا معاملہ ہو گا اور میں تمہاری مثل بشر ہوں،،

اور جب عالم جسم و ترکیب عالم سفلی میں موجود ہے تو ہم نے اُس کو یا مکسور کہا اس سے پہلے جو حروف علت ہیں اور یہی آسان حروف ہیں انہیں وجود اسرار الٰہیہ سے سرِ استمداد عطا کیا ہے اسلئے دونوں پہ مد ہے مگر ان دونوں اور الف کے درمیان فرق ہے پس اِس مقام پر واؤ اور یا، دونوں سلب ہو کر تمام حرکات کے ساتھ متحرک ہونگی جیسا کہ فرمایا، وَوُجِدكَ

حروف علّت کی بحث

یعنی تجھے پایا تو پناہ دی اور اگر اُدبار اُسے غنی کرنے سے رد کتے ہیں تو بیشک تو میت ہے اور وُہ دونوں حرف سکوُن حسّی کے ساتھ ساکن ہیں جیسا کہ فرمایا جو میت کے ساتھ ہے دُ. حیّ ہے اور یہ رو کتے ہیں اور دونوں میں مشابہت

www.maktabah.org

ہے جب کہ الف کبھی مُتحرک نہیں ہوتا اور نہ اِس سے قبل سوائے مُفتوح کے کبھی متحرک پایا گیا ہے پس کان سُن لے الف اور واؤ اور یاء کے درمیان کوئی نسبت نہیں"

جہاں کہیں بھی یاء اور واؤ پر حرکت آجائے تو یہ اُسکا مقام اور صفت ہے اور جب وہاں علّت ہوتے ہیں الف کے ساتھ مِل جائینگے تو یہ اُنکی ذات ہے"

نہ اس میں احتمالِ حرکت ہے اور نہ یہ اُسے قبول کرتی ہے"

لیکن یہ مقام کی صِفت سے ہے اور اِس کی حقیقت واؤ اور یا کے ساتھ نزُول کرتی ہے پس الف مدکولِ قدیم ہے اور واؤ اور یا دونوں مُحرکت ہیں چونکہ یہ دونوں پہلے مُحرکت ہیں اِس لئے حادث ہیں،

نتیجہ یہ نکلا کہ یہ تمام حرُوفِ علّت، الف یا واؤ اور یاء تحریر ہوتے ہیں یا اِن کے ساتھ حصُولِ نطق ہے تو یقیناً یہ دلیل ہوگی اور ہر دلیل حادث ہے اور حادث کی سعی کرتی ہے چنانچہ حادث اِس کی تحریر اور نُطق کا حصر نہیں کرسکتا اور یقیناً یہ غیب ظاہر ہے"

ایسے ہی سین اور ن ہے، چونکہ یہ نطق میں پایا جاتا ہے اس لئے ظہُور ہے اور تحریر میں نہیں پایا جاتا اِس لئے غیب ہے"

اور یہ وجودِ خالق کے ساتھ حصُولِ علم کا سبب ہے اُس کی ذات کے ساتھ نہیں اور لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ اُس کے وجود کے ساتھ ہے اُس کی ذات کے ساتھ نہیں

اگر دیکھنا ہے

اور اے مُتلقی جاننا چاہیئے کہ ہر وُہ چیز جو حصر کے تحت ہے وُہ مبدع یا مخلوق ہے اور وُہ تیرا محلّ ہے پس حق کو نہ داخل سے طلب کر نہ خارج سے

www.maktaban.org

جب کہ دُخول وخروج صفاتِ حدُوث سے ہے پس کُل ّمیں کُل ّ کی طرف دیکھ اور کُل ّ کو پلٹے پس عرش مجموع ہے اور کرُسی مفرُوق۔

یا طالبا لو جود الحق یدرکه
ارجع لذاتك فیك الحق فالزم

اے وُجودِ حق کے طالب اپنی ذات کی طرف رجوع کر کے اُسے دیکھ تجھ میں حق کا التزام ہے۔

پیچھے کی طرف لوٹ جاؤ

تم اپنے پیچھے سے رُجوع کرو گے اور نور کو طلب کرو گے، اگر نُور پانے کے لئے نہیں لوٹو گے تو اُسے مضبوطی سے پکڑ لو گے سُورتوں کے ساتھ رجوع کرو گے اگر اُن کی آواز پہچان لو گے، بقول اُس کے کہ اپنے پیچھے سے رجوع کرو تو یہ لوگ کہیں گے تو ہمارا ربّ ہے"۔

اور جو رجوُع نہیں کرتے اُن کے سامنے دیوار کھڑی کر دی جائے گی اور اُنہیں گھیر گھیر کر جہنم میں لایا جائے گا اور موحدین باقی رہ جائیں گے وہ بارگاہِ الٰہی سے جنت والوں کی ولدان اور حُورِ حسان سے مدد کریں گے"

الف۔ لام۔ میم کی آخری وضاحت

وزیر امیر کی صفات کا عکس ہے اور وہ صفت جو صِرف اُس امیر کے پاس ہے وہ تدبیر کا راز ہے"

توجس علم کا اُس کی صفت اور اُس کے جُملہ وفعل کا اُس کے لئے صُدور

www.maktabah.org

ہوتا ہے اُس کو ذریر نہیں جانتا مگر تفصیل کے ساتھ پس اگر غور کرے گا تو ہم نے جو کچھ کہا ہے اُس سے انشاءاللہ العزیز حق کو پالے گا.

یہ بیان و تقریر وہ الم، کے لئے ہے، پس الف ذاتِ کلمہ، لام ذاتِ عین صفت اور میم عین فعل اور ان کا سِرِّ پوشیدہ اور اِن کا موجد ہے"

ذالِکَ الکتاب

الم کے بعد ہم ارشادِ خداوندی ذالک الکتاب کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ ہاتھ کے ساتھ موجود کی طرف اشارا ہے اور اِس کے بعد فیہ ہے جو کتاب کی طرف اشارا کرتا ہے اس کا سبب یہ ہے کہ وہ مقام تفصیل پر فرق کیا گیا ہے اور اِس ذالک میں حرف لام داخل ہے اور یہی اِس مقام میں بُعد کے ساتھ آواز دیتا ہے اور ندا‌ء کا اِشارا اہل اللہ کے نزدیک بُعد کے سر پر ہے اور کیونکہ لام عالم وسط سے ہے تو جب صفت کے ساتھ قدیم سے حادث کا امتیاز کیا جائے گا تو یہی لام محل صفت ہو گا،

نیز مُفردہ کاف کے ساتھ بطورِ خاص مفرد کلام مُبدعات کے درمیان اشتراک واقع کرتا ہے،

ہم کتاب جمع و التفصیل سے اِس فصل میں ارشاد خُداوندی اَخلَع نَعلَیکَ کے بیان میں اس پر سیر حاصل کلام کریں گے

اخلع لام، میم اور باقی صفات سے مُنزّہ الف اور پھر ذال کے درمیان ہے اور یہ کتاب دُوسرے فرق کا محل ہے تو لام کے درمیان یہی صفت فرقِ اوّل کا محل ہے، الف کے ساتھ کتاب کو پڑھنا یہ محلِ جمع ہے تاکہ خطاب کے ساتھ دُوسرے فرق کا وہم نہ ہو تو یہ کبھی حقیقت کی طرف نہیں پہنچے گا، دونوں کے

www.maktabah.org

الف کے ساتھ فصل ہے تو یہ ذال اور لام کے درمیان پردہ کھنچا ہُوا ہے، ارادت ذال لام کی طرف وصُول ہے پس اِس کے لئے الف قائم ہُوا مجھے کہا کہ میرے ساتھ مل جا، لام کی ارادت ذال کو اُس کی امانت لوٹانے کے لئے اُس سے ملی تو الف اُس کے آڑے آگیا اور اُس نے اُسے کہا میرے ساتھ مُلاقات کر دونوں کے مُنہ وجُود کی طرف. جمع اور تفصیل سے دیکھتے ہیں اور توحید پائی جاتی ہے اُس کا ساتھی اُس سے الگ نہیں البتہ ایک اعداد اگر دو ہیں تو اُسے کبھی نہیں پائیں گے جو واحد کی طرف اُس کی مثل مضاف نہیں اور وُہ دو ہیں تو تین دُرست نہیں جب تک دو پہ ایک کو زائد نہ کیا جائے گا اور یہ امر لامتناہی کی طرف لے جائے گا پس ایک عدد نہیں بلکہ عینِ عدد یعنی اُس سے عدد ظاہر ہوتا ہے تمام عدد ایک ہے اگر الف واحد کو کم کر دیا تو اِسم الف اور اُس کی حقیقت معدوم ہوگی اور دُوسری حقیقت نمودار ہو جائیگی اور یہ نوسو ننانوے ۹۹۹ ہیں اگر اِن میں سے ایک کم ہو تو اُسکی ذات ختم ہو جائے گی چنانچہ جس چیز سے واحد معدُوم ہو گیا وُہ چیز ختم ہو گی اور جہاں واحد ثابت ہوگا وہاں وُہ چیز ثابت ہو گی"

ذا اور الکتاب

اگر تحقیق سے دیکھے تو اسی کا نام توحید ہے وھو مَعَکُم اَینَما کُنتُم. یعنی تُم جہاں کہیں بھی ہو وُہ تمہارے ساتھ ہے"

تو کہا ذا حرف مُبہم ہے، اِس مُبہم کے درمیان اُس کے ارشاد کے ساتھ "الکتاب" ہے اور یہ حقیقتِ ذا ہے، اور الکتاب پر جو ذال ہے یہ معرفہ اور عہد کیلئے ہے اور یہ دونوں الف اور لام، الم سے ہیں، اور جو کچھ الم میں ہے وُہ ان دونوں کے علاوہ دُوسری وجہ سے ہے تو یقیناً یہ دونوں یہاں پر محلِّ جمع میں ہیں

www.maktabah.org

اور دونوں ہی یہاں ابواب تفصیل کے پہلے باب سے ہیں،

لیکن یہ بطور خاص اسی سورت کے اسرار کی تفصیل سے ہے اس کے علاوہ دوسری سورتوں سے نہیں،

عالم وجود میں ترتیب حقائق بھی یہی ہے

پس ،، ذالک الکتاب،، کتاب مرقوم ہے، کیونکہ اُمہات الکتب تین ہیں ۱، کتاب مرقوم ،۲، کتاب مسطور، ۳، کتاب مجہول،

ہم نے باب نو۹ کتاب ،،تدبیرات الہیہ فی اصلاح المملکۃ الانسانیہ،، میں کتاب اور کاتب کے معنوں کی تشریح کی ہے تو اُسے وہاں دیکھیں،

ہم کہتے ہیں ذوات اور اُس کے معنوں کا اتحاد ہے تو اُس کے ساتھ دو ذاتوں کے مابین لازماً اسم وصف کا فرق ہوگا، پس کتاب مرقوم رقم سے اور کتاب مسطور سطر سے موصوف ہوتا ہے اور کتاب مجہول وُہ ہے جس سے صفت سلب ہو یہ چیز دو وجہوں سے خالی نہیں یا تو وُہ صفت ہوگی اگر یہ ہے تو اُسکی صفت نہیں یا اگر ذات ہے تو اُسکی صفت نہیں ہوسکتی جبکہ کشف یہ بتاتا ہے کہ وُہ صفت ہے اور اُسکا نام علم ہے اور کلمات حق کا مقام قلوب ہیں،،

کیا آپ نے اسے نہ دیکھا کہ کہتے ہیں ،،الم تنزیل الکتاب،، یعنی کہدے کہ وُہ اس کے علم کے ساتھ نازل ہوا ہے، ذالک کا کاف کا خطاب صفت علم کے ساتھ ہے، اور یہ اُس کے نزول کے ساتھ لام مخفوضہ ہے کیونکہ اُس کے ادراک سے منزّہ ہے، کاف کے لئے کہا کہ یہ کلمہ الہیہ ہے،،

ذالک الکتاب یعنی تجھ پر کتاب نازل ہوئی اور یہ میرا علم ہے تیرا علم نہیں، اہل حق کے نزدیک اس میں کوئی شک نہیں کہ اُس نے معرض ہدایت میں نازل کیا ہے جس نے میرے لئے تقویٰ اختیار کیا اور تو منزل ہے پس تُو اس کا محل ہے،

www.maktabah.org

ہر کتاب کے لئے لازماً اُم ہے اور اس کی اُم یہ کتاب مجہول ہے جس کی کبھی پہچان نہ ہوگی، کیونکہ یہ صفت کے ساتھ نہیں نہ تیرے لئے نہ احد کے لئے اور نہ ذات کے لئے، اگر تو چاہے کہ یہ محقّق ہو جائے تو عالم حصول میں کیفیت علم کی طرف دیکھ یا ناظر میں حصول صورت مرئی کی جانب نظر کر پس نہ یہ ہے نہ اس کا غیر ہے۔"

اس میں شک نہیں

لَا رَیْبَ فِیْہِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْن کے درجات و منازل کو حسب کلام دیکھیں جو اس کے بعد بیان ہوگا،

اب ہم تیری عقدہ کشائی کے لئے لاریب کے لام اور الف سے دو الفوں کی کی طرف رجوع کرنے کا قصد و تدبر کرتے ہیں، اس لئے کہ لام کی جڑ کی صورت مُتّقِیْن کے نون میں ظاہر ہے اور یہ الف لام کے دوسرے نام کے مؤخر ہے اور اس سے عبد کو اپنے نفس کی معرفت حاصل ہو جاتی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے من عرف نفسہٗ عرف ربّہٗ، "جس نے اپنے نفس کو پہچانا اُس نے رب کو پہچان لیا،

پس لام کی معرفت الف کی معرفت پر مقدّم ہے پس اس پر دلیل ہوگی انکا امتزاج نہیں جب تک دونوں ایک نہ ہو جائیں گے بلکہ دونوں میں سے بذاتہٖ ہر ایک واحد کے ساتھ ہے لہٰذا دلیل اور مدلول جمع نہیں ہو سکتے، لیکن دلیل کی وجہ سے جو کہ رابطہ ہے اور وہ الف کے ساتھ لام کے اتصال کا مقام ہے، پس دو الفوں کو ضرب دیں دونوں میں سے ایک الف آخر میں آپ کے لئے خارج ہیں درست ہے اور یہ حقیقت اتصال ہے، ایسے ہی قدیم میں حق حادث کی

www.maktabah.org

ضرب دیں آپ کے لئے خارج میں حادث دُرست ہوگا اور اُس کے خرُوج سے قدیم مخفی ہوگا اور یہ حقیقتِ اتصّال و اتحاد ہے،

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰئِكَةِ اِنِّي جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً[1] — اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین میں خلیفہ بناؤں گا،

اور یہ نقیض ہے جس کا اشارا عاطس کے لئے جنیدؒ کے قول میں ہے کہ جب مُحدَث قدیم کے ساتھ قرین ہوگا تو اُس کے لئے اختلافِ مقام کا اثر باقی نہیں رہے گا کیا تو نہیں دیکھتا۔

لام الف کا اتصال لاریب فیہ سے کیسے ہے دو ذاتوں کی ابتداء کرسی سے ہے اور دونوں کے درمیان تو دو ذاتیں نمودار ہو گئیں پھر جب رجوع و وصول کا وقت آیا تو عرش نے اُن دونوں کو الگ الگ کر دیا اب "ال" اس شکل پر آ گیا تو اِس کی حقیقت کے ساتھ لام ظاہر ہوگا کیونکہ اس کے ساتھ مقام اتحاد واتصال میں اب پُورا نہیں جو اُس کی صُورت پر ہو گیا پس ہم نے لام سے نصف دائرہ نکالا جو عالم ترکیب ہے حس کی طرف لام میں الف پوشیدہ تھا پس دو الف باقی ہیں فرق ہے پس ہم ایک کو ایک میں ضرب دیں گے اور وُہ اُس کی ذات میں شے کی ضرب ہے پس اسکا نام جمع ہے اب ایک ہو گیا دوسرا احد نہیں ان میں سے ایک رِدا ہے اور وہ ظاہر ہے اور وُہ خلیفہ مبدَع ہے دال کی زبر سے اور دوسرا رِدا دیا گیا ہے اور وُہ پوشیدہ ہے اور وُہ مبدِع قدیم ہے گویا کہ ردا مرتدی ہو گیا اب رِدا پہننے والے کے علاوہ چادر کے اندر کوئی نہیں جانتا

پس اگر تو کہے ایک ہے تو تُو نے سچ کہا اور اگر کہے دو ذاتیں ہیں تو تو

---

[1] البقرہ آیت

www.maktabah.org

نے سچ کہا عین سے اور کشف سے اور اُس کے لئے اللہ کے ہاں خوبی ہو جس نے کہا،

رق الزجاج ورقت الخمر　　فتشا کلا فتشابه الامر
فکانما خمر ولا قدح　　وکانما قدح ولا خمر

شیشہ رقیق ہے اور شراب رقیق ہے جب دونوں کی شکل ایک ہو گئی تو معاملہ مشتبہ ہو گیا،
اب یہ حال ہے کہ شراب ہے اور پیالہ نہیں اور پیالہ ہے تو شراب نہیں،

ردا، مُرتدی

مگر رِدا ء کے ظاہر کو مُرتدی کبھی نہیں پہچانے گا مگر اُسکی ذات کے باطن کو لے گا اور وُہ اس کا حجاب ہے ایسے ہی علم کے سوا حق کو نہیں جانے گا جیسا کہ سوائے اُس کی تحمید کے حقیقت پر اُس کی حمد نہیں ہو گی، مگر تو اُسے اُسکے علم کی وساطت سے جانتا ہے اور وُہ تیرا حجاب ہے تو بیشک تو اُسے اُس علم کے سوا نہیں جانتا جو تیرے ساتھ قائم ہے،

علم و معلوم کے درمیان گہرا سمندر ہے

اگر تیرا عِلم معلوم کے مطابق ہے اور تیرا علم اُس سے قائم ہے تو وُہی تیرا مشہود اور تیرا معبود ہے اگر تو اسلوبِ حق پر چلتا ہے تو یہ مت کہہ تو نے معلوم کو جان لیا ہے بلکہ تو نے خبر کو جانا ہے اور تباین کے باوجود ایک گہرا سمندر ہے، جس میں داخل ہونا مشکل ہے بلکہ عبارت اور اشارے بھی اِس پر سوار نہیں ہو سکتے لیکن کثیر و دقیق کے پردوں کے پیچھے سے کشف اُس کا ادراک کرتا ہے، اُسے محسوس نہیں کیا جاسکتا، بے شک وہ اس

www.maktabah.org

وُہ اپنی باریکی کی وجہ سے بصیرت کی آنکھ سے فرض نہیں کیا جاسکتا اُس کا زیادہ ماہر وُہی ہے جس نے اُسے پیدا کیا،

قدیم تو بعید سے بعید تر ہے

اب دیکھیں! وُہ کہاں ہے جو کہتا ہے میں اس شے کو محدث یا قدیم شے سے جانتا ہُوں، بلکہ یہ امر محدث میں ہے اور قدیم تو بعید سے بعید تر ہے کیونکہ وُہ بے مثل ہے تو وُہ کہاں سے اُس علم کی طرف پہنچے یا کیسے حاصل کرے؟

اِس باب کی تیسری فصل میں اس مسئلہ کے بارے میں کلام آئے گا، تو رداء کا ظاہر مرتدی سوائے وُجود کی حیثت کے نہیں پہچانتا اِس شرط کے ساتھ کہ وُہ انتہائی شدتِ طلب کے ساتھ اُس کی طرف رجوع کرے کیونکہ علت کی معرفت جذب کی معرفت نہیں، اور یہ اہلِ جنت کی آخرت میں رؤیت ہے، اور یہ اُس وقت بغیر وقت کے تجلی ہے،

اِس کتاب کے باب جنت میں اِس کے بارے میں کلام آئے گا اور یہ مقام وُہ تفرقہ ہے، مگر اہلِ حقائق رداء کا باطن ہیں تو وُہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مشاہدہ کرنے والے ہیں اور وُہ مشاہدہ کرنے والے ہونے کے باوجود اُنکا ظاہر کرسی صفات میں ہے انہیں باطنی بشارت کے ساتھ اِتصال کی نعمت کا اِنعام دیا جاتا ہے،

فاعل و مفعول نہ تھا

اُسکے مبتداء ہونے میں جب بسم اُس کا فاعل نہیں ہوگا تو نہ فاعل ہوگا اور نہ مفعول ہوگا چنانچہ اُسکا فاعل ہونا درست نہیں ہوگا کیونکہ اُس کا فرمان ہے کہ اِس میں شک نہیں، اور اگر فاعل ہوگا تو شک واقع ہوگا۔

www.maktabah.org

کیونکہ فاعل اُس کی منزل ہے وُہ نہیں"

تو جو اُس کی صفت کے ساتھ نہیں اُس سے کیسے منسُوب ہو کیونکہ مقام ذال بھی اِس سے منع کرتا ہے تو بے شک وُہ حقائق سے تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور حرُوف کے ساتھ ملا ہُوا نہیں جب اُس پر مقدم ہو جیسا کہ الف اور اُس کے قبیل سے دال، را، زا، اور واؤ اور اِس پہ بھی مفعول نہیں کہتے جس کے فاعل کا نام نہیں، کیونکہ اُس کی ضرُورت ہے کہ اُس سے پہلے ایک کلمہ آئے جو ایک مخصوص بنیاد پر ہو اس کا محل علم نحو ہے، پس اب کوئی بات باقی نہیں رہی سوائے اِس کے اُسے مُبتداء تسلیم کریں اور مُبتدا وہ ہے جس کا کسی کو پتہ نہیں"

الستُ بربکم اور قالُوا بلیٰ سے پہلے کا حال کسی کو معلوم نہیں اب ہر مُبتداء کی یہ ضرورت ہے کہ اُس کی کوئی ابتداء ہو تو ہم کہتے ہیں ہاں! اِس پہ اُم الکتاب عمل کر رہی ہے"

اِشتراک وافتراق

پس یہی کتاب میں ابتدائے عامل ہے اور عامل پر حق ہیں اور جیسے اللہ پروردگار نے تخلیق کیا ہے "لہٰذا اِس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے" ان اشکرلی ولوالدیک، یعنی میرا شکر کر اور اپنے والدین کا شکر کر اِس میں تیری طرف اشارا ہے پھر کہا میری طرف پھر آنا ہے، پس تو واحد ہے تو مقام تفرقہ سے شکر ہے، جیسا کہ تجھے لازم ہے کہ رداءِ علم کا شکر ادا کرے کہ یہ مُرتدی سے وصال کا سبب ہے اور رداء سے اُس کی طرف لوٹنا ہے، اور تجھے ہر صورت میں مرتدی سے واصل ہونا ہے"

پس اس پر غور کر جو ہم نے اُسے کہا ذال اور الف کے درمیان فرق ہے

www.maktabah.org

اگرچہ مقامِ وحدانیتِ مقدسہ میں دونوں کا اشتراک ہے تو وہ حال اور مقام کے لحاظ سے قبل اور مقامِ لاحال کی وجہ سے بعد کی ہے"

تنبیہ! فرمایا ذٰالِکَ الکتاب

اور یہ نہ فرمایا، تِلکَ آیاتُ الکتاب"، پس کتاب جمع کے لئے ہے اور آیات کے لئے ذالکَ مذکر واحد ہے اور تلکَ واحد مؤنث پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے یا ذٰالکَ الکتاب فرما کر فرق سے قبل اولاً قطعی طور پر وجودِ جمع کے لئے اشارا فرمایا پھر آیات میں فرق پیدا کیا جیسا کہ تمام اعداد واحد میں جمع ہیں جیسا کہ ہم نے اُسے تقدیم دی پھر جب ہم نے اُسے ساقط کیا اُس عدد کی حقیقت معدُوم ہو گئی اور امرِ وجود میں الف کے لئے کچھ باقی نہ بچا جب ہم اُسے میدان میں لائے تو وُجود میں الف میدان میں آیا"

قُوّتِ عجیب

اِس قوتِ عجیبہ کی طرف دیکھ اِسے وُہ حقیقتِ واحد عطا کی گئی ہے جو اس کثرت میں ظاہر گئی جو لامتناہی کی طرف جاتی ہے، اور وُہ اپنے نفس اپنی ذات اور اپنے اِسم میں اکیلا ہے پھر اُس نے آیات میں فرق پیدا کیا، اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے،

اِنَّآ اَنزَلنٰہُ فِی لَیلَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ[1] — ہم نے اِسے مبارک رات میں نازل فرمایا

پھر فرمایا!

فِیھَا یُفرَقُ کُلُّ اَمرٍ حَکِیمٍ[2] — اس میں ہر حکمت والے امر میں فیصلہ ہے

---

[1] الدُخان آیت ۳ [2] الدخان آیت ۴

www.maktabah.org

توجس کی ابتداء جمع سے ہے وہ ہر چیز ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے

وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ[1] اور ہم نے اُس کے لئے تختیوں میں ہر چیز سے لکھ دیا،

"فی الالواح" مقام فرق ہے "من کل شیٔ" جمع کی طرف اشارا ہے، موعظت اور تفصیل کو فرق کی طرف اور کُل شیٔ کو جمع کی طرف لوٹتا ہے پس کُل موجود کونسا موجود ہے تو یہ عموم ہونے سے خالی نہیں مگر عین الجمع یا عین الفرق میں ہوگا غیر میں نہیں"

جیسا تھا ویسے ہے

ان دونوں موجود حقیقتوں سے پردہ اُٹھانے کے سوا کوئی راستہ نہیں، اور یہ دونوں کبھی جمع نہیں ہونگی، پس حق اور انسان جمع کی عین اور عالم تفرقہ میں ہے، یہ کبھی جمع نہیں ہو سکتا، جیسا کہ نہ حق کبھی الگ ہو گا اور نہ انسان کبھی الگ ہو گا،

پس اللہ تعالیٰ سبحانہ کے لئے ہے کہ وہ اپنی ذات وصفات اور اسماء کے ساتھ اپنے ازل میں ہمیشہ سے ہے اس پر تجدید حال نہیں اور نہ اُس کے لئے عالم تخلیق سے وصف ہے نہ یہ اس سے قبل اُس پر تھا،

بلکہ وہ اب بھی اُس پر ہے جس پر کائنات کے وجود سے پہلے تھا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کا وصف بیان کرتے ہوئے کہا اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور یہ قول کہ وہ اب بھی اُس پر ہے جس پر پہلے تھا، ہے اور جو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں فرمایا اور حدیث

---

[1] الاعراف ۱۴۵

www.maktabah.org

میں درج ہے تو اُن کا مقصود اُس کی اُس صفت کو بیان کرنا ہے جو اُس کے لئے وجود عالم سے پہلے واجب تھی اور وُہ اِس پر اور عالم موجود پر ہے اور ایسے ہی یہ حقائق جو اس پر واقف ہونے کے ارادہ کے موقعہ پر تھے "

اُس کا ارشاد "ذالک" اصل میں تذکیر ہے اور وُہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور اُس کا فرمان تلک فرع میں تانیث ہے اور یہ حضرت حوا علیہا السلام ہیں،

ہم نے اِس فصل میں کتاب جمع والتفصیل فی معرفت اسرار التنزیل تصنیف کی اُس میں ہم نے اِس قول پر سیر حاصل کلام کیا ہے "

تذکیر ذالک و تانیث تلک

پس حضرت آدم علیہ السلام جمیع صفات کے لئے اور حضرت حوا تفریق ذوات کے لئے ہیں کیونکہ یہ فعل و بذر کا محل ہے " ایسے ہی یہ آیات احکام و قضایا کا محل ہیں اور بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ نے ذالک اور تلک کے معنوں کو اپنے اِس ارشاد میں جمع فرمایا ہے "

الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ[1]

پس حروف الم تین رقم ہوتے ہیں اور یہ اِس کے عالم کا اجتماع ہے تو بیشک اِس میں ہمزہ ہے اور یہ عالم اعلیٰ سے ہے اور لام عالم وسط سے ہے اور میم عالم اسفل سے ہے تو یقیناً اللہ تبارک و تعالیٰ نے الم میں برزخ، دارین، رابطہ اور دو حقیقتوں کو جمع فرما دیا ہے "

اور یہ اُس لفظ غیر تکرار کے حرُوف سے نصف پر ہے اور تین پر بغیر تکرار

---

[1] ص ۳ آیت ۲۰

www.maktabah.org

کے اور ان پردوں میں سے تین کا تیسرا حصہ ہے اور یہ تمام تر اسرار ہیں جنکی اتباع ہم نے کتاب المبادی والغایات اور کتاب الجمع والتفصیل میں کی ہے، چنانچہ اس میں الم البقرہ کے اسی قدر کلام پر اکتفا کریں،

بعد ازاں ہمیں اس قید کو چھوڑنے کی طرف رغبت ہوئی جو ہمیں کتاب اور کتابت میں ہمارے لئے متجلی تھی تو ہم پر بڑے بڑے ہیبتناک اور عجیب امور نمودار ہوئے چنانچہ ہم نے کاپی پھینکی اور عالم کی طرف بھاگ آئے تو اس میں کمی واقع ہوگئی،

اور جس وقت ہم نے دوسرے دن اس تجلی سے تقیید کی طرف رجوع کیا اور اس میں رغبت قبول کی اور وہ ہم پر رک گئی اور ہم نے حروف میں سے ایک ایک حرف پر کلام کیا جیسا کہ ہم نے اس باب کے آغاز میں ایجاز و اختصار کی خواہش میں اس کے لئے شرط رکھی تھی، اور اللہ ہی حق کہلاتا ہے اور راستہ دکھاتا ہے پانچویں جز ختم ہوئی الحمد للہ رب العلمین،

www.maktabah.org

حُروف کا تفصیلی تعارف

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الف میں کیا ہے؟

ألف الذات تنزهت فهل — لك فی الاکوان عین ومحل
قال لاغیر التفاتی فأنا — حرف تأبید تضمنت الازل
فانا العبد الضعیف المجتبی — وأنا من عز سلطانی وجل

ذات کا الف پاکیزہ ترین ہو گا ۔ کیا تیرے لئے کائنات کے اندر کوئی عین کا محل ہے ؟ ۔
اُس نے جواب دیا میرے التفات کے سوا کوئی نہیں ، میں ہی حرفِ تائید اور ازل کو شامل ہوں ۔
میں ایک ضعیف و پسندیدہ عبد ہوں اور سُلطان کی عزت و جلال سے خوفزدہ ہوں ۔

حقائق سے معمولی شغف رکھنے والا جانتا ہے کہ الف حرُوف میں سے نہیں لیکن اُس کا عام نام حرف ہے ، جب محقق اُسے حرف کہتا ہے تو ہم کہتے ہیں یہ عبارت میں تجاوز ہے اور مقامِ الف جمع کے مقام پر ہے ، اِس کے لئے اسماء سے اِسم اللہ اور صفات سے قیُومیّت ہے ۔

اسمائے افعال ! اِس کے لئے اسمائے افعال سے یہ نام ہیں ، مبدی ، باعث ، واسع ، حافظ ، خالق ، باری ، مصوّر ، وہاب ، رزاق ، فتاح ، باسط ، معز ، معید ، رافع ، محیی ، والی ، جامع ، مغنی ، نافع ۔

www.maktabah.org

اسمائے ذات! اِس کے لئے اسمائے ذات میں سے یہ نام ہیں، اللہ، رب، ظاہر، واحد، اول، آخر، صمد، غنی، رقیب، متین اور حق"

حروف لفظی! اِس کے لئے حروفِ لفظی یہ ہیں "ہمزہ، لام، فا،"

حروف بسائط اِس کے لئے بسائط سے یہ حروف ہیں "زا، میم، ھا، فا، لام اور ہمزہ"

مراتب! اِس کے لئے تمام مراتب ہیں اور اِس کا ظہور چھٹے مرتبے میں ہے"

غلبہ! اس کے غلبے یا تسلط کا ظہور نباتات میں ہے،

قبیلہ! اس مرتبہ میں اِس کے قبیل سے ھا اور لام، ہیں،

حرف اِلف کے لئے حرفوں کا تمام جہان اور اُس کے مرتبے ہیں نہ یہ حرفوں کے جہان میں ہے اور نہ اُس سے خارج ہے، یہ دائرے کا نقطہ بھی ہے اور اُس پر محیط بھی نیز یہ عوالم اور اُن کے بسائط کا مرکب ہے۔

ہمزہ میں کیا ہے؟

همزة تقطع وقتا وتصل   كل ماجاورها من منفصل
فهي الدهر عظيم قدرها   جل ان يحصره ضرب المثل

ہمزہ کبھی قطعی اور کبھی وصلی ہوتا ہے، اگر کوئی منفصل لفظ آئے گا تو یہ اِس کے اندر پورا زمانہ یہ عظیم القدر ہے اِسے کسی ضرب المثل میں محصور کرنا بہت مشکل ہے"

جہان مخارج ہمزہ اُن حروف سے ہے جن کا جہان عالم شہادت وملکوت ہے، اور مخارج انتہائے حلق ہے"

مرتبۂ عدد! اِس کے لئے عدد اور گنتی میں کوئی حصہ نہیں"

حُروف بسائط! اِس کے لئے بسائط سے یہ حروف ہیں، فا، میم، زا، الف اور یا،

www.maktabah.org

جہان و فلک ! اس کا جہان عالم ملکوت اور فلک چوتھا ہے اور اس کے فلک کا دورہ نو ۹ ہزار سال ہے۔

مرتبہ ! اس کے لئے مراتب سے چوتھا، چھٹا اور ساتواں مرتبہ ہے۔

ظہور تسلط ! اس کے تسلط کا ظہور، جنات و نباتات اور جمادات میں ہے۔

حروف ! اس کے لئے وقف میں یہ حروف ہیں، ھا، میم اور زا ہیں اور تا اوپر سے دو نقطوں کے ساتھ وصل میں اور تنوین قطع میں تھے۔

ناموں سے ! اس کے لئے اسما میں سے وہ ہے جو الف واؤ اور با کے لئے ہے پس تکرار سے مستغنی ہے۔

اسمائے صفات ! اسمائے صفات سے اس کے لئے ان اسما کے ساتھ اختصاص ہے، قہار، قاہر، مقتدر، قوی، قادر

مزاج و عنصر ! اس کا مزاج گرم تر اور عنصر آگ ہے۔

پورا یا نصف حرف ! اس امر میں اختلاف کرتے ہیں کہ کیا یہ تحریر میں پورا حرف ہے یا نصف تاہم تلفظ میں اس کے پورا حرف ہونے میں تمام متفق ہیں اور کسی کو اختلاف نہیں۔

وہ جو حرف ھا میں ہے

ھاء الھویۃ کم تشیر لکل ذی انیۃ خفیت لہ فی الظاھر
ھل لامحقت وجود رسمک عندما تبدو لاولہ عیون الآخر

یا ! ہویت کی ہے تو اس کی طرف کب تک اشارہ کرتا رہے گا جو ظاہر میں مخفی ہے۔
تو نے کیوں نہ اپنے وجود کے نشان کو مٹا دیا جب اس کے اول کے لئے آخر میں آنے والوں کی آنکھیں کھلی ہونگی۔

جاننا چاہیئے کہ حرف ھا حروف غیب سے ہے اور اس کا مخارج

www.maktabah.org

اقصیٰ حلق ہے۔

عددو بسائط! اس کا عدد پانچ ہے اور بسائط سے اس کے لئے یہ حروف ہیں الف، لام، ہمزہ، میم اور زای

جہان و فلک! اس کا جہان عالم ملکوت اور فلک چوتھا ہے، اس کے فلک کی حرکت کا زمانہ نو ہزار سال ہے۔

طبقہ! اس کے لئے طبقات سے خاص اور خاص الخاص طبقہ ہے۔

مرتبہ و ظہور! اس کے لئے مراتب سے چھٹا مرتبہ ہے اور اس کے تسلط کا ظہور نباتات میں ہے اور اس کے آخر پہ جو پایا جاتا ہے وہ گرم تر ہے اس کے بعد وہ سردی اور خشکی کی طرف پھر جاتا ہے۔

حرکات! اس کے لئے سیدھی اور ٹیڑھی حرکات ہیں اور یہ حروف اعراق یعنی جڑ والے حرفوں سے ہے۔

کامل و تفرّد! اس کے لئے امتزاج ہے یہ کاملوں سے اور عالم انفراد سے ہے۔

مزاج و عنصر اس کا مزاج عطارد کی طرح، سرد، خشک اور گرم تر ہے، اس کا بڑا عنصر مٹی اور چھوٹا عنصر ہوا ہے۔

حروف! اس کے لئے حروف ہیں الف اور ہمزہ ہے،

اسمائے ذاتیہ! اس کے لئے اسمائے ذاتیہ سے یہ نام ہیں، اول، آخر، ماجد مومن، مُہیمن، مُتکبّر، متین، اُحد اور ملک،

اسمائے صفاتیہ! اس کے لئے اسمائے صفاتیہ یہ ہیں، مُقتدر اور مُحصی۔

اسمائے افعال! اس کے لئے اسمائے افعال سے یہ ہیں، لطیف، فتاح، مبدی، مجیب، مُقیت، مُصوّر، مُذل، مُعزّ، مُحیی، مُمیت، مُنتقم، مقسط، مُغنی، مانع،

www.maktabah.org

اور اس کے لئے انتہائے طریق ہے۔

جو عین مہملہ میں ہے

عین العیون حقیقة الایجاد | فانظر الیه بمنزل الاشهاد
تبصره ینظر نحو موجد ذاته | نظر السقیم محاسن العوّاد
لا یلتفت أبدا لغیر الٰهه | یرجو ویحذر شیمة العباد

عیون کا عین ایجاد کی حقیقت ہے اس کی طرف نظر کر یہ شہود کی منزل نہیں۔
اُسکے موجد کو غور سے دیکھ۔ بیمار کی نظر عیادت کرنے والوں کی خوبیوں میں شامل ہوتی ہے،
وہ غیر اللہ کی طرف ملتفت نہیں ہوتی۔ بتوں کے شُبے سے ڈرتی بھی ہے اور اُمید بھی کرتی ہے،

جہان: جاننا چاہیئے کہ عین عالم شہادۃ وملکوت سے ہے اور اس کا مخرج وسطِ حلق ہے۔

عدد: اس کے لئے عدد جمل سے ستر کا ہندسہ ہے۔

حروف بسائط: اس کے لئے بسائط سے یا، نون، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں۔

فلک: اس کے لئے دوسرا فلک ہے اور اس کے فلک کی حرکت کا زمانہ گیارہ ہزار سال ہے،

طبقہ: اس کے لئے طبقاتِ عالم سے خاص اور خاص الخاص طبقہ ہے۔

مرتبہ و تسلّط: اس کے لئے مراتب سے پانچواں مرتبہ اور اس کے تسلط کا ظہور چوپایوں میں ہے اس سے حرارت و رطوبت پائی جاتی ہے۔

حرکات: اس کے لئے اُفقی حرکات پائی جاتی ہیں اور وہ ٹیڑھی ہیں۔

جہان: یہ حروف اعراف سے ہے اور وہ حروفِ خالص سے ہے اور وہ

www.maktabah.org

کامل ہے اور وہ عالم انسان ثنائی ۲ سے ہے

مزاج ! اس کا مزاج گرم تر ہے ،

حروف اس کے لئے حروف یا اور نون ہیں

اسمائے ذاتی اس کے لئے اسمائے ذاتی، غنی، اول اور آخر ہیں،

اسمائے صفاتی اُس کے لئے صفاتی نام یہ ہیں قوی، محصی اور حیی

اسمائے افعال ! نصیر، نافع، واسع، دہاب، والی

:.:

www.maktabah.org

حا مہملہ میں کیا ہے؟

حاء الحواميم سر الله فی السور	أخفى حقيقته عن رؤية البشر
فان ترحلت عن كون وعن شبح	فارحل الى عالم الارواح والصور
وانظر الى حاملات العرش قد نظرت	الى حقائقها جاءت على قدر
تجد لحائك سلطانا وعزته	أن لايدانى ولايخشى من الغير

حامیم کی حا سورتوں کے اندر مکان کا راز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے انسان کی آنکھ سے چھپالیا ہے۔

اگر تو کون اور عالم صورت سے عالم ارواح اور صور کی طرف کوچ کرے گا،،

پس تو حاملانِ عرش کو دیکھے گا اور حقیقتِ اشیاء تیرے سامنے ٹھیک ٹھیک نمودار ہوگی۔

تو اپنی حاء کیلئے عزت اور غلبہ حاصل کرے گا کیونکہ نہ تو وہ غیر کے قریب جاتا ہے نہ غیر سے ملتا ہے

اے دوست جاننا چاہیئے کہ حاء عالم غیب سے ہے مخارج سے اس کے لئے وسط حلق اور عدد آٹھ ۸ ہے۔

حروف بسائط الف، ہمزہ، لام، ہا، فا، میم، نا

جہان و فلک، عالم ملکوت، دوسرا فلک، اس کے فلک کی حرکت کا دور گیارہ ہزار سال ہے۔

مرتبہ، یہ خاص اور خاص الخاص ہے اس کے لئے ساتواں مرتبہ ہے،

ظہور تسلط، اس کے تسلط کا ظہور جمادات میں ہے،،

مزاج و عنصر، اس سے سردی اور رطوبت پائی جاتی ہے اس کا عنصر پانی ہے۔

حرکات اس کی حرکات ٹیڑھی ہیں اور وہ حروف الاعراق ہیں اور یہ بلا امتزاج خالص ہے اور اس کے ملنے سے کامل کا ترفع ہوتا ہے۔

عالم و طبع یہ عالم انسانی ثلاثی ۳ سے ہے اور اس کا مزاج برودت اور تری ہے،، اس کے لئے حروف الف اور ہمزہ ہیں۔

www.maktabah.org

ذاتی اسماء اللہ، اول، آخر، ملک، مومن، مہیمن، متکبر، مجید، متین، متعالی، ادر عزیز،

اسمائے صفات، اِس کے لئے اسمائے صفات المُقتدر اور المحصی ہیں،

اسمائے افعال، لطیف، فتاح، مبدی، مجیب، مقیت، مُصوّر، مُذل، مُعز، مُعید، محیی، ممیت، مُنتقم، مقسط، مُغنی، مانع، اور اِس کے لئے ابتدائے طریق کیلئے ہے،

جو غین منقوطہ میں ہے،

الغين مثل العين فی أحواله	الاتجليه الاطم الاخطر
فی الغين أسرار التجلی الاقهر	فاعرف حقيقة فيضه وتستر
وانظر اليه من ستارة كونه	حذرا على الرسم الضعيف الاحقر

غین بھی اپنے تمام احوال میں عین کی مثل ہے اور خطیر و اہم تجلیات کی حامل ہے۔

غین میں غالب آنے والی تجلیوں کے اسرار ہیں، تو اُسکے فیض کی حقیقت لوگوں سے چھپائے،

تو اُسے کائنات کے پردے میں دیکھ اور کمزور و حقیر نشان سے پرہیز کر۔

جاننا چاہیئے اللہ تبارک و تعالیٰ اِس کی رُوح سے تیری مدد فرمائے غین منقوطہ عالم شہادت و ملکوت سے ہے اور اِس کا مخرج حلق کے قریب مُنہ کی طرف ہوتا ہے،

عدد ہمارے نزدیک اور اہل اسرار کے نزدیک اِس کا عدد نوسو ۹ ہے جب کہ اہل الواسے کے نزدیک اِس کا عدد ایک ہزار ہے اور یہ سب جمل کبیر کے حساب سے ہے،

بسائط اِس کے بسائط یا، نون، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں،

فلک، اِس کا فلک دوسرا ہے اور اُس کی حرکت گیارہ ہزار سال میں پوری ہوتی ہے۔

www.maktabah.org

طبقہ وظہور، اس کا عام طبقہ سے امتیاز ہے، مرتبہ پانچواں اور تسلط کا ظہور چوپایوں میں ہے،

مزاج و عنصر، اس کا مزاج سرد مرطوب اور عنصر پانی ہے اور اس سے ہر برودت و رطوبت پائی جاتی ہے،

حرکات اس کی حرکت معوجہ ہے اور اُس کے لئے خلق و کرامات اور احوال خالص اور دوسرا مُونس کامل ہے اُس کے لئے ذاتی انفرادیت ہے،

حروف اِس کے لئے حروف میں سے یاء اور نون ہیں،

اسمائے ذاتی، غنی، علی، اللہ، اول، آخر، واحد

اسمائے صفاتی، حی، محصی، قوی،

اسمائے افعال، نصیر، وافی، واسع، والی، وکیل اور یہ ملکوتی ہے،

جو خاء منقوطہ میں ہے

الخاء مهما أقبلت أو أدبرت	أعطتك من أسرارها وتأخرت
فعلوّها يهوي الكيان وسفلها	يهوي المكوّن حكمة قد أظهرت
أبدى حقيقتها مخطط ذاتها	فتدنست وقتا وثم تطهرت
فاعجب لها من جنة قد أزلفت	في سفلها ولهيب نار سعرت

خاء جب کبھی بھی آگے یا پیچھے ہو تو تجھے اپنے اسرار عطا کرے گی اور مؤخر ہو جائے گی ظہور حکمت میں اُسکی بلندی کائنات کو نیچے کر دیتی ہے اور پستی کائنات کے اُوپر بلند ہو جاتی ہے اُس نے اپنی حقیقت ظاہر کی جو اُسکی ذات کی تفصیل بیان کر رہی تھی جو کبھی میلی اور کبھی مصفا ہو جاتی تھی وہ جنت کتنی عجیب ہے جو قریب رہ جائے اور کتنے عجیب ہیں وہ آگ کے شعلے جو بھڑکائے جائیں گے۔

جاننا چاہیئے اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے، خاء عالم غیب و ملکوت سے

www.maktabah.org

ہے اس کا مخرج حلق کا وُہ حصہ ہے جو منہ سے مِلا ہُوا ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد چھ سو اور بسائط، ہمزہ، لام، فا، ھا، میم اور زا ہیں

فلک و مرتبہ اس کا فلک دُوسرا جس کا دَور دس ہزار سال ہے اور عام سے ممتاز ساتواں مرتبہ ہے۔

ظہور و مزاج اس کے تسلّط کا ظہور جمادات میں ہے اس کے سر کا مزاج برودت و یبُوست اور باقی جسم کی طبع حرارت و رطوبت ہے۔

عنصر اس کا بڑا عنصر ہوا اور چھوٹا عنصر مٹی ہے اور جو کچھ طبائع اربعہ میں پایا جاتا ہے اس میں سب جمع ہے۔

حرکات اس کی حرکت ٹیڑھی ہے اس کے لئے احوال و خلق اور کرامات امتزاجیہ کامل ہے جو اس کے اتصال کے ساتھ اس کی ذات پر اُٹھائی جاتی ہے اس کے لئے مُونس مثلّث ہے، حرُوف سے اس کے لئے علامت ہمزہ اور الف ہے۔

اسماء اس کے لئے ذاتیہ، صفاتیہ اور فعلیہ وُہ تمام اسماء ہیں جن کے اوّل میں زا یا میم ہے جیسا کہ ملک، مقتدر اور مُعز یا وُہ اسماء جن کے شروع میں ھا ہے جیسا کہ ہادی اور وہ اسماء جن کے شروع میں فاء ہے جیسا کہ فتاح یا وُہ اسماء جن کے شروع میں لام ہے جیسا کہ لطیف یا ہمزہ جیسا کہ اوّل۔

قاف میں کیا ہے؟

القاف سرٌ كماله في رأسه   وعلوم أهل العرب مبدأ قطره
والشوق يثنيه ويجعل غيبه   في شطره وشهوده في شطره
وانظر الى تعريقه كهلاله   وانظر الى شكل الوديس كبدره
عجبا لآخر نشأة هو مبدأ   لوجود مبدئه ومبدأ عصره

www.maktabah.org

قاف کے کمال کا بھید اس کے سر میں ہے اور اہل عرب کے علوم اُس کے قُطر کا مبداء ہیں ،

شوق اس کی تعریف کرتا ہے اس کی ایک جانب غیب اور دُوسری طرف شُہود ہے ،

اُس کے نیچے کا حصہ ہلال کی طرح اور اُوپر کا جسم بدر کی مانند ہے ،

اس کا ظہورِ آخر جو کہ مبداء ہے عجیب ہے اُس کے وجود کے لئے اس کا مبداء ہے اور مبداء اُس کا زمانہ ہے ،

اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ قاف عالم شہادت و جبرُوت سے ہے اِس کا مخرج زبان کا آخری حصّہ اور جو اُس کے اُوپر تالُو سے ہے

عدد و بسائط اِس کے عدد ایک سو اور بسائط ، الف ، فا ، ہمزہ اور لام ہیں

فلک و مرتبہ اِس کا فلک دُوسرا اور اِس کی حرکت دس ہزار سال ہے اِس میں خاص اور خاص الخاص امتیاز ہے اِس کا مرتبہ چوتھا اور تسلّط کا ظہُور جنّات میں ہے ،

مزاج و عنصر اِس کا مزاج اوّل اُمہات اِس کا آخر گرم خُشک اور اِس کا تمام مزاج بارد و مرطوب ہے اور اِس کا عُنصر پانی اور آگ ہے ،

حرکت و مونس اِس سے اِنسان اور عنقاء پایا جاتا ہے اس کے لئے احوال ہیں اِس کی حرکت امتزاجیہ اور دوسرے مُونس سے مُمتزج اور علامت مشترکہ ہے

حرُوف و اسماء حرُوف میں سے اِس کے لئے الف اور فا ہیں اور اسماء میں سے ہر اُس حرف کا مرتبہ ہے جو اس کے آغاز میں اُس کے حرُوف بسائط ہیں اس کے لئے اہل اسرار کے نزدیک ذات اور اہل انوار کے ہاں ذات و صفات ہے ،

جو کاف میں ہے

کاف الرجاء یشاھد الاجلالا من کاف خوف شاھد الافضالا

فانظر الی قبض و بسط فیھما یعطیك ذاصدًا وذاك وصالا

www.maktabah.org

الله قـد جلى لذا اجـلاله　　ولذاك جلى من سـناه جمالا

رجاء کا کاف جاہ و جلال کا مشاہدہ کرتا ہے اور خوف کے کاف سے فضل و کرم کا مشاہدہ کرتا ہے۔
اس کے قبض و بسط کو دیکھ! اس میں دونوں چیزیں پائی جاتی ہیں۔ ایک چیز تجھے فراق اور دوسری وصال دے گی۔

اللہ تعالیٰ نے اس میں اپنا جلال ظاہر کیا ہے اور اس کی روشنی میں جمال بھی نمودار کر دیا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ کاف عالم غیب و جبروت سے ہے اس کا مخرج قاف کا مخرج ہے اور اس کا بیان اسفل سے کیا گیا ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد بیس۲۰ اور بسائط الف، فا، ہمزہ اور لام ہیں۔

فلک اس کے لئے دوسرا فلک ہے اور اس کے فلک کی حرکت گیارہ ہزار سال ہے نیز یہ کہ خاص اور خاص الخاص متمیّز ہے

مرتبہ و عنصر اس کا مرتبہ چوتھا ہے اور اس کے تسلط کا ظہور جنات میں ہے جو کچھ گرم خشک میں ہے وہ اس میں پایا جاتا ہے اس کا عنصر آگ اور مزاج حرارت و یبوست ہے۔

مقام و حروف اس کا مقام ابتدا، حرکت امتزاجیہ اور اصل سے ہے خالص کامل اہل انوار کے نزدیک اس کا اتصال اُٹھ جاتا ہے جب کہ اہل اسرار کے نزدیک نہیں اُٹھتا۔ مفرد موحش ہے اس کے لئے حروف میں سے وہ ہے جو قاف کے لئے ہے اور اسماء میں سے اس کے لئے ہر وہ اسم ہے جس کے آغاز میں حروف سے ہر حرف کے بسائط و حروف ہیں۔

ضاد معجمہ میں کیا ہے؟

فی الضاد سر لو أبوح بذکره　　لرأیت سر الله فی جبروته

www.maktabah.org

فانظر الیـــه واحـــدا وکماله   من عــــده فی حضرتی رحموته
وامامه اللفظ الذی بوجوده   أسری به الرحمن من ملکوته

ضاد میں ایک راز ہے جو ظاہر ہو جائے تو تو سرّ الٰہی کو اس کے جبروت میں دیکھ۔
اُس کی طرف دیکھ بادہ واحد ہے اور اس کا کمال اس کے عدد عالم رحموت میں ہے۔
اس کے سامنے وہ لفظ ہے جس کے وجود سے رحمن نے اپنے بندے کو ملکوت کی سیر کرائی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ ضاد معجمہ حروف شہادت وجبروت میں سے ہے اس کا مخرج حافہ زبان کا شروع اور وہ جو اس کے ساتھ ڈاڑھ سے ملا ہوا ہے۔

عدد و بسائط اس کا عدد ہمارے نزدیک نوّے ۹۰ اور اہل انوار کے نزدیک آٹھ سو ۸۰۰ ہے اور اس کے بسائط، الف، دال یا بسہ ہمزہ، لام اور فا ہیں۔

فلک و طریق اس کے لئے دوسرا فلک ہے اور اس کے فلک کی حرکت گیارہ ہزار سال ہے عام میں امتیاز کرتا ہے اور اس کا طریق وسط ہے۔

مرتبہ و مزاج اس کا مرتبہ پانچواں، تسلط کا ظہور چوپایوں میں، مزاج سرد تر، عنصر پانی، اس سے جو بھی پایا جائے گا وہ سرد اور مرطوب ہو گا۔

حرکت اس کی حرکت امتزاجیہ ہے اس کے لئے خلق اور احوال وکرامات خالص ہے اور دو مونث سے کامل ہے اس کی علامت فردیت ہے۔

حروف اسماء اس کے لئے حروف میں سے الف اور دال ہیں اور اسماء میں سے وہ ہے جو ہم نے آپ کو اس کے پہلے حرف میں بتایا ہے ہم چاہتے ہیں کہ تشریح مختصر ہو اور اللہ ہی مددگار ہدایت دینے والا ہے۔

جو کچھ جیم میں ہے

الجیم یرفع من یرید وصاله   لمشاهد الابرار والاخیار

www.maktabah.org

فهو العبیـد الفن الا انه | متحقق بحقیقـة الایثار
یرنو بغایتـه الی معبوده | وببـدئه یمشی علی الآثار
هومن ثلاث حقائق معلومة | ومزاجه برد ولفح النار

جیم ابرار و اخیار کے مشاہدہ کے لئے جو اس کا وصال چاہے اُسے بلند کر دیتی ہے۔

اگر یہ حقیقتِ ایثار سے متحقق ہو جائے تو ایک تابعدار غلام ہے۔"

یہ اپنی عنایت کیساتھ اپنے معبود کی طرف مائل ہے اور ابتدا ہی سے اُسکے نشانات رواں ہے۔

یہ بھی اُسکے تین حقائق معلومہ سے ہے اِسکا مزاج سرد بھی ہے اور آگ کا شعلہ بھی۔

عالم و مخرج اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ جیم عالم شہادت و جبروت سے ہے اِس کا مخرج زبان اور تالو کے درمیان زبان کا وسط ہے۔

عدد و بسائط اِس کا عدد تین اور اِس کے بسائط یا، میم، الف اور ہمزہ ہیں

فلک و مرتبہ اِس کا فلک دُوسرا ہے جس کا دَور گیارہ ہزار سال ہے عام میں تمیز، طریق وسط اور مرتبہ چوتھا ہے۔

ظہور و مزاج اس کے سُلطان کا ظہور جنات میں ہے اِس کا جسم خُشک تر اور سر گرم خشک ہے اِس کی طبع سرد، گرم اور خُشک ہے، اِس کا بڑا عنصر مٹی اور چھوٹا عنصر آگ ہے، اِس سے وُہ پایا جاتا ہے جو اِس کی طبع کی شکل میں ہے۔"

اِس کی حرکت ٹیڑھی ہے اور اِس کے لئے حقائق و مقامات اور منازلات کا امتزاج کامل ہے، اہل انوار کے نزدیک اِس کے ساتھ وصل سے رفع ہے اور سوائے کُوفیوں کے اہل اسرار کے نزدیک مثلث مونس ہے اور اِس کی علامت فردیت ہے۔"

حروف و اسماء حرُوف میں سے اِس کے لئے یا اور میم ہیں اور اسماء وہی

www.maktabah.org

جو پہلے بیان ہوئے،

شین میں کیا ہے؟

فی الشین سبعة أسرار لمن عقلا وکل من نالها یوما فقد وصلا
تعطیك ذاتك والاجسام ساکنة اذا الامین علی قلب بها نزلا
نوعاین الناس ماتحویه من عجب رأوا هلال امحاق الشهر قد کملا

شین میں عقلمند کیلئے سات بھید ہیں جس نے انہیں پالیا وہ مقصد کو پہنچ گیا،
اجسام ساکن ہونگے تو وہ تجھے تیری ذات عطا کرے گا جب اُسکے ساتھ امین دل پر نازل ہوگا۔
لوگ اسکے عجائبات کا معائنہ کریں تو دیکھیں گے مہینے کو ماند کرنے والا ہلال مکمل ہوگیا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نُطق وفہم میں ہماری مدد فرمائے حرفِ شین عالمِ غیب وجبرُوت کے وسط سے ہے اِس کا مخرج جیم کا مخرج ہے،،

عدد و بسائط اِس کا عدد ہمارے نزدیک ایک ہزار اور اہل انوار کے نزدیک تین سَو ۳۰۰ ہے اِس کے بسائط یا، نوُن، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں،،

فلک و تسلّط اِس کا فلک دُوسرا ہے اِس کے فلک کا دَور وُہی ہے جو پہلے بیان ہوا عام میں ممیّز ہے اِس کا طریق وسط، مرتبہ پانچواں اور تسلط چوپایوں میں ہے،

طبع و عُنصر اِس کی طبع سرد تر، اور عُنصر پانی ہے اور اِس سے وُہی پایا جاتا ہے جو اِس کی طبع سے مشاکلت رکھتا ہے، اِس کی حرکت کا امتزاج کامل و خالص مثنی مؤنس ہے اِس کے لئے ذات وصفات اور افعال ہیں،

حرُوف اِس کے لئے حرُوف میں سے یاء اور نوُن ہیں اور اسماء میں سے وُہی ہے جو پہلے بیان ہوا اِس کے لئے خلق واحوال اور کرامات ہیں،،

www.maktabah.org

حرف یاء میں کیا ہے؟

یاءالرسالة حرف فی الثری ظهرا | کالواو فی العالم العلوی معتمرا
فهو الممد جسوما مالها ظلل | وهو الممد قلوبا عانقت صورا
اذا أرادينا جيكم بحكمته | يتلو فيسمع سر الاحرف السورا

رسالت کی یاء ایک حرف ہے جو زمین میں اُس واؤ کی طرح ظاہر ہوا جو عالم علوی میں نمودار ہوئی۔

وُہ جسمانی طور پر مدد کرنے والی ہے اور اُس کا کوئی سایہ نہیں۔

وُہ قلوب کی مددگار اور صورتوں کا معائنہ کرتی ہے۔

عالم و مخرج اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اور آپ کی اپنی رُوح سے مدد فرمائے یاء عالم شہادت و جبروت سے ہے اِس کا مخرج شین ہے۔

عدد و بسائط اِس کے دس عدد بارہ افلاک کے لئے اور ایک عدد سات افلاک کے لئے ہے اِس کے بسائط، الف، ہمزہ، لام، فاء ھا، میم، اور زا ہیں۔

فلک و ظہور اِس کا فلک دُوسرا دور ہے کائن وُہی جو بیان ہوا خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے اِس کے لئے انتہا اور ساتواں مرتبہ ہے اور اِس کے سُلطان کا ظہور جمادات میں ہے۔

مزاج و عُنصر اِس کی طبع اُمہات اول، اِس کا بڑا عُنصر آگ اور چھوٹا عُنصر پانی ہے اِس سے حیات پائی جاتی ہے اِس کی حرکت امتزاجی ہے اور اِس کے لئے حقائق و مقامات اور منازل کامل چار مؤنس کے امتزاج سے ہیں اس کیلئے حرفوں سے ہمزہ اور الف ہیں اور اسماء سے وُہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔

جو حرفِ لام میں ہے

اللام للازل السنی الاقدس | ومقامه الاعلی البهی الانفس

www.maktabah.org

مهما یقم تبدی المکوّن ذاته　　　والعالم الکونیّ مهما یجلس
یعطیك روحامن ثلاث حقائق　　　یمشی و یرفل فی ثیاب السندس

لام ازل کے لئے روشن اور پاکیزہ ہے اور اس کا مقام درخشاں نفوس ہیں جب یہ کھڑا ہوتا ہے تو اسکی ذات ابتدائے مکون ہے اور جب بیٹھتا ہے تو عالم کون ہوتا ہے یہ تیری رُوح کو تین حقیقتیں عطا کرتا ہے۔ ریشمی کپڑوں میں ناز سے چلتا ہے۔

مخرج اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری اور آپ کی رُوح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ لام عالم شہادت و جبُروت سے ہے اِس کا مخرج نوکِ زبان سے اُس کے آخر تک ہے۔

عدد وبسائط بارہ[۲] فلکوں میں اس کے عدد تینس[۳۰] اور سات فلکوں میں تین[۳] ہیں اس کے بسائط الف، میم، ہمزہ، فاء اور یاء ہیں، اِس کا فلک دُوسرا اور اس کا سن پہلے کے مطابق ہے خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے۔

مرتبہ وتسلّط اس کے لئے انتہاء اور پانچواں مرتبہ ہے اس کا تسلّط چوپایوں میں ہے۔

طبع و عُنصر اِس کی طبع گرم، سرد اور خشک ہے اِس کا عُنصرِ اعظم آگ اور چھوٹا عنصر مٹی ہے، اِس سے وُہی پایا جاتا ہے جو اِس کی طبع کی شکل ہے، اِس کی حرکت سیدھی اور امتزاجیہ ہے، اِس کے لئے امتزاجِ اعراف کامل مُفرد موحش ہے۔

حرُوف اس کے لئے حروف میں سے الف لام میم ہیں اور اسماء سے وہی جو پہلے بیان ہُوا۔

جو حرفِ راء میں ہے

راءُ المحبـــة فی مقام وصاله　　　أبداً بدار نعیمه لن یخذلا

www.maktabah.org

وقتا یقول أنا الوحید فلا أری غیری ووقتایاأنا لن یعھلا
لو کان قلبك عند ربك ھکذا کنت المقرب والحبیب الا کملا

راء اپنے مقام وصال میں محبت ہے اِسکے لئے ہمیشہ کی نعمتیں ہیں یہ ہرگز رسوا نہیں ہوگا،
ایک وقت کہتا ہے میں اکیلا ہوں پس اپنے غیر کو نہیں دیکھتا اور ایک وقت میں ہرگز انجان نہیں
اگر تیرا دل تیرے رب کے پاس تھا ایسے ہی تو مقرب اور کامل حبیب تھا۔

مخرج اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری اور آپ کی رُوح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ راء عالم شہادت وجبروت سے ہے اِس کا مخرج زبان کے ظاہر اور دانتوں کے اُوپر سے ہے۔

عدد و بسائط اِس کے عدد بارہ افلاک میں دو سَو اور سات افلاک میں دو ہیں اِس کے بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، یا، میم اور زای ہے اِس کے لئے دوسرا فلک اور دورہ فلک وُہی جو معلوم ہے

مرتبہ و ظہور اِس کے لئے نہایت ہے، مرتبہ ساتواں، تسلط کا ظہور جمادات میں ہے، خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے۔

مزاج و عُنصر اِس کا مزاج گرم خُشک اور اِس کا عُنصر آگ ہے، اِس سے وُہ تمام کچھ پایا جاتا ہے جو اِس کے مزاج کی شکل میں ہے۔

اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے اور اِس کے لئے اعراف خالص ناقص مقدس دو مونس ہے۔

حُروف اِس کیلئے حروف لام اور ہمزہ ہیں اسماء وُہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے

حرف نوُن میں کیا ہے؟

نون الوجود تدل نقطة ذاتھا فی عینھا عینا علی معبودھا

www.maktabah.org

فوجودها من جوده ویمینه — وجمیعاً کوان العلی من جودها
فانظر بعینك نصف عین وجودها — من جودها تعثر علی مفقودها

نوُن وجود ہے اس کا نقطہ اس کی ذات پر دلالت کرتا ہے اِس کی عین میں اِس کے معبود پر عین ہے،
پس اس کا وجود اُس کے جوُد و یمین سے ہے اور تمام بلند اکوان اُس کے جوُد سے ہیں،
پس اُس کی عین کو دیکھ نصفِ عین کا وجود اُس کے جوُد سے اور نصف اُس کے مفقود پر ہے۔"

اللہ تبارک وتعالیٰ قلوب وارواح سے ہماری مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ نوُن عالم ملک وجبروت سے ہے، اِس کا مخرج نوکِ زبان اور سامنے کے دانتوں کے اُوپر ہے،

عدد وفلک اِس کا عدد پچپن ۵۵، بسائط واؤ اور الف، فلک دوُسرا حرکت کا زمانہ وُہی جو بیان ہوُا یہ خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے، اور طریق انتہائی ہے،

مرتبہ وظہوُر اِس کا مرتبہ منزّۂ ثانیہ اس کے سُلطان کا ظہوُر حضرتِ الٰہیہ میں ہے
طبع وعُنصر اس کا مزاج سرد خشک ہے اِس کا عُنصر مٹی ہے اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کے مزاج کی صُورت ہے اس کی حرکت امتزاجی ہے اور اِس کے لئے خلق واحوال اور کرامات خالص ناقص مفرد موحش ہیں اِس کے لئے ذات اور حرُوف میں سے واؤ ہے اور اسماء جیسا کہ پہلے بیان ہوُئے۔"

جو طاءِ مُہملہ میں ہے

فی الطاء خمسة أسرار مخبأة — منها حقیقة عین الملك فی الملك
والحق فی الخلق والاسرار نائبة — والنور فی النار والانسان فی الملك

www.maktabah.org

فهذه خمسة مهما كلفت بها   علمت ان وجود الفلك فی الفلك

یہ ہیں پانچ اسرار مخفی ہیں (س) سے ملک میں عین الملک سے حقیقت ہے۔

اور خلق ہیں حق اور اسرار نیابت اور نار ہیں نور اور فرشتے میں انسان ہے

پس جب یہ پانچ اس کے ساتھ مکلف ہوتے ہیں تجھے فلک میں وجودِ فلک کا علم ہو جاتا ہے

مخرج جاننا چاہیئے اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری اس کے ساتھ مدد فرمائے طاء عالم ملک وجبروت سے ہے اس کا مخرج زبان کی طرف اور سامنے کے دانتوں کی جڑ ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد نو اور اس کے بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، میم زای اور ھا ہیں اس کا فلک دوسرا اور اس کا دور وہی جس کا ذکر ہوا خاص و خالص ہیں تمیز کرتا ہے۔

مرتبہ و عنصر اس کا طریق انتہائی، مرتبہ ساتواں، تسلط جمادات میں طبع سرد تر، عنصر پانی، اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی صورت میں ہے،

حرکت و حروف اس کی حرکت اہلِ انوار کے نزدیک سیدھی اور اہل اسرار کے نزدیک ٹیڑھی ہے، اہل تحقیق اور ہمارے نزدیک اس کے ساتھ امتزاج ہے اس کے لئے اعراف خالص کامل دو مؤنس اور حروف سے اس کے لئے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء میں سے وہی ہے جو پہلے بیان ہوا۔

حرفِ دال میں کیا ہے؟

الدال من عالم السكون الذی انتقلا   عن الكان فلا عين ولا أثر
عزت حقائقه عن كل ذی بصر   سبحانه جل أن يحظى به بشر
فيه الدوام فجود الحق منزله   فيه المثانی ففيه الآی والسور

www.maktabah.org

دال کانَ سے مُنتقل ہونے والا عالم کَون ہے پس نہ عین ہے نہ اثر
ہر دیکھنے والے سے اُسکے حقائق معزز ہیں وہ جلالت والا پاک ہے یقیناً بشر کے ساتھ خطاء ہے
اس میں دوام ہے پس اُسکی منزل حق تعالیٰ کی بخشش ہے اس میں سورہ فاتحہ ہے پس اُس میں آیتیں اور سورتیں ہیں

اللہ تبارک و تعالیٰ ہمارے ؒ فرماتے جاننا چاہیئے کہ دال عالم ملک و جبروت سے ہے، اِس کا مخرج طاء کا مخرج ہے اِس کے عدد چار اور اِس کے بسائط الف، لام، ہمزہ، فاء اور میم ہیں،

حرکت و طبع اِس کی حرکت کا دورہ بارہ ہزار سال طریق انتہائی، مرتبہ پانچواں، اور اِس کا تسلط چوپایوں میں ہے اِس کا مزاج سرد خشک، عُنصر مٹی، اِس سے وُہی پایا جاتا ہے جو اِس کی طبع کی صورت میں ہے اہل انوار اور اہل اسرار کے درمیان اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے، اِس کے لئے اعراق خالص، ناقص، مقدس دو مؤنس ہیں،

حروف، حُروف میں سے اِس کے لئے الف اور لام ہیں اور اسماء وہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے.

حرفِ تاء اُوپر سے دو کے ساتھ

التاء يظهر أحيانا ويستتر	فحظه من وجود القوم تلوين
يحوى على الذات والاوصاف حضرته	وماله فى جناب الفعل تمكين
يبدو فيظهر من أسراره عجبا	وملكه اللوح والاقلام والنون

تا ہماری زندگیوں کو ظاہر کرتا ہے اور چھپاتا ہے پس اِس کا حصّہ گروہ تلوین کے وجود سے ہے.
اس کا وجُود ذات وصفات پر محیط ہے اور جناب میں اُس کے لئے فعل تمکین نہیں.
ظاہر ہوتا ہے تو اس سے اسرار عجیبہ کا ظہور ہوتا ہے اور اُسکا مُلک لوح، قلمیں اور نُون ہے.

www.maktabah.org

عالم و مخرج اے حامیم اے دوست جاننا چاہیئے کہ تا، عالم غیب و جبروت سے ہے اس کا مخرج وہی ہے جو دال اور طا، کا ہے،

عدد و بسائط اس کے عدد چار سو چار ہیں اس کے بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، ہا، میم اور زای ہیں،

فلک و مزاج اس کا فلک پہلا دورہ وہی جو بیان ہوا خاص الخاص ہیں امتیاز کرتا ہے، اس کا مرتبہ ساتواں اور تسلط جمادات میں ہے اس کی طبع سرد خشک ہے اور اس کا عنصر مٹی ہے، اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی شکل ہے،

حرکت و حروف اس کی حرکت امتزاجیہ ہے اس کے لئے خلق و احوال اور کرامات خالص کامل چار مؤنس ہیں اس کے لئے ذات و صفات ہے اور اس کے لئے حرفوں میں سے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء میں سے وہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے،

صاد یا لبسر میں کیا ہے؟

فی الصاد نور لقلب بات یرقبه	عند المنام وستر السهد يحجبه
فنم فانك تلقى نور سجدته	ينير صدرك والاسرار ترقبه
فذلك النور نور الشكر فارتقب الـ	ـمشكور فهو على العادات يعقبه

صاد میں سونے والے کے دل کیلئے نور ہے وہ نیند میں اسکی نگہبانی کرتا ہے اور بے خوابی کا پردہ اسے چھپا لیتا ہے

پس تو سو جا بیشک اس کی نگہبانی کے اسرار اور اسکے سجدے کا نور تجھے ملے گا اور تیرے سینے کو منور کرے گا

پس یہ نور شکر کا نور ہے جو مشکور کا نگراں ہے پس وہ عادات پر اس کا متعاقب ہے

www.maktabah.org

عالم و مخرج اے کریم کے پسندیدہ جاننا چاہیئے کہ صاد عالم غیب و جبروت سے ہے، اس کا مخرج وہ ہے جو گوشۂ زبان کے درمیان اور سامنے والے اُوپر کے دانتوں کے نیچے ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد ہمارے نزدیک ساٹھ اور اہل انوار کے نزدیک نشتر ہیں، بسائط: الف، دال، ہمزہ، لام اور فا ہیں، اس کا فلک پہلا اور دَور مذکورہ خاص اور خاص الخاص میں تمیز کرتا ہے، اس کا طریق پہلا اور مرتبہ پانچواں ہے، اس کا تسلط چوپایوں پر ہے۔

مزاج و حروف اس کا مزاج گرم تر، عنصر ہوا اور اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی شکل ہے اس کے لئے حرکت امتزاجیہ مجہولہ ہے اس کے لئے اعراف خالص، کامل دو مونس ہے اور اس کے لئے حرفوں سے الف اور دال ہیں اور اسماء میں سے وُہی جو پہلے بیان ہوئے۔

صاد کے خصوصی اسرار

پھر جاننا چاہیئے کہ میں نے حرف صاد کا وُہ راز مقرر کیا جو بیداری میں نہیں پہنچتا بلکہ مجھے بھی خواب میں ہی پہنچا ہے اس کی حقیقت اللہ تبارک و تعالیٰ عطا فرماتا ہے کیونکہ اس پر اُس کی حکمت ہے۔

میرے بعض ساتھی مجھ پر حرفوں کے اسرار پڑھا کرتے تھے اس قید کے ساتھ قلم کی تیزی کے لئے اختلال ہے جو نادرست ہے، بہرکیف جب اُن کی قرأت اس حرف یعنی صاد تک پہنچی تو میں نے کہا میں اس سے متفق نہیں ہوں اگرچہ خواب میں اس تک پہنچنا ضروری نہیں تاہم میں نے اُس سے اسی طرح

www.maktabah.org

لیا ہے پس میرے حال کو دیکھ کر مجمع منتشر ہو گیا،

جب اگلے دِن ہفتے کے روز ہم کعبہ شریف مسجدِ حرام میں رُکن یمانی کے پاس حسب عادت مجلس میں بیٹھے تو ہمارے پاس بُزرگ فقیہ مجاور اَبُو یحیٰی ببکر بن ابی عبداللہ ہاشمی تو یتمی طرابلسی رحمۃ اللہ علیہ بھی تشریف فرما تھے اور وہ اپنی عادت کے مطابق آئے تھے، جب ہم لوگ پڑھنے سے فارغ ہُوئے تو اُنہوں نے مُجھے فرمایا گذشتہ شب میں نے خواب میں دیکھا گویا کہ بیٹھا ہُوں اور تُم پُشت کے بل چِت لیٹے ہُوئے ہو اور صاد کے تذکرے میں تم نے فی البدیہہ یہ شعر کہا!

الصاد حرف شریف

والصاد فی الصاد أصدق

یعنی صاد حرف شریف ہے اور صاد میں صاد بُہت صادق ہے،

پس تُم نے مُجھے خواب میں کہا تیرے پاس اِس کی کیا دلیل ہے! میں نے کہا

لانہا شکل دور

ومامن الدور أسبق

کیونکہ یہ دائرے کی شکل ہے اور دائرے سے سبقت نہیں، پھر میں سو گیا،

اِس خواب میں میری حکایت تھی میں نے اُن کے اِس جواب سے فرحت حاصل کی پس بشارت دینے والے نے اِس فرحت کا مکمل تذکرہ کیا جس نے میرے بارے میں میرے لیٹنے کی ہیئت میں دیکھا، یہ نیند انبیاءِ کرام کی نیند ہے اور اس شغل و متاعب سے فراغت کے بعد یہی حالتِ استراحت ہے، اِس لئے اُس پر بالمقابل آسمانی خبریں لوٹائی جاتی ہیں"

صاد۔ صِدق، صُورت

پس جاننا چاہیئے کہ حرفِ صاد، صدق صَون اور صُورت کے حروف سے

www.maktabah.org

ہے اور یہ مقابل میں کرتے کی شکل ہے، اس میں تمام شکلوں کے لئے اسرار عجیبہ ہیں پس خواب میں اس کے کشف پر تعجب ہوا اور میری اُس حالت پر اُس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں جب رات کی مجلس میں ساتھیوں سے اس کا ذکر کیا تو ہم سب نے اُس کے لئے استغفار کیا اور ہمارے نزدیک اُس کے لئے عنقریب اچھی جگہ پھر آنے کی ہے۔"

مقام جوامع الکلم کے تذکرہ کے وقت بزرگ اور عظیم حرف کی قسم کھاتا ہوں اور وہ زبانِ تجید میں بزرگی کی بلندی پر مشہدِ محمدی ہے علیٰ صاحبہا علیہ الصلواۃ والسلام"

اور سورت صاد کے ضمن میں انبیاء کرام علیہم السلام کے اوصاف اور عالم کے تمام پوشیدہ اسرار اور عجائب و آثار ہیں اور اس خواب میں اُن اسرار کے مطابق تھا جو اس سورت میں موجود ہیں، پس یہ خیر کثیر جسم پر دلالت ہے جو اس کے پہنچنے پر میں نے دیکھا اور اس میں یہ تمام شواہد اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہیں جو ہم دونوں کو اُن انبیاء کرام علیہم الصلواۃ والسلام کی برکتوں سے حاصل ہوئے جن کا تذکرہ اس سورت میں کیا گیا ہے اور جو اس سورت میں سحق کا ذکر ہے تو اُس میں کافر دشمن شامل ہیں مومن اُس میں شامل نہیں جو ہمارے لئے اللہ سے سوال کرتے ہیں اور اُن کے لئے دُنیا و آخرت میں عافیت ہے، پس ہمیں یہ بشارت حاصل ہوئی اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے خواب کے ہاتھ ہماری طرف اس کے اسرار بھیجے اور میرے لئے ہمارے ساتھی ابویحییٰ نے اس خواب کا تذکرہ کیا بیشک جب ہم دونوں دو گھروں میں سوئے ہوئے تھے خواب میں ہم دونوں نے منظوم کلام کیا تو اُس نے میری طرف بھیجے گئے کے متعلق پوچھا یہاں تک کہ میں نے اسے اپنی اس کتاب میں اس کے خواب کے پیچھے اس حرف کے ضمن میں درج

www.maktabah.org

کر دیا پس یہ نظم اِس حقیقتِ رُوحانیہ کی امداد سے ہے جسے خواب میں دیکھا تو میں نے چاہا کہ ان دونوں کے درمیان فصل نہ ہو پس اِس کے ساتھ ہمارے ساتھی ابا عبداللہ محمد بن خالد صُوفی تلمسانی اُٹھے اور میرے ساتھ آئے

وُہ نظم یہ ہے

الصاد حرف شريف	والصاد في الصاد أصدق
قل ما الدليل أجده	في داخل القلب ملصق
لانها شكل دور	وما من الدور أسبق
ودلّ هذا بأني	على الطريق موفق
حققت في الله قصدى	والحق يقصد بالحق
ان كان في البحر عمق	فساحل القلب أعمق
ان ضاق قلبك عني	فقلب غيرك أضيق
دع القرونة واقبل	من صادق يتصدق
ولا تخالف فتشقى	فالقلب عندى معلق
أفتحه أشرحه وافعل	فعل الذى قد تحقق
الى متى قامى القلب	باب قلبك مغلق
وفعل غيرك صاف	ووجه فعلك أزرق
انا رفقنا فرفقا	فالرفق في الرفق أرفق
فان أتيت كسونا	ك ثوب لطف معتق
ولا تكن كجرير	اذظل يهجو الفرزدق
والهج بمادحى غدحى	من مشرق الشمس أشرق
انا الوجود بذاتي	ولى الوجود المحقق
من غير قيد كعلمى	على الحقيقة مطلق
فهل ترى الشاه يوما	يكيد هافرد ميذق

www.maktabah.org

من قال فی برأی | فقائل الرأی أحمق
ان ظل یهذی لوهم | رأیته یتشدق
وکل من قال قولا | فالذکر من ذاك أصدق
أنا المهیمن ذو العر | ش لا أبیدوا خلق
بعثت للخلق رسلی | وجاء أحمد بالحق
فقام فی بصدق | وحین أرعد أبرق
مجاهدا فی الاعادی | وناصحا ماتفتق
لولم أغثهم بعبدی | أغرقت من لیس یغرق
ان السموات والار | ض من عذابی تفرق
وان أطعتم فانی | ألم ما یتفرق
واجمع الکل فی الخلد فی حدائق نعبق
کل القلوب علی ذا | وانتق الله اصدق
فقمت من حال نومی | وراحتای تصفق

ترجمہ اِس نظم کا

ترجمہ "صاد بزرگ حرف ہے اور صاد میں بہت ہی سچا صاد ہے"
جو اِس سے دلیل پاتی ہے کہدے وُہ جو چمٹے ہوئے دِل میں داخل ہے؛
کیونکہ اِس کی شکل دائرے کی ہے اور دائرے سے اَسبق نہیں "
اِس پر میرے ساتھ موافقت کے ساتھ یہ دلیل ہے"

www.maktaban.org

میرا ارادہ اللہ تعالیٰ میں محقق ہے اور حق حق کے ساتھ ارادہ کرتا ہے۔
اگر یہ گہرے سمندر میں ہے تو دل کا ساحل بہت گہرا ہے،
اگر تیرا دل مجھ سے تنگ ہے تو تیرے غیر کا دل زیادہ تنگ ہے،
زمانے کو چھوڑ اور صادق معتدق سے قبول کر
اس میں تخالف نہیں پس شقی کا قلب میرے نزدیک لٹکا ہوا ہے،
اسے کھول اور اس کی شرح کر اور کام کردہ کام جو محقق ہے،
تیرے دل کا دروازہ قلب قائم کی طرف کب بندھے،
تیرے غیر کا کام صاف ہے اور تیرے کام کا چہرہ پھرا ہوا ہے
ہم مہربانی سے پیش آتے ہیں تو مہربانی میں مہربانی زیادہ مہربانی ہے
پس بے شک ہم تیرے لئے لطف معتق کے کپڑوں کا لباس لاتے ہیں
اور جریر کی طرح نہ ہو جب ہجو فرزدق کا سایہ پڑا یا خیال آیا،
اور میری مدح کے ساتھ ہجو پس میری مدح ہے سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔
میرا وجود میری ذات کے ساتھ ہے اور وجود کے لئے محقق ہے،
میرے علم کی طرح جو بلا قید ہے اور حقیقت پر اطلاق کرتا ہے۔

تو جو اپنی رائے سے کہا تو رائے کا قائل احمق ہے،
اگر سایہ میرے وہم کا رہنما ہو تو اسے یا چھیں کھولے دیکھوں،
اور ہر وہ شخص جو قول بیان کرتا ہے تو ذکر اس سے بہت سچا ہے،
میں عرش کے ساتھ مہیمن ہوں مخلوق انہیں پیدا نہیں کر سکتی،
میں نے خلقت میں رسول مبعوث فرمائے اور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

www.maktabah.org

حق کے ساتھ آئے ہیں،

پس وُہ اِس میں سچائی کے ساتھ قائم ہوئے اور اب
جو میری طرف لوٹنے میں مجاہد اور کشادگی سے نصیحت کرنے والے ہیں،
اگر میرے بندے کے ساتھ اُن کی فریاد نہ سُنی جاتی تو اُنہیں ایسے غرق
کرتا جس طرح کوئی غرق نہیں ہُوا،

بے شک آسمان و زمین میرے عذاب سے الگ الگ ہیں،
اور اگر تم اطاعت کرو تو میں جو متفرق ہے وُہ عطا کروں،
اور یہ تمام امُور عاقبت کے باغات خُلد میں جمع ہیں،
تمام قلوب اِس پر ہیں اور بے شک میں اللہ ملانے والا ہُوں،
پس اِس نیند کے حال سے اُٹھ اور راحت حاصل کر،

جو حرف زای میں ہے

فی الزای سر اذا حققت معناه	كانت حقائق روح الامر مغناه
اذا تجلی الی قلب بحکمته	عند الفناء عن التنزیه أغناه
فلیس فی أحرف الذات النزیهة من	یحقق العلم أو یدریه الاهو

زامیں راز ہے جب اُس کا معنیٰ محقق ہو اُس کے امرِ استغناء سے حقائقِ رُوح ہیں
جب دل کی طرف اُسکی حکمت کیساتھ فناء کے وقت متجلّی ہوتا ہے تنزیہہ سے اُس کا غنا ہے
پس ذاتِ تنزیہہ کے حرُوف میں علم سے یا اُسے دیکھنے سے محقّق نہیں مگر وُہ۔

عالم و مخرج اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی رُوح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ زا عالمِ شہادت و جبروت اور قہر سے ہے اِس کا مخرج مخرجِ سین اور صاد ہے۔

www.maktabah.org

عدد و بسائط اِس کے عدد سات اور اِس کے بسائط الف، یا، ہمزہ، لام اور فا ہیں۔

فلک و مرتبہ اِس کا فلک پہلا اور دورہ وہی ہے جو پہلے بیان ہوا، یہ خاص الخاص کے خلاصہ میں متمیز ہے اِس کا مرتبہ پانچواں اور طریق انتہائی ہے۔

تسلّط و مزاج اِس کا تسلط چوپایوں میں ہے، اس کا مزاج گرم خشک ہے، اِس کا عنصر آگ ہے اور اِس سے وہی پایا جاتا ہے جو اِس کے مزاج کی شکل میں ہے اِس کے لئے خلق و احوال اور کرامات خالص ناقص مقدس سنی مونس ہیں اور حرکت امتزاجی ہے۔

حرُوف اس کے لئے حرُوف سے الف، یا اور اسماء سے وہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔

سین میں کیا ہے

فی السین أسرار الوجود الاربع	وله التحقق والمقام الارفع
من عالم الغیب الذی ظهرت به	آثار کون شمسها تبرقع

سین میں وجُود کے چار اسرار ہیں اور اُس کے لئے محقق اور ارفع مقام ہے۔
عالم غیب سے اُس کے ساتھ اُس کے سُورج کے بُرقع کے آثار کون ظاہر ہوتے ہیں

عالم و مخرج جاننا چاہیئے سین عالم غیب اور جبروت و لُطف سے ہے اس کا مخرج صاد اور زای کا مخرج ہے۔

عدد اہل انوار کے نزدیک اِس کے عدد چھیاسٹھ ۶۶ اور ہمارے نزدیک تین سو تین ۳۰۳ ہیں۔

بسائط اِس کے بسائط یا، نون، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں اِس کا فلک

www.maktabah.org

اول اور دورۂ فلک مذکورہ ہے حرف سین خاص، خاص الخاص خلاصہ خاص اور صفائے خلاصہ خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے،،

مرتبہ و مزاج اس کا مرتبہ پانچواں اور تسلّط کا ظہور چوپایوں میں ہے اس کا مزاج گرم خشک اور عنصر آگ ہے اس سے اس کی طبع کے مطابق پایا جاتا ہے اعراف کے لئے اس کی حرکت امتزاجیہ خالص کامل مثنی مؤنس اور حروف میں سے اس کے لئے یاء اور نون ہیں اور اسمائے الٰہیہ سے وُہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے،

جو ظاء معجمہ میں ہے

فی الظاء ستة أسرار مکتمة	خفية مالها فی الخلق تعيين
الا مجازا اذا جادت بفاضلها	يری لها فی ظهور العين تحسين
يرجوا الاله ويخشی عدله واذا	ماغاب عن كونه لم يبد تكوين

ظاء میں چھ پوشیدہ اسرار مخفی ہیں اُس کے لئے مخلوق میں تعین نہیں سوائے مجاز کے جب اُس کے زیادہ کیلئے کوشش کی جائے اُس کے لئے ظہور عین میں تحسین دیکھی جائے گی اُسی سے امید ہے اور میں اُس کے عدل سے ڈرتا ہوں اور جب اسکی کون سے غائب نہیں تکوین ظاہر نہیں

عالم و مخرج اے عقلمند جاننا چاہیئے کہ ظاء عالم شہادت اور جبروت و قہر سے ہے اس کا مخرج گوشۂ زبان اور اطراف ثنایا ہے،

اعداد و بسائط ہمارے نزدیک اس کے عدد آٹھ سو ۸۰۰ آٹھ اور اہل انوار کے نزدیک نو ۹۰۰ سو ہیں، اس کے بسائط الف، لام، ہمزہ، فا، ھا، میم اور زا ہیں،

فلک و مرتبہ اس کے سُلطان کا ظہور جمادات میں ہے اس کے دائرے میں مزاج سرد تر اور قائمہ میں گرم مرطوب ہے اس کے لئے گرمی، سردی اور

www.maktabah.org

تری ہے اِس کا عنصرِ اعظم پانی اور چھوٹا عنصر ہوا ہے اِس سے جو اِس کی طبع کی صورت میں ہے پایا جاتا ہے۔

حرکت و حروف! اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے اِس کے لئے خلق و احوال اور کرامات ہیں شئ کامل مؤنس کا اِمتزاج ہے اِس کے لئے ذات ہے اور حروف میں سے اِس کے لئے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء وُہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے ہیں،

ذال معجمہ میں کیا ہے

الذال ینزل أحیانا علی جسدی	کرھا و ینزل أحیانا علی خلدی
طوعا و یعدم من ھذا وذاك فا	یری لہ أثر الزلفی علی أحد
ھو الامام الذی ماشلہ أحد	تدعوہ أسماؤہ بالواحد الصمد

ذال میرے جسم پر کرہاً ہماری زندگی اتارتا ہے اور میری ہمیشگی پر طوعاً ہماری زندگی اُتارتا ہے،

اِس سے اور اُس سے معدوم ہوتا ہے تو کسی ایک پر اُس کی قُربت کا اثر دکھائی نہیں دیتا۔

وُہ امام ہے اُس کی مثل کوئی نہیں اُسے واحد وصمد کے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔

عالم و مخرج اے امام! جاننا چاہیئے کہ ذال عالم شہادت وجبروت اور قہر سے ہے اِس کا مخرج ظاء کا مخرج ہے،

بسائط و اعداد! اِس کے عدد سات سَو سات اور بسائط الف، لام، ہمزہ، فاء اور میم ہیں۔

تسلّط و طریق اِس کا فلک پہلا حرکت کا سن مذکورہ، عام میں تمیز کرتا ہے اِس کے لئے طریق وسط ہے،

اِس کا مرتبہ پانچواں اور تسلّط چوپایوں پر ہے۔

www.maktabah.org

مزاج و عنصر! اس کا مزاج گرم تر اور عنصر ہوا ہے اس کی طبع کی صورت میں جو کچھ ہے وہی اس سے پایا جاتا ہے اس کی حرکت امتزاجیہ اور ٹیڑھی ہے"

احوال! اس کے لئے خلق و احوال اور کرامات خالص کامل مقدس مثنیٰ مونس ہے، اس کی ذات ہے اس کے لئے حرفوں سے الف اور لام ہیں اور ناموں سے وہی جو پہلے بیان ہوئے ہیں"

جو حرف ثاء بالثلاثہ میں ہے

الثاء ذاتیۃ الاوصاف عالیۃ	فی الوصف والفعل والاقلام توجدها
فان تجلت بسر الذات واحدۃ	یوم البدایۃ صار الخلق یعبدها
وان تجلت بسر الوصف ثانیۃ	یوم التوسط صار النعت یحمدها
وان تجلت بسر الفعل ثالثۃ	یوم الثلاثاء صار الکون یسعدها

ثاء کے ذاتی اوصاف عالیہ اُس کے وصف و فعل اور قلموں میں پائے جاتے ہیں۔

پس اگر ابتداء کے دن ایسی ذات کے راز کے ساتھ ظاہر ہوتا مخلوق اُس کی عبادت کرتی،

اور اگر دوسرے وصف کے راز کیساتھ درمیانی دن کو ظاہر ہوتا نعت اُس کی حمد کرتی

اور اگر تیسرے فعل کے ساتھ تیسرے دن ظاہر ہوتا تو کائنات اُسکی سعادت حاصل کرتی"

عالم و مخرج اور اعداد! اے سردار جاننا چاہیئے کہ ثاء عالم غیب و جبروت اور لطف سے ہے اس کا مخرج ظاء اور ذال کا مخرج ہے اس کے عدد پانچ سو پانچ اور بسائط، الف، ہمزہ، لام، فاء، ہاء، میم اور زای ہے اس کے لئے پہلا فلک اور دَور حرکت مذکورہ ہے"

طریق و مرتبہ یہ خاص الخاص کے خلاصہ میں امتیاز کرتا ہے، اس کا طریق انتہائی اور مرتبہ ساتواں ہے اور اس کا تسلط جمادات میں ہے،

www.maktabah.org

مزاج و عُنصر اس کے سر کا مزاج گرم تر اور باقی سارے جسم کا مزاج سرد تر ہے اس کی طبع میں گرمی، سردی اور تری ہے اِس کا بڑا عُنصر پانی اور چھوٹا عُنصر ہوا ہے اِس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی صُورت میں ہے اِس کی حرکت امتزاجیہ اہلِ اسرار کے نزدیک اِس کے لئے حقائق، مقامات اور منازلات ہیں اور اہلِ انوار کے نزدیک اِس کے لئے خلق اور احوال اور کرامات ہیں اِس کا امتزاج کامل، مفرد مثنی مؤنس موحش سے ہے یہ ذات ہے اور اِس کے لئے حروف میں سے الف اور ہمزہ ہیں اور ناموں سے وُہی جو پہلے بیان ہُوئے،

www.maktabah.org

حرفِ فاءمیں کیا ہے

الفاء من عالم التحقیق فاذ کر وانظر الی سرھا یأتی علی قدر
لھا مع الیاء مزج فی الوجود فما تنفك بالمزج عن حق وعن بشر
فان قطعت وصال الیاء دان لھا من أوجه عالم الارواح والصور

فاء عالمِ تحقیق سے ہے پس یاد کر اور اس کے راز کی طرف دیکھ اندازے پر آئے گا۔

اُس کے لئے وجود میں یاء کے ساتھ امتزاج ہے تو حق سے اور بشر سے امتزاج کو کیسے رد کیا جا سکتا ہے،

پس اگر یا کا وصال منقطع ہو جائے تو اُس کیلئے عالمِ ارواح و صورہ ظہور قربت ہو جائے گا۔

عالم و مخرج اللہ تبارک و تعالیٰ قلب الٰہی سے امداد فرمائے جاننا چاہیئے، فاء عالمِ شہادت و جبروت اور غیب و لطف سے ہے اِس کا مخرج اندر سے نیچے کے ہونٹ اور سامنے کے دانتوں کے اُوپر کے گوشے سے ہے،

عدد و بسائط اِس کے عدد اٹھاسی، بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، یا، میم اور زای ہے،

مزاج و عنصر اِس کے لئے فلک پہلا، دورہ وہی جو پہلے بیان ہوا طریق انتہائی اور مرتبہ ساتواں ہے، اِس کا تسلط اور غلبہ جمادات میں ہے سر کا مزاج گرم مرطوب اور باقی جسم کی طبع گرم، سرد اور مرطوب ہے، اِس کا عنصر اعظم پانی اور چھوٹا عنصر ہوا ہے، جو اِس کی طبع کی صورت میں ہے وہی اِس سے پایا جاتا ہے

حرکت و حروف اِس کے لئے حرکت ممتزجہ اور اہلِ اسرار کے نزدیک حقائق مقامات اور منازلات پائے جاتے ہیں۔

اِس کے لئے ذات ہے اور حروف میں سے اِس کے لئے الف اور ہمزہ

www.maktabah.org

ہیں جب کہ اسماء میں سے وہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔

جو باء بواحدہ میں ہے

الباء للعارف الشبلیؔ معتبر — وفی نقیطتها للقلب مدّکر
سرّ العبودیة العلیاء مازجها — لذاک ناب مناب الحق فاعتبروا
ألیس یحذف من بسم حقیقته — لانه بدل منه فذا وزر

باء عارف شبلی کے لئے معتبر ہے اور اس کے نقطے میں دل کے لئے نصیحت ہے
اس میں مزاج اعلیٰ عبودیت کا راز ہے یہ حق کی قائم مقام ہے پس نصیحت پکڑو،
کیا بسم کی حقیقت سے حذف نہیں اس لئے کہ یہ دلالت کرتا ہے

عالم و طریق ب کا استعمال جاننا چاہیئے کہ با، عالم ملک و شہادت اور قہر سے ہے اس کا مخرج ہونٹوں سے ہے، عدد دو بسائط الف، ہمزہ، لام، واو، ہا، میم اور زای ہیں اس کا فلک اوّل حرکت مذکور **عین صفاء** خلاصہ اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے اس کے لئے طریق کی ابتداء و انتہاء ہے،

مرتبہ و عنصر اس کا مرتبہ ساتواں اور تسلط جمادات میں ہے اس کی طبع میں گرمی اور خشکی ہے اس کا عنصر آگ ہے اور اس سے وہ پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی صورت میں ہے۔

حرکت و حروف اس کی حرکت امتزاجیہ ہے اور اس کے لئے حقائق مقامات، منازلات خالص کامل مربع مؤنس ہیں، اس کے لئے ذات ہے اور حرفوں میں سے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء سے وہی ہیں جو پہلے ذکر کئے گئے

www.maktabah.org

حرف میم میں کیا ہے؟

الميم كالنون ان حققت سرّ هما — في غاية الكون عينا والبدايات
والنون للحق والميم الكريمة لي — بدء لبـــدء وغايات لغايات
فبرزخ النون روح في معارفه — وبرزخ الميم رب في البريات

میم نون کی طرح ہے کائنات کی ابتداء و انتہاء کی عین میں دونوں کا راز محقق ہے
اور نون حق کیلئے ہے اور میم کریمہ میرے لئے ابتداء ابتدا کے لئے اور انتہا انتہا کیلئے ہے،
نون کا برزخ اُسکے معارف میں روح اور میم کا برزخ محاسن میں رب ہے۔

عالم و بسائط اللہ تعالیٰ مومن سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ میم عالم ملک و شہادت اور قہر سے ہے اِس کا مخرج وہی ہے جو باء کا ہے اِس کے عدد چوالیس، بسائط باء، الف اور ہمزہ ہیں اِس کا فلک پہلا اور حرکت مذکورہ

مرتبہ تسلّط یہ خاص اور خلاصہ اور صفاء خلاصہ میں تمیز کرتا ہے اِس کے لئے انتہائی طریق اور تیسرا مرتبہ ہے اِس کے غلبے کا ظہور انسان میں ہے اِس کی طبع سرد خشک اور اِس کا عنصر مٹی ہے اِس سے وہی پایا جاتا ہے جو اِس کے مزاج کی صورت ہے اِس کے لئے اعراف سے خالص، کامل مقدس، مفرد مؤنس اور حروف سے یا، پایا جاتا ہے اور ناموں سے وہی جس کا پہلے ذکر ہوا۔

جو واؤ میں ہے

واوا يا لك أقـــدس — من وجودي وأنفس
فهـو روح مكمل — وهو سر مســدس
حيث مالاح عينـــه — قيــل بيت مقـدس
بيتـه السدرة العلــية فينا المؤســس

www.maktabah.org

واؤ میرے وجود و نفس سے تیرے لئے پاکیزہ و مقدس ہے

پس وہ روح مکمل اور بہتر مقدس ہے،

بحیثیت اُس کی ذات کی لوح کے بعض نے کہا مقدس گھر ہے،

اُس کا گھر بلند میری ہم نفس مونس ہے،

عالم و مرتبہ واؤ عالم ملک و شہادت اور قہر سے ہے اس کا مخرج ہونٹوں سے ہے اس کے عدد ساٹھ بسائط الف، ہمزہ، لام اور فاء ہیں اس کا فلک اول زمانہ حرکت مذکورہ، خاص الخاص اور خلاصہ میں تمیز کرتا ہے، مرتبہ چوتھا اور تسلط جنات میں ہے، اس کا مزاج گرم مرطوب اور عنصر ہوا ہے، اس کی طبع کے مطابق اس سے پایا جاتا ہے،

حرکت اس کی حرکت امتزاجیہ ہے اس کے لئے اعراق خالص، ناقص، مقدس، مفرد اور موحش ہے، اس کے لئے حرف الف ہے اور اسماء سے دیکھی ہے جو پہلے بیان ہوا،

مزید اسرار و رموز

تو یہ حروف معجم تیرے لئے اس ذکر کے ساتھ مکمل ہونگے جو اہل کشف و خلوات کے لئے ہمارے پاس اشارات و تنبیہات اور اسرار موجودات پر اطلاع پانے سے ہے،

پس جب ہم نے ارادہ کر لیا ہے کہ اس عبادت کے باب سے جو اخذ کیا گیا ہے اُسے تجھ پر آسان کر دیں تو جان لے کہ اس کا افلاک بسائط سے اشتراک ہے، اس کے لئے مددگار اسماء کے حقائق کا علم ہے پس الف میں پہلے اس کا بیان آچکا

www.maktabah.org

ہے اور اسی طرح ہمزہ اِس میں داخل ہے"۔

الف، واؤ، یا حروف علت ہیں تو یہ دونوں بھی اِس وجہ سے حروف کے حکم سے خارج ہیں، پس جیم، زای، لام، میم اور نون اِس کے مختلف بسائط ہیں، اور دال ذال اِس کی مثل ہیں، صاد، ضاد اِس کی مثل ہیں۔

عین، غین، سین، شین اِس کی مثل ہیں، واؤ، کاف، قاف اِس کی مثل ہیں جب کہ با، ھا، حا، طا، یا، فا، را، تا، ثا، خا، اور ظاء متماثل بسائط ہیں اور بسائط کی ہر مثل اسماء کی مثل ہے"۔

پس جاننا چاہیئے کہ ہم نے لام۔ الف کے تذکرے کے پیچھے آنے والے حروف میں اِس کا ذکر کیا تھا، اور وہ نظیر الجوز ہے پس اُس کا ذکر حروف سے مفرد تحریر میں کیا ہے تو بے شک یہ زائد حرف الف، لام اور ہمزہ، لام سے مرکب ہے

لام الف اور الف لام کا بیان

ألف اللام ولام الالف	نهر طالوت فلا تعترف
واشرب النهر الى آخره	وعن النهمة لا تنحرف
ولتقم مادمت ريانا فان	ظمت نفسك قم فانصرف
واعلم ان الله قد أرسله	نهر بلوى لفؤاد المترف
فاصطبر بالله واحذره فقد	يخذل العبد اذا لم يقف

الف لام اور لام الف طالوت کی نہر ہے پس نہیں پہچانتے۔

اور تو اُس نہر کے آخر تک پی اور زیادہ پینے سے انحراف نہ کر۔

اور اِس کے لئے ہمیشہ مشکل میں پڑتا ہے تو اگر تیرا نفس پیاسا ہے تو اُٹھ کر واپس چلا جا،

اور جان لے کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے اُس کو بھیجا نہر بلوی دلوں کو مترف کرتی ہے،

پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ صبر کر اور اُس سے ڈر تو بیشک اُس سے ناآشنا بندہ ذلیل ہوتا ہے،

www.maktabah.org

لام الف لا کی معرفت

تعانق الالف العلام واللام مثل الحبیبین فالاعوام احلام
والتفت الساق بالساق التی عظمت فجاءنی منہما فی اللف اعلام
ان الفؤاد اذا معناہ عانقہ بدا لہ فیہ ایجاد واعدام

الف علام اور لام دو حبیبوں کی طرح ملی ہوئی ہیں پس عام تیز باز ہے
اور ساق بڑی ساق کے ساتھ ملتفت ہے پس دونوں سے میرے پاس نشانیاں آئیں لف میں
بیشک دل جب اُس کا معنیٰ معانقہ ہو اُس میں ایجاد و اعدام کی ابتداء ہوتی ہے۔

جاننا چاہیئے کہ بے شک الف اور لام دو ساتھی ہیں اور دونوں میں سے ہر ساتھی عشق و اشتیاق سے ایک دوسرے پر مائل ہے اور سوائے حرکتِ عشقیہ کے میلان نہیں ہوتا، پس لام کی حرکت ذاتی اور الف کی حرکت عرضی ہے یعنی اپنی ذات پر قائم نہیں۔

چونکہ احداثِ حرکت کے لئے اِس میلان میں الف پر لام کا غلبہ ہے چنانچہ مائل ہونے کی حیثیت سے لام الف سے زیادہ طاقت در ہے اِس لئے کہ اِس میں عشق کی زیادتی ہمت کا وجود کامل اور فعل مکمل ہے، اِس کے مقابلہ میں الف کا عشق کم ہے لہٰذا لام کی طرف اِس کی ہمت کا تعلق بھی کم ہے اور اِس کا بوجھ اُٹھانے کی اس میں استطاعت نہیں۔

لام کا عشق

مُحققین کے نزدیک فعل بالضرورت ہے جو کہ صُوفی کا حصّہ ہے، صُوفی

www.maktabah.org

کے سوا دُوسرا اِس سے تجاوز کرنے کی طاقت نہیں رکھتا، تو اگر یہی امر محققین کی طرف منتقل ہو جائے تو مُحقّق کی معرفت اِس کے اُوپر ہو گی، لام کی طرف الف کا میلان فعلِ کی جہت سے اُس کی ہمت کے ساتھ نہیں بلکہ لام کی طرف اُس کا نزولِ الطاف لام کے عشق کے تمکّن کے لئے ہے"

چُونکہ لام کی ساق الف مستقیمہ کے ساتھ فوت ہونے کے ڈر سے جھکی ہوئی ہے اِس لئے اِس کی طرف کا نزُول آسمان دُنیا کی طرف حق تعالیٰ کے نزول کی طرح ہے جو رات کے آخری تیسرے پہر والوں کے لئے ہوتا ہے۔

لام معلوم کا مَیلان صُوفی اور مُحقّق دونوں کے نزدیک خاص باعث کی جہت کے علاوہ معلُول مُضطر ہے۔

لہٰذا اِس میں ہمارا اختلاف نہیں، پس صوفی لام کے مَیلان کو واجدین و متواجدین کا جھکاؤ قرار دیتا ہے کیونکہ اُن کے نزدیک عشق و تعشّق اور اُس کے حال کے مقام کے ساتھ اِس کی تحقیق ہے، جب کہ الف کا لام کی طرف مَیلان تو اصل و اِتحاد کا میلان ہے اِس لئے کہ لا کی شکل میں اِس کی ایسی ہی شباہت مُوجود ہے پس تقریرِ لَا سے قبل الف یا لام دونوں میں سے کس کو مقرر کیا جائے اِس کے لئے اہلِ زبان میں اختلاف ہے کہ حرکتِ لام اور اُس ہمزہ کو کہاں مُقرّر کریں جو الف پر ہے۔

پہلے کون لام یا الف

ایک طبقہ رعایتِ لفظی سے لام کو پہلے اور الف کو بعد قرار دیتا ہے اور ایک گروہ رعایتِ تحریر کو سامنے رکھتا ہے تو کون سا تسلیم کیا جائے؟ پس خط کی اِبتداء سے لیا جائے تو وُہ لام ہے اور دُوسرا الف ہے اور یہ سب کچھ اُسے عشق کی

www.maktabah.org

حالت اور عشق میں سچائی نے عطا کیا ہے۔ طلب معشوق میں توجّہ کو اور صدقِ توجہ میں وصال کو معشوق سے عاشق کی طرف وارث کیا جائے گا۔

ہم دونوں سے آگے ہیں

محقق کا قول ہے کہ میلان کا باعث دونوں کی اپنی حقیقت کے مطابق معرفت ہے، مگر ہم نے تحقیق کے جس بلند درجہ میں اس کے معنوں کو ترقی دی ہے اُس کا درجہ اس کے اُوپر ہے اور ہم دونوں کے قول سے مُتفق نہیں اور ہمارے لئے اِس مسئلہ میں تفصیل ہے، تو اِن دونوں حضرات کے اجتماع میں کون ساحق ہوگا؟

پس بے شک جُملہ حضرات سے عشق حضرتِ جُز ئیہ ہے تو صُوفی کا قول اور اِس حضرت سے معرفت بھی حق ہے اِسی طرح محقق کا قول بھی حق ہے لیکن دونوں ہی عینِ واحد کے ساتھ ناظر اور اِس مسئلہ میں تحقیق سے قاصر ہیں۔

ہم کہتے ہیں! اس میں پہلا حضرت حضرتِ ایجاد جمع ہے اور یہ لا الا لاہ ال لا ال لاہ ہے تو یہ خالق و مخلوق کا حضرت ہے، اور اِس کلمۂ لا میں دو بار نفی اور دو بار اثبات ظاہر ہوتا ہے، پس لالا ہے اور الاہ للاہ نہیں چنانچہ ایجاد کی طرف اِس حضرت میں جو وجودِ مطلق کا میلان ہے وُہ الف ہے، اور جو ایجاد کے وقت ایجاد کی طرف موجودِ مُقیّد کا میلان ہے وُہ لام ہے ایسے ہی اس کی منزلت میں دونوں سے مُطلقاً ہر حقیقت صُورت پر نکلتی ہے۔

پس غور کریں اور اگر آپ غور کریں تو ضروری ہے کہ خِلوت میں اللہ رحمٰن کے ساتھ ہمت کا تعلق قائم کریں یہاں تک کہ جان جائیں کہ جب اُس کے وجود کے تعیّن کے بعد قید ہوگی اور اُس کی عین کے لئے اُس کی عین کا ظہور ہوگا

www.maktabah.org

تو بیشک!

للحق حق وللانسان انسان	عند الوجود وللقرآن قرآن
وللعیان عیان فی الشہود کما	عند المناجاۃ للاذان اذان
فانظر الینا بعین الجمع تحظ بنا	فی الفرق فالزمہ فالقرآن فرقان

عند الوجود حق کے لئے حق انسان کے لئے انسان اور قرآن کیلئے قرآن ہے، اور شہود میں عیان کے لئے عیان ہے جیسا کہ مناجات میں اذان کے لئے اذان ہے۔

پس ہماری طرف دیکھو کہ ہمارے ساتھ فرق میں اُس کے لئے عین الجمع کا حصہ ضروری ہے پس قرآن فرقان ہے۔

بحرِ قرآن میں غوطہ لگائیں

پس لازماً حضرت الٰہیہ سے اُس کے مقابل کھڑا ہونے کی صفت سے اُس کی مثل ہوگا یا اُس کی ضد ہوگا، اور بے شک میں کہتا ہوں ضد ہے اور اُس مثل پر بس نہیں جو حق صدق قلب صوفی کی اصلاح میں راغب ہے اور تحقیق کے پہلے درجے میں حاصل ہے۔ پس محقق اور صوفی دونوں کا یہ مشرب ہے اور دونوں ہی اس کے اُوپر نہیں جاتے اور نہ ہی اس کی طرف ہمارا خواب ہے یہاں تک کہ اللہ تبارک وتعالیٰ دونوں کے ہاتھوں کے ساتھ پکڑے اور دونوں ہی اُس کی گواہی دیں جو گواہی ہم نے دی ہے، اس کا کچھ حصہ انشاءاللہ العزیز اس باب کی تیسری فصل میں بیان ہوگا۔

اگر تو وسیع نفس رکھتا ہے تو قرآن عزیز کے سمندر میں غوطہ زنی کر اور اگر تو نے اس کے ظاہر کے لئے مفسرین کی کتابوں کے مطالعہ پر ہی اکتفاء کر لیا اور

www.maktabah.org

غوطہ نہ لگایا تو ہلاک ہو جائے گا، پس یقیناً قرآن مجید کا سمندر عمیق ہے اگر ساحل کے قریبی مقامات کو مقصد بنا کر اس سمندر میں غوطہ زنی نہیں کی جائے گی تو تمہارے لئے کبھی کچھ نہیں نکلے گا۔

پس انبیائے کرام اور وراثت حفظہ وہ لوگ ہیں جو عالم کے ساتھ ان مقامات رحمت کا قصد رکھتے ہیں ہاں وہ لوگ واقف ہیں اور پہنچکر خاموش ہو جاتے ہیں اور واپس نہیں لوٹتے نہ ان کے ساتھ کوئی نفع ہے اور نہ ہی وہ کوئی نفع حاصل کرتے ہیں پس قصد کرتے ہیں بلکہ سمندر کے بڑے حصے میں اترنے کا قصد ان کے ساتھ ہے تو وہ ابد تک غوطہ زن رہتے ہیں اور کبھی نہیں نکلتے۔

ہمیشہ ہمیشہ کے لئے

اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے بندوں پر رحم فرمائے سہل بن تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شیخ نے جب انہیں ابد تک کہا تو سہلؒ نے عرض کی کیا قلب سجدہ کرتا ہے؟ شیخ نے فرمایا ابد تک بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت فرمائے جب آپؐ سے ہمارے عام حج میں دخول عمرہ کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا یہ ابد کے لئے ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا ابد الابد یعنی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہے، تو دار خلد میں یہی وہ روحانیت باقیہ ہے جسے اہل جنت ہر مقدر سال میں حاصل کرتے ہیں تو کہتے ہیں یہ کیا ہے پس وہ عمرہ حج میں روح ونعیم اور تنزیہہ شریف کے ورود کو قبول کرتے ہیں اس کے ساتھ اسرار وجوہ درخشاں ہو جاتے ہیں اور اس کے ساتھ حسن وجمال زیادہ ہو جاتا ہے۔

دو یاقوت تلاش کریں

اللہ تبارک وتعالیٰ تجھے توفیق عطا فرمائے جب تو اس بحر میں غوطہ لگائے

www.maktabah.org

تو اُس صدف کی تلاش و جستجو کر جس میں الف اور لام دو یاقوت ہیں اور ان کا صدف یہی کلمہ ہے یا وہ آیت ہے جو ان دونوں کو اُٹھاتی ہے۔

اگرچہ اِس مقام سے دونوں کی نسبت اپنے طبقات پر کلمہ فعلیہ ہے اور خواہ اِس مقام سے دونوں کی نسبت اپنے طبقات پر کلمہ اسمائیہ ہے اور خواہ اُس سے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اِشارے کے مطابق اِس کی نسبت کلمہ ذاتیہ ہے

اور اگر حرف میں اُعُوذ تیری ناراضگی سے تیری رضا کے ساتھ نہ ہو میلان الف تیری ناراضگی سے تیری رضا کے ساتھ ہوگا، لام کا میلان کلمہ اسمائیہ اور تیرے عُفو کے ساتھ ہے جب کہ الف کا میلان تیری عقُوبت کے ساتھ ہے، میلانِ لام کلمہ فعلیہ اور تیرے ساتھ ہے جب الف کا میلان تجھ سے ہے میلانِ لام کلمہ ذاتیہ ہوگا۔

ہر لام الف لا برابر نہیں

پس اُسے دیکھ جو نبوت کا عجیب تر راز ہے اور جو اُس کا اعلیٰ وادنیٰ اور ابتداء و انتہا ہے، پس لام الف حرف پر اِس کے حضرت میں نظر کئے بغیر جو گفتگو ہوئی وہ اس میں ہے اور کامل کے ساتھ نہیں افسوس کہ لام الف لَا خَوْفٌ عَلَيْهِم اور لام الف وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ کبھی برابر نہیں ہونگے جیسا کہ وہ لام الف جو نفی کے لئے ہے اور وہ لام الف جو ایجاب کے لئے ہے برابر نہیں ہیں۔

جیسا کہ نفی کا لام الف، نفی و بریت کا لام الف اور نہی کا لام الف برابر نہیں ہیں پس نفی کے ساتھ رفع یعنی پیش کی حرکت ہے اور بریّت کے ساتھ نصب یعنی زبر کی حرکت ہے جب کہ نہی کے ساتھ جزم ہے۔

نیز لام الف کے متعلق یہ ہے کہ لام تعریف اور الف کلمے کی اصل سے ہے جیسا کہ اُس کا قول ہے الاعراف، الادبار، الابصار اور الاقلام۔

www.maktabah.org

جیسا کہ لام توکید اور الف اصلیہ ہونے کی صورت میں ارشاد خداوندی لاوضعوا اولاانتم، کی طرح برابر نہیں۔

ابھی اسرار باقی ہیں

پس ہم نے تیرے لئے اُس کا بیان مُتحقق کرتے ہُوئے تیرے الف کو نیند سے قائم کیا اور تیرے لام کے عقدہ کو حل کیا اور الف کے ساتھ لام کے عقد میں ایسا راز ہے جو ظاہر نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی لام الف کے مقامات میں بسط عبارت پر قدرت ہے جیسا کہ قرآن مجید میں وارد ہُوا، سوائے اِس کے کہ اگر سامع مجھ سے اُسنے ایسے شخص سے سُنا جس پر نازل ہُوا اگر اُس سے عبارت ہو اور باوجود اِس کے کہ اس کتاب میں اختصار کی ضرورت ہے اور بیشک یہ باب طویل ہوگیا ہے کثرت مراتب اور کثرت حروف کے لئے اِس میں طریق اجمال پر وسیع کلام ہے، اور اِس باب میں حروف کے درمیان مناسبت کی معرفت بیان نہیں کی گئی یہاں تک کہ بعض سے بعض کا اتصال درست ہے، اور نہ ہی ہم نے سوائے لام الف کی خاص جہت کے علاوہ دو حرفوں کے ساتھ اجتماع کا ذکر کیا ہے۔ اور یہ باب عدد اتصالات پر تین ہزار اور پانچ سو اور چالیس مسائل کو متضمن ہے اِس وجہ کے ساتھ کہ ہر اتصال کے ساتھ اُس کا مخصوص علم ہے، اور اِن مسائل سے ہر مسئلہ کے تحت بے شمار تصریحات ہیں،

پس یقیناً ہر حرف تمام حرُوف کا اپنے رفع نصب اور حفض و سکون اور تینوں حرُوف علّت کی جہت سے ساتھی ہے تو جو شخص اس موضوع سے تشفی حاصل کرنا چاہتا ہے وُہ اُس تفسیر قرآن کا مطالعہ کرے جس کا نام ہم نے ”الجمع والتفصیل“ رکھا ہے اور انشاءاللہ العزیز اِن حروف کے بارے میں کتاب المبادی والغایات میں بھی بیان آئے گا جو ہمارے سامنے ہے پس لام الف کے متعلق اِس اشارے پر ہی

www.maktabah.org

اکتفاء کریں گے والحمدللہ المفضل"

الف لام اَل کی معرفت

ألف اللام لعرفان الذوات — ولاحياء العظام النخرات
تنظم الشمل اذا ماظهرت — بمحياها ومابقى شتات
وتفي بالعهد صدقاً وها — حال تعظيم وجود الحضرات

الف لام ذاتوں کے عرفان کے لئے اور بوسیدہ ہڈیوں کے احیاء کے لئے ہے۔

شمل کو منظم کرتا ہے جب ظاہر نہ ہو، اُس کی زندگی کے ساتھ اور جو سرد موسم باقی ہے،

اور سچے وعدے کے ساتھ فوت ہوتا ہے اور اِس کیلئے تعظیم وجود حضرات حائل ہے"

جاننا چاہیئے کہ لام الف اپنے حل شکل مخالف ابراز اسرار اور اسم و تحریر سے اپنی حنا کے بعد جنس و عہد اور تعریف و تعظیم کے حضرت میں ظاہر ہوتا ہے اور یہ اس لئے ہے کہ الف حق کا حصتہ ہے اور لام انسان کا حصتہ ہے الف اور لام جنس کے لئے آواز دیتے ہیں پس جب الف اور لام کا ذکر ہو تمام کون اور اُس کے مکوّن کا ذکر ہو جائے گا، تو بے شک حق سے خلقت کے ساتھ فنیت"، اور الف اور لام کا ذِکر کیا جاتا ہے"

حق و خلق وملکوت

الف اور لام حق و خلق ہے اور یہ وُہ جنس ہے جو ہمارے نزدیک ہے،"

پس لام کا قائمہ حق تعالیٰ کے لئے ہے اور اس کے قائمہ سے الف اخذ کرنے کے بعد جو لام کا نصف دائرہ باقی محسوس ہوتا ہے وُہ نون کی شکل خلقت کے لئے ہے اور نصف دائرہ رُوحانی جو کہ غائب ہے وُہ ملکوت کے لئے ہے اور دائرہ کے

www.maktabah.org

قُطر کے میدان میں جو الف ہے وُہ امر کے لئے ہے اور وہ کُن ہے اور یہ تمام قسمیں اور فصلیں جنسِ اعم کے لئے ہیں، اور جو اُس جنس کے اُوپر ہے وُہ حقیقت الحقائق ہے جو قدیم میں قدیمہ اور محدث میں مُحدثہ ہے قدیم اور مُحدِث کی ذات میں نہیں،

اور یہ نظر کے ساتھ اُس کی طرف نہ وُجود ہے نہ عدم اور جب موجود نہیں تو نہ قِدم کے ساتھ متّصِف ہوگی اور نہ حدوث کے ساتھ جیسا کہ اِس کتاب کے چھٹے باب میں اِس کا ذِکر آئے گا،،

اور اِس کا جو کچھ چاہنا ہے وُہ اِس کا حدوث اور قدم کو قبول کرنا نہیں بلکہ صُورتوں کو قبول کرنا ہے تو یقیناً اس میں تشبیہ موجُود ہے اور ہر موجود جو کہ مُحدث یعنی پیدا کیا گیا ہے وُہ مخلوق ہے مگر مُحدِث یعنی پیدا کرنے والا اِسم فاعل ہے اور وُہ خالق ہے اور جب وُہ قِدم و حدوث دونوں کو قبول کرتی ہے تو یہ حق تعالیٰ کی اپنے بندوں کے لئے وُہ تجلی ہے جو وُہ اپنی صفات سے جیسی چاہتا ہے ڈال دیتا ہے، اسی وجہ سے قیامت کے دن ایک گروہ اِس کا انکار کرے گا کیونکہ وہاں پر حق تعالیٰ اُن کی پہچانی ہوئی صُورت کے علاوہ دُوسری صُورت اور صفت میں تجلّی فرمائے گا، اِس مضمُون کا کچھ حصہ اس کتاب کے پہلے باب میں بیان ہو چکا ہے،،

چُونکہ عارفوں کے لئے اُن کے قلوب و ذوات پر دارِ آخرت میں عمُومی تجلی ہو گی تو وجُوہات شُبہ سے یہ وجہ ہے، ہمارے نزدیک علی لتحقیق اِس کے ساتھ اِخفا نہیں بے شک اس کے حقائق دونوں جہانوں میں دونوں صفوں کے لئے متجلّی ہیں البتہ عقل یا فہم اللہ تعالیٰ سے دُنیا میں قلوب و ابصار کے ساتھ مرئی ہے باوجود اِس کے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے عجزِ ادراک سے خبردار ہے پس فرمایا ابصار کے لئے اُس کا ادراک نہیں اور وُہ ادراک کرنے والا اور لطیف و خبیر ہے،

وُہ لطیف اپنی تجلی کے ساتھ ہے جیسے اپنے بندوں پر اُن کی طاقت کے

www.maktabah.org

مطابق ڈالتا ہے اور خبیر اپنے بندوں کی کمزوری سے ہے جو اُن میں اُس کی الوہیت کی عطا کردہ تجلیٔ اقدس کو اُٹھانے سے ہے جب کہ مُحدَث کو جمالِ قدیم کے اُٹھانے کی طاقت نہیں جیسا کہ نہروں کو سمندروں کے اُٹھانے کی طاقت نہیں،

تو بیشک سمندروں کے اعیان فنا ہو جاتے ہیں خواہ اُس پر نہر وارد ہو یا وہ نہر پر وارد ہو ایک ہی بات ہے یعنی سمندر کے لئے شہادت دامتیانہ کا اثر باقی نہیں رہے گا تو جو ہم نے بیان کیا ہے اِس کی معرفت حاصل کر اور محدثات سے اس کی جو تشبیہ محقق واعلیٰ ہے وہ گرد و غبار ہے جس میں عالم کی صورتوں کو پیدا کیا گیا پھر اُس سے اُس کی تشبیہ کا نور اُتارا گیا تو یقیناً نور گرد و غبار کی صورت میں ہے جیسا کہ یہ گرد و غبار اُس کی صورتوں میں ہے اور نور سے ہوا کے ساتھ اُس کی تشبیہ اُتاری اور اُس سے پانی کو اُتارا اور اُس سے معدنیات کو اُتارا اور معدنیات سے لکڑی اور اُس کی امثال کو اُتارا منتہی تک چیز کی طرف نہیں قبول کرنا سوائے صورت واحدہ کے جو اُس نے پائی،

پس اس پر غور کر انشاءاللہ اِس کتاب میں اس کا باب آئے گا

الف اور لام کی حقیقت

تو یہ حقیقتِ تائہیہ حقائق تائہیات کو شامل ہے اور یہ وہ جنس عمومی ہے جو بذاتہ الف اور لام کو حمل کرنے کی حقدار ہے اور ایسے ہی دونوں کا عہد اُس علم پر جو اِس میں واقع ہے دو موجودوں کے درمیان دونوں حقیقتوں کے ساتھ جاری ہے،،

اِن دونوں موجودوں پر ایک امر داخل ہے دونوں کے درمیان جہت سے ہر ایک تیسرے امر کی طرف ناظر ہے دونوں کے پورا

www.maktabah.org

کرنے کے لئے یہ تیسرا امر ہے جسے دونوں جانتے ہیں، اور دونوں کی حقیقت پر الف عہد اخذ کرنے کے لئے ہے اور لام اُس پر جو چیز وُہ اخذ کرے"۔

اور ایسے ہی دونوں کی تعریف و تخصیص ہے، اور بے شک اِس کے ساتھ مُخبِر کی خواہش کے وقت حصُولِ علم کے لئے تعیّن پر کسی چیز کی جنس سے تخصیص کرتے ہیں جس کا مُخبِر کو علم ہوتا ہے، پس مُختص پر کون سی حالت ہے، اور مختص اور وُہ چیز جو دونوں کے حقائق کی صُورت میں دونوں کی حقیقتوں کے مُنقلب ہونے کے ظہور کا سبب ہے اور یہ وُہ ذاتی اِشتراک ہے"۔

پس اگر یہ اشتراک صفت میں ہے اور مخاطب کے لئے دونوں سے عظمت امتیاز کا ارادہ کرتے ہیں تو دونوں اِس تعظیم کے لئے اِس وصف میں داخل ہونگے"۔

پس الف اور لام دونوں ہر صورت اور ہر حقیقت میں آمنے سامنے کئے گئے ہیں، کیونکہ دونوں ہی جمیع حقائق کے لئے موجود اور جامع ہیں، پس کون سی چیز میدان میں آتی ہے کہ اُس کی حقیقت اُس سے دونوں کے نزدیک ظاہر ہوتی ہے جو اُس کے ساتھ مقابل ہے۔

پس دونوں ہی اپنی ذات سے چیز پر دلالت کرتے ہیں، اور دونوں ہی اُس چیز سے اکتساب نہیں کرتے جو اس پر داخل ہے اور اِس کی مثل اہلک الناس الدینار والدرہم[1] ہے۔

---

[1] لوگوں کی ہلاکت دینار و درہم ہیں۔

www.maktabah.org

میں نے رات کو ایک شخص دیکھا اور میں مرتبۂ احدیت پر عورتوں کے سوا مردوں سے محبت کرتا ہوں، باب کی طوالت کے پیشِ نظر اسی پر اکتفاء کیا جاتا ہے، الحمد للہ چھٹی جزء تمام ہوئی"

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

تفسیر الفاظ

بعض اسباب یعنی اُن الفاظ کی تفسیر کے بیان میں جن کا ذکر حروف میں بسائط و مراتب، تقدیس و افراد ترکیب و اُنس اور وحشت وغیرہ کے نام سے کیا ہے۔

تو جان لے کہ یہ حروف ادل ہیں اِس لئے عالمِ مکلّف انسانی کی مثل اُس کے لئے خطاب میں مشارکت ہے، تکلّف میں نہیں سوائے اس کے کہ وُہ عالم سے جمیع حقائق کو قبول کرے جیسا کہ انسان اور تمام عالم اس کی طرح نہیں۔

الفاظ کا قطب

پس اُن میں قُطب ہیں جس طرح ہم سے اور وُہ الف ہے اور ہم سے قُطب کا مقام حیاتِ قیومیہ ہے اور یہ اُس کے ساتھ خاص مقام ہے تو بیشک اُس کی ہمت جمیع عالم میں سیر کرتی ہے۔

ایسے ہی الف ہر وجہ سے اپنی روحانیت کے اعتبار سے اُس کا ادراک کرتا ہے جب کہ ہم اپنے غیر کا ادراک نہیں کر سکتے اور وہ اپنی ذات کے انتہائی مخارج میں جو نفس کو دُوسرے نفوس کی طرف اُٹھاتے ہیں سریانِ کی حیثیت سے ہے، اور خارجی خواہش میں اِمتداد ہے یعنی عرصۂ دراز ہے، اور تو ساکت ہے اور اُس کا نام صدری ہے تو یہ

www.maktabah.org

قیومیتِ الف ہے"

لا. بیشک وُہ واقف ہے اپنے رقم ہونے کی حیثیت سے، تو بیشک تمام حروف اُس کی طرف ینحل ہیں اور اُس سے مرکّب ہیں، اور وُہ اِس کی طرف لا ینحل ہے جیسا کہ وُہ اپنی رُوحانیت کی طرف ینحل بھی ہے اور یہ نقطہ تقدیر ہے یا اگر واحد ہے ینحل نہیں تو بے شک ہم نے تجھے پہچانا جو اُس کے لئے ظاہر ہے، الف قُطب ہے اور یہاں اِس کا عمل ہے جس میں ہم نے تیرے لئے ذِکر کیا بعد ازیں اگر تُو چاہے تو اِس کی حقیقت جان لے"

دو امام

واؤ اور یاء دونوں حروف علت دو[۲] امام ہیں مَدّ اور لین[۱] سے دونوں درست نہیں"

اوتاد چار ہیں

الف، واؤ، یا، اور نون چاروں اوتاد ہیں جو کہ علامات اعراب ہیں"

ابدال سات ہیں

ابدال سات ہیں، الف، واؤ، یا نُون اور تاء اور اُس کے کاف

---

[۱] واؤ، الف اور یا جب ساکن ہوں اور اُن کے پہلے حرف پر زبر ہو تو انہیں لین کہتے ہیں، مترجم۔

www.maktabah.org

اور ہا، کا ضمیر، پس الف، الف دو شخص، واؤ، واؤ دو عمرون، یاء یاء دو عُمَرِین اور نون نون کام کرتے ہیں اور مرتبۂ ابدال میں ہمارے اور اُن کے درمیان نسبت کا راز ہیں جیسا کہ قطب میں ظاہر ہے، بیشک جب قمت سے تاء غایب ہو گی اُس کا بدل ترک ہو جائے گا۔

کلام کرنے والے نے کہا! زید کھڑا ہے تو یہ اُس کی ذات سے نیابت ہے جو اُن حرفوں کے قائم مقام ہے، اُس کے خبر دینے والے سے اُس شخص کا یہی نام ہے، اور اگر ضمیر کے قائم مقام اسم الف سے مرکب ہو گا اِن حروف کی نیابت حروفِ ضمائیر کی قوت وتمکین اور اُس کے فلک کی وُسعت کے لئے ہے۔

پس اگر آدمی کا نام اُسے دارمیت رکھا تو یہ اس سے بلند ہے پس یہ نسبت ہے تو بیشک تاء یا کاف یا ہا کی نیابت اِن حروف کے جملہ کی نیابت دلالت اور اُس کے بدل کو چھوڑنے میں ہے یا اُس سے بدل آئے گا جیسے بھی تو چاہے۔

اور بیشک یہ اُس کے لئے دُرست ہے اور تو اسکے کون کو جانتا ہے اور اُسے نہیں جانتا جو اِس سے بدل ہے یا وُہ بدل اُس سے ہے لہٰذا مقام ابدال و مدرک میں اُس کا اور اُس کے ساتھیوں کا یہی استحقاق ہے

یہ علم کہاں ہے؟ اور یہ کشف پر موقوف ہے پس اِس پر خلوت و ذکر اور ہمت کے ساتھ تحقیق و تفتیش کر، اور تجھے اگر اِن حروف کے مقامات میں تکرار کا وہم ہو تو بیشک یہ ایک چیز ہے اور اس کے لئے وُجوہ ہیں اور بیشک یہ اشخاص انسانی کی مثل ہے چنانچہ زید بن علی اپنے بھائی زید بن علی ثانی کی ذات نہیں، اور اگرچہ دونوں نبوت و انسانیت

www.maktabah.org

اور ایک باپ کے بیٹے ہونے میں مشترک ہیں ولیکن بدیہی طور پر ہم جانتے ہیں کہ ایک بھائی دوسرے بھائی کی ذات نہیں اور بصارت دونوں کے درمیان فرق کرتی ہے"

ایسے ہی علم دونوں کے درمیان حروف میں فرق کرتا ہے، اہل کشف کے نزدیک کشف سے اور نازلین کے نزدیک مقام کی جہت سے اُسکے درجہ سے یہی اُس کے حروف سے بدل یعنی ابدال ہے"

جب کہ صاحبِ کشف عالم پر مقام کی جہت سے دوسرے امر کے ساتھ زیادہ کرتا ہے اور صاحبِ علم اِس مقام مذکور کو نہیں جانتا، مثلاً میں کہتا ہوں جب بعینہٖ اسم سے اُس کے بدل کی تکرار ہو تو اُس شخص کے لئے بعینہٖ ایسا ہی کہا جائے گا میں بھی ایسا ہی کہوں گا تو بھی ایسا ہی کہے گا، پس تاء صاحبِ کشف کے نزدیک وُہی ہے جو میں نے پہلی تاء کے علاوہ میں کہا ہے وُہی دوسری تاء میں کہا کیونکہ مخاطب کی ذات ہر نفس میں تجدید کرتی ہے بلکہ وُہ خلقِ جدید کے لباس میں ہیں، پس احدیتِ جوہر کے ساتھ عالم میں یہ حق کی شان ہے، اور ایسے ہی وُہ حرکتِ روحانیہ ہے جس سے حق تعالیٰ نے بغیر حرکت کی پہلی تاء کو پیدا کیا اور اُس سے دوسری تاء کو غام کے ساتھ پہنچایا پس اُس کے معنوں کا اختلاف بدیہی ہے"

اختلافِ صاحبِ علم

تو صاحبِ علم کے لئے عِلم معنیٰ کا اختلاف مقام غور ہے اور وہ حرف تاء میں غور نہیں کرے گا یا یہ کہ کون سا حرف ضمیر یا غیر ضمیر ہے، جیسا کہ اشاعرہ نے اعراض میں برابر کہا ہے"

www.maktabah.org

پس لوگ حرکتِ خاص میں اِس پر اُن کے ساتھ مجمع و مُتفق اور اِس علم کی طرف غیر حرکت میں اُن سے الگ ہیں"

پس وُہ اِس امر کا انکار کرتے ہیں اور اِس کے ساتھ نہیں کہتے اور اِس کے قائل کو ہوس اور انکارِ حِس کی طرف سے منسوب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اُن کے ادراک محجوب اور عقول ضعیف ہیں اور معانی میں تعرّف سے اُن کی نظر کا قصور اور مقام فساد ہے"

پس اگر اُن کے لئے اُس کے معدن سے پہلے کشفِ حقیقی ہے تو عام حکم میں جمیع اعراض پر اِس حقیقت کو نہیں گھسیٹا جاسکتا،

عرض کے ساتھ سوائے عرض کے اختصاص نہیں، اور اگر اجناس اعراض میں اختلاف ہوگا تو لازماً حقیقت جامعہ اور حقیقتِ فاصلہ سے ہوگا"

اِسی طرح ہم نے یہ مسئلہ اُس کے حق میں بیان کیا ہے جو اِس میں وُہی کہتا ہے جو ہم کہتے ہیں اور جو اس کا انکار کرتا ہے تو مُحققین کے نزدیک لفظ و تحریر کی صُورِ محسوسہ مطلوب نہیں سوائے اسکے کہ وُہ رُوحانی ہو"

پس نہ اُس کی جنس سے نکالنے کی قدرت ہے اور پردہ ہے"

تو اِس کے ساتھ دیکھتا ہے کہ مُردہ سترِ رُوحانی معدُوم ہونے کی وجہ سے اُس سے روٹی طلب نہیں کرتا اور اس میں وجُودِ روح کے لئے زندہ طلب کرتا ہے تو تُو کہتا ہے کہ جو اُس کی دُوسری جنس سے طلب کرے"

پس تُو جان لے کہ یقیناً روٹی پانی اور تمام ماکُولات و مشروبات اور ملابس و مجالس میں ارواحِ لطیفہ غریبہ ہیں اور یہی اُس کی زندگی اور اُس کے علم کا راز ہے، اور یہی اُس کے خالق کے مشاہد کی حضُوری میں اُس

www.maktabah.org

کی قدر و منزلت اور اُس کے پروردگار کے لئے اُس کی تسبیح کا سر ہے "

اور یہ ارواح اِن صُوَرِ محسوسہ کے نزدیک امانت ہے اور اسے اِس ودیعت کی گئی رُوح کی طرف جسم میں لوٹایا جاتا ہے "

کیا تو اُن سے بعض کی طرف نہیں دیکھتا کہ اُس کی امانت کی طرف کیسے کیسے ملایا جاتا ہے تو جب اُس کی امانت اُس کی طرف لوٹے گی تو وہ سرِ حیات ہے، رہا اُس کا داخل ہونے کے طریق سے نکلنا تو اُس کا نام قے کرنا ہوگا اور اگر دُوسرے طریق سے نکلے گی تو اُس کا نام عُذر قبوُل کرنا اور دوستی کے ساتھ ہوگا "

پس اُسے پہلا نام سوائے اِس بھید کے نہیں دیا جائے گا کہ وہ روح کی طرف لوٹ جائے اور دُوسرے اِسم کے ساتھ باقی رہے اور وہ اُس سے صاحبِ خضروات اور اسباب استحالات کا وعدہ طلب کرے "

پس ایسے ہی جس طرف اللہ علیم حکیم چاہے ملبُوس اور عریاں اطوار وجود میں گراری کی طرح بار بار چکر کاٹتی ہے، پس رُوح اُس کے عشق میں اِن محسُوسات کے ساتھ معذور ہے تو بیشک اِس میں معائنہ کرنے والا اُس کا مطلوب ہے پس یہی اُس کی منزلِ محبوب میں ہے

أمر علی الدیار دیار سلمی　　　أقبل ذا الجدار وذا الجدارا
وما حب الدیار مضی بقلبی　　　ولکن حب من سکن الدیارا

دیار سے دیارِ سلمیٰ کی طرف جانے کا حکم ہُوا اور دیواروں والے تک جا پہنچا،
میرے دِل میں دیار کی مُحبّت کا گذر نہیں لیکن دیار میں سکونت رکھنے والے سے مُحبت ہے،

اور ابو اسحٰق زدالی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا!

www.maktabah.org

یادار ان غزالا فیك تیمنی لله درّك ماتحویه یادار
لو كنت أشكوالیها حب ساكنها اذن رأیت بناء الدار ینهار

اے دو غزالوں کے گھر تجھ میں میری برکت ہے اللہ تعالیٰ کے لئے تجھ میں خوبی ہے اور اے گھر جو اِس پر محیط ہے۔

اگر اس سے اُسکے ساکن کی محبت کی شکایت کرتا گھر کی تعمیر کی آئینہ بندی دیکھتا۔

حرُوف کی شرح

پس اِس پر غور کریں اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں اور آپ کو کلمہ کے رازوں کا فہم عطا فرمائے اور ہمیں اور آپ کو پوشیدہ غیبی حکمتوں پر مطلع فرمائے۔

رہا ہمارا وُہ قول جو ہم نے ہر حرف کے بعد بیان کیا ہے تو ہم چاہتے ہیں کہ وُہ آپ کے لئے ظاہر کر دیں اور آپ اُسے جان لیں جو تم میں سے اُس چیز کو نہیں جانتے، تو اِسے بہت کم لوگ جانتے ہیں اور جو طریقِ تسلیم کے درجات میں ہے اور جو سچائی کے ساتھ اُس کی قطعی بلندی اور گنتی ہے اسے نہیں جانتے۔

یہ دو حرموں کے مقام ہیں جیسا کہ اِن دونوں مقامات سے سعادت مند متصّف ہے۔

ایمان کا نُور نکل جاتا ہے

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ابو موسیٰ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو فرمایا! اَے اُبو موسیٰ! جب تجھے کوئی شخص اس طریقہ والوں

www.maktabah.org

کے کلام کے ساتھ ملے تو اُسے اپنے لئے دُعا کے واسطے کہہ کیونکہ اُس کی دُعا قبول ہوتی ہے، اور فرمایا! اگر کوئی شخص صوفیاء کرام کی مجلس میں بیٹھ کر اُن سے اُس چیز کے بارے میں اختلاف کرے جس کی اُنہوں نے تحقیق کی ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اُس شخص کے دل سے نورِ ایمان لے جاتا ہے۔"

شرح جو کچھ ہمارے بیان میں حرف اُس کے نام اور اُس کے سقوط میں جو کچھ عالم غیب سے ہے؛

پس تو جان لے کہ عالم بعض تقسیموں پر ہے ہمارے نزدیک نظر کے ساتھ جو حقیقت کی طرف معلوم ہے دو قسموں پر ہے۔"

وہ قسم جس کا نام عالمِ غیب ہے

اور وہ ہر چیز ہے جو حس سے پوشیدہ ہے اور عادت جاریہ نہیں کہ حسِ اُس کا ادراک کر سکے اور وہ حرفوں میں سے یہ ہیں"

سین، صاد، کاف، خاء معجمہ اور تاء اُوپر کے دو کے ساتھ اور فاء شین، ہاء، ثاء شین کے ساتھ اور حاء تو یہ حروف رحمت والطاف، رافت وحنان سکینہ ووقار اور نزول وتواضع ہیں اور اِن میں یہ آیت نازل ہوئی ہے،

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا[1]	اور رحمان کے وہ بندے کہ زمین پر آہستہ چلتے ہیں اور جب جاہل اُن سے بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں بس سلام

[1] الفرقان آیت ۶۳

www.maktabah.org

اور اس میں وُہ جو رقیقہ محمدیہ علیٰ صاحبہا علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہُوا اور اُس کی کون سے ان کی طرف استمداد ہے اور جو جوامع الکلم دیا گیا ان کی طرف اُن کے رسُولوں سے آیا پس اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے فرمایا،

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ [۱] — اور غصہ پینے والے اور لوگوں سے درگذر کرنے والے۔

قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ [۲] — دل ڈر رہے ہیں یُوں کہ انہیں اپنے رب کی طرف پھرنا ہے۔

اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ [۳] — وُہ جو اپنی نمازوں میں گڑگڑاتے ہیں

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ [۴] — اور سب آوازیں رحمٰن کے حضور پست ہو جائیں گی،

اور یہ حروف کے قبیل سے ہے وُہ بھی جو اس میں منقول ہے بیشک وُہ لُطف و مہربانی سے ہے اس لئے ہم نے اس کا ذکر کیا تو یہ من جملہ اُن معانی کے ہے جو اس پر اطلاق کرتے ہیں اُسی سے عالم غیب و لُطف ہے،

دُوسری قسم عالم شہادت وقہر

اور وُہ ہر عالم عالم حروف سے عادت جاریہ پر ہے ان کے نزدیک اس کا ادراک حواس کے ساتھ ہو سکتا ہے اور وُہ جو باقی حروف سے ہے اور اس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے یہ ارشادات ہیں،

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ [۵] — تو جس بات کا تمہیں حکم ہے علانیہ کہدو

---

[۱] آل عمران آیت ۱۳۴ [۲] المومنون آیت ۶۰ [۳] المومنون آیت ۲ [۴] طٰہٰ آیت ۱۰۸
[۵] حجر آیت ۹۴

www.maktabah.org

وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ اور اُن پر سختی کرو

اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ فرمان

وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ

بنی اسرائیل آیت ۶۴

اور اُن پر اپنے سواروں اور پیادوں کی فوج لا

تو یہ عالم ملک، تسلط وغلبہ، شدت وجہاد، تصادم وقرعہ اندازی ہے اور اِن حرفوں کی روحانیت سے صاحبِ وحی کے لئے غت وغط یعنی غوطہ زنی گھنٹی کی آواز اور پیشانی کا پسینہ ہے اور اُن کے لئے یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ اور یَا اَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ہے بیشک وہ حروف ہیں عالم الغیب ہے، .... جس کے ساتھ روح الامین تیرے دل پر اُترتا ہے اور اس کے ساتھ تعجیل کے لئے اپنی زبان کو حرکت نہ دے "

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى،

اِلَيْكَ وَحْيُهٗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

طٰہٰ آیت ۱۱۴

اور قرآن میں جلدی نہ کرو جب تک اِس کی

وحی تمہیں پوری نہ ہو جائے اور کہیں اے

میرے رب میرے علم کو زیادہ کر،

اور ہمارا یہ قول کہ ملک وجبروت یا ملکوت تو اس کا ذکر ہمارے قول مراتبِ حروف کا بیان باب کے آغاز میں پہلے ہو چکا ہے۔

www.maktabah.org

دورۂ فلکِ حروف

رہا ایسے ہی ہمارا اُس کے مخرج کے بارے میں قول ؟ تو یہ قُرأ حضرات کو معلوم ہے اور ہمارے نزدیک اِس کے افلاک کو جاننا فائدہ مند ہے، تو بیشک اللہ تعالیٰ نے فلک کو وُجودِ حرف کا سبب بنایا ہے، جو اُس فلک سے نہیں ہوگا اُس سے اُس حرف کا دوسرا پایا جائے گا اگر فلک ایک ہے تو تقدیر کی طرف نظر کے ساتھ دَورہ ایک نہیں ہوگا، اُسے چیزیں فرض کرے گا تو یہ فرض اُس کی حقیقت کا اِقتضاء کرے گا اور فلک کی ذات سے تیرے نزدیک فلک میں امرِ امتیاز ہوگا وُہ مقامِ فرض میں نشانی اور اُس کی کمین گاہ مقرر ہوگی۔"

پہلے کی انتہا دوسرے کی ابتدا ہے

پس جب مفروضۂ اوّل کی حد کی طرف نشانی لوٹے گی تو یہ پہلے دَورے کی اِنتہاء اور دُوسرے دَورے کی اِبتداء ہوگی اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے!

ان الزمان قد استدار کھیئتہ یوم خلق اللہ

www.maktabah.org

ترجمہ

بیشک زمانہ اُسی طرح مستدر ہے جس ہیئت پر اللہ تعالےٰ نے تخلیق کے دن پیدا کیا۔

اس حدیث مبارک کا بیان اس کتاب کے گیارہویں باب میں آئے گا۔"

اعداد کے بیان میں

رہا ہمارا قول اس کی گنتی کے بارے کہ ایسے اور ایسے یا ایسے اور اس کے علاوہ ایسے تو بعض لوگوں کے نزدیک اُس کا نام جزم کبیر اور جزم صغیر ہے جب کہ اُس کا نام جزم کی بجائے جمل ہے اور اُس کے دورہ کرنے والے افلاک اور برجوں کے افلاک میں عجیب راز ہے اور ان افلاک کے نام لوگوں کو معلوم ہیں پس وُہ برجوں کے فلک کے لئے جزم کبیر مقرر کرتے ہیں اور جو اٹھائیس اٹھائیس کے ہندسہ سے جمع ہوتا ہے منفی کہتے ہیں۔ جزم صغیر دورہ کرنے والے افلاک کے لئے ہے اس کے عدد نو نو کے طریقہ سے منفی کرتے ہیں، اس کتاب میں اس امر کی گنجائش نہیں اور نہ ہی یہ علم ہمارا مطلوب ہے اور ہمارے نزدیک اعداد کا فائدہ ہمارے اُس طریقہ میں ہے جس سے ہماری محقق و مرید سعادت کی تکمیل ہوتی ہے"

جب کسی حرف کو اس کی جزم صغیر سے جزم کبیر کی طرف نسبت سے اخذ کیا جائے گا مثل قاف کی طرف نسبت کے جو کبیر کے ساتھ سَو اور صغیر کیساتھ ایک ہے پس جزم صغیر کے اعداد ہمیشہ ایک سے نو تک ہیں تو وُہ اپنی ذات کی طرف لوٹتے ہیں"

www.maktabah.org

اگر ایک ہوگا

پس اگر ایک ہوگا تو وہ ہمارے نزدیک دو جزموں کے ساتھ الف، قاف شین اور یاء ہے اور ہمارے علاوہ کے نزدیک جزم صغیر کے ساتھ شین غین معجمہ کے ساتھ تبدیل ہو جاتا ہے، پس یہ اس سے ایک مطلوبہ لطیفہ مقرر کرتا ہے، اس کے ساتھ کونسی جزم ہوگی "!

پس اگر الف سے حتیٰ کہ طاء تک، تو یہ اعداد کے بسائط ہیں پس یہ جزموں میں کبیر و صغیر کے درمیان مشترک ہیں تو جو حیثیت اُس کے ہونے کی جزم صغیر کے ساتھ ہے اُس کا لوٹنا تیری طرف ہے اور جو حیثیت اُس کی جزم کبیر کے ساتھ ہے اُس کا لوٹنا تیرے لئے واردات مطلوبہ کی طرف ہے"

پس تلاش کر الف میں یہ ایک ہے، یاء دس اور قاف سو ہے اور شین الف یا اُس کی غین میں اختلاف ہے، اور مراتب اعداد تمام ہوئے اور محیط کی انتہاء ہوئی اور دوروں کی ابتداء پر رجوع کرتے ہیں"

پس یہ چار نقطوں کے سوا نہیں، مشرق، مغرب، اِستواء یعنی سیدھا حفیض یعنی پستی، چار کی چوتھائی اور چار کا عدد محیط ہے کیونکہ یہ مجموعۂ بسائط ہے، جیسا کہ اِس کا یہ انعقاد مرکبات عددیہ کا مجموعہ ہے"

اگر دو ہوں

اگر دو ہوں تو یہ دو جزموں کے ساتھ باء ہے اور جزم صغیر کے ساتھ قاف اور راء ہے باء تیرے لئے تیرا حال مقرر کرتا ہے اور اس کے ساتھ عالم غیب و شہادت مقابل ہے پس اِس کے اسرار پر اس کے غیب و ظہور کے

www.makiabah.org

ہونے سے واقفیت حاصل کر دُوسرے سے نہیں اور یہی الٰہیات میں ذاتؒ صفات اور طبعیات میں علت و معلول ہے اور عقلیات میں نہیں کیونکہ عقلیات میں شرط و مشروط نہیں اور طبعیات میں شرعیات نہیں مگر الٰہیات میں ہیں"

اگر تین ہوں

اگر تین ہوں تو یہ ایک گروہ کے نزدیک، دو جزموں کے ساتھ جیم اور لام اور سینِ مُہملہ ہے اور ایک گروہ کے نزدیک جزم صغیر کے ساتھ شینِ مُعجمہ ہے، اور جیم تجھ سے تیرا عالم مُقرّر کرتی ہے اور عالمِ مُلک کی کائنات سے مُلک عالمِ جبرُوت کی کون سے ہے جبرُوت اور عالمِ ملکوت کے ہونے سے مَلکُوت اِس کے ساتھ مقابل ہے، اور جو عددِ صغیر سے جیم میں ساتھ ہے تجھ سے ظاہر ہوتا ہے اور جو اِس میں ساتھ ہے اور عددِ کبیر سے لام اور سین یا شین میں مطلوب سے ظہور و وجود ہے"

مَنۡ جَاءَ بِالۡحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشۡرُ اَمۡثَالِهَا [1] جو کوئی ایک نیکی لاتا ہے تو اُس کیلئے دس گُناہ ہے

اور اللہ تبارک و تعالیٰ جسے چاہے اُس کی استعداد کے مطابق دُگنا کرتا ہے اور یہ اُس کا کم تر درجہ ہے جو مذکورہ عام دس پر مشتمل ہے اور تضعیف استعداد پر موقُوف ہے اور اِس میں رجالِ اعمال کا تفاضل ہے، اور ہر عالم اس کے طریق میں اسی پر ہے"

اِس کتاب میں ہماری غرض اِس سے نہیں جو اللہ تعالیٰ نے حقائق

---

[1] الانعام آیت ۱۶۰

www.maktabah.org

سے حروف کو عطا کیا جب کہ اُن کے حقائق تجھ پر محقق ہیں اور ہماری غرض اُس سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لفظ یا خط کے اِنشاء کے لئے عطا فرمایا جبکہ اِن حروف کے حقائق کے ساتھ محقق ہو اور اس کے اسرار پر کاشف ہو پس اسے جان لیں۔"

اگر چار ہوں

اگر یہ چار ہوں تو وُہ دو جزموں کے ساتھ دال اور میم اور صغیر کے ساتھ تا ہے، دال تجھ سے تیرے قاعدے مقرر کرتا ہے اور اِس کے ساتھ ذات و صفات اور افعال ور وابط مقابل ہیں۔"

پھر یہ فلکِ علوی عضوِ مطلوب کو مطلوبہ غرض کے ساتھ اُس مناسبت کے ساتھ حرکت دیتا ہے جو ان دونوں کے درمیان ہے کیونکہ فلک علوی اگرچہ لطیف ہے تاہم وہ ہمارے عالم انفاس کے برعکس کثافت کے پہلے اور لطافت کے آخری درجہ میں ہوتا ہے۔

نیز یہ کہ مذاہب اکٹھے ہوئے جاتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے نزدیک اختلاف درست نہیں اور نہ ہی یہ ہمارے طریق میں ہے مگر یہ سب کچھ کھولنے اور مزید وضاحت کی بناء پر ہے۔

یہاں آپ اللہ تبارک و تعالیٰ کے بہت بڑے اسرار میں سے اُس عجیب راز کو جان لیں جسکی طرف ہم نے اور ابو طالب مکی نے اپنی کتاب قوت القلوب میں اشارہ کیا ہے۔

متکلّم کو تلوین کی محتاجی ہے

پھر ہم اپنے موضوع کی طرف لوٹتے ہوئے کہتے ہیں کہ متکلم اپنے مقصد تک پہنچنے کے لیئے تلوین کا محتاج ہوتا ہے تو حروفِ حرکات کے جاننے اور اُن سے اپنی مراد حاصل کرنے کے لیئے عالمِ حروف و حرکات کو اپنے مقابل پاتا ہے۔ کیونکہ نہ تو وہ اپنے حال سے زائد ہوتے ہیں اور نہ اُن کی حقیقت باطل ہوتی ہے مگر متکلّم کے تخیل میں ہوتا ہے کہ اُس نے حرف میں تغیّر واقع کر دیا ہے۔ حالانکہ وہ متغیر نہیں ہوتا۔

www.maktabah.org

ولیل میہ یہ ہے کہ اگر آپ کی نظر زید کی دال میں اُس حیثیت سے فنا ہو جائے کہ وہ دال تو اس میں اُس کے تقدم کی حیثیت سے غور کریں۔ مثلاً قائم تو اس پر فارغ ہو کر غور کریں یا یہ کہ کوئی فعل لفظی جس کے ساتھ اُس سے گفتگو کی جائے تو آپ کے لیئے یہ درست نہیں۔ کہ سوائے مخصوص رفع یعنی زبر کے کوئی اور حرکت استعمال کریں تو وہ اپنی اُس بناء سے زائل نہیں ہوتا جس پر وہ پایا گیا ہے اور جس کا خیال ہے کہ فاعل کا دال ہی مفعول یا مجرور کا دال ہے تو وہ ملاوٹ کرتا ہے اور اُس کا عقیدہ ہے کہ پہلا کلمہ دوسرے کلمہ کی عین ہے اُسکی مثل نہیں ،،

اور جس کا اعتقاد ہے کہ یہ امر وجود میں ہے تو وہ بھی راہِ صواب سے دور ہٹا ہوا ہے۔ اگر ہمیں اللہ تعالیٰ نے الہام کیا تو کسی قدر الفاظ کو اس فصل میں بیان کریں گے۔

اشتراکِ لفظی حقیقتوں کو نہیں بدلتا

آپ پر ظاہر ہو چکا ہے کہ اصل میں ہر چیز مُسلّم الثبوت ہے کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ عبد کے ثبوت کی حقیقت اور اُس کا تمکن عبودیت میں ہے۔ اگر وہ ایک یوم وصفِ ربانی کے ساتھ متّصِف ہو تو یہ نہ کہیں کہ وہ وصف اُس کے پاس عاریتاً ہے لیکن اُس حقیقت کو مدِنظر رکھیں جس نے اُس وصف کو قبول کیا اور جس کا ثبوت اس حقیقت میں پایا جاتا ہے اور جب اُس حقیقت کے عین کا ظہور ہوتا ہے۔ تو اُس کا محل اس خلیہ میں ہوتا ہے پس جب آپ یہ نہ کہیں کہ اپنے رب کے وصف کے ساتھ وہ اپنے طور سے نکل گیا ہے کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنا وصف نکال کر اُس کو نہیں دیتا بلکہ لفظ ومعنی میں شبہ واقع ہوتا ہے۔ ساتھ اس کے کہ وہ غیر محقق کے پاس تو کہتا ہے یہ وہی ہے اور

www.maktabah.org

ہم جانتے ہیں کہ یہ نہیں ہے اور یہ بات اُس کے لائق ہے اور یہ بات اُس کے لائق نہیں ولیکن اُس کے نزدیک جیسے عاریتاً یا امانتاً یہ امر نہیں پہنچا تو یہ اُس کا قصور ہے اور اُس کا کلام اور اک حقائق سے نابینا کا کلام ہے کیونکہ یہ ہے تو لازماً اُسے یہ حق پہنچا پس وہ عبد رب نہیں ہوتا۔ اگر یہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے حق میں کہا جاتا ہے کہ وہ عالم ہے اور عبد یعنی بندے کے حق میں بھی کہا جاتا ہے کہ وہ عالم ہے اور ایسے ہی حیی و مرید، سمیع و بصیر اور تمام صفات اور برکات ہیں جن میں رب اور عبد کے درمیان اشتراکِ لفظی ہے،،

پس جب اگر آپ نے حد میں حیاتِ حق کو حیاتِ عبد قرار دے دیا تو آپ پر محالات لازم آئیں گے۔ کیونکہ جب آپ رب تعالیٰ کی زندگی کو اُس کے حقِ ربوبیت پر مقرر کریں گے اور عبد کی زندگی کو کائنات کے استحقاق پر شمار کریں گے تو عبد کا حق ہے کہ وہ زندہ ہو اور اگر اُسے یہ حق نہ پہنچتا تو یہ امر درست نہ ہوتا۔ حق تعالیٰ جل شانہٗ، آمر و قاہر نہیں مگر اپنی ذات کے لیے اور اللہ تعالیٰ اُس سے پاک ہے کہ وہ مامور یا مقہور ہو،،

اب جبکہ یہ ثابت ہے کہ مامور اور مقہور دوسرا امر اور دوسری علین ہے۔ تو لازماً عبد، حی، عالم مرید اُس امر کے ساتھ متمکن ہو جس سے اُس کے ساتھ ارادہ کیا گیا اور حقائق سے یہی پتہ چلتا ہے۔

تو اس پر ایک حرف ہے جو سوائے اپنی حرکت کے قبول نہیں کرتا جیسا کہ ہذا میں ھا ہے۔ اور پھر ایک حرف ہے جو اپنی جسمانی اور روحانی صورت کی جہت سے دو اور تین حرکات کو قبول کرتا ہے جیسے لہٗ، لَہا اور بِہٖ کے ضمیر میں ھا ہے جیسا کہ آپ اپنی ذات کے ساتھ خجالت قبول کرتے ہیں تو آپ کا چہرہ سُرخ ہو جاتا ہے اور آپ کی ذات خوف قبول کرتی ہے۔ تو آپ کا چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور کپڑا مختلف رنگوں کو قبول کر لیتا ہے۔ اور کشف باقی نہیں رہتا۔ مگر اُس حقیقت سے جو اعراض کو قبول کرتی ہے

www.maktabah.org

کیا وہ ایک ہی ہے یا اُس کی شان عدم اور وجود میں اعراض کی حالت جیسی ہے اور یہ بحث نتھا رہے دیتے ہے اور ہم اس کے محتاج نہیں اور نہ ہی اسکی طرف التفات کرتے ہیں کیونکہ یہ ایک بحرِ عمیق ہے۔ جسکی معرفت مرید کے حال کے ساتھ باب کشف سے ہے۔ کیونکہ نگاہِ کشف سے آسان اور نگاہ عقل سے اس کو جان لینا مشکل ہے۔

اگر آپ ہماری طرح جانتے ہوں

پھر ہم اپنے مضمون کی طرف لوٹتے ہوئے کہتے ہیں کہ جب حقیقتِ فاعلیت اپنی مخصوص بناء پر فعل سے فراغت کے بعد صرف پر قائم ہوتی ہے تو آپ کہتے ہیں۔ قال اللہ اور جب اسکو طلب کرنے والی حقیقت اُس کے ساتھ قائم ہو تو اُس کے نزدیک اُس کا نام منصوب بالفصل یا مفعول جو چاہیں رکھ لیں اور یہ کہ آپ اُس سے امداد طلب کریں یا اُس کا قصد کریں جیسا کہ مجھ سے اُس کا قصد کریں جیسا کہ مجھ سے اُس امر کے ساتھ قیام طلب کیا جس کے ساتھ میں مکلف ہوں۔ تو اُس نے مجھے نہیں عطا کیا۔ مگر عطا میرے سوال کے بعد ہوئی ہے پس میرا سوال یا حال اُس وعدہ کے ساتھ میرے سوال کا قائم مقام ہوا جو اُس نے مجھے عطا کرنے کا کیا تھا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور مومنوں کی امداد کرنا ہم پر ان کا حق ہے۔ الروم آیت ۴۷

پس میرا سوال اُس کے امر سے ہے اور اُس کی عطا اُس سے میرے مانگنے سے ہوئی۔

آپ کہتے ہیں دعوت اللہ تو حرفِ ہا کو نصب کرتے ہیں اور کبھی ہا پر پیش کی جگہ زبر ہو گی تو ہم حرکات کے ساتھ اختلافِ حقائق کو جان لیتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ بعض

www.maktabah.org

لوگوں کے لحن میں اصطلاح ثابت ہے اور یہ تب ہوگا۔ جب ہمارے ساتھ دوسرا کلام کرے گا اور کلام کرنے والا حقائق کو پہلے ہی جانتا ہے۔ اور مخصوص افلاک کی طرف اقتضاء نظیر یا اجراء افلاک کرتا ہے، اگرچہ اس مقام و مشابہ کا ہر متکلم اس کی تفصیل کا علم نہ رکھتا ہو اور وہ نہ جاننے کی حیثیت سے اسے جانتا ہے۔

اور یہ امر اس کا اشیاء کا وہ تلفظ ادا کرنا ہے جس کے ساتھ لفظ معنی پر دلالت کرتا ہے اور یہ مقام لفظ میں بحث کرنے والے کا ہے کہ وہ دیکھے کہ اس کا مدلول کیا ہے۔ جس پر متکلم کے مقصود معانی کی دلالت ہو اور جو معنی لفظ کے ساتھ دلالت کرتا ہے وہ متحقق امر کی خبر دیتا ہے۔

ہم نے لحن اور آواز کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ اس کے افلاک ان انفلاکات کے علاوہ ہیں۔ اور ایک گروہ کے برعکس دوسرے گروہ کے حق میں تحریر سے حرکات کو گرا دینے کا سبب کیا ہے اور کہاں سے ہے تو ان تمام کا ذکر کتاب مبادی میں ہے اس لیئے کہ اس کتاب کی لطافت کی بناء پر اس میں ہمارا مقصد ایجاز و اختصار ہے۔

اگر آپ حقائق اور عالمِ ارواح پر اسی طرح مطلع ہو جائیں جس طرح ہم ہیں تو آپ ہر حقیقت و روح اور معنی کو اس کے مرتبہ پر ملاحظہ فرمائیں گے تو اس پر غور کریں اور اسے لازم کر لیجیے۔

الفاظِ تجسیم و تشبیہ

ہم نے اس کتاب کے لائق بعض حقائقِ حرکات کا ذکر کر دیا ہے اور عنان کو موڑتے ہوئے ان کلمات کی معرفت کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جن کا ہم نے ذکر کیا تھا۔

مثلاً۔ اِستواء۔ اَینَ، فی۔ کانَ اَضحکُ، فرح، تبشبش، تعجّب۔ ملل، مَعیت۔ عَین، یَد، قَدم، وَجہ، صُورت تحوّل، غضب۔ حیاء۔ صلوٰۃ، فواغت اور ان

www.maktabah.org

جیسے وہ دوسرے الفاظ جو قرآن و حدیث میں وارد ہوئے ہیں اور ان سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے لیے تشبیہ و تجسیم کا وہم لاحق ہوتا ہے۔ اور جو خاص عقل کے نزدیک فکری نظر میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی شان کے لائق معلوم نہیں ہوتے۔

ہم کہتے ہیں کہ قرآن عربی زبان میں نازل ہوا ہے اور اس میں وہی ہے جو عربی زبان میں ہے پایا جاتا ہے۔

چونکہ اہل عرب عقل میں نہ آنے والی بات کا شعور نہیں رکھتے تھے۔ چنانچہ قرآن مجید میں یہ کلمات اس صورت پر نازل ہوئے کہ وہ انہیں سمجھ سکیں۔ جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ۔ النجم آیت ۸

چونکہ عرب کے بادشاہ اپنے مقرب و مکرم بندے کو صاف اسی قدر فاصلے پر بٹھاتے تھے تو اس خطاب سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنے پروردگار سے قربت کی تفہیم ہو گئی تو اس سے سوائے قربت کے اور وہ بھیں پس برہان عقلی سے حد اور مسافت و فاصلہ کی نفی ہو گئی۔ یہاں تک کہ ہمیں اس باب سے ملحق تیسرے باب میں تنزیہ باری تعالیٰ کے سلسلہ میں ایسا کلام آئے گا۔ جس سے ان الفاظ میں تشبیہ کا وہم دور ہو جائے گا۔

الفاظ کی قسمیں

اہل عرب کے نزدیک الفاظ چار اقسام پر مشتمل ہیں۔

۱۔ الفاظ متبائینہ اور یہ وہ اسماء ہیں جو اپنے مسمیٰ سے تجاوز نہیں کرتے جیسا کہ بحر، مفتاح مقصان یعنی سمندر، چابی اور مقصان

۲۔ الفاظ متواطیہ، یہ ہر وہ لفظ ہے جس میں متعدد انواع سے کسی ایک نوع پر اطلاق کرنا طے شدہ ہے جیسا کہ رجل، امراۃ یعنی مرد اور عورت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

www.maktabah.org

۳۔ الفاظ مشترکہ، یہ واحد کے صیغہ پر آنے والا ہر وہ لفظ ہے جس کا اطلاق مختلف معانی پر ہو۔ جیساکہ عین، مشتری، انسان یعنی آنکھ، خریدار اور انسان۔

۴۔ الفاظ مترادفہ ان الفاظ کا مختلف صیغوں میں ایک ہی معنی پر اطلاق ہوتا ہے جیسا کہ "اسد، ہزبر اور غضنفر" ان تینوں لفظوں کا معنی شیر ہے "
یا یہ کہ "سیف، حسام، صارم" ان تینوں الفاظ کا معنی تلوار ہے "
یا یہ کہ، خمر، رحیق، صہبا اور خندریس۔ " تو ان چاروں الفاظ کا معنی شراب ہے۔

اشتباہ لفظی۔

طبائع میں بھی الفاظ امہات ہیں۔ مثلاً ٹھنڈک، گرمی، خشکی اور تری پھر متشابہ مستعار اور منقولہ وغیرہ الفاظ ہیں جو تمام تر اصطلاح کے ساتھ انہی امہات کی طرف لوٹتے ہیں۔ کیونکہ مشتبہ ہیں اگر آپ کہیں کہ الفاظ کے قبیلوں سے مشتبہ پانچواں قبیلہ ہے۔ مثلاً نور کا اطلاق معلوم پر اور علم پر ہوتا ہے کیونکہ نور کی علم سے مشابہت ہے جس کے ساتھ چشم بصیرت وا ہو کر معلوم کو جان لیتی ہے۔ جیساکہ مرئی محسوس کے کشف میں بصارت کے ساتھ نور ہوتا ہے۔

اب جبکہ یہ تشبیہ درست ہے تو علم کا نام نور رکھا اور اس کا مشترکہ الفاظ سے الحاق کر دیا۔ چونکہ ان امہات سے کوئی لفظ الگ نہیں ہوتا اس لیئے اس باب میں دیکھنے والے کی یہ حد ہے اور ہم ان کے ساتھ اس سلسلہ میں یہی بات کہتے ہیں بلکہ ہمارے پاس حقائق پر اطلاع پانے کی جہت سے مزید علم ہے جس پر وہ لوگ مطلع نہیں ہوئے۔ چنانچہ ہمارے علم میں یہ امر بھی ہے کہ تمام تر الفاظ متباین اور الگ الگ ہیں اگرچہ نطق میں مشترک ہوں اور دوسری جہت سے مشترک ہیں اگرچہ نطق میں الگ الگ ہوں۔ اور اس بات کی طرف اس باب میں حروف کی فصل کے آخر میں ہم اشارہ کر چکے ہیں۔

www.maktabah.org

تشبیہ خداوندی کے بارے میں آیات و احادیث۔

اے میرے پیارے دوست اب جبکہ آپ اس امر کو جان چکے ہیں تو یہ بھی جان لیں کہ واقف کار محقق عارف کے لیئے وہ آیات واحادیث حجاب نہیں بنتیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی تقدیس وتنزیہہ کے اثبات اور مماثلت وتشبیہ کی نفی کے مقابلہ میں وارد ہوئی ہیں اور جن میں اللہ تبارک وتقدس کے لیئے تشبیہ، جہت اور مکان وزمان کی قید ثابت ہوتی ہے، جیسا کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک عورت کو فرمایا "این اللہ" یعنی اللہ کہاں ہے؟ اُس نے آسمان کی طرف اشارہ کر دیا تو آپ نے اُس عورت کے مومنہ ہونے کا اثبات فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس سے اللہ تعالیٰ کی ظرف ومکان کے بارے میں پوچھا تھا۔ جبکہ عقل نظری میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا مکان میں مُقیّد ہونا جائز نہیں جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ جانتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی ذات کو سب سے زیادہ جانتا ہے اور اُس نے ظاہر طور پر ارشاد فرمایا ہے۔

ءَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَآءِ " الملک آیت ۔

کیا تم اس سے نڈر ہو گئے جو آسمان میں ہے۔

اور فرمایا۔ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ احزاب آیت ۴۰

اور اللہ سب کچھ جانتا تھا (ہے)

اور فرمایا اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى طٰہٰ آیت ۵

رحمٰن نے عرش پر استواء فرمایا

اور فرمایا! وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ

اور تم جہاں کہیں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہے الحدید آیت ۔ ۴

اور فرمایا۔ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

جہاں کہیں تین شخص سرگوشی کرتے ہیں چوتھا وہ موجود ہے۔ المجادلہ آیت ۷

www.maktabah.org

علاوہ ازیں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احادیث مبارکہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے متعلق ارشاد فرمایا۔

یَفرَحُ بِتَوبَۃِ عَبدِہٖ ۔

یعنی اُسے بندہ کی توبہ سے خوشی ہوتی ہے ۔

وَیَعجَبُ مِنَ الشَّابِ لَیسَتْ لَہٗ صَبوَۃٌ

یعنی اللہ تعالیٰ اُس نوجوان پر تعجب کرتا ہے جسے عشق نہ ہو۔

ایسے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ کے بارے میں بھی الفاظ آئے ہیں ۔ تاہم برہان عقلی سے مقرر ہو چکا ہے ۔ کہ زمان ومکان، جہات والفاظ حروف واَدوات اور متکلم و مخاطبین پیدا کئے گئے ہیں اور ان سب کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے ۔ چنانچہ تحقیق کرنے والا قطعی طور پر جان لیتا ہے کہ یہ الفاظ اُس کے علاوہ وجہ کی طرف لوٹتے ہیں جس سے تجھے اللہ تبارک وتعالیٰ کے بارے میں تشبیہہ وتمثیل کا گمان ہوتا ہے اور حقیقت اللہ تبارک وتعالیٰ کی تشبیہہ وتمثیل کو ہرگز ہرگز قبول نہیں کرتی ۔

لیکن جن علماء کے عقائد میں اللہ تعالیٰ کے لیئے تجسیم کا ہونا سالم ہے وہ تجسیم وتشبیہہ الٰہی کے بارے میں زیادتی کرتے ہیں ۔ کیونکہ جن علماء پر مشبہہ ومجسمہ ہونے کا اطلاق ہوتا ہے وہ ان کے دیگر امور کے علم کی حیثیت سے ہے ۔

پس علماء کا اُس وجہ سے اس تصرف میں ایک دوسرے سے بڑھ جانا حق تعالیٰ جلِ شانہٗ کے بارے میں وہ بات کہہ دینا ہے جو اُس کی شان کے لائق نہیں۔

اہلِ تنزیہہ کا ایک گروہ:

ایک گروہ وہ ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے لیئے تجسیم کا قائل ہے اور نہ تشبیہہ کا اور اپنے علم کو اللہ تبارک وتعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کلام کی طرف لوٹا دیتا ہے اور تجسیم وتشبیہہ خداوندی کے سلسلہ میں تاویل کے دروازے میں ایک قدم بھی نہیں رکھتا ۔

www.maktabah.org

اور صرف ایمان رکھنے پر قناعت کی۔ اُسے علمِ عطا فرمایا اور تاویل نہیں رکھتا اور نہ ہی اُسی بات پر ایمان رکھنے پر قانع ہے جس کا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان ہی حروف کے بارے میں اسے علم عطا فرمایا اور تاویل نہیں کرتا اور نہ ہی وجوہ تنزیہہ میں سے کسی وجہ کی طرف پھیرتا ہے بلکہ ایک ہی طلاوت کساتھ کہ میں نہیں جانتا لیکن میں تشبیہ کی وجہ سے اس پہ باقی رکھنا محال سمجھتا ہوں اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ یعنی اس کی مثل کوئی چیز نہیں۔ اور نہ ہی اس وجہ سے کہ اس امر سے عقلی نظر روکتی ہے چنانچہ اہل ظواہر میں سے فضلاء محدثین جنکے عقائد تشبیہ و تعطیل سے سالم ہیں یہی کہتے ہیں۔

اہل تنزیہہ کا دوسرا گروہ :۔

اہل تنزیہہ سے دوسرا گروہ ان کلمات کے ساتھ اس وجہ سے جو نظر عقلی میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں تنزیہہ کی متعینہ وجوہ کی طرف پھر گیا ہو نظر عقلی میں جائز ہے کہ حق تعالیٰ جل شانہ اس سے متصف ہو۔ بلکہ وہ اس کے ساتھ متصف ہے۔ ان کلمات کی تاویل ضروری ہے جبکہ نظر عقلی میں صرف یہ ایک بات باقی رہتی ہے کہ کیا تاویل سے وہ مراد ہے یا نہیں جو لی گئی ہے؟ اور یہ تاویل اسکی الوہیت میں عیب نہیں لگاتی اور بسا اوقات اس کے ساتھ دو یا تین یا زیادہ وجہوں کی طرف عدول کرتے ہیں جو کلمہ کی حقیقت کے اعتبار سے زبان میں وضع کیئے گئے ہیں لیکن منزّہ وجوہ سے دوسری وجوہ سے نہیں۔

اور جب اس حدیث یا آیت کریمہ میں تاویل کرتے وقت زبان میں ایک وجہ کے سوا کوئی وجہ نہیں پاتے تو اس خبر کو اسی تنزیہہ کی وجہ سے چھوڑ دیتے ہیں اور قصر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ وہ امر نہیں مگر ہمارے علم و فہم میں یہی آیا ہے اور جب اس کے لیئے متعدد وجوہ کی طرف پھرنا پاتے ہیں تو اس حدیث یا آیت کو ان مصارف

www.maktabah.org

کی طرف پھیر دیتے ہیں۔

اہل تنزیہہ کا تیسرا گروہ

ایک گروہ کہتا ہے ! احتمال ہے کہ اس سے ایسے مراد ہو اور احتمال ہے کہ اس سے ویسے مراد ہو اور ان کے ہاں تنزیہہ کی متعدد وجوہ ہوتی ہیں پھر کہتے ہیں واللہ اعلم یعنی اللہ ہی اسکی مراد کو بہتر جانتا ہے۔

اہل تنزیہہ کا چوتھا گروہ

ان میں سے ایک گروہ کے ہاں ان وجوہِ تنزیہہ میں سے قرینہ کے ساتھ ایک ہی وجہ جو مضبوط اور قوی ہوتی ہے چنانچہ وہ خبر اور حدیث پر اس وجہ کے ساتھ اس قرینہ کو قطع نہیں کرتے اور اسی امر پر اختصار و اقتصار کرتے ہیں۔

اہل تنزیہہ کا پانچواں گروہ

اہلِ تنزیہہ میں سے ایک گروہ اور بھی ہے اور وہ ان چاروں سے بلند ہے اور وہ ہمارے اُن ساتھیوں سے ہے جن کے دل فکر و نظر سے فارغ اور خالی ہو چکے ہیں اس لیئے کہ متقدمین سے مقدمہ اور تاویل کرنے والے گروہ اہل فکر و نظر تھے اور بحث کیا کرتے تھے تو یہ توفیق دیا گیا طائفہ مبارکہ موفقہ قائم ہوا اور بحمداللہ تعالی تمام موفقون یعنی توفیق دیئے گئے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہمارے نفوس کو حق تعالی جل جلالہٗ کی جو تعظیم حاصل ہو چکی ہے اُس سے پیش نظر ہیں یہ قدرت حاصل نہیں کہ ہمارے پاس جو اللہ تبارک و تعالی کی طرف سے آیا ہے اُس کی معرفت کے لیئے دقیق فکر و نظر کو کام میں لائیں یہ لوگ اپنے عقیدہ میں اُن محدثین کرام سے ہٹ بہت رکھتے ہیں جن کے عقائد سلامتی والے ہیں، اس حیثیت سے کہ تو وہ ان کلمات میں غور و فکر کرتے ہیں اور نہ ہی تاویل کرتے ہیں اور نہ ہی پھرتے ہیں بلکہ کہتے ہیں ہم نہیں سمجھ پائے۔

ہمارے ساتھی انہی کے قول پر ہیں۔ پھر ان کے مرتبہ سے منتقل ہو کر کہتے ہیں ان

www.maktabah.org

کلمات کی تفہیم کے لیے ہم دوسرے راستے پر چلتے ہیں جس کے ساتھ قلوب فکری نظر سے فراغت حاصل کر کے ذکر الٰہی سے حق تعالیٰ کے ساتھ بساطِ ادب و مراقبہ اور حضوری پر بیٹھ جاتے ہیں تاکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے جو چیز ہمارے دلوں پر لوٹائی جاتے اُسے قبول کریں یہاں تک کہ حق تعالیٰ جل شانہ، کشف و تحقیق پر ہماری تعلیم کا متولی ہو جاتے۔ کیونکہ ہم اُس کا یہ فرمان سنتے ہیں۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ، البقرہ آیت ۲۸۲

اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے۔

اور اُس کا فرمان ہے۔

اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا الانفال آیت ۲۹

اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہیں دے گا جس سے حق کو باطل سے جُدا کر لو

اور فرمایا۔

قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا طٰه آیت ۱۱۴

کہیں اے رب میرا علم زیادہ فرما۔

اور فرمایا۔

عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ہ الکہف آیت ۶۵

ہم نے اُسے اپنا علم لدنی سکھایا

توجب اُن کے قلوب اور ہمتیں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتی ہیں اور وہ اُس کی طرف آجاتے ہیں۔ تو بحث و نظر کا دعویٰ کرنے والوں سے تمسک نہیں کرتے۔ ان کی عقلیں سلیم دل پاکیزہ اور فارغ ہو جاتے ہیں پھر جب ان میں یہ استعداد پیدا ہو جاتی ہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ کی تجلی اُن کی مُعلّم بن جاتی ہے تو یہ مشاہدہ اُن اخبار و کلمات کے معنوں پر انہیں ایک ہی بار میں اطلاع کر دیتا ہے۔

www.maktabah.org

یہ مکاشفہ کا علم ہے

یہ قسمِ مکاشفہ کی قسموں سے ہے تو جب ادراکِ فکری کرنے والے علماء جن کا ذکر پہلے ہوا ہے دل کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں تو اس کشف و معائنہ کے وقت ان کے لئے ان خبروں کے بارے میں انہیں جو وہم تھا اُسے بغیر جاننے کے چھوڑ دینا درست نہیں اور نہ ہی اُن کے لیے یہ درست ہے کہ احتمالاتِ تنزیہہ کے معنوں کو بغیر متعین و مقرر کرنے کے چھوڑ دیں بلکہ وہ اس کلمہ کو اور اس کے معنیٰ کے سیاق کو جان لیتے ہیں اور اس سے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی مراد ہے اس پر آگاہ ہو جاتے ہیں۔

اور اگر دوسری خبر یعنی حدیث وغیرہ میں بعینہٖ یہ لفظاً آیا ہو تو ان مقدس و متعین وجوہات میں سے اس مشاہدہ کرنے والے کے لئے دوسری وجہ ہوتی ہے۔ یہ ہمارے گروہ کا حال ہے اور ہم میں سے ایک اور گروہ بھی ہے جن کے لئے یہ تجلّی تو نہیں لیکن انہیں القاء و الہام اور لقاء و کتابت حاصل ہوتی ہے اُن کے ہاں ایک علامت اور نشانی ہے جس میں انہیں القاء ہوتا ہے اور دوسرے لوگوں کو اس القاء کی خبر نہیں ہوتی چنانچہ وہ اپنے اس القاء الٰہی میں معصوم اور بے گناہ ہوتے ہیں اور وہی بات کرتے ہیں جس کا انہیں خطاب و الہام کیا جاتا ہے یا لقاء و کتابت ہوئی ہے۔

اُن تمام محققین کے نزدیک جنہوں نے اس خبر کے قائل کو تسلیم کر لیا اور نظر نہ کی اور نہ ہی تشبیہ و تعطل کو جانا،، اور وہ محققین جنہوں نے مباحثہ اور اجتہاد کیا اور اپنے طبقہ کے لوگوں سے مناظرہ بھی کیا اور وہ محققین جو صاحبان کشف و معائنہ نہیں اور وہ محققین جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے خطاب و الہام ہوتا ہے۔ عقلی طور پر محض ذات تنزیہ حدود تشبیہ سے مقید یہ ادوات و کلمات اللہ تبارک و تعالیٰ

www.muktabah.org

کی ذاتِ اقدس پر داخل نہیں کرتے بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ پر تنزیہہ و تقدیس کے معنوں میں داخل کرتے ہیں چنانچہ علماء و محققین کے نزدیک ذاتِ خداوندی کے لیئے ان کلمات کا ان پاکیزہ معنوں میں قبول کرنا ہے۔ جن کا تنزیہہ خداوندی اقتضاء کرتی ہے۔

اگر جسم سے مراد وجود ہے

اب جبکہ یہ امر طے شدہ ہے تو ظاہر ہو گیا کہ یہ اوراد و کلمات بات کو مخاطبین کے افہام تک پہنچانے کا ذریعہ ہیں اور ہر عالم اس امر میں اپنے فہم و قوت اور نفوذ و بصیرت کی حیثیت سے بات کرتا ہے اور اس عقیدہ تکلیف پر فطرت عالم ہے۔

اگر مشبہ فرقہ کے لوگ یعنی تشبیہ الٰہی کے قائلین اپنی فطرت پر رہتے تو کافر نہ ہوتے اور نہ ہی تجسیم باریِ تعالیٰ کے قائل ہوتے۔

تاہم ! اگر اُن کے ارادہ تجسیم کا مقصد وجودِ حق تعالیٰ کا اثبات ہے اور اپنے افہام کے قصور کی بناء پر اپنے اس تخیّل سے اثباتِ وجود کرتے ہیں تو اُن کی نجات ہو جائے گی۔

چونکہ محققین کے نزدیک مدارجِ تحقیق میں اُن کے رُتبوں کے ساتھ تفاضل ثابت ہے اس لیئے دیگر حقائق کو نقل کیا جاتا ہے۔

وجودِ حق تعالیٰ عالم کے ساتھ مُقید نہیں

جن لوگوں کو حقائق عطا ہوتے ہیں وہ اس امر پر توقف کرتے ہیں کہ وجود حقِ تعالیٰ وجودِ عالم کے ساتھ نہ تو قبلیت و معیّت کے ساتھ مقید ہے اور نہ ہی بعدیت زمانہ سے۔ کیونکہ حق تعالیٰ جل شانہٗ کے لیئے تقدم زمانی و مکانی کا قائل امر جس کے ساتھ تحدید پڑے حقائق اُسکی تردید کر دیتے ہیں۔ ہاں ! اگر وہ اس بات کو

www.maktabah.org

بابِ توصیل یعنی سمجھانے کے ارادہ سے کرے تو کر سکتا ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کی کتاب کا نطق ہے اس لیے کہ ہر شخص ان حقائق کے کشف کی قوت نہیں رکھتا۔

اندریں حالات ہم صرف یہ کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ بذاتہ اپنی ذات کے لیے اپنے غیر کے ساتھ مقید نہیں اور مطلق الوجود موجود ہے۔ نہ ہی وہ کسی چیز سے معلول ہے اور نہ ہی کسی چیز کی علت بلکہ وہ تمام معلولات وعلل کا خالق اور ہمیشہ ہمیشہ سے ملک القدوس پاکیزہ بادشاہ ہے۔

جبکہ یہ عالم نہ تو اپنی ذات کے لیے موجود ہے اور نہ ہی اپنی ذات کے ساتھ موجود ہے بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ موجود ہے اور وجودِ حق تعالیٰ کے ساتھ مقید الوجود ہے چنانچہ عالم کا وجود بغیر حق تعالیٰ کے وجود کے درست نہیں ہوگا۔

زمانہ تھا ہی نہیں

اب جبکہ حق تعالیٰ کے وجود سے زمانہ کی نفی ہوگئی اور ابتداءِ عالم سے بھی زمانہ کا فقدان ہے تو وجودِ عالم زمانہ کے بغیر ہوگا۔ ہم ایک جہت سے نہیں کہتے کہ یہ امر کس چیز پر واقع ہے تاہم حق تعالیٰ جل شانہٗ، وجودِ عالم سے قبل موجود ہے۔ اس لیے کہ یہ امر ثابت ہے کہ "قبل" صیغہ ہائے زمان سے ہے اور زمانہ تھا ہی نہیں اور نہ ہی یہ بات ہے کہ عالم وجودِ حق تعالیٰ کے بعد موجود ہوا ہے اور یہ صورت اس لیے ہے کہ حق تعالیٰ کے وجود کے ساتھ نہ بُعدیت نہ معیت اس لیے کہ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے عالم کو پیدا کیا اور وہ عالم کا فاعل ہے اور اس نے اسکی اُس وقت اختراع فرمائی جب کوئی چیز نہ تھی ولیکن جسطرح ہم کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ بذاتہ موجود ہے اور عالم اُس کے ساتھ موجود ہے۔

اگر کوئی شخص ہم سے یہ سوال کرے کہ وجودِ عالم وجودِ حق تعالیٰ سے کب ظاہر ہوا

www.maktabah.org

تو ہم کہیں گے کہ "کب" سوالِ زمانی ہے اور زمانہ عالم کی نسبتوں سے ہے اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے کیونکہ اُس کے لیے نسبتوں کا عالم ہے جبکہ خلق تقدیر ہے ایجاد نہیں تو اس صورت میں یہ سوال ہی باطل قرار پاتا ہے۔

وجودِ حق تعالیٰ اور وجودِ عالم۔

آپ غور فرمائیں کہ آپ نے کیسا سوال کیا ہے؟ اس لیے کہ اس طرح تو آپ کی ذات میں ان کلمات کے معانی آپ کو تحصیل وافہام تک پہنچانے سے رد کریں گے۔

پس صرف اور صرف حق تعالیٰ کا وجود خالص باقی ہے جو عدم میں نہیں آیا اور جو وجود عدم سے آیا بنفسہٖ عین الوجود ہے اور یہ وجودِ عالم ہے۔

حق یہ ہے کہ وجودِ حق تعالیٰ اور وجودِ عالم، دونوں وجودوں کے درمیان نہ تو علیحدگی ہے اور نہ ہی امتداد مگر یہ توہّم مقدر ہے جو علم کے لیے محال ہے اور اس سے کوئی چیز باقی نہیں مگر یہ کہ وجودِ مطلق و مقید اور وجود فاعل اور وجود منفعل۔ حقائق یہی کچھ عطا کرتے ہیں والسلام

کیا اللہ تعالیٰ اختراع فرماتا ہے۔

مجھ سے ایک وقت آنے والے نے سوال کیا کیا حق تعالیٰ پر اطلاقِ اختراع ہو سکتا ہے؟

میں نے اُس سے کہا! حق تعالیٰ کا علم بذاتہٖ عین عالم کو اُس کا جاننا ہے۔ اس لیے کہ عالم با وجود عدم سے متصف ہونے کے ہمیشہ سے اللہ تعالیٰ کا مشہور رہا ہے اور اس کا مشہور ہونا اپنی ذات سے نہیں اس لیے کہ وہ موجود ہی نہ تھا۔ اور یہ مسئلہ ایسا بحرِ ہلاکت ہے جس میں اغوا کرنے والے ایسے لوگ ہلاک ہو گئے۔ جنہیں کشف حاصل حاصل نہ تھا۔

بہر کیف! ایک نسبت سے عالم ازل سے موجود ہے تو اس کا علم ازل سے

www.maktabah.org

موجود ہوگا اور اُس کا علم بنفسہٖ اُسے عالم کا عِلم ہے تو عالم کے ساتھ اُس کا عِلم ازل سے موجود ہے۔

پس حق تعالیٰ جل شانہٗ کو عالم کا عِلم عالم کے عدم کے حال میں تھا چنانچہ اُس نے اسے اپنے عِلم کی صورت میں پیدا فرمایا۔ تاہم اُس کا بیان کتاب کے آخر میں آئے گا۔ اور یہ قدر کا ایک راز ہے جو اکثر محققین سے پوشیدہ ہے۔

اندریں صورت عالم میں اختراع کی بات درست نہیں تاکہ ایک وجہ سے اختراع کا اطلاق ہو سکتا ہے مگر اُس وجہ سے نہیں ہوتا جس کا اقتضاء حقیقتِ اختراع کرتی ہے کیوں کہ یہ امر جناب الٰہی میں نقص کی طرف لے جاتا ہے پس لفظ اختراع صِرف عبد میں کہنا درست ہے۔

اختراع کون کرتا ہے؟

یہ امر اس طرح ہے کہ درحقیقت مخترع اختراع نہیں کرتا یہاں تک کہ پہلے اُس مثال کی اختراع کرے جس کے اظہار کی مراد کو فی نفسہٖ وجود میں لاتا ہے پھر جس چیز کی مثل اُس کے عِلم میں تھی اُسے قوتِ عمل سے وجودِ حسی کی طرف اُس شکل پہ ظاہر کر دیتا ہے۔ اب جبکہ وہ کسی چیز کو فی نفسہٖ پہلے اختراع نہیں کرتا تو وہ حقیقتہً مخترع نہیں ہوگا۔

پھر جب تجھے اُس امر پہ قدرت حاصل ہو جائے جس کا عِلم تجھے کسی دوسرے شخص سے ہوا اور اُس کی شکل کی ترتیب کی مثل وجود میں ظاہر نہیں ہوتی تو جب بھی تجھے اُس کا عِلم تو ہو ہی چکا ہے جسے تو نے اپنے عِلم کے مطابق وجود کی صورت میں ظاہر کر دیا۔

اندریں صورت نفس الامر میں تو اپنی ذات کے نزدیک اُس چیز کا مخترع نہیں اور نہ ہی تو نے اُس کی اختراع کی ہے۔

www.maktabah.org

چنانچہ فی الحقیقت مخترع وہ ہو سکتا ہے جو فی نفسہٖ اُس چیز کی مثال کی اختراع کرے اور پھر تجھے اُس کا علم عطا کرے اور اگر لوگ اس اختراع کی نسبت تیری طرف محض اس لیے کر دیں کہ تیری تیار کردہ چیز تجھ سے پہلے انہوں نے کہیں نہیں دیکھی تو تجھے اُن کی باتوں پر دھیان نہ دینا چاہیئے جو تیرے امور کو نہیں جانتے بلکہ تجھے اُس امر کی طرف رجوع کرنا چاہیئے جسے تو بذاتِ خود جانتا ہے۔

خدا کا تدبیرِ عالم فرمانا اختراع نہیں ہے۔

جان لیں کہ حق سبحانہ، تعالیٰ نے اُس شخص کی طرح تدبیرِ عالم نہیں کی جسے کچھ حاصل نہ ہو اور نہ ہی اُس نے جہان کو پیدا کرنے میں غور و فکر سے کام لیا ہے اور نہ ہی یہ امور اُس کی ذات والا صفات کے لیئے جائز ہیں۔ اور نہ ہی فی نفسہٖ اُس نے کسی ایسی چیز کی اختراع فرمائی ہے جس پر وہ پہلے موجود نہ تھی اور نہ ہی فی ذاتہٖ اُس نے یہ فرمایا ہے کہ میں اس چیز کو ایسے اور ایسے بناؤں گا، لہٰذا یہ تمام صورتیں اُسکی ذاتِ پاک کے لیئے جائز اور درست نہیں۔

ضروریاتِ اختراع:۔

جاننا چاہیئے کہ اختراع کرنے والا پہلے موجودات میں موجودہ متفرق اجزاء کو حاصل کرتا ہے پھر اپنے ذہن و ہمت میں اُن اجزاء کی اس طرح تالیف کرتا ہے۔ کہ قبل ازیں اسکی مثل اُس کے علم میں نہ تھی اور اگر تھی بھی تو کچھ حرج نہیں کیونکہ یہ اُس پہلے شخص کی طرح ہے جس پر کسی نے سبقت حاصل نہیں کی جیسا کہ شعراء اور فصحاء حضرات اختراعِ معانی میں حسنِ نگارش کا اہتمام کرتے ہیں۔

علاوہ ازیں اختراع کو ان معنوں میں بھی لیا جاتا ہے کہ کسی کی اختراع کردہ چیز کا اس سے پہلے بھی کوئی مخترع ہو اور جب سننے والا اُس کے بارے میں سُنے تو اُسے سرقہ اور چوری کا گمان کرے۔

www.maktabah.org

پس اگر مخترع اپنی اختراع سے لذت اندوز ہونے اور تمتع حاصل کرنے کا خواہش مند ہے۔ تو اُسے یہ حق نہیں پہنچا کہ اپنی پیدا کردہ مخصوص چیز کے علاوہ کسی چیز پر نظر رکھے اس لیے کہ اگر مخترع ایسی چیز کو دیکھے گا جو اُس سے پہلے ہی اختراع کی جا چکی تھی اور اس نے بعد میں اختراع کی ہے تو لبسا اوقات یہ امر اُسکی ہلاکت اور جگر پھٹ جانے کا باعث بھی ہو جاتا ہے۔

اکثر علماء بلغاء ریاضی دان، بڑھئی اور معمار کاری گر اختراع کیا کرتے ہیں اور بہت سے مخترعین کی فطرت میں ذکاوت ہوتی ہے اور وہ اپنے عقول پر کامل تصرف رکھتے ہیں چنانچہ حقیقتِ اختراع اُس شخص پر درست ہو گی جو کسی ایسی چیز کو اپنی فکر سے نکالے جو اُس کے علم میں اس سے پہلے نہ تھی، اور نہ ہی کسی دوسرے شخص کو اُس سے پہلے قوت یا قوت و فعل کے ساتھ اُس کا علم ہو خواہ ان علوم ہی سے کیوں نہ ہو جن کی غایت وانتہاء عمل ہے۔

عِلم الٰھی ازلی ہے۔

اس کے برعکس اللہ جلّ شانہ، عالم کو ازل ہی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جانتا ہے اور اُس پر یہ حالت کبھی نہیں آتی جس میں اُسے اِس عالم کا عِلم نہ رہا ہو پس اُس نے فی نفسہٖ ایسی کوئی چیز اختراع نہیں فرمائی جس کا اُسے عِلم نہ ہو۔

اب جبکہ علماء باللہ کے نزدیک اللہ تبارک وتعالیٰ کا عِلم پاک قدیم اور ازلی ہے تو ثابت ہوا کہ اُس نے بالفصل ہماری اختراع فرمائی ہے نہ کہ اُس نے فی نفسہٖ ہماری مثال کی اُسطرح اختراع فرمائی ہے جو اُس کے علم کی صورت میں ہے کیونکہ ہمارا وجود اس حد پر تھا جو اُس کے عِلم میں ہے، اور اگر یہ بات نہ ہوتی تو ہم وجود کی طرف اُس حد پر نکلتے جو اُس کے علم میں نہ ہوتی اور جو بات اُس کے عِلم میں نہ ہوتی اُس کا وہ ارادہ نہ فرماتا اور جس چیز کا وہ ارادہ نہ فرماتا اور اُس کا علم نہ رکھتا تو اُسے پیدا نہ فرماتا۔

www.maktabah.org

بندریں صورت ہماری موجودگی دو طرح پر ہو سکتی تھی یا تو یہ کہ ہم خود بخود AUTOMATIC پیدا ہو جاتے یا اتفاقاً پیدا ہو جاتے "اور اگر ایسا ہوتا تو ہمارے وجود کا عدم سے آنا درست نہ ہوتا حالانکہ ہمارے عدم سے وجود میں آنے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے علم میں ہونے پر برہان ولایت کرتی ہے کہ اُس نے ہمیں وجود دینا چاہا تو ہمیں اُس صورت ثانیہ پر پیدا فرمادیا جو ہمارے ساتھ اُس کے علم میں تھی اور ہم اپنے اعیان و وجودات میں معدوم تھے۔

اب جبکہ مثال میں اختراع نہیں تو صرف اختراعِ فعل باقی رہ جائے گی اور یہ امر عین میں موجود مثال کے عدم اور نہ ہونے کی بناء پر درُست ہے۔

پس جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے اسکی تحقیق کریں اور بعد میں جو کہنا چاہیں کہہ لیں اگر چاہیں تو اُس کا وصف اختراع اور مثال کے ساتھ بیان کریں اور اگر چاہیں تو اُس امر کی نفی کریں جسکی نفی ہوئی ہے۔ مگر یہ بات اُس وقت کریں جب اُس امر پر واقفیت حاصل کریں جو میں آپ کے علم میں لایا ہوں۔

www.maktabah.org

تیسری فصل

علم ، عالم ، اور معلوم کے بیان میں

اَلْعِلْمُ وَ الْمَعْلُوْمُ وَالْعَالِمُ
ثَلَاثَةٌ اُوْحُكْمُهُوْ ا وَاحِدٌ
وَاِنْ تَشَاءْ اَحْكَامُهُمْ مِثْلَهُمْ
ثَلَاثَةٌ اَثْبَتَهَا الشَّاهِدُ
وَصَاحِبُ الْغَيْبِ يَرَي وَاحِدَ
لَيْسَ عَلَيْهِ فِي الْعُلَي زَائِدًا

علم و عالم اور معلوم تینوں کا حکم ایک ہے ۔
اگر آپ چاہیں تو ان کی مثل ان کے تین حکم شاہد یعنی حاضر نے ثابت کیئے ہیں اور صاحبِ غیب ان تینوں کو ایک دیکھتا ہے بلندی میں اس پر زائد نہیں ۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جان لیں کہ علم کسی امر کو دل کا اس کی اُس حد پر حاصل کرنا ہے جس پر وہ امر فی نفسہٖ ہے خواہ معدوم ہو ۔ یا موجود ۔

پس علم وہ صفت ہے جو دل سے حاصل کرنے کو واجب کرتی ہے اور عالم وہ دل ہے جس سے حاصل کیا جاتا ہے ۔ اور معلوم وہ امر ہے جسے حاصل کرنا ہے جبکہ حقیقت علم کا تصور انتہائی مشکل امر ہے لیکن حصولِ علم کے لیئے کمربستہ رہیں جو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ظاہر ہوگا ۔

www.maktabah.org

دل کا آئینہ:

جان لیں کہ دل مرآتِ مصقولہ یعنی صیقل کیا گیا آئینہ ہے اور تمام کا تمام چہرہ ہے جو کبھی زنگ آلود اور مکدر نہیں ہوتا اور اگر کسی روز اس پر زنگ آلود ہونے کا اطلاق ہو جائے تو حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حکم کے مطابق ذکرِ الٰہی اور تلاوت قرآن سے مُصفا کریں۔ حدیث شریف ہے۔

إِنَّ الْقُلُوبَ لَتَصْدَأُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيدُ وَإِنَّ جَلَاءَهَا ذِكْرُ اللّٰهِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْآنِ

یعنی دل لوہے کے زنگ کی طرح زنگ آلود ہو جاتے ہیں تو ان کی صفائی اللہ تعالیٰ کے ذکر اور قرآن مجید کی تلاوت سے ہوتی ہے۔

ولیکن اس ذکر الحکیم سے مراد یہ زنگ نہیں کہ دل کے چہرے پر زنگ آجاتا ہے ہاں جب وہ علم باللہ سے اسبابِ علم کے ساتھ مشغولیت اور تعلق پیدا کر لیتا ہے تو اس غیر اللہ کے تعلق سے دل کی تہہ پر زنگ آجاتا ہے کیونکہ غیر اللہ سے یہ تعلق اس دل کی طرف آنے والی حق تعالیٰ کی تجلی کو روک دیتا ہے چونکہ حضرتِ یہ علی الدوام متجلا ہے اور اُس کے حق میں ہم سے حجاب کا تصور نہیں کیا جا سکتا چنانچہ یہ دل خطاب شرعی محمود کی جہت سے اُسے قبول نہیں کرتا۔ کیونکہ اس غیر کے زنگ کو قبول کر چکا ہے اور اس پر قفل لگ چکا ہے اور اندھاپن وغیرہ آچکا ہے۔

مگر حق تعالیٰ تجھے اپنے پاس سے علم عطا فرماتا ہے۔ ولیکن اس کے علم میں غیر اللہ ہے جبکہ علماء کے نزدیک نفس الامر میں وہ علم باللہ ہے اور ہمارے قول کی تائید اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد سے ہوتی ہے۔

وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ ط (حم السجدۃ آیت ۵)

اور بولے ہمارے دِل غلاف میں ہیں اُس بات سے جس کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو۔

www.maktabah.org

چنانچہ وہ اُس امر سے پردے میں تھے جسکی طرف انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خصوصیت سے دعوت دیتے تھے نہ یہ کہ وہ کسی پردہ میں تھے۔ لیکن انہیں اُس امر سے تعلق پیدا ہو گیا تھا جسکی دعوت نہیں دی جاتی تھی۔

پس وہ اُس امر سے اور اک سے نابینا ہو گئے تھے جسکی طرف سے دعوت دی جاتی تھی اور انہیں کچھ نظر نہ آتا تھا اور دل تو ہمیشہ جلاء مصقولہ صافیہ پر شگافتہ ہیں اور ہر وہ دل جس میں حضرتِ الٰہیہ کی تجلّی وارد ہوتی ہو یاقوتِ احمر کی طرح ہے۔ اور وہ تجلی ذاتی ہے تو یہ قلبِ مشاہد ایسا کمل اور عالم ہے جسکے اُوپر تجلیات میں سے کوئی تجلی نہیں اسکے نیچے تجلّیٔ صفات اور دونوں کے نیچے تجلّیٔ افعال ہے اور جس پر کوئی تجلّی وارد نہ ہو وہ دل اللہ تعالیٰ سے غافل اور قرب الٰہی سے مردود و مطرود کیا گیا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے قلب کے بارے میں جس حد پر ہم نے ذکر کیا ہے اس پر غور کریں اور دیکھ لیں کہ آپ اسے علم مقرر کرتے ہیں تو یہ درست نہیں اگر آپ کہیں کہ یہ صفات ذاتیہ ہے تو اس کے لیئے کوئی راہ نہیں۔ ولیکن یہی سبب ہے جیسا کہ دل کے لیئے ظہور معلوم سبب ہے۔

اگر آپ کہیں کہ سبب وہ ہے جو دل میں معلوم حاصل کرتا ہے تو یہ بھی راہ نہیں ہے۔ اگر آپ کہیں معلوم سے نفس میں مثال منقوش ومنطبع ہوتی ہے اور یہ معلوم کا تصور ہے تو یہ بھی طریق نہیں۔

علم کیا ہے۔

اگر آپ سے کہا جائے کہ علم کیا ہے تو کہیں کہ اور اک کرنے والے کا اُس حد پر ادراک کرنا جس پر وہ فی نفسہ ہے جبکہ اُس کا ادراک غیر ممتنع ہو اور جس کا ادراک ممتنع نہ ہو تو اُس کا ادراک نہ کرنا ہی علم ہے۔ جیسا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے۔

www.maktabah.org

اَلعِجزُ عَنْ دَرْكِ الادْرَاكِ اِدْرَاکٌ

یعنی درک الادراک سے عاجز آنا ہی ادراک ہے۔

پس مقرر کیا گیا کہ علم باللہ وہ ہے جس کا ادراک نہ کیا جا سکے۔ اسے جان لیں ولیکن اُس کا ادراک کسب عقل کی جہت سے نہیں جیسا کہ بغیر اُس کے اس کا جاننا ہے۔ تاہم اُس کا ادراک اُس کے جود و کرم اور اُس کی عطا سے ہوتا ہے۔ جیسا کہ اہل شہود و مشاہدہ عارفوں کو اُس کی معرفت حاصل ہے۔ اور یہ معرفت مشاہدہ سے حاصل ہوتی ہے نہ کہ نظر کی حیثیت سے قوتِ عقل کے ساتھ

کیا خدا کی مناسبت مخلوق سے ہے؛

اب جبکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ کسی امر کا علم معرفت کے سوا حاصل نہیں ہوتا جو دوسرے امر کے ساتھ اُس معرفت سے قبل تھا تو لازماً اُس سے دونوں معروفوں کے درمیان مناسبت ہو گی اور یہ امر ثابت ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اُسکی مخلوق کے درمیان کوئی مناسبت اُس مناسبت کی جہت سے موجود ہی نہیں جو اشیاء کے درمیان ہوتی ہے اور یہ مناسبت جنس نوع یا شخص کی مناسبت ہے

پس ہمیں کسی چیز کا متقدم اور پہلا علم نہیں جس کے ساتھ ہم ذاتِ حق کا ادراک کر سکیں۔ اس لئے کہ ادراک کے لئے دونوں کے درمیان مناسبت ہونا چاہیئے اسکی مثال یوں ہے کہ ہم نے افلاک کی طبیعت کو جانا کہ یہ طبیعت خامسہ ہے اور اگر ہمیں امہات اربع کا علم پہلے نہ ہوتا تو ہرگز ہرگز نہ جان پاتے۔

پس جب ہم نے دیکھا کہ افلاک ان طبائع سے اس حکم کے ساتھ خارج ہے کہ وہ ان اُمہات سے نہیں تو ہمیں علم ہو گیا کہ حرکت علویہ کی جہت سے جو اثیر، ہوا اور سفلیہ میں پانی اور مٹی میں ہے افلاک پانچویں طبیعت ہے۔ اور افلاک و امہات جوہریہ کے درمیان ہو کہ ایک جنس ہیں کل اور نوعیت کی جامع مناسبت ہے تو یہ نوع ہے

www.maktabah.org

جیساکہ جنس واحد کے لیئے ایک نوع ہو اور ایسے ہی شخصیت ہوتی ہے اور اگر یہ تناسب نہ ہوتا تو ہم علم طبائع سے مزاجِ فلک کو نہ جان پاتے۔

ہر کیف باری تعالیٰ اور عالم کے درمیان ان وجوہ سے کوئی مناسبت نہیں تو اُسے علم سابق کی بناء پر بغیر اُس کے کبھی نہیں جانا جاسکتا جیساکہ بعض لوگوں نے گمان کیا ہے کہ غائب پر شاہد کا استدلال علم وارادہ اور کلام وغیرہ سے ہوتا ہے۔ پھر وہ اپنی ذات پر محمول کرتے ہوئے اُس کا قیاس کرنے کے بعد اُسکی تقدیس و پاکیز گی بیان کرتا ہے۔

اللہ تعالےٰ کو جان لینا کیسے ہے۔

جو بات ہمارے علم باللہ تعالیٰ اور ہمارے مذہب کی مؤید ہے وہ یہ ہے کہ علم حسب معلوم مترتب ہوتا ہے اور حسب انفعال معلوم اپنی ذات میں اپنے غیر سے منفصل ہوتا ہے اور وہ چیز جس کے ساتھ معلوم منفصل اور علیحدہ ہوتا ہے یا تو جوہریت کی جہت سے ذات ہوگی جیساکہ عقل یا نفس یا پھر اپنے مزاج کی جہت سے ذات ہوگی۔ جیساکہ حرارت اور آگ کا جلانا ہے۔

تو جس طرح عقل نفس سے اپنی جوہریت کی جہت سے علیحدہ ہے ایسے ہی آگ اپنے غیر سے الگ ہے جیساکہ ہم نے اُس کا ذکر کیا۔

اب یا تو وہ اُس سے بذاتہٖ منفصل اور علیحدہ ہے مگر جس کے ساتھ اُس میں وہ معمول ہے یا حال کے ساتھ ہے جیساکہ بیٹھنے والے کا بیٹھنا اور کتابت کرنے والے کا لکھنا اور یا ہئیت کے ساتھ ہے جیساکہ سیاہ کی سیاہی اور سفید کی سفیدی اور یہ اہلِ عقل کے نزدیک مدارکِ عقل کا حصّہ ہے تو خارج کی حیثیت سے عقل کے لیئے اُس سے کوئی معلوم نہیں پایا جاتا جیساکہ ہم نے اُس کا وصف بیان کیا مگر جاننا چاہیئے کہ جو چیز اپنے غیر سے الگ ہوتی ہے یا تو وہ اپنے

www.maktabah.org

جوہر کی جہت سے ہو گی یا اپنے مزاج یا حال یا ہیت کے اعتبار سے ہو گی اور عقل ایسی کسی چیز کو نہیں پا سکتی۔ جس میں یہ چیزیں نہ ہوں اور یہ چیزیں اللہ تبارک وتعالیٰ میں نہیں پائی جاتیں تو بحیثیت ناظرہ باحث کے عقل ہرگز ہرگز اسے نہیں جان سکتی اور عقل اسے اس نظر و برہان کی حیثیت سے جان بھی کیسے سکتی ہے جسکی طرف حس یا ضرورت یا تجربہ کا استثناء ہو، اور باری تعالیٰ جل شانہ کا ادراک ان اصولوں سے نہیں ہو سکتا۔ جن کی طرف عقل اپنی برہان میں رجوع کرتی ہے اس وقت اس کے لیئے برہانِ وجودی درست ہو گی۔

پس اہل عقل کیسے دعویٰ کر سکتا ہے کہ وہ دلیل کی جہت سے اپنے رب کو جانتا ہے اور باری تعالیٰ جل شانہ کو اس نے معلوم کر لیا ہے۔

اگر یہ اہل عقل، صناعیہ، طبیعیہ، تکوینیہ، انبعاثیہ اور ابداعیہ معقولات کی طرف دیکھتا کہ ان میں سے ہر ایک اپنے فاعل سے ناواقف ہے تو جان لیتا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کو دلیل کے ساتھ کبھی نہیں جانا جا سکتا۔ لیکن اتنا علم ہوتا ہے کہ وہ موجود ہے اور عالم اس کا محتاج ہے اور عالم کی محتاجی ذاتی ہے۔ جس سے اس کے لیئے ہرگز ہرگز چارہ کار نہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

یَاأَیُّهَا النَّاسُ أَنتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ

پس جو شخص چاہتا ہے کہ توحید کے لبِ لباب کی معرفت حاصل کرے تو اُسکو کتاب عزیز قرآن مجید میں وارد ہونے والی آیات توحید پر غور کرنا چاہیئے اس لیئے کہ جس قدر کوئی اپنی ذات کو جانتا ہے دوسرا اپنی ذات سے اس کے بارے میں اتنا نہیں جانتا۔ پس اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنا جو وصف بنفسہ بیان فرمایا ہے اس پر غور فرمائیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ آپ کو یہ تفہیم عطا فرمائے

www.maktabah.org

کہ آپ اُس علمِ الٰہی کی واقفیت حاصل کریں جسکی طرف عقل اپنی فکر سے ابدالآباد تک رسائی حاصل نہیں کرسکتی۔ ہم اس باب سے ملحقہ باب یعنی باب سوم میں عنقریب توحید کے بارے میں آیات بیّنات نقل کریں گے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں ان کا فہم نصیب فرمائے اور اُن عالموں میں سے بنائے جو اس کی آیات کا شعور رکھتے ہیں آمین۔

باب دوم کا ترجمہ اختتام پذیر ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن وَعَلٰی آلِہٖ الطَّاہِرِیْنَ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

ملتمسِ دُعا
ناچیز صائم چشتی

---

www.maktabah.org

باب سوم

قرآن مجید اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے ادا ہونے والے اُن کلمات کا بیان جن سے تنزیہہ باری تعالیٰ میں تجسیم و تشبیہہ کا اطلاق ہوتا ہے جب کہ ظالم اس چیز کو بڑی برتری کہتے ہیں۔

تنزیہہ باری تعالیٰ

فی نظر العبد الی ربه — فی قدس الابلو تنزیهه
وعلوه عن أدوات أتت — تلحق بالکیف وتشبیهه
دلالة تحکم قطعا علی — منزلة العبد وتنویهه
وصحة العلم واثباته — وطرح بدعی ودعویه

تنزیہہ و تقدس میں بندے کی نظر اپنے رب کی طرف ہے

اُس کی بلندی سے کیف و تشبیہ کے ساتھ آلات و اسباب ملحق ہیں

منزلت عبد اور حق کی دوری ایسی دلالت ہے جس کا حکم قطعی ہے

علم کی صحت و اثبات نے بدعتی اور اُس کے توہمات کو رد کر دیا اور اُس کے دعویٰ کو پھینکنا ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ اُس کی بلندی و پستی کی وہ تمام تر معلومات جن کی عقل حامل ہے بغیر واسطہ کے اللہ تعالیٰ سے ماخوذ ہیں پس کائنات کے اعلیٰ و اسفل علم اور نفس اشیاء کے وجود کو اُس کی عطا سے معرفت کے حصول پر اُس کے نور و تجلی اور فیض اقدس سے بہت

www.maktabah.org

کچھ کر سکتا ہے"

کون کیسے فائدہ اٹھاتا ہے

عقل حق تعالیٰ سے مستفید ہو کر نفس کو مستفید کرتی ہے اور نفس عقل سے فائدہ حاصل کرتا ہے۔ اس کا فعل ان تمام اشیاء میں جاری ہے جس کے ساتھ اس کے علاوہ عقل کے جاننے کا تعلق ہے۔

اس کے علاوہ کہنا یہ ہماری اپنی لگائی ہوئی وہ قید ہے جس کا ذکر ہم نے آپ کی نگاہ میں افادہ و تحفظ کے نام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول سے کیا جیسے ہم جانتے ہیں اور وہ عالم ہے تو سبب کو جان لیا۔

جان لیں کہ عالم مہیم عقلِ اوّل سے کچھ فائدہ نہیں لیتا اور اس کے لئے دو مہیموں پر دلالت کرتا ہے بلکہ وہ اور یہ ایک مرتبہ میں ہیں۔ جیسا کہ قطب کے حکم سے افراد ہم سے خارج ہیں۔ اگرچہ افراد سے قطب ایک ہوتا ہے۔ لیکن عقل افادہ کے ساتھ مخصوص ہے جب کہ افراد کے درمیان قطب تولیت سے مخصوص ہے اور وہ سوائے علمِ مجرد توحیدِ خاص کے اس تمام میں جاری ہے جس کا تعلق عقل کے علم سے ہے۔

یقیناً یہ امر جمیع وجوہ سے تمام معلومات کے مخالف ہے اس لئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کی مخلوق کے درمیان ہرگز ہرگز مناسبت نہیں، اور اگر ایک روز کے لئے مناسبت کا اطلاق ہو جیسا کہ امام ابو حامد غزالی نے اور دوسروں نے اپنی کتابوں میں بیان کیا ہے تو یہ تکلف اور حقائق سے بعید تر چلا گیا"

حادث و قدیم کے درمیان کوئی نسبت نہیں

پس محدث اور قدیم کے

www.maktabah.org

درمیان کون سی نسبت ہے یا یہ کہ اُسے کیسے تشبیہ میں لایا جائے جو مثال کو
قبول نہیں کرتا اُس کا مثال قبول کرنے والے کے مشابہ ہونا محال ہے یہاں تک کہ یہاں کہا گیا العباس بن عریف صنہاجی
نے "محاسن المجالس" میں فرمایا جس کا اُس کی طرف منسوب کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ
کے اور اُس کے بندوں کے درمیان نسبت نہیں سوائے عنایت کے اور نہ سبب
ہے سوائے حکم کے اور نہ وقت ہے سوائے ازل کے اور جو باقی ہے وہ اندھاپن
اور تلبیس ہے اور ایک روایت میں اندھے پن کے بالعکس کو کہا گیا کہ علم ہے۔

پس اُسے دیکھیں جو اِس کلام کا حُسن، اِس معرفت باللہ کا کمال اور
اِس مشاہدہ کا اقدس ہے اور دیگر جو اِن کلمات کے ساتھ کہا۔ اللہ تعالیٰ اُس
سے نفع عطا فرمائے۔

علم باللہ ادراکِ عقل اور نفس نہیں کر سکتے اور اس سے عاجز ہیں مگر اس حیثیت
سے کہ بے شک اللہ تعالیٰ و تقدس موجود ہے اُس کے ساتھ جو الفاظ مخلوق کے
حق میں یا مرکبات وغیرہ کے توہُم میں آتے ہیں تو اللہ سبحانہٗ تعالیٰ عقلِ سلیم
کی نظر میں اُس کے فکر و عصمت کے اعتبار سے ہے۔ بخلاف اِس کے کہ اِس
پر یہ وہم جائز نہیں اور نہ اِس پر یہ لفظ عقلاً اُس وجہ سے اِس پر جاری
ہوتا ہے جیسے مخلوقات قبول کرتی ہے۔

یقیناً اِس کا اطلاق سامع کے نزدیک افہام پر ثبوتِ وجُود کے
لئے تقریب کی وجہ پر ہوتا ہے نہ کہ اُس حقیقت کے ثبوت کے لئے جو جس
پر حق ہے تو یقیناً اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ" ولیکن
ہم پر اللہ تعالیٰ کے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وعدہ کے
ارشاد سے شرعاً واجب ہے کہ اِس کا اقرار کریں۔

جاننا چاہیئے کہ یقیناً لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے یری

www.maktabah.org

خبر کو اپنی نظر کے موافق جان لو تاکہ علم کو جو تمہارا ایمان درست ہو جیسا کہ تیرے لئے خیر بیان
سے وہ علم درست ہے جو تعریف سے قبل ہے تو یہ وہ امر ہے جو بعض لوگوں کی نظر میں اِس امر پر وعدہ ہے اور ہماری نظر نے اُسے اُس میں نہیں دیکھا تو اُس کی معرفت کی طرف کیسے پہنچ سکتا ہے۔

پس ہم نے حکم الصفات پر دیکھا اور جو اُس کی عقل کامل کو ممکنہ جدّوجہد کے بعد اُس سے نظر آیا اِس سے اللہ سُبحانہٗ کی معرفت کی طرف سوائے اُس کی معرفت سے عاجز آنے کے کوئی اُمر نہیں پہنچتا۔ اِس لئے ہم اُس کی معرفت کو طلب کرتے ہیں جیسا کہ اُس حقیقت کی جہت سے تمام اشیاء کی معرفت طلب کرتے ہیں جو اِس پر معلوم ہیں۔

پھر جب ہم نے جان لیا کہ وہ موجود ہے اور اُس کے لئے مثال نہیں اور نہ ہی ذہن میں اُس کا تصوّر کیا جا سکتا ہے نہ اُس کا اُدراک ہو سکتا ہے تو یہ عقل اُسے کیسے ضبط کر سکتی ہے جو باوجود اُس کے وجود کے ثبوتِ علم کے مجاز نہیں۔

پس ہم جانتے ہیں کہ بے شک وہ اپنی الوہیت میں اکیلا موجود ہے اور یہ وہ علم ہے جسے ہم سے اُس کی ذات کی اِس حقیقت کے ساتھ دوسرے عالمین طلب کرتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ بذاتہٖ جانتا ہے اور وہ عدمِ علم کے بعد علم ہے جو ہم سے طلب کرتے ہیں جب کہ عقل کی نظر میں مخلوقات میں کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے مشابہ نہیں اور نہ وہ اِس سے کسی چیز کے مشابہ ہے جب ہمیں کہا گیا ہے تو جان لیں کہ یہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ہے جو ہم پر پہلے واجب تھا۔
جو علم ہے اُسے ہم جانتے ہیں اور ہمیں اُس کا علم ہے اور بے شک ہم اُسے جانتے ہیں جو علم العلم سے پہلے ہم پر واجب ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ آٹھویں جز تمام ہوئی۔

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

الفاظ کی اصلیں

ہم ناقل ہیں کہ اِس کے لئے مطالب کی چار اُمہات ہیں۔

ہَلْ¹، مَا²، کَیْفَ³، لِمَ⁴، یعنی کیا، جو، کیسے اور نہیں۔

ہَلْ اور لِمَ دو بسیط رُوحانی مطلب ہیں۔ دونوں کا ساتھی مَاھُوَ ہے۔ پس ہَلْ اور لِمَ بسائط کی دو درُست اصلیں ہیں، اِس لئے کہ مَاھُوَ میں خاص ترکیب سے ضرب ہیں اور اِن چاروں مطالب میں وُہ مطلب نہیں پہنچتا جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اُس کی حقیقت عطا ہونے کی جہت سے سوال کیا جائے کیونکہ علمِ توحید کی معرفت سِوائے اِس کے درُست نہیں کہ جو اِس میں ماسِوا اللہ سے پایا جاتا ہے اُس کی نفی کی جائے اِس لئے کہ اُس نے فرمایا ہے۔ "لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ" اِس کی مثل کوئی چیز نہیں اور سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّتِ عَمَّا یَصِفُوْنَ، یعنی تیرا رَبّ ربُّ العزّت اُس چیز سے پاک ہے جس سے اُسے مُتّصِف کرتے ہیں۔ پس علم کا سلب ہونا ہی اللہ کے ساتھ علم ہونا ہے جیسا کہ ارواح کے بارے میں ہم گفتگو نہیں کر سکتے کہ وہ کیسے ہوتے ہیں وہ اِن کیفیتوں سے پاک ہیں، کیونکہ اُن کے حقائق کا اِس عبارت میں تخالف ہے۔

ایسے ہی ارواح پر جِن آلات و اسباب کا اطلاق ہوتا ہے جن کیساتھ اُن سے سوال کیا جائے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ پر اُن کا اطلاق جائز نہیں، اور نہ ہی اُس توحید پرست مُحقّق کو حق پہنچتا ہے جو اپنے خالق اور بنانے والے کا احترام کرتا ہے کہ وہ اِن الفاظ کا اُس پر اطلاق کرے اِسلئے کہ وُہ

www.maktabah.org

اِن مطالب کو کبھی نہیں جان سکتا۔

حق تعالیٰ کا اِدراک نہیں ہو سکتا

وَصل پھر ہم نے تمام ماسِوا اللہ کو دیکھا تو اُسے دو قسموں پر پایا۔

۱۔ اُس کا ذات کے ساتھ اِدراک کرنا اور یہ محسوس اور کثیف ہے۔

۲۔ اُس کا فِعل کے ساتھ اِدراک کرنا تو یہ معقول اور لطیف ہے، اِس مقام پر معقول محسوس سے بلند ہو جاتا ہے

اگر اُس کی ذات کا اِدراک مقصود ہو تو وہ منزّہ ہے چنانچہ سِوائے اِس کے نہیں کہ اُس کا فِعل کے ساتھ اِدراک ہو سکے جب کہ یہ مخلوقوں کے اَوصاف ہیں۔ اور حق تعالیٰ و تقدّس کی ذات کا اِدراک نہیں ہو سکتا جیسا کہ محسوس یا اُس کا فِعل اور جیسا کہ لطیف یا معقول اِس لئے کہ حق سُبحانہٗ تعالیٰ اور اُس کی مخلوق کے درمیان ہرگز ہرگز مناسبت نہیں کیونکہ وہ ہمارے لئے غیر مدرکہ ہے یعنی ہم اُس کا اِدراک نہیں کر سکتے کہ ہمیں سے محسوس کی مشابہت ہو

مصنوعات صانع کو نہیں جانتیں

اُس کا فعل لطیف امر کے فِعل کے مانند نہیں کہ لطیف کے مُشابہ ہے۔ اِس لئے کہ حق تبارک و تعالیٰ کا فِعل اشیاء کو پیدا کرتا ہے کِسی چیز کا فِعل نہیں ہوتا جب کہ لطیف رُوحانی اشیاءٔ سے کِسی چیز کا فعل ہے تو دونوں کے درمیان کون سی مناسبت ہو گی۔ اب جب کہ فعل میں مشابہت ممنوع ہے تو ذات میں مشابہت کا ممنوع ہونا زیادہ مناسب ہو گا۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس فعل سے کِسی چیز کو متحقق کریں تو حسبِ اصناف

www.maktabah.org

مفعولِ صناعی کی طرح اس فعل کے مفعول کو دیکھیں، جیساکہ قمیص اور کرسی۔ ہم نے انہیں اس حال میں پایا کہ یہ اپنے کاریگر کو نہیں جانتیں مگر اُن کی ذات اپنے بنانے والے کے وجود پر دلالت کرتی ہے۔ چنانچہ اُسے اُس کی صنعت سے پہچانا گیا۔

مفعولات کا تعارف

ایسے ہی مفعول تکوینی یعنی فلک اور کواکب اپنے صانع کو نہیں جانتے اور نہ اپنے ترکیب دینے والے کو جانتے ہیں اور وہ نفسِ کلیہ ہے جو اُن پر محیط ہے۔

ایسے ہی مفعول طبیعی ہے جیساکہ معدنیات پیدا ہونا اور نباتات و حیوانات ہیں۔ یہ مفعولِ تکوینی سے طبیعی طور پر کام کرنے والے ہیں، وہ اپنے فاعل سے واقف نہیں ہو پاتے جو کہ فی الحقیقت فلک اور کواکب و ستارے ہیں پس افلاک کا وہ علم نہیں اور نہ ہی وہ اس کا جسم ہے جسے تُو جانتا ہے اور نہ ہی تیری حس اُس کا ادراک کر سکتی ہے۔ اور سورج کا اُس کی اپنی ذات میں جسم کہاں ہے جسے ہم اُس کے لئے دیکھتے ہیں۔ یقیناً علم افلاک اُس کی روح اور اُس کے اُس ملنے کی جہت سے ہے جو اُس کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے نفسِ کلیہ محیط سے بنائے، یہی امر افلاک اور جو افلاک میں ہے، کے ہونے کا سبب ہے۔

ایسے ہی مفعول انبعاثی ہے۔ اِس نفسِ کلیہ کا عقل سے مبعوث ہونا حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صورت میں حقیقتِ جبرائیلیہ کا مبعوث ہونا ہے۔ یقیناً وہ قطعاً نہیں جانتا کہ اُس کی بعثت اُس سے ہوئی ہے۔ کیونکہ وہ اُس کے احاطہ کے تحت ہے اور اُس نے اُس کا احاطہ کر رکھا

www.maktabah.org

ہے۔ اس لئے کہ یہ اُس کی خاطروں سے خاطر ہے۔ تو جو اُس کے اُوپر ہے اور جو اُس میں اُس سے نہیں ہے اُسے کیسے جانے گا۔ سوائے اس کے کہ جو اُس میں ہے اُس سے بھی سوائے ماہیت کے نہیں جانتا۔ پس وہ اُس کی ذات کے ساتھ جانتا ہے نہ کہ دونوں کے سبب کو جانتا ہے۔

ایسے ہی مفعولِ ابداعی ہے۔ یہ ہمارے نزدیک حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہے اور ہمارے علاوہ کے نزدیک عقلِ اوّل ہے اور یہ قلم اعلیٰ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی چیز کے بنایا اور وہ ہر مفعول سے اُس کے فاعل کا اِدراک کرنے سے عاجز وقاصر ہے جس کا پہلے ذکر ہوا۔ اس لئے ہر فاعل ومفعول کے درمیان وہ چیز ہے جس سے وہ ضرب مناسبت ومشاکلت ہے جو بیان ہوئی۔

پس اُس سے دونوں کے درمیان مناسبت کی مقدار جاننا ضروری ہے رہا! جوہریہ یا اس کے علاوہ کی جہت سے ہے جوہریہ یہ دوسری جہت ہے۔ تو حق تعالیٰ اور مبدعِ اوّل کے درمیان مناسبت نہیں۔ پس وہ اپنے فاعل کے ساتھ اُس کے علاوہ اسبابِ مفعول سے اُس کی معرفت سے عاجز ہے اس لئے کہ مفعول اُس چیز سے عاجز ہے جو اُس کے فاعل کے لئے اُس کے اِدراک وعلم کی وجہ سے مشابہ ہے۔ پس اس پر غور کریں اور اس کی تحقیق کریں تو بے شک یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ محدث کے تعلقِ علم سے توحید کے باب میں بہت زیادہ نافع ہے۔

حواسِ خمسہ کا اِدراک

وصل: اِس کی تائید ہمارے اُس بیان سے ہوتی ہے کہ انسان اپنی پانچوں

www.maktabah.org

حسّیہ قوتوں، شامہ، طائمہ، لامسہ، سامعہ اور باصرہ میں سے کسی ایک قوت کے ساتھ تمام معلومات کا ادراک کر سکے۔

باصرہ یعنی دیکھنے کی قوت نزدیک و دور سے رنگوں اور تغیرات و اشخاص کا اِدراک کرتی ہے چنانچہ ایک چیز کا ایک میل سے جو ادراک ہوتا ہے ویسی وہ اُسے دو میل سے نظر نہیں آتی اور اُسے بیس گز کے فاصلہ پر ویسا ہی نہیں دیکھا جا سکتا جو ایک ہاتھ کے مقابل۔ دوسرے ہاتھ کی دُوری تک کا اِدراک ہوتا ہے۔

پس جو شخص اُس کو دو میل سے دیکھتا ہے تو اُسے نہیں جانتا کیا ہے جو ایک میل سے دیکھتا ہے تو وہ اُسے پہچانتا ہے کہ وہ انسان ہے یا درخت؟ اور جو بیس گز کے فاصلے پر ہے وہ اُس کے رنگ کو پہچانتا ہے کہ سفید ہے یا سیاہ، اور جس کے ایک ہاتھ کے فاصلے پر ہے وہ جان لیتا ہے کہ ازرق ہے یا اکمل یعنی اُس کا رنگ نیلا ہے یا سبز، پس ایسے ہی قرُب و بعد سے اِس کے مدرکات میں تمام حواس ہیں۔

ہمارے نزدیک اللہ تبارک و تعالیٰ کی معرفت کے حصُول کے وقت میں اُسے محسوس نہیں کیا جا سکتا یعنی حِس کے ساتھ اُس کا اِدراک نہیں ہو سکتا تو اُسے حِس کے طریق سے نہیں جان سکتے۔

رہی قوّتِ خیالیہ! تو یہ وُہی ضبط کرے گی جو اُسے حِس عطا کرے گی اور یا وُہ صُورت ہوگی جو اُسے اُس کے بعض محسوسات پر بعض کو محل کرنے پر فکر دے گا اور یہاں معرفتِ حق کا طریقہ مجھ پر منتہی ہوتا ہے تو یہ اُن کی زبان ہے ہماری زبان نہیں ہے۔ اگرچہ حق ہے لیکن یہ اُن کی طرف منسُوب ہے تو ہم نے اُن سے نقل کیا ہے۔

پس! اِس قوّت کا بڑھنا کیسا ہی ہو اِس کا اِدراک قطعی طور پر حِس سے

www.maktabah.org

نہیں بڑھ سکتا اور بے شک ہمارے نزدیک اللہ تعالیٰ کے ساتھ جس کا تعلق باطل ہے تو یقیناً اس کے ساتھ تعلقِ خیال باطل ہوگا۔

www.maktabah.org

قوّتِ مفکّرہ

رہی قوّتِ مفکّرہ تو انسان ہمیشہ اُن اشیآ میں غور و فکر کرتا ہے جو اُس کے پاس موجود ہوں اور جو اُسے اوائلِ عقل اور حواس کی جہت سے ملی ہوں، اور ان اشیآ کے بارے میں خزانۂ خیال میں غور و فکر کرنے سے وہ ایک دوسرے اَمر کو جان لیتا ہے جس کے درمیان اور اُن اشیآ کے درمیان ایک مناسبت ہوتی ہے جن میں اُس نے غور و فکر کیا تھا،

چُونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اُس کی مخلوق کے درمیان مناسبت موجود نہیں لہٰذا فکر کی جہت سے اللہ تعالیٰ کو جان لینا درست نہیں۔ اِسی لئے عُلماء کرام نے اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات میں غور و فکر کرنے سے منع کر دیا ہے۔

قوّتِ عقلیہ

رہی قوّتِ عقلیہ، تو ذاتِ باری تعالیٰ کا ادراک عقل نہیں کر سکتی کیونکہ عقل اُسی اَمر کو قبول کرے گی جس کا اُسے بدیہی عِلم ہو یا اُسے غور و فکر نے دیا ہو۔ چُونکہ فکر کا اِدراکِ الٰہی کر لینا باطل ہے۔ اس لئے عقل کا بھی اُسے ادراک کر لینا باطل ہو گا۔ لیکن عقل کے لئے یہ اَمر ہے کہ جو کچھ اُس کے پاس ہے اُس کو سمجھے اور اُسے ضبط و محفوظ کرے اِس لئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے جو معرفت عطا فرماتا ہے وہ عقل کے سمجھنے سے ہوتی ہے نہ کہ فکر کے طریق سے۔

تو یہ وہ اَمر ہے جس سے ہم روکتے نہیں۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں سے جسے چاہتا ہے یہ معرفت عطا فرما دیتا ہے اور اُس کے ادراک کے ساتھ عقل مستقل نہیں ہوتی لیکن اُسے قبول کرتی ہے اور اِس پر دلیل و بُرہان

www.maktabah.org

تام نہیں ہوتی کیونکہ یہ ادراکِ عقل کے طَور کے وراء اور علاوہ ہے۔

پھر اِن اوصافِ ذاتیہ کو عبادت میں لانا ممکن نہیں کیونکہ یہ تمثیل و قیاس سے خارج ہیں، کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی مثل کوئی چیز نہیں۔

اور ہر وہ عقل جس پر اِس معرفت سے کوئی چیز کشف نہیں ہوئی دُوسری عقل سے سوال کرتی ہے جس پر اِس سے کوئی امر منکشف ہوا ہو اور اس عقل میں قوّت نہیں ہوتی کہ اس سے عبادت کا سوال کیا جائے اور نہ ہی اس میں ممکن ہوتا ہے۔

اِس لئے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا۔ درک الادراک سے عاجز ہونا ہی ادراک کر لینا ہے۔

اور اِس کلام کے لئے دو مرتبے ہیں۔ پس غور فرمائیں اور سمجھ لیں کہ جو شخص اللہ تبارک و تعالیٰ کو اپنی فکر و نظر سے اپنی عقل کے ساتھ تلاش و طلب کرتا ہے وُہ سرگردانی میں پڑا ہُوا ہے۔ اُس کے حسبِ حال یہی ہے کہ وہ اُس امر کو قبول کرے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے عطا فرمایا ہے پس اس پر غور کریں۔

قوّتِ ذاکرہ

رہی قوّتِ ذاکرہ، تو اُس کے لئے اللہ تعالیٰ کو جان لینے کا کوئی راستہ نہیں کیونکہ یہ قوّت محض اُس امر کو یاد دلاتی ہے جو عقل کے علم میں تھا پھر اُس سے غفلت ہُوئی یا اُسے بھول گئی تو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف قوّتِ ذاکرہ کے لئے بھی راہ نہیں جب کہ انسان کے مدارک کا انحصار اُنہی امور پر ہے جو اُس کے ساتھ ہیں اور یہ وُہ ہیں جو اُس کی ذات نے اُسے دیئے اور انہی میں اُس کا کسب ہے اور کچھ باقی نہیں مگر وُہ جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی معرفت کو قبول کرنے کے لئے عقل

www.maktabah.org

اُسے عطا کرتی ہے۔ تو وہ دلیل کی جہت سے سوائے معرفتِ وجُود کے کبھی نہیں جانا پہچانا جا سکتا۔ کیونکہ اکیلا وُہی معبوُد ہے دُوسرا نہیں۔

اَور انسان کے لئے کبھی بھی ایسا ممکن نہیں کہ وہ ایسی چیز کا ادراک کر سکے جو اُس میں موجود نہ ہو اَور اگر وہ چیز اُس میں نہیں تو اُس کو کبھی وہ ادراک کر سکتا ہے اور نہ اُسے پہچان سکتا ہے۔

تو جب وہ کسی چیز کو نہیں پہچان پاتا مگر اُس کو جو اُس میں وہ چیز یا اُس کی مِثل موجود ہوتی ہے اُسے پہچانتا ہے اور وہ اُسے پہچانتا ہے جو اُس کے مشابہ اَور ہمشکل ہو۔

جب کہ باری تعالیٰ جَلَّ مَجْدُہٗ الکریم نہ تو کِسی چیز کے مشابہ ہے اور نہ ہی کسی چیز میں اُس کی مِثل ہے تو اُس کی پہچان کبھی نہیں ہو سکتی۔

اَور ہمارے بیان کی تائید اِس اَمر سے ہوتی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا کہ اشیأ طبعیہ غذا کو قبول نہیں کرتیں مگر اپنی ہم شکل اشیأ سے اور جو اُن کی ہم شکل نہیں اُن سے قطعی طور پر غذا کو قبول نہیں کرتیں۔ اِس کی مثال یہ ہے کہ معدنیات و نباتات اَور حیوانات میں سے موالد چار طبائع سے مرکب ہیں اور موالدِ غذا کو قبول نہیں کرتے مگر انہی طبائع سے کیونکہ اُن میں اِس سے اُن کا حصّہ ہے۔

اور اگر خلقت میں سے کوئی اِن طبائع سے ترکیب کردہ اپنے جسم کی غذا کسی ایسی چیز سے بناتے جو اِن طبائع کے علاوہ ہو یا اِن سے مرکب نہ ہو تو اُسے اِس کی استطاعت نہیں۔

تو جیسے اجسامِ طبعیہ سے کِسی چیز کے لئے غذا کو قبول کرنا ممکن نہیں سوائے اُس چیز کے جو اُن طبائع میں سے ہے جس سے وہ ہیں اَیسے ہی کسی کے لئے ہرگز ہرگز یہ ممکن نہیں کہ وہ ایسی چیز کو جان لے جس کی مثل اُس میں نہیں۔

www.maktabah.org

کیا آپ نے نفس کو نہیں دیکھا کہ وہ عقل سے اسی امر کو قبول کرتا ہے جس میں اس کا تشارک و تشاکل ہے اور جس میں اس کی مشارکت نہیں اسے کبھی نہیں جان سکتا
چونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ سے اس میں کوئی چیز نہیں تو اس پر وجود سے کوئی وجہ بیان کرنا جائز نہیں اور اسے کوئی بھی اپنی ذات اور فکر سے نہیں جان سکتا۔
حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ عقلوں سے بھی ویسے ہی پوشیدہ ہے جیسے آنکھوں سے پردے میں ہے اور علماءِ اعلیٰ بھی اسے ویسے ہی تلاش کرتے ہیں جیسے تم تلاش کرتے ہو۔
حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی ہے کہ نہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ادراک نہ تو عقل اپنی فکر کے ساتھ کر سکتی ہے اور نہ آنکھ اپنی بصیرت کے ساتھ کر سکتی ہے جیسا کہ آنکھ اسے نہیں دیکھ سکتی تو ہم اس سے پہلے اپنے باب میں اس کی طرف اشارا کر چکے ہیں پس اللہ تبارک و تعالیٰ کی حمد ہے جس نے ہمیں یہ الہام کیا اور ہمیں اس امر کا علم دیا جسے ہم نہیں جانتے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کا فضلِ عظیم ہے۔
ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کی تنزیہہ بیان کریں اور مماثلت و مشابہت کی نفی کرنا چاہیئے اور فرقہ مشبہ سے جو بھی گمراہ ہوا وہ تاویل سے ہوا ہے۔ ان لوگوں نے آیات و اخبار میں وارد ہونے والے اس امر کو بغیر ان میں نظر کیے کہ ان میں اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ واجب ہوتی ہے فہموں کی طرف سبقت کرنے والی مشابہت پر محمول کر لیا،،
تو یہ امر انہیں جہالت محض اور کفر صریح کی طرف کھینچ کر لے گیا۔ اور اگر وہ لوگ سلامتی کے طلب گار ہوتے تو ان آیات و اخبار کے مفاہیم کو بغیر کسی چیز کی طرف لوٹانے کے اسی حال پر چھوڑ دیتے جس پر وہ آتی تھیں اور ان کا علم

www.maktabah.org

اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد کرتے ہوئے کہتے ہم نہیں جانتے تو اُن کے لئے اللہ تعالیٰ کا فرمان لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ کافی ہوتا یعنی اُس کی مثل کوئی چیز نہیں۔

جب اُن کے پاس ایسی کوئی حدیث آئے جس میں تشبیہہ ہو کہ اللہ تبارک و تعالیٰ فلاں چیز کے مشابہ ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی پاک ذات کی مشابہت کی نفی فرمائی ہے تو اس کے سوا اُس حدیث میں کوئی اَمر باقی نہیں رہتا کہ اس میں وجوہِ تنزیہہ سے کوئی وجہ ہے جسے اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے اور یہ اَمر اس لئے آیا ہے کہ عربی زبان کو سمجھا جا سکے جس میں قرآن مجید نازل ہوا ہے اور آپ حدیث اور آیت میں کبھی ایک جملہ اور ایک لفظ ایسا نہیں پائیں گے جو تشبیہہ میں نص کی صورت آیا ہو اور عربوں کے نزدیک وہ اس کی متعدد وجوہ پر حمل نہ ہوتا ہو۔

اِن میں سے وہ جملہ یا لفظ بعض کے نزدیک تشبیہہ کی طرف اور بعض کے نزدیک تنزیہہ کی طرف لوٹتا ہے تو تاویل کرنے والے کا اُس لفظ کو تشبیہہ کی طرف لوٹانا اُس پر زبردستی اور جور کرنا ہے اس لئے کہ اُس لفظ کو زبان وضع کرنے سے جو حق دیا گیا تھا اُس نے ادا نہیں کیا۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ پر ظلم وتعدی کرتا ہے کہ اُس کی پاک ذات پر ایسا لفظ حمل کیا جائے جو اُس کی شان کے لائق نہیں۔

اور ہم ان شاء اللہ تعالیٰ بعض ایسی احادیث بیان کریں گے جن میں تشبیہہ وارد ہوئی ہے اور اُن میں تشبیہہ کی نص نہیں۔

اللہ تعالیٰ کی اُنگلیاں

پس حُجّتِ بالغہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اگر وہ چاہے تو آپ سب کو ہدایت فرمائے

www.maktabah.org

اُن میں سے ایک حدیثِ پاک یہ ہے۔

قَلْبُ الْمُؤْمِنِ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اِصَابِعِ اللّٰہ۔

مومن کا دِل اللہ تعالیٰ کی اُنگلیوں سے دو اُنگلیوں کے درمیان ہے۔

چنانچہ حقیقت و مجاز کے وضع کرنے سے جو اَمر مقتضی ہے اُس کے اور عقل کی نظر کے مطابق اللہ تعالیٰ پر عضو کا اطلاق محال ہے۔

اَصبع کا لفظ مشترک ہے اس کا اطلاق عضو پر بھی ہوتا ہے اور نعمت پر بھی ہوتا ہے، چرواہے نے کہا۔

ضعیف العصا بادی العروق تری لہ
علیھا اذا ما امحل الناس اصبعا

جب لوگوں پر قحط وارد ہوا تو اُن کی رگیں کمزور عصا کی طرح نظر آنے لگیں اور تو اُس شخص کے لئے دیکھے گا کہ وہ بہتر ہے۔ تو یہاں اِصبع سے مُراد نعمت لی گئی ہے اُس نے کہا کہ تو اُس پر نعمت کا اثر حُسنِ نظر سے دیکھے گا۔

عرب کہتے ہیں۔

مَا اَحْسَنَ اِصْبَعَ فُلَانٍ عَلٰی مَالِہٖ

یعنی فلاں شخص کی اپنے مال پر کتنی اچھی اِصبع ہے تو اِس جگہ بجائے اُنگلی کے "اِصبع" کا معنیٰ اچھا اثر لیا گیا ہے۔

تو جِسے اُنگلیاں اپنے چھوٹے حجم اور کمال قدرت سے پھیریں۔ وہ چیز سب سے زیادہ تیزی کے ساتھ پھرتی ہے اور اُنگلیوں کا حرکت دینا ہاتھ وغیرہ کے حرکت دینے سے تیز ہوتا ہے۔

---

www.maktabah.org

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنی دُعا میں عربوں کے لئے زیادہ نساءرت سے فرمایا تاکہ وہ اُس کا شعور کرسکیں اِس لئے کہ ہمارے نزدیک پھیرنا ہاتھ کے سِوا نہیں ہوتا۔ اِس لئے اِسے اُنگلیوں کے ساتھ پھیرنا مقرر فرمایا۔ کیونکہ پھرنے کا عمل ہاتھ سے ہاتھ میں ہوتا ہے اور انگلیوں کی تیزی زیادہ ممکن ہے۔ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنی دُعا میں فرمایا !

"یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ"

یعنی اَے دِلوں کو پھیرنے والے میرے دِل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھنا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا دِلوں کو پھیرنا یہ ہے جو وہ اُن میں اچھی یا بُری بات ڈالتا ہے۔ پس جب انسان اُن خطراتِ پیہم کو محسوس کرتا ہے جو اِس پر اُس کے قلب میں متعارض ہیں تو یہی اَمرِ حق کے دل کو پھیرنے سے عبارت ہے اور انسان اِس پر قادر نہیں کہ اپنی ذات سے اُس کے عِلم کو دُور کر سکے اِس لئے حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے فرمایا۔

یا مقلب القلوب ثبت قلبی علیٰ دینک

اَے دِلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔

اِس حدیث کو آپ کی ایک زوجۂ مُطہرہ نے سُنا تو عرض کی۔

یا رسُول اللہ ! کیا آپ خوفزدہ ہیں ؟

آپؐ نے فرمایا !

قلب المومن بین اصبعین من اصابع اللہ

یعنی مومن کا دِل اللہ تعالیٰ کی اُنگلیوں سے دو اُنگلیوں کے درمیان ہے۔

www.maktabah.org

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث میں ایمان کے تیزی سے کفر کی طرف پھرنے کی جانب اشارہ فرمایا ہے اور اس کی طرف اشارہ کیا ہے جو ان دونوں کے درمیان ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

فَاَلۡهَمَهَا فُجُوۡرَهَا وَتَقۡوٰىهَا۔ پس اُسے اُس کے گناہ اور اس کے تقوے کا الہام کرتا ہے۔ یہ الہام وہ پھرنا اور انگلیوں کی سرعت ہے اور اس کے لیئے دو انگلیاں فرمانا اچھی طبیعت اور بری طبیعت کے لیے ہے۔

جب آپ نے یہ سمجھ لیا ہے جو انگلیوں کے بارے میں بیان ہوا تو اب اس امر سے اِصبع کے معنی نعمت اور عضو اور اچھا اثر کو سمجھ لیں۔

پھر آپ اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ عضو کا الحاق کیسے کرتے ہیں۔ جبکہ اس کی طالب دیگر منزّہ وجوہات ہیں تو اس امر میں ہمارے لیئے خاموشی بہتر ہے اور چاہیئے اس کے علم کو اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے مرسل رسول اور الہام کیئے گئے ولی کو سپرد کر دیں جنہیں حق تعالیٰ نے لفظ کے معنی نفی عضو کے ساتھ مشروط کرتے ہوئے ہم پر غلبہ حاصل کرے تو ہم اس تجسیم وتشبیہہ کے قائل کا رد کریں تو وہ بے مقصد نہ ہوگا۔

بلکہ صاحب علم پر فرض ہے کہ ایسے موقعہ پر اس لفظ میں ان وجوہات کو بیان کرے جو تنزیہہ پر دلالت کرتی ہیں۔ تاکہ تجسیم کے ذلیل ورسوا قائل کی دلیل باطل ہو جائے اللہ تبارک وتعالیٰ ہم پر اور اس پر بخشش فرمائے اور اسے اسلام نصیب کرے جب ہم اس کلمہ پر گفتگو کریں کے جس پر تشبیہہ کا وہم ہوتا ہے تو لازماً ہم اسے اس شرح کی طرف لوٹائیں گے جو اللہ تعالیٰ اسجانہ کے لائق اور یہ وضع میں عقل کا بہترین حصہ ہے۔ جس کا اقتضاء عقل کی نظر کرتی ہے۔

اِصبعان، یعنی دو انگلیاں کمالِ ذاتی کا دہ راز ہیں جو قیامت کو کھلے گا تو انسان اپنے

www.maktabah.org

کافر باپ کو جہنم کی آگ میں پھینکے گا۔ تو اسے اس کا کچھ رنج والم نہ ہوگا اور نہ ہی وہ اس پر شفقت کرے گا۔

ان دو انگلیوں کے راز سے جن کا معنی متحد اور لفظ دو ہے ت جنت اور دوزخ کو پیدا کیا گیا اور منور و مظلم اور منعم ومنتقم اسماء کا اظہار ہے تو اسے دس انگلیوں میں سے دو نہ خیال کرو اور اس باب میں اس راز کی طرف، خطبایدیہ یمین میں لازماً اشارہ کیا جائے گا

کیونکہ اہل جنت کے لئے دو نعیم ہیں۔

ایک نعیم جنت میں ہے اور ان کے لئے دوسرا نعیم اہل جہنم کو آگ کے عذاب سے ہے۔

ایسے ہی اہل جہنم کو دو عذاب ہیں اور دونوں فریق اللہ تبارک وتعالیٰ کا مشاہدہ اسماء کی رویت سے کریں گے۔ جیسا کہ دنیا میں مساوی اور برابر تھے۔ اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث سے حق تعالیٰ کے حق میں جن دو قبضوں کا بیان آیا ہے اس راز اور اس کے معنی کی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں اور اللہ حق فرماتا اور راہ ہدایت پر چلاتا ہے۔

---

www.maktabah.org

قبضہ اور یمین ؟

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِهٖ[1]

اور اُس کا قبضہ تمام زمین کو سمیٹ دے گا اور اُس کا یمین تمام آسمانوں کو لپیٹ دے گا۔

بے شک اللہ سُبحانہٗ نے پہلے روک دیا ہے کہ اُس کی تقدیر قدر ہے۔اس لئے اہلِ تجسیم و تشبیہ نے اُن آیات و اخبار کے وُرود کے وقت جو وجہ اِن وجوہ سے ہے عقلوں کی طرف سبقت کی۔ پھر اس تنزیہہ کے بعد وہ کہا جس کا شعور سِوائے عالموں کے نہیں ہوتا۔

"وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ" کو ہم ---- عربی زبان کی وضع پر جانتے ہیں۔

---

[1] الزمر آیت ۶۷

www.maktabah.org

جب میں کہتا ہوں: فلاں میرے قبضہ میں ہے تو اس سے مراد یہ ہے کہ فلاں میرے حکم کے تحت ہے۔ اگرچہ میرے ہاتھ میں اُس سے کوئی چیز نہیں لیکن میرا اَمر اُس میں گزرا ہوا ہے اور میرا حکم اُس پر میرے اُس حکم کی طرح فیصلہ کرنے والا ہے۔ جس کی ملکیت اور قبضہ میرے ہاتھ میں محسوس ہوتا ہے۔

ایسے ہی میں کہتا ہوں میرا مال میرے قبضہ میں ہے۔ یعنی میری ملکیت اور میرے تصرّف میں ہے اور اُس میں تصرّف کرنے پر متمکن ہوں۔ یعنی وہ مجھے روک نہیں سکتا اور جب وہ تصرّف کرے گا اُس وقت اُس میں میرا تصرّف ہوگا۔ اگر میں کہتا ہوں کہ وہ میرے قبضے میں ہے تو اُس میں میرا تصرف ہے اگرچہ میرے بندے میری اجازت سے اُس میں متصرّف ہوں۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ پر جارحہ محال ہے تو عقل رُوح کے قبضہ کی طرف پھرے گی اور اس کا معنی اور فائدہ ہوگا اور وہ مُلک ہے جس پر اس کا فی الحال قبضہ ہے اور اگرچہ اُس کے لئے نہیں ہوگا یعنی قابض کے لئے نہیں کہ جس میں اُس پر کسی چیز کا قبضہ ہے ولیکن وہ قطعی طور پر قبضہ کی ملکیت میں ہے۔

ایسے ہی دُنیا حق تعالیٰ کے قبضے میں ہے اور زمین دارِ آخرت میں بعض املاک کا تعیّن ہے۔ جیسا کہ میں کہتا ہوں میرا خادم میرے قبضہ میں ہے۔ اگرچہ میرا خادم من کے جُملہ سے میرے قبضہ میں ہے۔ بسوائے اِس کے نہیں کہ اس کا ذکر وقوعِ نازلہ کے لئے مَا مخصوص ہے اور یمین ہمارے نزدیک مُطلق مضبوط تصریف کا محل ہے اور بے شک یسار! قوّتِ یمین جیسا طاقتور نہیں، پس میں تمکّن کی طرف سے لپٹنے سے یمین کے ساتھ متمکّن ہوں تو اس نحل سے قُدرت کے تمکّن کی طرف اشارہ ہے تو یہ اَمر

www.maktabah.org

عربوں کے افہام کی طرف اُن الفاظ کے ساتھ پہنچا ہے جنہیں وہ جانتے تھے اور سُرعت کا لفظ اُس کی ملاقات کے معنوں میں ہے۔ شاعر نے کہا۔

ضعیف العصا بادی العروق تری لہ علیہا اذا ما أمحل الناس أصبعا

دایاں ہاتھ بایاں ہاتھ

مجد "بزرگی" کے لئے رائتِ محسوسہ یعنی دیکھنے کا احساس نہیں تو یہ جارحہ یمین کو نہیں مِل پاتا، جیسا کہ کہتے ہیں۔ اگر مجد کے لئے رائیت محسوسہ اِس لئے ظاہر ہو کہ اُس کے محل یا حامل کے ساتھ اُس کی صفت مجد قائم اور اِس میں کامل ہے تو جیسے جارحہ قبول نہ کرے عرب ہمیشہ دونوں کے اشتراک کے لئے معنیٰ کے طریق سے اُس پر جوارح کا اطلاق کیا کرتے۔

"رُوح کا روع میں نفث" جب حق تبارک و تعالیٰ کی تجلّی اُس کے عبد کے راز کے لئے ہوتی ہے تو تمام اسرار اُس کی ملکیّت میں دے کر اُسے احرار کے ساتھ ملا دیتی ہے اور یمین کی جہت سے اُس کا تصرّف ذاتی ہوتا ہے۔ یقیناً شمال یا بائیں کا شرف دوسرے کے لئے اور یمین یعنی دائیں کا شرف اُس کی اپنی ذات کے ساتھ ہے، پھر یمین کا شرف خطاب کے ساتھ اور شمال کا شرف تجلّی کے ساتھ نازل فرمایا۔

انسان کا شرف اُس کی حقیقت کے ساتھ اُسے جاننے اور اُس پر اطلاع کے ساتھ عبارت ہے اور یسار اُس کے شمال کی حیثیت سے ہے۔

"یدیہ" یعنی اُس کے دو ہاتھ کہے، جیسا کہ حق تعالیٰ کا یدِ یمین اُس کا داہنا ہاتھ اتحاد کی طرف لوٹتا ہے اور عبد کا داہنا ہاتھ توحید کی طرف پلٹتا ہے۔

ایک ہاتھ دایاں ہے اور ایک بایاں تو کبھی جمع اور جمع الجمع میں ہوتا

www.maktabah.org

ہے اور کبھی تفریق اور تفریق التفریق میں تجلی اور واردات کے حکم پر ہوتا ہوں،

یوماً یمان اذا لاقیت ذا یمن   وان لقیت معدیاً فعدنانی

جس روز میں یمنی سے ملوں یمنی ہوتا ہوں اور اگر معدی سے ملوں تو عدنانی ہوتا ہوں

ایسے ہی اللہ تعالیٰ کے تعجب، ہنسی، فرحت اور غضب ہے"

خُدا کا تعجّب اور ہنسی

سوائے اس کے نہیں کہ تعجّب کرنے والا موجود اَمر کے وقوع کو نہیں جانتا پھر جب اُسے اُس کا علم ہوتا ہے تو وہ متعجب ہو جاتا ہے اور ہنسنا بھی اس کے ساتھ ملحق ہے یعنی اسی قبیل سے ہے اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ پر محال ہے۔ کیونکہ اُس کے علم سے کوئی چیز خارج نہیں۔

جب وجود میں کوئی چیز واقع ہوئی جس سے وہ متعجب ہے تو ہمارے نزدیک یہ اَمر تعجب اور ہنسی پر محمول ہو گا۔ جب کہ اُس پر یعنی اللہ تعالیٰ پر تعجّب اور ہنسی جائز نہیں۔ کیونکہ اس سے تعجب امر واقع ہے جیسا کہ جوان شخص بچّہ نہیں ہوتا تو یہ اُس سے امرِ تعجّب ہے۔ پس جو ہمارے نزدیک تعجّب خیز ہے۔ اللہ تعالیٰ کے لئے اُس کا جائز ہونا محال ہے۔

ہنسی اور فرحت کا اخراج قبولیت و رضا کی طرف ہوتا ہے اگر تُو نے اُس کے لئے ایسا کام کیا جس سے تیرے لئے اُس کی ہنسی اور فرحت کا وعدہ ظاہر ہے تو اس کام کی قبولیت اور اُس پر راضی ہونے کے ساتھ اُس کی ہنسی اور فرحت ہے اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ہم سے راضی ہونا اور اُس کا قبول کرنا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا غضب اُس جوش سے پاک ہے جو بولہ لینے

www.maktabah.org

کے لئے دِل کا خون طلب کرتا ہے کیونکہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ جسمیت اور عرض[1] سے پاک ہے، تو یہ غضب سے اُس فعل کی طرف لوٹتا ہے، جس سے اُس پر غضب جائز ہو اور وہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا جبر و مخالفت کرنے والوں اور اُس کی حدُود سے بڑھ جانے والوں سے اُس اَمر کا انتقام ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔ اُس پر ناراض ہے یعنی اُس پر مغضوب کو بدلہ دینا جائز ہے تو مجازاً غاضب ہو گا پس فعل عمناً کے ظہور کا اطلاق اسم ہوا

اللہ تعالیٰ کی بشاشت

خوشی کے باب سے دو روایتیں آئی ہیں۔

۱:۔ بے شک اللہ تعالیٰ کو اُس شخص سے بشاشت ہوتی ہے جو نماز کے لئے مسجدوں کا فرش رَوندتا ہے۔

اور حدیث بیان ہوئی کہ جب اکوان[2] کے ساتھ جہان پردے میں ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بغیر اللہ تعالیٰ کے مشغول ہوتے ہیں تو یہ فعل اللہ تعالیٰ سے پوشیدگی کے حال میں انجام دیتے ہیں۔

جب اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے حضور میں کسی قسم کے اچھے فعل سے حاضر ہوتے ہیں

تو ... اللہ تبارک و تعالیٰ اُن کے دلوں میں اپنی محاضرت و مشاہدت اور مناجات کی لذت ڈال دیتا ہے جس سے اُن کی طرف محبت کا ظہور ہوتا ہے۔ حضور رسالتمآب

---

[1] عرض جو چیز بذاتہٖ قائم نہ ہو بلکہ جوہر کے برعکس دوسری چیز کے باعث قائم ہو۔

[2] اکوان اِس کا واحد کون ہے یعنی کائنات۔

www.maktabah.org

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

حبوا اللہ لما یغذوکم بہ من نعمہ

اللہ تعالیٰ سے محبت کرو کہ وہ تمہیں نعمتوں کی غذا عطا فرمائے

یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس فعل میں بشاشت کا کنایہ ہے، اس لئے کہ تمہارے اس پر آنے کے ساتھ اظہار مسرت ہے اور تیرے اس آنے پر خوش ہونا تیری طرف نیکی کے ساتھ اُس کی خوشی کی علامت کا اظہار ہے اور اُس کے ساتھ جو تیری طرف اُس کی محبت اور اُس کا ارسال کرنا ہے۔ چنانچہ جب اُس کے ساتھ یہ چیزیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اُس کے بندوں کیلئے مقرر ہوتی ہیں تو اس کا نام تبشش وبشاشت رکھا گیا

خُدا تعالیٰ کی طرف نسبتِ نسیان

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا!

"فنسیھم" یعنی اللہ تعالیٰ اُنہیں بھول جائے گا۔ اُس پر نسیان جائز نہیں۔ ولیکن جب اللہ تبارک وتعالیٰ اُنہیں ہمیشہ کے عذاب میں مبتلا فرمائے گا تو اُنہیں اُس کی رحمت نہیں پہنچے گی۔ گویا کہ وہ اُس کے نزدیک بھلائے جا چکے ہیں جیسا کہ یہ اُن کے لئے بھولنا ہے۔ یعنی یہ فعل ناسی ہے اور جو یہ تذکرہ نہ کیا کہ وہ اس میں عذابِ الیم سے ہیں اور یہ اس لئے ہے کہ وہ اپنی دُنیوی زندگی میں اللہ تعالیٰ کو بھولے ہوئے تھے تو اُن کے ساتھ اُن کا یہ فعل جائز ہے چنانچہ مناسبت کے لئے اُن کا فعل اُن پر لوٹا دیا۔ اور بے شک وہ بھولے ہوئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اُنہیں بھلا دیا۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے اَمر کو مؤخر کرتے تھے اور اس کے ساتھ عمل نہ کرتے تھے آخر اللہ تعالیٰ نے اُنہیں جہنم رسید کر دیا۔ جب

www.maktabah.org

ان کے علاوہ کو دوزخ میں داخل کر کے نکال لیا تو یہ اِس باب سے حق تعالیٰ کے مکر و استہزاء اور تمسخر سے متصف ہوتا ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ [1] یعنی اللہ نے اُن سے تمسخر کیا یعنی تمسخر کا بدلہ دیا۔

اور فرمایا وَمَكَرَ اللّٰهُ [2] یعنی اور اللہ تعالیٰ نے مکر کیا یعنی خفیہ تدبیر فرمائی۔

اور فرمایا اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ [3] اللہ تعالیٰ اُن سے استہزاء فرماتا ہے یعنی اُن کے استہزاء کا بدلہ دیتا ہے۔

نفسِ باری تعالیٰ

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا! ہَوا کو گالی نہ دو۔ بے شک یہ نفسِ رحمان سے ہے۔ اور میں یمن کی طرف سے نفسِ رحمان کو پاتا ہوں اور یہ تمام تنفیس سے ہے۔ یعنی نفس کا مادہ تنفیس سے ہے۔

جیسا کہ آپؐ نے فرمایا! ہَوا کو گالی نہ دو۔ تو یہ اُس کے بندوں کیساتھ وہ امر ہے جس سے اللہ اُن کی تکلیف دُور کرتا ہے اور فرمایا، صَبا کے ساتھ مدد فرمایا گیا۔

ایسے ہی فرمایا! میں نفسِ رحمان کو پاتا ہوں یعنی مجھے کرب سے تنفیسِ رحمان ہے۔ یہ اُس کرب کی بات ہے جو یمن سے پہلے آپ اپنی قوم پر حق پیش کرتے تو وہ آپ کی تکذیب کیا کرتی تھی۔ چنانچہ آپؐ کو جھٹلائے جانے کا جو کرب تھا اُسے دُور کرنے کے لئے نفسِ خدا انصار کے ساتھ تھا۔

پس رَب تعالیٰ النفس سے پاک ہے اور نفس سے مُراد وہ سانس ہے جو اہلِ نفس سے خارج ہوتی ہے۔ خُدا کی قسم! جس چیز کی نسبت ظالم اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف کرتے ہیں وہ اُس سے بہت بلند اور بڑا ہے۔

---

[1] سورہ توبہ آیت ۷۹ [2] آلِ عمران آیت ۵۴ [3] البقرۃ آیت ۱۵

www.maktabah.org

خُدا کی صُورت

لوگوں کے نزدیک صُورت کا اطلاق اُمرادر معلوم پر ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کی طرح صحیح حدیث میں

اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف صُورت کی اضافت وَارد ہوتی ہے۔

حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا!

مَیں نے اپنے رَب کو نوجوان کی صُورت میں دیکھا۔ (الحدیث)

یہ حالت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی طرف سے ہے اور کلام عرب

میں معلوم و متعارف ہے۔

اُیسے ہی حضُور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آدمؑ کو اپنی صُورت پر پیدا فرمایا۔

جاننا چاہیئے کہ قرآن مجید میں مِثلیتِ لُغویہ وَارد ہوتی ہے عقلیہ نہیں کیونکہ مِثلیتِ عقلیہ اللہ تبارک و تعالیٰ پر محال ہے۔ مثلاً کہا کہ زید شیر ہے تو یہ سختی کی بنا پر ہو گا اور اگر کہا زید زہیر ہے تو یہ شعر گوئی کی حیرت ہے چونکہ ایک یا دو صفتوں کے ساتھ وَصف موجود ہے پھر اُس کے علاوہ دوسرا اِس صفت سے موصُوف ہے تو اگرچہ دوسرے حقائق کی جہت سے دونوں کے درمیان تباین و تخالف ہے۔ ولیکن دونوں کی رُوح میں یہ صفت مشترک ہے اور دونوں میں سے ہر ایک یہ اِس خاص صِفت میں اِس کا معنیٰ دوسری صُورت پر ہو گا۔

پس غور سے سمجھ اور دیکھ تیرے ہونے کی دلیل اللہ تبارک و تعالیٰ پر یہ ہے کیا صفت کمال کے ساتھ اُس کا وَصف تیرے سِوا نہیں۔ غور کر کہ جب تُو مناظرہ کی طرف بابِ تعریّت سے داخل ہو گا تو وہ نقائص مسلب ہو جائیں گے جو تجھ

www.maktabah.org

پر اُس سے جائز ہیں۔ وہ اِس کے ساتھ سِوائے تجسیم و تشبیہہ کے قائل ہرگز قائم نہیں ہوگا۔ کیونکہ اُس کی طرف جو اضافتِ نقص ہو وُہ تم اُس سے سلب کر لو اور اگر اِس امر کا وہم نہ ہوتا تو تم اِس سلب سے کچھ نہ کر پاتے"

پس جان لیں کہ یہاں صُورت کے لئے بہت سے مُدخل ہیں جس کی مثال بیان ہُوئی اور اِس کتاب میں ہمارا مقصد طویل بحث کو حذف کرنا ہے اور اللہ ہی حق فرماتا اور سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

خُدا کا بازو

حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی حدیث میں ہے کہ کافر کی ڈاڑھ جہنّم میں اُحد کی طرح ہوتی ہے اور اُس کی جلد کی موٹائی جبّار کے ہاتھ سے چالیس ہاتھ ہے۔

یہ اضافتِ تشریفی اُس مقدار سے ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس کے مضاف کی طرف مقرّر فرمائی۔ جیسا کہ کہتے ہیں' یہ چیز بادشاہ کے ہاتھ سے ایسے اور ایسے ناپی گئی ہے اس سے مُراد بڑا ہاتھ ہے جو اُس بادشاہ نے مقرّر کیا اور اگر اِس کی مثل بادشاہ کے ہاتھ سے ہے تو وہ لوگوں کے ہاتھ کی طرح جارحہ ہے اور جو ذراع جارحہ یعنی کہنی کے اُوپر اُس کا نصف یا تیسرا حصّہ زیادہ مقدار مقرّر کی تو وہ اُس کی حقیقت پر اُس کا ذراع نہیں اور یہ مقدار اُس کی نصب ہے پھر اُس کی اضافت اُس کے مقرّر کرنے والے کی طرف کی۔

پس جاننا چاہیئے کہ جبّار عربی زبان میں بہت بڑا بادشاہ ہے اور یہ ایسے ہی ہے۔

www.maktabah.org

خُدا کے قدم

حدیث میں آیا ہے کہ جبار اپنا قدم دوزخ میں ڈالے گا اور کہتے ہیں فلاں اس امر میں ثابت قدم ہے تو قدم کا معنیٰ ثبوت بھی ہے اور گردہ بھی تو قدم اضافت ہوگی اور جب جبار کا معنیٰ بادشاہ ہوگا تو یہ قدم اُس بادشاہ کے ہوں گے اس لئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ پر جارحہ محال ہے یعنی اللہ تعالیٰ پر عضو کا اطلاق محال ہے۔

اِستواء الٰہی

استواء کا اطلاق بھی استقرار وقصد اور استیلاء پر ہوتا ہے اور استقرار یعنی قرار پکڑنا جسموں کی صفات سے ہے۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ پر قرار پکڑنا جائز نہیں مگر جب ثبوت اور قصد کی وجہ پر ہوگا اور یہ ثبوت اور قصد اُس کا ارادہ فرمانا ہے جب کہ یہ امر صفاتِ کمال سے ہے فرمایا! پھر آسمانوں کی طرف اِستویٰ فرمایا یعنی عرش پر قصد واستویٰ کیا یعنی عرش پر غالب آیا۔

قد استوی بشر علی العراق

من غیر سیف ودم مهراق

بے شک بشر نے بغیر تلوار اور خون بہانے کے عراق پر غلبہ حاصل کرلیا۔

اس سلسلہ میں بہت سی اخبار وآیات ہیں جن میں صحیح اور سقیم ہیں اور اُن میں سے کوئی خبر ایسی نہیں جس کے لئے وجوہِ تنزیہہ سے کوئی وجہ نہ ہو۔

اگر تو چاہتا ہے کہ یہ تجھ پر قریب ہو تو اُس لفظ کی طرف اعتماد کر جس میں تشبیہہ کا وہم ہوتا ہے اور اُس کی رُوح اور فائدہ کو لے یا اُسے دیکھ جو اُس سے ہوگا۔ پس اُسے حق الحق میں مقرر کرتے ہوئے تنزیہہ کے درجہ کے ساتھ فائز ہوگے جب کہ

www.maktabah.org

تیرے علاوہ تشبیہہ کا ادراک کرے گا"

پس ایسے ہی کر اور اپنے کپڑے کو پاک کر یعنی دامن سمیٹ لے اور ان خبروں سے اسی پر اکتفا کر اس لئے کہ یہ باب طویل ہو گیا ہے"

اِن تشبیہوں سے کیا مُراد ہے

جب مُتعجب اُس کی صُورت پر خارج ہونے والے امُور پر تعجب کرتے ہُوئے اپنے دِل میں مخالف ہُوا تو پاکیزہ رُوح نے نفسِ دِل میں پھونکا کہ !

فرحت اُس کے وجود کے ساتھ ہے .

ہنسی اُس کے شہُود سے ہے .

غضب اُس کی تولیّت کے لئے ہے .

بشاشت اُس کے نزُول کے لئے ہے .

بُھلا دینا اُس کا ظاہر ہے۔

تنفّس کا اطلاق اُس کا مواخر ہے .

بادشاہی پر ثابت قدمی اپنی سلطنت میں تقدیر کا حکم نافذ کرنا ہے ۔

پس جو اُس نے چاہا ہُوا، لَوٹنا یعنی آخرت اللہ تعالیٰ کی طرف ہے . یہ ارواح اکیلی ہیں اشباح اِن کی نسبت کے منتظر ہیں .

جب تو میقات یعنی میدانِ حشر میں پہنچے گا اوقات لُوٹ جائیں گے۔

آسمان سمیٹ دیئے جائیں گے ۔

سُورج کو لپیٹ دیا جائے گا ۔

زمین تبدیل ہو جائے گی۔

ستارے دُھندلا جائیں گے۔

www.maktabah.org

امور منتقل ہو جائیں گے اور ... آخرت کا ظہور ہو جائے گا۔
انسان وغیرہ کا حشر گڑھوں میں ہوگا۔ اُس وقت اجسام حمد بیان کریں گے اور
رُوحیں سانس لیں گی یعنی جسموں میں داخل ہو جائیں گی"
کھولنے والا تجلّی باہر ہوگا۔
چراغ روشن ہو جائے گا"
راحتیں روشنی بکھیریں گی۔
محبتِ و مَوَدّت پوشیدگی کے بعد ظاہر ہو جائے گی۔
گڑگڑانا زائل ہو جائے گا۔
بازو اور پر پھڑپھڑائیں گے۔
رات کے پہلے حصّہ سے صبح تک ہمارے گھر مقابر سے ساتھ ہونگے
تو اُس کی منزل کیا ہی درخشاں ہوگی اور یہ حالت نفوسِ کاملہ
کی پسندیدہ ہوگی تو اللہ تعالیٰ ہمیں اِس .... سے
فائدہ عطا فرمائے گا۔

تیسرا باب ختم ہُوا!
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۵

www.maktabah.org

باب چہارم

تمام عالم سے اسمار حسنیٰ کے مراتب اور نشاۃ عالم کے سبب کا بیان

فِی سبَبِ البدءِ وَ احکامِہ — وَغایت الصنع وَ اُحکامِہ
والمفرق مابین رعاۃ العلیٰ — فِی نشئہ وبین حَکامِہ
دلائل دلت علیٰ صانِع — قد قہر الکل بِاَحکامِہ

نشاۃِ عالم اور احکامِ الٰہی کے سبب اور خدا کی انتہائی صنعت اور اس کے استحکام میں۔

اس کی نشاۃ و حکام اور اعلیٰ و رعایا کے درمیان فرق میں دلائل صانع پر دلالت کرتے جس نے سب کو احکام کا تابع اور مغلوب کر رکھا ہے۔

دوستوں کی خواہش

ہمارا پیارا دوست اللہ اُسے باقی رکھے نشاۃ و پیدائش عالم کے بارے میں ہماری کتاب "عنقا مغرب فی ختم الاولیا" "شمس المغرب" اور "انشا الدوائر" میں واقف ہو چکا ہے جس کا کچھ حصّہ ہم نے ۵۹۸ھ میں آپ کی زیارت کے وقت آپ کے بیت الکریم میں تالیف کیا تھا۔

اُس وقت ہم حج کے لئے جا رہے تھے اور آپ کے خدمت گار عبدالجبار، خدا اُس کو عزت دے، نے اُس تالیف کو نقل کر لیا تھا اور اُسی سال اَصل نسخہ میں مکۃ مکرمہ زاد اللہ تشریفاً میں اپنے ساتھ لے آیا تاکہ اُسے پورا کروں۔

www.maktabah.org

مکہ معظمہ میں آکر امر الٰہی کے باعث ہم اس کتاب "فتوحاتِ مکیہ" کی تالیف میں مشغول ہو گئے اور پہلی کتب کو پورا نہ کر سکے کیونکہ ہمارے بھائیوں اور فقراء جو علم کی زیادتی کے طالب تھے، نے ہمیں رغبت دلائی کہ اس بیتِ مبارک شریف اور محلِ برکات وہدایت اور آیات بیّنات سے ان پر جو امور وارد ہوتے ہیں میں انہیں رقم کروں اور ان موضوعات کو بھی اپنے بزرگ دوست ابو محمد عبدالعزیز" خدا اس پر راضی ہو" کے سامنے لاؤں اور مکہ معظمہ کے وسیلہ سے حاصل ہونے والی برکتوں سے انہیں رُوشناس کراؤں۔

چونکہ مکہ معظمہ عبادت کا بہترین وسیلہ اور عالمِ جمادات وخاک میں زیادہ شرف والا ہے۔ اس لئے میری خواہش ہے کہ میرے" ان بیانات" سے آپ کو آپ ہمتِ شوق اس طرف اُبھارے اور آپ مزید رغبت کے ساتھ مکہ معظمہ کو اپنی منزل بنائیں۔ اس لئے کہ صاحبِ جامع کلمات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باوجود قُربتِ قابَ قوسین سے بھی قریب تر قُربت کے اور اپنے پروردگار کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرنے اور اس تقریبِ اکمل اور وافر حصہ کے آپ کو ارشادِ ربانی ہوا "قُل رَّبِّ زِدْنِی عِلْماً" یعنی اے میرے پروردگار میرا علم زیادہ فرما۔

مکانوں کی تاثیریں

مقامات ومشاہدِ غیبیہ کو دیکھنے والے عالم کے لئے شرط ہے کہ وہ لطیف قلوب میں مکانوں کی تاثیر کا علم رکھتا ہو اور جونسا مکان بھی ہو اس کا دل اس کے وجود کی تاثیر کو عام طور پر پا لیتا ہے تو مکہ معظمہ زاد اللہ تشریفاً میں اس کا وجود زیادہ روشن اور کامل ہے، جس طرح منازلِ روحانیہ گھٹتی بڑھتی ہیں ایسے ہی منازلِ جسمانیہ میں کمی بیشی ہوتی ہے اور صاحبِ حال کے علاوہ" دوسروں کی نظر میں مدتی

www.maktabah.org

اور پتھر برابر نہیں ہوتے

رہا وہ صاحبِ حال جو کامل و مکمل ہے تو وہ دونوں کے درمیان تمیز کر لیتا ہے جیسا کہ حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان امتیاز رکھا ہے۔ کیا مٹی کی اینٹوں اور گھاس پھوس سے تیار کئے گئے گھر کو اور سونے چاندی کی اینٹوں سے تعمیر کئے گئے گھر کو حق تعالیٰ سبحانہٗ برابر فرما دے گا۔ پس حکمت والا واصل وہ ہے جو ہر حقدار کو اُس کا حق عطا کرے تو یہ صاحبِ وقت و زمانہ ایک ہی ہوتا ہے جو ہر حق دار کا حق ادا کرے۔ اور بہت سے شہروں میں اکثر عمارتوں کی بنیاد خواہشات پر رکھی جاتی ہے اور بہت سے شہروں میں اکثر عمارتیں روشن دلیلوں پر تعمیر ہوتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ میرے دوست کو باقی رکھے کیا وہ مجھ سے اس امر میں اتفاق کرے گا کہ ہمارے قلوب کچھ مقامات میں دوسرے مقامات سے زیادہ پاتے ہیں اور اللہ اُس پر راضی ہو جبھی تو منارہ کے گھروں میں اپنے خلوت کدے سے تیونس کے مشرق کی طرف وہ ساحلِ سمندر کے اُس گھر میں تخلیہ فرمانے لگے جو منارہ کے دروازہ کی جہت سے منارہ کے قریبی قبرستان میں واقع ہے اور یہ کٹیا حضرت خضر علیہ السلام کی رہائش گاہ کہلاتی ہے۔ چنانچہ جب میں نے اُن سے اس تبدیلی کا سبب پوچھا تو انہوں نے کہا میرا دل یہاں اس سے زیادہ وجدان حاصل کرتا ہے جتنا منارہ میں کرتا تھا تو میرا بھی یہی حال ہے جو شیخ نے فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ میرے دوست کو باقی رکھے اُسے معلوم ہے کہ اُس مقام میں یہ اثر بزرگ فرشتوں یا سچے جنوں کے ٹھکانے کی وجہ سے زیادہ ہوتا ہے یا اُس جگہ رہنے والے کی ہمت کی بنا پر ہوتا ہے۔

جیسا کہ حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ کے گھر کو بیت الابرار کہا جاتا ہے اور "سلطان الطائفہ" حضرت جُنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے خلوت کدے کا گوشہ شونیزیہ میں

www.maktabah.org

اور حضرت ابراہیم اَدھم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا غار تمن میں پایا جاتا ہے. چنانچہ اِس دُنیا سے نقل مکانی کر جانے والے صالحین کے مکانوں میں اُن کے آثار باقی رہتے ہیں جن کی تاثیر سے لطیف قلوب بہرہ مند ہوتے ہیں.

اِس لئے وجودِ قلب میں مسجدوں میں تفاضل لَوٹتا ہے نہ کہ ثواب کی زیادتی ہوتی ہے، تو یقیناً کبھی کبھی آپ کا دل ایک مسجد میں دوسری مسجدوں سے زیادہ حظ حاصل کرتا ہے تو یہ مٹی کی وجہ سے نہیں بلکہ مٹی پر بیٹھنے والوں کی وجہ سے یا اُن کی ہمتوں کی بنا پر ہوتا ہے اور جو شخص اپنی وجدانِ قلبی میں بازار اور مسجد کے درمیان فرق نہیں پاتا وہ صاحبِ حال ہے نہ کہ صاحبِ مقام. مجھے کشفاً اور علماً کچھ شک نہیں کہ اگرچہ فرشتے تمام زمین پر رہائش پذیر ہیں مگر باوجود اس کے اُن کے معارف و مراتب میں تفاضل ہے. چنانچہ مسجد حرام میں رہائش پذیر ملائکہ دوسروں سے بلند مرتبہ اور علم و معرفت میں بڑی منزلت والے ہیں اور آپ کا وِجدان آپ کے ساتھ بیٹھنے والے کی شان کے مطابق ہوگا. کیونکہ ہم جلیس کے دِل میں اُس کے ساتھ بیٹھنے والوں کی ہمتوں کا اثر ہوتا ہے اور اُن کی ہمتیں اور تاثیر اُن کے مرتبوں کے مطابق ہوتی ہیں.

اور اگر ہمت کی جہت سے دیکھیں تو اس بیت الحرام کا طواف اولیائے عظام کے علاوہ ایک لاکھ چوبیس ہزار (۱۲۴۰۰۰) انبیائے کرام نے کیا ہے اور انبیاء و اولیاء میں سے ہر ایک نے اِس پاک گھر اور پاک شہر کے ساتھ اپنی ہمت کا تعلق رکھا ہے. کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اِس گھر کو تمام گھروں پر پسند کیا ہے اور اس کے لئے عبادت گاہوں میں اوّلیت کا راز ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّ ھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ o فِیْہِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰھِیْمَ وَمَنْ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا (آل عمران آیت ۹۶)

بے شک لوگوں کی عبادت کا جو سب سے پہلا گھر مقرر ہوا وہ برکت والے مکّہ میں ہے اور وہ سارے جہان کا رہنما ہے. اس میں کُھلی نشانیاں ہیں. ابراہیمؑ کے کھڑے ہونے کی جگہ اور جو اُس میں آئے ہر خوف سے امان میں آ گئے.

www.maktabah.org

بیت اللہ شریف کی طرف آؤ

میرے دوست اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو باقی رکھے۔ اُن معارف و زیادت کے حصول کے لئے بلدِ حرام شریف کی طرف روانہ ہو جائیں جو آپ نے اس سے پہلے نہیں دیکھے اور نہ اُن کے لئے آپ کے دِل میں خیال ہوا اللہ تعالیٰ آ ۔ سے راضی ہو۔ آپ کو علم ہے کہ نفس کا حشر علمی صُورت پر اور جسم کا حشر عملی صُورت پر ہوگا اور مکّہ معظمہ میں دوسری جگہ کی نسبت علم و عمل کی صورت تمام و کمال ہے۔

اگر صاحبِ دل ایک ساعت کے لئے مکّہ معظمہ میں داخل ہو تو وہ بھی اِسے جانتا لیتا ہے اور جو شخص اس کا مجاور بن کر کھڑا ہے اور تمام فرائض و قواعد کو بجا لاتا ہے اُس کا کیا حال ہوگا۔ یقیناً مجاورِ کعبہ کا مشاہدہ کامل اور روشن تر ہوتا ہے۔ اُس کا نور مُصفّا اور لذیذ و شیریں ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو باقی رکھے۔ آپ نے مجھے بتایا ہے کہ مَیں اماکن وامزجہ کی کمی بیشی کو محسوس کر لیتا ہُوں، اور آپ کو علم ہے کہ یہ اَمر اُن اماکن کے مکینوں کی حقیقت اور اُن کی ہمّت کی طرف لَوٹتا ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

ہمارے نزدیک اِس میں کچھ شُبہ نہیں کہ اِس فن کی معرفت یعنی اماکن کا علم ہونا اور تمام تمکّن کی کمی بیشی کا احساس عارف کی معرفت، اُس کے مقام کی بلندی، اشیاء پر اُس کی واقفیت اور اُس کی امتیاز کرنے کی قوّت پر دلالت کرتا ہے جو اُسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے عطا فرماتے ہیں، اللہ تبارک و تعالیٰ میرے دوست کو اِس میں اچھے اثرات اور پاکیزہ خیر عطا فرمائے کیونکہ وہی اِس کا سرچشمہ اور اِس پر قادر ہے۔

ہم ابتداءِ عالم کو کیسے جانتے ہیں

اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اد

www.maktabah.org

تمام مسلمانوں کو توفیق عطا فرمائے جاننا چاہیئے کہ اہلِ کشف و حقائق سے اکثر علمائے ربانیین کے نزدیک ابتدائے عالم کے سبب کو جاننا سوائے اُس علمِ قدیم کے تعلق کے نہیں جو اُس نے ایجاد فرمایا۔ اور اُس نے وہی پیدا فرمایا جس کا اُسے علم تھا، یہاں پہنچ کر اکثر لوگوں کے علم کی انتہا ہو جاتی ہے۔ چنانچہ اُن کے نزدیک اِس کے علاوہ پیدائشِ عالم کے سبب کا کوئی علم نہیں۔

مگر ہم اور وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہماری طرح اس علم پر اطلاع دی ہے اور وہ اِن کے علاوہ دوسرے امور پر واقفیت رکھتے ہیں۔ اور وُہ امر یہ ہے کہ جب آپ عالم کو اُس کے حقائق اور اُس کی نسبت سے تفصیلاً دیکھیں گے تو اُسے اُن حقائق اور نسبتوں میں محصُور پاؤ گے جس کے منازل و مراتب معلوم ہیں اور متماثل و مختلف محدود اجناس کے درمیان ہیں۔

جب آپ اِس امر سے واقف ہو جائیں تو جان لیں کہ اس کا ایسا سِر لطیف اور امرِ عجیب ہے جس کی حقیقت کو دقیق فکر و نظر سے نہیں دیکھا جا سکتا۔ بلکہ یہ عِلم اللہ تبارک و تعالیٰ کے عطا فرمودہ علومِ کشفیہ اور صاحبانِ ہمت کے مجاہدات کے نتائج سے بر آمد ہو گا۔ کیونکہ جو مجاہدہ بغیر ہمت کے ہو گا اُس کا نہ تو کچھ نتیجہ بر آمد ہو گا اور نہ ہی وہ علم میں مؤثر ہے۔ لیکن رِقت و صفا سے حال میں اثرات مرتّب کرتا ہے جسے مجاہدہ کرنے والا پا لیتا ہے۔

جاننا چاہیئے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ سرائرِ حکم اور جوامع کلم کا علم عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ جو گنتی کے لحاظ سے اسماء کے اُوپر پہنچتے ہیں اور اسمائے حمد کے علاوہ سعادت کے لحاظ سے نیچے ہوتے ہیں۔ وُہی اِس عالم میں اثرات مرتّب کرتے ہیں اور یہی اِس جہان کی پہلی کُنجیاں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

www.maktabah.org

ہر حقیقت کا ایک اسم ہے

ہر حقیقت کے لئے ایک اسم ہے جو اسماء سے اُسی کے لئے مختص ہے حقیقت کا مطلب وہ حقیقت ہے جو مختلف حقائق جمع کر کے ایک جنس بنا دیتی ہے۔ اِس حقیقت کا رَب وہ اسم ہوتا ہے اور یہ حقیقت اُس اسم کی عبادت کرتی ہے۔ اِس کے علاوہ اِس کے تکلف کے نیچے اور کچھ نہیں ہوتا۔ اور اگر آپ کے لئے کوئی اشیائے کثیرہ کو جمع کر لے تو یہ وہ امر نہیں جو آپ کے گمان میں ہے۔ کیونکہ اگر آپ اُس کی طرف دیکھیں گے تو اُس چیز کے لئے کئی وجہیں پائیں گے جو اُن اسماؔ کے مقابلہ میں اُس پر دلالت کرتی ہیں اور یہی وہ حقائق ہیں جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اور اس کی وہی مثال ہے جو آپ کے لئے اس علم میں ثابت کی جا چکی ہے۔ جو ظاہر عقلوں میں موجود ہے اور ہر موجود کے حق میں اُس کے تحت ایک نہ تقسیم ہونے والا فرد ہے جو ہر اُس جُزو کی طرح ہے جو تقسیم نہیں ہوتا۔ کیونکہ اِس میں متعدد حقائق ہیں۔ جو اپنی گنتی پر اسمائے الٰہیہ کو طلب کرتے ہیں۔ پس اُس کے ایجاد کی حقیقت اسم قادر کو طلب کرتی ہے اور اُس کے احکام کی وجہ اسم عالم کو طلب کرتی ہے اور اُس کے اختصاص کی وجہ اسم مُرید کو طلب کرتی ہے اور اُس کے ظہور کی وجہ اسم بصیر اور رائے وغیرہ کو طلب کرتی ہے۔ یہ اگرچہ ایک ہی فرد ہے مگر اس کی وجوہ وغیرہ بہت سی ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا۔ ہر ایک وجہ کے لئے متعدد وجوہ ہیں جو اپنے حسب حال اسمار کی طالب ہیں اور یہ وہی حقائق ہیں جو ہمارے نزدیک دوسرے ہیں اور اِن پر واقفیت حاصل کرنا بہت مشکل ہے اور ان کا کشف کے طریق پر حاصل کرنا اور بھی مشکل ہے۔

www.maktabah.org

اُمّہاتِ اسماء کو دیکھیں

جاننا چاہیئے کہ جب ہمیں اِن اسماء کا علم ہُوا تو اُن کی کثرت کی بناء پر ترک کر دیا اور اُس کے لئے عالم سے طالب علموں کے وجوہ کا ملاحظہ کیا۔ جب اِس کا ملاحظہ نہیں کریں گے تو اُمّہات المطالب کے ملاحظہ کی طرف لوٹ جائیں جس سے ہم مستغنی نہیں ہو سکتے۔ پس جان لیں کہ اسماء وہی اُمّہات ہیں جو اِس پر موقوف ہیں اور وہ بھی اُمّہات الاسماء ہیں۔ پس نظر آسان ہو جائے گی اور غایت پُوری ہو جائے گی اور اِن اُمّہات سے بنات کی طرف لوٹنا آسان ہو جائے گا۔ جیسا کہ بنات کا اُمّہات کی طرف لوٹ آنا آسان ہے۔

اسماء سبعہ

جب آپ عالمِ علوی اور سفلی میں تمام معلوم اشیاء کو دیکھیں گے تو اصحابِ علم کلام کے نزدیک صفاتِ سبعہ سے تعبیر کئے جانے والے سات اسماء کو پاؤ گے جو اِس کے ضمن میں ہیں اور جن کا ذکر ہم نے اپنی "انشاء الدوائر" نامی کتاب میں کیا ہے۔ اِن اُمّہات سبعہ کا جو صفات سے تعبیر کی جاتی ہیں کا اس کتاب میں ذکر کرنا ہماری غرض نہیں۔ ولیکن ہمارا ارادہ اُن اُمّہات کو بیان کرنا ہے جو اِن سے ایجادِ عالم کے لئے ضروری ہیں۔

جیسا کہ ہم حق سبحانہٗ تعالیٰ کی معرفت سے عقلوں کے دلائل میں محتاج نہیں۔ مگر ہم اُس کے عالم، مُرید، قادر اور حیّ ہونے میں اس کے علاوہ دلائل کی احتیاج رکھتے ہیں۔ جو اِس پر زائد ہیں تو بے شک وہ تکلیف کا مقتضی ہے۔

پس اس کا رسُول علیہ السلام آتا ہے تو ہم اُس کا متکلم ہونا مقرّر کر

www.maktabah.org

لیتے ہیں اور مکلّف ہونے سے اُس کے سمیع و بصیر وغیرہ اسمآ کو جان لیتے ہیں۔ چنانچہ وہ جو وجودِ عالم کے لئے معرفتِ اسماء سے اُس کی طرف محتاج ہیں۔ وہی ارباب الاسمآ ہیں۔ اور جو اِن اسماء کے علاوہ ہیں وہ اُن کے خادم ہیں جیسا کہ ان اِرباب میں سے بعض ایک دوسرے کے خادم ہیں۔

اُمّہاتِ اسماء کی مزید تشریح

اُمّہاتِ اسماء حیّ، عالم، مُرید، قادر، قائل، جوّاد اور مقسط ہیں اور یہی اسماء مدبّر اور مفصّل دونوں اسماء کی بنات ہیں۔ پس حیّ آپ کی پیدائش کے بعد اور پہلے آپ کی عقل کا اثبات کرتا ہے، عالم آپ کے وجود میں آپ سے احکام کو ثابت کرتا ہے اور آپ کے وجود سے پہلے آپ کی تقدیر کو ثابت کرتا ہے۔ مُرید آپ کے اختصاص کا اثبات کرتا ہے، قادر آپ کے عدم کو ثابت کرتا ہے قائل آپ کے قِدم کو ثابت کرتا ہے، جوّاد آپ کی ایجاد کو ثابت کرتا ہے اور مقسط آپ کے مرتبے کو ثابت کرتا ہے اور مرتبہ وجود کی منزلوں کی آخری منزل ہے۔

یہ وہ حقائق ہیں جن کا وجود اِن اسمائے الٰہیہ سے لازم ہے۔ جو اِن کے ارباب ہیں پس حیّ ربّ الارباب و مربوبین ہے اور وہ امام ہے اور وہ عالم کے رُتبہ میں مِلا ہُوا ہے۔ اور عالم مُرید سے نیچے کی طرف مِلا ہُوا ہے۔ مُرید قائل سے نیچے ملا ہُوا ہے۔ قائل قادر سے نیچے کی طرف مِلا ہُوا ہے اور قادر جوّاد سے نیچے ملتی ہے۔ اور اِن کے آخر میں مقسط ہے تو بے شک یہ ربِّ مراتب ہے اور یہی منازلِ وجود میں آخری ہے۔

ایجادِ عالم کا سبب اسمآ ہیں

باقی اسماء ان اُمّہ اربابِ اسمآ کے تحت

www.maktabah.org

اطاعت گذار ہیں۔

ایجادِ عالم میں ان اسماء کی اسم اللہ کی طرف توجہ کا باعث یہ ہیں اور باقی اسمائ بھی اپنے حقائق سمیت انہی امور کے طالب ہیں اور سوائے عالم نظری کے اسماء کے یہ چار امام ہیں۔

حیؔ۱، متکلم۲، سمیع۳، بصیر۴

کیونکہ جب اس نے اپنا کلام سن کر اپنی ذات سے کہا تو عالم کی طرف نظر کے علاوہ اس کا وجود اپنی ذات میں کامل تھا۔ اِن اسماء سے ہماری مُراد تو وہ اسم ہیں جو اس عالم کے وجود کے قیام کا باعث ہیں۔

ہمارے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کے بہت سے اسماء ہیں جن میں سے اربابِ اسمائ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ چنانچہ ہم اُن کے حضرات میں داخل ہوئے تو اُن کے سوا کسی کو نہ دیکھا اور جو ہم نے دیکھا اُسے ظاہر کر دیا۔

علاوہ ازیں باقی اسماء ہمارے اعیان کی پیدائش میں اربابِ اسمائ کو اسم اللہ کی طرف متوجہ کرنے کا سبب ہیں۔ اس عالم کو طلب کرنے کے لئے جو پہلے اسم قائم ہوئے وہ مدبّر و مفصّل ہیں۔

یہ اسم جب کسی چیز پر توجہ کے وقت اسم ملک سے سوال کرتا ہے تو نفسِ عالم میں پہلے عدم کے علاوہ اُسے مثالی وجود پیدا کرتا ہے لیکن یہ اوّلیت مرتبہ کی ہے وجود کا تقدّم نہیں جیسا کہ طلوعِ آفتاب کا تقدم دِن کے تقدّم پر دلالت کرتا ہے، اگرچہ دن کی اوّلیت آفتاب کے طلوع سے ملحق ہے، لیکن طلوعِ آفتاب کا سبب دن کا اوّل حصّہ ہے اور طلوعِ آفتاب کا وجود دِن کے پہلے حصّے سے ملا ہوا ہے ایسے ہی یہ وہ اَمر ہے جب مدبّر و مفصّل دونوں اسماء ہیں۔ پہلے جہل اور عدمِ عالم کے بغیر عالم کو پیدا کیا اور نفسِ عالم میں مثالی صورت پیدا کی۔ اس وقت

www.maktabah.org

اسمِ عالم کا تعلق اسمِ مثال کے ساتھ ہو گیا جیسا کہ اُس کا اُس صُورت سے تعلق ہُوا جس سے وہ ماخوذ ہے اگرچہ وہ صُورت موجود نہ ہونے کی بنا پر غیر مرئی تھی۔ ہم اِسے اُس باب میں بیان کریں گے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ عالم کِس چیز سے پیدا ہُوا ہے۔

چنانچہ اسمارِ عالم سے پہلے یہی دونوں اسم ہیں، اسمِ مُدبّر وہ ہے جو مقدّر پیدا کرنے کے وقت محقّق ہُوا۔ اِس کے ساتھ اسمِ مُرید کا تعلّق اُس حد پر ہُوا جو اسمِ مُدبّر نے ظاہر کی چنانچہ اِن دونوں اسماء نے اِس مثال کے پیدا ہوتے میں سِوائے دوسرے اسمار میں شریک ہونے کے کوئی عمل نہیں کیا و لیکن یہ پیدائش دونوں اسموں کے پردے کے پیچھے سے ظہُور میں آتی ہے۔ اس لئے اِن دونوں کی امامت درُست ہے اور دوسروں نے اس کا شعُور نہ کیا یہاں تک کہ مثالی صُورت پیدا ہُوئی تو اُس میں اُن حقائقِ مناسبہ کو دیکھا جو اُنہیں اس کے ساتھ اپنے ساتھ عشق میں جذب کرتے تھے۔ پس ہر اسم اپنی مثالی حقیقت پر عاشق ہونے لگا و لیکن اس میں اپنی تاثیر پر قادر نہ ہو سکا۔ کیونکہ وہ حضرت یہ مثال عطا نہیں کرتا جس میں اُس کی تجلّی ہے۔

چنانچہ عشق و محبّت کے اِس تعلّق نے اُن میں اُس مثالی وجود کو پیدا کرنے کی کوشش اور طلب و رغبت پیدا کر دی۔ تاکہ اُن کا غلبہ ظاہر ہو جاتے۔ پس دونوں کی عزیز سے بڑی کوئی چیز نہیں عزیز کا اُس پر غلبہ نہ پایا یہاں تک کہ جو اُس کے غلبے کے تحت ہے۔ پس جو اُس کے غِنا کی طرف محتاج نہ پایا گیا۔ اُس پر اُس کے عزّ و غِنا کا تسلّط درُست ہے۔ یہی حال تمام اسمار کا ہے۔

پھر اُنہوں نے اپنے اَئمہ اربابِ سبعہ کی طرف التجا کی جن کا ہم نے پہلے ذِکر کیا ہے اور جو اُنہیں اُس مثال کی عین پیدا کرنے کے لئے راغب کر رہے

www.maktabah.org

تھے جیسے اُنہوں نے اُس کے ساتھ ذاتِ عالم میں دیکھا تھا اور جیسے عالم سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

حقیقتِ اسماء

بسا اوقات کہنے والا کہتا ہے۔ اے محقق اِس مثال کو یہ اسماء کیسے دیکھ سکتے ہیں؟ اور اِسے سوائے اسمِ بصیر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ ہر اسم اِس حقیقت پر قائم ہے جس پر دوسرا اسم نہیں، ہم نے یہ اس لئے کہا ہے کہ آپ اِسے جان لیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے، ہر اسمِ الٰہی تمام اسماء کو متضمن ہے، اُس کا ہر اسم اپنے اُفق میں تمام تر اسماً کے ساتھ تعریف کیا جاتا ہے، ہر اسم اپنے اُفق و علم میں حیّی، قادر، سمیع، بصیر اور متکلم ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو وہ اپنے عابد کا رب کیسے درست ہوگا، ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔

علاوہ ازیں آپ یہ ایک ناقابلِ فہم لطیفہ قطعی طور پر جان لیں کہ گندم اور اُس جیسے غلّہ وغیرہ کے دانوں میں وہ حقائق موجود ہیں جو اُس کی جنس کے دوسرے دانے میں ہوتے ہیں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اگرچہ اُن میں اُس کی مثل حقائق شامل ہیں مگر یہ دانے اُس دانے کی عین نہیں ہوتے اِس لئے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کی مثل ہوتے ہیں۔

آپ اُس حقیقت کی تلاش و جستجو کریں جس سے آپ اِن دونوں میں تفریق کر سکیں، جب آپ جان لیں گے تو خود کہیں گے کہ یہ دانہ و حقیقت دوسرے دانہ و حقیقت کی عین نہیں۔ چنانچہ یہ امر اِس کے ساتھ مثلیّت کی وجہ سے تمام مماثلات میں سرایت کر گئے ہیں جیسا کہ اسماً ہیں اور ہر اسم تمام اسماء کے حقائق کا جامع ہے۔

www.maktabah.org

پھر آپ قطعیّت کے ساتھ جان لیں کہ گندم کے دانوں اور دیگر تمام مماثلتوں کے بارے میں بیان کردہ لطیفہ کے مطابق ایک اسم دوسرے اسم کا عین نہیں، اس معنیٰ و مفہوم کو آپ ذِکر کے ساتھ تلاش کریں تو جان لیں گے فکر کے ساتھ نہیں۔ اِس کے علاوہ میری خواہش ہے کہ آپ کو اُس حقیقت سے واقف کراؤں جسے متقدمین سے کسی نے بیان نہیں کیا۔ مَیں اس کے ساتھ مختص ہوں اور کسی دُوسرے کو اس پر اطلاع نہیں اور مَیں نہیں جانتا کہ اُس حضرت سے میرے بعد کسی کو اس حقیقت کا علم دیا جائے جس سے مجھے دیا گیا ہے۔

سر آمد روزگارے ایں فقیرے
دِگر دانائے راز آید کہ نا آید

چنانچہ جو شخص بھی میری کتاب سے اُسے پڑھے گا یا سمجھے گا تو مَیں اُس کا معلّم قرار پاؤں گا، رہے متقدّمین تو اُنہوں نے اس حقیقت کو نہیں پایا۔

جیسا کہ ہم نے مقرّر کیا ہے کہ ہر اسم تمام اسماء کے حقائق کے ساتھ مع اُس لطیفہ کے اُن حقائق پر حاوی ہے جس سے آپ دو مِثلوں کے درمیان امتیاز کرتے ہیں۔

اسمِ مُنعِم اور اسمِ مُعذّب دونوں ظاہر اور باطن ہیں اِن میں سے اوّل تا آخر ہر ایک اپنے خادم پر حاوی ہے۔ علاوہ ازیں اربابِ اسماء اور جو دوسرے اسم ہیں اُن کے تین مرتبے ہیں۔

۱:۔ اِن میں سے بعض اربابِ اسماء کے درجہ سے ملے ہوتے ہیں۔

۲:۔ بعض کو صرف ایک درجہ کے ساتھ انفرادیت حاصل ہے۔

۳:۔ بعض اِن میں مُنعِم اور مُعذّب کے درجہ کے ساتھ منفرد ہیں، پس یہ اسمائے عالم کے محصور ہیں اور اللہ ہی مدد فرماتا ہے۔

www.maktabah.org

جب تمام اسماء نے آئمہ اسماء کی طرف اور آئمہ اسماء نے اسمِ اللہ کی طرف اور اسمِ اللہ نے اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف التجا کی۔ اس لئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات مستغنی ہے تو اسمِ اللہ نے اُس سے اپنی حاجت بیان کی جس کا اسمِ اللہ سے دوسرے اسماء نے سوال کیا تھا۔

پس احسان فرمانے والے جوّاد اور سخی نے اس کے ساتھ اُن پر انعام فرمایا اور اسمِ اللہ سے فرمایا کہ آئمہ اسماء سے کہہ دے کہ جو تمہیں حقائق عطا کئے ہیں اُن کے ساتھ ظہورِ عالم کے لئے تعلق پیدا کر لیں۔ چنانچہ اسمِ اللہ نے اُن کی طرف نکل کر انہیں بتایا تو وہ شاد باد اور خوش ہو کر لوٹ گئے اور ہمیشہ اسی حالت پر رہتے ہوئے اُس حضرت کی طرف جس کا ذکر میں نے اس کتاب کے چھٹے باب میں کیا ہے دیکھا، وجودِ عالم کا ظہور انہی اسماء سے ہوا ہے، اس کا ذکر انشاءاللہ آئندہ ابواب میں آئے گا۔ اور اللہ ہی حق کہتا اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

باب چہارم تمام ہوا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

www.maktabah.org

باب پنجم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اور سورہ فاتحہ کے اسرار کی معرفت کا مختصر بیان

بسملة الاسماء ذو منظرين	ما بين ابقاء وأفناء عين
الا بمن قالت لمن حين ما	خافت على النمل من الحطمتين
فقال من أضحكه قولها	هل أثر يطلب من بعد عين
يا نفس يا نفس استقيمي فقد	عاينت من غلتنا القبضتين
وهكذا في الحمد فاستثنها	ان شئت ان تنعم بالجنتين
احداهما من عسجد مشرق	جنتها وأختها من لجين
يا أم قرآن العلى هل ترى	من جهة الفرقان للفرقتين
أمت لنا السبع المثاني التي	خص بها سيدنا دون مين
فانت مفتاح الهدى للنهى	وخص من عاداك بالفرقتين

وجود کے فنا کرنے اور باقی رکھنے کے درمیان اسماء کی بِسۡمِ اللّٰہ کی دو نظریں ہیں۔ مگر اس چیونٹی کی طرح نہیں جس نے روندے جانے کے خوف سے بلوں میں گھس جانے کے لئے کہا تھا۔ پس کہا کہ وہ حضرت سلیمانؑ چیونٹی کا کلام سن کر ہنس پڑے۔ کیا وجود کے بعد طلب کا نشان باقی رہتا ہے۔ اے نفس، اے نفس قائم ہو جا۔ یقیناً تو ہماری چیونٹی سے دو مٹھیاں دیکھ چکا ہے۔

اگر تو چاہتا ہے کہ دو جنتوں کی نعمت حاصل کر لے تو ایسے ہی اللّٰہ تعالیٰ کی حمد کو مستثنیٰ کر دے۔ دونوں جنتوں میں سے ایک چمک دار سونے کی اور دوسری چاندی کی ہے۔

www.maktabah.org

اے عالی شان اُمّ القرآن کیا تُو فرقان کی جہت سے دو فرقوں کو دکھتی ہے۔
تُو ہمارے لئے وہ سبع مثانی ہے جس کے ساتھ کذب کے بغیر ہمارا سردار مُختص ہُوا۔
تُو منکروں کے لئے ہدایت کی کُنجی ہے۔ نیز اُو دشمن دونوں کے فرق سے مُختص ہے۔

ابتداء عالم کیسے ہُوئی

ہمارا ارادہ ہے کہ وجُود کی معرفت اور عالم کی ابتداء کا ذکر شروع کریں اور وہ ہمارے نزدیک ایسا مصحفِ کبیر ہے جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں زبانِ حال میں پڑھ کر سُنایا جیسا کہ ہمارے نزدیک تلاوتِ قرآن قول سے ہے۔
عالم وجود منتشر کے ورق پر مخطوط مرقومہ حروف ہیں جس میں ہمیشہ کتابت ہوتی رہے گی اور کبھی منتہی نہیں ہوگی۔
اب جب کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی کتابِ عزیز کا آغاز فاتحۃ الکتاب سے کیا ہے اور یہ کتاب وہ عالم ہے جس پر ہماری گفتگو ہے تو ہم چاہتے ہیں کہ سُورہ فاتحہ کے اسرار سے آغازِ کلام کریں۔
بسم اللہ سُورت فاتحہ کی فاتحہ ہے اور سُورہ فاتحہ کی آیتِ اوّل ہے یا فاتحہ کے لئے اتنی ضروری ہے جتنی چوکھٹ، اگرچہ اس میں علماؒ کا اختلاف ہے تاہم ضروری ہے کہ بسم اللہ پر گفتگو کی جائے۔ علاوہ ازیں اللہ تبارک و تعالیٰ کے کلام سے خاص برکت حاصل کرنے کے لئے سُورہ بقرہ کی دو یا تین آیات پر بھی گفتگو ہوگی۔ پھر انشاءاللہ اُس کا باب آگے آئے گا۔ پیش ازیں ہم نے بیان کیا ہے کہ وجودِ عالم کا سبب اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسماء مبارک ہیں اور وہی اِس عالم پر مُسلّط اور مؤثر ہیں۔

www.maktabah.org

ہمارے نزدیک بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم خبر ہے جس کی ابتداء پوشیدہ ہے اور یہی عالم کی ابتداء اور اُس کا ظہور ہے۔ جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ظہورِ عالم ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے تین اسماء اللہ، رحمان اور رحیم ظہورِ عالم کے لئے مخصوص ہیں اس لئے کہ حقائق بھی یہی بتاتے ہیں۔

اللہ! یہ اسم تمام تر اسماء کا جامع ہے۔

رحمٰن! یہ صفت عام ہے۔ پس وہ اس کے ساتھ دُنیا و آخرت میں رحم فرمانے والا ہے۔ وہ دُنیا میں اس صفت کے ساتھ ہر چیز پر رحم کرتا ہے جبکہ آخرت میں اس کا قبضہ محض سعادت کے ساتھ مختص ہے۔ کیونکہ وہاں یہ اپنے قبیل سے منفرد ہوگی اور دُنیا میں اس کا امتزاج ہے۔ جیسا کہ ایک شخص کافر پیدا ہوتا ہے اور مومن مرتا ہے۔ یعنی کبھی عالمِ شہادت میں کافر پیدا ہوتا ہے اور کبھی اس کے بالعکس ہوتا ہے اور رسُولِ صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی خبروں کے مطابق دونوں قبضوں سے ایک کے ساتھ امتیاز کیا جاتا ہے۔

اسم رحیم ہر ایمان والے کے لئے دارِ آخرت کے ساتھ مخصوص آیا ہے اور جہان انہی تین اسماء کے ساتھ تمام ہوگیا۔ سب اسماء اجمالاً اسم اللہ میں اور تفصیلاً رحمٰن و رحیم دونوں اسماء میں ہیں جس کا ہم نے ذکر کیا۔ اس کی تحقیق کریں۔

ہم چاہتے ہیں کہ بسم اللہ اور سُورہ فاتحہ میں داخل بعض اسرار کو بیان کریں جیسا کہ ہم نے وعدہ کیا تھا۔

بِسمِ اللہ کی باء اور باء کا نقطہ

ہم کہتے ہیں کہ بسم کی باء نے وجُودِ عالم کو ظاہر کیا اور باء کے نقطہ کے ساتھ

www.maktabah.org

عابد اور معبود کی تمیز پیدا ہوئی۔

حضرتِ شبلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لوگوں نے پوچھا: "آپ شبلی ہیں؟"

اُنہوں نے کہا! میں وہ نقطہ ہوں جو تحت الباء ہے اور یہی ہمارا قول ہے کہ یہ تمیز کے لئے ہے اور وہ عبد کا وجود ہے جس کے ساتھ حقیقتِ عبودیت کا تقاضا ہوتا ہے۔

شیخ ابو مدین رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں۔ میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی مگر اُس پر باء لکھی ہوئی تھی، پس مقامِ جمع اور وجود میں حضرتِ حق سے باء کی موجودات کے لئے مصاحبت ہے یعنی میرے ساتھ ہر چیز قائم اور ظاہر ہے اور یہ عالم شہادت سے ہے اور یہ باء اُس ہمزۂ وصل کا بدل ہے جو باء کے داخل ہونے سے پہلے اسم میں موجود تھا اور اُس کی طرف احتیاج ہوتی ہے۔ کیونکہ ساکن حرف کے ساتھ گفتگو نہیں ہو سکتی۔

پس ہمزہ نے جو قدرتِ محرکہ کے ساتھ تعبیر ہوتا ہے وجود سے ایک عبارت کی خواہش کی تاکہ اُس کلام کو پہنچے جو ابداع سے ایجاد کیا گیا ہے اور ہمزہ ساکن پیدا کیا گیا ہے جو کہ عدم ہے اور یہ محدث کا وجود ہے جو پہلے نہ تھا اور پھر پیدا کیا گیا اور وہ محدث نہیں ہے جو ملک میں میم کے ساتھ داخل ہوا۔

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ "کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟"

قَالُوْا بَلٰی! اُنہوں نے کہا۔ "ہاں کیوں نہیں۔"

پس باء ہمزۂ وصل کا بدل ہو گئی۔ یعنی قدرتِ ازلیہ اور باء کی حرکت اُس ہمزہ کی حرکت ہو گئی جو باعثِ ایجاد ہے اور باء اور الف واصلہ کے درمیان تفریق ہو گئی۔ کیونکہ الف ذات کو اور باء صفت کو عطا کرتی ہے، یہی وجہ ہے کہ باء کے نیچے کا نقطہ عین ایجاد کے لئے الف سے زیادہ حق دار ہے اور یہی

www.maktabah.org

موجودات ہے۔ بار میں یہ تین انواع جمع ہیں۔

۱:۔ بار کی شکل۔

۲:۔ بار کے نیچے کا نقطہ۔

۳:۔ تینوں عوالم کی حرکات۔

جیساکہ وسطِ عالم میں توہم ہے۔ ایسے ہی بار کے نقطہ میں وہم ہے۔ بار ملکوتیہ، نقطہ جبروتیہ اور حرکت شہادتیہ ملکیہ ہے، جب کہ الف وہ محذوف ہے جو اُس کے بدل میں ہے۔ یہی حقیقت بالکل اللہ تبارک وتعالیٰ سے قائم ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمتوں سے ایک رحمت اس نقطہ کے پردہ میں رکھی ہے جو بار کے نیچے ہے۔ اس باب میں اسی حد پر اختصار ا اس مسئلہ کو اچھی طرح جان لیں۔

بسمِ اللہ کا الف

پھر ہم نے بسم کے الف کو اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ[1] اور بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا[2] کی بار اور سین کے درمیان ظاہر پایا اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں بار اور سین کے درمیان الف ظاہر نہیں، یعنی وہاں باسم ہے اور یہاں بسم ہے۔

اگر یہ الف باسم اللہ مجرٖیھا میں ظاہر نہ ہوتا تو کشتی رواں نہ ہوتی اور اور اگر باسم ربک میں ظاہر نہ ہوتا تو نہ اُس کی مثل کی حقیقت معلوم ہوتی اور نہ اپنی صورت کا مشاہدہ کرتی، پس خوابِ غفلت سے بیدار ہو کر اس پر غور کریں۔

اب جب کہ سورتوں کے شروع میں الف کا استعمال بکثرت ہو گیا تو اُس کے وجود اور مثال کے قائم ہونے کی بناء پر الف حذف ہو گیا۔ اب اُس کی مثل بار ہے جو سین کے لئے آئینہ بن گئی اور سین ایک مثال بن گیا۔ چنانچہ نظام ترکیب

---

[1] العلق آیت ۱ [2] ھود آیت ۴۱

www.maktabah.org

اس ترتیب پر ہے۔

یقیناً سین اور میم کے درمیان ظہور نہیں۔ کیونکہ وہ صفاتِ افعال اور تبدیلی کا مقام ہیں۔ اگر الف ظاہر ہوتا تو سین اور میم زائل ہو جاتے کیونکہ بار کی طرح اُس کی صفت تدیم کے لئے لازمی نہیں، اُن سے اِس کا اِخفاء اُن کے ساتھ رحمت ہے جب کہ یہ اُن کے وجُود کی بقا کا باعث ہے۔

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا
اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا [1]

اور بشر کے لائق نہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اُس سے کلام کرے۔ مگر وحی سے یا پردے کے پیچھے سے یا رسُول یعنی فرشتوں کو بھیج کر۔

اور وہ رسُول یہی بار و سین اور میم ہے جو تمام عالم کی طرح ہیں۔ پھر میم میں حدُوث کی مشابہت کے طریق پر زیر کا عمل ہے کیونکہ میم کا مقام عبُودیت ہے اور میم کو بار کی زیر نے اُس کی ذات کی معرفت اور اُس کی ذات کی حقیقت عطا کی ہے جب آپ بار کو دیکھیں گے تو میم کو مقامِ السلام پر پائیں گے۔ اگر کسی روز بار کو ئی حالت طاری ہونے کے باعث زائل ہو جاتے تو یہ میم کا ایمان کی جانب ارتقاء ہے جس کی بنا پر عالمِ جبرُوت میں تسبیح اور اِس کی مثل کے ساتھ فسخ اور کشادگی ہوتی ہے۔

یہ اَمر محلِ تنزیہہ کے ساتھ تجلّی کے لئے مثل ہے پس اُسے فرمایا!

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى [2] یعنی اپنے ربِّ اعلیٰ کی تسبیح بیان کر

اپنے اُس ربِّ اعلیٰ کے نام کی تسبیح پڑھ جو تجھے موادِ الٰہیہ کے ساتھ غذا دیتا ہے۔ میم کی زبر کے ساتھ وہ تیرا رب ہے۔ پس اِسم کا الف ظاہر ہوا اور بار زائل ہو گئی۔ یعنی بِاسْمِ میں سے اِسم رہ گیا۔ کیونکہ اِس پر اَمرِ تسبیح کے ساتھ

---

[1] الشوریٰ آیت ۵۱ [2] سورۃ الاعلیٰ آیت ۱

www.maktubah.org

متوجہ ہُوا اور اُسے یعنی الف کو اِس کی طاقت نہیں اور بار، اُس کی مِثل مُحدِث ہے اور مُحدِث بابِ حقائق سے وہ چیز ہے جس کا امتثالِ اَمر سے نہ کوئی فعل ہو اور نہ کوئی بدل، پس لازماً الف سے اُس کا ظہور ہو گا جو فاعل قدیم ہے ۔

چنانچہ جب اُس کا ظہور ہُوا تو قدرت نے میم میں تسبیح کی صورت پیدا کر دی تو اُس نے اُس کے اَمر کے مطابق تسبیح کی، اُسے یعنی الف کو اعلیٰ کہا گیا ہے کیونکہ وہ بار کے ساتھ اسفل ہے اور اِس مقام میں اعلیٰ و اسفل کے وسط میں ہے جب کہ تسبیح کرنے والا اُس کی تسبیح نہیں کر سکتا جو اُس کی مثل یا اُس کے نیچے ہو. ایسی صورت میں تسبیح کرنے والا لازماً اعلیٰ ہو گا۔

اگر ہم "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلیٰ" سورت کی تفسیر اور اس کے اسرار کو ظاہر کریں تو یہ بیان ختم نہ ہو گا. الف اِس مقام پر ہمیشہ تنزیہہ بیان کرتا ہے یہاں تک کہ اپنی ذات میں منزّہ ہو جاتا ہے. پس جو کوئی منزّہ کی تنزیہہ کرتا ہے وہ تنزیہہ سے منزّہ ہو جاتا ہے. لہٰذا بدیہی اَمر ہے کہ یہ تنزیہہ منزّہ کی طرف لَوٹ جائے گی اور وہ ہی اعلیٰ ہو گا۔

بے شک حق حقیقت کے باب سے ہے اور اُس پر اعلیٰ ہونا دُرست نہیں. کیونکہ یہ اسماء اضافت سے اور وجوہِ مناسبہ کی قسم سے ہے. پس نہ اعلیٰ ہے نہ اسفل ہے اور نہ اوسط ہے. جب کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس سے بہت بلندی والا ہے. بلکہ اُس کی طرف اعلیٰ و اوسط اور اسفل کی نسبت کرنا ایک ہی چیز ہے، جب وہ منزّہ ہے تو حدِّ امر سے خارج ہے سماعت کا پردہ پھٹ گیا اور اعلیٰ مقام حاصل ہو گیا پس میم مشاہدۂ قدیم کے ساتھ بلند ہو گئی.

اور اُسے تیرے رَب ذوالجلال وَالاکرام کے برکت والے اسم کے ساتھ ثناء تمام حاصل ہو گئی. جیسا کہ اسم مُسمّٰی کا عین ہے. ایسے ہی عبد مَولا کا عین ہے جو اللہ کے

www.maktabah.org

لئے متواضع ہوتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے بلند کر دیتا ہے۔

صحیح حدیث میں وارد ہوا ہے کہ حق بندے کا ہاتھ اُس کا پاؤں، اُس کی زبان، اُس کی سمع اور اُس کی بصر ہو جاتا ہے، اگر الف بِاسم میں بار سے پستی یعنی زیر قبول نہ کرتا تو اُسے تَبَارَکَ اسْمُ کے اسم میں انتہا پر بلندی یعنی زَبر حاصل نہ ہوتی

سین کا ساکن ہونا

جاننا چاہیئے کہ طبقاتِ عالم پر بِسم سے ہر حرف مثلث ہے۔ پس بار کا اسم بار، الف کا اسم ہمزہ اور سین کا اسم سین یا اور نون اور میم کا اسم میم یا اور میم ہے اور یار بار کی مثل ہے اور باب ندا میں ہے۔ یہی عبد کی حقیقت ہے۔ اگر کہیں کیا اِس موجود میں اشرف ہے یا اِس کا انحصار عابد و معبود پر کیسے ہے تو یہ مُطلق شرف ہے۔ اِس کے مقابلہ میں ضد نہیں کیونکہ حق تعالیٰ کے وجُود اور عَبد کے وجُود کے سوا عدم محض ہے جس کا عین نہیں۔

پھر سین تواضع اور فقر و فاقہ کے تحت بِسم سے ساکن ہو گیا جیسا کہ ہم حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی اطاعت کے تحت ساکن ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

مَن یطع الرسُول فقد اطاع اللہ۔ جس نے رسُول کی اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کی۔

سین بار سے ملاقات کے لئے بِسم سے ساکن ہو جاتی ہے کیونکہ اگر سکون سے پہلے متحرک ہوتی تو ذاتی طور پر صاحبِ اختیار ہو جاتی اور اِس پر دعویٰ کا خوف تھا چونکہ سین اس سے پاک ہے لہٰذا ساکن ہو گئی۔ جب بار سے اُسے حقیقتِ مطلوبہ مِل گئی تو اُسے حرکت عطا ہو گئی پس بعض مقامات پر متحرک نہیں مگر جب بار چلی

www.maktabah.org

جاتی ہے اِس لئے کہ شیخ کے حضور میں شاگرد کا کِسی امر میں کلام کرنا سوئے ادبی قرار پاتا ہے البتہ جس کام کا اُسے حکم دیا جائے اُس کی تعمیل کرنا ادب ہے۔
باء کی علیحدگی کے وقت اُس کی تاء نے دعویٰ کرنے والوں کو مخاطب کیا اور اپنے حاصل شدہ اعلیٰ مقام میں فرمایا!
سَاَصْرِفُ عَنْ آیَاتِیَ الَّذِیْنَ یَتَکَبَّرُوْنَ۔ میں اپنی آیات سے اُن کو پھیر دُوں گا جو تکبر کرتے ہیں۔
پھر اُس کے اطاعت گذار کے لئے سین اُس کی رحمت اور نرمی سے ساکن ہو گیا تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔
سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین۔

اِس سے مُراد حضرت باء ہے اِس لئے کہ جنّت تو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا حضرت ہے اور دیدار کا ٹیلہ حق کا حضرت ہے۔
آپ اِس کی تصدیق کریں گے اور اِسے تسلیم کرلیں گے تو آپ پر اِسرار کھُل جائیں گے اور آپ کا الحاق ہو جائے گا۔
یہ وہ حضرت ہے جو الفِ مُراد کی طرف انتقال کرتا ہے جیسا کہ حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم آپ کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف مُنتقل فرماتے ہیں۔
ایسے ہی یہ حضرت جو کہ جنّت ہے آپ کو اُس ٹیلہ کی طرف مُنتقل کرے گا جو حق تعالیٰ کا حضرت ہے۔
پھر آپ جان لیں کہ بسم میں تنوین تحقیقِ عبُودیت اور اشاراتِ تبعیض کے لئے ہے تو جب اُس سے تنوین کا ظہُور ہوتا ہے تو حقّ المبین یعنی حق تعالیٰ اُسے تشریف وتمکین کی اضافت کے ساتھ چُن لیتا ہے۔

www.maktabah.org

پس فرمایا!

بِسْمِ اللہ!

تو منزلِ الٰہیہ کی طرف اُس کی اضافت کے لئے تنوین عبدی حذف ہو گیا۔
چُونکہ تنوین پیدا کی جاتی ہے۔ اِس لئے یہ تحقّق اُس کے لئے درست ہے۔
مگر ساکن ہونا زیادہ بہتر ہے۔ پس جان لیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

نویں جُز تمام ہُوئی

www.maktabah.org

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ○

لفظ اللہ کی تشریح

وصل : اے راہِ ہدایت کے متلاشی، بِسمِ اللّٰہ سے اُس کا ارشاد "اللّٰہ" ہے پہلے آپ اس کلمۂ کریمہ سے حاصل ہونے والے حروف کی معرفت حاصل کریں بعد ازاں انشاء اللہ العزیز اِس پر گفتگو کی جائے گی۔ وہ حروف یہ ہیں۔ ا-ل-ل-ا-ہ

پہلے ہم اس پر اشاروں کنایوں میں مجمل کلام کریں گے۔ پھر اِسے کھول کر بیان کریں گے تاکہ عالمِ ترکیب پر اسے قبول کرنا آسان ہو جائے۔

الف کے ساتھ عبد کا تعلق اضطراراً اور اِلتجاءً ہے۔ پس اُس کے لئے پہلا لام ظاہر ہوا جسے یہ فوز و نجات عدم سے وِرثہ میں ملی، پس جب اُس کا ظہور درست ہوا اور اُس کا نور وجود میں منتشر ہو گیا اور مسمّٰی کے ساتھ اُس کا تعلق درست ہو گیا اور اسماء کے ساتھ اُس کا پیدا ہونا باطل ہو گیا تو اُس کے بعد آنے والے الف کے شہود کے ساتھ دوسرے لام نے اُسے ایسی فنا سے فانی کر دیا جس کے بعد اُس کا کچھ باقی نہیں رہا اور یہ اس لئے ہے کہ اُس کا معمّہ کھل جائے، پھر مُراد کے تمکّن کے لئے ہا کے بعد واؤ آئی اور ہا اُس کے بعد آئی تاکہ بندوں کی محویت کے وقت اجلِ عناد سے اپنے وجود کے لئے باقی رہے۔ پس اِس لئے یہ اجلِ مسمّٰی کا موقعہ ہے اور یہ وہ مقام ہے جس میں سیّاحوں کے احوال مضمحل ہو جاتے ہیں اور جس میں سالکین کے مقامات معدوم ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ جو نہیں تھا وہ فنا ہو جاتا ہے اور جو ہمیشہ ہے وہ باقی رہتا ہے۔ نہ اُس کے ظہور کے لئے غیر ثابت ہے اور نہ اُس کے نور کے لئے اندھیرا باقی رہتا ہے۔

www.maktabah.org

وہ ہے تو آپ نہیں

اگر آپ اُسے نہیں دیکھ سکتے تو جان لیں کہ اگر نہ تھے تو وہ آپ ہی تھے۔ چُونکہ ذوات کے لئے افعالِ مضارع میں تا، حروفِ زوائد سے ہے اور یہی عبودیت ہے ایک چھینکنے والے نے اَلحَمدُ لِلّٰہ کہا تو ایک سردار نے سُن کر کہا۔ رَبِّ العٰلمین بھی کہیں۔ یعنی پُورا جملہ اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلمین کہیں؟

چھینکنے والے نے کہا۔ اے ہمارے سردار عالم سے کون ہے۔ یعنی عالم کیا ہے جس کا ذکر میں اللہ کے ساتھ کروں؟

سردار نے کہا! اے بھائی اِس وقت کہہ دے۔ کیونکہ جب مُحدِث کا ذکر قدیم کے ساتھ کیا جائے تو اُس کا اثر باقی نہیں رہتا اور یہ مقام وَصل اور حال کا ہے اور وہ اُن اہلِ فنا سے ہے جو اپنے نفسوں سے فانی ہیں۔ اگر اپنی فنا سے فانی ہو جاتا تو اَلحَمدُ لِلّٰہ کیوں کہتا، اُس کے اَلحَمدُ لِلّٰہ کہنے سے اُس کے عبد ہونے کا اثبات ہوتا ہے اور یہ اُن کے بعض کے نزدیک اُس سے رِدا کے ساتھ اور دُوسروں کے نزدیک کپڑے سے تعبیر ہوتا ہے۔

اور اگر وہ ربّ العٰلمین کہتا تو اُس مقام سے بلند ہو جاتا جس میں وہ تھا اس لئے کہ یہ وارثین کا مقام ہے اور اس سے اعلیٰ مقام نہیں۔ کیونکہ یہ وہ شہود ہے جس کے ساتھ نہ زبان حرکت کرتی ہے اور نہ ہی اِس مقام والوں کے احوال میں اُن کے دِلوں میں اس کے ساتھ اضطراب پیدا ہوتا ہے۔

اہلِ حال کا حال

انوارِ ذات اِن کے رُخ پر غالب آجاتے ہیں اور رسُومِ صفات اِن پر

www.maktabah.org

ظاہر ہو جاتی ہیں۔ وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے پسندیدہ عرائس ہیں اور اُس کے نزدیک حجابوں میں ہیں۔ اُنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جیسا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں جانتے۔

اُنہیں زبانِ قیومیہ کے ساتھ بساطِ اُنس اور مناجاتِ دائمی میں اپنے قرب سے عزت و کرامت کا تاج اور خلعت پہنا کر فنا کے منبروں پر بٹھا دیا جاتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد کے وارث ہوتے ہیں۔

علیٰ صَلاتِھم دائمون و بشہاداتھم قائمون - وہ اپنی صلوٰۃ پر دائم اور اپنی شہادت پر قائم ہیں۔

قوتِ الٰہیہ مشاہدہ کے ساتھ ہمیشہ اُن کی مدد فرماتی ہے اور وہ تدین کے مقام میں صفات کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں اور یہ اَمر اقتداء اور پیروی کی حیثیت سے ہے۔ وہ لوگ فرائض و سُنّت پر قائم رہنے کے علاوہ کوئی بات نہیں کرتے۔

وہ سیدھے راستے سے رُخ نہیں پھیرتے۔

وہ مخلوق سے گفتگو کرتے ہیں مگر حق تعالےٰ کے ساتھ رہتے ہیں۔

وہ اگرچہ مخلوق سے میل جول رکھتے ہیں مگر اُن کے ساتھ نہیں ہوتے۔

وہ لوگوں کو دیکھتے ہیں مگر نہیں دیکھتے۔ کیونکہ وہ خود کو نہیں دیکھتے، بلکہ وہ اپنا ہونا اللہ تبارک و تعالیٰ کے افعال کے جمال سے دیکھتے ہیں۔

وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے مقام میں صنعت اور صانع کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جیسا کہ تم میں سے کوئی شخص بڑھئی کے ساتھ صندوق بنتا دیکھے تو وہ صنعت اور صانع کا مشاہدہ کرتا ہے۔

صنعت اُس کے لئے صانع سے حجاب نہیں بنتی مگر اُس کے دل کو

www.maktabah.org

صنعت کا شغل اچھا لگتا ہے۔

جیسا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا۔ کہ دُنیا سبز حلوہ ہے اور یہ دامنِ کوہ کی ہریالی ہے۔ دُنیا ایک خُوبصورت کنیز ہے جو بُرائی کی رو ئیدگی میں بیٹھ کر اُس کے ساتھ بُرائی کرتی ہے۔ جو اُس کے ساتھ نیکی کرتا ہے اور یہ اُس پر آخرت حرام کر دیتی ہے۔ اور کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

اذا امتحن الدنیا لبیب تکشفت

لہ عن عدو فی ثیاب صدیق

عقل مند شخص جب دُنیا کا امتحان لیتا ہے تو یہ اُس کے لئے دوست کے لباس میں چھپے ہُوئے دشمن کو مکشوف کر دیتی ہے۔

پس یہ طائفہ صدیق اور امین لوگوں پر مشتمل ہے جب اللہ تبارک وتعالیٰ قوتِ الہٰیہ سے ان کی امداد فرماتا ہے تو یہ اُس کے ساتھ مثال کو درجہ پر منسوب ہو جاتے ہیں اور یہ وہ اعلیٰ مقام ہے جس میں ارتقاء ہوتا ہے اور یہ وہ اشرف غایت ہے جس کی طرف انتہائے غایت ہے۔

چونکہ کوئی غایت نہیں مگر وہ جو موارد و واردات کی حیثیت سے نہیں، بلکہ توحید کی حیثیت سے ہوتی ہے اور وہ مستوی ہے اور سوائے رفیقِ اعلیٰ کے کوئی استواء نہیں کرتا۔ پس اس گروہ کو مشاہدات کے جو حقائق حاصل ہُوئے، وہ اُنہیں اور ہم کو مبارک ہوں، ہم نے اُن کی تصدیق کی اور اُنہیں تسلیم کیا اور اُن کے ساتھ موافقت ومساعدت کی اور جوّادِ لسان ہمارے ساتھ حلبۂ کلام میں لے آیا۔ اب اُس طرف لوٹتے ہیں جس راستہ پر جا رہے تھے۔ والسّلام۔

الف، لام اور ہُو

ہم کہتے ہیں اِس اسم کا محذوف ہمزہ اضافت کے

www.maktabah.org

ساتھ تحقیقِ اتصالِ وحدانیت اور تحقیقِ انفصالِ غیرت ہے۔ الف اور لام ملا ہُوا ہے۔
جیسا کہ پہلے بیان ہُوا کہ متصل تحقیق اور منفصل محقق کے لئے ہے اور الف غیر متصل
محوِ آثار کے لئے دوسری لام میں موجود ہے اور وہ واؤ جو ہا کے بعد آتی ہے اُس
کے لئے خط میں نشان نہیں اور اُس کا معنیٰ ہویت کی ہا کے ساتھ وجود میں ہے۔
جو اُس نے اُس کی ذات کے ساتھ عالمِ ملک میں منتشر کی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ [1]

وہ اللہ ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہ

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس آیت کو ہویت یعنی ہُوَ سے شروع کر کے ہُوَ
پر ختم فرمایا ہے اور اِسے وجود اور عدم کے امر میں ملکیت دی اور اُس کے لئے
حدوث وقدم پر دلالت مقرر فرمائی اور ہُوَ ذاکرین کا آخری اور اعلیٰ ذکر ہے۔
پس عجزِ صدر کی طرف لوٹا تو لیلۃ القدر کا ظہور ہو گیا اور اہلِ عنایت وتائید
کو اُس کے وجود کے ساتھ حقائق پر واقفیت ہو گئی، پس وجود اِس اسم کے
دائرہ کے نقطہ میں ساکن ہے اور وہ اِس پر اِس کی حقیقت کے ساتھ مشتمل ہے۔
اشتمال اماکن متمکن ساکن پر ہے۔ یعنی ٹھکانے رہائش کرنے والوں پر مشتمل ہیں
اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے اعلیٰ مثل ہے۔

واللہ قد ضرب الامثل لنوره

مثلا من المشكاة والنبراس

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے نور کی مثال بیان فرمائی جیسے مشکواۃ اور
نبراس۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا [2]   قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا [3]

---

۱ الحشر آیت ۲۳ ۲ النساء آیت ۱۲۶ ۳ الطلاق آیت ۱۲

www.maktabah.org

اور اللہ ہر چیز پر محیط ہے۔

اللہ کے علم نے ہر چیز کو گھیرا ہوا ہے۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے علم نے ہر ایک کو اسم اور مسمّٰی قرار دیا ہے اور اُس کو ملفوف و مُعمّہ بنا کر ارسال فرمایا ہے۔

مُقفّل کا حل اور اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ بندہ کہتا ہے اللہ تو اس سے اوّل و آخر کا اثبات کرتا ہے اور دونوں لاموں کے ساتھ باطناً اور ظاہراً نفی کرتا ہے۔ الف علمیہ کی وساطت سے دوسرا لام ہا کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَٰثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

تین سرگوشی نہیں کرتے مگر اُن کا چوتھا اللہ ہے۔

تین لام ہیں اور فرمایا۔

وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ

اور نہیں پانچ مگر وہ اُن کا چھٹا ہے۔

پس الف ہا کے حق میں چھٹا اور لام کے حق میں چوتھا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ

کیا تُو نے اپنے رب کو دیکھا کیسے سائے کو لمبا کیا۔

عرش اللہ تبارک و تعالیٰ کا ظل اور لام دوسرا عرش ہے اور جو اُس کے گرد ہے وہ ملک کے طریق پر پہلا لام ہے۔ دونوں لام باب اسماء سے ظاہر و باطن ہیں۔ جو پہلے اور دوسرے الف کے درمیان ظاہر ہوتے اور یہ مقام اتّصال ہے۔ کیونکہ انتہاء ابتداء کی طرف منعطف ہوتی ہے اور اس نزدیکی کے ساتھ اتحاد و اتصال

---

۱ المجادلہ آیت ۷، ۲ المجادلہ آیت ۷، ۳ الفرقان آیت ۴۵

www.maktabah.org

ہوتا ہے پھر ہا اپنی باطنی واؤ کے ساتھ انفصال کے مخرج سے نکلی، ہا اور لام کے متصل جز ایک ایسا بھید ہے جس کے ساتھ عبد اور سردار کے درمیان مشاہدہ واقع ہوتا ہے اور یہ الفِ علمیہ کا مرکز ہے اور مقامِ اضمحلال ہے۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے پہلی لام جو عالمِ ملک ہے اور دوسری لام جو عالمِ ملکوت ہے کے درمیان دونوں لاموں کے اتصال کے لئے خطِ متصل میں جزء مقرر فرمائی اور یہ عالمِ اوسط کا مرکز ہے جو کہ مقامِ نفس عالمِ جبروت ہے۔ دونوں حروف کے درمیان خطوطِ فارغہ لازمی ہیں تو یہ ایک حرف سے دوسرے حرف کی طرف سالکوں کی رسموں کے مقاماتِ فنا ہیں۔

تتمیم

پہلا الف وہ ہے جو ہمزہ کو منقطع کرتا ہے اور دوسری لام کا الف اس کے ساتھ متصل ہے۔ جو الف خطوط کے آغاز میں قطع کیا گیا۔ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ شَيْئٌ مَعَهُ — الحدیث

اللہ تھا اور اس کے ساتھ چیز نہ تھی۔

اس لئے یہ قطع کیا گیا ہے اور یہ علمِ اتصال میں بعد میں آنے والے حروف کی مشابہت سے پاک ہے اور وہ حروف وہ ہیں جو حقائقِ عامہ عالیہ کے عدد پر اس کے مشابہ ہیں اور یہی اُمہات ہیں۔

ایسے ہی جب حروف کا آخر ہوگا تو بعد کے رقم ہونے والوں سے اس کا اتصال قطع ہو جائے گا۔ پس الف اور اس کے قبیل کا انقطاع وہ انتباہ ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔

www.maktabah.org

الف حق کے لئے اور الف سے مشابہت رکھنے والے حروف خلقت کے لئے ہیں۔ اور یہ د۔ ذ۔ ر۔ ز ہیں اور جمیع حقائق میں غذا دینے والا حسّاس اور ناطق ایک جسم ہے۔

علاوہ ازیں وہ ہیں جن کے لئے لغت ہے اور حقائق عالم کلیہ میں منحصر ہیں۔ جب دوسرے لام نے ارادہ کیا جو کہ مستی میں پہلے موجود ہے اور خط میں آخر ہے تو اس لئے کہ مشاہدہ سے جسم کی معرفت رُوح کی معرفت پر مقدّم ہے۔ ایسے ہی خط کا مشاہدہ ہے اور یہ عالمِ ملکوت ہے جسے اُس نے اپنی قدرت سے پیدا فرمایا۔

ہمزہ کے اسرار

۔ یہی وہ ہمزہ ہے جس کی ابتدا ء اسم میں اضافت سے مُعرّا ہوئی ہے اور یہ الف سے علیحدہ نہیں ہوتا، جب اس الف نے دوسرے کام کو پیدا کیا تو اُسے سردار بنایا اور اُس سر والے کو طلب کیا جو اُس پہ بالطبع ہے۔ پھر اُس کے لئے عالم شہادت بنایا جو پہلا لام ہے، جب اُس نے اُس کی طرف دیکھا تو وہ روشن اور درخشاں ہو گیا اور اُس کے رَبّ کے نورُ سے زمین چمک اٹھی اور کتاب وضع کی گئی۔

یہ وہ جزء ہے جو دو لاموں کے درمیان ہے۔ اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ نے دوسری لام کو حکم دیا کہ پہلی لام کی امداد کرے جس کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی ذات کے جُود و کرم سے اُس کی مدد فرمائی اور یہ اُس کی طرف اُس کی دلیل قرار پائی تو اُس نے اُس سے اُس کے جمیع انوار میں تصرّف کے معنی طلب کئے۔ گویا کہ وہ اُس کے وزیر کی طرح ہو۔ چنانچہ اُس نے جو چاہا اُسے مل گیا تو

www.maktabah.org

اُسے پہلے لام کے لَم پر اِلقاء کیا اور اُس کے لئے دو لاموں کے مُتّصل جزء پیدا کیا اور جو اُس سے کتابِ اوسط سے تعبیر کیا۔ وہ عالمِ جبرُوت ہے اور اُس کے لئے دونوں لاموں کی مِثل ذاتِ قائمہ نہیں۔

بے شک وہ ہمارے نزدیک عالمِ خیال کی طرح ہے تو دوسری لام کو اِس جُزء کی طرف ملایا گیا اور جو اُس سے چاہا گیا تھا اُس میں رقم کیا، اور اُس کے ساتھ پہلے لام کی طرف توجّہ دی اور فرماں برداری کی۔ یہاں تک کہ اُس نے ہاں کر دی۔

جب پہلے لام نے اِس اَمر کو دیکھا جو اُسے اُس جُزء کی وساطت سے دوسرے لام سے پہلے عطا ہُوا جو کہ شریعت ہے۔ تو اُس کے لئے اُس جُزء کی طرف لَوٹنے والا مشاہدہ اُس میں راغب کرنے لگا تاکہ مشاہدہ کے لئے صاحبِ اَمر کی طرف وَاصل کرے۔

جب اِس جُزء کی طرف ہمّت صَرف ہُوئی اور اُس کے مشاہدہ میں مشغُولیت ہو گئی تو اِس سے پہلی الف پردہ میں چلی گئی۔

آپ پیچھے کو لَوٹ کر التماسِ نوُر کریں۔ اگر اس جُزء کی طرف ہمّت صَرف نہ ہوتی پہلے الف سے بلا واسطہ تلقّی اَمر ہو جاتا ولیکن سرِّ عظیم کے لئے ممکن نہ تھا تو بے شک پہلا الف ذات اور دُوسرا الف عِلم ہے۔

اپنی پہچان سے خُدا کو پہچاننا

کیا آپ نے دیکھا کہ دُوسری لام واسطوں سے پاک اور مُرادو مُجتبیٰ ہے تو الفِ وحدانیت کے ساتھ کیسے شافی اِتّصال ہو گا۔ یہاں تک کہ اُس کا وجُود نُطق بن کر الف پر صحیح دلالت کرتا ہے۔

www.maktabah.org

اگرچہ ذات مخفی ہے کیونکہ آپ کا تلفظ لام کے ساتھ اتّصال کو محقق کرتا ہے اور اس پر آپ کی دلالت کرتا ہے۔ مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ۔ یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اُس نے اپنے رَبّ کو پہچان لیا۔ جس نے دُوسری لام کو پہچان لیا اُس نے الف کو پہچان لیا تو اس پر آپ کے نفس کو دلیل بنایا پھر اس پر آپ کے دلیل ہونے کو اس پر اس کے حق میں دلیل بنایا جو دُور ہے، اپنے رَبّ کے ساتھ اُس کی معرفت پر عبد کو اپنے نفس کی معرفت مقدم ہے پھر اس کے بعد یہ اُسے اُس کی اپنے نفس کی معرفت سے فانی کر دیتا ہے اس لئے کہ اِس سے مُراد یہ تھی کہ وہ رَبّ کو پہچان لے۔

کیا آپ نے لام اور الف کا معانقہ دیکھا۔ لام الف سے پہلے کلام میں کیسے پایا جائے گا اور اس میں اُس کے لئے انتباہ ہے جو اِدراک کرتا ہے تو یہ لام ملکُوتی ہے جو بغیر واسطہ کے وحدانیت کے الف سے مِلا ہُوا ہے۔ پس اُسے جبرُوتی جُزء پر شہادت وفلک کی لام کی طرف لوٹانے کے لئے وَارد کرتا ہے تو ترکیب و حجاب کا امر ایسے ہی ہے۔

اللہ کی ل اور ہ

جب اوّلیت و آخریت اور ظاہریت و باطنیت حاصل ہوگئی تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارادہ فرمایا جیسا کہ حرُوف کے ساتھ الف مِن کُل الوجوہ اِتصال سے مقدّم اور مُنزّہ ہے، انتہاء کو ابتداء کی نظیر ٹھہرانے کا ارادہ کیا تو عبد کے لئے اوّل و آخر بقاء درُست نہیں۔ پس ہاء مُفردہ کو ہُویت کی واؤ کے ساتھ پیدا کیا۔ اگر مُتوہم کو وہم ہو کہ ہاء لام سے مِلی ہُوئی ہے تو یہ بات اِس طرح نہیں۔ یقیناً یہ اُس الف کے بعد ہے جو لام کے بعد آتا ہے اور الف دُوری

www.maktabah.org

میں جس چیز کے ساتھ اُس کے مُتّصِل نہیں۔

لام کے بعد ہاء ہر چیز سے قطع کیا ہُوا ہے تو لام کے ساتھ یہ اتّصال خط میں نہیں پس ہاء ایک ہے اور الف ایک ہے تو ایک کو ایک سے ضرب دی جائے گی تو اپنی ضرب میں ایک ہی رہے گا۔ چنانچہ حق سے خلق کا انفصال اور علیحدہ ہونا واضح تر ہے اور حق باقی ہے۔

ملکیّت کے لام کا تخلّق درُست ہے۔ کیونکہ اس پر ملکُوت کا لام وارد ہوتا ہے تو یہ اپنی صفات سے ہمیشہ مُضمحل رہتا ہے اور اپنی رسُوم سے فانی ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اُسے اپنی ذات سے مقامِ فناؔ حاصل ہو جاتا ہے۔ پس جب اپنی ذات سے فانی ہو جاتا ہے تو اپنی فناء کے لئے جُزء میں فنا ہو جاتا ہے اور دونوں لاموں کے تلفّظ کا کلام میں اتّحاد ہو جاتا ہے۔ زبان انہیں ایک دُوسرے میں مدغم کرنے کے لئے تشدید سے کام لیتی ہے جو دونوں الفوں کے درمیان موجود ہے جو اِن پر مشتمل ہے اور اِن کا احاطہ کرتی ہے۔

جب ہم نے دونوں الفوں کے درمیان کے بغیر بولنے والا لفظ سُنا تو ہمیں حکمتِ موہُوبہ عطا فرمائی گئی۔ پس تو ہم نے بدیہی عِلم سے جان لیا کہ قدیم کے ظہُور سے مُحدِث فانی ہو جاتا ہے۔ پہلا اور دُوسرا الف باقی ہے اور کلمۂ نفی کے ساتھ دونوں لاموں کے زائل ہونے سے ظاہر و باطن زائل ہو جاتا ہے۔ ہم نے ایک کو ایک سے ضرب دینے کی طرح الف کو الف سے ضرب دی تو اِس سے آپ کے لئے ہاء نکلی۔ جب یہ ظاہر ہُوئی تو اوّل و آخر کا وُہ حُکم زائل ہو گیا جسے اُس نے واسطہ مقرّر کیا تھا جیسا کہ ظاہر و باطن کا حُکم زائل ہو جاتا ہے۔ پس اِس مقام پر کہا کہ اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی۔

www.maktabah.org

پھر اس ضمیر کی اصل ہا ہے جو کہ رَفع ہے اور لازمی ہے کہ وہ زبر ہو یا زیر ہو تو یہ صفت اُس کی زَبر یا اُس کی زیر پر لوٹ آتی ہے اور لفظ میں عامل پر لَوٹتی ہے۔

زبان دِل کی ترجمان ہے

تکملہ پھر اللہ تبارک وتعالیٰ سُبحانہٗ نے حرکات وحرُوف اور مخارج پیدا فرمائے اُن سے اللہ سُبحانہٗ نے صفات ومقامات کے ساتھ ذوات کے امتیاز کی دلیل قائم فرمائی اور حرُوف کو موصُوف کی نظیر بنایا، اور مخارج کو مقامات ومعارج کی نظیر ٹھہرایا۔ حرُوف سے اس اسم کے لئے اس کے وَصل وقطع کی وجہ سے علی العموم ء ا ل ہ و عطا کئے یعنی ہمزہ، الف، لام، ہا اور واؤ، پس پہلا ہمزہ ہے اور آخری واؤ ہے اور دونوں کا مخرج ایک ہے جو دل سے مِلا ہوُا ہے۔ پھر ہمزہ اور ہا کے درمیان حرفِ لام مقرّر کیا جس کا مخرج ترجمانِ قلب زبان ہے۔ پس دونوں لاموں اور ہمزہ وہا کے درمیان نسبت واقع ہو گئی جیسا کہ دل کے درمیان نسبت واقع ہوُئی۔ جو محلِّ کلام اور زبان کے درمیان اُسی کا مترجم ہے۔ اخطل نے کہا۔

اِنَّ الکلام لفِیْ الفُوادُ وَاِنَّمَا
جعل اللسان علی الفواد دلیلا

یقیناً کلام دل میں ہے اور زبان دل پر دلیل بنائی گئی۔

جب لام زبان سے ہے تو اُسے اُس کی ذات کی بجائے زبان کی طرف ناظر مقرّر کیا اور اُسے اُس سے فنا کر دیا۔ یہ تالُو کا نچلا حِصّہ ہے۔ جسے اُس نے دیکھا اور خود کو نہ دیکھا تو اُوپر کے تالُو کی طرف مُرتفع ہو گیا۔ تالُو کی سختی

www.maktabah.org

میں زبان اُس کے ساتھ سخت ہو گئی۔ اُس کے مشاہدہ کے ساتھ اُس کا ارتفاع اور بلندی ہے اور واوٌ وجُودِ ظاہری کی طرف ہونٹوں سے نکلی۔ اِس پر خبر دینے والی کی دلالت ہے اور یہ نبوّت کا باطنی مقام ہے اور یہی وہ بال ہے جو حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی طرف سے ہم میں ہے اور اس میں وِراثت ہوتا ہے، اِس وصل سے یہ نکلا کہ ہمزہ اور الف اور ہاء عالمِ ملکُوت سے ہیں اور لام عالمِ جبرُوت سے ہے اور واوٌ عالمِ ملک سے ہے۔

بِسمِ اللہ میں الرّحمٰن

وَصل اُس کا قول بِسمِ اللہ سے الرّحمٰن! اِس باب میں اس اسم پر دو وجہوں سے گفتگو ہوتی ہے۔ ذات کی وجہ سے اور صِفت کی وجہ سے، جو اُسے اُس کا بدل کہتا ہے وہ ذات مقرّر کرتا ہے جو اُسے نعت کہتا ہے وہ اُسے صِفت مقرّر کرتا ہے۔

صفات چھ ہیں اور اِن صفات کی شرط سے زندگی ہے تو سات ظاہر ہو گئیں، یہ تمام صفات ذات کے لئے ہیں اور رحمٰن سے یہی الف میم اور نُون کے درمیان موجود ہے اور اِس اِسم پر حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی اِس حدیث سے کلام کی ترکیب ہوتی ہے

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ (الحدیث)

بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنی صُورت پر پیدا فرمایا!

صُورَتِہٖ کی ضمیر کو اگر اللہ تعالیٰ پر پھیرا جائے تو اِس کی تائید حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی اِس دُوسری حدیث سے ہوتی ہے۔

www.maktabah.org

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَۃِ الرَّحْمٰن، "الحدیث"

یقیناً اللہ تعالیٰ نے آدم کو صورتِ رحمان پر پیدا فرمایا۔
یہ روایت اہلِ نقل کے طریقہ سے صحیح نہیں جب کہ اہلِ کشف کے نزدیک درست ہے۔

میں کہتا ہوں الف، لام اور را، علم وارادہ اور قدرت کے لئے ہے، میم اور نون کلام کا مدلول اور سمع وبصر ہیں اور اس کی شرط صفت زندگی ہے جو جمیع صفات کی ساتھی ہے۔

پھر وہ الف ہے جو میم اور نون کے درمیان مدلولِ موصوف ہے اس کے خط کا حذف ہونا موصوف کے ساتھ قیام کی حیثیت سے اُس پر دلالتِ صفات کے لئے بدیہی دلالت ہے۔ عالم کے لئے صفات کی جلوہ گری ہے اس لئے اُسے یعنی اللہ تعالیٰ کو صفات کے علاوہ نہیں جانتے اور نہ اُسے جانتے ہیں پھر وہ جو الف کے وجود پر دلالت کرتا ہے ضروری ہے کہ ہم اُس کا ذکر کریں اور وہ میم کو کھولنا اور لمبا کرنا ہے اور یہ اشارۂ الٰہیہ عالم پر کشادگی رحمت کی طرف ہے۔ پس یہ سوائے الف کے مفتوح قبول کرنے کے کبھی نہیں ہوگا۔ ان مقامات کی مثل میں فتح الف پر دلالت کرتی ہے اور یہ وجودِ روح کا وہ محل ہے جس کا مقام کشادگی کے لئے محلِ تجلّی ہے۔ لہٰذا اہلِ عالمِ ترکیب نے خطوط وضع کرنے میں اُس یار کا ذکر کیا ہے جس کا پہلا حرف زیر والا ہے۔ کیونکہ یار صحیح بھی پائی جاتی ہے اور اس سے پہلے کسرہ یعنی زیر نہیں آتی۔ ایسے ہی وہ واؤ ہے جس سے پہلے ضمہ یعنی پیش ہوتی ہے۔

جب الف کا ذکر کرتے ہیں اُس کے ماقبل کو مفتوح یعنی زبر والا نہیں کہتے کیونکہ واؤ اور یار کے برعکس الف سے پہلے کوئی حرف نہیں۔ مگر اُس پر

www.maktabah.org

فتح یعنی زَبر ہوتی ہے، پس الف کے لئے ہمیشہ اعتدال ضروری ہے۔ جاہل شخص جب وجُود میں تمام نقائص سے پاک اللہ تعالیٰ کے سِوا کسی کو نہیں جانتا تو قدُسی اور اعلیٰ رُوح کو بھُول جاتا ہے۔ پس کہتا ہے وجود میں اللہ تعالیٰ کے سِوا اور کچھ نہیں۔ جب اُس سے تفصیلاً پُوچھا جاتا ہے تو اُس سے اس کا جواب نہیں بن پاتا۔

بے شک وہ واوٗ کو ماقبل مضمُومہ یعنی پیش کے ساتھ اور یاء کو ماقبل مکسورہ یعنی زیر کے ساتھ مخصوص کرتے ہیں جس کا ہم نے ذکر کیا، پس الف کے درمیان اور واوٗ اور یاء کے درمیان مفارقت درُست ہے۔

الف ذات کے لئے اور واوٗ عُلیہ صفات کے لئے اور یاء عُلیہ افعال کے لئے اور الف رُوح کے لئے ہے اور عقل اُس کی صفت ہے اور وہ فتح یعنی زیر ہے۔ واوٗ نفس ہے اور اُس کی صفت قبض ہے اور قبض ضمہ یعنی پیش ہے۔

یاء جسم ہے اور وجودِ فعل اُس کی صفت ہے اور وہ کسرہ یعنی زیر ہے اور واوٗ اور یاء سے جو پہلے ہے وہ فتح یعنی زَبر ہو تو وہ مخاطب کے حال کی طرف لَوٹتا ہے۔ چُونکہ یہ دونوں غیر ہیں تو لازمی ہے کہ دونوں پر اختلافِ صفات ہو، چُونکہ الف حرکات کو قبول نہیں کرتا لہٰذا اپنے مدلُول کے ساتھ مُتّحد ہو جاتا ہے۔

حرُوفِ عِلّت

اِن پر ہرگز کسی چیز کا اختلاف نہیں ہوتا۔ اِس لئے ان کا نام حرُوفِ عِلّت ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔

الف وجُودِ صفت کے لئے ذاتِ عِلّت ہے اور واوٗ وجودِ فعل کے لئے

www.maktabah.org

صفتِ علت ہے اور یاء وجود کے لئے فعل علت ہے جو اُس سے عالم شہادت میں حرکت وسکون سے صادر ہوا، لہٰذا ان کا فاعل علل رکھا گیا۔

پھر اس اسم سے نون نصف دائرہ کی شکل میں وجود میں آیا اور آخری نصف اس نقطہ میں معقول ومحصور ہے جو اُس نون غیبیہ پر دلالت کرتا ہے جو نصف دائرہ ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ نقطہ نون محسوسہ پر دلیل ہے۔

پھر حاء کا پہلا حصہ پایا گیا جو تحریر میں الف محذوفہ سے ملا ہوا ہے جو اُس کے مشاہدہ کی طرف اشارا ہے اور ساکن ہے اور اگر راء کی طرف اُس کا اگلا حصہ ہوتا تو متحرک ہوتا۔

پس پہلا الف علم کے لئے لام ارادہ کے لئے اور راء قدرت کے لئے ہے اور یہی صفتِ ایجاد ہے، پس ہم نے الف کو پایا کہ اُس کے لئے ہمزہ اور راء کے ہونے سے حرکت ہے اور لام ساکن ہے، پس ارادہ کا قدرت کے ساتھ اتحاد ہو گیا۔ جیسا کہ علم اور ارادہ کا اتحاد قدرت کے ساتھ ہے۔

جب رحمٰن اللہ کے ساتھ واصل ہوا تو قدرت کی راء میں ارادے کا لام مُدغم ہو گیا۔ بعد میں جو راء پھری گئی اور حاء پر تحقیقِ ایجاد کے لئے اُس پر شِدّت کی گئی۔

کلمے کا وجود ساکن ہے اور اُس کا ساکن نہ ہونا تقسیم نہ ہونے کی بنا پر ہے جب کہ حرکت تقسیم ہوتی ہے اور اس کا سکون محسوس ہوا۔ اور ہم نے دیکھا کہ وہ قدرت کے راء کی مجاور ہے تو ہم نے جان لیا کہ وہ کلمہ ہے اور اس کی تتمین ہے۔

www.maktabah.org

کیا اسمِ رحمٰن اسمِ اللہ کا بدل ہے اِسمِ رحمٰن کو اسمِ اللہ کا بدل ظاہر کرنے والے کے قول میں مقام جمع اور اتحادِ صفات کی جانب اشارہ ہے اور یہ مقام "خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ کی روایت سے ہے۔

مقامِ حق میں بندے کا یہ وجُود حدِّ خلافت ہے، اور خلافت بدیہی طور پر ملک کی استدعا کرتی ہے اور ملک دو قسموں میں تقسیم ہوتا ہے۔

ایک قسم اُس کی ذات کی طرف لوٹتی ہے۔

دوسری قسم اُس کے علاوہ کی طرف پلٹتی ہے۔

وہ ہماری ترتیب کی حد پر اس مقام میں ایک قسم درُست ہے، اس لئے کہ اس مقام پر بدل مُبدل مِنہ کے محل پر ہے۔

اس کی مثال ہمارا یہ قول ہے جَاءَنِیْ اَخُوْكَ زَیْدٌ۔ یعنی تیرا بھائی زید میرے پاس آیا۔

پس زید تیرے بھائی سے ایسا بدل ہے۔ جیسا کسی چیز کا کسی چیز سے ہوتا ہے اور اُن دونوں کے لئے عینِ واحدہ ہے۔ کیونکہ زید آپ کا بھائی ہے اور آپ کا بھائی بلاشک زید ہے اور یہ ایسا مقام ہے جس نے اس کے خلاف عقیدہ رکھا وہ حقیقت پر واقفیت نہیں رکھتا۔ نہ وہ اُس کے مُوجد کو کبھی پا سکتا ہے۔ جو شخص اُسے نعت ظاہر کرتا ہے تو اُس کا اشارہ صِفت میں مقامِ تفرقہ کی طرف ہے اور وہ مقام اس روایت سے ہے۔

خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَةِ الرَّحْمٰنِ ، الحدیث

یعنی اللہ تعالیٰ نے آدم کو صُورتِ رحمٰن پر پیدا فرمایا۔

یہ مقامِ وراثت ہے اور یہ دو غیروں کے حجاب کے مقام میں بغیر ایک کے غائب ہونے اور دوسرے کے ظہور کے واقع نہیں ہوتا۔ اور یہ اس سے بالمثل تعبیر ہوتا ہے۔

www.maktabah.org

ہم نے اس میں اُس دلیل پر اقرار کیا جسے ہم نے پوشیدہ کیا۔ پس غور کریں۔ پھر نیچے کا آدھا نون ظاہر ہُوا۔ اور وہ ہمارے لئے فلکِ دائر کے نصف دائرہ سے نصف ظاہر ہے اور مرکزِ عالم اُس خط کے وسط میں ہے جو دوسرے گوشے کی طرف نصف حصّہ سے ممتد ہوتا ہے اور دوسرا نصف حصّہ نکتے میں مستور ہے اور وہ ہماری طرف اضافت کے ساتھ نقیضِ خط کے تحت ہم سے غائب ہے۔ کیونکہ ہمارا دیکھنا ایک طرف میں فعل کی حیثیت سے ہے۔ پس خط میں موجود نصف حصّہ مشرق اور نکتہ میں مجموع نصف حصّہ مغرب ہے اور وہ مطلعِ وجود الاسرار ہے۔ پس مشرق ظاہر ہے اور قابلِ تقسیم مرکّب ہے اور مغرب باطن بسیط ہے اور قابلِ تقسیم نہیں اور اس میں یہ قول ہے۔

عجبا للظاهر ينقسم ولباطنه لا ينقسم
فالظاهر شمس فی حمل والباطن فی أسد جلم
حقق وانظر معنی سترت من تحت كنائنها الظلم
ان كان خفی هو ذاك بدا عجبا والله هما القسم
فافزع للشمس ودع قمرا فی الوتر يلوح وينعدم
واخلع نعلی قدمی كونی علمی شفع يكن الكلم

ظاہر کے لئے تعجب ہے کہ تقسیم ہو جاتا ہے اور اُس کے باطن کے لئے کہ وہ تقسیم نہیں ہوتا۔ پس ظاہر سُورج بُرج حمل میں ہے اور باطن بُرجِ اسد میں تحقیق سے پوشیدہ معنوں کو دیکھیں جو ہونٹوں کے نیچے ہے۔ اگر وہ مخفی ہے تو وہ ظاہر ہے۔ پس دونوں قسمیں تعجّب خیز ہیں۔

پس آفتاب کی جُستجو کریں اور قمر کو وِتر یعنی طاق میں رُخصت کر دیں۔ کیونکہ وہ ظاہر اور معدُوم ہوتا ہے۔

www.maktabah.org

اور پاؤں سے جوتا اُتار دیں اور دو علم ہو جائیں تو کلمے بن جائیں گے۔ اس لئے معلومات کے ساتھ علم، مرادات کے ساتھ واحد ارادہ اور مقدورات کے ساتھ واحد قدرت کا تعلّق ہوتا ہے۔

مقدورات و معلومات اور مُرادات میں تقسیم و تعداد واقع ہوتی ہے۔ اور یہ تحریریں نصف حصّہ موجود ہیں۔ اور اس اشارہ میں علم و قدرت اور ارادہ سے باطنی اوصاف سے اتحاد اور منزّہ ہونا واقع ہوتا ہے۔ پس اس پر غور کریں۔

"حا" کے عدد آٹھ ہوتے ہیں اور وہ کمال کا وجود ہیں۔ اس لئے ہم اُس سے کلمہ اور رُوح کی تعبیر کرتے ہیں۔ ایسے ہی "نون" عشروں میں پانچواں ہے۔ کیونکہ "میم" سے "مقدّم" ہے اور وہ چوتھا ہے۔ پس نوُن جسمانی رُوح، عقل، نفس اور وجود فعل کے مواد کی ایجاد کا محل ہے۔ اور یہ تمام "نوُن" میں ودیعت ہیں اور یہ تمام انسان ہیں جس کا اظہار ہُوا اور اس لئے ظاہر ہے۔

تتمہ سوائے اِس کے نہیں کہ الف کے ساتھ میم اور نوُن کے درمیان فصل قائم کی گئی۔ کیونکہ "میم" ملکوتیہ ہے۔ جب ہم نے اُسے رُوح کے لئے مقرّر کیا۔ وجود کے لئے سلب دعویٰ کا راز نوُن ملکیہ اور نکتہ جبروتیہ ہے۔ گویا کہ وہ کہتا ہے۔ اے وہ رُوح جو میم ہے۔ مَیں نے تجھے تیری حیثیت سے نہیں چُنا لیکن میرے وجودِ علمی میں تیرے لئے عنایت سبقت لے گئی۔

اگر تو چاہے کہ نکتہ عقل اور نوُنِ انسانیہ کے لئے بغیر اپنے وجود کے واسطہ کے اطلاع پائے تو اپنے نفس کو پہچان کر اور جان لے میرا تیرے ساتھ یہ اختصاص میری اپنی حیثیت سے ہے نہ کہ تیری حیثیت سے۔ پس چُناؤ صحیح ہے تو اُس کے غیر کے لئے کبھی تجلّی نہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس پر جو اَولیٰ ہے۔

اے مسکین! مُتنبّہ ہو وجودِ میم میں تقدّم کے باوجود دائرہ جسم کی صُورت

www.maktabah.org

پر ہے اُس کے ساتھ تقسیم سے تنزیہہ کی طرف کیسے اشارہ ہے اور دائرہ کی تقسیم لا متناہی ہے اور رُوحِ میم کی تقسیم اُس کی معلومات کے ساتھ لا متناہی ہے اور وہ بنفسہٖ تقسیم نہیں ہوتا۔

پھر دیکھیں کہ میم جب اُس ایک سے علیحدہ ہوتی ہے۔ اُس سے مادۂ تعریق کیسے ظاہر ہوگا۔ اِس لئے کہ عالمِ خطاب و تکلیف میں وجُود فِعل کی طرف نزُول کرتا ہے تو مادہ اپنی ذات کے حق میں نہیں دوسرے کے حق میں ہوگا، جب دائرہ اُس پر بطور خاص دلالت کرتا ہو تو جو زائد ہے وہ اُس کے حق میں نہیں کیونکہ اُس کی ذات ثابت ہے تو باقی نہیں سوائے اِس کے کہ دوسرے کے حق میں ہو۔ پس جب عبد کی نظر مادہ کی طرف ہوتی ہے تعریق لمبی ہو جاتی ہے اور یہ وہ تحقیقِ وجُود ہے۔

رحمٰن آسمانوں اور زمین کا ربّ ہے

پھر جاننا چاہیئے کہ میم اور نوُن کے درمیان جزءِ متّصل ہے وہ مرکزِ الف ذات کا ہے اور مادہ کے طریق کے ساتھ میم اور نوُن کے درمیان اِتصال واقع کرنے کے لئے الف چھُپ گئی اور وہ جزءِ متّصل ہے۔ اگر الف ظاہر ہوگی میم کے لئے دائرہ درُست نہیں کیونکہ الف دونوں کے درمیان حائل ہے اور اِس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اِس ارشاد کی طرف تنبیہہ ہے۔

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ — النبا آیت ۳۷

آسمانوں اور زمین اور جو دونوں کے درمیان ہے اُس کا ربّ رحمٰن ہے

اِس الف مُراد کا وجود اُسے ظاہر کرنے والے کا مُبتداء ہے اور ترکیب کے طریق سے درُست نہیں، اور ربّ کا بدل ظاہر کرنا صحیح ہے۔ الف یہاں رُوح

www.maktabah.org

سے عبارت ہے تو وہ باقی ہے اور حق تمام کے ساتھ قائم ہے اور میم آسمان اور نوُن زمین ہے اور جب الف میم اور نوُن کے درمیان ظاہر ہوتا ہے تو میم کے ساتھ اتصال ہوتا ہے نوُن کے ساتھ نہیں۔ پس اُسے قطع کرنے کے لئے نون کو بغیر واسطہ کے صفت نہ پکڑیں اور میم کے ساتھ اس کا اتصال بلا واسطہ اخذ کرنے پر دلالت کرتا ہے اور قطع کے ساتھ اُس کا عدم درست ہے۔ اس میں نوُن فنا ہو جاتا ہے اور میم اُس کے درمیانی نقطہ کے ساتھ اُس کے قدم کے راز سے محجوب باقی رہتا ہے۔ یہی نظر کے ساتھ اُس کی ذات کی طرف جوفِ دائرہ ہے بعد اس کے کہ وہ اُس میں اُس کے لئے ظاہر نہ تھا۔

سوال و جواب

سوال: کیا آپ نے اپنے سرِّ قدم کو جان لیا اور اُس نے نہ جانا۔ اگر آپ اپنے ظاہر کی طرف دیکھیں تو وہ اِسے جاننے کا آپ سے زیادہ مستحق ہے یا کیا سرِّ قدم کے عالم میں وہ معنی موجود ہیں جس میں آپ کلام کرتے ہیں اور وُہ رُوحِ میم ہے جو اپنے سرِّ قدم پر واقف ہے۔

جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ ہم سے رازِ قدم کو جاننے والا وُہ ہے جسے وہاں ہم سے پردے میں رکھا ہُوا ہے۔ تو جس وجہ سے ہم اُس کا علم ثابت کرتے ہیں وہ اُس کے علاوہ ہے جس سے ہم نے اُس کے لئے عدمِ علم ثابت کیا اور سوائے اس کے نہیں کہ یہ اُسے علم سے حاصل ہے آنکھ سے نہیں۔ اور یہ موجود ہے تو کسی چیز کے جاننے سے یہ شرط نہیں کہ اُسے دیکھا جاسکے۔ ایک وجہ سے معلوم کو دیکھنا اُس کے جاننے کو کامل اور معرفت کو زیادہ واضح کرتا ہے۔

www.maktabah.org

پس ہر عین علم ہے اور ہر علم عین نہیں کیونکہ یہ شرط نہیں کہ مکّہ معظمہ کو جاننے والے نے مکّہ معظّمہ کو دیکھا بھی ہو اور ہم قطعیّت کے ساتھ کہتے ہیں کہ مکّہ معظمہ کو جانتا ہے اور اس سے مُراد اسم نہیں۔ پس عین کے لئے علم معلوم پر درجہ ہے جیساکہ کہا۔

ولکن للعیان لطیف معنی

لذا سأل المعاینۃ الکلیم

ولیکن دیکھنے میں لطیف معنی ہیں اِس لئے کلیم نے دیکھنے کا سوال کیا۔
بلکہ ہم کہتے ہیں کہ حقیقت ستر قدم حق الیقین ہے کیونکہ دیکھا نہیں جاسکتا پس اپنے مُوجِد کی ذات کی طرف رجوع کرنے والا مشاہدہ نہیں کرسکتا۔ اگر اپنے بنانے والے کی ذات کو جانتا ہے تو اُس کے حق میں نقصان ہے۔ پس اُس کے کمال کی انتہا اپنے نفس کو جاننا ہے۔ اس کے بعد یہ عین نہ ہوگی۔ یہ عجیب فصل ہے۔ اگر اس پر غور کریں گے عجائب پر واقفیّت حاصل ہوجائے گی۔ پس غور کریں۔
تکملہ : لام کا راء کے ساتھ مُتّصِل ہونا اِتصال واِتحادِ نُطق میں اس حیثیت سے ہے کہ دونوں میں دو باطنی صفات ہیں۔ پس دونوں پر اتحاد آسان ہُوا اور میں نے حاء پائی جو راء سے راء منفصلہ کے لئے اُس سے مقدور کے ساتھ کلمہ تعبیر ہوتی ہے اور یہ قدرت سے امتیاز مقدور کے لئے قدرت ہے۔ شاید کہ حاء مقدّورہ کو وہم ہو کہ وہ ذاتِ قُدرت کی صفت ہے۔ پس قدیم اور مُحدِث کے درمیان فرق واقع ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ اِس پر غور کریں۔

رحمٰن اسم ہے ذات کے لئے

پھر جان لیں کہ رحمان اسم ہے اور وہ ذات کے لئے ہے جو پہلے الف

www.maktabah.org

اور لام آتے ہیں وہ تعریف کے لئے ہیں اور دونوں صفات ہیں اِس لئے دونوں کو زائل کر کے "الرَّحْمٰن" کی بجائے رحمان کہتے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں ذات اور دونوں کے ساتھ صفت اسم نہیں۔

مسیلمہ کذاب کے اسم میں غور کریں۔ اُس کا نام رحمٰن کے ساتھ تھا اور اُسے الف لام کی طرف ہدایت نہیں ہُوئی۔ کیونکہ ذات ہر ایک کے لئے محل دعویٰ ہے اور مُدّعی صفات کے ساتھ رُسوا ہوتا ہے۔

پس رحمان مقام جمع ہے اور یہ مقامِ جہل ہے۔ طریق اللہ کی طرف ترقی کے لئے سب سے اشرف اللہ تعالیٰ سے جہل ہے۔ یعنی اُسے نہ جاننا اور اُس کے ساتھ اُس کی معرفت کا جہل ہونا۔ کیونکہ یہ عبودیت کی حقیقت ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ

اور اللہ کی راہ میں اُس سے خرچ کرو جو تمہارے لئے ہے

تو یہ تمہارا جہل ہے اور اِس کی تائید اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس قول سے فرمائی۔

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا

اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں علم نہیں دیا مگر قلیل۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ

وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ تلاوت کرنے کا حق ہے۔

پس مسیلمہ، ابلیس اور دجال سے حقیقتِ استخلاف سلب ہو گئی اور اُن

www.maktabah.org

کا وہی حال ہے جو جاتا گیا۔ اگر اُن کا استحقاق ذاتی ہوتا تو ہرگز سلب نہ ہوتا ولیکن اگر عین تنقید اور قبولِ کُلّی کے ساتھ دیکھیں گے نہ کہ اَمر کی آنکھ سے تو آپ مخالف کو اطاعت گذار اور ٹیڑھے کو سیدھا پائیں گے اور سب کو طوعًا وکرہًا اطاعت میں پاؤ گے۔

ابلیس اور مسیلمہ کی عبودیت کے ساتھ تصریح کی گئی اور دجّال نے انکار کیا۔ پس غور کریں کہ اُن میں سے ہر ایک نے کہاں سے کلام کیا اور اُن کے لئے کون سے حقائق ظاہر ہوئے۔ یہاں تک کہ اُن کے لئے یہ احوال واجب ہوئے۔

تتمّہ:۔ جب ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کے ارشاد بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کو پڑھتے ہیں تو الف اور لام کا وجود ظاہر نہیں ہوتا اور ذات سے ذات کا اِتصال ہو گیا۔

اللہ اور رحمان

اللہ اور رحمٰن ذات کے دو اِسم ہیں تو اُس کی ذات کے ساتھ رجُوع ہے اِس لئے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم فرماتے ہیں اَعُوذُ بِکَ مِنۡکَ یعنی میں تجھ سے تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں۔ جب ذات کی طرف مُنتہیٰ ہُوا تو غیر کو نہ دیکھا تو فرمایا اَعُوذُ بِکَ یعنی تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں جب کہ ضروری ہے جس چیز سے اُس کی پناہ طلب کی جائے وُہ اُس کے لئے مُنکشف ہو۔ پس آپ نے فرمایا۔ مِنۡکَ یعنی تجھ سے اور مِنۡکَ وُہ ہے جس پر اَعُوذُ دلالت کرتا ہے اور اسے علیحدہ کرنا درُست نہیں کیونکہ وہ ذات میں ہے اور اِس میں تفصیل جائز نہیں۔

اِس سے ظاہر ہُوا کلمۃ اللہ ہی عَبد ہے تو جیسا کہ اللہ کا لفظ ذات کے لئے دلیل ہے۔ اَیسے ہی عبد جامع کُلّی ہے، پس عَبد وُہ کلمۂ جلالت ہے۔

بعض محقّقین نے حال میں کہا ہے مَا اَنَا اللہ یعنی مَیں نہیں ہُوں اللہ ہے۔

www.maktabah.org

اور بعض صوفیاء نے دو مختلف مقامات سے بھی کہا ہے۔

چنانچہ معنیٰ کے مقام اور حرف کے اُس مقام میں فرق ہے جس میں وہ معنیٰ پایا جاتا ہے۔ پس اُس نے حرف کو حرف کے مقابل کیا کہ مَیں تیری رضا کے ساتھ تیری ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں اور معنیٰ کو معنیٰ کے بالمقابل کیا کہ تجھ سے تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں یہ انتہائے معرفت ہے۔

خاتمہ :۔ ہو سکتا ہے کہ آپ قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی اعبدو اللّٰہ یعنی اللّٰہ کی عبادت کرو تو اُنہوں نے نہیں کہا کہ اللّٰہ کیا ہے ؟ کو دیکھتے ہوتے اسمِ اللّٰہ اور رحمٰن کے درمیان فرق محسوس کرو۔ جب کہ کفار کو فرمایا۔ اُسجدُ واللرّحمٰن یعنی رحمٰن کو سجدہ کرو تو اُنہوں نے کہا مَا الرَّحْمٰنُ، یعنی رحمان کیا ہے ؟

اِس لئے ایک گروہ کے نزدیک نعت بدل سے بہتر ہے اور دوسرے گروہ کے نزدیک بدل بہتر ہے۔

اللّٰہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ[1]

یعنی اللّٰہ کو پکارو یا رحمان کو پکارو اُسے اچھے ناموں سے پکارو ؛
پس اُنہیں ذات کے لئے مقرر کیا اور عرب نے اللّٰہ کے کلمے کا انکار نہیں کیا اور وہ اِس کے قائل تھے کہ۔

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ[2]

یعنی ہم اِن بتوں کو اِس لئے پوجتے ہیں کہ اللّٰہ کا تقرب حاصل کریں۔ پس وہ اللّٰہ کو جانتے تھے اب جب کہ رحمان رحمت سے مشتق ہے اور اُن میں بھی صفتِ رحم موجود تھی۔ اِس لئے وہ خوفزدہ ہو گئے کہ کہیں وہ یعنی رحمٰن اُن کی جنس سے نہ ہو جو معبود پر دلالت کرتا ہے۔ پس اُنہوں نے انکار کیا اور کہا رحمٰن کیا ہے ؟

[1] بنی اسرائیل آیت ۱۱۰ [2] الزمر آیت ۳

www.maktabah.org

چونکہ ہر کلام کے معنے سمجھنا شرط نہیں لہٰذا فرمایا!

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط بنی اسرائیل آیت ۱۱۰

جب کہ دونوں لفظ ایک ذات کی طرف لوٹتے ہیں اور یہ حقیقت عبد ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ ادراک و توہم اور علم محیط سے منزہ ہے۔

بسم اللہ میں رحیم کیوں

وصل :۔ بسم اللہ میں رحیم کا لفظ آیا ہے اور رحیم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی صفت ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

یعنی آپ مومنوں پر رافت اور رحم فرمانے والے ہیں۔

اس کے ساتھ کمالِ وجود ہے اور رحیم کے ساتھ بسم اللہ پوری ہو گئی اور اس کے ساتھ خلق و ابداع کا عالم پورا ہو گیا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وجودِ عالم کا عقلاً اور نفساً مبتدا ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں اُس وقت نبی تھا جب آدم پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔

اس میں وجودِ باطن کی ابتدا ہوئی اور اس کے ساتھ عالم تخطیط یعنی عالمِ منقوش میں ظاہر کا مقام اختتام پذیر ہو گیا، پس فرمایا۔

لَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ الحدیث

یعنی میرے بعد نہ رسول ہے اور نہ نبی

پس رحیم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور بسم ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

www.maktabah.org

یعنی مقامِ ابتداء و انتہا میں یہی امر ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام حاملِ اسماء ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

عَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا

جب کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن اسماء کے معانی کے حامل ہیں۔

جن اسماء کے حضرت آدم علیہ السلام حامل تھے اور یہی کلمات ہیں۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اُعْطِيتُ جَوَامِعُ الْكَلِم یعنی مجھے جامع کلمات عطا فرمائے گئے۔ اور کسی نے اپنی ذات پر ایسی کمال ثناء نہیں کی جس پر اُس سے یہ ثناء کامل ہو جائے۔ جیسا کہ حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام!

اسماء کی معرفت

جسے اسماء کی ذات حاصل ہو جائے اسماء اُس کے حکم کے تحت ہوتے ہیں اور ایسا کوئی شخص نہیں جس کو اسماء کا حصول ہو جائے اور مسمّیٰ کا حاصل ہونا بھی اُس کے پاس ہو۔ اور یہی ہم پر صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی فضیلت ہے اس لئے کہ اُنہیں ذات حاصل تھی اور ہمیں اسم۔ اور جب ہم نے حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمِ گرامی کا وہی احترام کیا جو وہ ذات کا کرتے تھے تو ہمارے اجر میں بھی اضافہ ہو گیا۔ چونکہ اُن کے لئے غائب ہونے کی حسرت نہ تھی، لہٰذا ہمارے ثواب کے اضافے پر اضافہ ہوا۔ پس ہم اخوان اور وہ اصحاب ہیں۔ آپؐ کو ہمیں ملنے کا اشتیاق تھا اور آپؐ کو ہم میں سے کسی ایک کے ساتھ مُلاقات کی کیوں خوشی نہ ہوتی اور آپ کیوں فرحت نہ فرماتے۔ جب کہ جس کا آپ

www.maktabah.org

کو شوق ہوتا وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتا۔ تو کیا آپؐ کی کرامت اور نیکی کو اُس شخص پر قیاس کیا جا سکتا ہے؛ اور ہم میں سے وہ عمل کرنے والے کے لئے پچاس نیکیوں کا ثواب ہے جو آپ کے اصحاب کرتے تھے تو یہ اُن کے اعیان سے نہیں بلکہ اُن کے امثال سے ہے۔

یہ آپ کی وہ حدیث ہے جس میں ہے کہ بَلْ مِنْکُمْ یعنی وہ تم سے ہیں۔ پس اُنہوں نے جدّ و جُہد کی یہاں تک کہ وہ پہچان گئے کہ اُن کے پیچھے اُن کے بعد ایسے لوگ بھی ہیں جو اگر آپ کو دیکھ لیتے تو وہ یعنی صحابۂ کرام آپؐ کی طرف اُن سے سبقت نہ لے جاتے اور یہاں مجازات واقع ہوئے ہیں اور اللہ ہی مدد فرمانے والا ہے۔

چار لفظ چار معنے

تنبیہ :۔ پھر جاننا چاہیئے کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمُ چار الفاظ ہیں اور اُن کے لئے چار معانی ہیں تو یہ آٹھ ہوئے اور یہ آٹھ عرشِ محیط کے حامل ہیں اور وہ عرش سے ہیں۔ یہاں وہ ایک وجہ سے حاملانِ عرش ہیں اور ایک وجہ سے عرش ہیں۔ پس اس پر غور کریں تو آپ کی ذات کے لئے آپ کی ذات سے اخراج ہوگا۔

بسم اللہ کا میم

تنبیہ :۔ پھر ہم نے بِسم اللہ کی اُس میم کو پایا جو حضرت آدم علیہ السلام کی مُعرّق میم ہے اور ہم نے رحیم کے میم کو پایا جو حضرت محمّد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی میم کے معرّق ہے۔ جو عموماً خطابِ وجُود کے لئے ہے۔ جیسا کہ حضرت آدم

www.maktabah.org

علیہ السلام عموماً ہمارے پاس تھے۔ لہٰذا دونوں میم لمبے ہوتے ہیں۔

انتباہ :- ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ہوا وہوس سے تنطق نہ فرماتے تھے، نے فرمایا!

" اگر میری اُمت صالح ہوگی تو اس کے لئے ایک دن ہوگا۔ اور اگر فساد کرے گی تو نصف دن ہوگا۔" اور صالحین کا دن یوم ربانی ہے۔ ایام اللہ اور ایام ذوالمعارج کے بالعکس پروردگار کے ایام سے ہر دن ہزار سال کا ہے اور کیونکہ ان ایام کا فرق ایام رب سے بڑا ہے۔ انشاء اللہ اس کا ذکر آگے آئے گا۔ جو معرفتِ زمان و اصلاحِ اُمت کے باب کے عنوان سے اس کتاب میں داخل ہے۔

ہزار سال ہزار مہینے

اور جو حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُس کی طرف نظر کے مطابق ہے اور اُس کا فساد اُس سے اُس کے اعراض کے ساتھ ہے۔ پس ہم نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ہزار معنوں پر مشتمل پایا۔ اور ہر معنے کا حصول ایک سال پورا ہونے کے بعد حاصل ہوتا ہے اور ان معانی کا حصول لازماً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو شامل ہے کیونکہ وہ اپنے معنی کے اظہار کے لئے عطا کی گئی ہے۔

پس لازم ہے کہ ہزار سال کامل ہوں اور یہ میزان میں پہلا دورہ ہے اور اس کی مدت چھ ہزار سال روحانیہ محقق ہوتی ہے۔ اس لئے اُن علوم الٰہیہ سے ظاہر ہوتے جو ان کے علاوہ اُمتوں میں ظاہر نہیں ہوتے۔ کیونکہ وہ دور گزر گیا۔ جو مٹی کا تھا پس اُن کے علم کی غایت طبائع کے ساتھ تھی اور ان میں علم الٰہیات کے جاننے والے بہت ہی تھوڑے تھے۔ قریب تھا کہ اُن کے لئے

www.maktabah.org

عین کا ظہور نہ ہوتا۔ پھر اُن سے جو جاننے والا ہوتا طبیعات کے ساتھ مِلا ہُوا ہوتا اور یہ ضروری تھا اور ہمیں جو علم حاصل ہوتا ہے۔ وہ خالِص الٰہیات سے ہے اُس پر طبائع کے حکم کو کوئی راستہ نہیں۔

اللہ اور رحمان کے الف

مضّاح : پھر ہم نے اللہ اور الرحمٰن میں دو الف پائے۔ ایک الف ذات کے لئے اور ایک الف عِلم کے لئے ہے۔

ذات کا الف پوشیدہ ہے اور علم کا الف عالم پر تجلّیٔ صِفت کے لئے ظاہر ہے۔ پھر یہ بھی اللہ میں پوشیدہ ہو گیا اور اللہ اِلّا اللہ کے درمیان خط میں رَفع شک کے لئے ظاہر نہ ہُوا۔

اور ہم نے بسم اللہ میں آدم علیہ السلام کی طرح ایک الف پایا جو بار کے ظہور کے لئے پوشیدہ ہو گیا اور الرّحیم میں ایک الف پایا جو حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی طرح ظاہر ہے۔ اور یہ الف عِلم ہے اور حضرت محمّد مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا نفسِ ذات ہے۔ پس حضرت آدم علیہ السلام میں الف پوشیدہ ہو گیا۔ کیونکہ وہ کِسی کی طرف نہیں بھیجے گئے تھے اور اُن کے ظہُورِ صفت کی ضرورت نہ تھی۔

اور سیّدنا حضرت محمّد مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی ذاتِ اقدس میں ظاہر ہُوا۔ کیونکہ آپ بھیجے گئے تھے اور آپ نے تائید طلب کی تھی۔ پس آپ کو الف عطا کیا گیا جو اِس کے یعنی الرّحیم کے ساتھ ظاہر ہُوا۔

بِسم اللہ کی بار

ہم نے بِسم میں سے با کو پایا۔ جو الرّحیم کی میم میں عمل کرتی ہے

www.maktabah.org

پس حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وجودِ ترکیب نے حضرت آدم علیہ السلام میں عمل کیا اور اللہ میں داعی ہونے کی وجہ سے اور رحمان میں مدّعو ہونے کے سبب سے عمل کیا۔

اور جب ہم نے دیکھا کہ بدایت سے نہایت اشرف ہے تو ہم نے کہا۔

من عرف نفسہ عرف ربہ "الحدیث"

یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اُس نے اپنے رَبّ کو پہچان لیا۔

اور اسم مسمّیٰ کی طرف زینہ ہے، جب ہم نے جان لیا کہ رُوح "بسم" میں رُوحِ الرّحیم کا عمل ہے کیونکہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نبی تھے اور حضرت آدم علیہ السلام پانی اور مٹّی کے درمیان تھے۔ اور اگر دونوں نہ ہوتے تو آدم علیہ السلام کا نام آدم نہ ہوتا۔ چنانچہ ہم نے جان لیا کہ بسم ہی وہ رحیم ہے کیونکہ کوئی چیز عمل نہیں کرتی۔ مگر یہ کہ اُس کی ذات ہو نہ کہ اُس کا غیر، پس نہایت وبدایت اور شرک وتوحید معدوم ہو گئے اور اتحاد اور اس کی سلطنت کا ظہور ہو گیا۔

پس حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم جمع کے لئے اور حضرت آدم علیہ السلام تفریق کے لئے ہیں۔

ایضاح :- اس پر دلیل ہے کہ اُس کے قول میں "الرَّحیم" کا الف العلم کا الف ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ المجادلہ آیت ،

یعنی پانچ نہیں ہوتے مگر اُن کا چھٹا وہ ہے۔

بسم کی الف :- بسم کی الف میں بھی علم کا الف ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا!

www.maktabah.org

مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی ثَلٰثَۃٍ اِلَّا ھُوَ رَابِعُھُمْ المجادلہ آیت ۷

یعنی تین سرگوشی نہیں کرتے مگر چوتھا اُن کا اللہ تعالیٰ ہے۔

پس الف ہزار ہے۔ نہ اس سے توحید کا باطن کم ہے اور نہ اُس کے ظاہر کی مُراد زیادہ ہے۔ پھر بسم سے آدم میں الف پوشیدہ ہوگیا۔ کیونکہ وہ پہلے موجود تھا اور اُس کے مقام پر اس کا کوئی مدّعی اور جھگڑا کرنے والا نہ تھا اور وہ پہلی ہی نظر میں اپنے مُوجِد کے وجُود پر دلالت کرتا ہے۔ اِس لئے کہ وہ ہمارے وجُود کو فتح کرنے کا مقام ہے۔ کیونکہ جب اُس نے اپنے وجُود میں دیکھا تو اس کے لئے دو امروں میں تعارض کیا۔

ایک یہ کہ کیا اُسے ایسے وجُود میں پیدا کیا ہے جس کا اوّل نہیں ہے؟

دوم یہ کہ کیا وہ اپنے آپ کو خود پیدا کرنے والا ہے؟ اور یہ محال ہے کہ وہ خود کو خود ہی پیدا کرے۔ کیونکہ یہ اَمر اِس بات سے خالی نہیں کہ اگر وہ اپنے آپ کو خود پیدا کرتا ہے تو خود موجُود ہو یا یہ کہ وہ خود کو پیدا کرے اور معدُوم ہو۔

اگر موجود تھا تو اُس نے کِسے پیدا کیا۔ اور اگر معدُوم تھا تو اُس نے کِسے پیدا کیا۔ تو اس کا پیدا کرنا کیسے درُست ہو سکتا ہے۔ جو خود عدم ہے۔ اب اِس کے سِوا کوئی اَمر باقی نہیں کہ اُسے کِسی دوسرے نے پیدا کیا اور وہ الف ہے۔ اِس لئے بِسم کا الف ساکن ہے اور وہ عدم ہے اور میم متحرک ہے اور وُہ دُور یہ ایجاب ہے۔

جب پہلی نظر میں ہی اس پر دلالت کر دی تو قوّتِ دُلالت کے لئے الف پوشیدہ ہوگیا اور ضُعفِ دلالت کے لئے الرّحیم میں حضرت محمّد مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لئے وجودِ منازع کے لئے ظہور پذیر ہوا۔ اور الف کے ساتھ اِس کی تائید کی اور رحیم حضرت محمّد مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہوگیا اور اِس

www.maktabah.org

کے اسمِ ظاہر سے الف اس کے لئے اس سے حق کی تائید ہوگیا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ — الصف آیت ۱۴

پس وہ غالب ہوئے۔

اور فرمایا! کہو اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اُس کا رسول ہوں۔ تو جو آپ کے لفظ کے ساتھ ایمان لایا۔ وہ شرک کا غلام رہا اور وہ اہلِ جنّت سے ہے اور جو اس کے معنی پر ایمان لایا وہ توحید کی لڑی میں پرو دیا گیا اور اس کے لئے آٹھویں جنّت صحیح ہوگئی اور وہ اُس سے ہے جو اپنی ذات پر ایمان لایا اور وہ دوسرے کے میزان میں نہیں ہوتا۔ کیونکہ برابری واقع ہو جاتی ہے اور پسندیدگی کا اتحاد اور رسالت کا اختلاف جمع ہو جاتا ہے۔

بسم ورحمان کا ایک ایک نقطہ اور رحیم کے دو نقطے

ہم نے بسم اور رحمان میں ایک ایک نقطہ اور ایسے ہی الرَّحیم میں دو نقطے پائے اور اللہ کو خاموش یعنی بغیر نقطہ کے پایا۔ اِس لئے کہ وہ ذات ہے اور باقی اسماء میں محلِ صفات ہونے کی بنا پر نقطے پائے جاتے ہیں۔

پس بسم اور آدم میں اتحاد ہو گیا۔ کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام فردِ واحد ہیں اور کسی کی طرف بھیجے نہیں گئے۔

اور رحمان میں اتّحاد ہُوا کیونکہ وہ آدم ہے۔ کیونکہ آدم کائناتِ مرکبات کے عرش پر مستوی ہے اور باوجود الف کے ظہور کے رحیم کے نقطوں پر کلام باقی رہتا ہے۔ پس یا دس راتیں ہیں اور دونوں نقطے جُفت اور الف وِتر ہے۔

اِسم کُلیہ کے ساتھ ہے اور فجر اُس کے باطنِ جبروتی کا معنیٰ ہے اور چھپانے

www.maktabah.org

والی رات غیبِ ملکوتی ہے۔ اور دونوں نقطوں کی ترتیب ایک میم سے ملی ہوئی ہے اور ایک الف سے۔ میم وجودِ عالم ہے جو اُن کی طرف مبعوث کیا گیا اور جو نقطہ اس سے ملا ہُوا ہے وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ اور جو نقطہ الف سے ملا ہُوا ہے وہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہیں اور دونوں پر یارِ کا غار کی طرح نقاب ہے۔

اِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا   التوبہ آیت ۴۰

جب اپنے ساتھی کو فرمایا غم نہ کر اللہ ہم دونوں کے ساتھ ہے۔

ابوبکرؓ کی صداقت یقینی تھی

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم حضرت ابوبکرؓ کے صِدق سے واقف تھے اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اُس حال میں حق سے واقف تھے جس میں آپؐ اُس وقت تھے۔ پس آپ حکیم تھے جیسا کہ آپ نے دُعاء و الحاح میں کام کیا اور ابوبکرؓ اس سے چیخ پڑے۔ کیونکہ حکیم مواطن میں اُس کا حق ادا کرتا ہے۔

جب کہ دو صادقوں کا اس کے ساتھ اجتماع درست نہیں اس لئے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے مقام میں قائم نہ رہ سکے اور صدق میں آپ کے ساتھ قائم تھے۔ پس اس موطن میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے اگر فقدان ہوتا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُس مقام میں قائم ہوتے جس میں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم قائم ہوتے۔ کیونکہ اُس مقام پر رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے کوئی اعلیٰ اور بلند نہ تھا جو انہیں اس سے روک لیتا۔

پس اُس وقت آپ صادق اور اُس کے حکیم تھے اور آپ کے سوا جو بھی ہے

www.maktabah.org

آپ کے حکم کے ماتحت ہے۔

پس جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نقطہ نے طالبوں کی طرف دیکھا تو اس پر تاسف کیا اور شدت ظاہر کی اور صدق غالب آگیا تو فرمایا! اس تاسف کے اثر سے غمزدہ نہ ہوں۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ التوبہ آیت ۴۰

یعنی اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے

جیساکہ تو نے ہمیں خبر دی ہے۔ اور اگر نزاع پیدا کرے کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے قائل ہیں تو کچھ پرواہ نہیں۔ اس لئے کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام جمع اور تفرقہ تھا اور آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے افسوس کو جانتے تھے۔ اور الف کی طرف نظر کرتے ہوئے تائید فرمائی اور آپ نے جان لیا کہ اس کا امر قیامت کے دن تک ہمیشہ رہے گا تو فرمایا۔

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا التوبہ آیت ۴۰

یہ وہ اعلیٰ واشرف مقام ہے جو اس طرف منتہی ہوتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسے پہلے بیان فرمایا جس کے متعلق آپؐ نے فرمایا! "میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی مگر میں نے اس سے پہلے خدا کو دیکھا"

مشاہدہ ابوبکری وراثت محمدی تھا اور لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔

اور یہ وہ قول ہے جس کی ہمیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے خبر دی ہے کہ

قَالَ كَلَّا ۖ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ الشعرا آیت ۶۲

یعنی۔ میرا رب میرے ساتھ ہے عنقریب مجھے راستہ دکھائے گا۔

ہمارے نزدیک یہ مقالہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے

www.maktabah.org

ہے۔جس کی ہمیں تائید حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد سے ہوتی ہے۔

لَوکُنتُ مُتخِذًا خلیلاً اتخذت ابابکر خلیلاً ۔ الحدیث

یعنی۔ اگر میں کسی کو اپنا خلیل بناتا ابوبکر کو بناتا۔

پس حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی کے مصاحب نہ تھے اور صحابہ ایک دوسرے کے مصاحب تھے اور آپ کے انصار و اعوان تھے۔بس ہمارے اشاروں پر غور کریں یہ آپ کو راہِ ہدایت کی طرف لے جائیں گے۔

رحیم کے دونوں نقطے

لطیفہ :۔ الرّحیم کے دونوں نقطے دو قدموں کا مقام ہیں۔ان میں سے ایک نعلین اُتارنا امر و نہی ہیں اور الف مبارک رات ہے اور یہی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیب ہے۔پھر امر و نہی کی طرف اس میں تفریق کی گئی۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں ہے۔

فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ ۔ الدخان آیت ۴

یعنی۔ اس میں ہر محکم امر کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

چنانچہ یہ کرسی ہے۔ حاء عرش ہے، میم اس کا گرداگرد ہے۔ الف حالِ مستوی ہے، راء قلم کی آواز ہے اور نون وہ دوات ہے جو لام میں ہے۔پس لوحِ رحیم کے قرطاس میں جو ہوا تھا اور جو ہوتا ہے اور یہ لوحِ محفوظ ہے جس سے تعبیر کیا گیا ہے کہ کتاب عظیم میں اشارہ و تنبیہ کے باب سے ہر چیز لکھی ہوتی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ شَيْءٍ ۔ الاعراف آیت ۱۴۵

www.maktabah.org

اور وہ لوحِ محفوظ ہے جیسے کہا گیا۔

مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ الاعراف آیت ۱۴۵

یعنی۔ اُس میں نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل ہے۔

یہ لوحِ محفوظ جامع ہے اور حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ کے فرمان میں یہی بات آتی ہے کہ مجھے نصیحت کے جوامع کلم اور تفصیل عطا فرمائی گئی اور دونوں نقطے ہر چیز کے لئے امر و نہی ہیں۔

حضورِ رسالتمآب کا غیب

حضورِ رسالت مآب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیب وہ الف ہے جس کی طرف مبارک رات کا اشارہ ہے۔ پس الف علم کے لئے ہے اور وہ مستوی ہے اور لام ارادہ کے لئے ہے۔ اور وہ نون یعنی دوات ہے۔ "را" قدرت کے لئے ہے اور وہ قلم ہے۔ حاء عرش کے لئے ہے۔ یاء کرسی کے لئے ہے اور میم کا سر آسمان کے لئے ہے اور "میم" کی جڑ زمین کے لئے ہے۔ پس یہ سات ستارے ہیں۔ اِن میں سے ایک ستارہ جسم کے فلک میں تسبیح پڑھتا ہے اور ایک ستارہ نفس کے فلک میں کلام کرتا ہے۔ ایک ستارہ سرِّ نفس کے فلک میں ہے اور وہ صبر یقیت ہے اور ایک ستارہ قلب کے فلک میں ہے اور ایک ستارہ عقل کے فلک میں ہے اور ایک ستارہ روح کے فلک میں ہے۔ ہم نے جو قفل لگایا ہے اُسے کھول دیں اور اس میں ہم نے اپنے ما فی الضمیر کی کنجی مقرر کی ہے۔ پس طلب کریں تو انشاء اللہ پائیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا جملہ قرآن مجید میں متعدد بار آیا ہے مگر جب اُسے حقیقی وجہ سے دیکھا جائے گا تو وہ ایک ہوگا۔

www.maktabah.org

طریقِ خاص سے اُمّ القرآن کے اسرار

اُمّ القرآن ہی فاتحہ الکتاب، سبع مثانی، قرآنِ عظیم اور کافیہ ہے۔ اور بسم اللہ
اس کی ایک آیت ہے۔ یہ پروردگار اور بندے کو شامل ہے اور ہمارے لئے اُس
کی تقسیم میں یہ اشعار ہیں۔

للنیرین طلوع بالفؤاد فما	فی سورة الحمد یبدو ثالث لهما
فالبدر محو وشمس الذات مشرقة	لولا الشروق لقد ألفیته عدما
هذی النجوم بافق الشرق طالعة	والبدر للمغرب العقلی قد لزما
فان تبدّی فلا نجم ولا قمر	یلوح فی الفلك العلوی مرتسما

قلم میں دو سورجوں کے طلوع ہونے کے لئے ہے سورت الحمد میں اِن دونوں
میں تیسرے کا ظہور نہیں۔

چودھویں کا چاند محو ہو جاتا ہے۔ اور ذات کا آفتاب طلوع رہتا ہے۔ اگر
یہ طلوع نہ رہتا تو چودھویں کا چاند معدوم ہوتا۔

یہ ستارے مشرق کے اُفق پر طلوع ہوتے ہیں اور چودھویں کا چاند مغرب
عقلی کے لئے لازم رہتا ہے۔

اگر آفتاب ظاہر ہو تو آسمانِ علوی میں کوئی ستارا اور چاند اپنا نقش
مُرتسم نہیں کر سکتا۔

یہی قرآن مجید کی فاتحہ ہے۔ کیونکہ کتاب بابِ اشارہ سے مبدعِ اوّل سے
ہے۔ کتاب فاتحہ وغیرہ کو متضمن ہے۔ کیونکہ اس کے لئے اسمِ فاتحہ اس حیثیت
سے درست ہے کہ اس سے پہلے کتابِ وجود کا افتتاح ہوا۔

یہ لیس کمثلہ شیٔ میں منزّہ کی مثل سے ہے۔ تاکہ کاف عین صفت ہو

www.maktabah.org

جب اِس کی مثل بنائی گئی تو فاتحہ کو بنایا گیا جس کے بعد کتاب کو وجود دیا گیا اور اُسے اِس کی کنجی بنایا گیا۔ اس پر غور کریں۔

فاتحہ اُمّ القرآن ہے

فاتحہ اُمّ القرآن ہے کیونکہ اُم محلِ ایجاد ہے اور اِس میں قرآن موجود ہے اور مُوجد اُمّ میں فاعل ہے۔ پس اُمّ ہی جامع کُلّیہ ہے اور یہ اُمّ الکتاب ہے جو اُس کے پاس ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان میں ہے۔ وَعِندہٗ اُمّ الکتاب۔

آپ حضرت عیسیٰ اور حضرت مریم علیہما السلام اور فاعلِ ایجاد کی طرف دیکھیں گے تو آپ کو آپ کی حِس کے بالعکس نظر آئے گا۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام اُمّ ہیں اور ابنِ کتاب وہ ہے جو میرے پاس ہے۔ یا قرآن مریم علیہما السلام ہیں۔ پس غور کریں۔

رُوح کا نفس کے ساتھ ازدواج عقل کے واسطہ سے ہے اور جیسا کہ نفس محلِ ایجاد ہے اور رُوح نہیں آئی مگر نفس سے پس نفس باپ ہے۔ اور یہی نفس نفوذِ خط کے لئے کتابِ مرقوم ہے۔

جو اُمّ میں قلم نے لکھا وہ بیٹے میں ظاہر ہُوا۔ اور وہ قرآن ہے جو عالمِ شہادت پر نکلا اور اُمّ بھی محلِ اسرار کی مثل وجُود سے عبارت ہے یہی منشورِ وَرق ہے جس میں کتابِ مسطور امانت رکھی گئی اور اِس میں یہ اسرارِ الٰہیہ ودیعت کئے گئے۔ یہاں کتاب فاتحہ سے اعلیٰ ہے کیونکہ فاتحہ کتاب کی دلیل ہے اور کتاب اُس کی مدلول ہے اور دلیل کا شرف اُس چیز کے مطابق ہوتا ہے جس پر وہ دلالت کرتی ہے۔

کیا آپ نے دیکھا کہ کتابِ معلوم کی کنجی اُس کی ضِد نہیں۔ کیونکہ اگر اِسے

www.maktabah.org

ضد فرض کر لیا جائے تو دلیل کی حقارت مدلول کی حقارت ہو گی۔ اس لئے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اشارہ فرمایا کہ دشمن کے ملک کی طرف قرآن مجید کو لے کر سفر نہ کیا جائے۔ کیونکہ قرآن مجید کے الفاظ اللہ تعالیٰ کے کلام پر دلالت کرتے ہیں۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا نام کلام اللہ رکھا ہے۔ اس میں جو حروف ہیں ان کی مثال کلمات کی مثال ہے جب کہ اس کے ساتھ کلام اللہ پر دلالت مقصود نہیں ہوتی کہ دشمن کی سرزمین کی طرف کلام اللہ کے ساتھ سفر کیا جائے اور اس کے ساتھ مقامات نجاسات اور اس جیسی جگہوں پر داخل ہوا جائے۔

سبع مثانی اور قرآنِ عظیم

کھلتا ہے کہ یہ سبع مثانی اور قرآنِ عظیم ہیں۔ ایک کے وجود میں صفات کا ظہور ہے اور ایک میں مفرد حضرت ہے اور ایک حضرت جمع ہے تو بسم اللہ سے اَلدِّین تک افراد ہیں اور ایسے ہی اِھْدِنَا سے ضَالِّین تک افراد ہیں اور اللہ تعالیٰ کا فرمان اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِین اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس فرمان پر مشتمل ہے۔

قسمت الصلوٰۃ بینی وبین عبدی نصفین و نصفھا لعبدی ولعبدی ما سأل ۔ الحدیث

یعنی "میں نے اپنے اور اپنے بندے کے درمیان نماز کو نصف نصف تقسیم کیا ہے نصف حصہ میرا ہے اور نصف حصہ میرے بندے کا جس کا وہ سوال کرتا ہے"

پس تیرا کام سوال کرنا ہے اور اس کا عطا کرنا جیسا کہ اس کے لئے امر و نہی کے ساتھ سوال کرنا ہے اور تیرے لئے اس کی پیروی کرتا۔

www.maktabah.org

بندہ کہتا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِین۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ بندے نے میری حمد بیان کی۔
بندہ کہتا ہے۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میری ثنا بیان کی۔
بندہ کہتا ہے۔ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی۔
ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میرے سپرد کر دیا ہے۔
یہ افرادِ الٰہی ہیں۔
ایک روایت میں ہے کہ بندہ کہتا ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میرا ذکر کیا ہے۔
پھر فرمایا! بندہ کہتا ہے۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے جو کچھ میرا بندہ سوال کرے گا میں اُسے عطا کروں گا اور ایاکَ دونوں مقامات پر افرادِ الٰہی کے ساتھ ملحق ہے۔
بندہ کہتا ہے۔ اِھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم وَلَا الضالین۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تو یہ میرے بندے کے لئے ہے۔ اور یہ میرے بندے کے وہ افراد ہیں جن کی اُسے احتیاج ہے اور میرے محتاج بندے کے لئے ہے کہ اُس نے جس چیز کا سوال کیا اللہ تعالیٰ سے کیا۔ پس دو حضرتوں کے سوا باقی نہ رہا تو مثانی درست ہُوا۔
پس جا یہ حق میں وجُود کی اور عبد کلی میں ایجاد کی صورت ظہور پذیر ہوئی،

www.maktabah.org

پس اُس نے اِس کے ساتھ اپنا وصف ظاہر فرمایا اور عماء میں اُس کے سِوا کوئی موجود نہیں، پھر جب بندے کو اپنا خلیفہ بنایا تو اِس کے ساتھ اُس کا وصف بیان فرمایا، لہٰذا تمکنِ صورت کے لیے فرشتے اُس کے لیے سجدہ میں گر گئے اور قیامت کے دِن تک دونوں قدم کے مقام سے فرق واقع ہو گیا۔ قرآنِ عظیم اور وجُود جمع ہے اور اُس کا وہ افراد تجھ سے ہے اور تو اُس کے ساتھ جمع ہے اور اُس کے قول ایاکَ نعبد و ایاکَ نستعین کے سِوا کچھ نہیں۔ اور اللہ ہی حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

مَیں نے الحمد للہ کی تفسیر کی

میری شفاعت میری جماعت پر واقع ہو گئی اور انہیں ہلاکت سے نجات مل گئی تو اِس کے بعد حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کو میری طرف بھیج کر کلام کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ چمکتا ہُوا منبر میرے قریب ہُوا تو مَیں نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اذنِ عالی سے اُس پر چڑھ کر بطور خاص لفظ الحمد للہ پر اکتفا کیا اور تائید نازل ہُوئی۔ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم منبر کے دائیں طرف تشریف فرما تھے اور اِس بندہ نے حمد و ثنا اور بسم اللہ کے بعد الحمد کی حقیقت بیان کی۔

"الحمد" یہی عبدِ مقدس و منزّہ ہے اور "للہ" کا اشارا ذات ازلیہ کی طرف ہے اور یہ وجُودِ الٰہیہ سے بندے کے وجود کے علیٰحدہ ہونے کا مقام ہے، پھر وجودِ ازلی سے اُسے اپنے وجُود سے غائب کر دیا اور اُس کے ساتھ اُسے واصل کیا۔ فرمایا!

لِلّٰہ، تو اُس کے فرمان اللہ پر اُس کے لیے لام خافضہ داخل کیا۔ یہی

www.maktabah.org

تواضع اور ذلت کے باب میں محتاجیٔ عبد کی حقیقت ہے اور یہ حروف معانی سے ہے حروفِ تہجی سے نہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے اسمِ پاک پر لام مقدم فرمایا تاکہ اُس کا شرف ظاہر ہو جائے اور یہ اُس کی ذات کے ساتھ تنزیہہ کی پہچان ہے۔
حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اس تقدیم کی تصدیق کرتے ہوئے فرمایا۔

مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ

یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا۔ بے شک اُس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔ اور اس میں رب کی پہچان پر نفس کی پہچان کو مُقدم فرمایا۔ پھر لام نے اسمِ اللہ میں تحقیقِ اتصال اور تمکینِ مقام کے لئے عمل کیا۔ چونکہ یہ مقامِ وصل میں ہے اس لئے بسا اوقات یہ وہم ہوتا ہے کہ الحمد لام کے علاوہ ہے۔ پس عبد کو لام کی حرکت کی اتباع کے لئے پست یعنی زیر والا بنایا تو الحمد للہ دال کی زیر کے ساتھ پڑھا گیا۔ پس الحمد لام سے بدل گیا اور عینِ واحدہ کی لئے دونوں چیزیں ایک دوسرے سے بدل گئیں۔

الحمد اور لام

الحمد لام کا وجود ہے اور لام الحمد ہے۔ اب جب کہ دونوں ایک ہی چیز ہیں تو الحمد مقامِ وصل میں اللہ کے ساتھ ہو گئی کیونکہ وہ لام کی عین ہے تو اس کے لئے وہی ہیں جیسا کہ لفظاً اور معناً لام ہے، پھر اُس میں زیر کی حقیقت عبودیت کا اثبات ہے۔ پھر اُسے ہماری زندگی سے اُس کی ذات سے فنا کر دیا اور یہ فنا اُسے اوّلیت میں مقامِ اعلیٰ پر بلند کرنے کے لئے ہے تاکہ اُس کی حقیقت کو آخرت میں بقا حاصل ہو۔
پس الحمد للہ رفع لام کے ساتھ کہتا ہے کہ دال کی حرکت کی اتباع کی جائے

www.maktabah.org

اور یہ وہ اَمر ہے جس سے تائید ہوتی ہے کہ الحمد ہی لام ہے جیسے چادر اور کپڑے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ محلِ صفات اور افتراقِ جمع ہے۔ پس بندوں کی معرفت کی غایت یہ ہے کہ اُس کی طرف پہنچ جائیں اور واصل ہوں اور حق اِن تمام کے پیچھے ہے بایں ہمہ جب اُسے فنا کے ساتھ رُفع کیا اُس سے ابتدا کی اور چاہا کہ وہ اپنی فنا کے باوجود معرفت حاصل کرے کیونکہ وہ اپنے مقام پر ہمیشہ ہے تو اُسے عامل مقرر کیا اور حق کے حق میں اُسے عارضی طور پر رُفع کیا اور عبودیت کی پستی کے مقام میں ہاء مکسورہ کو لام کے وجود پر دلالت کرنے کے لئے باقی رکھا۔ اِسی بنا پر وسطی لام کو لفظ کے ساتھ مشدّد کیا یعنی ذاتِ حق ذاتِ عبد نہیں اور یہ تجلیٰ صُورت کے لئے حقیقتِ مثل ہے۔ پھر ہاء لام پر لوٹتی ہے کیونکہ یہ اُس کی معمول ہے۔ تو اگر ہاء ذاتِ حق سے کنایہ ہوتی تو اِس میں لام کا عمل نہ ہوتا بلکہ وہ ہر چیز میں عامل ہے۔

جب یہ لام نفسِ الحمد ہے اور ہاء لام کی معمول ہے تو ہاء یہ لام اور لام الحمد ہے۔ پس ہاء بغیر زیادہ کے الحمد ہے۔

ہم نے پیش ازیں کہا ہے کہ لام مشدّدہ فصل کے مقام پر نہ جمع متحد کی نفی کے لئے ہے۔ پس اِس مضمونِ کلام سے یہ بات نکلی کہ الحمد اُس کا فرمان للہ ہے اور للہ اُس کا فرمان الحمد ہے۔

عبد کی غایت اپنی ذات کی حمد ہے جو کہ آئینہ میں دیکھتا ہے کیونکہ مُحدث قدیم کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ مثل صُورت پر پیدا کی اور مُوحد کو آئینہ بنایا تو ذات کے آئینہ میں صُورتِ مثل کی تجلی دیکھی۔

اُس کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی

جب مَیں نے

www.maktabah.org

ذات کو دیکھا تو اُس کے لئے کہا تو مجھے چھینک آتی تو مَیں نے اپنے نفسِ احمدی کو پہچان لیا۔ مَیں نے خود کو دیکھا تو اپنی حمد بیان کی اور کہا۔ الحمدللہ، اللہ تعالےٰ نے اُسے فرمایا۔ اے آدم تیرا ربّ تجھ پر رحم فرمائے۔ مَیں نے تجھے اسی لئے پیدا کیا ہے اور اُس کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی۔ اسی لئے اپنے اس قول کے بعد فرمایا! الحمد للہ ربّ العالمین الرّحمٰن الرّحیم۔

یہاں رحمت کو مقدّم رکھا پھر فرمایا! غیر المغضوب علیہم،

افتتاحِ وجودِ اوّل میں غضب کو مؤخر کیا اور رحمت غضب پر سبقت لے گئی۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کے شجر کا پھل کھانے پر عقوبت سے قبل رحمت نے سبقت کی۔ بعد ازاں اُن پر رحم ہُوا تو دو رحمتیں ہوگئیں۔ دونوں رحمتوں کے درمیان غضب ہے۔ پس دونوں رحمتوں نے اپنے امتزاج کو طلب کیا۔ کیونکہ دونوں ایک دُوسری کی مثل ہیں۔ پس ایک دوسری میں ضم ہوگئیں اور دونوں کے درمیان سے غضب معدوم ہوگیا۔ جیسا کہ بعض نے کہا ہے۔ دو آسانیوں کے درمیان ایک مشکل ہے۔

اذا ضاق علیك الامر   فکر فی ألم نشرح

فعسر بین یسرین   اذا ذکرته فافرح

جب تجھ پر کسی امر میں تنگی آئے تو سُورہ اَلم نشرح پر غور کر۔ پس دو آسانیوں کے درمیان ایک مُشکل ہے۔ جب تُو اُسے یاد کرے گا۔ تجھے خوشی حاصل ہوگی۔

پس رحمت موجُودِ اوّل سے عبارت ہے جس کی تعبیر مطلوب کے ساتھ کی گئی ہے۔

مغضوب علیہم نفس امارہ ہے۔

www.maktabah.org

ضالین، عالم ترکیب ہے۔

نفس ہمارا ہمیشہ مغضوب رہے گا۔ جب کہ باری تعالیٰ اِس سے منزّہ ہے کہ اُس کی تنزیہہ بیان کی جائے۔ کیونکہ اُس کے سِوا نہ کوئی دُوسرا ہے اور نہ اُس کے سِوا کوئی موجُود ہے۔

حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے اس کی طرف اشارہ کرتے ہُوئے فرمایا، مومن اپنے بھائی کا آئینہ ہے۔ صُورت کا وجود اپنے کمال پر ہے کیونکہ یہی محلِ معرفت ہے اور یہی وَاصل کرتی ہے، اگر اِسے دُوسری صُورت پر پیدا کیا جاتا تو وہ جمادات سے ہوتا۔ پس حمد ہے اُس ذات کے لئے جس نے اُس کے ساتھ واقفیّت رکھنے والے عارفوں پر ازلی اَبدی مَواد کے ساتھ عنایت کی۔

لام کا مقام

تنبیہہ :۔ لام رسم کو فنا کرتا ہے جب کہ بار اُسے باقی رکھتی ہے۔ اِس لئے ابوعباس بن عریف نے کہا۔

عالم میرے لئے ہیں اور عارف میرے ساتھ ہیں۔

پس لام کے اعلیٰ مقام کا اثبات ہوتا ہے کیونکہ وہ اپنے کلام میں کہتا ہے اور عارفین اپنی ہمتوں کے ساتھ ہیں۔ پھر لام کے حق میں کہا کہ حق ان سب کے پیچھے ہے، پھر اِس پر مزید تنبیہہ کی اور اِس ایک اَمر پر قناعت نہیں کی۔ چنانچہ فرمایا۔ ہمتیں موصول کے لئے ہیں اور ہمّت باتّیین عارفوں کے لئے ہے اور علماء کے حق میں لامیین کہا۔ اور بے شک رسم کے مضمحل ہونے کے وقت حق کا ظہور ہوتا ہے اور لام کا یہ وہ مقام ہے جو رسم کی فناء کا ہے۔

www.maktabah.org

الحمد للہ الحمد باللہ سے اعلیٰ ہے۔ کیونکہ الحمد باللہ میں تیری بقاء اور الحمد للہ میں تیری فنا ہے۔ جب عالم نے الحمد للہ کہا یعنی سوائے اُس کے اللہ کے لئے کوئی حمد کرنے والا نہیں، تو مناسب ہے کہ پھر اُس کے سوا کوئی محمود نہ ہو۔

اور عوام نے الحمد للہ کہا۔ یعنی اللہ کے سوا کوئی محمود نہیں اور وہی حمد کرنے والا ہے۔ پس لفظ کی صورت میں دونوں کا اشتراک ہے۔

پس علماء نے حمد کرنے والوں، مخلوقوں اور محمودوں کو فنا کیا اور عوام نے بطورِ خاص محمودوں کو خلق سے فنا کر دیا۔ مگر عارفین اِس پر متمکن نہیں ہو سکتے کہ عوام کی طرح الحمد للہ کہیں۔ بے شک اُن کے نزدیک اُن کے نفوس کی بقاء کے لئے اُن کا مقام الحمد باللہ ہے۔ پس یہ فصل متحقق ہوئی اور بے شک یہ معرفت کا گودا اور مغز ہے۔

ربّ العالمین اور الرّحمٰن الرّحیم کی تشریح

اللہ تعالیٰ کے فرمان ربّ العالمین الرّحمٰن الرّحیم کے بارے میں۔

اُس کے فرمان ربُّ العالمین کے ساتھ ہمارے اور ہمارے دِلوں میں حضرتِ ربُوبیت کا اثبات ہُوا۔ یہ عارف کا اور نفس کے قدم کے راسخ ہونے کا مقام ہے اور یہ صفت کے مقام پر ہے کیونکہ ہمارا قول لِلّٰہ شہدِ ذاتیہ اور مرتبۂ عالیہ ہے پھر اُس کی اتباع اُس کے ارشاد ربُّ العالمین کے ساتھ ہے۔ یعنی اللہ کے بعد ربُّ العالمین آیا ہے کہ وہ عالموں کی پرورش کرتا ہے اور اُنہیں غذا فراہم کرتا ہے، عالمین ہر ماسِوا اللہ سے عبارت ہے۔

تربیت یعنی پرورش دو قسموں میں تقسیم ہوتی ہے۔ ایک بالواسطہ اور ایک بلاواسطہ ہے۔

www.maktabah.org

کلمہ رُوحِ کُلّی

پس کلمے کے حق میں ہرگز واسطے کا تصوّر نہیں اور جو اس کے علاوہ ہے لازماً واسطے سے ہے۔ پھر تربیت کی دو قسموں پر تقسیم ہے وہ جو بالواسطہ خاص ہے۔ اُن سے ایک قسم محمود ہے اور دوسری مذموم ہے۔ اور قدیم تعالیٰ سے نفس کی طرف ہے۔ اور نفس حَد میں داخل ہے۔ وہاں محمود خاص کے علاوہ نہیں۔

رہا مذموم اور محمُود تو نفس عالمِ حس کی طرف ہے اور نفس تبدیلی اور پاکیزگی وجود کے لئے محلِ قابل ہے۔

پس کہا! اللہ تبارک و تعالیٰ نے کلمہ کو پیدا کیا جو کُلّی رُوح سے تعبیر ہوتا ہے جو کہ ایجادِ ابداع ہے۔ اِسے محلِ سلب اور مقامِ جہل میں پیدا کیا گیا۔ یعنی اُسے آپ ذات کی روئیت سے اندھا کر دیا تو باقی نہیں جانتا کہ کہاں سے صادر ہُوا اور کیسے صادر ہُوا۔ اِس میں اُس کی غذا یہی تھی جو اُس کی حیات اور بقا کا سبب تھی اور اُسے اس کا علم نہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس کی ہمّت کو مُتحرّک کیا کہ وہ اُس چیز کو طلب کرے جو اُس کے پاس ہے اور وہ نہیں کہ یہ چیز اُس کے پاس ہے۔ پس اُس کی ہمت روانگی پکڑتی ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے اُس کی ذات کا مشاہدہ کرا دیتا ہے۔ چنانچہ وہ ساکن ہو جاتا ہے اور اُسے علم ہو جاتا ہے کہ وہ جس چیز کو طلب کرتا ہے اُس سے وہ ہمیشہ سے متّصف ہے۔ ابراہیم بن مسعُود البیری نے کہا۔

قد یرحل المرء لمطلوبہ
والسبب المطلوب فی الراحل

چلنے والا کبھی اپنے مطلوب کے لئے روانہ ہوتا ہے اور مطلوب کا سبب

www.maktabah.org

خود چلنے والے میں ہوتا ہے اور وہ اُس میں دولیعت کیے گئے اسرار اور حکمتوں کو جان لیتا ہے۔ اُس کے نزدیک اپنا حادث ہونا متحقق ہو جاتا ہے اور وہ اپنی ذات کی معرفت پر احاطہ کر لیتا ہے۔ پس یہ معرفت اُس کے لئے مددگار غذا بن جاتی ہے جس سے وہ بے انتہا تقویت اور ابدی زندگی حاصل کر لیتا ہے۔

رُوح سے خُدا کا انتخاب

اِس تجلّیٔ اقدس کے وقت اُسے فرمانِ الٰہی ہوتا ہے۔ تیرے نزدیک میرا کیا اسم ہے۔ وہ کہتا ہے تُو میرا ربّ ہے پس اُسے سِوائے حضرتِ ربوبیّت کے اور کوئی معرفت حاصل نہیں ہوتی اور وہ قدیم الوہیّت کے ساتھ انفرادیت حاصل کر لیتا ہے کیونکہ اُسے کوئی نہیں جانتا مگر وہ خود ہی اپنے آپ کو جانتا ہے۔

اُسے اللہ سُبحانہٗ فرماتا ہے۔ تُو میرا مربُوب ہے اور مَیں تیرا ربّ ہُوں۔ مَیں تجھے اپنے اسماء و صفات عطا کرتا ہُوں تو جو تجھے دیکھے گا اُس نے مجھے دیکھا اور جو تیری اطاعت کرے گا اُس نے میری اطاعت کی۔ جس نے تجھے جانا اُس نے مجھے جانا اور جو تجھے نہیں جان سکے گا وہ مجھے نہیں جانتا۔ تیرے علاوہ لوگوں کی انتہا یہ ہے۔ کہ وہ تجھ سے اپنے نفوس کی معرفت تک پہنچیں اور اُن کی معرفت کی انتہا یہ ہے کہ وہ تیرے وجود کو جان لیں نہ کہ تیری کیفیّت کو' ایسے ہی تُو میرے ساتھ ہے اور تُو اپنے نفس کی معرفت سے آگے نہیں بڑھے گا اور نہ اپنے سوا کسی کو دیکھے گا اور نہ تجھے میرے ساتھ علم حاصل ہو گا۔ مگر وجُود کی حیثیت سے اگر تو عِلم کے ساتھ میرا احاطہ کرتا تو مَیں تُو ہوتا اور مَیں تیرا محاط ہوتا اور میری اَنا تیری اَنا ہوتی جب کہ اَنا میری اَنا نہیں ہوتی۔

مَیں اسرارِ الٰہیہ کے ساتھ تیرا مددگار اور مُربّی ہُوں اور تو اِن رازوں کو

www.maktabah.org

خود میں پائے گا تو اُنہیں پہچان لے گا اور میں نے اس معرفت کی کیفیتِ امدادیہ کو تیرے لئے پردوں میں کر دیا ہے کیونکہ تجھے اُن کے مشاہدے کے متحمل ہونے کی طاقت نہیں کیونکہ اگر تو اُسے پہچان لیتا تو انانیّت کا اتحاد ہو جاتا جب کہ اتحادِ انانیت محال ہے۔ پس تیرا مشاہدہ وہی محال ہے۔ کیا مرکّب کی انیت بسیط کی انیت لوٹ سکتی ہے؟ پس حقائق کے پھرنے کا کوئی راستہ نہیں۔

جاننا چاہیئے تیرے سوا جو کچھ ہے تیری تبعیّت کے حکم میں ہے اور تو میری تبعیّت کے حکم میں ہے۔ تو میرا کپڑا میری رِدا اور میرا پردہ ہے۔

رُوح نے اُسے کہا! اے میرے رَبّ میں نے تیری بات سُن لی۔ تو نے کہا کہ میرا ایک مُلک ہے۔ مگر میرا مُلک کہاں ہے؟ پس اُس کے لئے اُس کے نفس کو نکالا۔ یہی بعثت سے مقصُول ہے۔

رُوح نے کہا! یہ تو میرا بعض حصّہ ہے اور میں اس کا کُل ہُوں جیسا کہ میں تجھ سے ہُوں تو مجھ سے نہیں۔

فرمایا! اے میری رُوح تو نے سچ کہا۔

رُوح نے کہا! اے میرے رَبّ میں نے تیرے ہی ساتھ کلام کیا۔ تو نے ہی میری تربیّت کی ہے اور تو نے ہی مجھ سے امداد اور تربیّت کا راز چھپا رکھا ہے اور تجھے اس کے ساتھ انفرادیت حاصل ہے۔

اِس مُلک سے میری امداد کو پوشیدہ کر دے۔ یہاں تک کہ یہ مُجھے بھُول جائے۔ جیسا کہ میں تجھے بھُولا ہُوا ہُوں۔

نفس کی پیدائش

پس نفس میں قبول و اِفتقار کی صفت تخلیق کی گئی اور عقل کو رُوحِ مقدّس

www.maktabah.org

کی طرف بوجھ ٹھہرایا گیا۔ پھر رُوح کو اطلاع دی گئی تو فرمایا! میں کون ہوں؟

رُوح نے کہا! تو میرا رَبّ ہے۔ تیرے ساتھ میری زندگی ہے اور تیرے ساتھ میری بقاء ہے۔

پس رُوح اُس مُلک کے ساتھ فریفتہ ہو گئی اور اُس میں اپنے رَبّ کے مقام پر قائم ہو گیا یعنی اُسے اپنے رَبّ کی نیابت حاصل ہو گئی اور اِسے اُس نے نفس کی امداد تصوّر کر لیا۔

پس حق نے ارادہ فرمایا کہ اُسے اِس امر کی اطلاع ہو جائے کہ تیرا تخیّل اور تصوّر اصل صُورتِ حال کے خلاف ہے۔ کیونکہ اگر اُسے اُس کے سوال کے مطابق امداد کا بھید بتا دیا جاتا تو اس سے اس چیز کے ساتھ الوُہیت کی انفرادیت نہ رہتی اور نہ ہی انیت کا اتحاد باقی رہتا۔

پس جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے یہ ارادہ فرمایا تو اُس کے یعنی رُوح کے مقابلہ میں شہوت کو پیدا فرمایا اور ہوس کے لئے اُس کا بوجھ ڈالا اور بالعموم جمیع واردات کے لئے نفس میں صُورتِ قبول پیدا کر دی۔ پس نفس کو دو طاقتور رَتوں کا درمیان حاصل ہو گیا۔ جن دونوں کے دو عظیم وزیر ہیں اور یہ ہمیشہ اُسے ندا کرتا ہے اور وُہ اُسے آواز دیتا ہے اور ہر چیز اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

کہہ کہ! ہر چیز اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ اور فرمایا۔

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۝ بنی اسرائیل آیت ۲۰

اُن کو بھی مدد دیتے ہیں اور اُن کو بھی اور آپ کے رَبّ کی بخشش کسی پر بند نہیں،

www.maktabah.org

اس لئے نفس تغیر و تطہیر کا مقام ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ الشمس آیت ۸

پھر اُس کی بدکاری اور اُس کی پرہیز گاری اُس کے سینے میں ڈال دی اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ الشمس آیت ۷

جان کی قسم اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے درست کر کے بنایا،،

اگر نفس ہوس کی منادی کو قبول کرے تو تغیر ہو گا اور اگر روح کی آواز کو قبول کرے تو از روئے شرح و توحید تطہیر ہو گی۔

پس جب روح کی منادی کو دیکھا اور جواب دینے والے کو نہ سنا تو کہا۔ میرے ملک کو مجھے جواب دینے سے کس نے روکا۔

اُسے وزیر نے کہا! تیرے مقابلہ میں ایک عظیم سلطنت والا بادشاہ ہے جس کی اطاعت کی جاتی ہے موجود ہے اور اُس کا نام ہوا ہے۔ وہ عجلت سے عطا کرتی ہے اور دنیا کے تمام کنارے اُسی کے ہیں۔ پس اُسے اُس کے حضرت نے کھول دیا اور جواب دینے کے بعد پکارا۔ پس روح اللہ تعالیٰ کی طرف شکایت کے ساتھ پلٹ گئی تو اُس کی عبودیت ثابت ہو گئی اور یہ ہی اُس کی مُراد تھی۔

اور ارباب و مربوبین ہر ایک اپنے اپنے مقام اور مرتبہ کے مطابق اُتر آئے۔ پس منفصل عالم شہادت کا رب عالم خطاب اور متصل عالم شہادت، کا رب عالم جبروت ہے اور عالم جبروت والوں کا رب عالم ملکوت ہے اور عالم ملکوت والوں کا رب عالم کلمہ ہے اور کلمہ کا رب ایک ہی واحد و صمد ہے۔

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ہم نے اپنی کتاب تدبیرات الٰہیہ فی اصلاح مملکت انسانیہ

www.maktabah.org

ہیں اِس فصل میں سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ چنانچہ اِس فصل کو یہاں بخوفِ طوالت پُورا نہیں کیا۔ ایسے ہی اِسے ہم نے تفسیر القرآنؑ میں بھی بیان کیا ہے۔

پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندوں کی تربیت کے ساتھ منفرد ہے اور جو کوئی اُن میں سے پردے میں ہے وہ واسطوں کے ساتھ پردے میں ہے اور اِس فصل سے اُس شخص کو بھی نکال دیا گیا ہے جس کی رُوح اور اُس کے معنیٰ کو یہ معرفت حاصل ہے کہ اُس کا ربّ اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ ہے اور عالمین کُلّی کی مثل ہے۔

اِسی لئے اُس نے عالمین میں عرش کو آٹھ حروف پر پیدا فرمایا ہے اور لُطفِ تربیّت اور رحمان و رحمتِ رحمانیہ کے ساتھ اُس پر استواء فرمایا۔ تاکہ مؤکدہ رحمیّت کے ساتھ دارالحیوان کا امتیاز ہو جاتے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اَلرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ رحمان کے ساتھ عام اور رحیم کے ساتھ خاص رحمت ہے۔ رحمان اُس کے عالم میں واسطوں وغیرہ کے ساتھ ہے۔ اور رحیم کے ساتھ خاص رحمت ہے۔ رحمان اُس کے عالم میں واسطوں وغیرہ کے ساتھ ہے اور رحیم وجودِ اختصاص اور شرفِ عنایت کے لئے اُس کے کلمات میں بلاواسطہ ہے۔ پس اس پر غور کریں اور اِسے سلامتی کے لئے تسلیم کر لیں۔

مالکِ یومِ الدّین

وَصل : اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے مالکِ یومِ الدّین اِس سے مُراد یومِ جزاء ہے اور حضرتِ ملک مقامِ تفرقہ سے ہے اور یہی جمع ہے کیونکہ تفرقہ واقع نہیں ہوتا مگر جمع میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

فِیهَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ الدخان آیت ۴

یعنی۔ اِس میں ہر اَمرِ محکم کا فرق کیا جاتا ہے۔

ؑ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بندہ نے شیخ اکبر کی تفسیر القرآن کا بھی اردو میں ترجمہ کر دیا ہے۔" منترجم"

www.maktabah.org

تو یہی مقامِ جمع ہے جسے سُلطانِ تفرقہ نے قبول کر لیا ہے اور یہی تفرقہ کا مقام ہے۔ پس جمع کا خطاب اَمر و نہی کی طرف متفرّق ہو گیا اور ناراضگی اور رضامندی ارادہ و اطاعت اور نافرمانی اُس کے عابد کا فعل ہے اور وعدہ و وعید اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ اُس دن میں وہ بادشاہ ہے جس کے لئے شفاعت متحقق ہے اور وُہی اِس کے ساتھ مخصوص ہے جس نے نفسی نفسی نہ کہا ہو اور اُمّتی اُمّتی کہا ہو۔ ہمارے وجُود میں قیامت متجلّی کے لئے جو بادشاہ مطلوب ہے وہ طریق تصوّف میں ظہُور کرتی ہے اور وہ پاکیزہ رُوح ہے اور قیامت کا دن اُس کی ایجاد کی جزاء کا وقت ہے۔ یا اگر اُس کے لئے عقوبت ہُوئی تو لازماً اُس سے طلب کی جائے گی۔ پس اگر اطاعت گذار ہے تو اُس کے لئے کھجوروں اور انگوروں کے باغات ہیں اور اگر معصیت کُفر ہو گی تو اُس کے لئے جہنّم کے طوق اور عذاب ہے۔

مقامِ دعویٰ سے دو صُورتیں ہیں۔ اِس آیت میں یہ کلام فرض کرتے ہیں۔ کہ حدِ مُلک پر ہے۔ اور اُسے نہیں پہنچتا۔ اور کیا نفس جزاء کے دن سے اُس سے فناء کی طرف ترقی کرتا ہے؟

ہم کہتے ہیں کہ بادشاہی اُس کے لئے دُرست ہے جو مُلک کے طریق کے ساتھ ہو اور ملک اُسے سجدہ کرتا ہو اور وہ رُوح ہے۔ جب ہَوس نے رُوح کے ساتھ جھگڑا کیا۔ اس پر حملہ آور ہونے کے لئے نفس کے ساتھ مدد طلب کی اور رُوح نے ہَوس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا اور مستعد ہو گئی۔

جب رُوح توحید کے لشکروں اور ملاءِ اعلیٰ کے ساتھ میدان میں نکلی اور ایسے ہی ہوس آرزوؤں غرور و تکبّر اور ملاءِ اَسفل کے لشکروں کے ساتھ میدان میں نکلی۔

رُوح نے ہَوس کو کہا! مجھ سے مقابلہ کر۔ اگر مَیں نے تجھ پر فتح حاصل کر لی

www.maktabah.org

تو قوم میری ہوگی اور اگر تُو فتح یاب ہو جائے اور مجھے ہزیمت دے دے تو مُلک تیرا ہوگا۔ اور لوگوں کو ہمارے درمیان ہلاک نہیں ہونا چاہیئے۔

چنانچہ رُوح اور ہوس کے درمیان مقابلہ ہُوا اور رُوح نے اُسے علم کی تلوار سے قتل کر دیا اور نفس کے انکار کرنے اور بہت بڑی جدّ و جہد کرنے کے بعد اُس پر فتح حاصل کی۔ پس نفس اُس کی تلوار کے نیچے اسلام لے آیا اور سلامت رہا اور مسلمان و مطہر اور مقدس ہو گیا اور اُس کے ایمان لانے سے حواس بھی ایمان لے آئے اور تابعدار غلاموں میں داخل ہو گئے۔ اُن سے فاسد دعووں کی رِدائیں سلب کر لی گئیں اور اُن کے کلمے کا اتحاد ہو گیا اور رُوح اور نفس ایسے ہو گئے جیسے ایک چیز ہوں۔ اور اُس کے لئے حقیقتاً بادشاہ کا نام درُست ہو گیا اور اُس کے لئے کہا گیا۔

مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡن

پس اُسے اُس کے مقام کی طرف لوٹایا اور اُسے افتراقِ شرع سے جمعِ توحید کی طرف منتقل کیا۔ دراصل حقیقت میں بادشاہ وُہی حق تعالیٰ ہے۔ جو ہر ایک کا مالک و متصرف اور عام و خاص کی ذات کے لئے شفیع ہے۔ خاص دُنیا کی وجہ سے اور عام آخرت کی وجہ سے۔

اِس لئے کہ اُس کے ارشاد مالکِ یوم الدّین سے پہلے الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ہے تاکہ ربّ العالمین کی ربوبیّت سے محجوبین کے دلوں کو اُنس حاصل ہو جائے۔

کیا آپ نے دیکھا کہ وہ قیامت کے دن فرماتے گا۔ ملائکہ اور انبیاؑ کی شفاعت ہو گئی اور مومنوں کی شفاعت ہو گئی اور باقی ارحم الراحمین ہے اور یہ نہیں کہا کہ جبّار باقی ہے اور نہ یہ کہ قہّار باقی ہے تاکہ اُن کے دلوں میں ایجادِ فعل سے پہلے اُنس واقع ہو۔ پس جس نے اِس وجود میں معنے کو جان لیا۔ اُس کے لئے ارحم

www.maktabah.org

کے مقام میں خصوصیت درست ہو گئی۔ اور جو اس وجود سے ناواقف رہا۔ حشر اکبر میں عوام میں داخل ہو گا پس مقامِ راحمین میں تجلی واقع ہو گی اور ارحم الراحمین کی شفاعت کے ساتھ تفریق جمع، علیحدگی اتحاد اور جُفت طاق کی صُورت لوٹ جائے گا۔ جہنّم کی فصیل ظاہر ہو گی جس کے پیچھے جنّت کا باطن ہے۔ یعنی جہنّم کی دیوار کے پیچھے جنّت ہو گی

جب یہ دیوار اور فصیل واقع ہو کر منہدم ہو جائے گی اور نہروں کا امتزاج ہو جائے گا اور دریا مِل جائیں گے اور برزخ معدُوم ہو جائے گا اور عذاب نعمتیں اور جہنّم جنّت بن جائے گا تو نہ عذاب ہو گا اور نہ سزا سوائے نعمتوں کے۔ اور ظاہر مشاہدہ کے ساتھ امان ہی امان ہے۔ اور محلّات اور شاخوں پر پرندوں کا چہچہانا ہو گا۔ اور حوروں اور لڑکوں کے ساتھ بوس و کنار ہو گا۔ دوزخ کا داروغہ مالک ہٹ جائے گا اور جنّت کا دربان رضوان باقی رہے گا۔ جہنّم جنّت کے باغات میں بدل جائے گا اور اس میں ابلیس کا راز ظاہر ہو جائے گا۔

پس جب وہ اور جو اُسے سجدہ کرتا ہے مساوی ہو جائیں گے تو بے شک اُنہوں نے نہیں تصرف کیا۔ مگر قضائے سابقہ اور قدرِ لاحقہ سے دونوں کے لئے یہ ضروری تھا اور حضرت مُوسیٰ علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام پر یہ حُجت قائم کی تھی۔

اِیّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیّاکَ نَسۡتَعِین

وَصل: اللہ تعالیٰ جلّ ثناہٗ و تقدّس کا فرمان ہے۔

اِیّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیّاکَ نَسۡتَعِین۔

جب اِس کا وجود اَلحمدُ لِلّٰہ کے ساتھ اور اِس کی غذا ربُّ العالمین کے ساتھ اور اُس کی پسندیدگی الرّحمٰنِ الرّحیم کے ساتھ اور اُس کی بزرگی مالکِ یَومِ الدّین

www.maktabah.org

اِھدِنا الصّراطَ المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضّالین۔

جب اُس کے لئے ایاک نعبدُ و اِیاکَ نستعین کہا۔ تو اُسے فرمایا!

میری عبادت کیا ہے؟

بندے نے کہا۔ جمع و تفرلق میں ثبُوتِ توحید۔

جب نفس کے نزدیک یہ مقرّر ہے کہ نجات توحید میں ہے جو کہ سیدھا راستہ ہے اور وہ نفس کی فناء یا بقاء کے ساتھ مشاہدۂ ذات ہے۔ اگر غفلت ہو گئی تو کہا! اِھدنا الصراطَ المستقیم۔ تو اُس کے لئے بقول اُس کے مستقیم سے دو راستے نکلے۔ ایک ٹیڑھا جو دعوے کا راستہ ہے اور ایک سیدھا جو توحید کا راستہ ہے اور دونوں راستوں کے درمیان اُس کے لئے امتیاز نہ تھا۔ مگر اِن دونوں راستوں پر چلنے والوں کے مطابق اپنے رَبّ کو سیدھے راستے پر چلنے والا دیکھا اور اُسے پہچان لیا اور اپنی ذات کو دیکھا تو اُسے اپنے رَبّ کے درمیان پایا جو کہ لطافت میں قربت والی رُوح ہے۔

ٹیڑھے راستے کی طرف نظر کی تو عالمِ ترکیب کے پاس دیکھا تو اُس نے کہا۔ صراط الذین انعمت علیھم، اور یہ اُس کے متّصِل عالم ہے جس کے ساتھ مغضوب علیہ مرکّب ہے۔

اور ضالین اُس سے منفصل ہے، اُن کی نظر کے ساتھ اِس سے مغضوبُ علیہ کی طرف متصِل ہے۔ پس وہ دونوں راستوں کے سَر پر ٹھہر گیا اور دیکھا۔ ٹیڑھے راستے کی انتہا ہلاکت اور سیدھے راستے کی غایت نجات ہے اور جان لیا کہ جاننے والا اُسی راستے پر چلے گا جسے وہ جانتا ہے۔ جب مستقیم پر چلنے کا ارادہ کیا تو اپنے رَبّ کے حضرت میں اعتکاف کیا اور یہ اُس کے لئے اُس کی ذات سے ہے۔ بقول اُس کے ایاکَ نعبدُ میں اپنی عاجزی اور قصور

www.maktabah.org

کے ساتھ ثابت ہوگئی تو شکر و ثناء کی تاکیدِ مقرر اور اس میں مزید رغبت کے لئے فرمایا۔ اِیَّاکَ نَعبُدُ وَاِیَّاکَ نَستَعِین۔ یعنی ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔ یہ مقامِ شکر ہے۔ یعنی ہم تیرے لئے عبودیت کے ساتھ تقرب اور پناہ چاہتے ہیں، نہ کہ تیرے سوا جو اُن پر مجھ سے ہے اور جو اُن پر میری منزلت سے اپنی طرف اُتارا۔ پس میں تیرے ساتھ اُن کی مدد چاہتا ہوں نہ کہ اپنی ذات کے ساتھ، پس تُو مدد فرمانے والا ہے میں نہیں۔

اللہ تعالیٰ کے لئے اِس آیت کے ساتھ شریک کی نفی ثابت ہوتی ہے پس اِیَّاکَ کی "یا" سے عبدِ کُلّی مُراد ہے۔ دو الفوں کے مابین میرا الفِ توحید حصر کرتا ہے۔ یہاں تک کہ غیر کی رویت کے ساتھ اُس کے لئے دعوے کا مقام ہو۔ پس توحید نے اُس کا احاطہ کر رکھا ہے اور کاف ضمیرِ حق ہے۔ پس کاف اور دونوں الف ایک چیز ہیں تو وہ ذات کا مدلول ہیں۔

پھر اُس ضمیر کے ساتھ نعبدُ "یا" کے فعلِ صفت سے ہے جو اِس میں ہے اور عبدِ حق کا فعل ہے تو وجود میں سوائے حضرتِ الٰہیہ خاص کے کچھ باقی نہ رہا۔ کیونکہ اِیَّاکَ نَعبُدُ کے قول میں ابداعِ اوّل کے لئے۔ اُس کی ذات کے حق میں ہے جب کہ اُس کے سِوا کوئی تصوّر نہ ہو۔

اِیَّاکَ نَستَعِین مخلوق کے لئے اُس کے غیر کے حق میں اُس سے مُشتق ہے اور وہ سِرِّ خلافت کا مقام ہے۔ پس اِیَّاکَ نَستَعِین میں ملائکہ نے سجدہ کیا اور جو متکبّر تھا اُس نے انکار کیا۔

اِھدِنَا الصِّرَاطَ المُستَقِیم

وصل :۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

www.maktabah.org

کو ظاہر کرتا ہے اور اس کے ساتھ استعانت طلب کرتا ہے۔ بقول اُس کے وَاِیَّاکَ نَسْتَعِین۔ پس اُس کا رَبّ اُسے اِھْدِنَا پر آگاہی بخشتا ہے۔ پس وہ کہتا ہے اِھْدِنَا یعنی ہمیں ہدایت دے۔ پس جو اُس نے دیکھا اُس کے ساتھ وصف بیان کرتا ہے۔ بقول اُس کے صراط المستقیم جو کہ تیری ذات کی معرفت ہے۔ یعنی اُس راستے پر چلا جس سے تیری ذات کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔

صاحبِ المواقف نے کہا۔ علم کی تاثیر نہیں اور کہا! جب تو اُس میں ہلاک ہو جائے۔ صراط الذین انعمت علیھم اور شاذ کی ایک قرأت میں صراطَ مَنْ اَنْعَمَ علیہ وَارد ہُوا ہے۔ جس میں رُوحِ پاکیزہ کی طرف اشارہ ہے۔ اور تفسیرِ کُلّ جس پر رسُولوں اور نبیوں سے اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا اور غیر المغضوب علیھم نہیں۔ ایسے ہی وَلَا الضَّالین ہے۔ یعنی اُن لوگوں کے راستے پر نہ چلا جن پر تیرا غضب ہُوا اور جو گمراہ ہُوئے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

یہ میرے بندے کے لئے ہے اور میرا بندہ مجھ سے جو مانگے گا میں اُسے عطا کروں گا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اُسے عطا فرماتا ہے اور اُس کے ٹیڑھے پن کو سیدھا کرتا ہے اور اُس کے راستے کو ظاہر فرماتا ہے اور اُس کے بساط کو بلند فرماتا ہے۔ اُس کا رَبّ اُس کی تمام دُعا کے اثر میں آمین کہتا ہے۔ پس ملائکہ کی آمین کے ساتھ قبولیت حاصل ہو جاتی ہے اور رُوح کی آمین اُس کی اِتّباع کرتی ہے۔ جس طرح لشکر اتباع کرتے ہیں بلکہ اُس کے ارادہ کے متّحد ہونے کے لئے زیادہ اطاعت کرتی ہے پس اُس کے لئے نطق دُرست ہوتا ہے اور اُس کا نام نفسِ ناطقہ ہو جاتا ہے۔

اور یہی استواء کی صُورت میں رُوح اور عقل کا عرش ہے پس غور کریں

www.maktabah.org

اگر سمجھ میں نہ آئے تو تسلیم کر لیں اس میں سلامتی ہے اور اللہ حق کہتا ہے اور سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

فصول تانیس اور فوائد تاسیس

وصال کی آنکھ سے جمال کو دیکھنا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ
خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ
وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ

ترجمہ:۔ وہ لوگ جو کافر ہوتے اُن پر برابر ہے۔ آپ اُنہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کے دِلوں پر اور اُن کے کانوں پر مُہر کر دی اور اُن کی آنکھوں پر پردے ہیں اور اُن کے لئے بہت بڑا عذاب ہے۔

اِس میں مختصراً یہ بیان ہے۔ یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جو لوگ کافر ہوتے اُن کی محبت ان سے پوشیدہ ہے۔ پس اِن پر برابر ہے کہ آپ اُنہیں اُس وعید کے ساتھ ڈرائیں جس کے ساتھ آپ کو بھیجا گیا ہے یا نہ ڈرائیں وہ آپ کے کلام کے ساتھ ایمان نہیں لائیں گے۔ کیونکہ وہ میرے بغیر شعور نہیں کر سکتے۔ اور آپ اُنہیں میری خلق کے ساتھ ڈرائیں گے اور وہ اس کی عقل نہیں رکھتے۔ اور نہ اُنہوں نے اِس کا مشاہدہ کیا ہے تو وہ آپ کے ساتھ کیسے ایمان لائیں گے اور اُن کے دِلوں پر اُن کی سماعت پر مُہر لگ چکی ہے تو اِس میں میرے سِوا کوئی گنجائش نہیں۔

پس وہ عالم میں میرے سِوا کوئی کلام نہیں سُنتے اور اُن کی آنکھوں پر میرے مشاہدہ کے وقت پردے ہیں۔ اِس لئے وہ میرے سِوا نہیں دیکھتے۔

www.maktabah.org

اور اُن کے لئے میرے نزدیک بہت بڑا عذاب ہے۔

اِس منوّر مشہد کے بعد اُنہیں آپ کے انذار کی طرف لوٹاتا ہُوں اور اُنہیں خود سے محجوب کرتا ہُوں جیساکہ قَابَ قَوسَینِ اَوْ اَدنیٰ کے قُرب کے بعد آپ کے ساتھ کیا۔ اور آپ کو اُن لوگوں کی طرف اُتارا جو آپ کی تکذیب کرتے ہیں اور اُس چیز کی تردید کرتے ہیں جو آپ میری طرف سے لے کر اُن کی طرف آئے۔ اور آپ مجھ سے وہ باتیں سُنتے ہیں جن سے آپ کا سینہ تنگ ہوتا ہے تو وہ شرحِ صدر کہاں ہے جس کا آپ نے معراج میں مشاہدہ کیا تھا۔ پس ایسے ہی میری مخلوق پر وہ لوگ میرے اَمین ہیں جنہیں مَیں نے اپنی رضا سے چھپا رکھا ہے تو مَیں اُن پر کبھی ناراض نہیں ہوُں گا۔

تفصیل اِس اجمال کی

ہم نے اِس باب میں جس اَمر کا اختصار پیش کیا ہے اُس کی تفصیل!
دیکھیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کیسے اپنے دُشمنوں کی صِفت میں اپنے دوستوں کو پوشیدہ کیا۔ اور یہ اِس طرح ہے کہ جب اُس نے اپنے اِسمِ لطیف سے اہلِ امانت کو پیدا فرمایا اور اُن کے لئے اِسمِ جمیل میں تجلّی فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے اُس سے مُحبّت کی اور دو مختلف وجہوں کے ساتھ محبُوب اور مُحبّ میں غیرت صفاتِ مُحبّت سے ہے۔

پس اُنہوں نے اُس کی مُحبّت غیرت کی وجہ سے پوشیدہ رکھی جیساکہ شِبلی اور اُن کی مِثل دوسرے لوگ۔

اور اِس غیرت کے ساتھ اُنہیں جاننے والوں سے پوشیدہ کیا۔

پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا! اِنَّ الَّذِینَ کَفَرُوْا یعنی سَتَرُوا گویا کہ اُن سے

www.maktabah.org

غیرت کی وجہ سے اُن امُور کو پوشیدہ رکھا جو اُن پر اسرارِ وصال سے ظاہر ہوتے

پس فرمایا! تم میری صفات کے ساتھ میری ذات سے لازماً پردہ میں رہو گے تو وہ اِس کے لئے تیار ہونے لگے۔ پس وہ مستعد نہیں ہوں گے تو میں نے اُنہیں اپنے انبیاء و رسل کی زبان پر اِس عالم میں انذار کیا تو وہ نہ جان سکے۔ کیونکہ وہ عینِ جمع میں تھے اور اُنہیں عینِ تفرقہ سے خطاب کیا گیا تھا اور وہ عالمِ تفصیل کو نہیں پہچانتے پس وہ تیار نہ ہوئے۔

اِس وقت میں اُن پر حق سے غیرت کا تسلط رہا اور اُن کے دِلوں پر محبّت غالب رہی۔ پس اُس نے اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو اُس سبب کے ساتھ خبر دی جس کے ساتھ اُنہیں آپ کی آواز پر جواب دینے سے بہرا کر رکھا تھا۔ فرمایا! خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قلوبِھِم۔ اس کے سِوا کسی کے لئے گنجائش نہیں۔ وَعَلٰی سَمْعِہِمْ۔ وہ اُس کے سِوا کِسی کا کلام نہیں سُنتے اور وہ عالم میں لوگوں کی زبان پر اُسی کے کلام کرنے کی گواہی دیتے ہیں۔ وَعَلٰی اَبصارِھِم غِشَاوَۃٌ۔ یعنی اُن کی آنکھوں پر اُس کی روشنی کا پردہ ہے کیونکہ وُہ نور ہے اور یہ اُس کے جلال وہیبت کی خصوصیّت ہے۔

مُراد وُہ صفت ہے جو اِن کے لئے اِس سے پہلے متجلّی ہوئی۔ پس میں اُنہیں ذات کے سمندروں میں غرق کر کے مشاہدۂ ذات کے ساتھ باقی رکھتا ہُوں۔ پس اُن کے لئے کہا۔ تمہارے لئے لازماً عذابِ عظیم ہے۔

وہ اپنے نزدیک اتحادِ صفت کے لئے نہیں سمجھتے کہ عذاب کیا ہے۔ پس اُن کے لئے عالمِ کون وفساد کو پیدا کیا۔ اور اُس وقت اُنہیں جمیع اسماء کا علم دیا اور اُنہیں عرشِ رحمانی پر اُتارا اور اِس میں اُن کا عذاب ہے۔ اور بے شک وہ اُس کے نزدیک اُس کے غیوب کے خزانوں میں چھپے ہوئے

www.maktabah.org

تھے۔ جب فرشتوں نے اُنہیں دیکھا تو اُن کے لیے سجدہ ریز ہو گئے۔ اور اُنہیں اسماء سکھلائے۔ مگر حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کو اِستواء کی استطاعت نہ تھی اور وہ اِس عذاب کی طاقت نہ رکھتے تھے تو اُس وقت بے ہوش ہو گئے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا،

میرے دوست کو میری طرف لوٹا دو۔ کیونکہ یہ میرے بغیر صبر نہیں کر سکتا۔ پس وہ شوق اور مخاطبت کے ساتھ پوشیدہ ہو گئے اور باقی کفار عرش سے کرسی کی طرف اُتر آئے۔ تو اُن کے لئے دو قدم پیدا ہوئے تو وہ دونوں پر اس نشاۃِ جسمانیہ کی رات کے تیسرے حصے میں آسمانِ دُنیائے نفسانیہ کی طرف اُترے اور اُنہیں مخاطب کیا۔ جن لوگوں کا بوجھ بھاری تھا اور وہ عروج پر قدرت نہ رکھتے تھے کہ کیا کوئی ہے دعا کرنے والا تاکہ میں اُسے قبول کروں؟

کیا ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ اُس کی توبہ قبول کی جائے۔

کیا کوئی ہے مغفرت چاہنے والا کہ اُس کی مغفرت کی جائے۔

یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے۔

تو جب صُبح ہوتی ہے تو عقلی نوری رُوح ظاہر ہو جاتی ہے تو وہ وہیں لوٹ جاتے ہیں جہاں سے آتے تھے۔

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کہ جو شخص

www.maktabah.org

اللہ تبارک وتعالیٰ سے واصل ہونا چاہتا ہے پس وہ واصل ہو جاتے یہاں تک کہ صبح ہو جاتے۔ تو یہ وقت اُسے اُٹھانے کا ہے جو کچھ قبروں میں ہے تو جو بندہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے نہیں ڈرتا۔ وہ فریب کھانے والا ہے اس پر غور کریں۔

www.maktabah.org

رُوحوں سے سوال جواب

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ. يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے اور وہ ایمان لانے والے نہیں، فریب دیا چاہتے ہیں اللہ کو اور ایمان والوں کو اور درحقیقت فریب نہیں دیتے مگر اپنی جانوں کو اور نہیں جانتے اُن کے دِلوں میں بیماری ہے تو اللہ نے اُن کی بیماری اور بڑھائی اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے مُبدعات کو پیدا کیا اور ربوبیّت میں احدیّت کی زبان کے ساتھ تجلّی فرمائی تو فرمایا! اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ۔ کیا میں تمہارا رَبّ نہیں ہُوں؟ مخاطب انتہائی صفائی میں تھا۔ تو کہا! ہاں کیوں نہیں: یہ تخاطب صَدا کی مانند تھا تو اُنہوں نے اس کے ساتھ جواب دیا اور مُحدِث کا وجُود خیالِ منصوب تھا اور یہ گواہی رحمت کی تھی۔ کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُنہیں یہ نہیں فرمایا تھا کہ میں اُن پر وحدانیت کو باقی رکھوُں گا۔ اِس لئے کہ اللہ تعالیٰ جانتا تھا جو اُن میں حِس طبعی ہے اور حِس کے ساتھ اُن میں اقتدارِ الٰہی کو قبول کرنا ہے اُس کے ساتھ اُن کی شراکت ہے اور اِسے بہت کم لوگ جانتے ہیں۔

پس جب علمِ ازلی سے عالم کی صُورتیں غیرت وعزت کے پیچھے عینِ اَبدی کی طرف ظاہر ہُوئیں۔ بعد اُس کے کہ چراغ روشن تھے۔ اور وجود میں تابندگی تھی اور باقی وہ غیوب کی ظُلمت میں تھا۔

؎ البقرہ آیت ۸، ۹

www.maktabah.org

پس مختلف بولی جانے والی زبانوں کے ساتھ صورتیں متحرک ہوئیں اور یہ صورتیں اندھیرے سے اٹھتی تھیں۔ جب اُن کا زمانہ ختم ہوا تو ظلمت کی طرف لوٹ گئیں۔ اور ایسے ہی ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔

ذہین اور فطین شخص نے چاہا کہ اُس حقیقت پر واقفیت حاصل کرے جو اُس کی آنکھ نے دیکھا تھا۔ کیونکہ حس غلطیاں کر لیتی ہے، وہ پردے کے قریب ہوا تو دیکھا کہ اُس میں غیب سے کلام ہوتا ہے۔

پس جان لیا کہ یہ سِرِ عجیب ہے تو اُس نے اس پر بنفسہ واقفیت حاصل کی تو اِسے جان لیا۔ اور اُسے بھی جان لیا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وظائفِ تکلیف سے آیا۔

پہلا وظیفہ:۔ کلمہ توحید ہے جس کے ساتھ ہر ایک نے اقرار کیا اور صانع کا کوئی بھی منکر نہیں اس پر اُن کی عبارتیں مختلف ہیں۔ تو وہ ابتلاء میں پڑ گئے اور شہادتِ رسول کے لئے مشترک زبان کے ساتھ مخاطب کیا۔ پس اختصاصِ جنس کے ساتھ انکار واقع ہوا تو اہلِ انکار دو طریقوں پر متفرق ہو گئے۔

اختلافِ ارواح

اُن میں سے وہ ہیں جنہوں نے ظواہر میں نظر کی اور کسی ظاہر چیز میں فضیلت نہ دیکھی تو انکار کر دیا۔ اُن میں سے وہ ہیں جنہوں نے عقلاً باطن پر نظر کی تو معقولات میں اشتراک دیکھا اور اختصاص کو بھول گئے تو انہوں نے انکار کر دیا۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپؐ کو تلوار کے ساتھ بھیجا اور اُن کے دلوں میں موت کا رُعب طاری کر دیا اور وہ اپنی نظر کے مطابق شک میں داخل ہو گئے۔

اِن میں سے بعض مشاہدہ پر قائم ہوئے تو یہ عالم باللہ ہیں۔

www.maktabah.org

اِن میں سے بعض نظر کے اثبات پر قائم ہوتے تو یہ عارف باللہ ہیں۔

اِن میں سے بعض اعتقاد پر قائم ہوتے تو یہ عوام الناس ہیں۔

اور اِن میں سے بعض نے قتل کے خوف سے وہ لفظ کہا۔ یعنی کلمے کا اقرار کیا اور اُس پر اعتقاد نہیں رکھتے تھے انہیں حق کی زبان پُکار کر کہتی ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور جو لوگ کہتے ہیں ہم اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے۔

تو یہ ظاہراً کہتے ہیں وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ - اور یہ مومنوں کے ساتھ نہیں ہیں۔ باطناً لزومِ دعویٰ اور اپنی جہالت کے ساتھ "يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ" اللہ کو دھوکا دینا چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اُسے نہیں جانتا۔ اور میں اُن کے اعمال کو اُن پر لوٹاتا ہوں۔ وَمَا يَشْعُرُوْنَ۔ اور وہ نہیں جانتے۔ اِس روز اس کے ساتھ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اِن کے دلوں میں بیماری ہے۔ وہ اُس پر شک کرتے ہیں۔ جو میرا رسُول اُن کے پاس لے کر آیا۔ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا۔ پس اللہ تعالیٰ اُن کے مرض کو زیادہ کرتا ہے یعنی اُن کا شک اور حجاب زیادہ کرتا ہے۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے یعنی قیامت کے روز اُنہیں دردناک عذاب دیا جائے گا اور وہ اُس میں رہیں گے۔ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ، اس لئے کہ وہ تکذیب کرتے تھے اُن امور کی جو ہم نے اُن کے سامنے حق پہنچاتے اور قاضی کی لوح میں اُن کی عنایت سبقت نہیں کرے گی۔

مزید آیات کی تفسیر

وصل: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ
اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ

لہ البقرۃ آیت ۹ ۔ ۲ۃ البقرۃ آیت ۱۲

www.maktabah.org

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں وہ تو سنوارنے والے ہیں۔ خبردار وہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں۔

جب آٹھ کے ساتھ وجود مکمل ہُوا تو دعویٰ کے گھوڑ سوار کے ساتھ میدان تنعم میں نکلا پس وہ لشکر میں نہ تھا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا۔ یعنی لوگوں میں سے بعض کہتے ہیں ہم ایمان لائے جو اُس کی طرف نکلے۔ وہ سب کا بادشاہ ہے اور اُس کی طرف اور اُس کے دین کی طرف باطناً جھکے تو انہیں طلب اقتدار کے ساتھ عقوبت دی جائے گی ورنہ قتل کئے جائیں گے۔ اُنہوں نے کلمے کو لفظاً لفظاً پڑھا تو اُنہیں دُنیا و آخرت میں دردناک عذاب حاصل ہُوا۔

وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ

جب اُنہیں کہا جاتا ہے زمین میں فساد نہ پھیلاؤ۔

یعنی جسموں کی زمین میں تو اپنے خیال میں کہتے ہیں۔ اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ۔ یعنی ہم تو درستی کرنے والے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

اَلَا اِنَّهُمْ الْمُفْسِدُوْنَ۔ خبردار بے شک وہ فساد کرنے والے ہیں۔ یعنی وہ ہمارے نزدیک اور اپنے نزدیک فسادی ہیں۔ کیونکہ وہ جو چاہتے تھے اُس پر نفع نہ اُٹھایا۔ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ۔ لیکن وہ نہیں جانتے۔ یعنی اشیاء کے اتحاد کو نہیں جانتے۔ اور اگر وہ جان لیتے تو ایمان لے آتے اور کفر نہ کرتے۔

وصل: وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ

جب اُنہیں کہا جاتا ہے کہ ایمان لاؤ جیسا دوسرے لوگ ایمان لائے تو کہتے ہیں۔ ہم ایمان لائیں جیسا کہ بے وقوف ایمان لائے۔ خبردار بے شک وہی

---

[1] البقرۃ آیت ۱۲ [2] البقرۃ آیت ۱۳

www.maktabah.org

بے وقوف ہیں لیکن نہیں جانتے۔

اور یہ اِس طرح ہے کہ جب وہ اغیار کی لڑی میں پروئے جاتے ہیں تو اُنہیں ندا آتی ہے کہ گواہوں کی منازل پر کھڑے ہوں پس وہ اپنیت میں خطاب سُنتے ہیں۔ آمنو کما اٰمن النّاس۔ یعنی ایمان لاؤ جیسے لوگ ایمان لاتے۔

پس وہ داعی جنسی اور عہد جس کے ساتھ وعدہ کرتے سے محجوب ہو جاتے ہیں اور یہ اُنہیں بہرہ بنا دیتی ہے اور اُن کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہے اور اُن کی جہالت کی رات پردہ ڈال دیتی ہے تو کہتے ہیں۔ اَنُؤمِنُ کَمَا اٰمَنَ السُّفَہَاءُ۔ ہم ایمان لائیں جیسا کہ بے وقوف ایمان لائے۔ جب اُنہیں اِس پاکیزہ طریق سے پھیر دیا گیا اور وہ ہوس کے ساتھ کھڑے ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں فرمایا۔ اَلَا اِنَّھُم السُّفَہَا۔ خبردار یہی بے وقوف ہیں جو ہوس کے قبضہ میں آ گئے۔

اور وہ اُس سماع کی لذتوں سے حجاب میں ہیں جو طُور کے ساتھ افسلاذ پر رذاذ واقع ہے۔ ولیکن وہ علم نہیں رکھتے تاکہ اعلیٰ سے اُس کے علاوہ کی تمیز کر سکیں۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے۔

اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ[1]

یعنی جب اللہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے ہو جا اور وہ چیز ہو جاتی ہے مگر اشیا کی ایجاد احسن قانون پر ہے۔ بس پاک ہے وہ ذات وہ جو ایجاد و اختراع اور اتقان و ابداع کے ساتھ منفرد ہے۔

مُدّعیوں کا دعویٰ

وَاِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاِذَا خَلَوْا اِلٰی شَیٰطِیْنِهِمْ

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ[2]

---

[1] یٰسٓ آیت ۸۲ [2] البقرۃ آیت ۱۴

www.maktabah.org

یعنی جب وہ ایمان والوں کو ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے۔ اور جب اپنے شیطانوں کی طرف نکلتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ بے شک ہم تو اُن سے تمسخر کرتے ہیں۔

ایمان کی قسمیں

اِس مقام میں ایمان پانچ قسموں پر ہے۔ ایمانِ تقلید، ایمانِ علم، ایمانِ عین، ایمانِ حق اور ایمانِ حقیقت۔

تقلید عوام کے لئے ہے، علم اصحابِ دلیل کے لئے ہے، عین اہلِ مشاہدہ کے لئے ہے، حق عارفین کے لئے ہے اور حقیقت واقفین کے لئے ہے — اور حقیقت الحقیقت، یہ چھٹی قسم ہے جو قطعی طور پر عُلماء و مُرسلین کے لئے ہے اور وراثت کے طور پر عطا ہوتی ہے اور وراثت منع ہے۔ وضاحت کی طرف اِسے کھولنے کا کوئی راستہ نہیں۔

دعاوی کی صفات پانچ ہیں۔ پہلی لَقُوا! جب لوگوں سے ملتے ہیں۔ ! "قَالُوآ آمَنَّا" کہتے ہیں۔ ہم ایمان لائے۔

پس قلب عوام کے لئے اور سِرِّ قلب اصحابِ دلیل کے لئے ہے۔ رُوح اہلِ مشاہدہ کے لئے اور سِرِّ رُوح عارفین کے لئے ہے، سِرّ السِّرّ واقفین کے لئے اور سِرِّ اعظم اہلِ غیرت و حجاب کے لئے ہے۔ منافقین ایمان سے ننگے ہوتے ہیں اور اسلام میں منسلک ہوتے ہیں اور اُن کے ایمان اُن کے خیال کے خزانہ سے تجاوز نہیں کرتے۔ وہ اپنی ذاتوں میں بُت بنا لیتے ہیں۔ اور اُنہیں اپنے معبودوں کے مقام پر کھڑا کر دیتے ہیں۔

وَاِذَا خَلَوا اِلٰی شَیَاطِیْنِہِم۔ اور جب اپنے شیطانوں کی طرف داخل ہوتے

www.maktabah.org

ہیں۔ تو غفلت کی بناء پر اور مراتبِ ایمان سے خالی ہونے کی وجہ سے کہتے ہیں۔ اِنَّا مَعَکُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۔ یعنی ہم تمہارے ساتھ ہیں سوائے اس کے نہیں کہ ہم اُن کا تمسخر اڑاتے ہیں"۔ اُن پر اُن کے اس قول سے عذاب واقع ہوتا ہے جو وہ خلوت کی حالت میں اپنے شیطانوں سے کہتے ہیں۔ پس جب اُن کے نزدیک اضداد قائم ہوتے اور وہ حق و باطل کے حامل ہوئے۔ اور باطل یہ ہے کہ حق کے ساتھ باطل کو چھپانے کا عمل کیا اور اہلِ باطل کے سامنے اُفشائے حق کا عمل کیا پس اُن کی منافقت درست ہوتی۔

اگر وہ اپنی ذاتوں میں اپنی ذاتوں کو خطاب کرتے تو اُن پر یہ درست نہ ہوتا اور وہ اہلِ حقائق سے ہوتے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن کے استہزاء پر جواب واقع کرتے ہوئے فرمایا۔ اَللّٰهُ یَسْتَهْزِئُ بِهِمْ۔ یعنی اللہ اُن کے تمسخر کا بدلہ دیتا ہے۔

اُن کا یہ استہزاء عجیب تھا۔ کیسے کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں جب کہ وہ عدم ہیں۔ اگر وہ ایمانِ حقیقت کو دیکھتے تو دیکھتے کہ خالق خلقت میں ہے۔ نہ وہ علیحدگی میں ہوتے اور نہ کلام کرتے اور نہ خاموش ہوتے، بلکہ وہ مشاہدہ کرنے والے کے مقام پر کھڑے ہوتے اور وہ رُوحِ جامع صاحب مادہ ہے۔

انسان کو چاہیئے کہ حقیقتِ لقاء پر نظر کرے۔ کیونکہ وہ پہلے افتراق پر اطلاع دیتا ہے۔ پھر اُس صفت پر جمع ہوئے جسے نہیں جانتے بلکہ اُن کے لئے اُس سے اچھائی ظاہر ہے۔ پس وہ اس کے ساتھ مؤدب ہو گئے اور اس سے زیادہ کی طاقت نہ رکھتے تھے۔

تو کہا اٰمَنَّا۔ یعنی ہم ایمان لائے پھر خلوت میں شیطنیت کے ساتھ اپنے سروں کے بل جھک گئے اور یہ بُعد لقاء کی مثل ہے۔ پس وہ کہتے ہیں۔ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۔ یعنی ہم اُن کا تمسخر اڑاتے ہیں۔ تو یہ اُس صفت کے ساتھ ہے جس کے ساتھ ہماری ملاقات ہوئی تھی۔ پس اس آیت پر حقیقت الحقیقت سے

www.maktabah.org

طلوعِ فجر تک اور زوالِ شک پر پردے کے زائل ہونے اور موانع کے اُٹھنے تک غور کریں تو آپ کو یہ سِرّ سُبحان ونِساء۔ اور سُورج میں پوشیدہ نظر آئے گا اور آپ اُن ملنے والے لوگوں کو اُن لوگوں کی طرح پائیں گے جو وقتِ ملاقات بہرے ہو گئے، اگر آپ کلام کریں گے تو ہلاک ہو جائیں گے اور یہ وہ حقیقت الحقیقت ہے جس کا کھولنا ممنوع ہے۔ مگر جسے اس ذوق سے کسی قدر ملا ہے اُس کے سامنے بیان کرنے میں کچھ حرج نہیں۔ پس غور و فکر کریں تو ان شاء اللہ اِسے پا لیں گے۔

اَلحمدُ لِلّٰہ پانچواں باب اور دسویں جُز تمام ہوئی

---

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

چھٹا باب

تخلیق رُوحانی کی ابتداء کی معرفت اور اُس کی معرفت جو اِس میں پہلے موجود ہے اور جس سے وہ پیدا ہُوا، اور کون سی مثال پر پیدا ہُوا۔ اور نہیں پیدا ہُوا، اور اُس کی غایت کیا ہے اور افلاک کے عالمِ اکبر و اصغر کی معرفت۔

انظر الی ھـذا الوجود المحکم ۔۔۔ و وجودنا مثـل الرداء المعلم
وانظـر الی خلفائه فی ملـکهم ۔۔۔ من مفصح طلق اللسان وأعجم
مامنهمو أُحـدیحب الهـه ۔۔۔ الا ویعزجـه بحب الدرهـم
نیقال هـذاعبـدمعرفتهوذا ۔۔۔ عبـد الجنان وذاعبید جهنم
الا القلیل من القلیـل فانهم ۔۔۔ سکری به من غـیرحس توهم
فهمو عبیـد الله لایدری بهم ۔۔۔ أحـد سواه لاعبیـد المنعم
فأفادهـم لمـا أرادر جوعهم ۔۔۔ لقصورهم من کل علـم مبهم
علم المقدم فی البسائط وحده ۔۔۔ وأساسه ذو عنـصر یتصرم
وحقیقة الظرف الذی سترته عن ۔۔۔ امثاله ومثاله لم یکـتم
والعلم بالسبب الذی وجـدت له ۔۔۔ عاین العوالم فی الطراز الاقـدم
ونهایة الامر الذی لا غایة ۔۔۔ تدری له فیـه العظیم الاعظم
وعلوم افلاک الوجود کبیره ۔۔۔ وصـغیره الاعلی الذی لم یذمم
هـذی علوم من تحقق کشفها ۔۔۔ یهدی القلوب الی السبیل الاقوم
فالحمـد لله الذی أناجامع ۔۔۔ لعلومها ولعـلم مالم یعـلم

www.maktabah.org

ترجمہ: اس وجودِ محکم کی طرف دیکھیں اور ہمارے وجود ردائے پرچم بردار کی مثل ہیں۔

اُس کے خلفاء کی طرف دیکھیں جو فصیح اللسان اور گونگوں میں سے اپنے ملکوں میں ہیں۔ اِن میں سے کوئی نہیں جو اپنے معبود سے محبّت رکھتا ہو مگر اُس نے دولت کی محبت کو اُس سے ملا دیا ہے۔

کہتے ہیں کہ یہ عبدِ معرفت ہے اور یہ عبدِ جنّت ہے اور یہ جہنّم کا بندہ ہے مگر قلیل سے قلیل ایسے لوگ ہیں جو جس تو تمّ کے بغیر اُس کی محبت کے نشے میں ہیں۔ یہ اللہ کے بندے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ یہ نعمتوں کے بندے نہیں۔ جب وہ اپنے قصور کے لئے لوٹنا چاہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اُنہیں علمِ مُبہم عطا فرماتا ہے۔ علمِ بسائط میں اکیلا مقدّم ہے اور اُس کی اساس اُس سے نہیں کٹتی اُس طرف کی حقیقت جو اُس کی امثال سے پوشیدہ ہے۔ اُس کی مثل پوشیدہ نہیں۔ وہ علم جس کی وجہ سے عین العوالم وجود میں آیا نقشِ قدیم میں ہے۔ اُس اَمر کی نہایت جس کی غایت نہیں جانتا اُس میں عظیم الاعظم ہے۔ افلاکِ وجودِ کبیرہ وصغیرہ کے علوم اعلیٰ ہیں جن کی مذمّت نہیں کی جاسکتی۔ یہ علوم اہلِ کشف پر متحقق ہوتے ہیں۔ جو دِلوں کو سیدھے راستے پر لاتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے۔ میں اُن علوم کا جامع ہوں جنہیں لوگ نہیں جانتے۔

حقیقت محمدیہ اور مخلوق کی پیدائش

مختصر اور اجمالاً بیان کیا جاتا ہے کہ خلقت کی ابتداء ہبا یعنی غبار سے ہوئی اور اِس میں سب سے پہلے حقیقتِ محمدیہ رحمانیہ کو وجود میں لایا گیا اور عدمِ مقام کی بنا پر اِس کا احاطہ نہیں ہوسکتا۔ جس چیز سے یہ حقیقتِ محکومہ

www.maktabah.org

یعنی حقیقتِ محمدیہ پیدا ہُوئی۔ وہ نہ وجُود سے متصف ہے اور نہ عدم سے اور یہ ہبا میں پیدا ہُوئی اور نفسِ حق میں صُورتِ معلُومہ کی مثال پر پیدا ہُوئی اور یہ حقائق الٰہیہ کے اظہار کے لئے پیدا نہیں ہُوئی اور نہ اِس کی غایت امر امتزاجیہ سے تلخیص ہے پس ہر عالم سے بغیر امتزاج کے اُس کی نشاۃ سے اُس کا حصّہ پہچاننے کے لئے ہے۔ پس اُس غایت اُس کے حقائق کا اظہار اور عالم سے معرفتِ افلاکِ اکبر ہے۔

ایک جماعت کی اصطلاح میں انسان کی مُراد عالمِ اکبر کے علاوہ ہے اور وہ عالمِ اصغر ہے۔ یعنی انسان رُوحِ عالم اور اس کی علّت اور اُس کا سبب ہے اور افلاکِ عالم اُس کے مقامات ہیں اور اُس کی حرکات اور اُس کے طبقات کی تفصیل ہیں تو یہ تمام جو اس کو شامل ہے۔ اس باب سے ہے۔ جیسا کہ جسم کے طریق سے انسان عالمِ صغیر ہے۔ ایسے ہی وہ طریق حدُود سے حقیر ہے۔ اور اُس کے لئے شَیدا ہونا درُست ہے۔ کیونکہ وہ عالم میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا خلیفہ ہے اور عالم اُس کا محتاج اور اُس کے لئے مُسخّر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ انسان اللہ تبارک وتعالیٰ کا محتاج ہے۔

جاننا چاہیئے کہ انسان کی کامل ترین نشاۃ اِسی دُنیا میں ہے اور آخرت میں ہر انسان دو فرقوں سے حال میں نصف پر ہوگا۔ اور علم میں ایسا نہیں ہوگا۔ کیونکہ ہر فرقہ اپنے حال کی ضِد کے ساتھ عالم ہوگا۔ پس انسان یا تو مومن ہے یا کافر ہے اور اس کے ساتھ ہی سعادت و شقاوت، نعیم وعذاب اور مُنعّم ومعذب ہے۔ لہٰذا دُنیا کی معرفت کامل اور آخرت کی تجلّی اعلیٰ ہے۔

اِس پر غور کریں اور اس قُفل کو کھولیں۔ ہم نے زیرک الانسان کے لئے رَمز بیان کی ہے اور اُس کا یہ لفظ بُرا اور معنیٰ اچھا ہے۔

www.maktabah.org

روح الوجود الكبير — هذا الوجود الصغير
لولاه ماقال انی — أنا الكبير القدير
لا يحجبك حدوثی — ولا الفنا والنشور
فانني ان تأمّلتني — المحيط الكبير
فللقديم بذاتی — وللجديد ظهور
والله فرد قديم — لا يعتريه قصور
والكون خلق جديد — فی قبضتيه أُسير
فجاءس هذا أني — أنا الوجود الحقير
وان كل وجود — على وجودی يدور
فلا كليلی ليل — ولا كنوری نور
فمن يقل فی عبد — أنا العبيد الفقير
أوقال انی وجود — أنا الوجود الخبير
فصحنی ملكا تجلنی — أوسرقة ماتجور
فياجهولم بقدری — أنت العليم البصير
بلغ وجودی عنی — والقول صدق وزور
وقل لقومك انی — أنا الرحيم الغفور
وقل بأن عذابی — هو العذاب المبير
وقل بأنی ضعيف — لاأستطيع أسير
فكيف ينعم شخص — على يدی أويبور

ترجمہ اشعار کا

وجودِ کبیر کی رُوح یہ چھوٹا وجود یعنی انسان ہے۔
اگر یہ نہ ہوتا تو وہ نہ کہتا کہ مَیں کبیر و قدیر ہوں۔
میرا حدُوث تجھے محجوب نہ کہہ دے اور نہ فنا و نشور یعنی موت اور دوبارہ اُٹھانا
اگر تو تامّل کرے تو مَیں بڑا گھیرنے والا ہوں۔

www.maktabah.org

قدیم کے لئے میری ذات کے ساتھ اور جدید کے لئے ظہور ہے۔

اور اللہ قدیم یکتا ہے۔ اُسے کوئی کمی نہیں پہنچتی۔

عالم خلقِ جدید ہے اور اُس کی دونوں مٹھیوں میں قید ہے۔

اِس سے ظاہر ہوا کہ میں ایک حقیر وجود ہوں۔

ہر وجود میرے وجود پر دورہ کرتا ہے۔

میری رات کی طرح رات نہیں اور نہ میرے نور کی طرح نور ہے۔

جو میرے حق میں عبد کہتا ہے تو میں محتاج بندہ ہوں۔

یا کہے کہ میں وجود ہوں تو میں جاننے والا وجود ہوں۔

میرے بادشاہ ہونے کی صحت کو مانو تو مجھے پا لو گے۔

یا اُس کا بازار مانو جس میں تجارت ہوتی ہے۔

اے قدر کو نہ جاننے والے تو علیم و بصیر ہے۔

مجھ سے میرے وجود کو بات پہنچی ہے اور بات صداقت و کذب پر مبنی ہے۔

اپنی قوم سے کہہ کہ میں رحیم و غفور ہوں۔

کہہ کہ میرا عذاب ہلاکت میں ڈالنے والا عذاب ہے۔

کہہ کہ میں ضعیف ہوں اور قید ہونے کی استطاعت نہیں رکھتا۔

میرے ہاتھ پر کوئی شخص کیسے منعم یا ہلاک ہو گا۔

یہ باب کھول کر لکھا گیا ہے اور اس کے بیان میں اللہ تعالیٰ کی تائید اور مدد شامل ہے۔

جاننا چاہیئے کہ معلومات چار ہیں۔

معلومِ اوّل

حق تعالیٰ وجودِ مطلق کے ساتھ موجود ہے کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ

www.maktabah.org

کسی چیز کے لئے نہ معلول ہے نہ علت، کیونکہ وہ بذاتہٖ موجود ہے اور اُس کے ساتھ علم ہونا اُس کے وجود کے ساتھ علم ہونے سے عبارت ہے اور اُس کا وجود اُس کی ذات کا غیر نہیں۔ باوجودیکہ اُس کی ذات غیر معلوم ہے۔ لیکن اُس کی طرف منسوب صفات معلوم ہیں۔ یعنی صفاتِ معانی اور یہی صفاتِ کمال ہیں۔

رہا حقیقتِ ذات کے ساتھ علم تو وہ دلیل اور بُرہانِ عقلی کے ساتھ ممنوع ہے اور اُس کی صفت نہیں پائی جاتی کیونکہ اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ کے ساتھ کوئی چیز مشابہ نہیں اور نہ وہ کسی چیز کے ساتھ مشابہ ہے۔ وہ اُسے کیسے جان سکتا ہے جس سے کسی چیز کی مشابہت نہیں اور نہ اُس کی کسی چیز کے ساتھ مشابہت ہے۔ پس اُس کے ساتھ تیری مشابہت یہ ہے۔

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ[1، 2]

یعنی اُس کی مثل کوئی چیز نہیں اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی ذات کے بارے میں ڈراتا ہے اور شریعت میں اللہ تعالیٰ کی ذات میں تفکر کرنا منع ہے۔

دُوسرا معلُوم

اور وہ حقیقتِ کُلیّہ ہے جو حق کے لئے اور عالم کے لئے ہے اور نہ وجُود کے ساتھ متّصف ہے نہ عدم کے ساتھ اور نہ حدوث کے ساتھ مُتّصف ہے اور نہ قدم کے ساتھ۔ یہ قدیم میں ہے۔ جب اُس کی صِفت قدیم کے ساتھ کی جائے اور مُحدث میں ہے جب اُس کی صفت مُحدِث کے ساتھ کی جائے۔ قدیم و حدوث کی معلومات کا علم نہیں ہوگا۔ یہاں تک کہ اِس حقیقت کا علم ہو جائے اور یہ حقیقت نہیں پائی جاتی یہاں تک کہ اُس کے ساتھ اشیائے موصوفہ کو پایا جاتے۔ اگر غیرِ عدم سے پہلے کوئی چیز پائی جائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا وجُود اور اُس کی صِفات تو اِس ہیں کہتے ہیں

---

[1] الشوریٰ آیت ۱۱ [2] البقرۃ آیت ۲۸

www.maktabah.org

کہ قدیم اس کے ساتھ اتصافِ حق کے لئے موجود ہے اور اگر کوئی چیز عدم سے پائی جائے جیساکہ ماسوا اللہ کا وجود تو وہ اُس کے بغیر مُحدث موجود ہے۔ اس میں کہتے ہیں مُحدث تو یہ اپنی حقیقت کے ساتھ ہر موجود میں ہے کیونکہ یہ تجزی یعنی اجزائ کو قبول نہیں کرتی تو اِس میں نہ کُل ہے اور نہ بعض اور نہ دلیل و بُرہان کے ساتھ اُس کی اکیلی صُورت کی طرف معرفت حاصل ہوتی ہے۔

پس اِس حقیقت سے حق تعالیٰ کی وساطت کے ساتھ عالم وجود میں آیا اور موجود کے ساتھ نہ تھا پس حق تعالیٰ نے ہمیں موجودِ قدیم سے پیدا کیا تو ہمارے لئے قدم ثابت ہُوا۔ ایسے ہی یہ بھی جان لیں کہ یہ حقیقت عالم پر تقدّم کے ساتھ مُتّصف نہیں اور نہ عالم اِس سے تاخّر کے ساتھ ہے۔ لیکن یہ بالعموم موجودات کی اَصل ہے اور یہی اَصل جوہر اور فلکِ حیات ہے اور اِس کے ساتھ اور دوسروں کے ساتھ مخلوق ملی ہُوئی ہے اور یہی فلکِ محیط معقول ہے۔ اگر آپ کہیں کہ یہ عالم ہے تو آپ نے سچ کہا۔ یا کہیں عالم نہیں ہے تو آپ نے سچ کہا۔ اور یہ حق ہے یہ حق نہیں ہے تو آپ نے سچ کہا۔ یہ اِن تمام کو قبول کرتی ہے۔ اشخاصِ عالم کے متعدّد ہونے سے متعدّد ہے اور تنزیہہ حق کے ساتھ منزّہ ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ اِس کی مثال ہو یہاں تک کہ آپ کی سمجھ کے قریب ہو جائے تو لکڑی، کرسی، دوات، منبر اور صندوق پر غور کریں اور ایسے ہی مُربّع اور اِس کی مثل شکلوں میں دیکھیں۔ مثلاً ہر مُربّع میں گھر، صندوق اور کاغذ اپنی حقیقت کے ساتھ مُربّع ہے اور یہ ہوتا اِن جسموں میں سے ہر جسم میں ہے۔ ایسے ہی کپڑوں کے رنگ، جوہر، کاغذ، آٹا اور روغن وغیرہ میں ہے کہ کپڑے میں یہ سفیدی اُس کا جُزو ہے۔ بلکہ اُس کی حقیقت کپڑے میں اُسی طرح ظاہر ہوتی ہے جس طرح کاغذ میں۔ ایسے ہی علم، قدرت، ارادہ، سمع، بصر اور تمام اَشیاء کی صُورت ہے۔

www.maktabah.org

ہم نے یہ معلومات آپ کے لئے کھول کر بیان کی ہیں اور اِس قول میں بہت سی باتیں ہم نے اپنی کتاب "انشاء جداول و دوائر" میں مزید کھول کر بیان کی ہیں۔

تیسرا معلوم

یہ تمام عالم ہے۔ افلاک و افلاک اور عوالم سے جس کے ساتھ احاطہ ہے اور ہوا اور زمین اور عالم میں سے جو اِن دونوں میں ہے اور یہ مُلکِ اکبر ہے۔

چوتھا معلوم انسان ہے

چوتھا معلوم یہ انسان ہے۔ جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس عالم میں خلیفہ مقرر فرمایا اور عالم کو اِس کی تسخیر کے تحت مغلوب کیا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيعًا[1]

"اور جو آسمان اور زمین میں سب کچھ ہے اُسے تمہارے لئے مسخر کر دیا۔ پس جو اِن معلومات کو جان لیتا ہے اُس کے لئے ہرگز کوئی معلوم باقی نہیں رہتا۔ جسے وہ طلب کرے۔ تو اس سے ہم نہیں جانتے۔ مگر اُس کا وجود اور وہ حق تعالیٰ ہے اور اُس کے افعال و صفات کو ضرب المثل سے جانتے ہیں۔ اور اِس میں سے وہ ہے جسے مثال کے بغیر نہیں جانتے جیسے حقیقتِ کُلّیہ کا علم۔ اور ان میں سے وہ ہے جسے اِن دونوں وجہوں سے اور ماہیّت و کیفیت سے جانتے ہیں۔ اور وہ عالم اور انسان ہیں۔

---

[1] الجاثیہ آیت ۱۳

www.maktabah.org

خدا تھا اور کچھ نہ تھا

كَانَ اللّٰه ولا شيئٌ معه — الحدیث

اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی۔

پھر اُس میں درج ہُوا اور وہ اِس وقت اُسی پر ہے جس پر تھا۔ اس عالم کی ایجاد سے اُس کی طرف ایسی کوئی صفت راجع نہیں جس پر وہ نہیں تھا۔ بلکہ وہ اپنی ذات کے لئے اِس مخلوق سے پہلے اُن اسماء کے ساتھ موصوف اور مسمّٰی تھا جس کے ساتھ اُس کی مخلوق اُسے پکارتی ہے۔

جب اُس نے وجُودِ عالم کا ارادہ کیا اور اُسے ایک صفت پر پیدا کیا جو اُس کے علم کے ساتھ بنفسہٖ اُس کے علم میں تھی۔ اُس ارادۂ مقدّسہ سے تجلّیاتِ تنزیہہ سے ایک تجلّی حقیقتِ کُلّیہ کی طرف پڑی جس سے حقیقتِ ہبا موسُوم ہے۔ یہ بمنزلہ چُونے گچ عمارت کے ہے اس میں اشکال وصُوَر سے جو چاہا اُس کا افتتاح کیا۔ اور یہ عالم میں وہ موجودِ اوّل ہے۔

حضرت علی ابنِ ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سہل بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ وغیرہما اہلِ تحقیق اور اہلِ کشف ووجُود نے اِس کا ذکر کیا ہے کہ پھر اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ نے اِس ہبا کی طرف اپنے نوُر کی تجلّی فرمائی۔ اہلِ افکار اُسے ہیولۂ کل سے موسُوم کرتے ہیں اور اِس میں تمام عالم قوّت وصلاحیّت کے ساتھ موجود تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اِس ہبا میں اپنی قوّت واستعداد کے مطابق اِس سے ہر چیز کو قبول کیا۔ جیسا کہ گھر کے گوشے چراغ کی روشنی کو قبوُل کرتے ہیں اور یہ نوُر اِس نوُر کی روشنی کو وہ جگہ زیادہ قبول کرتی ہے جو اُس کے زیادہ قریب ہو۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

www.maktabah.org

مَثَلُ نُوۡرِهٖ کَمِشۡکٰوۃٍ فِیۡہَا مِصۡبَاحٌ ؕ[1]

اُس کے نُور کی مثال ایسی ہے جیسے طاق میں چراغ ،

پس اپنے نُور کو مصباح یعنی چراغ کے ساتھ تشبیہہ دی تو اِس ہبا میں اُس کے قبول کی طرف کوئی چیز نہ تھی سوائے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی حقیقت کے، جسے عقل سے موسُوم کرتے ہیں ۔

چنانچہ وجود میں حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سب سے پہلے ظاہر ہونے والے ہیں اور آپ کا وجودِ اقدس اِس نُورِ خداوندی اور ہبا اور حقیقتِ کُلیّہ سے ہے اور ہبا میں اُس کا عین پایا گیا اور عالم کا عین اُس کی تجلّی سے ہے اور حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے لوگوں سے زیادہ تر قریب حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور تمام انبیاؑ کے اسرار ہیں ۔ اور وہ مثال جس پر تمام عالم بغیر تفصیل کے وجود میں آیا۔ وہ حق تعالیٰ کی ذات کے ساتھ عِلم قائم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ ، ہمیں بذاتہٖ اُس عِلم کے ساتھ جانتا ہے اور ہمیں اُس صِفت پر پیدا کیا جس کو وہ جانتا ہے اور ہم اُس مُعیّن شکل میں ہیں جو اُس کے عِلم میں تھی ۔ اور اگر یہ اَمر نہ ہوتا تو ہم اِس شکل کو نہ بالاتفاق لیتے اور نہ قصد سے ۔کیونکہ وہ نہیں جانتا تھا۔ اور ممکن نہیں کہ حُکم اتفاق کے ساتھ وجُود میں صُورت کا اِخراج ہو پس اگر اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ کے لئے یہ معیّن شکل معلوم اور مُراد نہ ہوتی تو اُس پر ہمیں پیدا نہ کرتا ۔ اور نہ یہ شکل اُس کے علاوہ سے اَخذ کی جاسکتی کیونکہ یہ ثابت ہے کہ وہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی تو کوئی اَمر باقی نہیں سوائے اِس کے کہ جو فی نفسہٖ صُورت سے اُس پر ظاہر ہے۔ پس بنفسہٖ اُس کا عِلم ہمارے ساتھ اُس کا عِلم ہے ۔ ایسے ہی ہمارے لئے جو عِلم ہے ۔

---

[1] النوُر آیت ۳۵

www.maktabah.org

اُس کا علم قدیم ہے

ہمارے ساتھ اُس کا یہ علمِ قدمِ حق کے ساتھ عین قدیم سے ہے۔ کیونکہ اُس کی صفت ہے اور اُس کی ذات کے ساتھ حوادث قائم نہیں ہوتے اور اللہ تعالیٰ اس سے بڑا اور پاک ہے۔

ہمارا یہ قول اور نہیں پایا کہ اس کی غایت کیا ہے۔ اللہ عزّوجل نے فرمایا ہے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ۔ میں نے جنّوں اور انسانوں کو پیدا نہیں کیا مگر عبادت کے لئے۔ تو اس سبب کی صراحت فرمائی گئی ہے کہ اُس نے ہمیں اور اس تمام عالم کو کیوں پیدا کیا۔ اور یہاں ہمارا اور جنّوں کا ذکر بطورِ خاص کیا گیا ہے۔ جنّوں سے مُراد یہاں ہر پوشیدہ مخلوق اور ہر فرشتہ وغیرہ ہے۔

اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کے حق میں فرماتا ہے۔

اِئْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ — حٰم السجدہ آیت ۱۱

دونوں حاضر ہو خوشی سے چاہے ناخوشی سے دونوں نے عرض کی ہم رغبت کے ساتھ حاضر ہوئے۔

اور ایسے ہی فرمایا۔

فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا — الاحزاب آیت ۷۲

تو انہوں نے اُس کے اُٹھانے سے انکار کر دیا۔

یہ جب ہوا جب اُنہیں پیش آیا اور اگر امر ہوتا تو اطاعت کرتے اور اُسے اُٹھاتے۔ اس لئے کہ اُن سے معصیت کا تصور نہیں کیونکہ اُن کی فطرت اس پر ہے اور جن ناری ہیں اور ان کی فطرت اُس پر نہیں۔ ایسے ہی انسانوں سے اہلِ نظر میں سے اصحابِ فکر کہتے ہیں جن کے دلائل مقصورہ حواس و ضروریات

www.maktabah.org

اور بدیہیات پر ہیں کہ مکلف کا عقل مند ہونا ضروری ہے کہ جس کے ساتھ اُسے خطاب کیا جائے اُسے سمجھ لے اور وہ سچ کہتے ہیں۔

مکاشفین کی نظر میں عالم زندہ ہے

ایسے ہی کشف اور خرقِ عادت کی جہت سے تمام عقل مند عالم زندہ اور ناطق ہے، وہ خرقِ عادت جس پر لوگ ہیں یعنی اُن کے علاوہ ہمارے نزدیک اس علم کے حصول کے ساتھ۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ جمادات عقل نہیں رکھتے اور اُس پر ٹھہرے رہتے ہیں۔ جو اُنہیں اُن کی نظر عطا کرتی ہے۔ ہمارے نزدیک اس کے برعکس ہے۔ جب کہ آیا ہے کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ پتھر نے یا بکری نے کلام کیا یا کھجور کے درخت نے فریاد کی یا چار پایوں نے کلام کیا۔ وہ لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اُس وقت میں اُن میں زندگی اور علم پیدا فرمایا تھا جب کہ ہمارے نزدیک ایسا نہیں ہے۔ بلکہ تمام عالم میں زندگی کا راز ہے اور تمام خشک و تر مؤذن سے اذان سُن کر اُس کی گواہی دیتا ہے اور گواہی نہیں دی جاتی مگر اُس علم سے اور ہمارے نزدیک کشف سے بھی ثابت ہے۔ نہ صرف یہ کہ نظر کے استنباط سے جو ظاہر خبر کا اقتضاء کرتی ہے اور نہ اس کے علاوہ سے۔ اور جو شخص چاہتا ہے کہ اس پر واقف ہو تو وہ اس راہ کے رجال کا مسلک اختیار کریں اور خلوت اور ذکر کو لازم کرلیں۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ اس تمام پر مطلع فرمادے گا اور وہ جان لے گا کہ لوگوں کی آنکھ اِن حقائق کے اِدراک سے نابینا ہے۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے دُنیا کو پیدا فرمایا تا کہ اپنے اسماء کا تسلط ظاہر فرمائے۔ کیونکہ بلا مقدور قدرت، بغیر عطا کے جود، بغیر مرزوق کے رازق، بغیر

www.maktabah.org

فریادی کے فریاد رس اور بغیر مرحوم کے رحیم ایسے حقائق ہیں جن کی تاثیر معطّل ہوتی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے دُنیا کا عالم میں ایسا امتزاج کر کے پیدا فرمایا جیسے خمیر میں آٹے کی دو مُٹھیاں مِلا کر یکجا کیے جاتے ہیں۔ پھر اِس سے اشخاص کو الگ کیا اور ہر مُٹھی سے ایک کو دوسری میں داخل کیا اور اُن کے احوال غیر معروف ہو گئے۔ خبیث سے طیّب کو اور طیّب سے خبیث کو نکالنے میں عُلماء کو ایک دوسرے پر بڑائی حاصل ہُوئی اور اِس کی غایت اِس ملاوٹ سے حاصل کرنا تھا اور دونوں مُٹھیوں میں امتیاز قائم کرنا تھا۔ یہاں تک کہ یہ اپنے عالم سے اور وہ اپنے عالم کے ساتھ انفرادیت حاصل کر لیں۔

جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ[1]

اِس لئے کہ اللہ ناپاک کو پاک سے جُدا فرمائے اور نجاستوں کو تلے اُوپر رکھ کر سب ایک ڈھیر بنا کر جہنّم میں ڈال دے۔

جس میں اُس کی موت تک کچھ ملاوٹ باقی رہ جائے گی۔ اُس کا حشر قیامت میں اَمن والوں سے نہیں ہوگا۔ ولیکن وہ اُن میں سے ہے جس کے امتزاج سے علیحدگی ہوگی اور اِن میں سے وہ ہے جو جہنّم کے بغیر خالص نہیں ہوگا۔ جب وہ خالص ہو کر نکلیں گے تو وہ اہلِ شفاعت ہوں گے۔ مگر جو یہاں دونوں مُٹھیوں سے کِسی ایک میں دارِ آخرت کی طرف مُنقلب ہوگا۔ اُس کی حقیقت کے ساتھ اُس کی قبر سے باغِ نعیم کی طرف جانا ہے یا عذاب و جہنّم کی طرف۔ کیونکہ وہ اِس آمیزے سے خالص ہو چُکا ہے۔ پس ہر عالم کی غائیت یہی ہے اور دونوں حقیقتیں ایک صِفت کی طرح رجُوع کرتی ہیں۔ وہ حق تعالیٰ اپنی ذات میں اِسی پر ہے۔ یہاں یہ کہتے

---

[1] الانفال آیت ۳۷

www.maktabah.org

ہیں کہ آزاد کئے جانے والے اہلِ دوزخ اور نعمتیں دیئے جانے والے اہلِ جنّت اُسے دیکھیں گے اور یہ سرِّ شریف ہے جس پر تو انشاء اللہ دارِ آخرت میں مشاہدے کے وقت واقف ہوگا۔ اور محققین اسی دُنیا میں اُسے پہنچ چکے ہیں۔

عالمِ اصغر و اکبر کی معرفت

اِس باب میں ہمارا قول عالمِ اکبر و اصغر کی معرفت ہے اور وہ انسان ہے۔ تو اِس کا معنیٰ عوالم کی کُلّیات اور اُس کی اَجناس ہیں۔ اور اَمر وہ لوگ ہیں جن کی تاثیر دوسروں میں ہے جس کا مقابلہ کر لیا گیا ہے۔ یہ اِس سے ایک نسخہ ہے جس کے لئے ہم نے افلاک کی صورتوں پر دائرے بنائے ہیں اور اس کی ترتیب کتاب "انشاءِ دوائر و جداول" میں ہے۔ جس کی ہم نے اپنے پسندیدہ دوست ابی محمد عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے مکان پر ابتداء کی تھی۔ اِس باب میں اُس سے اختصار کے ساتھ الحاق کیا جاتا ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ عوالم چار ہیں۔

عالمِ اعلیٰ : اور وہ عالمِ بقا ہے۔

عالمِ استحالہ : اور وہ عالمِ فنا ہے۔

عالمِ تعمیر : اور وہ عالمِ بقاو فنا ہے۔

چوتھا عالم : عالمِ نسب ہے۔ یہ عوالم عالمِ اکبر میں دو مقامات میں ہیں۔ اور وہ جو انسان سے نکلا اور عالمِ اصغر میں ہے، وہ انسان ہے۔

عالمِ اعلیٰ حقیقتِ محمدیہ ہے

عالمِ اعلیٰ : تو یہ حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

www.maktabah.org

اس کا فلک زندگی ہے۔
انسان سے اِس کی نظیر لطیفہ اور رُوحِ قدسی ہے۔
اِس سے عرشِ محیط ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر جسم ہے۔
اِس سے کُرسی ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر نفس ہے۔
اِس سے بیت المعمُور ہے۔
انسان سے اس کی نظیر قلب ہے۔
اِس سے ملائکہ ہیں۔
انسان سے اِن کی نظیر وہ اَرواح ہیں جن میں قوتیں ہیں۔
اِس سے اُس کا زُحل اور اُس کا فلک ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر اُس کی قوتِ علمیہ اور نفس ہے۔
اِس سے مُشتری اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوتِ ذاکرہ اور دماغ کا آخری حصّہ ہے۔
اِس سے اَحمر اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوتِ عاقِلہ اور تالُو کا حصّہ ہے۔
اِس سے سُورج اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوتِ مُفکّرہ اور دماغ کا وسط ہے۔
پھر زُہرہ اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوتِ وہمیہ اور رُوحِ حیوانی ہے۔
پھر کاتب اور اُس کا فلک ہے۔

www.maktabah.org

دونوں کی نظیر قوّتِ خیالیہ اور دماغ کا پہلا حصّہ ہے۔
پھر چاند اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوّتِ حِسّیہ اور اعضلاتے احساس ہیں۔
پس عالمِ اعلیٰ کے یہ طبقات ہیں اور اُن کے نظائر انسان سے ہیں۔

عالمِ اِستحالہ

اِس سے کُرّۂ اثیر ہے۔ اور اُس کی رُوح حرارت اور خشکی ہے اور یہ آگ کا کُرّہ ہے۔ اِس کی نظیر صفرا، اور اِس کی رُوح قوّتِ ہاضمہ ہے۔
اِس سے ہَوا ہے اور اِس کی رُوح حرارت در رطوبت ہے اور اُس کی نظیر خُون ہے اور اُس کی رُوح قوّتِ جاذبہ ہے۔
اِس سے پانی ہے۔ اور اِس کی رُوح سرد اور مرطوب ہے اور اِس کی نظیر بلغم اور اِس کی رُوح قوّتِ مدافعت ہے۔
اِس سے مِٹّی ہے اور اِس کی رُوح سرد خشک اور اِس کی نظیر سودا، اور اِس کی رُوح قوّتِ ماسکہ ہے۔

زمین کے طبقات

زمین کے سات طبقات ہیں۔ سیاہ زمین، تاریک زمین، سُرخ زمین، زرد زمین، سفید زمین، نیلی زمین، اور سبز زمین۔
انسان سے اِن ساتوں کی نظیر اُس کے جسم میں کھال، چربی، گوشت، رگیں، اعصاب، عضلات اور ہڈّیاں ہیں۔

www.maktabah.org

عالمِ تعبیر

اِن میں سے رُوحانی ہیں۔ اُن کی نظیر انسان کے قویٰ ہیں، اِن میں سے عالمِ حیوان ہے۔ اُس کی نظیر وہ ہے جس سے انسان محسوس کرتا ہے۔

اِن میں سے عالمِ نباتات ہے جس کی نظیر انسان کے بال ہیں۔

اس سے عالمِ جمادات ہے جس کی نظیر وُہ ہیں جو انسان سے محفوظ نہیں ہوتیں۔

عالمِ نسَب

تو یہ ارض سے ہے۔ اِس کی نظیر سیاہ اور سفید سے، ہے اور علوان واکوان سے ہے۔

پھر کیف ہے۔ اِس کی نظیر صحیح وسقیم کی مثل احوال ہیں۔

پھر کمیت ہے۔ اِس کی نظیر پنڈلی ہے۔ جو ہاتھ سے لمبی ہوتی ہے۔

پھر اِین ہے۔ اِس کی نظیر سر کے مقام پر گردن اور ران کے مقام پر پنڈلی ہے۔

پھر زمان ہے۔ اِس کی نظیر ہاتھ کی حرکت کے وقت سَر کی حرکت ہے۔

پھر اضافت ہے۔ اِس کی نظیر یہ ہے میرا باپ اور مَیں اُس کا بیٹا ہوں۔

پھر وضع ہے۔ اُس کی نظیر میری لغت اور میرا لحَن ہے۔ پھر کہا جائے کہ اُس کی نظیر یہ ہے۔

پھر کھایا تو اُس کی نظیر یہ ہے۔ پھر سیر ہوا تو اُس کی نظیر یہ ہے اور اِن سے اُمہات میں صُورتوں کا اختلاف ہے۔ جیسا کہ ہاتھی، گدھا، شیر اور صرصر ہے۔

اِس قوتِ انسانیہ کی نظیر وہ ہے جسے مذموم و محمُود سے معنوی صُورتیں قبول کرتی ہیں۔ یہ ذہین وہ ہاتھی، یہ غیر ذہین اور وہ گدھا ہے، یہ بہادر ہے وہ شیر ہے یہ بُزدل اور وُہ صرصر ہے۔

www.maktabah.org

اور اللہ ہی حق فرماتا ہے۔

اور وُہی راہ دِکھاتا ہے۔

الحمدللہِ چھٹے باب کا ترجمہ ختم ہُوا۔

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

باب ہفتم

اجسامِ انسانیہ کی پیدائش کی معرفت اور یہ دُوسری جنس عالمِ کبیر سے موجُود ہے اور آخری صنف مولدات سے ہے

نشأت حقيقة باطن الانسان ملكا قويا ظاهر السلطان
ثم استوت فی عرش آدم ذاته مثل استواء العرش بالرحمان
فبدت حقيقة جسمه فی عينها وبها انتهى ملك الوجود الثانی
وبدت معارف لفظه فی علمه عند الكرام وحامل الشنآن
فتصاغرت لعلومه أحلامهم وتكبر الملعون من شيطان
باؤوا بقرب اللّٰہ فی ملكوته الا الشويطن باء بالخسران

انسان کی پیدائش کی باطنی حقیقت ایک زبردست ظاہر سُلطان ہے۔ پھر اُس کی ذات نے آدمؑ کے عرش میں اُستواء کیا جس طرح رحمان نے عرش پر اُستواء فرمایا، اُس کے جسم کی حقیقت اُس کی عین میں ظاہر ہُوئی۔ اور اُس کے ساتھ وجُودِ ثانی کے مُلک کی انتہا ہوگئی۔ اُس کے عِلم میں اُس کے لفظ کے معارف ظاہر ہُوئے۔ بزرگی کے نزدیک اور دشمنی اُٹھانے والے کے نزدیک۔ اُس کے علُوم کے لئے اُن کی عقلیں چھوٹی ہوگئیں۔ اور شیطان تکبّر سے لعنتی ہوگیا۔ فرشتے قربِ الٰہی میں اُس کے ملکوت میں پلٹ آتے مگر شیطان خسارے کے ساتھ واپس لوٹ آیا۔

www.maktabah.org

دُنیا کے ماہ وسال

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے جب عالم طبعی کی عُمر سے زمان کی قید اور مکان کے حصر کے ساتھ ہماری دُنیا کے اکہتّر سال گذر جاتے ہیں۔ تو یہ مُدّت اس علم کے علاوہ گیارہ دن اور ایّام ذوالمعارج سے چھ دن ہے اور ایّام میں تفاضل واقع ہوتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ

ملائکہ اور جبریلؑ اُس کی بارگاہ کی طرف عروج کرتے ہیں۔ وہ عذاب اس دن ہوگا جس کی مقدار پچاس ہزار برس ہے۔ المعارج آیت نمبر ۴۔

اور فرمایا!

وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ الحج آیت ۴۷

ترجمہ: تیرے رَبّ کے نزدیک ایک دن ہزار سال کا ہے جو تم شمار کرتے ہو۔

سب سے چھوٹے دن وہ ہوتے ہیں جنہیں ہم اُس فلکِ محیط کی حرکت گنتے ہیں۔ جس کی رات میں دن کا ظہور ہوتا ہے۔ چنانچہ یہ دن اہلِ عرب کے نزدیک سب سے چھوٹا دن ہے اور یہ فلکِ اکبر ہے۔ اور یہ اُس حکمت کے لئے ہے۔ جو افلاک کے جوف میں ہے۔ کیونکہ اس کے علاوہ رات اور دن میں اُس کی حرکت حرکتِ قسریہ ہے جس کے لئے تمام افلاک کو اُس کے غلبے نے گھیرا ہُوا ہے۔ ہر فلک کے لئے حرکتِ طبعیہ ہوتی ہے جس کے لئے اُس کے ساتھ حرکتِ قسریہ ہے تو ہر فلک اس کے علاوہ ایک وقت میں دو حرکتیں کرتا ہے۔ یعنی حرکتِ طبعیہ اور حرکتِ قسریہ اور ہر طبعی حرکت کے لئے ہر فلک میں ایک دِن مخصوص ہے۔ جس کی مقدار اُن ایّامِ حادثہ کے ساتھ فلکِ محیط سے شمار ہوتی ہے۔ جو اِس سے تعبیر ہوتا ہے۔ جیسا کہ

www.maktabah.org

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

مِمَّا تَعُدُّوْنَ یعنی جس سے شمار کرتے ہو۔

تمام تر فلکِ محیط میں قطع ہوتے ہیں۔ جب وہ تمام کمال پر قطع ہو جاتے ہیں تو اُن کے لئے ایک دن ہوتا ہے اور وہ دورہ کرتا ہے پس اُن سے چھوٹے دن اٹھائیس یوم ہوتے ہیں جو تم شمار کرتے ہو۔ اور یہ مقدار فلکِ محیط میں چاند کی حرکت قطع ہونے کی ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے آسمانوں میں یہ سات ستارے نصب کر رکھے ہیں تاکہ فلکِ محیط میں اُس کے فلک کا قطع کیا جانا دیکھا جا سکے تاکہ برسوں اور حساب کا علم ہو سکے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ — بنی اسرائیل آیت ۱۲

ترجمہ: اور اس کے لئے منزلیں ٹھہرائیں کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب جان لو۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا — بنی اسرائیل آیت ۱۲

ترجمہ: اور ہم نے ہر چیز کی تفصیل علیحدہ علیحدہ بیان کر دی۔

ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ — الانعام آیت ۹۷

یہ زبردست جاننے والے کی تقدیر ہے

اِن سے ہر ستارے کا دن تقدیر کیا گیا ہے۔ اور ایک کو دوسرے پر اپنی طبعی حرکت کی تیزی کے مطابق چھوٹا یا بڑا فلک ہونے پر فضیلت حاصل ہے۔

کس کو کیسے پیدا فرمایا جاننا چاہیئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے قلم اور لوح کو

www.maktabah.org

پیدا کیا تو اُن کا نام عقل اور رُوح رکھا اور رُوح کو دو صفتیں عطا کیں۔ صِفت عِلمیہ اور صفت عملیہ اور عقل کو اُس کا مُعلّم مقرّر فرمایا۔ اور مُشاہدۂ حالیہ سے فائدہ پہنچانے والا بنایا۔ جیسا کہ تُم بغیر نُطق کے چُھری سے کاٹنے کا کام لیتے ہو۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے جوہر کو نفس کے بغیر پیدا فرمایا اور یہ مذکورہ رُوح ہے جس کا نام ھبا ہے اور اُس کا یہ نام ہم نے حضرت علی ابن طالب رضی اللہ عنہٗ کے کلام سے نقل کیا ہے۔

ھَبا کا لفظ عربی زبان میں ذکر کیا جاتا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ''فَکَانَتْ ھَبَآءً مُّنْبَثًّا''۔

ایسے ہی جب حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہٗ نے اِس جوہر مُنْبَثًّا، کے معنیٰ کو جمیع طبعی صُورتوں میں دیکھا اور کِسی صُورت کو اِس سے خالی نہ پایا۔ کیونکہ کوئی صُورت نہیں ہوگی مگر اُس جَوہر میں تو اِس کا نام ''ھَبا'' رکھا۔ اور یہ ہر صُورت کے ساتھ اپنی حقیقت کے اعتبار سے غیر مُنقسِم، غیر تجزئی ہے اور نقص سے مُتّصِف نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ جیسا کہ ہر سفید میں بذاتہٖ اور حقیقتاً سفیدی موجود ہوتی ہے۔ اور یہ نہیں کہتے کہ اِس سفید سے جو سفیدی حاصل ہوئی ہے اُس میں کمی واقع ہو گئی ہے اور یہ مثل اِس جوہر کے حال کی ہے۔

فرشتوں کے مرتبے

اللہ تبارک و تعالیٰ سُبحانہٗ کی ذات اِن دو صِفتوں سے موصُوف رُوح کے درمیان ہے۔ ''ھبا'' کے درمیان چار مرتبے ہیں اور ہر مرتبہ چار فرشتوں کی منزل مقرّر ہے اور یہ فرشتے عالم عِلّیّین سے اَسفل السّافلین تک اللہ سُبحانہٗ کے علاوہ مقرّر ہیں اور ملائکہ سے ہر فرشتے کو وہ عِلم عطا کیا جاتا ہے جو عالم میں جاری ہے۔ پس اَعیان میں اللہ تعالیٰ نے جو چیز پہلے پیدا فرمائی۔ اور جس کا عِلم اِن ملائکہ سے

www.maktabah.org

تعلق رکھتا ہے اور اُن کی تدبیر جسمِ کُلّی سے ہے۔ وہ شکلِ اوّل ہے۔ جو اس جسم میں
میں گولائی کی شکل پر کھولی گئی یا وجود دائرے کی شکل میں ہے۔ کیونکہ یہ تمام شکلوں سے
افضل ہے۔

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ایجاد وخَلق کے ساتھ تمام صنعت کی طرف رجوع
فرمایا۔ اور اپنی تمام مخلوق کو اِن ملائکہ کی مملکت مقرّر فرمایا اور اُنہیں دُنیا وآخرت
کے اُمور پر والی بنایا اور مخالفت سے معصوم ومحفوظ فرمایا جس میں اُن کا امر ہے۔
پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں خبر دی۔

لَا يَعْصُونَ اللّٰهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ — التحریم آیت ۶

ترجمہ: جو اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کرتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے

انسان کا اعزاز

جب جمادات ونباتات وحیوانات میں سے مولدات کی پیدائش کو دُنیاوی سال
کے حساب سے اکہتّر ہزار سال پُورے ہو گئے اور عالم کی ترکیب حکیمانہ طور پر مُرتّب
ہو گئی تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے پہلے موجود سے آخری مولود تک کسی زندہ کو اپنے
سامنے جمع نہیں کیا۔ سوائے انسان کے، اور وہ یہی نشاۃِ بدنیہ ترابیہ ہے۔
بلکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کے سِوا ہر ایک کو امرِ الٰہی یا ایک ہاتھ سے پیدا فرمایا۔ آخرت
اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَنْ نَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ — النحل آیت ۴۰

جو چیز ہم چاہیں اس سے ہمارا فرمانا یہی ہوتا ہے کہ ہم کہیں ہو جا۔ وہ
فوراً ہو جاتی ہے۔ تو یہ امرِ الٰہی سے ہے۔ اور حدیث میں وارد ہُوا ہے کہ اس
نے جنّتِ عدن کو اپنے ہاتھ سے پیدا فرمایا۔ اور تورات کو اپنے ہاتھ سے لکھا اور

www.maktabah.org

شجرِ طُوبیٰ کو اپنے ہاتھ سے لگایا اور آدمؑ کو جو کہ انسان ہے اپنے دونوں ہاتھوں سے پیدا فرمایا۔

چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی بزرگی کی جہت سے فرمایا۔

مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ص آیت ۳۸

تجھے کس چیز نے روکا کہ تو اس کے لئے سجدہ کرے۔ جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے فلکِ ادنیٰ کو پیدا فرمایا جو کہ ابھی فلکِ اوّل مذکور ہوا۔ اُسے بارہ قسموں پر تقسیم فرمایا۔ اور اُس کے نام رکھے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ البروج آیت ۱

قسم آسمان کی جس میں برج ہیں۔

آسمانی برجوں کا تعارف

چنانچہ ہر قسم کو ایک برج بنایا اور یہ اقسام طبیعت میں چار کی طرف لوٹتی ہیں۔ پھر مکرر چاروں سے ہر ایک کو تین مقامات میں رکھا۔ اور اِن اقسام کو منازل اور راستوں کی طرح مقرر فرمایا۔ جن میں مسافروں کا نزول ہوتا ہے اور اِس میں وہ سیر اور سفر کرنے کے حال میں چلتے ہیں تاکہ اِن اقسام میں ستاروں کی سیر و سیاحت کے وقت منزل بنائیں۔ اُن کی سیاحت جسے اللہ تعالیٰ اُس فلک کے جوف میں ستاروں سے پیدا کرتا ہے۔ جسے وہ اپنی سیر کے وقت اِن برجوں میں قطع کرتے ہیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ اُن کے قطع کرنے اور سیر کے وقت طبعی اور عنصری عالم سے جو چاہے کرے۔ اور اُنہیں برجوں کے فلک کی حرکت کے

www.maktabah.org

اثر پرنشانیاں بنایا پس اسے جان لیں۔

اِن کی تقسیم اِن چار طبعیتوں پر ہے۔

نمبر۱: حرارت و یبوست یعنی گرمی اور خشکی۔

نمبر۲: برودت و یبوست یعنی سردی اور خشکی۔

نمبر۳: حرارت و رطوبت یعنی گرمی اور تری۔

نمبر۴: برودت و رطوبت یعنی ٹھنڈک اور تری۔

اِن اقسام سے پانچویں اور نویں کو پہلی کی مثل اور چھٹی اور دسویں کو دوسری کی مثل اور ساتویں اور گیارھویں کو تیسری کی مثل اور آٹھویں اور بارہویں کو چوتھی کی مثل طبع میں مقرر فرمایا۔

یہ خلقتیں

اجسامِ طبعیہ کو اختلاف کے ساتھ اور اجسامِ عنصریہ میں بلا اختلاف اِن چاروں میں محصور فرمایا۔ یہ چاروں حرارت، برودت، رطوبت اور یبوست ہیں۔ باوجود اس کے یہ چاروں اُمّہات ہیں۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِن سے دو کو دو آخری وجودوں میں اصل مقرر فرمایا۔ پس خشکی گرمی سے اور تری سردی سے متاثر ہوئی۔ پس تری اور خشکی دو اسباب سے موجود ہیں اور وہ دو سبب گرمی اور سردی ہیں۔ لہٰذا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ الانعام آیت ۵۹

ترجمہ: اور نہ کوئی تر اور نہ خشک جو ایک روشن کتاب میں نہ لکھا ہو۔

کیونکہ مسبّب کے لئے وجودِ سبب لازم ہے یا وجودِ فاعل کا اثر انداز ہونا ضروری ہے۔ جیسے چاہیں کہہ لیں۔ سبب کے وجود سے مسبّب کا وجود لازم نہیں

www.maktabah.org

دَورۂ افلاک

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے پہلے فلک کو پیدا فرمایا تو وہ غیر معلوم مدّت تک دَورہ کرتا رہا۔ جس کا اللہ تبارک وتعالیٰ کو عِلم ہے۔ کیونکہ اُس کے اُوپر اَجرام سے کوئی چیز محدود نہیں جس میں قطع ہو۔ کیونکہ اوّل اَجرام شفّاف ہیں۔ پس حرکات متحدّ داور امتیاز نہ کرنے والی ہیں۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس کے جوف میں کسی چیز کو پیدا نہیں فرمایا۔ پس تمیز کرنے والی حرکات اُس کے نزدیک منتہی ہیں۔ اگرچہ اُس کے جوف میں نہ ہوں۔ اور اگرچہ تمیز نہ بھی کرتی ہوں۔ کیونکہ وہ اطلس ہے۔ اُس میں کوئی ستارا اجزاء کی مشابہت نہیں رکھتا۔ پس اُس سے حرکتِ واحِدہ کی مقدار کو نہیں جانتا اور نہ تعیّن کرتا ہے۔ تو اگر اِس میں اُس کے تمام اجزاء کے لئے مخالف جُز ہو تو بِلاشک اُس کی حرکات کے ساتھ شمار ہو گی۔ ولیکن اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کے اندازہ وانتہا اور دَورے کو جانتا ہے۔ پس اس حرکت سے دن کو پیدا کیا اور اُس میں دن اور رات نہ تھے۔ پھر اِس فلک کی حرکات قائم رہیں تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے پینتیس ۳۵ فرشتوں کو پیدا فرمایا۔ اِن کے علاوہ سولہ ۱۶ فرشتوں کے بارے پہلے ہم بیان کر چکے ہیں۔ ان کی مجموعی تعداد اکاون ۵۱ ہوتی ہے۔ مُنجملہ اِن فرشتوں کے حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل، حضرت اسرافیل اور حضرت عزرائیل علیہم السلام ہیں۔ پھر نَو سَو ۹ فرشتوں کو اور چار سَو ۴ کو اور ستّر فرشتوں کو پیدا کیا جن کے بارے میں ہم بیان کر چکے ہیں اور اُن کی طرف وحی فرمائی اور جو امر اُن کے ہاتھوں پر اُس کی مخلوق میں جاری ہوتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا
خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا مریم آیت ۶۴

www.maktubah.org

ہم فرشتے نہیں اُترتے مگر حضور کے رب کے حکم سے اسی کا ہے جو ہمارے آگے ہے اور جو ہمارے پیچھے اور جو اس کے درمیان ہے۔ اور حضور کا رب بھولنے والا نہیں اور اُن کے حق میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

لَا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَآ اَمَرَھُمْ

انہیں جو حکم دیا جاتا ہے اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے

دارِ دُنیا کی تخلیق

یہ وُہ ملائکہ ہیں جن کے لئے خاص حکومت ہے۔ علاوہ ازیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی عبادت کے لئے اُن ملائکہ کو بھی پیدا فرمایا جو آسمانوں اور زمین کو معمور کرتے ہیں۔ آسمان و زمین میں کوئی مقام ایسا نہیں مگر اُس میں ایک فرشتہ ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیشہ انفاسِ عالم کے مطابق فرشتوں کو پیدا فرماتا ہے جو ہمیشہ سے ہیں اور جب اِس فلکِ اوّل کی حرکات منتہی ہو گئیں اور اُن کی مُدّت چوّن ۵۴۰۰۰ ہزار سال ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے دارِ دُنیا کو پیدا فرمایا اور اُس کے لئے معلوم مُدّت مقرر کی جو اُس پر منتہی ہو گی اور اُس کی صُورت ٹوٹ جائے گی اور ایک ایسی صُورتِ مخصوص کو تبدیل کرے گی جس کا آج مشاہدہ ہو رہا ہے۔ یہاں تک کہ

یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ

ترجمہ! یہ زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی اور آسمان بھی

دارِ آخرت کی تخلیق

جب اِس فلک کی حرکت کی مُدّت کو چھتیس ۳۶۰۰۰ ہزار سال گذر گئے۔ تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے دارِ آخرت اور جنّت و دوزخ کو پیدا فرمایا جو اُس کے سعید

---

[۱] التحریم آیت ۶ [۲] ابراہیم آیت ۴۸

اور شقی دونوں طرح کے بندوں کے لئے ہے پس دُنیا اور آخرت کی تخلیق کے درمیان نو ہزار ۹۰۰۰ سال کی گنتی ہے اور اس کا نام آخرت اس لئے ہے کہ وہ دُنیا کی تخلیق کے بعد پیدا ہوئی۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

وَ لَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ط[1]

آپ کے لئے آخرت دُنیا سے بہتر ہے۔

جنّت کی چھت

آخرت کی مُدّت مقرّر نہیں فرمائی جو اُس کی طرف باقی ہو۔ کیونکہ اُس کے لئے ہمیشہ بقا ہے اور اس فلک کو جنّت کی چھت بنایا۔ اور اُس کے نزدیک عرش ہے۔ جس کی حرکت کا تعیّن نہیں اور نہ ہی وہ امتیاز کرتی ہے۔ پس اُس کی حرکت دائمی ہے۔ جو ٹوٹتی نہیں یعنی ختم نہیں ہوتی۔

ہر چیز خدا کی تسبیح کرتی ہے

تخلیق سے ہم نے جو ذِکر کیا ہے اُس کی خِلقت کا تعلّق وجودِ انسانی سے دوسرے قصد کا ہے جو کہ عالم میں خلیفہ اور نائب ہے۔ اور میں نے دوسرا قصد کہا ہے جب کہ پہلا قصد حق تعالیٰ کی معرفت اور اُس کی عبادت ہے جس کے لئے تمام عالم کو تخلیق کیا تو کوئی ایسی چیز نہیں مگر وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تحمید کرتی ہے۔

قصدِ ثانی اور قصدِ اوّل کے معنی تعلّقِ اِرادی ہے نہ کہ ارادہ کا حدوث، کیونکہ ارادہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے قدیمیہ ازلیہ صِفت ہے جس کے ساتھ اُس کی ذات تمام صِفات کی طرح مُتّصف ہے۔

www.maktabah.org

---

[1] الضحیٰ آیت ۴

خدا نے چراغاں کیا

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِن افلاک و سماوات کو پیدا فرمایا اور ہر آسمان میں اُس کے مرتبے کے مطابق وحی کی اور اُمر فرمایا اور اُنہیں منور کیا اور اُن میں چراغاں کیا اور اُنہیں فرشتوں کے ساتھ آباد کیا اور اِن آسمانوں کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے حرکت عطا فرمائی تو وہ اطاعتِ الٰہی میں متحرک ہو گئے اور اپنی شان کے لائق اُس کی عبودیت میں کمال کے طالب ہوئے۔

آسمانوں کی اور زمین کی اطاعت کا فرق

کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں اور زمین کو بُلایا تو اُنہیں فرمایا۔ طوعًا و کرہًا میرے اَمر کی اطاعت کرو۔ جو دونوں کے لئے حَد ہے۔ دونوں نے کہا کہ ہم تیری اطاعت کرتے ہیں۔ پس وہ دونوں ہمیشہ کے لئے اطاعت گذار ہو کر حرکت کرنے لگے سِوائے اِس کے کہ زمین کی حرکت ہمارے نزدیک مخفی ہے اور زمین کی حرکت درمیانی گھیرے میں ہے۔ کیونکہ وُہ کُرّہ ہے۔ مگر آسمان اللہ تبارک و تعالیٰ کے حُکم کے نزدیک اطاعت گذار ہے۔ مگر زمین کی اطاعت تب ہُوئی۔ جب اُسے معلوم ہُوا کہ اُس کی ذات مقہور ہے اور اُس کے ساتھ لازمًا اطاعت کرنی پڑے گی۔ بقول اُس کے اُو کَرھًا۔ تو یہ اُس کی اطاعت کَرَھًا یعنی جبرًا ہے۔ پس ساتوں آسمانوں کو دو یوم میں بلند کیا اور ہر آسمان میں اپنے اَمر کو وحی کیا۔ اور زمین کو پیدا کیا اور مُولدات سے اُس میں قوتوں کا اندازہ کیا۔ اور اُن کی قوّتوں کے لئے خزانہ مقرر کیا۔ اور ہم نے نشاۃِ عالم کی ترتیب اپنی کتاب "عقلۃ المستوفز" میں بیان کی ہے۔

www.maktabah.org

کِس کو کِس سے پیدا کیا

قوتوں کی تقدیر سے پانی، ہَوا اور آگ کا وجُود ہے۔ اور جو اس میں بُخارات، بادل، بجلیاں، رَعد اور آثارِ علویہ ہیں۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

یہ ہے اندازہ زبردست علیم والے کا

اور جِنوّں کو آگ سے پیدا فرمایا اور برّی اور بحری پرندوں اور چوپایوں کو پیدا فرمایا اور زمین کے تعفّن سے حشرات الارض کو پیدا کیا۔ تاکہ ہمارے لئے ہَوا کو تعفّن کے بُخارات سے مُصفّا کر دیں۔ اگر وہ ہَوا میں مخلوط ہو جائیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسانوں اور حیوانوں کو جو زندگی اور عافیت عطا فرمائی ہے وہ متاثر ہوتی اور لوگ ہمیشہ بیمار اور علیل رہتے۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے لُطف سے اِن تعفّنات کو دُور فرمایا جنہیں ہم بیماریاں اور علالتیں کہتے ہیں۔ جب مملکت قائم ہو چکی اور اِن تمام مخلوقات میں سے کسی کو معلوم نہ تھا کہ یہ خلیفہ کون سی جنس سے ہوگا جس کے وجُود کے لئے یہ مملکت بنائی ہے۔

جب مُلک بن گیا بادشاہ بنا دیا

جب وہ وقت آگیا جو اِس خلیفہ کو پیدا کرنے کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کے علم میں تھا تو دُنیا کی عُمر سترہ ہزار گذر چکی تھی۔ اور آخرت کی عُمر جس کی کوئی انتہا نہیں اور اُس کے لئے دَوام ہے، سے آٹھ ہزار سال گذر چکے تھے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے بعض ملائکہ کو حکم دیا کہ زمین کی مٹّی کی تمام اجناس سے ایک ایک مُٹھی لے آئیں۔ تو وہ لے آئے۔ یہ ایک لمبی حدیث ہے جو لوگوں کو معلوم ہے۔

www.maktabah.org

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ سُبحانہٗ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اُس کا خمیر بنایا۔
پس اُس کا ارشاد ہے۔

لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ص آیت ۷۵

جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔

اور اُن ملائکہ سے جن کا ہم نے ذکر کیا ہر ایک کو حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السّلام کے لئے امانت عطا فرمائی اور اُنہیں فرمایا۔

"میں مٹی سے بشر کو بناؤں گا۔ اور یہ امانتیں اُس کے لئے ہیں جو تمہارے سپرد کی گئی ہیں۔ جب میں اُسے پیدا کروں تو تم میں سے ہر ایک اُسے واپس کر دے۔ پھر جب میں اُسے راست کروں اور اُس میں اپنی رُوح پھونکوں تو اُس کے حضور میں سجدہ ریز ہو جانا۔

اولادِ آدمؑ میں شقی بھی اور سعید بھی

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے طینتِ آدم کا خمیر کیا۔ یہاں تک کہ اُس کی خوشبو تبدیل ہو گئی۔ اور وہ مسنون ہے۔ اور یہ ہوا کی جزو ہے۔ جو نشاۃِ آدم میں موجود ہے۔

پھر حضرت آدم علیہ السّلام کی پُشت کو اُن کی ذُرّیت سے شقیوں اور سعیدوں کا مقام بنایا۔ اور جو اُس کی دونوں مٹھیوں میں تھا۔ حضرت آدم علیہ السّلام کو ودیعت کر دیا۔ کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں خبر دی ہے کہ اُس کی دائیں مٹھی میں سعید اور دوسرے ہاتھ کی مٹھی میں شقی تھے اور میرے رب کے دائیں ہاتھ متبارک میں جو لوگ تھے فرمایا کہ "وہ جنتی ہیں اور وہ اہلِ جنّت کے اعمال کریں گے۔ اور جو آگ کے لئے ہیں وہ اہلِ جہنّم کے اعمال کریں گے۔

www.maktabah.org

آدمؑ کو کیسے پیدا فرمایا

اللہ تعالیٰ نے طینتِ آدم کو ہر چیز ودلیعت کر دی اور اُس میں مجاورت۔ کے حکم کے ساتھ اضداد کو جمع کر دیا۔ اور اُنہیں حرکتِ مستقیمہ پر پیدا فرمایا اور یہ برُجوں سے سُنبلہ کے زمانہ میں ہُوا۔ اور اُس کے لئے شش جہات مقرر فرمائے۔ فوق، یعنی اُوپر جو اُس کے سَر کو ملتی ہے، تحت نیچے جو اُس کے مقابل ہے اور جو اُس کے دونوں پاؤں کو ملتی ہے۔ "یمین" یعنی دائیں جو ایک طرف ہے اور اُس کی قوتوں کو ملتی ہے۔ "شمال" یعنی بائیں جو مقابل ہے اور اُس کے ضعیف پہلو سے ملتی ہے۔ "امام" یعنی اگلی جو اُس کے چہرے سے ملتی ہے۔ "خلف" یعنی پچھلی جو اُس کے مقابل ہے اور پشت سے ملتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے صُورت عطا فرمائی اور اُس کے لئے درستگی کی۔ پھر اُس میں اپنی رُوح پھُونکی جو اُس کی طرف مضاف ہے۔ پس یہ پھُونک اُس کے اجزاء کے ارکان اخلاط میں جاری ہو گئی اور یہ ارکان صفراء، سوداء، خُون اور بلغم ہیں۔

صفراء۔ ناری رُکن سے ہے جس کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس سے پیدا فرمایا اور فرمایا۔

مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ الرحمٰن آیت

اور سوداء کو مٹی سے پیدا فرمایا۔ اور ارشاد فرمایا۔ میں نے اِسے مٹی سے پیدا کیا۔

فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ الحج آیت ۵

میں نے اُسے مٹی سے پیدا کیا۔

خُون کو ہوا سے پیدا فرمایا اور فرمایا۔ مسنُون۔

www.maktabah.org

بلغم کو اُس پانی سے پیدا فرمایا جس سے مٹی کو گوندھا تھا۔

قوتوں کی تخلیق

پھر اُس میں قوتِ جاذبہ کو پیدا فرمایا جس سے وہ غذاؤں کو جذب کرتا ہے پھر قوتِ ماسکہ پیدا فرمائی جس کے ساتھ حیوان اپنی غذا کو روکتا ہے۔ پھر قوتِ ہاضمہ پیدا فرمائی جس کے ساتھ غذاء کو ہضم کرتا ہے، پھر قوتِ دافعہ پیدا فرمائی۔ جس کے ساتھ وہ اپنی ذات سے پسینہ، بخارات، ہوا، براز اور اس کی مثل فضلات کو دور کرتا ہے۔

رہا جاری ہونا مگر اُس کا حصّہ اور رگوں اور جگر میں خون کا تقسیم ہونا ہے۔ جو ہر جزو حیوان سے خالص کرتا ہے تو وہ قوتِ جاذبہ سے ہوتا ہے نہ کہ دافعہ سے جیسا کہ ہم نے کہا۔ قوتِ دافع جو نکالتی ہے وہ فضلات سے ہے نہ کہ اس کے علاوہ سے۔

پھر اس میں قوتِ غاذیہ، قوتِ منویہ، قوتِ حاسیہ، قوتِ خیالیہ، قوتِ وہمیہ، قوتِ حافظہ اور قوتِ ذاکرہ کو پیدا فرمایا۔ اور یہ تمام قوتیں انسان میں موجود ہیں۔ جس کے ساتھ وہ حیوان ہے نہ کہ صرف انسان، ان کے علاوہ چار قوتیں ہیں، قوتِ خیال، قوتِ وہم، قوتِ حفظ اور قوتِ ذکر یہ انسان میں حیوان سے زیادہ طاقتور ہیں۔ پھر آدم کو جو کہ انسان ہے قوتِ مصوّرہ، قوتِ مفکّرہ اور قوتِ عاقلہ سے مختص کیا۔ اور اُس کا حیوان سے امتیاز ہو گیا۔ اور یہ تمام قویٰ نفسِ ناطقہ کے لئے اس جسم میں آلات مقرر کیے جس کے ساتھ اپنے تمام محسوس اور معنوی منافع کی طرف پہنچ سکے۔

پھر اُسے دوسری پیدائش سے پیدا کیا اور وہ انسانیہ ہے۔ پھر ان

www.maktabah.org

قوتوں کے ساتھ اُسے زندہ، عالم، قادر، مُرید، متکلّم، سمیع، بصیر بنایا اُس حدِ معلوم مُعتاد تک جس میں وہ اکتساب کرتا ہے۔

فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ

پس برکتوں والا اللہ احسن الخالقین ہے۔

ہر اسمِ الٰہی سے انسان کا حصّہ ہے

اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ اپنے جن اسماء سے موسُوم ہُوا۔ انسان کے لئے بھی ان میں سے ہر اسم کا حصّہ پیدا فرمایا۔ جو عالم میں اُسی قدر ظاہر ہُوا جس کے وہ لائق تھا اس لئے بعض نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اِس ارشاد کی اِن معنوں پر تاویل کی ہے

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ الحدیث

اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو اپنی صُورت پہ پیدا فرمایا

اور اُسے اپنی طرف سے اپنی زمین میں خلیفہ بنا کر اُتارا۔ کیونکہ زمین عالمِ اعلیٰ کے برعکس عالمِ تغیّر و استحالات ہے۔ چنانچہ اِس عالمِ ارضی میں تغیرات کی حیثیت سے احکام ہوتے ہیں۔ تو اُس کے لئے تمام اسمائے الٰہیہ کا حُکم ظاہر ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ آسمان اور جنّت کی بجائے زمین میں خلیفہ ہُوا۔ پھر اُس کے حُکم سے اُسے علمِ اسماؔ دیا گیا اور فرشتوں کا مسجُود بنایا۔ مگر ابلیس نے انکار کیا۔ اس کا تمام ذکر انشاء اللہ اپنے مقام پر آئے گا۔ کیونکہ یہ باب اجسامِ انسانیہ کی ابتدا کے ساتھ مخصوص ہے۔

اجسامِ انسانی کی ترکیب

اِس کی چار انواع ہیں۔ جسمِ آدمؑ، جسمِ حوّاؑ، جسمِ عیسٰیؑ اور اجسامِ بنی آدم۔

اِن چاروں میں سے ہر جسم کی پیدائش بسبب اُس کے ساتھ صُورتِ جسمانیہ

www.maktabah.org

اور رُوحانیہ کے ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

ہم نے اِس کا سیاق دانتساہ اس پر رکھا۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کمزور عقل والے کو وہم ہو کہ قدرتِ الٰہیہ یا حقائق اِس نشاۃِ انسانیہ سے بغیر سببِ واحد کے بذاتہ نہیں ہُوئے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس شُبہ کا رَدّ کیا جس کے ساتھ آدم میں یہ نشاۃ انسانی اِس طریق سے ظاہر فرمائی جس کے ساتھ جسم حوّا کو نہیں ظاہر کیا اور جسم حوّا کو اُس طریق پر ظاہر فرمایا جس طریق پر اولادِ آدم کا جسم نہیں ظاہر فرمایا اور جس طریق پر اولادِ آدم کا جسم ظاہر فرمایا اُس طریق پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جسم نہ ظاہر فرمایا۔ جب کہ صِفت وحقیقت کے اعتبار سے اِن سب پر اسمِ انسان کا اطلاق ہوتا ہے۔

اَنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ البقرۃ آیت ۲۳۱

بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اِن انواعِ اربعہ کی تخلیق کا ذکر اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن مجید کی سُورت حجرات میں بیان فرمایا۔

یٰاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی سُورۃ الحجرات آیت

اَے لوگو ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا ہے۔

خَلَقْنٰکُمْ یعنی تمہیں پیدا کیا سے مُراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ مِنْ ذَکَرٍ یعنی مذکر سے مُراد حضرت حوّا علیہا السلام ہیں۔ وَاُنْثٰی یعنی مادہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مُراد ہیں اور تمام ذکر واُنثیٰ سے مُراد بطریقِ نکاح وتولّد بنی آدم مُراد ہیں۔ تو یہ آیت جوامع الکلم اور اُس فصل الخطاب سے ہے جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو عطا کیے۔

www.maktabah.org

مَردعورت کی محبّت کی وجہ

جیساکہ ہم نے ذکر کیا ہے۔ جب حضرت آدم علیہ السلام کا جسم ظاہر ہُوا تو اُس میں نکاح کی خواہش نہ تھی۔ جب کہ حق تعالیٰ کے علم میں ایجادِ تولّد اور تناسل و نکاح موجود تھا۔ اور یہ اِس دُنیا میں بقاءِ نوع کے لئے ہے۔

پس حضرت حوّا علیہ السلام کو حضرت آدم علیہ السلام کی چھوٹی پسلی سے نکالا۔ جس کے ساتھ مرد سے عورت کا درجہ چھوٹا قرار پایا۔ جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ البقرۃ آیت

ترجمہ:- یعنی مردوں کا درجہ عورتوں پر اُونچا ہے۔

عورتیں مردوں کے درجہ کے ساتھ کبھی نہیں مِل سکتیں۔ عورت کا پسلی سے پیدا ہونا اپنے بیٹے اور شوہر سے میلانِ محبّت کے لئے ہے۔ پس مرد کا عورت پر شفقت کرنا اپنی ذات پر شفقت کرنا ہے۔ کیونکہ وہ اُس کا جزو ہے۔ اور وُہ اُس کی پسلی سے پیدا ہوئی ہے۔ اور پسلی میں جُھکاؤ اور ٹیڑھا پن ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے اُس مقام سے جہاں سے حضرت حوّا علیہا السلام نکلی تھیں اُن کی طرف خواہش کا مقام بنایا کیونکہ وجُود میں خلاء باقی نہیں رہتا۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے خواہش سے معمُور کر دیا تو حضرت آدم نے اُن کی طرف میلان کیا جیسے خود پر مائل ہُوا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ اُن کی جزو تھیں اور وہ بھی اُن کی طرف مائل ہو گئیں۔ کیونکہ وہ اُن کا وہ مقام تھے جہاں سے اُن کی پیدائش ہوئی تھی۔ پس حضرت حوّا علیہ السلام کی حضرت آدم علیہ السلام سے محبّت حُبِ مقام تھی اور حضرت آدم علیہ السلام کی اُن سے محبت اپنی ذات کی

www.maktabah.org

محبت تھی ۔ مرد کی محبت عورت کے لئے اس لئے ظاہر ہوتی ہے کہ وہ اُس کی عین ہے جب کہ عورت کو مرد کی محبت میں حیاء کی قوت عطا فرمائی گئی تو وہ اپنی محبت چھپانے پر طاقتور ہے کیونکہ اُس کا اس مقام سے اتحاد آدم کے اتحاد کی طرح نہیں جس کے ساتھ پسلی میں اُن تمام صورتوں کی تصویر دکھا دی ۔ جو کچھ حضرت آدم علیہ السلام کے جسم میں پیدا کرنا تھا ۔ حضرت آدم علیہ السلام کے جسم کی پیدائش اس صورت میں تھی جیسا کہ نقاش مٹی اور برتن کو پکانے سے کرتا ہے ۔ اور حضرت حوا سلام اللہ علیہا کے جسم کی پیدائش اس طرح تھی جس طرح ترکھان لکڑی سے جیسی صورتیں چاہے بنا لیتا ہے ۔

جب حضرت حوا سلام اللہ علیہا کو پسلی سے بنا کر اُن کی صورت قائم کر دی اور اُنہیں راست کر لیا تو اُن میں اپنی رُوح پھونک دی تو وہ زندہ بولتی ہوئی مؤنث ہو گئیں ۔ اُن کے لئے اللہ تعالیٰ نے وجودِ انسانیہ کے لئے زراعت اور کھیتی کا مقام بنایا ۔ جو تناسل انسانی ہے ۔ پس حضرت آدم علیہ السلام نے اُن کی طرف اور اُنہوں نے اُن کی طرف سکون و آرام پایا ۔ وہ ان کا لباس تھیں اور وہ اُن کا لباس تھے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط البقرہ آیت ۱۸۷

وہ تمہارے لباس ہیں اور تم اُن کے لباس ہو ۔

ترکیبِ جسمِ انسانی

اس سے حضرت آدم علیہ السلام کے تمام اجزاء میں خواہش سرایت کر گئی تو آپ اُن کے طالب ہوئے ۔ جب وہ ملے اور رحم میں پانی ڈالا تو پانی کے نطفہ سے حیض کا خون ملا ۔ جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے عورتوں پر لکھا ہے یعنی

www.maktabah.org

مقرر کیا ہے۔ پس اس جسم میں تیسرا جسم ہو گیا۔ یہ اُس طریق کے علاوہ تھا جس سے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا سلام اللہ علیہا کے جسموں کو پیدا کیا تھا۔

پس یہ تیسرا جسم ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے پیدائش کو رحم میں ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف منتقل کیا۔ اور پانی کو نطفہ کی طرف اور نطفہ کو علقہ کی طرف اور علقہ کو مُضغہ کی طرف اور مُضغہ کو ہڈی کی طرف پہنچایا۔ پھر ہڈی کو گوشت پہنایا۔ پس جب نشاۃِ حیوانیہ پوری ہو چکی تو اس سے دوسری مخلوق پیدا کی۔ پس اُس میں رُوحِ انسانی پھونکی۔

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۝

پس اللہ برکت والا احسن الخالقین ہے۔

اگر خوفِ طوالت نہ ہوتا تو ہم اُس کی تکوین کو رحم میں ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف بیان کرتے۔ اور اُن موکل فرشتوں کا ذکر کرتے۔ اور جو ارحام میں اِن صورتوں کے بنانے پر موکل ہیں یہاں تک کہ خروج ہو۔ لیکن ہماری غرض اُن اعلام کے ساتھ ہے جس کے ساتھ اجسامِ انسانیہ کا تعلق ہے۔ اگرچہ حدّ و حقیقت اور حسیہ و معنویہ صورتوں میں ایک ہیں لیکن اسبابِ تالیف مختلف ہیں۔ شاید کوئی خیال کرے کہ یہ سببِ ذات کے لئے ہے تو یہ نہیں بلکہ وہ اللہ تعالیٰ فاعلِ مختار کی طرف راجع ہیں۔ وہ جو چاہے کرے۔ اور وہ بغیر رکاوٹ اور قصور کے جیسے چاہے کرتا ہے۔ اس امر یہ دُوسرا امر ہے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب حکمت والا ہے۔

جب اہلِ طبعیات نے کہا کہ عورت کی منی سے کچھ نہیں ہوتا اور رحم میں جو

www.maktabah.org

جنین ہے وہ مرد کی منی سے ہے۔ اس لئے ہم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جسم کی تکوین کو اس امر سے الگ رکھا ہے، اُن کی تکوین دُوسری ہے۔ اُن کی تدبیر رحم والدہ میں دوسرے بچوں کے اجسام کی طرح تھی۔ خواہ عورت کی منی سے تھی۔ لیکن روح اُن کے لئے پُورے مرد کی شکل کی صورت میں ظاہر ہُوا اور خواہ بغیر منی کے رُوح پھونکنے سے تھی۔ بہرحال وہ ایک چوتھا جسم ہیں۔ جو پیدائش اجسام میں الگ نوع ہے۔ اس لئے اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ — آل عمران آیت ۶۵

اللہ کے نزدیک عیسیٰؑ کی مثل آدمؑ کی طرح ہے جسے مٹی سے پیدا کیا۔

مٹی کی ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف لوٹتی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے تو شبہ واقع ہو گیا تو فرمایا۔ اُن کی پیدائش کی صفت پیدائش کی طرح ہے۔ مگر حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے مٹی سے پیدا کیا اور فرمایا "کُن"، یعنی "ہو جا"۔ جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی ماں کے شکم میں عادتِ جاریہ کے مطابق بچوں کی طرح نہیں رہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نشانی بنانے کے لئے سُرعت سے پیدا فرمایا۔

اس کے ساتھ اُن اہلِ طبعیات کی تردید کی گئی ہے جو اُس طبیعت پر حکم دیتے ہیں جو اُنہیں عادتاً عطا کی گئی ہے۔ اور طبعی لوگ اسرار و تکوینات عجیبہ سے جو اِن پیدائشوں میں اللہ تعالیٰ نے وَدیعت کیا ہے اُسے نہیں مانتے۔ بعض اہلِ طبعیات اہلِ دانش حضرات نے اس طبیعت میں انصاف کی بات کہی ہے کہ ہم اِسے نہیں جانتے۔ مگر جو ہمیں خاص طور پر عطا کیا ہے اُسے جانتے ہیں۔ اور اس کا ہمیں علم نہیں۔ ہم نے اجسامِ انسانیہ کی ابتداء کا ذکر کیا ہے۔

www.maktabah.org

عقل کیسے پیدا ہوئی

ہم نے اجسامِ انسانیہ کی ابتدار کا ذکر کیا اور وہ چار مختلف پیدائشیں ہیں جو ہم نے مقرر کیں۔ اور یہ آخری مولدات ہیں۔ اُس کی نظیر عقلِ اوّل ہے جس کے ساتھ اِس کا رابطہ ہے۔ کیونکہ وجود دائرہ ہے اور ابتدائے دائرہ عقلِ اوّل کا وجود ہے اِس میں حدیث وارد ہوئی ہے کہ۔

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلُ۔ الحدیث

یعنی اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے عقل کو پیدا کیا

اور عقلِ اوّل اجناس سے ہے اور پیدائش کی انتہا تخلیقِ جنسِ انسانی پر ہے بس دائرہ مکمل ہُوا تو انسان عقل کے ساتھ مُتّصل ہو گیا۔ جیسا کہ دائرہ کا آخری حصّہ پہلے حصّے سے مل جاتا ہے تو یہ دائرہ ہے۔ اور دائرہ کے دونوں گوشوں کے درمیان اللہ تبارک و تعالیٰ نے اجناسِ عالم سے جو کچھ تخلیق فرمایا وُہ عقلِ اوّل کے درمیان ہے اور عقلِ اوّل قلم بھی ہے اور انسان کے درمیان ہے جو آخری موجود ہے۔

جب کہ خطوط نقطہ سے خارج ہوتے ہیں جو محیط دائرہ کے وسط میں ہے اور وہ محیط سے ہر جُزو کے لئے مساوات پر نکلتے ہیں۔ ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کی نسبت تمام موجودات کی طرف نسبتِ واحدہ ہے اور یہاں ہرگز تغیّر واقع نہیں ہوتا۔ تمام تر اشیاء اُسی کی طرف دیکھ رہی ہیں اور اُس امر کو اُسی سے قبول کرتی ہیں جو نظرِ اجزائے محیط نقطہ کی طرف عطا کرتی ہے۔

انسان خیمۂ افلاک کا ستون ہے

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے یہ صورتِ انسانیہ

www.maktabah.org

خیمہ کے درمیانی ستون کی صورت حرکت کے ساتھ قائم فرمائی اور اُسے آن آسمانوں کے قُبّہ کے لئے مقرر فرمایا. اور اللہ تعالیٰ نے اِس ستون کے ساتھ آسمانوں کو تھام رکھا ہے، جب یہ صورت نہ رہے گی اور زمین پر کوئی متنفس باقی نہ رہے گا تو آسمان پھٹ جائے گا. تو یہ وہ وقت ہے. جب مضبوطی قائم نہ رہے گی. کیونکہ ستون زائل ہو جائے گا اور وہ انسان ہے. جب انتقالِ انسان کے ساتھ یہ عمارت دارِ آخرت کی طرف منتقل ہو جائے گی تو اِس منتقلی کے ساتھ دنیا برباد ہو جائے گی.

انسان مقصودِ خداوندی ہے

ہمیں قطعی طور پر معلوم ہو چکا ہے کہ انسان عالم سے اللہ تعالیٰ کا عین مقصود ہے اور یہ خلیفہ برحق ہے. اور یہ ظہورِ اسمائے الٰہیہ کا محل ہے. اور یہ تمام ہے مَلَک و فلک، رُوح و جسم، طبعیات و جمادات اور نباتات و حیوانات سے حقائق عالم کا جامع ہے. اِس کا جسم و حُجم چھوٹا ہوتے کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس کے حق میں کہا ہے.

"لوگوں کے پیدا کرنے سے آسمان و زمین کا پیدا کرنا بڑا ہے کیونکہ انسان آسمان و زمین سے پیدا ہوتا ہے. تو وہ دونوں اُس کے لئے ماں باپ کی طرح ہیں."

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس کی قدر بلند فرمائی لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے اور رحم میں نہیں لوٹایا کیونکہ یہ معلوم و محسوس ہے. مگر اللہ تبارک و تعالیٰ ایسے اُبتلاء و آزمائش میں ڈالتا ہے جس میں مخلوق سے کسی کو نہیں ڈالتا. اِس لئے اُس کی توفیق کے مطابق اس ابتلاء کے ذریعہ سے اُسے سعید یا شقی قرار دیتا ہے. اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس میں ایک قوّت پیدا کی ہے جس کا نام فکر ہے جس کی بنائے پر یہ امتحان میں ڈالا جاتا ہے. اِس قوّت کو اُس قوّت کا خادم بنایا جس کا نام عقل ہے

www.maktabah.org

اور عقل کو فکر پر زبردستی سرداری دی کہ وہ اس چیز کو اخذ کرے جو اُسے فکر سے ملے اور فکر کے لئے مجال نہیں کہ وہ کوئی چیز قوتِ خیالیہ کے بغیر حاصل کرے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قوتِ خیالیہ کو قوتِ احساس کا محل بنایا اور اس کے لئے ایک اور قوت بنائی جو قوتِ مصوّرہ ہے پس قوتِ خیالیہ میں وہی حاصل ہوتا ہے جو اُسے قوتِ حس یا قوتِ مصوّرہ عطا کرتی ہے اور قوتِ مصوّرہ کا مادہ محسوسات سے صورتیں ترتیب دیتا ہے اور اُس کی عین نہیں لیکن اُس کے تمام اجزاء حس میں موجود ہیں اور یہ اس لئے ہے کہ عقل کو ساذجا پیدا کیا گیا ہے۔ اس کے نزدیک علوم نظریہ سے کوئی چیز نہیں اور فکر کے لئے کہا گیا کہ جو اس میں قوتِ خیالیہ ہے اُس سے حق و باطل کی تمیز کرلو۔ چنانچہ اُس کے لئے حسبِ واقع نظر آتا ہے تو اُسے کبھی شبہ حاصل ہوتا ہے اور کبھی اُسے اس کے ساتھ دوسرے علم سے دلیل حاصل ہو جاتی ہے لیکن اُسے اپنے گمان میں دلائل سے شبہ کی صورتوں کا عالم ہوتا ہے اور وہ اُس مواد کی طرف نہیں دیکھتا جن سے علوم حاصل کرنے میں سند پکڑتا ہے۔

پس وہ اُس سے عقل کو قبول کرتا ہے جس کے ساتھ اس علم سے اُس کی جہالت میں اضافہ ہوتا ہے جو متقارب نہیں ہوتا۔ پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس عقل کو اپنی معرفت کا مکلف کیا تاکہ اس کے ذریعہ سے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے نہ کہ اس کے غیر کی طرف۔ اور عقل اُس نقیض سے ارادۂ الٰہی کو بھانپ لیتی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا ہے۔

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا[1] لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝[2]

"تو یہ فکر کی طرف سند ہے۔ اور اُسے امام بنایا۔ جس کی اقتداء کی جاتی ہے۔"

---

[1] الروم آیت ۸ [2] یونس آیت ۲۴

www.maktabah.org

اہلِ اللہ عجز سے معرفت حاصل کرتے ہیں

وہ شخص اپنی مُراد میں فکر کے ساتھ حق تعالیٰ سے غافل ہو جاتا ہے کہ وہ اُسے فکر کرنے کے لئے مخاطب فرماتا ہے پھر وہ اپنے علم سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ بری ہو جاتا ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کی تعریف کے کوئی راستہ نہیں۔ پھر اُس پر یہ امر منکشف ہو جاتا ہے جس پر وہ ہے۔

پس ہر عقل اُس کا فہم نہیں رکھتی۔ مگر یہ عقول اللہ تبارک وتعالیٰ کے انبیاء اور اولیاء کے لئے مخصوص ہیں۔

کاش مجھے معلوم ہوتا کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے اُن کی ذُریّت کو مُٹھی میں لے کر گواہ بنایا تھا تو کیا اُنہوں نے اپنے افکار سے بلیٰ یعنی ہاں کہی تھی۔ نہیں خدا کی قسم نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی عنایت سے اُنہیں اُن کی پشتوں سے لیتے وقت اپنی گواہی پیش فرمائی۔ جب وہ اپنی مُفکرہ قوتوں سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی معرفت میں اُخذ کرنے کے لئے رجوع کرتے ہیں تو معرفتِ الٰہیہ میں ایک حکم پر کبھی جمع نہیں ہوتے اور ہر طائفہ ایک مذہب کی طرف چلا جاتا ہے اور جمالِ الٰہی میں کثرت سے گفتگو کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ کے حق میں انتہائی جرأت سے کام لینے لگے۔

یہ سب کچھ اِس ابتلاء سے ہے جس کا ذکر ہم نے انسان میں اُس کی فکر کی تخلیق سے کیا۔

اہلِ اللہ جو اپنی معرفت میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کے ساتھ مکلّف فرمائے ہیں۔ وہ اُس کی طرف محتاج ہیں اور جانتے ہیں کہ اُن سے مُراد اِس میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ہے اور اُن میں سے ہر حال میں اِس اَمر کے قائل ہیں کہ وہ پاک ہے جس نے اپنی معرفت کا راستہ سوائے عجز کے اور کوئی نہیں ٹھہرایا۔

www.maktabah.org

اُن میں سے بعض یہ کہتے ہیں کہ درکِ الادراک سے عاجز ہونا ہی اِدراک ہے۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے فرمایا۔ الٰہی!

"میں تجھ پر ثناء کا شمار نہیں کر سکتا۔"

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ۝ آیت ۱۱۰ سورۃ طٰہٰ

"لوگ اُس کے عِلم کا احاطہ نہیں کر سکتے۔"

پس معرفتِ الٰہیہ میں اللہ کی طرف رجُوع کرتے ہیں اور اِس مرتبہ میں فِکر کو چھوڑ دیتے ہیں اور اُس کا حق ادا کرتے ہیں۔ چنانچہ جس اَمر میں فکر کرنے کا حق نہیں پہنچتا اُسے نقل نہیں کیا۔ اور بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات میں غور و فکر کرنے سے روک دیا گیا اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَہٗ۔ یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی ذات میں فکر کرنے سے ڈراتا ہے۔

پس اللہ تبارک و تعالیٰ اُنہیں اپنی معرفت عطا کرتا ہے۔ جو عطا کرتا ہے اور اپنی مخلوقات میں سے مشاہدہ کرواتا ہے۔

اور وہی مظاہرہ ہے جو اُنہیں مشاہدہ کرواتا ہے۔ اور وہ جان لیتے ہیں کہ جو طریقِ فکر سے عقلاً محال ہے۔ نسبتِ الٰہیہ سے محال نہیں۔ جیسا کہ اُس کا ذِکر اِس زمین کے باب میں آئے گا۔ جسے حضرت آدم علیہ السّلام وغیرہ کی باقی مٹی سے تخلیق کیا گیا۔

ذِی عقل کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی ذات میں اللہ تعالیٰ کی ذات کا فرماں بردار ہے اور جان لے کہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْر۔ یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کے آگے کوئی اَمر محال نہیں۔ اُس کا

www.maktabah.org

اقتدار نافذ ہے۔ اور وہ وسیع عطا کرنے والا ہے۔ اُس کے پیدا کرنے میں کوئی تکرار نہیں بلکہ وہ سب عالم امثال میں ایک ہی جوہر میں پیدا ہو جاتے ہیں جنہیں وہ پیدا کرنا چاہتا ہے۔ اُس کی مرضی ہے کہ انہیں باقی رکھے یا انفاس کے ساتھ فنا کر دے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ؕ ال عمران آیت ۱۸

نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب حکمت والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ساتویں باب کا ترجمہ ختم ہوا۔

---

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

باب ہشتم

" اس زمین کی معرفت جو حضرت آدم علیہ السّلام کے خمیر کی باقی طینت سے پیدا کی گئی۔ یہی زمین حقیقت ہے اور بعض اُن عجائب و غرائب کا بیان، جو اِس میں ہیں "۔

یاأخت بل یاعمتی المعقوله	أنت الامیمة عندنا المجهوله
نظر البنون الیك أخت أبیهمو	فتنافسوا عن همة معاوله
الا القلیل من البنین فانهم	عطفوا علیك بأنفس مجبوله
یاعمتی قل کیف أظهر سرّه	فیك الاخ محققات تنزیله
حتی بدا من مثل ذاتك عالم	قد یرتضی رب الوری توکیله
أنت الامامة والامام أخوك والمأ	موم أمثال له مسئوله

اَے بہن بلکہ اَے میری پھوپھی! تُو ہمارے نزدیک غیر معرُوف چھوٹی ماں ہے۔ بیٹوں نے تیری طرف اپنے باپ کی بہن کی نظر سے دیکھا بس ہمّتِ معلُول سے رغبت کرنے لگے۔ مگر تھوڑے بیٹوں نے تجھ پر نفسِ مجبولہ سے عطف کیا۔

اَے پھوپھی، بتا! تیرے بھائی نے تجھ میں اپنا بھید کیسے ظاہر کیا جس کا ذِکر تنزیلِ الٰہی میں محقّق ہے۔ یہاں تک کہ تیری ذات کی مِثل ایک عالم ظاہر ہُوا۔ رَبّ العزّت تیری توکیل سے راضی ہے۔ تُو امامہ ہے اور تیرا بھائی امام ہے اور اُس کی مِثل اقتدا کرنے والے اُس کے برابر ہیں۔

www.maktabah.org

مخصوص زمین

جاننا چاہیئے کہ جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور وہ پہلا انسانی جسم ہے اس جسم کو اجسامِ انسانیہ کے وجود کے لئے اصل قرار دیا۔

حضرت آدم علیہ السّلام کے خمیر کی جو مٹی باقی بچی اُس سے کھجُور کا درخت پیدا فرمایا تو یہی کھجُور حضرت آدم علیہ السّلام کی بہن ہے اور یہی ہماری پھُوپھی ہے۔ شریعت نے بھی اس کا نام پھُوپھی رکھا۔ اور اس کی تشبیہہ مومن کے ساتھ دی۔ دوسری نباتات کے برعکس اس کے عجیب اسرار ہیں اور اس کھجور کی تخلیق کے بعد سمسمہ کی مقدار پوشیدگی میں مٹی بچی اُس میں وسیع زمین کو کھینچا۔

جب عرش کو مقرر فرمایا اور جو اُس کے اِردگِرد آسمان، زمینیں کرسی، تحت الثریٰ اور تمام جنتیں اور دوزخ ہیں اس زمین میں پیدا کئے گئے۔ یہ سب اس میں ایسے ہیں جیسا کہ زمین کے جنگل میں زنجیر کا ایک چھوٹا سا حلقہ، اور اس زمین میں ایسے عجائب وغرائب ہیں جن کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ اور اِس امر سے عقلیں حیران ہیں۔ اِس کے ہر نفس میں اللہ تبارک وتعالیٰ عوالم پیدا فرماتا ہے۔ جو روز وشب خُدا کی تسبیح میں لگے ہُوئے ہیں۔ اور غافل نہیں ہوتے۔ اِس زمین میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی عظمت ظاہر ہے اور دیکھنے والے کے نزدیک یہ عظمت اور بھی زیادہ ہے۔ اور کثیر محالاتِ عقلیہ جن پر صحیح عقلی دلیل قائم ہو چکی ہے وُہ اس زمین میں موجود ہیں۔ اور یہ عارفوں اور عُلماء باللہ کی نظروں کو نواز رہی ہے اور وُہ اُس میں جولانی دکھاتے ہیں۔

ایک روایت

جُملہ عوالم سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہماری صُورتوں پر عالم

www.maktabah.org

پیدا فرمائے۔ جب عارف اِن کو دیکھتا ہے تو اِس میں اپنی ذات کا مشاہدہ کرتا ہے۔
حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اِس کی مثل کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں اِس حدیثِ کعبہ میں روایت آئی ہے کہ یہ چودہ گھروں میں سے ہے۔ ساتوں زمینوں سے ہر زمین میں ہماری مثل مخلوق ہے یہاں تک کہ اُن میں میری طرح ابنِ عباس موجود ہے۔ اہلِ کشف کے نزدیک یہ روایت سچّی ہے۔

اَور بھی زمینیں ہیں

ہم زمین اور اُس کی وُسعت اور اُس کے عوالم کی کثرت اور اُس میں مخلوقات کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اِس سے اِس میں عارفوں کے لئے تجلّیاتِ الٰہیہ وارد ہوتی ہیں۔

ایک عارف نے مجھے اِس اَمر کی خبر دی ہے جسے میں مشاہدہ سے جانتا ہوں۔ اُس نے کہا کہ میں ایک روز اُس زمین کی ایک مجلس میں داخل ہوا جس کا نام مجلسِ رحمت تھا۔ میں نے اُس سے عجیب مجلس کبھی نہیں دیکھی۔ میں اُس میں تھا کہ مجھ پہ تجلّیِ الٰہی ظاہر ہوئی اور اُس تجلّی نے مجھے پکڑا نہیں یعنی بے ہوش نہیں کیا بلکہ میں اُس کے ساتھ باقی رہا۔ اور یہ اُس زمین کی خاصیت ہے کیونکہ اِس دُنیا میں اِن ہیکلوں کی جو تجلّیاتِ الٰہیہ انبیاء و اولیاء پر وارد ہوتی ہیں وُہ اُنہیں اِن کے دیکھنے سے از خود رفتہ کر دیتی ہیں۔

اَیسے ہی بُلند آسمانوں کے عالم اور کُرسی اور عالمِ عرشِ محیطِ اعلیٰ اور اُس کے مکینوں پر جب تجلّیاتِ الٰہیہ وارد ہوتی ہیں۔ تو اُنہیں ہوش و خرد سے بیگانہ کر دیتی ہیں۔ چنانچہ جب یہ زمین صاحبِ کشف عارف کو حاصل ہوتی ہے تو اُس کے لئے واقع ہونے والی تجلّی اُسے شہود سے غافل نہیں کرتی اور نہ اُسے

www.maktabah.org

اُس کے وجُود سے بے بہرہ کرتی ہے اور اُس کی رؤیت اور گفتگو کے درمیان اجتماع قائم رہتا ہے۔
اُس نے کہا! اُس مجلس میں میرے لئے ایسے امور و اسرار کا اتفاق ہُوا۔ جن کے دقیق معانی اور عدمِ وصُول ادراکات کی بنا پر بیان کی گنجائش نہیں۔ اِس سے پہلے کہ انسان اِن مشاہد کی مِثل اُس کا خود مشاہدہ کرے۔ اُس زمین میں گُلستان، باغات، حیوانات و معدنیات کا اندازہ سِوائے اللہ تعالیٰ کے نہیں لگایا جاسکتا۔

وہاں بھی زندگی ہے

اُس زمین میں جو چیز ہے زندہ اور ناطِق ہے اور اُس کی حیات و نُطق ہماری دُنیا کی اشیاء میں زندگی اور نُطق کی طرح ہے اور وہ اشیاَ باقی ہیں نہ فنا ہوتی ہیں اور نہ تبدیل ہوتی ہیں اور نہ اُن کے عالموں کو موت ہے۔ اور وہ زمین طبعیہ اور طینیتِ بشریہ کے اجسام سے کسی چیز کو قبُول نہیں کرتی۔ سِوائے اِس کے عوالم کے یا بالخصوص ہمارے عالمِ ارواح کو قبُول کرتی ہے۔
جب عارف اُس میں داخل ہوتے ہیں تو وہ اپنی ارواح کے ساتھ داخل ہوتے ہیں نہ کہ جسموں کے ساتھ۔ پس وہ اپنے ہیکل اسی دُنیا کی زمین میں چھوڑ دیتے ہیں اور مجرّد ہوتے ہیں۔ اُس زمین میں عجیب و غریب صُورتیں ظاہر یا پیدا ہوتی ہیں جو اِس عالم کے راستوں کی گلیوں کے سرِ راہ کھڑی ہوتی ہیں جس میں ہم بستے ہیں اور وہ جو زمین و آسمان اور جنّت و دوزخ میں رہتے ہیں۔

وہاں داخلہ کیسے ہوتا ہے

جب ہم سے کوئی عارف وہاں جانا چاہتا

www.maktabah.org

ہے یا نوعِ انسانیہ یا جنّ اور فرشتہ یا اہلِ جنّت سے بشرطِ معرفت اِس میں داخل ہونا چاہتا ہے تو اپنے جسمانی ہیکلوں سے مجرّد ہو جاتا ہے۔ اور اُن صُورتوں کو گلیوں کے سروں پر پاتا ہے جس کے ساتھ وہ مؤکل قائم ہو جاتے ہیں۔ اُنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِسی شغل کے لئے کھڑا کر رکھا ہے۔ اور اُن میں سے کوئی ایک اِس داخل ہونے والے کی طرف لپکتا ہے۔ اور اُس کی قدر و منزلت کے مطابق لباس پہناتا ہے اور اُس کا ہاتھ پکڑ کر اُس زمین میں چکر لگاتا ہے۔ اور اُس سے جہاں چاہتا ہے لیٹ جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی مصنوعات میں عبرت پکڑتا ہے۔ اور وہ کسی حجر و شجر وغیرہ اور کسی چیز کے پاس سے نہیں گذرتا۔ کہ وہ اُس سے کلام کا ارادہ کرے مگر ہر چیز اُس سے کلام کرتی ہے۔ جیسا کہ اُس کا ساتھی شخص کلام کرتا ہے اُن لوگوں کی مختلف زبانیں ہیں اور اُس زمین کو یہ خاصیت عطا کی گئی ہے۔ کہ اِس میں جو شخص داخل ہوتا ہے اُس میں بولی جانے والی تمام زبانوں کو سمجھ لیتا ہے۔ جب وہاں سے وہ اپنی ضرورت پُوری کرنے کے بعد واپسی کا ارادہ کرتا ہے تو اُس کا ساتھی اُسے اُس مقام پر واپس لے آتا ہے جس مقام سے وہ داخل ہُوا تھا۔ اور جب اُسے نکالتا ہے تو اُس کا وہ لباس اُتار لیتا ہے جو اُسے پہنایا تھا اور اُس سے واپس لوٹ جاتا ہے۔ اور اُسے دلائل و علوم حاصل ہوتے ہیں اور اُس میں اُس کا عِلم باللہ زیادہ ہوتا ہے جو کہ مشاہدہ کے وقت نہیں ہوتا۔

مَیں نے اُس زمین میں حاصِل ہونے والے فہم کی سرعت اور کہیں نہیں دیکھی اور ہمارے نزدیک اُس دار اور اُس نشاۃ میں جو کچھ ظاہر ہُوا ہے وہ اِس قول کے بالعکس ہے جس کا ہم نے مشاہدہ کیا اور اُسے بیان نہیں کیا۔

www.maktabah.org

دُوسرے کا وجُود اپنانا

اِن میں سے ایک بات یہ ہے جو اوحدالدین حامد بن ابی فخر کرمانی نے بیان کی۔ اللہ تعالیٰ اُس کی موافقت فرمائے۔ اُس نے کہا: میں نوجوانی کے وقت ایک بزرگ کا خادم تھا۔ شیخ پیچش کا بیمار ہو گیا۔ جب ہم تکریت کے مقام پر پہنچے تو میں نے کہا: یاسیدی! مجھے چھوڑ دیں تاکہ میں راستے سے سنجار کے دواخانے کے مالک سے آپ کے لئے پیچش روکنے کی دوا لے آؤں۔ جب اُنہوں نے میرے دل کی جلن کو دیکھا تو مجھے کہا! اُس کی طرف جا سکتے ہو۔ کہا کہ جب میں اُس صاحبِ سبیل کی طرف گیا تو وہ خیمہ میں بیٹھا ہُوا تھا اور لوگ اُس کے سامنے کھڑے تھے اور اُس کے سامنے شمع جل رہی تھی، نہ تو وہ شخص مجھے پہچانتا تھا اور نہ میں اُسے پہچانتا تھا۔

جب اُس نے مجھے لوگوں میں کھڑے دیکھا تو میری طرف اُٹھ کر آیا اور میرا ہاتھ پکڑ کر میرا اکرام کیا اور مجھ سے میری حاجت دریافت کی۔

میں نے اُسے شیخ کا حال بتایا۔ تو اُس نے دُوا حاضر کی اور مجھے دے دی اور وہ میرے اعزاز کے لئے میرے ساتھ باہر آیا اور اُس کے خادم نے شمع اُس کے آگے کر رکھی تھی۔ میں خوفزدہ تھا کہ شیخ نے اُسے دیکھ لیا تو اُس میں حرج واقع ہو گا۔ پس میں نے اُسے قسم دی اور وہ واپس ہو گیا۔

میں نے شیخ کی طرف واپس آکر اُنہیں دوا دی اور اُن سے صاحبِ سبیل امیر کا اپنی عزت افزائی کرنا بیان کیا۔

شیخ نے تبسّم کناں ہو کر مجھے فرمایا! اے بیٹے جب میں نے تیری جاں سوزی کو دیکھا۔ تو تجھ پر شفقت کرتے ہُوئے تجھے اجازت دے دی۔ جب تُو چلا گیا تو میں خائف ہُوا کہ کہیں امیر تیرے عدمِ استقبال سے تجھے رُسوا نہ

www.maktabah.org

کر دے۔ چنانچہ میں اپنے اس ہیکل سے مجرّد ہو کر اُس امیر کے ہیکل میں داخل ہو گیا اور اُس کے مقام میں بیٹھ گیا۔

پس جب تم آئے تو میں نے تمہارا اکرام کیا۔ اور تمہارے ساتھ وہ سلوک کیا جو تُم نے دیکھا۔ پھر میں اپنے اس ہیکل میں لوٹ آیا اور مجھے اِس دوا کی ضرورت نہیں اور نہ میں اسے استعمال کروں گا۔

کستوری کا خِطّہ

جب یہ شخص دوسری صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔ تو اُس زمین کے رہنے والے کیسے ہوں گے۔ مجھ سے ایک عارف نے کہا کہ جب میں اُس زمین میں داخل ہُوا تو وہاں اُس زمین کا ایک خِطّہ دیکھا جو سارے کا سارا عطر کستوری تھا۔ اگر اِس دُنیا میں ہم میں سے کوئی اُسے سُونگھ لے تو خُوشبو کی قوت سے ہلاک ہو جائے جسے اللہ تعالیٰ لمبا کرنا چاہے لمبا ہوتا ہے۔

سونے کی زمین

میں اُس زمین میں زمین کے ایک ایسے خطّے میں داخل ہُوا جو سُرخ اور نرم سونے کا تھا۔ اُس کے تمام درخت سونے کے تھے۔ اُس کے تمام پھل سونے کے تھے۔ پس اگر کوئی وہاں سے سیب یا دُوسرا پھل لے کر کھائے تو اُس میں میں ایسی لذّت، حُسن اور خوشبو پائے گا جس کا وصف بیان کرنے والا وصف بیان نہیں کر سکتا۔

جنّت کے پھل اِس سے قاصر ہیں تو دُنیا کے پھل کیسے مقابلہ کریں گے۔ اُن کے جسم شکل اور صُورت سونے کی تھی اور صُورت و شکل ایسی تھی جیسا کہ

www.maktabah.org

ہمارے ہاں پھل کی شکل و صورت ہوتی ہے۔ اور اُن کی لذت مختلف ہے۔ اور اُس پھل میں نقش بدیع اور زینتِ حسن ایسی ہے جس کا گمان نہیں کیا جا سکتا اور اُس کا مشاہدہ آنکھ بھی کر سکتی ہے۔

مَیں نے اُس کے پھل اِتنے بڑے بڑے دیکھے کہ اگر انہیں آسمان و زمین کے درمیان ٹھہرایا جائے تو اہلِ زمین اُس کے نیچے چھپ جائیں اور آسمان کو نہ دیکھ سکیں اور اگر اُسے اِس زمین پر ٹھہرایا جائے تو یہ زمین اُس کی متحمل نہ ہو سکے۔ کیونکہ وُہ اِس سے بڑا ہے اور جب اُسے کھانے کے ارادے سے مٹھی میں لیا جائے تو وُہ اِس ہاتھ میں آجاتا ہے۔ وُہ ہوا سے زیادہ لطیف ہے۔ باوجود اِس بڑائی کے وہ ہاتھ میں سما جاتا ہے اور یہ وُہ امر ہے جو یہاں ہماری نظر میں محال ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب اِس کا مشاہدہ کیا تو انہوں نے اِس کی حکایت بیان کرتے ہُوئے کہا کہ بڑی چیز چھوٹی چیز پر اِیراد کر سکتی ہے۔ بغیر اِس کے کہ چھوٹی کو بڑی یا بڑی کو چھوٹی یا وسیع کو تنگ یا تنگ کو وسیع کیا جائے۔

جیسا کہ مَیں نے ذکر کیا کہ سیب کی بڑائی باقی رہتی ہے اور اُس پر چھوٹے ہاتھ کے ساتھ مٹھی میں لینا اور احاطہ کرنا موجود رہے۔

کیفیت مشہودہ غیر معروف ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور اِس کے ساتھ حق تعالیٰ منفرد ہے۔

ہمارے نزدیک زمانے کا ایک دن اُن کے نزدیک کئی سالوں کی مدت ہوتا ہے اور اُس زمین کے زمانے مختلف ہوتے ہیں۔

چاندی کا خطہ کہا کہ مَیں اُس زمین میں زمین کے ایک ایسے خطے میں گیا

www.maktabah.org

جو سفید چاندی کی صورت تھا۔ اور اُس کے درخت، نہریں اور لذت والے پھل سب کے سب چاندی کی شکل کے تھے۔ اور وہاں رہنے والوں کے تمام اجسام چاندی کے تھے۔ ایسے ہی وہاں کی ہر زمین کے درخت، پھل، نہریں اور دریا اُسی جنس سے پیدا کئے گئے تھے۔ جب اُن پھلوں کو کھایا جائے تو اِن میں لذت اور خوشبو دُوسری تمام کھائی جانے والی چیزوں کی مثل ہوتی ہے۔ باوجودیکہ اِن کی لذت کی توصیف نہیں کی جاسکتی اور نہ بیان کی جاسکتی ہے۔

کافوری خطّہ

مَیں اِس زمین کے ایک سفید کافوری خطّہ میں داخل ہُوا اور اُس کے بعض مقامات آگ سے زیادہ گرم تھے جس میں انسان داخل ہو کر جلتا نہیں۔ بعض مقامات معتدل اور بعض ٹھنڈے تھے۔ اور اِن زمینوں سے وہاں کی زمین بڑی ہے۔ یہ مقامات اُسی بڑی زمین میں ہیں۔ اگر اِس میں آسمان رکھا جائے تو صحرا میں پڑی ہُوئی انگوٹھی کی طرح ہوگا۔

اور جو کچھ اِن تمام زمینوں میں ہے میرے نزدیک بہت اچھا ہے اور میرے مزاج سے زعفران کی زمین کا خطّہ زیادہ موافقت رکھتا ہے۔

اُس زمین کے عجائب و غرائب

مَیں نے دُنیا کی کسی زمین میں وہاں کے عالم میں زیادہ ہشاش بشاش اور کھِلا ہُوا شخص نہیں دیکھا۔ اُن واردات کے ساتھ جو اُن پر ہوتی ہیں۔ وہ لوگ نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ ملاقات کرتے ہیں۔ اور اُن کے کھانوں میں سے تعجب خیز امر یہ ہے کہ آپ وہاں سے کوئی چیز کھائیں یا پھل ٹوٹ جائے تو اُسی

www.maktabah.org

وقت اُس کی جگہ پر دُوسرا پھل لگ جاتا ہے۔ اور دُوسری چیز اُگ آتی ہے۔ جب اُس پھل کو آپ اپنے ہاتھ سے توڑ کر اُس جگہ سے علیحدہ کر دیں تو بھی اُس کی جگہ دُوسرا پھل لگ جاتا ہے۔ اِسے سِوائے زیرک انسان کے کوئی نہیں جانتا۔ اُس زمین میں ہرگز نقص ظاہر نہیں ہوتا۔ یعنی کمی واقع نہیں ہوتی۔ جب آپ وہاں کی عورتوں کی طرف دیکھیں گے تو آپ گمان کریں گے کہ جنّت کی حُوریں ان کی نسبت ایسی ہیں جیسا جنّت کی حُوروں کی نسبت ہماری بشری عورتیں ہوتی ہیں اور اُن سے جماع کی لذّت کو کسی لذّت کے ساتھ مشابہت نہیں دی جا سکتی۔ وہاں کے اہلِ زمین اپنے پاس آنے والے کے ساتھ عشق و محبت سے پیش آتے ہیں۔ اُن کے نزدیک تکلیف نہیں بلکہ وہ حق تعالیٰ کی تعظیم میں اسی جبلّت پر ہیں۔ اگر وہ اس کے خلاف استطاعت بھی رکھتے ہوں تو بھی وہ ایسا کام نہیں کرتے جو خُدا کے حُکم کے خلاف ہو یعنی وہ کوئی غلط حرکت کر ہی نہیں سکتے۔

آن کی عمارتیں اُن کی ہمتوں سے پیدا ہوتی ہیں جیسا کہ ہماری عمارتیں آلات اور حُسنِ صنعت سے تعمیر ہوتی ہیں۔

وہاں کے دریا

پھر ان کے دریا ہیں جن کا ایک دوسرے سے امتزاج نہیں ہوتا جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ لا بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ج — الرحمٰن آیت ۱۹، ۲۰

دو ملے ہوئے دریا بہتے ہیں اُن کے درمیان برزخ ہے۔ وہ ایک دوسرے پر بغاوت نہیں کرتے۔

آپ سونے کے دریا کی انتہا دیکھیں تو اُس کی موجیں اُٹھتی ہیں۔ اور

www.maktabah.org

پڑوس کے لوہے کے دریا میں مل جاتی ہیں۔ مگر ایک میں دوسرے سے کوئی چیز داخل نہیں ہوتی۔ حرکت اور بہنے میں اُن دریاؤں کا پانی ہَوا سے زیادہ لطیف ہے۔ اور اُس کی صفائی کا یہ عالم ہے کہ اُس کے کناروں پر چلنے والے چار پائے اور زمین اُس میں صاف نظر آتی ہے جس میں وہ دریا بہہ رہا ہے۔ جب آپ اُس کے پانی کو پینا چاہیں گے تو اُس میں ایسی لذّت پائیں گے جو کسی مشروب میں نہیں پائی جاتی۔

اُس میں نباتات کی تخلیق جیسا کہ تمام نباتات ہیں، سے بغیر تناسل کے ہوتی ہے بلکہ جس طرح ہمارے نزدیک حشرات الارض پیدا ہوتے ہیں اس میں بھی ہوتے ہیں۔ اور اُن کے پانی سے اُن کے نکاحوں کے انعقاد سے اولاد پیدا نہیں ہوتی۔ مگر وہ محض خواہش اور سرور کے لئے نکاح کرتے ہیں۔

مزید عجائبات

اُن کی سواریاں سوار کی خواہش کے مطابق بڑی اور چھوٹی ہوتی ہیں۔ جب وہ ایک شہر سے دُوسرے شہر کی طرف سفر کرتے ہیں۔ تو وہ خشکی اور تری میں سفر کرتے ہیں اور برّ و بحر میں اُن کی رفتار دیکھنے والے کے ادراکِ بصارت سے بھی تیز ہوتی ہے۔

وہاں کی مخلوق کے احوال میں تفاوت ہے۔ اِن میں سے بعض پر شہوت کا غلبہ ہے اور بعض پر جنابِ حق تعالیٰ کی عظمت کا غلبہ ہے۔ مَیں نے وہاں ایسے رنگوں کو دیکھا جو اِس دُنیا میں نہیں ہیں اور وہاں سونے کی کانیں دیکھیں جو سونے کی بھی نہیں اور پیتل کی بھی نہیں اور جواہرات کی بھی نہیں، سُرخ یاقوت اِس قدر مُصفّا تھے کہ اُن سے نظر پار ہو جاتی۔ تعجّب خیز بات یہ ہے کہ اُن

www.maktabah.org

کے سفلی اجسام کے رنگ ہوا کی طرح اِدراک کرتے ہیں اور رنگوں کے ساتھ یہ اِدراک ایسے ہوتا ہے جیسے رنگوں کا تعلق اجسامِ کثیفہ میں ہوتا ہے۔

شہروں کے دروازوں پر یاقوت کے پتھروں کی گرہیں لگائی جاتی ہیں اور ان میں سے ہر پتھر پانچ سو گز کا ہوتا ہے۔ ہوا میں دروازے کی بلندی بہت بڑی ہوتی ہے اور اس پر اس قدر زیادہ اسلحہ لٹکایا ہوا ہوتا ہے کہ اگر زمین کی تمام ملکیت جمع کر لی جائے تو بھی اس کے برابر نہ ہو۔

ان کے ہاں بغیر سورج کے ظلمت اور روشنی ہوتی ہے۔ جو ایک دوسرے کے پیچھے ظاہر ہوتے ہیں اور وہ جان لیتے ہیں کہ کون سا زمانہ ہے۔ ان کی ظلمت بصارت کو اِدراک سے محجوب نہیں کرتی جیسا کہ ایسے روشنی محجوب نہیں کرتی۔ وہ لوگ بغیر عداوت و دشمنی اور فساد کے ایک دوسرے سے لڑتے ہیں وہ جب دریا میں سفر کرتے ہوئے غرق ہوتے ہیں تو پانی ان پر غلبہ نہیں کرتا جیسا کہ ہمیں ڈبو دیتا ہے۔ بلکہ وہ اپنے چوپایوں کی طرح دریا میں چلتے ہیں۔ یہاں تک کہ ساحل پر پہنچ جاتے ہیں۔

وہاں زلزلے کیوں آتے ہیں

اس زمین میں ایسے زلزلے آتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے ساتھ یعنی ہماری زمین پر آئیں تو زمین الٹ جائے اور جو کچھ زمین پر ہے وہ سب ہلاک اور برباد ہو جائے۔

اس نے کہا! ایک دن میں ان کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھا ہوا باتیں کر رہا تھا کہ شدید زلزلہ آیا اور میں نے دیکھا کہ عمارتیں اس قدر تیزی سے تھرا رہی تھیں جتنی تیزی بصارت کے لئے بھی ممکن نہیں۔ اور ہمیں پتہ بھی نہ چل سکا

www.maktabah.org

گویا کہ ہم زمین کے ایک قطعہ پر بیٹھے ہوئے ہیں اور زلزلہ رُک گیا ہے۔ جب ہم زلزلے سے فارغ ہوئے اور زمین ٹھہر گئی تو اُس جماعت نے میرا ہاتھ پکڑا اور میری بیٹی فاطمہ کی عزاداری کرنے لگے۔

میں نے کہا! میں تو اُسے خیریت و عافیت کے ساتھ اُس کی والدہ کے پاس چھوڑ کر آیا تھا۔

اُنھوں نے کہا! آپ سچ کہتے ہیں مگر یہ زمین اُس وقت متزلزل ہوتی ہے جب ہمارے ساتھ بیٹھا ہُوا شخص یا اُس کے اہلِ خانہ سے کوئی شخص فوت ہو جائے، اور یہ زلزلہ آپ کی بیٹی کی موت کی وجہ سے آیا ہے۔ اُس کے حال کا پتہ کرو۔ جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا میں اُن کے ساتھ بیٹھا اور میرے ساتھی میرے اُٹھنے کا انتظار کرتے رہے۔ جب میں نے اُن سے علیحدہ ہونے کا ارادہ کیا۔ تو وہ میرے ساتھ چلتے ہوئے راستہ کے دہانے پر آگئے اور اُنھوں نے اپنا لباس لے لیا اور میں اپنے گھر آگیا۔ میری ملاقات ایک ساتھی سے ہُوئی تو اُس نے کہا۔ فاطمہ پر نزع طاری ہے۔ میں اُس کے پاس آیا تو وہ فوت ہو چکی تھی، اور میں اُن دنوں مکہ میں مجاور تھا۔ چنانچہ اپنی بیٹی کی تجہیز و تکفین کے بعد اُسے جنت المعلّٰی میں دفن کیا۔

تو یہ اُس زمین کے تعجب خیز امُور ہیں جن کی میں نے خبر دی۔

وہاں کعبہ بھی ہے

اُس زمین میں میں نے ایک کعبہ دیکھا۔ وہاں کے رہنے والے بغیر لباس کے اُس کا طواف کرتے تھے اور وہ مکہ معظمہ کے بیت اللہ شریف سے بڑا تھا۔ اُس کے چار ارکان تھے۔ جب لوگ اُس کا طواف کرتے تو وہ اُن کے ساتھ گفتگو

www.maktabah.org

کرتا اور اُنہیں سلام کرتا۔ اور وہ اُنہیں اُن علوم سے مستفید کرتا جو اُن کے پاس نہیں تھے۔

مٹی کا سمندر، پتھروں کی کشتی

مَیں نے اُس زمین میں مٹی کا ایک سمندر دیکھا جو پانی کی طرح جاری تھا اور چھوٹے اور بڑے پتھروں کو دیکھا جو ایک دوسرے کی طرف اِس طرح چل رہے تھے جیسے لوہا مقناطیس کی طرف چلتا ہے۔ یہ پتھر طبعی طور پر ایک دوسرے سے فاصلہ نہ رکھتے تھے بلکہ اِن کا فاصلہ لوہے اور مقناطیس کی کشتی کی طرح تھا، کہ اُس میں قوت نہیں کہ اُسے روک سکے۔ چنانچہ جب اُنہیں چھوڑ دیا جاتا تو وہ ایک مخصوص فاصلے سے ایک دوسرے کی طرف چلتے ہوئے ایک دُوسرے میں ضم ہو جاتے اور اُن پتھروں سے ایک کشتی کی صُورت پیدا ہو جاتی۔ اور مَیں نے اُن میں سے ایک چھوٹی سی کشتی دیکھی۔

جب اِن پتھروں کا سفینہ مکمل ہو جاتا تو وہ لوگ اُس میں سوار ہو کر مٹی کے دریا میں چھوڑ دیتے اور اپنی خواہش کے مطابق دُوسرے شہروں میں سفر کرتے تو اپنی خاصیت کے مطابق ریت، مٹی وغیرہ سفینے کے بیرونی حصّہ میں چمٹ جاتی۔

مَیں نے وہاں جو کچھ دیکھا اُن میں سفینوں کا اِس دریا میں چلنا عجیب تر تھا۔ اِن سفینوں کی صُورت ایک جیسی ہوتی ہے۔ سفینے کے دونوں بازوؤں کے آخر پر دو بڑے ستون ہوتے ہیں اور یہ سفینے سوار کے قد سے اُونچے ہوتے ہیں۔ اِس سفینے کی زمین پچھلی جہت سے دونوں ستونوں کے درمیان کھُلی اور دریا کے برابر ہوتی ہے اور اُس میں اِس دریا کی ریت سے اپنی خاصیت کے ساتھ ہرگز کوئی چیز داخل نہ ہوتی۔

www.maktabah.org

اور اُس کشتی کی شکل یہ ہے۔



وہاں کے شہر

اِس زمین میں شہر ہیں جن کا نام روشنی کے شہر ہیں۔ ان میں عارفوں سے وہی شخص داخل ہو سکتا ہے جو مُصفا اور اختیار دیا گیا ہو۔ ان شہروں کی تعداد تیرہ ۱۳ ہے اور یہ سب ایک ہی سطح پر بنے ہُوئے ہیں۔ اِن کی بُنیادیں عجیب ہیں۔ یہ شہر اِس زمین کے ایک ہی مقام پر بنائے گئے ہیں۔ اُن میں ایک چھوٹا شہر ہے اور اِس کی دیواریں بہت بڑی ہیں۔ جب سوار اُس کا چکر کاٹنا چاہے تو اُسے تین سال کا عرصہ درکار ہے۔

جب اِس شہر کو قائم کیا تو اُنہوں نے اُسے اپنے منافع و مصالح اور اعداد کا خزانہ مقرر کیا اور بعد ازاں اُس کے پہلوؤں میں بُرج بنائے جو شہر کے بُرجوں سے اُونچے ہیں اور اُن کی عمارت پتھروں سے تعمیر کی۔ یہاں تک کہ وہ عمارت گھر کی چھت کی طرح ہو گئی۔ اُنہوں نے اِس چھت کو زمین بنا کر اُس کے اُوپر ایک اور بہت بڑے شہر کی بُنیاد رکھی جس کی عمارتیں اُس سے بڑی تھیں۔ اُنہوں نے اُس شہر میں سکونت اختیار کی اور وہ اُن سے تنگ ہو گیا تو اُنہوں نے اُس پر دوسرے بہت بڑے شہر کی بُنیاد رکھی۔ اور وہ ہمیشہ عمارتیں بناتے رہے اور ایک طبقے پر دوسرے طبقے کی بُنیادیں رکھتے چلے گئے۔ یہاں تک کہ اُن کی تعداد تیرہ ۱۳ ہو گئی۔

پھر میں کچھ مُدت کے لئے اُن سے غائب رہا اور دوسری مرتبہ اُن کی طرف گیا تو پتہ چلا کہ اُنہوں نے دو شہر مزید بناتے ہیں جن میں ایک کو دُوسرے کے

www.maktabah.org

اُوپر بنایا گیا ہے۔ اور اُن میں اُن کے لئے بادشاہ ہیں۔ جن میں لُطف اور رحم دِلی پائی جاتی ہے۔

وہاں کے بادشاہ

مَیں نے اُن میں سے ایک جماعت کے ساتھ صُحبت اختیار کی اور وہ بمنزلہ حمیر میں فیل کے اتباع کرنے والا تھا۔ اور مَیں نے کوئی بادشاہ نہیں دیکھا جو اُس سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہو۔ اُسے اللہ تبارک وتعالیٰ کے ذِکر نے اپنی ملکی تدبیروں سے روک رکھا تھا۔ مَیں نے اُس کے ساتھ نفع حاصل کیا اور اُس کے ساتھ بہت سی مجلسیں کیں۔

اُن میں ایک بادشاہ کا نام ذو العرف تھا اور وہ بہت بڑا بادشاہ تھا مَیں نے زمین کے بادشاہوں میں کوئی ایسا بادشاہ نہیں دیکھا جس کی طرف اُس سے زیادہ بادشاہوں کے پیغام لانے والے آتے ہوں۔ وہ بہت زیادہ متحرّک اور نرم تھا۔ وہ اپنی طرف آنے والوں کے ساتھ لُطف اور مہربانی سے پیش آتا۔ لیکن جب وُہ غضب ناک ہوتا تو اُس کے غصّے کے سامنے کوئی چیز نہ ٹھہرتی۔ اللہ تعالیٰ نے اُسے جو چاہی قوّت عطا فرما رکھی تھی۔

مَیں نے اُس زمین کے دریا کا ایک بادشاہ دیکھا جو منیع الحمیٰ تھا اور سائع کے نام سے بُلایا جاتا تھا۔ وہ کم مجالس کرتا تھا۔ لوگ اُس سے مِلنا چاہتے تھے اور وہ کِسی کی طرف التفات اور توجّہ نہ کرتا تھا۔ اُس کے پڑوس میں ایک بہت بڑا سُلطان تھا اُس کا نام سابق ہے۔ جب اُس کے پاس کوئی شخص آتا تو وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہو جاتا اور مہمان کے آنے سے اُس کے چہرے پر بشاشت اور

www.maktabah.org

خوشی کا اظہار ہوتا۔ اور اپنے حاجت مند کے سوال سے پہلے تمام لوگوں کے ساتھ کھڑا ہو جاتا۔ مَیں نے اُسے اِس اَمر میں کہا تو اُس نے مجھے کہا! مجھے یہ پسند نہیں ہے کہ مخلوق سے غیرتِ سوال کے باعثِ سائل کے چہرے پر ذلّت دیکھوں۔ کہ وہ کسی غیر اللہ کے سامنے ذلّت اُٹھائے اور وہ شخص توحید کے قدم پر اللہ تعالیٰ کے ساتھ واقفیت رکھتا ہو۔ اور بہت سے چہرے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف حجاب کے ساتھ اسبابِ موضوعہ کی طرف مصروف رہتے ہیں۔ تو یہ اَمر مجھے مہمان کی تکریم پر ابھارتا ہے۔

ایک اَور بادشاہ

اُس نے کہا! مَیں ایک اور بادشاہ کے پاس گیا جسے القائم بامر اللہ کے نام سے پکارتے۔ وہ اپنے دل میں عظمتِ الٰہیہ کے غلبہ سے مہمان کی طرف التفات نہ کرتا۔ اور نہ اُس مہمان کو جانتا۔ عارفوں سے جو مہمان اُس کے پاس آتا تو وہ صرف اُسے اِس لئے دیکھتا کہ وہ کِس حال پر ہے۔

اُس نے اپنے ہاتھ ملزموں اور عبدِ درماندہ کی طرح اپنے سینے پر باندھ رکھے تھے اور دونوں پاؤں کے مقام کو سر جُھکا کر دیکھ رہا تھا۔ اُس سے کوئی بال حرکت نہیں کرتا تھا اور نہ اُس سے اعضاء مضطرب تھے۔ جیسا کہ ایک قوم کی اُن کے سُلطان کے ساتھ حالت کے بارے میں کہا گیا ہے۔

کأنما الطیر منہم فوق أرؤسہم
لا خوف ظلم ولکن خوف اجلال

"جیسا کہ اُن کے سروں کے اُوپر پرندہ بیٹھ جائے تو جلالِ الٰہی کے خوف سے اُن کا یہ حال ہے۔ ولیکن خوفِ اجلال سے پرندہ اُن سے نہیں ڈرتا"۔

عارفین اُس سے مراقبہ کے حال کی تعلیم دیتے ہیں۔

www.maktabah.org

غیرت مند بادشاہ

اُس نے کہا! مَیں نے ایک بادشاہ کو دیکھا تو رداٰع کے نام سے منسوب کرتے تھے۔ وہ مہیب المنظر، لطیف الخبر، شدید غیرت مند اور دائم الفکر تھا۔

جب وہ کسی کو طریقِ حق سے نکلتے دیکھتا تو اسے حق کی طرف لوٹا دیتا۔ کہا! کہ مَیں نے اُس کی صحبت سے فائدہ اُٹھایا اور وہاں کے بہت سے بادشاہوں کے ساتھ مجلس کی اور اُن کے عجائب سے یہ امر دیکھا کہ اُن کے نزدیک اللہ تبارک تعالیٰ کی تعظیم راجح تھی۔

اگر ہم اِسے کھول کر تحریر کریں تو کتابت کرنے والا اور سُننے والا تنگ آ جائے۔ پس اُس زمین کے عجائبات سے اسی قدر کافی ہے۔

وہاں اُٹھارہ ۱۸ بادشاہ ہیں

اُن کے شہر بے شمار ہیں اور وہاں کے دیہات سے زیادہ ہیں اُس مملکت کے اٹھارہ بادشاہ ہیں جن میں سے کچھ کا ذکر ہم نے کیا ہے اور بعض سے سکوت اختیار کیا ہے۔

ہر بادشاہ کے لئے جو سیرت و احکام ہیں وہ دوسرے کے لئے نہیں ہیں۔

کھانا بادشاہ کھِلاتے ہیں

اُس نے کہا! ایک دن مَیں اُن کے دیوان میں گیا تاکہ اُن کی ترتیب کو دیکھوں۔ تو مَیں نے ہر بادشاہ کو دیکھا کہ اپنی رعایا کا رزق دینے پر قائم ہے۔ جو مُنہیے وُہ پہنچے تو مَیں نے اُنہیں دیکھا۔ جب کھانا تیار ہو گیا تو بے شمار

www.makiabah.org

خلقت کھڑی ہو گئی۔ اُن کا نام حجابات ہے اور وہ ہر گھر کے قاصد تھے اور امیر اُسے مطبخ سے اُس کے خاندان کی مقدار پر کھانا عطا کر دیتا اور وہ حجابی کو لے کر واپس چلا جاتا اور جو شخص اُنہیں کھانا تقسیم کرتا۔ وہ ایک ہوتا اور دوسرا نہ ہوتا۔ اُس کے ہاتھ قاصدوں کی مقدار ملبے تھے۔ پس وُہ ایک ہی وقت میں کھانا ہر شخص کے برتن میں ڈال دیتا اور وہ واپس چلا جاتا۔ جو مزید کھانا بچ رہتا اُسے اُٹھا کر وہ خزانے کی طرف لے جاتا۔ جب اس تقسیم سے فارغ ہو جاتا تو خزانے میں داخل ہو جاتا۔ اور فاضل کھانے کو لے کر اُن فقیروں کے پاس آجاتا جو بادشاہ کے دروازے پر کھڑے ہوتے۔ چنانچہ وہ اُن کی جھولی میں کھانا ڈال دیتا اور وُہ اُسے کھا لیتے اور وہ ہر روز ایسے ہی کرتے۔

ہر بادشاہ کے خزانہ پر خوبصورت شخص مقرر ہوتا جسے خازن کہتے۔ اس بادشاہ کی تمام مملکت اُس کے ہاتھ میں ہوتی۔

اُن کی شرع سے یہ بھی ہے کہ وہ کسی کو والی بنا کر معزول نہ کرتے۔

ہر کام پر ایک شخص ہوتا

میں نے اُن میں سے ایک شخص کو دیکھا جس کی حرکات مجھے بہت اچھی معلوم ہوئیں۔ وہ بادشاہ کے ایک طرف بیٹھا ہوا تھا اور میں بادشاہ کے دائیں طرف تھا۔ میں نے اُس بادشاہ سے پوچھا کہ آپ کے نزدیک اس شخص کا کیا مقام ہے؟ بادشاہ نے تبسم ریز ہو کر کہا۔ "تجھے یہ اچھا لگتا ہے؟"

میں نے اُسے کہا! "ہاں!"

بادشاہ نے کہا! "یہ معمار ہے جو ہماری سکونت کے لئے گھر بناتا ہے اور شہر بناتا ہے۔ تم نے جو کچھ دیکھا اسی کے عمل کے آثار ہیں۔"

www.maktabah.org

میں نے اُن کے صرافہ بازار میں دیکھا کہ پُورے شہر میں اُن کا کھرا کھوٹا دیکھنے والا ایک ہی شخص ہے۔ علاوہ ازیں اُس بادشاہ کے زیرِ تسلّط جتنے بھی شہر ہوتے ہیں اُن میں بھی اکیلا وہی سُنار ہوتا۔

ایسے ہی میں نے اُن کی سیرت میں دیکھا کہ اُن کا ہر اَمر ایک ہی شخص کے سپُرد تھا۔ لیکن اُس کے لئے کارِندے ہوتے۔

اِس زمین کے رہنے والوں کو اللہ کی معرفت دوسرے لوگوں سے زیادہ ہوتی۔ ہر وہ چیز جسے عقل ہمارے نزدیک دلیل کے ساتھ محال جانتی ہے۔ ہم نے اُسے اُس زمین میں ممکن اور وقوع پذیر دیکھا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ[1]

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

خُدا قادر ہے

ہمیں معلوم ہوچکا ہے کہ عقلیں قاصر ہیں اور اللہ تعالیٰ اجتماعِ ضِدّین، جسم کے دو مکانوں میں موجود ہونے، عرض کا اپنی ذات کے ساتھ قیام و انتقال اور معنیٰ کے معنیٰ کے ساتھ قیام کرنے پر قادر ہے۔

ہمارے نزدیک وارد ہونے والی ہر آیت و حدیث جسے عقل اُس کے ظاہر سے پھیرتی ہے۔ اُسے ہم نے اُس زمین میں اُس کے ظاہر پر پایا اور ہر جسم میں رُوحانی فرشتہ اور جِنّ اور ہر وہ شکل جسے انسان خواب میں دیکھتا ہے متشکل ہوسکتا ہے۔ پس اُس زمین کے اجساد کے لئے اُس زمین میں مخصوص مقام ہے اور اُن کے لئے تمام عالم کی طرف کھینچے ہُوتے رقائق ہیں اور ہر رقیقہ پر ایک امین ہے جب یہ امین ارواح سے کسی رُوح کا معائنہ کرتا ہے وہ

www.maktabah.org

---

[1] البقرہ آیت ۲۰

اِن صُورتوں سے کسی صُورت کے لئے مستعد ہوتا ہے۔ پس اُسے اُس صُورت کا لباس پہنا دیتا ہے۔ جیسا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت دُحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی صُورت اپنا لیتے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اس زمین کو حق تعالیٰ نے برزخ میں بنایا ہے اور اُس کے اجساد کے لئے اُس کی عین سے ایک مقام مقرر فرمایا ہے۔ موت کے بعد اور نیستد کی حالت میں اُن کا رُوحانیت کا کا لباس اور نقوش اُس کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔

پس ہم اُس زمین کا ایک عالم ہیں اور اُس زمین کی ایک سمت جنّت میں داخل ہوتی ہے جس کا نام سوق یا بازار ہے۔

ایک دقیق مثال

ہم آپ کے لئے اُس طرف کی مثال اِمتداد کی صُورت بیان کرتے ہیں جس کا عالم اُس زمین سے مِلا ہُوا ہے۔

چنانچہ یہ ایسے ہیں کہ انسان جب چراغ یا سُورج اور چاند کی طرف دیکھتا ہے۔ پھر اَبرؤوں کے ساتھ جسم مستنیر اور آنکھ کے درمیان اس جسم مستنیر کی کی طرف اُن خطوط کی شبیہہ کو دیکھتا ہے جو چراغ سے اُس کی آنکھ کی طرف اتّصال کرتی ہے۔ چنانچہ جب ناظر کے مقابلہ میں یہ پلکیں تھوڑی تھوڑی اُٹھتی ہیں تو وہ اِن خطوط کو لمبا دیکھتا ہے جو اُس جسم منوّر کی طرف جاتے ہیں۔

پس جسم منوّر اِس زمین سے اِن صُورتوں اور ناظر کے لئے معیّنہ مقام کی مثال ہیں اور عالم اور اِمتداد کی مثال یہ خطوط ہیں جیسا کہ اَجساد کی صُورتیں نیستد میں اور موت کے بعد اُس کی طرف اور جنّت کے بازار کی طرف منتقل ہوتی ہیں۔

www.maktabah.org

وُہ ارواح جو اُس سے مُتلبّس ہیں اور اِن خطوط کی رویت کی طرف تیرا قصد اِس فعل کے ساتھ پلکوں کے حائل ہونے والے کے ارسال کرنے سے ہے۔ ناظر اور جسمِ منوّر کے درمیان استعداد کی مثال ہے۔ اور اِن خطوط کا اُٹھانا اِس حال کے نزدیک استعداد و انقباضِ خطوط کے نزدیک صُورتوں کا اُٹھانا ہے اور مُنوّر جسم کی طرف رَفع حائل کے وقت صُورتوں کا رجُوع اس زمین کی طرف زوالِ استعداد کے وقت ہے۔

اِس بیان کے بعد کوئی بیان نہیں۔ ہم نے اس زمین کے عجائبات اور جو اِس کے ساتھ متعلق ہے۔ اِس کے معارف اپنی بڑی کتاب میں کھول کر بیان کیے ہیں جو ہم نے تالیف کی ہے۔

اَلحمدُ للہ گیارھویں جزء اور آٹھویں باب کا ترجمہ ختم ہوا۔

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

بابِ نہم

وجودِ ارواحِ مارجیہ ناریہ کی معرفت کا بیان !

مزاج النار والنبات فقامت صورة الجن برزخا بين شيئين
بين روح مجسم ذى مكان فى حضيض وبين روح بلا أين
فالذى قابل التجسم منها طلب القوت للتغذى بلامين
والذى قابل الملائك منها قبل القلب بالتشكل فى العين
ولهذا يطيع وقتا ويعصى ويجازى مخالفوهم بنارين

آگ اور نباتات مِلے تو جِنّ کی صُورت قائم ہُوئی جو دو چیزوں کے درمیان برزخ ہے۔ پستی اور رُوحِ لامکان کے درمیان، اور مکان والا رُوحِ مجسّم کے درمیان ہے جس نے اِس سے جسم کو قبول کیا۔ وہ امین کے ساتھ اپنی غذا کے لئے کھانا طلب کرتا ہے۔ اِس سے جو فرشتوں کے مقابل ہُوا۔ اُس نے عین کے ساتھ متشکل قلب قبول کیا۔

اِس لئے وہ کسی وقت فرمانبردار اور کِسی وقت نافرمان ہوتا ہے اور اُن کے مخالفوں کو دو جہنموں کے درمیان بدلہ دیا جاتا ہے۔

شُعلہ مارنے والی آگ

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

www.maktabah.org

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۔ الرحمٰن آیت ۱۵

اللہ تعالیٰ نے جنّوں کو شعلہ مارنے والی آگ سے پیدا فرمایا۔

صحیح حدیث میں وارد ہوا ہے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ملائکہ کو نور سے پیدا فرمایا اور اس نے جنّوں کو آگ سے پیدا کیا۔ اور انسان کو اس چیز سے پیدا فرمایا جو تمہارے لئے کہی گئی۔

تخلیقِ انسانی میں اختصار کیوں

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے انسان کی تخلیق کے بارے میں فرمایا۔ کہ جو چیز تمہارے لئے کہی گئی اور ملائکہ اور جنّوں کی تخلیق کی طرح وضاحت نہیں فرمائی تو اس سے آپ کو اختصار مطلوب تھا۔ کیونکہ آپ کو جامع کلمات عطا ہوئے تھے اور یہ اسی جامعیت سے ہے۔ کیونکہ ملائکہ اور جنّ اپنی اصل تخلیق سے مختلف نہیں۔

انسان کی تخلیق مختلف ہے

رہا انسان تو یہ اپنی تخلیق سے چار انواع پر مختلف ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق حضرت حوّا علیہا السّلام کی تخلیق کے مشابہ نہیں اور حضرت حوّا علیہا السّلام کی تخلیق تمام بنی آدم کی تخلیق کے مشابہ نہیں۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی تخلیق مخلوق سے مشابہ نہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اختصار کا قصد فرمایا۔

اور تخلیقِ انسان کی تفصیل جو ہمیں پہنچی ہے۔ اُسے اُسی مقام پر رہنے دیا۔ پس حضرت آدم علیہ السّلام مٹی سے اور حضرت حوّا علیہا السّلام پسلی سے

www.maktaban.org

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام روح پھونکنے سے اور بنی آدم کو ماء مھین سے پیدا کیا۔

اربعہ عناصر کی تشریح

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارکانِ اربعہ کو پیدا فرمایا اور فلکِ کواکبِ ثابتہ کے مقعر کی طرف دھوئیں کو بلند کیا اور اس دھوئیں کو پھاڑ کر سات آسمان پیدا کئے جو ایک دوسرے سے امتیاز کرتے ہیں اور ہر آسمان میں اس کے امر کی وحی فرمائی۔

اس کے بعد زمین میں قوتوں کے اندازے قائم کئے اور یہ سب کچھ چار روز میں پیدا ہوا۔

پھر زمین کے آسمانوں کے لئے فرمایا کہ طوعاً و کرہاً میری اطاعت کریں۔ یعنی جب تم دونوں سے میں کسی چیز کا ارادہ کروں تو اس پر فرماں برداری کرو۔ پس دونوں نے کہا۔ ہم تیری اطاعت کرنے والے ہیں۔

پس اللہ سبحانہ، تعالیٰ نے آسمان و زمین کے درمیان تحامِ معنویہ مقرر فرمایا۔ اور اللہ سبحانہ، نے زمین سے مولدات و معدنیات، اور نباتات و حیوانات کو وجود میں لانے کا ارادہ فرمایا۔ اور زمین کو اہلِ خانہ کی طرح مقرر فرمایا اور آسمان کو شوہر کی طرح مقرر فرمایا اور آسمان اس امر کو زمین کی طرف ڈال دیتا جو اسے اللہ تعالیٰ وحی فرماتا۔ جیسا کہ مرد عورت میں جماع کے ساتھ پانی ڈال دیتا ہے۔

اور زمین میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے زمین کے طبقات پر تکوینات سے جو خاصیت رکھی ہے اسے ظاہر کر دیتی ہے۔ جب ہوا اس سے مشتعل اور گرم ہوتی ہے تو چراغ کی مثل روشن ہو جاتی ہے۔ آگ کے اس شعلے کا مشتعل ہونا

www.maktabah.org

احتراق ہوا ہے۔ اور اس کا نام مارج ہے یعنی شعلہ مارنے والی آگ۔ کیونکہ آگ کا ہوا سے اختلاط ہوتا ہے۔ اور یہ اشتعال ہوا ہے۔ اس لئے کہ مَرج کا معنیٰ اختلاط ہے اور مرج کا نام مارج اس وجہ سے ہے کہ اس میں نباتات کا اختلاط ہے

تو یہ ہوا اور آگ دو عنصروں سے ہے۔ یعنی جنات۔

جیسا کہ آدمی مٹی اور پانی کے گوندھنے سے دو عنصروں سے پیدا ہوا تو اُس کا نام "طین" رکھا گیا۔

جنات کیوں متکبر ہیں

جیسا کہ آگ اور ہوا کے امتزاج سے اسم "مارج" بنا۔ تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس مارج میں جنوں کی صورت کو کھولا۔ کیونکہ جنات میں ہوا ہے۔ اس لئے وہ جس صورت میں چاہیں متشکل ہو جاتے ہیں۔ اور جن میں آگ ہے جو اُسے ہلکا پھلکا اور بہت ہی لطیف رکھتی ہے اور جن میں قہر و تکبر اور غرور ہے۔ کیونکہ وہ آگ سے پیدا ہوا ہے۔ جو ارکانِ مکان سے بلند ہوتی ہے۔ اور اُس کے لئے محال اشیاء پر تسلط ہے۔ جس کا اقتضاء اُس کی طبیعت کرتی ہے اور یہی سبب تھا کہ اُس نے اللہ عزوجل کے فرمان کے وقت حضرت آدم علیہ السّلام کو سجدہ کرنے سے انکار اور غرور کیا اور یہ تاویل پیش کی کہ میں اس سے بہتر ہوں۔ یعنی اُس اصل کے حکم کے ساتھ جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارکانِ اربعہ کے درمیان ارسال فرمایا تھا۔ اور یہ نہ جانتا کہ پانی کا تسلط اور غلبہ جس سے حضرت آدم علیہ السّلام کو پیدا فرمایا گیا اُس سے زیادہ طاقتور ہے۔ کیونکہ وہ آگ کو بُجھا دیتا ہے اور مٹی اُس سے ٹھنڈک اور خشکی کی وجہ سے زیادہ ثبات والی ہے۔

www.maktabah.org

انسان کیوں متواضع ہے

پس آدم کے لئے قوت اور ثبات اِن دونوں ارکان کے لئے ہے۔ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے اُن دونوں سے پیدا فرمایا ہے۔ اگرچہ اُس میں باقی ارکان ہیں لیکن اُن کے لئے یہ تسلط اور غلبہ نہیں۔ اور وہ ہوا اور آگ ہیں۔ جیسا کہ جنات میں باقی ارکان ہیں جن کا نام مارج ہے لیکن اُن کے لئے اس پیدائش میں یہ غلبہ نہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے آدم کو تواضع اور انکسار اُس کی طینت وطبیعت کے ساتھ عطا فرمائے ہیں۔

چنانچہ اگر وہ تکبر کرتا ہے تو وہ اُس کے لئے عارضی اَمر ہے جس کو وُہ آگ کے رُکن کی وجہ سے قبول کرتا ہے۔ جیسا کہ صُورتوں کا اختلاف اپنے خیال اور اپنے احوال میں ہوا سے قبول کرتا ہے۔

اور جنات کو آتشی طبع کے طور پر تکبر عطا ہُوا ہے۔ اگر وہ کسی اَمر میں تواضع سے کام لیتا ہے تو یہ اُس کے لئے عارضی ہے جس کو وہ مٹی سے قبول کرتا ہے۔

جنات کا انکسار کیوں ہے

جیسا کہ شیطان ہونے کے باوجود وہ اغواء پر ثبات کو قبول کرتا ہے اور اگرچہ وہ شیطان ہے لیکن فرماں برداری پر ثبات کو قبول کرتا ہے۔ صحابۂ کرام کے پاس سُورتِ رحمٰن کی تلاوت کے وقت حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خبر دیتے ہوئے فرمایا۔ جب میں نے یہ سُورت

www.maktabah.org

جنوں پر تلاوت کی تو انہوں نے اِسے تم سے زیادہ اچھے طریقے سے سُنا۔ جب میں فَبِاَیِّ آلاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن کی تلاوت کرتا تو وہ کہتے۔ اے ہمارے رَبّ ہم تیری کسی چیز کو نہیں جھٹلاتے۔ اِن کا یہ انکسار مٹّی اور پانی کی وجہ سے ہے جو آگ کی گرمی کی وجہ سے زائل ہو جاتی ہے۔ تو اُن میں ہماری مثل فرماں بردار بھی ہیں اور گنہگار بھی اور وہ ملائکہ کی طرح سُورتوں میں مُتشکّل ہو جاتے ہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری نظروں کو اُنہیں دیکھنے سے روک دیتا ہے تو ہم اُنہیں نہیں دیکھ سکتے۔ مگر جب اللہ تعالیٰ چاہے۔ اپنے بعض بندوں کے لئے کھول دیتا ہے اور وہ اُنہیں دیکھ لیتے ہیں۔ چونکہ وہ عالمِ سخافت اور لطافت سے ہوتے ہیں اِس لئے صُورِ حِسّیہ سے جس میں چاہیں مُتشکّل ہو جائیں۔

اصلی صُورت جس کی طرف رُوحانیوں کا انتساب ہے وہ پہلی صُورت ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے وجُود میں لاتے وقت پہلے پیدا فرمائی۔ پھر یہ صُورتیں اُس کے ارادہ کے مطابق مختلف ہو جاتی ہیں۔ جس صُورت میں داخل کرنا چاہے۔ اگر اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری آنکھوں سے پردہ اُٹھا دے۔ یہاں تک کہ ہم اُس صُورت کو دیکھ لیں گے۔ جس قوّتِ مُصوّرہ کو اللہ تعالیٰ نے خیال کرنے والے کے خیال میں تصویر کے ساتھ مؤکّل بنایا ہے تو ہم اُسے ظروفِ انسانیہ کے ساتھ مختلف صُورتوں میں دیکھ سکتے ہیں۔ اور وہ ایک دُوسرے سے ملتی نہیں۔

جنّوں کی اَولاد کیسے پیدا ہوتی ہے

جب شُعلے میں رُوح پھُونکی گئی اور وہ ہلکا ہونے کی وجہ سے مُضطرب تھا اور اِس پھُونک نے اُسے اَور بھی مُضطرب کر دیا۔ اور اُس پر ہوا

www.maktabah.org

غالب آگئی۔ اور وہ ایک حالت پر قرار نہ لے سکی۔ تو اِس صورت پر عالمِ جنّات ظاہر ہو گئے۔

جیسا کہ تناسلِ بشری میں رحِم میں پانی ڈالنے سے اِس صنفِ بشریہ آدمیہ میں اولاد پیدا ہوتی ہے۔ ایسے ہی رحِم متوہّمہ میں ہوا ڈالنے سے جنّات میں تناسل واقع ہوتا ہے اور اُن سے صنفِ جنّات میں ذُرّیت و توالد کا سلسلہ چل نکلتا ہے۔ جنّات کا وجود آگ کی کمان سے ہے۔ اور ان کا وجود آگ کی کمان سے ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے۔ وارد نے ایسا ہی ذکر کیا ہے۔

جن انسان سے کتنا عرصہ پہلے پیدا ہوئے

جنّات کی تخلیق اور آدم کی تخلیق کے درمیان ساٹھ ہزار سال کا عرصہ ہے بعض لوگوں کا گمان ہے کہ جنّات کا توالد چار ہزار سال گذرنے کے بعد منقطع ہو جاتا ہے جب کہ بشر کا توالد سات ہزار سال گذرنے کے بعد منقطع ہوتا ہے لیکن اِس امر پر واقع نہیں ہوتا بلکہ راجح امر یہ ہے کہ جو اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارادہ ہوتا ہے وہی ہوتا ہے۔ پس جنّات میں توالد آج تک باقی ہے اور ایسے ہی ہم میں ہے۔

آپ اِس کے ساتھ تحقیق کر سکتے ہیں کہ آدمی کی کتنے سال عمر باقی ہے اور دنیا ختم ہوتے اور فنا بشر کے لئے اس کے ظاہر ہونے سے اور اس کے دارِ آخرت کی طرف منتقلب ہوتے تک کتنا عرصہ باقی ہے۔ یہ علم میں راسخین کا مذہب نہیں۔ بلکہ بہت ہی کم لوگوں کا گمان ہے۔

www.maktabah.org

جِنّات کیسے پیدا ہوتے ہیں

پس ملائکہ انوار میں پھونکی ہوئی ارواح ہیں اور جِنّات ہواؤں میں پھونکی ہوئی اَرواح ہیں اور انسان جسموں میں پھونکی ہوئی ارواح ہیں۔

کہتے ہیں کہ جنّات سے اُس کی مؤنّث پہلے نہیں پیدا ہوئی۔ جیسا کہ حضرت آدم علیہ السّلام سے حضرت حوّا علیہا السّلام پیدا ہوئیں۔ بعض نے کہا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ایک جِنّ میں اندامِ نہانی پیدا کئے اور اُس نے اپنے آپ سے خود ہی مجامعت کی تو اُس سے ذُرّیتِ آدم کی طرح مذکر اور مؤنّث پیدا ہوئے۔ پھر اُنہوں نے ایک دوسرے سے مجامعت کی تو اُن سے مُخنّث پیدا ہوتے۔ اِسی لئے برزخ میں جِنّات فرشتوں اور انسانوں کے مشابہ ہیں جیسا کہ مُخنّث کی مشابہت مذکّر سے بھی ہوتی ہے اور وہ مؤنّث سے بھی مُشابہ ہوتا ہے۔ ہم نے یہ وہ روایت بیان کی ہے جو ہم سے بیان ہوئی کہ دِین کے ایک امام نے ایک مُخنّث کو دیکھا جس کے پاس دو لڑکے تھے ایک لڑکے نے اُس سے پُشت کی طرف سے اور ایک نے اُس کے پیٹ کی طرف سے جماع کیا تو اُس کے ہاں اولاد پیدا ہو گئی۔ مُخنّث کا نام اَنخناث سے ہے اور وہ اِسترخاء کے معنوں میں ہے اور رخاوت و استرخاء کا معنیٰ قوّت اور شِدّت کا نہ ہونا ہے۔ پس اُس میں نہ تو مذکّر کی طرح نَر کی قوّت ہوتی ہے اور نہ مؤنّث کی طرح مادہ کی قوّت ہے۔ چُونکہ وہ دونوں قوّتوں میں سُستی اور کمزوری کا شکار ہوتا ہے اِس لئے اُسے خُنثیٰ یا مُخنّث کہتے ہیں۔ وَاللہُ اَعلَم۔

جِنّوں کی غذا

جِنّات پر چُونکہ ہَوا اور آگ غالب ہوتی ہے۔ اِس لئے اُن

www.maktabah.org

کی وہ غذا ہوتی ہے جسے ہَوا اُٹھا لیتی ہے اور وہ ہڈّیوں کی چربی ہوتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کا رِزق ہڈّیوں میں مقرّر فرمایا ہے۔ پس ہم دیکھتے ہیں تو ہڈّیوں کے جوہر اور اُن پر چڑھے ہوئے گوشت میں سے کسی چیز کو کم نہیں پاتے۔ اس سے ہمیں قطعی طور پر معلوم ہو جاتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِن میں اُن کا رِزق مقرّر فرمایا ہے اِس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا! ہڈّیاں تمہارے جنّ بھائیوں کے لئے خوراک ہے اور ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے اُن کے لئے ان میں رزق رکھا ہے۔

مکاشفین میں سے ایک شخص نے مجھے بتایا کہ مَیں نے جِنّوں کو دیکھا کہ وہ ہڈّیوں کے پاس آکر درِندوں کی طرح سُونگھتے پھر واپس چلے جاتے۔ وہ ہڈّیوں کو سُونگھ کر اپنی غذا اور قوّت حاصل کر لیتے ہیں۔ پس لطیف وخبیر ذات پاک ہے۔

جِنّوں کا مَلاپ

جِنّات کا جماع کے وقت ایک دوسرے سے ملاپ اِس طرح ہے جیسے آپ آتش دان یا انگیٹھی سے دُھواں خارج ہوتا دیکھتے ہیں کہ ایک دُھواں دُوسرے دُھوئیں میں داخل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اِسی طرح جِنّات ایک دُوسرے میں داخل ہوتے ہیں اور دونوں میں سے ہر ایک اِس دُخول سے لذّت اندوز ہو لیتا ہے اور اُن کا ملاپ کھجور کے مجرد رائح کے ساتھ پیچھے ہٹنے کی طرح ہے اَیسے ہی اُن کی غذا برابر ہے۔

بگولے کب اُٹھتے ہَیں

جنّات کے شعوب وقبائل ہوتے چنانچہ بیان کیا گیا

www.maktabah.org

ہے کہ اصولی طور پر اُن کے بارہ قبیلے ہیں۔ پھر اُن میں افخاذ کی طرف شاخیں ہیں اور اُن کے درمیان بڑی بڑی جنگیں واقع ہوتی ہیں اور بعض بگوُلے عین جنّوں کی جنگ کے وقت پیدا ہوتے ہیں کیونکہ بگولہ جب دو ہَواؤں کے درمیان مقابل میں آتا ہے تو ہر ہَوا ایک دُوسری کو آگے نکل جانے سے روک دیتی ہے۔ اور اُن کی آپس کی یہ رُکاوٹ ایک دائرہ بنا دیتی ہے جو غبار میں بظاہر دکھی اور محسوس کی جاسکتی ہے اور اُس کے آثار دو متضاد ہَواؤں کے سامنے ہوتے ہیں تو اِن کی جنگیں اِس کی مثل ہوتی ہیں اور ہر بگُولہ اِن کی جنگ کی وجہ سے نہیں ہوتا۔

عمرو جن کی بابت یہ بات مشہور روایت میں آئی ہے کہ اُس کا قتل بگوُلے میں ہُوا جو دیکھا گیا اور جب یہ بگوُلہ مُنتشر ہُوا تو عمرو قریب المرگ تھا اور کچھ دیر بعد وہ مَر گیا۔ اور وُہ جِنّوں میں نیک بندہ تھا۔ اگر یہ کتاب اخبار و حکایات پر مبنی ہوتی تو ہم اِس میں اِس گوشہ کا بھی ذکر کرتے۔ مگر یہ کتاب علمِ معانی پر ہے۔ بس آپ یہ حکایات تواریخِ ادب اور اِن کے اشعار میں دیکھیں۔

رُوحانیوں کو قید کرنے کا طریقہ

ہم پھر واپس ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ عالمِ رُوحانی جب مُتشکّل ہو کر صُورتِ حِسّیہ میں ظاہر ہو تو آنکھ اِسے قید کر لیتی ہے اور اُس کی یہ طاقت نہیں کہ وہ اِس صُورت سے نکل سکے جب تک کہ خاصیت کے ساتھ آنکھ اُس کی طرف دیکھتی رہے۔ ولیکن جب انسان اُسے قید کر لے اور ناظر اُس کی طرف سے نظر نہ ہٹائے اور اُس کے لئے چھُپنے کی جگہ نہ ہو تو یہ رُوحانی اُس کے لئے ایسی صُورت ظاہر کرتا ہے جیسے وہ اپنے اُوپر پردہ بنا لیتا ہے۔ پھر ناظر کے تخیّل میں یہ صُورت مخصوص جہت کی طرف چلتی ہُوئی معلوم ہوتی ہے اور اُس

www.maktabah.org

کی بصارت اُس کا پیچھا کرتی ہے جب اُس کی نظر اُس کے پیچھے رہتی ہے تو رُوحانی اُس کی نظر سے نکل کر غائب ہو جاتا ہے اور رُوحانی کے غائب ہونے سے یہ صُورت ناظر کی نظر سے چھپ جاتی ہے جو اُس کے پیچھے لگی ہوتی تھی۔

کیونکہ وہ رُوحانی کے لئے ایسے ہے جیسا کہ چراغ کی روشنی گوشوں میں منتشر ہوتی ہے تو جب چراغ کا جسم غائب ہو جاتا ہے تو یہ روشنی گُم ہو جاتی ہے۔ ایسے ہی اِس صُورت کے گُم ہو جانے کا حال ہے۔

چنانچہ جو اِس اَمر کو جانتا ہے اور رُوحانی کو قید کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ اُس کی بصارت اُس صُورت کے پیچھے نہیں جاتی۔ یہ وہ اسرارِ الٰہیہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی تعریف کے علاوہ نہیں پہچانے جاتے۔ اور یہ صُورت عینِ رُوحانی کی غیر نہیں بلکہ یہ اُس کی صُورتِ عین ہے۔ اگرچہ وہ صُورت ایک ہزار مکان میں ہو یا مختلف شکلوں میں ہر مکان میں ہو۔ اور جب اِن صُورتوں میں سے کسی صُورت کے قتل ہونے کا اتفاق ہو اور وہ ظاہر اَمر میں مر جائے تو یہ رُوحانی حیاتِ دُنیوی سے برزخ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جیسا کہ ہم موت کے ساتھ منتقل ہوتے ہیں، اور عالمِ دُنیا میں ہماری طرح اُس کی کوئی بات باقی نہیں رہتی۔ اِن صُوَرِ محسُوسہ کا نام جن میں رُوحانیت ظاہر ہوتی ہے اجساد ہوتا ہے اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اِس ارشاد سے ہے۔

وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ﴿ صٓ آیت ۳۴ ﴾

اور اُن کے تخت پر ایک جسم ڈال دیا۔
اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ ﴿ الانبیاء آیت ۸ ﴾

اور ہم نے انہیں ایسا جسم نہیں بنایا کہ کھانا نہ کھاتے ہوں

www.maktabah.org

جنّوں اور فرشتوں کا فرق

اگرچہ جنّوں اور فرشتوں کا رُوحانیت میں اشتراک ہے لیکن اُن کے درمیان فرق ہے۔ جنّوں کی غذا وہ ہے جنہیں اجسامِ طبعیہ کھانے کی چیزوں کے ساتھ اُٹھاتے ہیں اور ملائکہ اِس طرح نہیں ہیں۔

لہٰذا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ابراہیم خلیل علیہ السلام کے مہمان کے قصّہ میں فرمایا۔

فَلَمَّا رَاٰ اَیْدِیَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَیْهِ نَكِرَهُمْ ‏ هود آیت ۷۰

پس جب دیکھا کہ اُن کے ہاتھ کھانے تک نہیں پُہنچے۔

جنّوں کی پہلی تخلیق کیسے ہُوئی

جب جنّات کی پیدائش کا وقت آیا تو فلکِ اوّل سے تین امین فرشتے اِن لوگوں کی پیدائش کے سلسلہ میں متوجّہ ہوئے۔ پھر اُنھوں نے دوسرے آسمان سے اپنی ضرورت کے مطابق اِن کی پیدائش کے سلسلہ میں اپنے نائبین کو لیا پھر دیگر آسمانوں کی طرف نازل ہوئے اور دوسرے اور چھٹے آسمان سے دو فرشتے لیئے اور ارکان کی طرف نزول کیا اور جگہ تیار کی اور اُن کی اِتبّاع تین اور فرشتوں نے کی اور اپنی ضرورت کے مطابق دوسرے آسمان سے اپنے نائب لیئے۔ پھر تیسرے اور پانچویں آسمان کی طرف نازل ہوئے تو وہاں سے دو فرشتے لیئے اور پھر چھٹے آسمان پر پہنچے تو وہاں سے ملائکہ سے اپنا ایک دُوسرا نائب مقرّر کیا اور ارکان کی طرف اُترے تاکہ ارکانِ جنّات کو مکمّل اور درُست کریں۔ پھر چھ باقی بھی اُتر آئے اور اُنھوں نے

www.maktabah.org

دیگر آسمانوں میں سے اپنے اپنے نائبین کو ساتھ لیا۔ چنانچہ یہ تمام جمع ہو کر علیم و حکیم کے اِذن کے ساتھ اِس پیدائش کو درست کرنے لگے۔

جب اُس کی نشاۃ پوری اور بنیاد قائم ہو چکی تو رُوح نے عالمِ اَمر سے توجہ کی اور اِس صورت میں رُوح پھونکی جو اُس میں جاری ہو گئی۔ اور اُس کے وجود میں زندگی آ گئی۔ تو وہ حمد و ثنا بولتا ہوا کھڑا ہو گیا جس کے لئے اُس کی جبلّت کو بنایا گیا تھا۔ وہ اُس جبلّت پر تھا اور اُس کی ذات میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی عزّت و عظمت نے گھر کر لیا۔ جس کے سبب کو وہ نہیں جانتا تھا اور نہ کسی دوسرے کو اِس کے ساتھ عزّت دیتا تھا۔ کیونکہ عالمِ طبائع سے دوسری مخلوق نہ تھی۔

جنّ سے شیطان

پس وہ اپنے پروردگار کی عبادت پر اصرار کرتا تھا۔ اور اپنے بنانے والے کی رُبوبیّت کے لئے اُس کی عزّت کا متواضع تھا۔ جس کے ساتھ وہ اپنی نشاۃ میں آیا تھا۔ یہاں تک کہ یہ سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش تک جاری رہا۔ جب جنّات نے حضرت آدم علیہ السّلام کی صورت دیکھی تو اُن میں سے ایک پر اِس پیدائش کے ساتھ بُغض غالب آ گیا جس کا نام حارث تھا۔ اُس نے اِس صورتِ آدمی کی رویّت کے لئے اپنا چہرہ اُس کے سامنے رکھا اور یہ بُغض اُس کی جنس کے لئے ظاہر ہُوا تو اُس کے ساتھیوں نے اُسے غمزدہ اور ملول دیکھا۔

جب آدم کا اَمر حارث پر ظاہر ہُوا اور جو بُغض اُس نے اپنی ذات میں اُس کے لئے پایا تھا اُس سے حضرت آدم علیہ السّلام کو سجدہ کرنے سے

www.maktabah.org

بارے میں اپنے خالق کا حکم ماننے سے انکار کر دیا اور حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے ساتھ تکبر کیا اور اپنی اصل کے ساتھ فخر کیا تو اُس سے پانی کی قوت کا راز غائب ہو گیا تھا جس سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر چیز کو زندگی دی اور اُسی سے ہی جنات کی زندگی ہے اور وہ نہیں جانتے تھے۔

اگر آپ اہلِ فہم سے ہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد پر غور کریں۔

وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ   ھود آیت ۷

اور اُس کا عرش پانی پہ تھا۔

پس عرش اور وہ مخلوقات جو عرش کے گرد تھی زندہ ہو گئی

اِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ   بنی اسرائیل آیت ۴۴

ایسی کوئی چیز نہیں جو اُس کی حمد کے ساتھ اُس کی پاکیزگی بیان نہ کرتی ہو۔

پس چیز کو نکرہ کے ساتھ بیان کیا ہے اور تسبیح وہی کرتا ہے جو زندہ ہو۔

انسان سب سے طاقتور ہے

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حسن حدیث میں وارد ہوا ہے کہ فرشتوں نے طویل گفتگو میں کہا! اے پروردگار، کیا تو نے آگ سے زیادہ شدید چیز بھی پیدا فرمائی ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا! ہاں پانی۔

پس پانی کو آگ سے زیادہ طاقتور ٹھہرایا۔ تو اگر ہوا کا عنصر جنات کی نشاۃ میں بغیر آگ کے مشتعل ہوتا تو جنات بنی آدم سے طاقتور ہوتے کیونکہ

www.maktabah.org

ہَوا پانی سے زیادہ طاقتور ہے۔ اِس لئے کہ ملائکہ نے اس حدیث میں کہا ہے۔

اَے پروردگار! کیا تُو نے پانی سے زیادہ شدید بھی کوئی چیز پیدا فرمائی ہے؟ تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔ ہاں! ہَوا پانی سے زیادہ طاقت وَر ہے۔

فرشتوں نے پھر عرض کی۔

اَے پروردگار! کیا تُو نے ہَوا سے زیادہ شدید چیز بھی پیدا فرمائی ہے؟

فرمایا! ہاں ابنِ آدم ہَوا سے زیادہ طاقت وَر ہے۔ (الحدیث)

اِس جگہ نشاۃِ انسانیہ کو ہَوا سے زیادہ طاقت وَر مقرّر فرمایا ہے۔ اَور پانی کو آگ سے زیادہ طاقت وَر مقرّر کیا ہے۔ اور پانی انسان میں عُنصرِ اعظم ہے۔ جیسا کہ جِنّات میں بڑا عُنصر آگ ہے۔ اس لئے شیطان کے حق میں کہا گیا۔

اِنَّ کَیْدَ الشَّیْطٰنِ کَانَ ضَعِیْفًا — النسآ آیت ۷۶

بے شک شیطان کا داؤ کمزور ہے۔

تو اِس کی طرف قوّت سے کوئی چیز منسوب نہیں کی گئی۔ اور مصر کے بادشاہ عزیز کے اِس قول کی تردید نہیں فرمائی۔ جو اس نے عورتوں کے حق میں کہا تھا۔

اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْمٌ — یوسف آیت ۲۸

بے شک اُن کا داؤ بڑا ہے۔

باوجود اِس کے عورت کی عقل مَرد سے کمزور ہوتی ہے۔ کیونکہ عورتیں ناقص العقل ہوتی ہیں، تو مَرد کی قوّت کے ساتھ تیرا کیا گمان ہے۔

www.maktabah.org

انسان میں عقل کیوں زیادہ ہے

اس کا سبب یہ ہے کہ نشاۃِ انسانیہ امور میں مودۃ، نرمی، فکر اور تدبیر عطا کرتی ہے۔ کیونکہ اُس کے مزاج پر پانی اور مٹی دو عنصروں کا غلبہ ہے۔ تو اس میں عقل وافر ہوتی ہے۔ کیونکہ مٹی اِسے قائم رکھتی ہے اور روکتی ہے اور پانی اِسے نرمی اور آسانی فراہم کرتا ہے۔

جنّات کی عقل کیوں کم ہے

اور جنّات ایسے نہیں ہیں کیونکہ جنّ کے لئے عقل نہیں جو اس اِمساک پر اُسے روکے جو انسان کے لئے ہے۔ اِس لئے کہتے ہیں کہ فلاں خفیف العقل اور سخیف العقل ہے جب کہ کسی کی رائے کمزور ہوتی ہے۔ اور یہ تعریفِ جنّ کی ہے کہ وہ اپنی عقل کی خِفّت اور نظر میں عدمِ اثبات کی وجہ سے سیدھے راہ سے گمراہ ہُوا تو اُس نے کہا کہ میں اِس سے بہتر ہوں۔ تو عقل خفیف ہونے کی وجہ سے اُس میں جہالت اور سوءِ ادبی جمع ہوگئیں۔ تو جنّات سے جو نافرمان ہُوا وہ شیطان ہے۔ یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت سے راندہ ہُوا۔

جنوّں سے پہلا شیطان

جنّات میں سے جس کا نام سب سے پہلے شیطان ہُوا اس کا نام حارث ہے۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے ابلیس بنا دیا۔ یعنی اپنی رحمت سے دُور ہٹا دیا اور رحمت کو اُس سے دُور کر دیا۔ اور تمام شیاطین اُس کی فرع ہیں۔

تو اُن میں سے جو ہامہ بن ہام بن لاقیس بن ابلیس کی طرح ایمان

www.maktabah.org

لے آئے۔ وہ جنوں سے مومنوں کے ساتھ مِل گئے اور جو اپنے کُفر پر باقی رہا وہ شیطان ہُوا۔ اور یہ مسئلہ علمائے شریعت کے درمیان اختلافی ہے۔

کیا شیطان مسلمان ہوسکتا ہے

بعض نے کہا کہ شیطان کبھی اسلام قبول نہیں کرتا اور شیطان کے بارے میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اِس قول میں تاویل کرتے ہیں۔ کہ وہ موکل کے قریب ہے۔ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس پر آپ کی اعانت فرمائی تو وہ مسلمان ہوگیا۔

بعض نے اسلم کی میم کو زیر سے اور بعض نے پیش سے پڑھا ہے تو اِس کہنے والے کی تاویل زبر کے ساتھ ہے۔ اُس نے اِس کے ساتھ کہا۔ "فاَسلَمَ مِنہُ" یعنی مَیں اُس سے سلامت رہتا ہُوں۔ اُس کا داؤ مجھ پر نہیں چلتا۔ اور ایسے ہی مخالف کی تاویل ہے کہ وہ اِس میں پیش سے پڑھتا ہے کہ شیطان میرا فرماں بردار ہوگیا۔ کہا کہ باوجود وہ دُشمن ہونے کے وہ میرا مطیع ہے۔ اور وُہ مجھے نیکی کے سوا کوئی حُکم نہیں دیتا۔

گویا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی حفاظت کے لئے شیطان پر جبر کیا۔ یعنی اُسے جبراً حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا مطیع بنایا ہے۔

اور اِس معنیٰ سے اختلاف رکھنے والے نے کہا۔ کہ "اسلم" کی میم پر زبر ہے کہ وہ اللہ کے ساتھ ایمان لایا جیسا کہ ہمارے نزدیک کافر مُسلمان ہو کر مومن بن جاتا ہے۔ اور یہ معنیٰ بہتر ہے۔

www.maktabah.org

کیا شیطان پہلا جِن ہے

اکثر لوگوں کا گمان ہے کہ شیطان پہلا جِن ہے جیسا کہ انسانوں میں حضرت آدم علیہ السلام پہلے بشر ہیں۔ اور ہمارے نزدیک ایسا نہیں بلکہ وہ جنوں میں سے ایک ہے اور اُن میں جو پہلا جن تھا۔ جیسا کہ بشریت میں حضرت آدم علیہ السلام پہلے ہیں تو وہ جِن شیطان کے علاوہ تھا۔ اس لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ   الکہف آیت ۵۰

مگر ابلیس جنوں میں سے تھا۔

یعنی مخلوقاتِ جنات کی اس صنف سے جیسا کہ نوعِ بشریہ سے قابیل ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے شقی لکھ دیا اور وہ مخلوقِ بشریہ سے پہلا شقی ہے اور جنوں میں پہلا شقی شیطان ہے۔

کیا جنوں کو آگ کا عذاب ہو گا

جنوں میں سے شیاطین کو جہنم میں اکثر طور پر گرمی سے نہیں بلکہ ٹھنڈک سے عذاب دیا جائے گا۔ جب کہ انہیں آگ سے کبھی معذب کیا جائے گا اور بنی آدم کو اکثر طور پر آگ سے عذاب دیا جائے گا۔

میں نے ایک روز ایک مخبوط الحواس ولی سے واقفیت حاصل کی۔ اس کی آنکھوں میں آنسو تھے اور وہ لوگوں سے کہتا تھا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے صرف اس قول کے ساتھ توقف نہ کرو۔ جو اس نے ابلیس کے لئے کہا۔

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ   صٓ آیت ۸۵

میں تجھ سے جہنم کو بھر دوں گا۔

www.maktabah.org

بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس اشارہ کی طرف غور کرو جو تمہارے لئے اُس کے قول کے ساتھ کہ جہنّم ابلیس کے لئے ہے بیان ہُوا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی اُس پر لعنت ہو۔ وہ آگ سے پیدا ہُوا ہے اور وہ اپنی اصل کی طرف لوٹ جائے گا اور اگر اُسے معذّب کیا گیا تو عذابِ مختار آگ سے زیادہ شدید ہے۔ پس اس امر کی حفاظت کرو۔

جہنّم ٹھنڈا بھی ہے اَور گرم بھی

اِس ولی کی نظر جہنّم سے بطورِ خاص آگ پر تھی۔ اور اِس سے غافل رہا کہ جہنّم گرمی اور ٹھنڈک کو کہتے ہیں اور گرمی اور ٹھنڈک کو جمع کرنے کا نام جہنّم ہے۔ کیونکہ جہنّم کریہہ المنظر کو کہتے ہیں۔ اور جہام وہ بادل ہے جس کا پانی برس چکا ہو اور بارش اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے۔ پس جب اللہ تبارک وتعالیٰ بادل سے بارش برسا کر بادل سے بارش کو زائل کر دیتا ہے تو اُس رحمت کے زائل ہونے سے جسے بارش کہا جاتا ہے اُس کا نام جہام ہو جاتا ہے۔

اَیسے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ نے جہنّم سے رحمت کو زائل کر دیا ہے تو وہ کریہہ المنظر ہو گیا۔

اور جہنّم کا دوسرا نام بھی ہے۔ اور وُہ یہ ہے کہ اُس کی گہرائی بہت دُور ہے۔ کہتے ہیں کہ "رکیتہ جھنام" جب اُس کی گہرائی بہت دُور ہو۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سے اور مومنوں سے سوال کرے گا۔ مگر جو اِس سے ہوگا اِس باب میں اِسی قدر کافی ہے۔

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

باب دہم

بادشاہ کے دَورہ کی معرفت میں اور اُس میں منفصل ہونے والے پہلے وجُود اور دوسرے وجُود کا ذِکر جو اِس میں اِس سے علیٰحدہ ہوتا ہے اور اُس مقام کا ذِکر جس سے دونوں علیٰحدہ ہونے والوں کو پُورا کیا۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا اِس مملکت کی تمہید کرنے کا بیان یہاں تک کہ اُس کا بادشاہ آجائے اور اُس مرتبۂ عالم کا ذِکر جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے درمیان ہے اور وہ فترت کا زمانہ ہے۔

الملك لولا وجود الملك ما عرفا	ولم تكن صفة مما به وصفا
فدورة الملك برهان عليه لذا	قد التقت طرفاها هكذا كشفا
فكان آخرها كمثل أولها	وكان أولها عن سابق سلفا
وعند ما كملت بالختم قام بها	مليكها سيد الله معترفا
أعطاه خالقه فضلا معارفها	ومايكون وماقد كان وانصرفا

بادشاہ؛ اگر بادشاہ کا وجُود نہ ہوتا تو دونوں کی پہچان نہ ہوتی اور نہ ایسی صِفت ہوتی جس سے دونوں کا وَصف بیان ہو سکتا۔

بادشاہی کا دَورہ اِس پر دلیل ہے۔ اِس لئے اُس کی دونوں طرفیں مِل گئیں۔ اَیسے ہی کشف ہُوا ہے۔

www.maktabah.org

اُس کا آخر پہلے کی طرح ہے اور اُس کا اوّل سابق سے بھی پہلے ہے جب ختم کے ساتھ اُس کے مکمل ہونے کے نزدیک ہُوا تو اُس کے ساتھ اللہ کا سردار قائم ہو کر معترف ہو گیا۔

اُس کے خالق نے اُسے اُس کے معارف عطا فرمائے اور جو کچھ ہو گا اور جو کچھ ہو چکا ہے اور جس کی طرف پھرتا ہے بیان کیا۔

حضُور رسالت مآبؐ کی سرداری

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جان لیں کہ حدیث شریف میں وارد ہُوا ہے کہ حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فخر کی زا کے ساتھ فرمایا۔

اِنَا سَیِّدُ وُلْدِ آدم ولا فخر ,, الحدیث ,,

مَیں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور اس پر فخر نہیں۔

ایک روایت میں "زا" کے ساتھ ہے۔ یعنی فخز۔ اور اُس سے مُراد ہے باطل پر فخر نہیں۔

صحیح مُسلم کی روایت میں آیا ہے۔

انا سیّد النّاس یوم القیامۃ الحدیث

مَیں قیامت کے دن لوگوں کا سردار ہوں گا۔

تو اِس روایت سے جنسِ بشریہ سے اُس کے ابناء پر آپ کی سیادت اور شرف ثابت ہے۔

اور حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا۔

کُنتُ نبیًّا وآدم بَیْن الماء والطین ,, ,, الحدیث

" مَیں نبی تھا اور حضرت آدم علیہ السّلام مٹی اور پانی کے درمیان تھے۔

www.maktabah.org

اس سے مُرادِ آپ کو اس کا علم ہے۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو آپ کے اس مرتبہ کی خبر دی ہے اور وہ اجسام انسانیہ سے پہلے آپ کی روح کا پیدا ہونا ہے۔ جیساکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے بنی آدم پر اُن کے اجسام کی پیدائش سے پہلے وعدہ لیا۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں اپنے انبیاء کرام علیہم السّلام سے ملحق کر دیا کہ ہمیں اُن کے ساتھ اُن کی اُمتوں پر گواہ بنایا۔ جب ہر اُمت سے اُن کے لوگوں سے گواہ بنایا جائے گا۔ اور وہ رسُول ہوں گے۔

تمام انبیاء آپؐ کے نائب ہیں

پس انبیائے کرام علیہم السّلام حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر آخری رسُول تک حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے نائب ہیں۔ اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے اس مقام سے متعدد امُور کو بیان کیا ہے۔ جن میں سے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا یہ فرمانا ہے۔

واللہ لوکان مُوسیٰ حیا ماوسعہ الا ان یتبعنی — الحدیث

اگر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام زندہ ہوتے تو اُن کے لئے میری اِتباع کے سِوا گنجائش نہیں تھی۔

اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السّلام کے آخری زمانہ میں نزول کے بارے میں آپؐ نے فرمایا۔

اِنّہٗ یؤمُنا یعنی ہم میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے طریقہ کے مطابق حکم دیں گے اور صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے۔ اور اگر حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم حضرت آدم علیہ السّلام کے زمانہ

www.maktabah.org

میں مبعوث ہوتے تو انبیاء کرام اور تمام لوگ قیامت تک آپ ہی کی شریعت کے حکم کے تحت ہوتے۔ اِس لیئے وہ عام طور پر مبعوث نہیں ہوتے بلکہ اُن کی بعثت خاص علاقوں تک تھی۔

پس آپؐ تمام رسولوں کے بادشاہ اور سردار ہیں اور دیگر انبیاء کرام کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے خاص قوموں کی طرف مبعوث فرمایا اور سوائے رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے کسی رسول کی رسالت عام نہیں ہوئی۔

حضور رسالتمآب انبیاء کے بادشاہ ہیں

حضرت آدم علیہ السّلام کے زمانہ سے لے کر حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی بعثت مبارکہ تک اور قیامت کے دن تک حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی بادشاہی ہے اور آخرت میں بھی آپؐ تمام رسولوں سے مقدم ہوں گے اور قیامت کے دن آپ کی سرداری صحیح نص کے ساتھ ثابت ہے۔

پس حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی رُوحانیت موجود ہے اور ہر نبی اور رسول کی رُوحانیت حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی رُوحِ پاک سے مدد لیتی ہے اور رسولوں کے اپنے زمانے میں اُنہوں نے شریعتیں اور علوم ظاہر کیئے۔ اُن میں اِسی رُوحِ اقدس کی امداد شامل تھی۔ جیساکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ وغیرہ کے احکام اپنے زمانہ میں موجود تھے اور اُن کا موجود ہونا حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شریعت کے حکم میں تھا۔ ایسے ہی حضرت الیاس علیہ السّلام اور حضرت خضر علیہ السّلام کا ظاہر ہونا اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا آخر زمانے میں اپنے زمانہ ظہور میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شریعت پر حکم دینا ہے

www.maktabah.org

اور اُن کا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شریعت کے مطابق حکم دینا مقرر ہے۔ کیونکہ وہ آپ کی اُمّت میں ظاہر ہوں گے۔ لیکن چونکہ عالم جس میں پہلے یہ نہیں ہُوا تھا اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا وجودِ عینی پہلے تھا۔ لہٰذا ہر شریعت کی نسبت اُس نبی کے ساتھ ہُوئی جس کے ساتھ وہ مبعوث ہُوا۔ حقیقت میں ہر شریعت حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہی کی شریعت تھی اگرچہ مفقود العین تھی۔ کیونکہ اُس وقت اُس کے آثار ظاہر نہ تھے۔ جیسا کہ اب آپ سے پہلی شریعت کی علامت مفقود ہے۔

حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے نزول کے زمانہ میں اور اُن کی شریعت کے حکم میں بھی یہی بات ہے۔

شریعتِ مُصطفٰے ناسخ ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شریعت کے ساتھ تمام شریعتوں کو منسوخ فرما دیا ہے اور یہ نسخ اِس اَمر کو خارج نہیں کرتا کہ وہ شریعتیں بھی آپ کی شریعت سے ہوں۔ کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں آپ کی اُس شریعت میں گواہ بنایا۔ اور اُس نسخ کو ظاہر فرمایا جو قرآن وسُنّت میں نازل فرمایا تھا۔ باوجود اِس کے ہمارا اُس منسوخ پر اجماع و اتفاق ہے کہ وُہ شریعتیں آپ ہی کی شریعت سے ہیں جس کے ساتھ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہماری طرف مبعوث ہوتے۔ پس بعد میں آنے والا پہلے کو منسوخ کرتا ہے۔ اِس میں ہمیں خبردار کیا گیا ہے کہ یہ نسخ قرآن وسُنّت میں موجود ہے اور یہ نسخ پہلی تمام شریعتوں کو آپ کی شریعت سے خارج نہیں کرتا۔

www.maktabah.org

آپؐ کی شریعت کا حکم نافذ رہے گا

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے آخری زمانہ میں نزول سے اُن کی اپنی شریعت یا اُس کے بعض سے وہ اپنی رسالت اور حکم کے زمانہ میں شریعتِ محمدی کے ساتھ حکم دیں گے جو آج مقرّر ہے۔ یہ اِس امر پر دلیل ہے کہ اِس زمانہ میں بھی انبیائے کرام میں سے سوائے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اُس حکم کے کسی کا حکم نہیں جو آپ نے اپنی شرع میں مقرّر فرما دیا ہے۔ اسی طرح اہلِ کتاب ذمّی بھی اسی پر ہیں کہ وہ اطاعت گذار ہو کر جزیہ دیتے رہیں کیونکہ وہ مطیع ہیں۔ اور شریعت کا حکم احوال پر ہے۔ تو اِس تمام مجموعہ سے یہ بات نکلتی ہے کہ حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تمام بنی آدم کے بادشاہ اور سردار ہیں۔ اور پہلے تمام زمانوں میں بھی آپ ہی کی بادشاہی تھی اور آپؐ ہی کی اطاعت کی جاتی تھی اور حکومت کرنے والے انبیاء اِس امر میں آپؐ کے نائب ہے۔

ہم فضیلت نہیں دیتے خُدا دیتا ہے۔

اگر کہا جائے کہ حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا ہے۔ کہ مجھے کِسی نبی پر فضیلت نہ دو تو اِس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے آپ کو یہ فضیلت نہیں دی بلکہ یہ فضیلت اللہ تبارک وتعالیٰ نے خود آپ کو عطا فرمائی ہے کیونکہ یہ ہمارا حق نہیں کہ ہم فضیلت دے سکیں۔ اگرچہ قرآنِ مجید میں یہ وارد ہوا ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ

الانعام آیت ۹۱

یہ وُہی لوگ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے راہ دکھائی تو آپ اُنہی کی راہ پر چلیں،

www.maktabah.org

اس لیئے انبیائے کرام علیہم السلام کا یہ ذکر صحیح ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اُن کی ہدایت کے راستے پر چلیں. کیونکہ اُن کی ہدایت اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہے. اور یہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہی شریعت ہے. یعنی آپ اُس شریعت کو لازم کر لیں جس کے ساتھ اقامتِ دین میں آپ کے نائبین نے ظہور فرمایا. اور اس میں متفرق نہ ہوں. تو یہ نہیں کہا. کہ اس کی اقتدا کریں بلکہ اس میں فرمایا ہے.

وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ الشوریٰ آیت ۱۳

کہ اس میں علیحدگی نہ کریں

یہ شریعتوں کے اتحاد پر تنبیہہ ہے. اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد

اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ النحل آیت ۱۲۳

یعنی. ملتِ ابراہیم کی اتباع کریں

اور وہ ملتِ دین ہے. تو وہ اتباعِ دین پر مامور تھے. کیونکہ دین اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہے. دوسرے کی طرف سے نہیں.

طریق اور ہے پیروی اور ہے

آپ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کی طرف دیکھیں کہ اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو انہیں میری اتباع کے سوا گنجائش نہ تھی. تو اتباع کی اضافت آپ کی طرف ہے اور آپ کو انبیائے کرام کے دین اور ہدایت کا امر ہوا ہے. نہ کہ اُن کی پیروی کا، کیونکہ جب امامِ اعظم موجود ہو تو اُس کے نائبین کا حکم باقی نہیں رہتا بلکہ اُسی کا حکم ہوتا ہے. جب اُس کے مراسم کے ساتھ نائبین کا حکم غائب ہو جاتا ہے تو وہ غیب و حضور حاکم ہوتا ہے.

www.maktabah.org

یہ اخبار کیوں درست ہیں

ہم یہ اخبار و تنبیہات اس لئے لائے ہیں کہ جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی ذات کی طرف سے اطلاع نہیں دی۔ اور وہ کشف سے اس مرتبہ کو نہیں جانتا تو وہ اسے جان لے اور اس سے مانوس ہو جائے۔ رہے اہل اللہ تو وہ اسی عقیدہ پر ہیں جس پر ہم ہیں۔ اور ان کے لئے اس پر ان کے نفوس میں ان کے رب کے نزدیک تحقیقی شواہد قائم ہو چکے ہیں۔ ہم اس میں جو کچھ لائے ہیں اگرچہ ان میں کثیر احتمالات متصور ہیں۔ تو یہ قوت کے ساتھ ان الفاظ کی طرف راجع ہیں جو اپنی اصل وضع میں ہیں۔ اور ان اہلِ ذوق کے نزدیک یہ امر فی نفسہٖ ہے۔ جو اس علم کو حضرت خضر علیہ السلام اور ان کی مثل اللہ تبارک و تعالیٰ سے اخذ کرتے ہیں۔ کیونکہ انسان گفتگو کرتا ہے تو مثال کے طور پر اس کے ان معانی سے اس کی مراد ایک معنیٰ ہوتی ہے۔ جو اس کلام کو متضمن ہیں۔ تو جب ان معانی سے متکلم کے مقصود کے علاوہ اس کی تفسیر کی جاتی ہے تو مفسر اس کی تفسیر اس امر کے ساتھ کرتا ہے جو اسے قوتِ لفظ عطا کرتی ہے۔ اگرچہ وہ متکلم کے مقصود کو نہ پہنچے۔

تفسیر ایک مشکل کام ہے

کیا آپ نے دیکھا کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اوپر اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد سے کتنی مشقت پڑی۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْٓا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ الانعام آیت ۸۲

اے ایمان والو اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ ملتبس نہ کرو۔

www.maktabah.org

چنانچہ اس کے ساتھ ظُلم نکرہ کے لحاظ سے ہے۔ تو اُنہوں نے کہا۔ ہم میں سے کس نے ایمان کو ظُلم کے ساتھ مُتلبّس نہیں کیا۔ حالانکہ یہ صحابہؓ کرام وُہ عربی لوگ ہیں جن کی زبان میں قرآنِ مجید نازل ہُوا۔ اور وہ حق تعالیٰ کے اُس مقصُود کو نہ سمجھ سکے جو اِس آیت میں مُضمر تھا اور اِس کلمہ میں مناسب معنیٰ کی طرف نہ دیکھ سکے۔ چنانچہ حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے اُنہیں فرمایا۔ یہ وُہ امر نہیں جس کا تم گمان کرتے ہو اور یہاں اللہ تبارک و تعالیٰ کی ظُلم سے مُراد وُہ امر ہے جو حضرت لقمان علیہ السّلام نے اپنے بیٹے کو وصیّت کرتے ہُوئے فرمایا تھا۔

يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۖ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۔ لقمان آیت ۱۳

اَے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ شرک نہ کرو۔ بے شک شرک کرنا ظُلم عظیم ہے۔

تو اِس کلمہ کی قرینت نے ظُلم کو عام معنوں میں کر دیا اور متکلّم کا مقصد ظُلم سے مُراد مخصوص اور معیّن ظُلم ہے۔

یہ روایات بھی اَیسے ہی ہیں

اَیسے ہی ہم جو روایات لاتے ہیں کہ تمام بنی آدم رعایا ہیں اور حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم اِس کے بادشاہ اور سردار ہیں تو ہمارا یہ مقصُود کشف کے طریق پر ہے جیسا کہ وہاں ظُلم سے متکلّم کا مقصودِ خاص شرک تھا۔ اِس لئے قرائنِ احوال کے ساتھ کلام میں تفاسیر کو تقویّت حاصل ہوتی ہے کیونکہ تفسیریں متکلّم کے مقصُود معانی کے لئے امتیاز کرتی ہیں تو وُہ شخص اِس کی تفسیر کیسے نہیں کرے گا۔ جس کے پاس کشفِ الٰہی اور علمِ الدُنّی ربّانی ہو۔ منصف عاقل کا حق یہ ہے کہ اِس گروہ کی خبروں کو تسلیم کرے

www.maktabah.org

اگر اِس میں اِن کی تصدیق کی جائے گی تو یہ اِن کے ساتھ حُسنِ ظن ہو گا اور تسلیم کرنے والے مُنصف قرار پائیں گے۔ اِس لیئے کہ تسلیم کرنے والا اُس کی تردید نہیں کرتا جو نفس الاَمر میں حق ہوتا ہے۔

اگر اِن کی تصدیق نہیں کرتے تو تسلیم نہ کرنا نقصان دِہ نہیں بلکہ اِس میں اُنہیں نفع حاصل ہوتا ہے۔ کہ اُنھوں نے اُس پر غور و خوض کرنا ترک کر دیا جس میں اُن کے لیے قطعی حُکم نہیں۔ اور اِس علم کو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف لَوٹا دیا۔ اور اِس طرح اُنھوں نے حقِ ربوبیّت کو ادا کر دیا۔

جب کہ اولیاء اللہ اُسے جو کہیں وہ ممکن ہوتا ہے۔ پس اُس کا تسلیم کرنا ہر وجہ سے اَولیٰ و افضل ہے۔ اور یہ وہی بات ہے جس کی طرف ہم نے دورۃ الفلک میں اشارہ کیا ہے اور ہمارے علاوہ دوسروں نے بھی یہی بات کہی ہے۔ جیساکہ امام ابی قاسم بن قیسی نے اپنی کتاب "خلع" میں بیان کیا ہے اور ہم نے یہ روایت اُس کے بیٹے سے کی ہے اور وہ قوم کے سرداروں سے تھا۔ اور اُس کا شیخ جس کے ہاتھوں پر اُسے اِس کا کشف ہوا وہ شیوخِ مغرب سے بہت بڑا شیخ تھا۔ اور اہلِ لَبلَہ اُسے ابن خلیل کہتے ہیں۔ تو ہم نے جس بات کا ذکر کیا ہے اُس پر اعتماد نہیں کرتے۔ مگر ہمارا اعتماد اُس پر ہے جو ہمیں اِس سے اللہ تبارک و تعالیٰ اِلقاء فرماتا ہے۔ اور اُس سے نہیں جن کے الفاظ کئی وجُوہ سے محمول ہوتے ہوں۔ اور بعض کلام میں تمام تر احتمالات مُتکلّم کا مقصود ہوتے ہیں۔ جن تمام کے ساتھ وُہ کہتا ہے۔ پس دورۃ الملک اللہ تبارک و تعالیٰ کی وہ تمہید ہے جو اِس نشاۃِ انسانیہ میں ترتیبات سے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ تک ہیں۔ جن کے ساتھ اِس میں احکام الٰہیہ کا ظہور

www.maktabah.org

ہوتا ہے۔

اجسامِ انسانی میں پہلا باپ

پس وہ تمام سردار خلیفہ کے خلفاء ہیں۔ تو اجسامِ انسانیہ میں سب سے پہلے جو وجود ظاہر ہوا وہ حضرت آدم علیہ السّلام تھے۔ اور وہ اِس جنس سے پہلے باپ ہیں۔ اور تمام اجناس کے آباء کا ذکر انشاء اللہ العزیز اِس باب کے بعد آئے گا۔ اور وہ پہلا باپ ہے جو اِس جنس سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم کے ساتھ ظاہر ہوا۔ ولیکن جیسا کہ ہم نے مقرر کیا ہے۔ پھر اُس سے ہمارے باپ علیحدہ ہوئے۔ تو درست یہ ہے کہ پہلے باپ کا درجہ اُس کے بعد آنے والے باپ کے اُوپر ہو۔ اِس لیے کہ وہ اُس کی اصل ہے۔

دورۃ الملک سے نابیین کا ختم ہونا اُسی کی مانند ہے جس کے ساتھ شروع ہوا تاکہ پتہ چل جائے کہ فضیلت اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور یہ وہ امر ہے جس کا اقتضاء پہلے باب میں اپنی ذات کے لئے کیا۔

حضرت آدمؑ اور مریمؑ باپ ہیں

پس حضرت عیسیٰ علیہ السّلام حضرت مریم علیہا السّلام سے پیدا ہوئے تو حضرت مریم علیہا السّلام بمنزلہ حضرت آدم علیہ السّلام کے تھیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا نزول بمنزلہ حضرت حوّا علیہ السّلام کے تھا تو جیسے مذکر سے مؤنث پیدا ہوئی ایسے ہی مؤنث سے مذکر پیدا ہوا اور بغیر باپ سے بیٹے کو پیدا کرنے میں وہ مثال ختم ہو گئی جس کے ساتھ ابتدا ہوئی تھی جیسا کہ حضرت حوّا بغیر ماں کے پیدا ہوئیں۔ تو حضرت عیسیٰ اور حضرت حوّا دو بھائی

www.maktabah.org

ہیں اور حضرت مریم علیہا السّلام دونوں کے دو باپ ہیں۔

اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ کَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ اٰلِ عمران ۵۹

بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک عیسیٰؑ کی مثل ایسے ہے جیسے آدمؑ کی مثل عدمِ ابوّت میں مُذکر کی تشبیہ کا واقع ہونا اِس لیئے ہے کہ یہ دلیل حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے لیئے اُن کی والدہ کی بریّت میں نصب ہوئی۔ اور حضرت حوّا علیہا السّلام کے ساتھ تشبیہ واقع نہیں ہوئی۔

عالم میں خَلا نہیں

کیونکہ عورت وجودِ حمل کے باعث اِس امر پر محلِ تہمت ہے کیونکہ عورت محلِ ولادت ہوتی ہے اور مرد کے لیئے یہ مقام نہیں ہوتا اور دلائل سے مقصود شکوک کو رفع کرنا ہوتا ہے۔ حضرت حوّا علیہا السّلام سے حضرت آدم علیہ السّلام میں التباس اور شبہ واقع نہیں ہوا۔ کیونکہ حضرت آدم علیہ السّلام کا محل یہ نہیں کہ اُن سے صدورِ ولادت ہو۔ اور یہ دلیل اُس کے نزدیک ہوگی جس کے نزدیک حضرت آدمؑ کا وجود اور اُن کی تکوین ثابت ہے اور تکوین اُن سے ہے جیسا کہ بیٹا بغیر باپ کے نہیں ہوتا۔ ایسے ہی ماں کے بغیر نہیں ہوتا۔

پس یہ مثلِ معنیٰ کے طریق سے ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام حضرت حوّا سلام اللہ علیہا کی طرح ہیں جب کہ اس امر میں انکار کرنے والوں کا دخل مؤنث ہونے کی حیثیت سے ہے جیسا کہ ہم نے کہا کہ عورت سے اولاد کا محلِ صدور ہے۔ اس لیئے اُن پر تہمت لگائی گئی اور حضرت آدم کے لیئے تشبیہ حضرت مریمؑ کی بریّت حاصل کرنے کے لیئے ہے۔ کیونکہ یہ عادت میں ممکن ہے۔

www.maktabah.org

پس حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا بغیر باپ کے حضرت مریمؑ سے ظہور فرمانا ایسے ہی ہے جیسے حضرت حوّا علیہا السّلام بغیر ماں کے حضرت آدم علیہ السّلام سے ظاہر ہوئیں اور وہ دوسرا باپ ہیں۔ جب حضرت حوّاؑ حضرت آدم علیہ السّلام سے علیحدہ ہوئیں تو حضرت آدم علیہ السّلام کا وہ مقام نکاح کی خواہش سے معمور ہوگیا جس سے تناسل و توالد کے ظہور کا وقوع ہوا۔ حضرت آدم علیہ السّلام کا وہ مقام جہاں سے ہوا خارج ہوتی ہے۔ ہوا خارج ہونے کے وقت حضرت حوّاؑ کا جسم تھا۔ کیونکہ عالم میں خلاء نہیں ہے۔ پس ہوا کے اس جز نے اُس مقام کو طلب کیا جہاں سے حضرت حوّا نے اپنی شخصیت کو اخذ کیا تھا۔

پس حضرت آدم علیہ السّلام نے اُس مقام کی طلب کے لئے حرکت کی تو اُسے حضرت حوّا علیہا السّلام کے ساتھ بھرا ہوا پایا۔ پس آپ اُس مقام پر واقع ہوئے اور جب اُس پر پردہ ڈالا تو وہ حاملہ ہوگئیں اور اولاد کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ چنانچہ بنی آدم وغیرہ سے حیوان ہیں یہ سُنّت بالطبع جاری رہی۔

انسان نُسخۂ عالم ہے

لیکن انسان کلمۂ جامعہ اور نُسخۂ عالم ہے۔ لہٰذا عالم کی ہر چیز اُس کی جزء ہے اور انسان عالم سے کسی ایک چیز کے لئے جز نہیں۔ اس فصل اور اس پہلے منفصل کی ایجاد کا سبب اُس جنس ہیں ہم شکل کے ساتھ اُنس کو طلب کرتا ہے۔ جو خاص الخاص نوع ہے تاکہ عالم اجسام میں طبعی انسانی ملاوٹ کامل صورت کے ساتھ وقوع پذیر ہو۔ جو اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارادہ ہے۔ اور جو قلمِ اعلیٰ اور لوحِ محفوظ سے مشابہت رکھتی ہے اور جسے عقلِ اوّل اور نفسِ کُل سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جب آپ قلمِ اعلیٰ کہیں گے تو اس

www.maktabah.org

اشارہ کو اُس اَمر سے سمجھ لیں جو کاتب اور قصدِ کتابت کو متضمن ہے۔ اس طرح آپ کے ساتھ شارع کے اس قول کا معنیٰ قائم ہوگا۔

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ —— الحدیث

یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا۔

کُن کا درمیانی رابطہ

پھر شارع علیہ السّلام کی عبارت ایجادِ اشیاء کے سلسلہ میں کتابِ عزیز میں ہے۔ جو کُن کہلاتی ہے۔ پس کُن میں دو حرف لائے گئے جو بمنزلہ دو مقدموں کے ہیں اور جو کچھ کُن کے وقت نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔

یہ دو حرف ظاہر ہیں اور تیسرا وہ ہے جو دونوں کے درمیان رابطہ ہے اور کُن میں پوشیدہ ہے اور وہ واؤ محذوف ہے۔ جو ساکنین کی ملاقات کے لئے ہے۔ ایسے ہی جب مرد اور عورت کا ملاپ ہوتا ہے۔ تو قلم کا وجود ظاہر نہیں ہوتا اور وہ ملاپ رحم میں نطفہ غیب ڈال دیتا ہے۔

اِس لئے شارع کی زبان میں نکاح کو راز سے تعبیر کیا گیا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلٰکِنْ لَّا تُوَاعِدُوْھُنَّ سِرًّا

ولیکن عدت کے دوران ان سے پوشیدہ نکاح کا وعدہ نہ کرو

ایسے ہی عند الملاقات دونوں حرکت سے ساکن ہو جاتے ہیں اور اخفاءِ قلم ممکن ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ تیسرا حرف واؤ ساکنین کے لیے کُن سے مخفی ہے کیونکہ اُس کے لئے بلندی ہے اور وہ رفع سے متولد ہوتی ہے اور اُس سے

www.maktabah.org

اشباعِ ضمّہ ہے اور وہ یعنی واؤ حروفِ علّت میں سے ہے جس کا ہم نے ذکر کیا۔

اگر تجھے پیدا نہ کرتا

یہ اُس وقت ہوگا جب مُلک خاص انسان سے عبارت ہوگا۔ کیونکہ ہم جمیع ماسِوا اللہ پر اُس کی سرداری کی طرف نظر کرتے ہیں۔ جیساکہ حدیث کی روایت میں بعض لوگوں کا مذہب ہے۔ چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

لَولَاكَ يا مُحَمّد ما خلقت سماءً ولا ارضًا ولا جنّة ولا نارًا

یا محمدؐ اگر آپ نہ ہوتے تو میں نہ آسمان کو پیدا کرتا اور نہ زمین کو، نہ جنّت کو پیدا کرتا اور نہ دوزخ کو۔

یعنی اپنے سِوا تمام موجودات کا باعث حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو بتایا۔

اور ماسِوا اللہ ہر مخلوق کا ذکر کیا تو موجودِ اوّل سے اِس میں نفسِ کُلیّہ اوّل علیحدہ کرنے والا ہوگا اور وہ عقلِ اوّل ہے اور اِس میں آخری موجودِ آدم سے علیحدہ ہونے والی ہستی حضرت حوّاؑ ہیں۔

اجناسِ عالم کیا ہیں

چنانچہ اجناسِ عالم میں سے آخری موجود انسان ہے۔ اس لئے کہ عالم کی چھ اجناس ہیں اور ہر جنس کے تحت انواع ہیں اور ہر انواع کے تحت انواع ہیں۔

جنسِ اوّل مَلک، دُوسری جِنّ، تیسری معدنیات، چوتھی نباتات اور پانچویں

www.maktabah.org

جنس حیوانات ہے۔ جب کہ فرشتے کی انتہا و تمہید اور استواء ہُوا۔ اور چھٹی جنس انسان ہے اور وہ اس مملکت پر خلیفہ ہے اور وہ آخر میں اس لئے پیدا ہُوا کہ حقیقتاً بالفعل امام ہو نہ کہ صلاحیّت اور قوّت سے۔

اوّل بھی تُو آخر بھی تُو

جب انسان کا وجُود پیدا ہُوا تو اُسے والی اور سلطان بلحوظ پایا گیا۔ اور جب اُس کے جسد کی پیدائش مؤخّر ہُوئی تو اُس کے لئے نائبین مقرر ہُوتے اور اُس کے پہلے نائب اور خلیفہ حضرت آدم علیہ السّلام ہُوتے۔ پھر اُن کی اولاد اور اِتّصالِ تناسل ہُوا اور ہر زمانہ میں خلفا متعیّن ہوتے رہے۔ یہاں تک کہ حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلّم کا جسدِ اطہر پیدا ہُوا۔ تو آپ سُورج کی طرح روشن اور ظاہر و باہر تھے۔ چنانچہ ہر نُور آپ کے درخشندہ نُور میں درج ہوگیا اور ہر حُکم آپ کے حُکم میں غائب ہوگیا اور تمام شریعتیں آپ کی اطاعت گذار ہوگئیں اور باطن سے آپ کی سیادت ظاہر میں آگئی۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

پس آپ ہی اوّل و آخر اور ظاہر و باطن ہیں اور ہر چیز کو جاننے والے ہیں

اوّلین و آخرین کے عالم

آپؐ کا ارشاد ہے کہ مجھے جوامع الکلم یعنی جامع کلمات عطا فرمائے گئے ہیں اور آپ نے فرمایا!

ضرب بيده بين كتفي فوجدت بردانامله بين ثديي
فعلمت علم الاوّلين والاٰخرين ، الحديث ،

www.maktabah.org

یعنی میرے پروردگار نے میرے دونوں کاندھوں کے درمیان تھپکی دی تو میں نے اُس کی اُنگلیوں کی ٹھنڈک اپنی چھاتیوں میں محسوس کی تو میں نے اوّلین و آخرین کے علم کو جان لیا۔

پس آپ کو وہ تخلّق اور نسبتِ الٰہی حاصل ہو گئی جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی ذات کے لئے بیان کی ہے۔

هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ
الحدید آیت ۳

وُہی پہلے ہے۔ وُہی پیچھے ہے۔ وُہی ظاہر ہے وُہی پوشیدہ ہے
وُہی ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

تلوار اور رحمت

اور سورت حدید میں یہ آیت آتی ہے۔

فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ الحدید آیت ۲۵

اور ہم نے لوہے کو نازل فرمایا کہ اس کے اندر شدید ہیبت ہے۔ اور لوگوں کے لئے فائدے بھی۔

اِس لئے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تلوار کے ساتھ مبعوث ہوئے اور رحمتُ للعالمین بنا کر بھیجے گئے۔ اور آپؐ ہر چیز سے علیحدہ ہو گئے اور آپؐ اُس سے ہر چیز کو معمور فرماتے والے ہیں جس سے آپ علیحدہ ہوئے۔

آپؐ کے سائے نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے

جیسا کہ ہم نے کہا کہ عالم میں خلاء باقی نہیں۔ چنانچہ آپؐ کے ظلِّ مبارک نے

www.maktabah.org

اُس جگہ کو معمور فرما دیا۔ جہاں سے آپؐ علیحدہ ہوئے تھے۔ کیونکہ آپؐ کا اتصال نور کی طرف تھا اور وہ نور ظہور کے لیئے ہے۔ چنانچہ جب آپؐ اپنی ذات کے ساتھ نور کے بالمقابل ہوئے تو آپؐ کا سایہ دراز ہو گیا اور اُس نے مقام انفصال کو معمور کر دیا۔ اور وہ اِس علیحدگی سے گم نہیں ہوا۔ اور جس کی طرف منفصل ہوا اسی کی طرف وہ مشہود ہے اور جس سے منفصل ہوا اُس کے لئے بھی وہ مشہود ہے۔

اور اُس کہنے والے کی مُراد کا یہی معنیٰ ہے جس نے کہا۔

شھدتک موجوداً بکلِ مکانٍ ، الحدیث

یعنی۔ میں تیری گواہی دیتا ہوں کہ تجھے ہر جگہ موجود پایا۔

سائے کیوں گھٹتے بڑھتے ہیں

عالم کے اسرار سے یہ بھی ہے کہ اِس دُنیا سے جس چیز کی پیدائش ہو اُس کا سایہ پہلے برابر ہوتا ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے تا کہ وہ ہر حال میں اپنے رَبّ کی عبادت کے ساتھ قائم رہے۔ پیدا ہونے والا خواہ اطاعت گذار ہو یا نافرمان۔ اگر وہ اہلِ موافقت سے ہے تو اُس کا سایہ اور وہ برابر ہوتے ہیں۔ اگر اگر وہ مخالف ہو تو اُس کا سایہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی اطاعت میں اُس کا نائب ہوتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ — الرعد آیت ۱۵

اور اُن کے سائے صبح شام اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکتے ہیں۔

بادشاہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے

سُلطان زمین میں خدا کا سایہ ہوتا ہے۔ کیونکہ اُس کا ظہور اسمائے الٰہیہ

www.maktabah.org

کی اُن تمام صُورتوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ جو عالمِ دُنیا میں اثرات مرتّب کرتی ہیں۔ اور آخرت میں عرش اللہ تبارک و تعالیٰ کا سایہ ہوگا۔ پس سائے حِسّاً اور معناً صُورت کی اتباع کرتے ہیں۔ چُونکہ حِس قاصر ہوتی ہے اِس لیئے صُورتِ معنویہ کے لئے ظِلِّ معنوی کی کی قوّت سے مقوّی نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ مُقیّد نُور کے لیئے استدعا کرتی ہے جب کہ حِس میں قید، تنگی اور عدم وُسعت پائے جاتے ہیں۔ اِس لئے ہم نے ظِلِّ معنوی پر آگاہ کیا ہے۔ شریعت سے حدیث شریف میں وارد ہُوا ہے۔

السُّلطان ظلّ اللّٰہ فی الارضِ ، الحدیث

بادشاہ زمین میں اللہ تعالیٰ کا سایہ ہوتا ہے۔

اِس سے آپ کو معلوم ہو گیا کہ سایوں کے ساتھ مکانات معمُور اور بھرے ہُوئے ہیں۔ یہاں ہم نے اُن گوشوں کا ذِکر کر دیا ہے جو اس باب کے لائق تھے۔ اور مزید وہ اُمر بیان نہیں کیا جس میں طوالت کا خوف اور دِلوں کے رنجیدہ ہونے کا ڈر تھا۔ اور اِس میں ہم نے صاحبِ عقلِ سلیم کے لئے کافی و وافی بیان کر دیا ہے اور یہ تذکرہ اُن اہلِ اللہ کے لئے کیا گیا ہے جو اُس چیز کے ساتھ شاہد و عالم اور مشغول رہنے والے ہیں جو بلند ہے یا اُس چیز کے ساتھ غافل ہیں جو پَست ہے۔ تو وہ ہمارے اِس ذکر کی طرف رجوع کریں گے جو اِس باب میں ناظر کے لئے بیان کیا۔

اہلِ فترت کا حال

فصل :۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے زمانہ کے درمیان جو مرتبۂ عالم ہے۔ وہ اہلِ فترت ہیں اور وہ اُس تجلّی کی حیثیت سے مختلف مرتبوں پر فائز ہیں۔ جو اُن کے لئے علمِ اسماء کے جاننے اور

www.maktabah.org

نہ جاننے سے ہے۔ اُن میں سے حق تعالیٰ کی وحدانیت کے قائل وہ لوگ ہیں جن کے غور و فکر کے وقت اُن کے قلب پر تجلّی واقع ہوتی ہے۔ اور وہ صاحب دلیل ہیں۔ اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے نُور پر تھے جس کا امتزاج اُن کے فکر کے ساتھ تھا۔ تو یہ قیامت کے دِن اُمّتِ واحدہ کی صُورت میں مبعوث ہوں گے۔ جیسا کہ قیس بن ساعدہ اور اُن کی مثل کیونکہ اِن کا ذکر خطبہ میں کیا گیا۔ جس پر یہ دلیل ہے کہ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے مخلوقات کا ذِکر کیا اور اِس میں اِن کا اعتبار کیا۔ اور یہ وہ فکر ہے جس سے وہ اپنے قلب میں اُس نُورِ وِجدان کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی وَحدانیت کو مانتے تھے۔ جسے وہ بغیر فکر و رویّت اور نظر و استدلال کے ہٹانے پر قدرت نہ رکھتے تھے پس وہ اپنے رَبّ کے نُور پر بغیر امتزاج کے خالص تھے۔ اور وہ قیامت کے دن ننگے پاؤں اُٹھائے جائیں گے۔

یہ طبقہ مومنوں کا ہے

اِن میں سے وہ ہیں جن کی ذات میں انفراد ہُوا اور وہ شدّتِ نُورِ صفا کے کشف سے مطلع ہوئے اور اپنے خلوص و یقین کی وجہ سے حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر اور آپؐ کی سرداری پر ایمان لائے اور حضرت آدم علیہ السّلام کے زمانہ سے اُس وقت تک آپؐ کی عام رسالتِ باطنی سے آگاہ ہوئے تو عالمِ غیب میں اور اللہ ربّ العزّت کی شہادت سے آپؐ پر ایمان لائے اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَیَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ ‏ ہُود آیت ۱۷

جو اپنے ربّ کی طرف سے ایک روشن دلیل عقلی پر ہوں اور اِس سے

www.maktabah.org

اُس کی طرف سے ایک گواہ بھی آ چکا ہو۔

چنانچہ اُس کا دِل اُس کے کشف کے مطابق اُس کی صداقت کی گواہی دیتا ہے۔ تو یہ لوگ قیامت کے دن حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے باطن پر محشور ہوں گے۔

یہ لوگ بھی ایمان والے ہیں

اِن میں سے جو لوگ اپنے پہلوں سے ملّتِ حق کی اتباع کرتے ہیں۔ جیسا کہ وہ لوگ جو یہود و نصاریٰ یا ملّتِ ابراہیمؑ کی اِتّباع کرنے والے تھے اور یہ کہ اُسے اُن کے نبی ہونے کا علم دیا گیا ہو، اور وہ جانتا ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک مخصوص گروہ کو حق کی طرف بلانے والے رسُول ہیں اور یہ جان کر اُن اِتّباع کی اور اُن پر ایمان لایا اور اُن کے راستے پر چلا اور اُس چیز کو اپنے اُوپر حرام کیا جو اُس رسُول نے حرام کی تھی اور اپنی ذات کو اُس شریعت کے ساتھ اللہ کی عبادت میں مصروف رکھا۔ اگرچہ یہ اُس پر واجب نہ تھا اس لیئے کہ وہ رسُول علیہ السّلام اُس کی طرف مبعوث نہیں ہوئے تھے۔ تو یہ شخص قیامت کے دن اُس رسُول کی اِتّباع کرنے والوں سے محشور ہو گا۔ اور اُس نبی کی شریعت میں ظاہر ہو گا۔ اور اُس کے زُمرہ میں تمیز کیا جائے گا۔ جب کہ ظاہر میں اُس نے نبی کی شریعت کو اپنے لیئے مقرّر کیا ہو۔

پہلی کتابوں میں آپؐ کا ذِکر پڑھنے والے

اِن میں سے ایسے لوگ ہوں گے جنہوں نے انبیاء علیہم السّلام کی کتابوں میں حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے شرف اور آپؐ کے دِین

www.maktubah.org

کے بارے میں مطالعہ کیا ہوگا۔ اور آپ کی اِتباع کرنے والوں اور آپؐ پر ایمان لانے والوں اور تصدیق کرنے والوں کے ثواب کے بارے میں پڑھا ہوگا۔ اگرچہ وہ پہلے گذرنے والے کسی نبی کی شریعت میں داخل نہ ہو جو مکارمِ اخلاق لایا ہو تو اُس شخص کا حشر بھی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مومنین میں ہوگا۔ نہ کہ عالمین میں۔ ولیکن یہ شخص حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ظاہریت میں ہوگا۔

دوہرے اَجر والے

اِن میں سے وُہ ہے جو اپنے نبی کے ساتھ ایمان لایا۔ اور حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ دیکھا تو آپؐ کے ساتھ بھی ایمان لایا تو اُس کے لئے دوہرا اَجر ہوگا۔ اور یہ تمام لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سعادت مند ہیں۔

بَدبخت اہلِ فترت

اِن میں سے جو معطّل ہوگا تو وہ نظرِ قاصر سے وجُود کے ساتھ اقرار نہیں کریں گے۔ یہ قصُور اُس کی نظر کے ساتھ اُس کی انتہائی قوّت کی طرف ہے جو اِس کے علاوہ قوّت سے کمزوری کے لیئے اُس کے مزاج میں ہے اور اِن میں وُہ ہے جو نظر سے نہیں بلکہ تقلید سے معطّل ہوگا۔ تو یہ مطلق شقی اور بدبخت لوگ ہیں۔

یہ بھی بَدبخت ہیں

اور اِن میں سے اَیسے لوگ ہیں جنہوں نے طریقِ حق میں خطائے نظری سے

www.maktabah.org

شرک کیا۔ باوجودیکہ وہ اِس بات کی کوشش کرتے تھے کہ اِس کی قوت عطا کی جائے۔

اِن میں سے بعض نے شرک کیا۔ اگرچہ استقصائے نظر سے نہ ہو تو یہ بھی شقی اور بدبخت ہیں۔

اِن میں سے بعض نے تقلیداً شرک کیا تو یہ بھی شقی اور بدبخت ہیں۔ اور اِن میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے اپنی نظر کی پہنچ تک اثباتِ حق کیا اور بعد میں معطّل ہو گئے۔ جس میں جو انتہائی قوت ہے وہ اِس پر ضعف کے لئے ہے۔ اِن میں سے وہ ہیں کہ اُن پر تحقیقِ نظر یا تقلید کے بغیر اثباتِ حق ہُوا اور وہ اِس کے بعد معطّل ہو گئے۔ تو یہ بھی شقی اور بدبخت ہیں۔

یہ تمام مراتب اہلِ فترت کے ہیں جن کا ذکر ہم نے اِس باب میں کیا۔

اَلحمدُ للہ دسویں باب کا ترجمہ تمام ہُوا۔

---

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

گیارھواں باب

ہمارے بلند باپوں اور سفلی ماؤں کی معرفت کا بیان

أنا ابن آباء أرواح مطهـرة	وأمهات نفوس عنصريات
ما بين روح وجسم كان مظهرنا	عن اجتماع بتعنيق ولذات
ما كنت عن واحد حتى أوحده	بل عن جماعة آباء وأمات
هم للازله اذا حققت شأنهمو	كصانع صنع الاشياء بآلات
فنسبة الصنع للنجار ليس لها	كذاك أوجدنا رب البريات
فيصدق الشخص في توحيد موجده	ويصدق الشخص في اثبات علات
فان نظرت الى الآلات طال بنا	اسناد عنعنة حتى الى الذات
وان نظرت اليه وهو يرحدنا	فلنا بوحدته لا بالجماعات
أني ولدت وحيد العين منفردا	والناس كلهمو أولاد علات

میں آبا ارواحِ مطہرہ اور اُمّہاتِ نفوسِ عنصریات کا بیٹا ہوں۔

جو رُوح و جسم کے درمیان ہے۔ وہ اجتماعِ معانقہ اور لذات سے ہمارے ظہور کا مقام ہے۔

میں ایک سے نہیں ہوں کہ اُسے ایک کہوں بلکہ آباؤ و اُمّہات کی ایک جماعت سے پیدا ہوا ہوں۔

www.maktabah.org

اگر اُن کے حال کی تحقیق کریں تو وہ اللہ تعالیٰ کے لئے اَیسے کاریگر ہیں۔ جو اشیأ کو آلات کے ساتھ گھڑتا ہے۔

نجار کے لئے نسبتِ صنعت اُن چیزوں پر نہیں۔ اَیسے ہی ہمیں ربّ البریات نے پیدا فرمایا ہے۔

شخص کا وجُود اپنے مُوجد کی توحید کا مُصدق ہے اور شخص کی تصدیق علّات کے اثبات میں ہے۔

اگر آلات کو دیکھیں گے تو ذات کی طرف اسناد لانے میں ہمارے ساتھ طوالت ہوگی۔

اگر اُس کی طرف نظر کرے گا تو اُس نے ہمیں پیدا کیا ہے۔ ہم اُس کی وحدانیّت بیان کرتے ہیں جماعتوں کے ساتھ نہیں۔

میں وحید العین اکیلا پیدا ہُوا ہُوں اور تمام لوگ عَلّات کی اولاد ہیں۔

علوی باپ سِفلی مائیں

اللہ تعالیٰ آپ کی اِمداد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ چُونکہ اِس عالم کا مقصُود انسان ہے اور وہ اس عالم کا امام ہے۔ اِس لئے ہم نے آباؤ اُمّہات کی طرف اضافت کی تو ہم نے کہا۔ ہمارے باپ عُلویّات اور مائیں سِفلیات ہیں۔

تو ہر مؤثر اِس میں ماں ہے۔ اِس باب کے لئے یہی وہ ضابطہ ہے اور اِس اثر سے دونوں کے درمیان متولّد ہونے والے کا نام بیٹا ہے اور علُوم کے نتائج میں اَیسے ہی معانی پائے جاتے ہیں۔ وُہ دو مُقدّموں کے ساتھ ہے۔ ایک سے دُوسرے کا نکاح اُس ایک فرد کے ساتھ ہے جو اِس میں تکرار کرتا ہے اور وہ رابطہ ہے۔ اور یہی نکاح ہے

www.maktabah.org

جس سے دونوں کے درمیان نتیجہ کا صدور ہوتا ہے اور یہی مطلوب ہے۔

پس تمام ارواح باپ ہیں اور طبیعت ماں ہے۔ اس لئے وہ محلِ استحالات ہوتی ہیں اور یہ ارواح اُن ارکان پر متوجہ ہوتے ہیں، جو عناصر تغیّر اور استحالہ کے قابل ہوتے ہیں۔ اس میں مولدات ظاہر ہوتے ہیں اور یہ معدنیات و نباتات حیوانات و جنّات ہیں۔ اِن سب سے کامل انسان ہے۔

چار عورتوں سے نکاح کیوں؟

ایسے ہی ہماری شریعت تمام شریعتوں سے کامل تر آئی ہے۔ اس حیثیت سے کہ وہ تمام حقائق کو اُٹھانے والی اور جاری کرنے والی ہے۔ پس یہ جامع کلمات لائی ہے اور چار عورتوں کے نکاح پر کفایت کی ہے۔ اور اس سے زیادہ طریقِ نکاح موقوفِ عقد پر حرام ہوگی۔ مگر اس میں ملکِ یمین داخل نہیں اور اُس پانچویں امر کے مقابلہ میں ملکِ یمین مُباح ہے جس کی طرف بعض عُلمآ گئے ہیں۔

اس لئے عالمِ طبیعت سے چار ارکان ہیں اور عالمِ عُلوّی سے چار کے ساتھ اِن کا نکاح ہے۔ اِن چاروں کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے پیدا فرماتا ہے۔ جو اِن میں سے پیدا ہوتا ہے۔

اصل کیا ہے

اس میں چھ مختلف مذاہب ہیں۔ ایک طائفہ کا گمان ہے کہ اِن چاروں میں سے ہر چیز فی نفسہٖ اصل ہے۔

ایک طائفہ کہتا ہے: آگ رکن ہے اور وہ اصل ہے۔ اور اس سے

www.maktabah.org

جو کثیف چیز ہے وُہ ہَوا ہے اور جو ہَوا سے کثیف ہے وُہ پانی ہے اور جو پانی سے کثیف ہے وُہ مٹی ہے۔

ایک طائفہ کہتا ہے کہ ہَوا رُکن کی اصل ہے۔ اور ہَوا سے جو گرم ہے وہ آگ ہے اور جو اِس سے کثیف ہے وُہ پانی ہے۔

ایک طائفہ کہتا ہے کہ پانی رُکن ہے اور وُہ اصل ہے۔

ایک گروہ کہتا ہے کہ مٹی رُکن ہے اور وُہ اصل ہے۔

ایک گروہ کہتا ہے کہ وُہ پانچواں اَمر اصل ہے۔ جو اِن چاروں میں سے نہیں۔ اور وُہ یہ ہے۔ جیسے ہم نے بمنزلہ ملکِ یمین کے مقرّر کیا ہے۔

پس ہماری شریعت نکاح میں تمام مذاہب سے کامل تر ہے اور یہ مذہب پانچویں اَصل کے ساتھ ہے۔ جب کہ ہمارے نزدیک یہی اَصل ہے اور اِس کا نام طبیعت ہے۔ کیونکہ طبیعت معقولِ واحد ہے اور اِس سے آگ کا رُکن اور جمیع ارکان ظاہر ہوتے ہیں۔

ارکان کی مُنافرت

کہتے ہیں کہ آگ کا رُکن طبیعت سے ہے۔ اور وُہ اِس کا عین نہیں اور یہ نادرُست ہے کہ وہ عینِ اربعہ کو جمع کرنے والا ہے۔ کیونکہ بعض ارکان کی ایک دُوسرے سے کُلّی طور پر منافرت ہے۔ اور بعض ایک دُوسرے سے کِسی ایک اَمر میں نفرت کرتے ہیں۔ جیسا کہ آگ اور پانی تمام وجُوہ سے ایک دُوسرے سے نفرت کرتے ہیں اور ایسے ہی ہَوا اور مٹی کا حال ہے۔

اِس لیئے اللہ تبارک وتعالیٰ نے وجُود میں حُکمیہ طور پر محالات کو مُرتّب کیا ہے۔ پس اگر ایک نفرت کرنے والے کو دُوسرے نفرت کرنے

www.maktabah.org

والے کا ہمسایہ بنا دیا جائے تو اُس کی طرف استحالہ ہو جاتا ہے۔ اور حکمت باطل ہو جاتی ہے۔

نفرت کیسے دُور کی

پس ہَوا کو آگ کے رُکن کے ساتھ ملایا اور دونوں کے درمیان حرارت کا اجتماع ہے، پانی کو ہَوا کے ساتھ ملایا اور دونوں کے درمیان رطوبت کا اجتماع ہے۔ مٹی کو پانی کے ساتھ ملایا اور دونوں کے درمیان ٹھنڈک کا اجتماع ہے۔

چنانچہ باپ مُستحیل کرنے والا اور ماں مُستحیل ہے۔ اور استحالہ نکاح ہے۔ اور جس کی طرف استحال ہوتا ہے وہ بیٹا ہے۔ پس کلام کرنے والا باپ، سُننے والی ماں اور تکلّم کا نام نِکاح ہے۔ اور سُننے والے کے فہم میں اس سے بیٹا موجود ہے۔

پس ہر باپ علوی ہے۔ کیونکہ وہ مؤثّر ہے۔ اور ہر ماں سفلی ہے کیونکہ اُس میں اثرات مرتّب ہوتے ہیں۔ اور دونوں کے درمیان ہر نسبتِ معیّنہ نکاح اور توجّہ ہے۔ اور ہر نتیجہ بیٹا ہے اور یہاں متکلّم کے قول کو سمجھتا ہے جس سے اُس کے قیام کا ارادہ کرتا ہے۔ تو قُم کہتا ہے۔ تو لفظِ "قُم" کے اثر سے قیام کے ساتھ مُراد قائم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ سُننے والا قائم نہیں ہوتا اور بلاشک وہ ماں ہے۔ تو وہ بانجھ ہے۔ اور جب بانجھ ہو گی تو اس حالت میں ماں نہیں ہو گی۔

www.maktabah.org

باپ باپوں میں ماں ماؤں میں ساری ہیں

یہ باب اُمہات کے لئے مخصوص ہے۔ عالم علویہ سے پہلا باب معلوم ہے اور عالم سفلیہ سے پہلی ماں معدوم ممکن شئے ہے، پہلا نکاح قصد امر کے ساتھ ہے اور یہ پہلا بیٹا اُس شئے کا وجودِ عین ہے جس کا ہم نے ذکر کیا۔

یہ باپ باپوں میں اور یہ ماں ماؤں میں سرایت کئے ہوتے ہے اور یہ نکاح ہر چیز میں ساری ہے اور نتیجہ دائمی ہے اور ظاہر وجود کے حق میں منقطع نہیں ہوتا۔ ہمارے نزدیک اس کا نام تمام ذریتوں میں جاری و ساری نکاح ہے۔ ہم نے جو کہا اس پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد دلیل ہے۔

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰہُ اَنْ نَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ
النحل آیت ۴۰

جس چیز کا ہم ارادہ کرتے ہیں۔ تو اُس سے یہی فرماتے ہیں۔ ہو جا۔ تو وُہ ہو جاتی ہے۔

ہمارے لئے اس میں ایک بزرگ کتاب ہے۔ جسے دیکھنے والا بینائی سے محروم ہو جاتا ہے۔ تو جو پہلے ہی نابینا ہوں اُن کی حالت کیسی ہوگی۔

یہ ایک اَمرِ عظیم ہے

اگر آپ اس مقام کو اور ان اسماء الٰہیہ کے اعلام کی توجیہات کو دیکھیں گے تو ایک امرِ عظیم کو دیکھیں گے اور ایک عظیم الشان مقام کا مشاہدہ کریں گے۔ پس عارف اس مقام کو اللہ تبارک و تعالیٰ کی تنزیہہ اور اُس کے پہلے اور بعد اُس کی صنعتِ جمیل ہے۔

پس ہم نے آپ کے روشن فہم اور صائب نظر کی طرف ساری پہلے باپ کا اشارا کیا ہے اور وہ اسم جامع اعظم ہے جس کی زبر، زیر اور پیش

www.maktabah.org

کے حکم میں تمام اسماء اُس کی اتباع کرتے ہیں۔ اور پہلی اور آخری ماں تمام بیٹوں میں مؤنث کی نسبت میں ساری ہے۔ پس ہم اِن آباء و اُمّہات کے حق میں وضعِ الٰہی کے ساتھ جو اسباب موضوعہ ہیں۔ اُن کا آغاز کرتے ہیں اور اُس بیان کو شروع کرتے ہیں جو اِن دونوں کے اتّصال سے حسّی اور معنوی نکاح کے ساتھ مشروع ہے۔ یہاں تک کہ اُن کے بیٹے تناسلِ انسانی کی طرف اصل تک حلال بیٹے ہوں اور وہ دُوسری نوع ہوگی اور وہ قصدِ تعیّن کے ساتھ پہلا مبدع ہے۔

قلمِ اعلیٰ پہلے پیدا ہوئی ہے

ہم کہتے ہیں کہ وہ عقل ہے جو سب سے پہلے پیدا ہوئی اور وہ قلمِ اعلیٰ ہے اور اس کے علاوہ کوئی چیز پیدا نہ کی گئی تھی اور وہ لوحِ محفوظ کے اُٹھانے سے اِس میں مؤثر تھی جسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے پیدا فرمایا تھا۔ جیساکہ اجرام میں حضرت آدم علیہ السّلام سے حضرت حوّا علیہا السّلام کو اُٹھایا گیا تھا۔ تاکہ یہ لوح وہ مقام و محل ہو جس میں اِس قلمِ اعلیٰ الٰہیہ سے لکھا جائے اور دلالت کے لئے اُن حروفِ موضوعہ کو رقم کیا جائے جنہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس پر دلائل بنایا ہے۔ پس لوحِ محفوظ اُٹھایا جانے والا پہلا موجود ہے۔

شریعت میں وارد ہوا ہے کہ سب سے پہلے اللہ تبارک وتعالیٰ نے قلم کو پیدا فرمایا۔ پھر لوح کو پیدا فرما کر قلم کو حکم فرمایا۔ لکھ دے۔ قلم نے کہا۔ کیا لکھوں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا! لکھ اور میں تجھ پر اِملاء کرتا ہوں۔ پس قلم نے لوح پر خط کشید کیا جس پر حق نے اِملاء کروائی اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا خلقت کے بارے میں علم تھا جو قیامت تک پیدا ہوگا۔ پس قلم اور لوحِ محفوظ کے درمیان نکاح معنوی معقول اور اثرِ حسّی مشہود ہوا۔ ہمارے نزدیک

www.maktabah.org

یہاں تحریر کردہ حروف کا عمل ہے اور اُس مادہ دافق کی مثل اثر ہے جو لوح میں ودیعت کیا گیا جو مؤنث کے رحم میں حاصل ہوتا ہے اور ان حروفِ جرمیہ میں جو اِس کتابت کے ساتھ ودیعت کئے گئے۔ معانی سے ظاہر ہوتا ہے۔ بمنزلہ اُن کے اجسام میں ودیعت کی گئی۔ اولاد کے اَرواح کے لیئے۔ پس اس پر غور کریں۔ اللہ تعالیٰ حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

سنگریزوں کا تسبیح پڑھنا

اِس لوحِ عاقل میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اُس کی طرف وحی ہونے والا حق مقرر فرمایا اور وہ اُس کی حمد کی تسبیح بیان کرنے لگی جس کی تسبیح کو سمجھا نہیں جا سکتا۔ سوائے اس کے کہ اُسے اللہ تبارک وتعالیٰ جانتا ہے یا وہ جان سکتا ہے جس کی سماعت کو اللہ تعالیٰ کھول دے جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی خدمت میں حاضر ہونے والے صحابہ کرام کی سماعت کو کھول دیا تھا کہ انہوں نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طیّب وطاہر کفِ دست مبارک میں سنگریزوں کی تسبیح کو سن لیا۔

ہم کہتے ہیں کہ اُن کی سماعت کو کھولا گیا تھا۔ ورنہ کنکریوں کو جب سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ وہ ہمیشہ سے اپنے مُوجد کی تسبیح وتحمید میں مصروف ہیں تو یہ ادراکِ سمعی خرقِ عادت سے تھا نہ کہ اِس میں۔

دو صِفات ہیں

پھر اللہ تعالیٰ نے اِس میں دو صِفات پیدا فرمائیں۔ ایک صِفت علم ہے

www.maktabah.org

اور دوسری صفت عمل ہے۔ پس صفت عمل کے ساتھ اُس سے عالم کی صُورتوں کو ظاہر فرمایا۔ جیسا کہ نجّار کے عمل کے وقت آنکھ کے لیے تابوت کی صُورت ظاہر ہوتی ہے پس اِس کے ساتھ صُورتیں عطا ہوتی ہیں۔

صُورتوں کی قسمیں

صُورتوں کی دو قسمیں ہیں۔ صُوَرِ ظاہرہ حِسّیہ اور یہ اجرام اور وہ اشیاء ہیں جو اُن کے مُتّصِل حِسّ کے ساتھ ظاہر ہوتی ہیں جیسا کہ اشکال و اَلوان اور اکوان، یعنی شکلیں، رنگ اور عوالم۔

نمبر دو۔ صُوَرِ باطنیہ معنویہ غیر محسُوسہ۔ اور یہ وہ ہیں جن میں علوم و معارف اور اِرادے ہیں۔ اور آپ کے لئے جو ظاہر ہے اِنہی دو صِفتوں سے ظاہر ہے۔

چنانچہ جو صُورتیں صفتِ علامت ہیں وہ باپ ہے کیونکہ وہ مؤثر ہے اور صفتِ عاملہ ماں ہے۔ کیونکہ اُس میں مؤثر ہے اور ایسی صُورتیں ظاہر ہوتی ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

مہندس کا نجّار کو سمجھانا

نجّار مہندس جب عالم ہو اور کام کو اچھّی طرح نہ جانتا ہو تو وہ اُس کام کو اُس کے سپرد کر دیتا ہے جس کے بارے میں اُس نے اچھّا کام کرنے والا سُن رکھا ہو اور یہ القاءِ نکاح ہے۔ پس مہندس کا کلام باپ ہے اور سامع کو قبول کرنا ماں ہے۔ پھر سامع کا عِلم باپ اور اُس کے جوارح ماں ہوتے ہیں۔

اگر آپ چاہیں تو کہہ لیں کہ مہندس باپ ہے اور وہ کاریگر جو نجّار ہے ماں ہے۔ اِس حیثیت سے کہ اُسے مہندس کی طرف سے یہ اَمر حاصل ہُوا ہے

www.maktabah.org

چنانچہ جب اُس میں اثر ہُوا تو مہندس کی قوت نفسِ نجار میں نازل ہو گئی اور نجّار کے لئے اُس کی باطنی صُورت ظاہر ہو گئی جس سے مہندس نے اُس کی طرف ڈالا تھا۔ اور اُس کے خیال کے وجُود میں قائمہ ظاہرہ حاصل ہُوا جو اُس کے لئے بمنزلہ اُس بیٹے کے ہے جو مہندس کی طرف سے اُس کے لئے اُس کا فہم پیدا ہُوا۔

پھر نجّار کا عمل باپ ہے اور لکڑی میں جو اُس کی کاریگری ہے۔ وہ اُن آلات کے ساتھ ماں ہے جس کے ساتھ نکاح واقع ہُوا۔ یہ قدوم کے ساتھ ہر ضرب کا اثر ہے یا منشار یعنی آری کے ساتھ کاٹنا ہے اور نجّار کی کاٹی ہُوئی چیز پر قطع و فصل اور جمع صُورتوں کے پیدا کرنے کے لئے ہے۔ پس تابُوت یعنی صندوق ظاہر ہُوا، جو خارج حِس کے لئے بمنزلہ بیٹے کے پیدا ہونے کے ہے، ایسے ہی آباؤ اُمہات وابناء اور کیفیّتِ انتاج پر غور فرمائیں۔

کِس وجہ سے باپ ہے

ہر وُہ باپ جس کے پاس صفتِ عمل نہیں وہ اس وجہ سے باپ نہیں اگر وہ عالم ہوتا اور کلام یا اشارہ کے ساتھ آلۂ توصیل کو منع کرتا۔ تاکہ انہدام واقع ہو اور وہ عامل نہیں تو تمام وجوہ سے باپ نہیں ہوگا اور وہ ماں ہوگی اِس لئے کہ اُس کی ذات میں علوم کا حصُول اُس کے علاوہ ہے کہ جنین میں رُوح ماں کے پیٹ میں پیدا نہیں ہوتی یا اپنی ماں کے پیٹ میں مر جاتا ہے تو اُس کی ماں کی طبیعت تصرّف کی طرف مستحیل کرتی ہے اور اُس کی عین ظاہر نہیں ہوتی۔ پس غور فرمائیں۔

---

www.maktabah.org

پہلی ماں جڑواں ہے

اِس کے بعد کہ آپ ممکنات میں سے دوسرے باپ کو جان چکے ہیں اور وہ ماں ہے اور وہ قلمِ اعلیٰ کے لئے دوسری ماں ہے جس سے اُس کی طرف القاءِ اقدس سے ڈالا گیا وہ رُوحانی طبیعت اور ہباء ہے۔

پس پہلی ماں جڑواں پیدا ہُوئی تو جو پہلے ڈالا گیا وہ طبیعت ہے پھر اس کی اِتباع ہباء نے کی تو طبیعت اور ہباء ایک باپ اور ایک ماں کے یہ بہن بھائی ہیں پس طبیعت کی ہباء سے مناکحت ہُوئی تو دونوں کے درمیان جسمِ کلّی کی صُورت پیدا ہُوئی اور وہ پہلا ظاہر جسم ہے۔ پس طبیعت باپ ہے کیونکہ وُہ مؤثر ہے اور ہباء ماں ہے جس میں اثر ظاہر ہُوا اور اِس کا نتیجہ جسم ہے

نزولِ توالد

پھر مخصوص ترتیب پر عالم میں مٹّی کی طرف نزولِ توالد ہُوا جس کا ذکر ہم نے اپنی کتاب میں کیا جس کا نام "عقلتہ المستوفز" ہے۔ اِس میں اِس امر کا طویل بیان ہے جس کی اِس باب میں گنجائش نہیں۔ کیونکہ ہماری غرض اختصار ہے اور ہم مرکز کے ساتھ نہیں کہتے بلکہ ہم نہایتِ ارکان کے متعلق کہتے ہیں اور بڑا رکن چھوٹے کو جذب کر لیتا ہے۔ اس لئے آپ دیکھتے ہیں کہ بخار اور آگ دونوں بلندی کو طلب کرتے ہیں اور اُس جیسی چیزیں پستی کو طلب کرتے ہیں۔ تو جہات مختلف ہوگئیں اور یہ اَمر دونوں سے اُن کی استقامت پر ہے۔ یعنی وُہ بلندی اور پستی کو طلب کرتے ہیں۔

---

www.maktabah.org

مرکز کون ہے

کیونکہ مرکز کا قائل کہتا ہے کہ یہ معقول اور دقیق امر ہے جیسے ارکان طلب کرتے ہیں۔ اگر دائرہ کے لئے مٹی نہ ہوتی تو مرکزیت پانی کے لئے ہوتی۔ اور اگر پانی کے لئے مرکز نہ ہوتا تو ہوا سے ہوتا۔ اور اگر ہوا کا دائرہ نہ ہوتا تو مرکز آگ کے لئے ہوتا۔ جیسا کہ مرکز کا قائل کہتا ہے اگر یہ ہوتا تو ہم دیکھتے کہ بخار پستی کو طلب کرتا ہے۔ جب کہ حس اس کے غلاف گواہی دیتی ہے۔ اس فصل کو ہم نے اپنی کتاب "المرکز" میں بیان کیا ہے اور وہ ایک لطیف جزء ہے۔ ہم نے جب کبھی اس کا ذکر اپنی کتابوں میں کیا ہے تو کرّوں سے نقطہ کی مثال کی جہت سے کیا ہے جس سے محیط پیدا ہوا۔ اس لئے کہ اس میں ہماری غرض معارف الٰہیہ اور نسبتوں کے متعلق ہے۔ کیونکہ نقطہ سے دائرہ کی طرف نکلنے والے خطوط برابر ہوتے ہیں تاکہ نسبتوں کو برابری حاصل رہے اور وہاں فضیلت واقع نہ ہو۔ کیونکہ اگر تفاضل واقع ہوگا تو مفضول کے نقص کی طرف لوٹے گا اور امرِ واقعی ایسا نہیں ہے۔ ہم نے اُسے عنصرِ اعظم مقرر کیا ہے اور اس پر آگاہ کیا ہے کہ بڑے کا حکم چھوٹے پر ہوتا ہے اور ہم نے اپنی کتاب "عقلۃ المستوفز" میں مشارٌ الیہ کا ذکر کیا ہے۔

دِنوں کی پیدائش

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِن افلاک علویہ کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا اور فلکِ اوّل کے ساتھ دِنوں کو پیدا فرمایا اور دوسرے فلک کے ساتھ اس کی عین بنائی جس میں بصارتوں کے لئے کواکب ثابتہ ہیں۔

www.maktabah.org

پھر مٹی، پانی، ہوا اور آگ کے ارکان پیدا فرمائے پھر آسمانوں کو سات طبقات پر راست فرمایا اور اُنہیں ہر ایک کو حدّت سے پھاڑ کر الگ الگ کر دیا جب کہ پہلے وہ دُھواں تھے اور زمین کو سات زمینوں کی طرف پھاڑا۔ پہلا آسمان پہلی زمین کی طرف اور دوسرا آسمان دوسری زمین کی طرف بنایا۔ یہاں تک کہ ساتوں آسمان ساتوں زمینوں کی طرف بنائے اور پانچ پیچھے رہنے والے ستارے پیدا فرمائے ہر آسمان میں ایک ستارہ ہے اور چاند کو پیدا فرمایا اور ایسے ہی سُورج کو پیدا فرمایا اور سُورج کی تخلیق سے دن اور رات پیدا فرمائے۔ دن موجُود تھا تو اس سے اہلِ زمین کے لیے نِصف دن مقرر فرمایا اور وہ طلوعِ آفتاب سے غروب آفتاب تک ہے اور نِصف دن کو رات بنایا اور وہ غروبِ آفتاب سے طلوعِ آفتاب تک ہے۔

یوم مجمُوع سے عبارت ہے اس لئے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ اِن کے درمیان ہے کو چھ دِن میں پیدا فرمایا کیونکہ فلک برُوج کی حرکت کے وجُود کے ساتھ ایّام موجُود تھے۔ اور ہمارے نزدیک یہی ایّام معرُوف ہیں۔

دِنوں کی مُدّت

اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ عرش اور کرُسی کو پیدا فرمایا۔ بلکہ فرمایا۔ مَیں نے آسمانوں اور زمین کو چھ روز میں پیدا فرمایا۔ جب فلکِ برُوج کے دائرہ کا پہلا دَور ہوتا ہے تو یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا۔ پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے وجودِ آفتاب کے نزدیک دن اور رات کو پیدا فرمایا نہ کہ ایّام کے وجُود سے، چنانچہ رات اور دن میں جو کمی بیشی ہوتی ہے وہ ساعتوں میں نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ چوبیس ہیں اور یہ

www.maktabah.org

منطقۂ بروج میں حلولِ آفتاب کے لئے ہے اور یہ ہماری طرف نسبت کے ساتھ حمائل ہے اِس میں میلان ہے۔

جب آفتاب منازلِ عالیہ میں ہوتا ہے تو دن کہیں بھی ہو لمبا ہوتا ہے اور جب آفتاب منازلِ نازلہ میں ہوتا ہے تو خواہ کہیں ہو دِن چھوٹا ہو جاتا ہے اور ہم نے سُورج کا کہیں بھی ہونا اِس لئے کہا ہے کہ جب ہمارے نزدیک رات لمبی ہوتی ہے تو ہمارے علاوہ یعنی دُوسری جگہ پر رہنے والوں کے لئے دن لمبا ہوتا ہے تو اُن کی نسبت کے ساتھ آفتاب منازلِ عالیہ میں اور ہماری نسبت کے ساتھ منازلِ نازلہ میں ہوتا ہے۔ جب ہمارے نزدیک دن چھوٹا ہے اُن کے نزدیک رات لمبی ہوتی ہے اِس لئے ہم نے اِس کا ذکر کیا۔

پس دِن بعینہٖ وُہی دن ہے جو چوبیس گھنٹوں کا ہوتا ہے اور اعتدال کے مُقام پہ نہ زیادہ نہ کم نہ بڑا نہ چھوٹا، تو یہ وُہ حقیقتِ یوم ہے اور حقیقتِ اصطلاح کے حُکم کے ساتھ دِن کا نام ایک یوم رکھا جاتا ہے تو اس پر غور کریں اور سمجھیں۔

دِن اور رات کا نام یوم ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس دن اور رات کا نام یوم مقرر فرمایا ہے اور اِس رات اور دِن کے زمانہ کا نام یوم ہے۔ جِس زمانہ میں یہ دونوں موجود ہوتے ہیں اِن دونوں کا نام باپ اور ماں رکھا۔ کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ ان دونوں میں پیدا کرتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ

جیسا کہ حضرت آدم علیہ السّلام کے حق میں فرمایا۔

فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ

www.maktabah.org

چنانچہ جب رات دن پر پردہ ڈالتی ہے تو رات باپ اور دن ماں ہوگا۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ دن میں جو کچھ پیدا فرماتا ہے وہ بمنزلہ اولاد کے ہوگا جسے اُس عورت نے جنا اور جب دن رات پر پردہ ڈالتا ہے تو دن باپ ہوگا اور رات ماں ہوگی اور جو کچھ اللہ تبارک وتعالیٰ نے رات کے زمانہ میں پیدا فرمایا۔ وہ بمنزلہ اُس اولاد کے ہے جسے ماں جنتی ہے۔

یہ فصل ہم نے کتاب "الشان" میں بیان کی ہے۔ اس میں ہمارا کلام اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے۔ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ۔ اگر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں ایام کی ایک طرف شافی معرفت عطا فرمائی تو ہم انشاءاللہ تعالیٰ اس کتاب میں اسے بیان کریں گے۔ ایسے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

دن اور رات کی مناکحت

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ — الحج آیت ۶۱

رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے

اس فرمان میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے رات اور دن کی مناکحت کو زیادہ سے زیادہ وضاحت سے بیان فرمایا ہے۔ اور دوسری آیت ہے۔

لَهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ — یٰسین آیت ۳۷

اُن کے لئے رات ہے ہم اُس سے دن کو نکالتے ہیں

اس آیت میں یہ ہے کہ رات ماں ہے اور دن اس سے پیدا ہوا ہے اور مولود ماں سے نسلخ ہے۔ جب اُس سے نکلتا ہے اور سانپ اپنی کینچلی سے باہر آتا ہے تو پیدا ہونے والا دن اُس دوسرے عالم میں ظاہر ہوتا ہے جو اُس عالم کے علاوہ ہے جس پر رات حاوی ہے اور وہاں دن باپ ہوگا۔

www.maktabah.org

جس کا ہم نے ذکر کیا۔ اِسے ہم نے اپنی کتاب "الزمان ومعرفت الدھر" میں بیان کیا ہے۔

دونوں ماں بھی ہیں اور باپ بھی

یہ رات اور دن ایک وجہ سے دو باپ اور ایک وجہ سے دو مائیں ہیں اور اِن دونوں کی گردش و تصریف کے وقت ارکانِ عالم میں اللہ تبارک و تعالیٰ جو اِن دونوں میں پیدا فرماتا ہے وہ رات اور دن کی اولاد ہے جیسا کہ ہم نے مقرر کیا۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے تکوین کے لئے تمام اجرامِ عالم کو قابل پیدا فرمایا۔ تو اِس میں ایک حد مقرّر فرمائی جو آسمانِ دُنیا کے مقعر سے زمین کے اندر کی طرف ملی ہوئی ہے۔ عالمِ طبیعت و استحالات اور اُن اعیان کا ظہور جو استحالات کے وقت پیدا ہوتے ہیں اُسے بمنزلہ ماں کے مقرّر فرمایا اور آسمانِ دُنیا کے مقعر فلک سے دُوسرے افلاک کی طرف بمنزلہ باپ کے ہے اور اُس میں منزلیں مُقرّر فرمائیں اور اُسے انوارِ ثابتہ اور سالجہ سے مُزیّن فرمایا۔ پس سالجہ ثابتہ میں منزل قطع کرتا ہے اور ثابتہ اور سالجہ تقدیرِ عزیز کے ساتھ فلکِ محیط میں منازل قطع کرتے ہیں۔

اِس کی دلیل یہ ہے کہ اہرامِ مِصر کی تاریخ میں قلم سے لکھا ہُوا ہے کہ اِن اہرام کو اُس وقت بنایا گیا جب برُجِ نسر برُجِ اسد میں تھا اور اِس میں شک نہیں کہ اِس وقت برُجِ جدی میں ہے۔ ہم نے ایسا ہی اِدراک کیا اور جانا ہے۔

چاند اور سُورج کی گردش

www.maktabah.org

یہ اُمر دلالت کرتا ہے کہ کواکب ثابتہ برُوجِ اطلس کی منازل قطع کرتے ہیں۔ اللہ

تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ

یٰسین آیت ۳۹

اور ہم نے چاند کے لئے منزلیں مقرر کی ہیں۔

اور کواکب کے حق میں فرمایا۔

وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ

یٰسین آیت ۴۰

اور ہر ایک فلک میں تیرتا پھرتا ہے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا!

وَالشَّمْسُ تَجْرِىْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا

یٰسین آیت ۳۸

اور سورج اپنے ایک مستقر پر چلتا ہے۔

اور یہ بھی پڑھا جاتا ہے لَا مُسْتَقَرَّ لَهَا یعنی اُس کے لئے مستقر نہیں اور ہر دو قرآت میں تنافر نہیں۔ پھر فرمایا۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

یٰسین آیت ۳۸

یہ اندازہ زبردست جاننے والے کا ہے۔

اور چاند کے حق میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اِس ارشاد کی طرف دیکھیں کہ اُس نے چاند کی منازل کا اندازہ کر رکھا ہے اور فرمایا۔

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا

یٰسین آیت ۴۰

www.maktabah.org

ترجمہ: "نہ سورج کی مجال ہے کہ چاند کو پکڑے اور نہ رات دِن سے پہلے آسکتی ہے اور ہر ایک آسمان کے دائرہ میں تیرتا پھرتا ہے۔"

یعنی دائرے کی چیز میں ہے اور اِن انوار کے لئے جن کا نام کواکب ہے ارکان کے ساتھ اتّصال کرنے والی شعاعیں مُقرّر کی گئیں۔ اس کے اتّصالات کا قیام آباء کا اُمّہات کے ساتھ نکاح کی صورت میں ہے۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ عالمِ طبیعت سے ارکان اربعہ میں اِن نوری شعاعوں کے اتّصال کے وقت پیدا فرماتا ہے جو اِن میں ہوتی ہیں اور جن کا مشاہدہ حس کو ہوتا ہے۔

رازوں بھری آیت

پس یہ ارکان اربعہ ہماری شریعت میں مثل چار عورتوں کے ہیں جیسا کہ ہمارے نزدیک نکاحِ شرعی حلال نہیں ہوگا مگر عقدِ شرعی کے ساتھ ایسے ہی حق تعالیٰ ہر آسمان میں اپنے امر کو وحی فرماتا ہے تو اس وحی سے اُن کے درمیان امر نازل ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان ہے۔

يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوٓا

الطلاق آیت ۱۲

اِن میں اللہ تعالیٰ کا امر اُترتا ہے تاکہ تم جان لو۔

امرِ الٰہی اور اس کے نزول کی تفسیر میں عظیم اسرار ہیں جن کی طرف اس باب میں اشارا کیا گیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے۔ آپ نے اس آیت کریمہ کے بارے میں فرمایا۔

www.maktabah.org

لَوْ فَسَّرْتُہَا لَقُلْتُمْ اِنِّیْ کَافِرٌ۔

(الحدیث)

اگر میں اس کی تفسیر کروں تو تم مجھے کہو گے میں کافر ہوں۔

اور ایک روایت میں فرمایا! لرجمتونی، یعنی تم مجھے سنگسار کردو۔

اور یہ قرآن مجید کے اسرار میں سے ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ الْاَرْضِ مِثْلَھُنَّ

اللہ وہی ہے جس نے سات آسمان بنائے اور انہی کی تعداد میں زمینیں بنائیں

پھر فرمایا!

یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَھُنَّ الطلاق آیت ۱۲

ان کے درمیان اللہ کا امر اترتا ہے۔

پھر تمام کیا اور ظاہر طور پہ فرمایا!

لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ الطلاق آیت ۱۲

تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پہ قادر ہے۔

اور یہ وہ صفتِ عمل ہے جس کی طرف ہم نے اشارا کیا اور اس کا ذکر ہم نے اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایجاد سے دوسرے باپ کے حق میں علم و عمل کی صفت سے کیا اور ہم نے اس صفتِ علم کے ساتھ اُس کی طرف اشارا کیا ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے دوسرے باپ کو عطا فرمایا۔ کیونکہ قدرتِ ایجاد عمل ہے پھر اخبار میں پورا کر کے فرمایا!

www.maktabah.org

وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا

بے شک اللہ تعالیٰ اپنے علم سے ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے

جو کہ اُٹھایا جاتے والا انفس کلیہ ہے۔ پس وہ سبحانہٗ تعالیٰ اس چیز کو جانتا ہے۔ جسے پیدا فرماتا ہے اور جو چاہتا ہے ایجاد کرتا ہے۔ اُسے کوئی رد کرنے والا نہیں۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ کا اَمر آسمان و زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے۔ جیسا والدین کے درمیان بیٹا ظاہر ہوتا ہے۔

جنّتی مردوں کی خصوصیّت

رہا! ارکانِ اربعہ کے ساتھ فلکیہ سماویہ کی حرکت سے نورانی کواکب کی شعاعوں کا اتصال تو یہ ہر ایک کے ساتھ بیک وقت اُمّ المولدات ہیں۔ اِسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے عارفوں کے لئے مثال مقرّر فرمائی ہے کہ جنّت میں اہلِ جنت اپنی تمام عورتوں اور کنیزوں سے ایک ہی وقت میں حسّی طور پر نکاح یعنی جماع کر لیں گے۔ جیسا کہ اِن اتّصالات کا احساس ہوتا ہے، پس جنّت میں مرد کے پاس جتنی بھی منکوحہ عورتیں ہوں گی حسب خواہش وہ اُن سب سے ایک ہی وقت میں بغیر تقدیم و تاخیر کے حسّی مجامعت سے لطف اندوز ہو سکے گا۔ اور یہ وُہی دائمی نعیم اور اقتدارِ الٰہی ہے اور فکر کی حیثیت سے عقل اِس حقیقت کے اِدراک سے عاجز ہے۔ اور اِس کا اِدراک اُس دوسری قوّت سے ہوتا ہے جسے اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں سے جس کے دِل میں چاہے ڈال دیتا ہے۔ جیسا کہ انسان جنّت میں صورتوں کے شوق میں جس صورت میں چاہے گا داخل ہو جاتے گا۔ جیسا کہ یہاں ہمارے نزدیک

www.maktabah.org

رُوح متشکّل ہو جاتی ہے. اگرچہ جسم ہو. ولیکن اللہ تبارک وتعالیٰ اُسے اُس پر یہ قدرت عطا فرما دیتا ہے.

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے.

اور جنّت کے بازار کی حدیث کا ذکر ابوعیسیٰ ترمذی نے اپنی تصنیف میں کیا ہے تو اسے وہاں دیکھیں.

نورانی شعاعوں کی اولاد

جب نورانی شعاعوں کا ارکانِ اربعہ میں اتّصال ہوتا ہے تو اِس نکاح سے مولدات کا ظہور ہوتا ہے اور اِسے غالب جاننے والے نے ایسے ہی مقرّر کر رکھا ہے. تو مولدات آبار میں جاری رہیں گی اور یہ اُمّہات کے درمیان افلاک اور انوارِ علویہ ہیں اور یہی ارکانِ طبعیہ سفلیہ ہیں اور ارکان کے ساتھ انوار سے شعاعوں کا اتّصال نکاح کی طرح ہے اور افلاک کی حرکات اور انوار کی رفتار بمنزلہ مجامعت کے ہے اور ارکان کی حرکات عورت کے وضعِ حمل کی طرح ہے. اُس جھاگ کے اخراج کے لئے جو دردِ زہ سے نکلتی ہے اور یہ اِن ارکان میں عین کے لئے معدنیات ونباتات، حیوانات اور جنّوں انسانوں کی نوع سے مولدات کا ظہور ہے. پس اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ قادر ہے جو چاہے کرے. اُس کے سِوا کوئی معبود نہیں. وہ ہر چیز کا پروردگار اور مالک ہے.

میرا اور اپنے والدین کا شکر کرو

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے.

www.maktabah.org

اَنِ اشْکُرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیْکَ اِلَیَّ الْمَصِیْرُ

لقمان آیت ۱۴

میرا شکر کر اور اپنے والدین کا شکر گذار رہ اِنہی کی طرف پھرنا ہے

اے دوست ہم نے آپ کے لئے آپ کے باپوں اور ماؤں کے بارے میں بیان کر دیا ہے اور یہ بھی بتا دیا ہے کہ اُن میں آپ کا قریب تر باپ کون ہے اور آپ کا وجود آپ کے باپ سے ظاہر ہُوا ہے اور ایسے ہی آپ کی ماں جو آپ کی طرف قریب ہے آپ کے پہلے باپ کے قریب ہے اور وہ جدِّ اعلیٰ ہے اور جو آباء و اُمّہات کے درمیان کی طرف ہے۔ پس آپ اُن کا وہ شکر کریں جس سے وُہ مسرُور ہوں اور اُن پر ایسی ثناء کریں جس سے وہ فرحت حاصل کریں اور اُنہیں اُن کے مالک اور مُوجد کی طرف منسُوب کریں اور اُن سے فِعل کو سَلب کر کے اُس کے ساتھ مُلحق کریں جو اِس کا مُستحق ہے اور وُہ ہر چیز کا خالق ہے۔

جب آپ ایسا کریں گے تو اپنے اِس فِعل سے اپنے آباء پر سرُور داخل کریں گے یعنی اُنہیں خوش کر دیں گے اور اُنہیں اِس مُسّرت سے ہمکنار کرنا آپ کا اُن کے ساتھ نیکی کرنا اور اُن کا شکریہ ادا کرنا ہے۔

جب آپ ایسا نہیں کریں گے اور اُن کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کو بھول جائیں گے تو آپ نے اُن کا شکریہ نہیں ادا کیا۔ اور نہ ہی تم نے اُن شکریہ ادا کرنے میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے اَمر کی اطاعت کی۔ کیونکہ اُس کا فرمان اَنِ اشْکُرْلِیْ یعنی میرا شکریہ ادا کرو۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کو مُقدّم کیا تا کہ آپ جان لیں کہ وُہ سببِ اَوّل و اُولیٰ ہے۔ پھر واؤ عاطفہ لا کر فرمایا۔ وَلِوَالِدَیْکَ۔ یعنی اپنے والدین کا شکریہ ادا کرو۔

www.maktabah.org

اور یہ وہ اسباب ہیں جن سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو وجود دیا تاکہ آپ اس کی نسبت اللہ سُبحانہٗ، کی طرف کہیں اور وجودِ خاص کے ساتھ آپ پر اُس کی فضیلت مُقدّم ہو، نہ کہ تاثیر کے ساتھ، کیونکہ دَرحقیقت اُن کے لئے اثر نہیں اگرچہ وجودِ آثار کے لئے اسباب ہیں۔

پس اُن کے لئے اسی قدر فضیلت دُرست ہے اور تم سے شکر طلب کیا ہے اور تمہارے لئے نازل کیا ہے اور تمہارے نزدیک تم پر اُن کی منزلت مُقدّم کی ہے نہ کہ اثر میں ثناء مقدّم ہو گی اور تاثیر اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے ہے اور تقدّم وتوقّف والدین کے لئے ہے لیکن ہماری اس شرط کے ساتھ کہ اپنے رَبّ کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کریں۔

جب مَیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی ثنا کرتا ہُوں۔ اور کہتا ہُوں۔ اے ہمارے رَبّ اور ہمارے علوی باپوں اور سِفلی ماؤں کے رَبّ تو اس میں میرے کہنے اور بشر سے تمام بنی آدم کے کہنے کے درمیان کچھ فرق نہیں۔

ترجمانی ہو جائے گی

کسی شخص کو بعینہٖ مخاطب نہیں کیا جاتا یہاں تک کہ آپ حضرت آدم اور حوّا علیہما السّلام سے لے کر اِس زمانہ تک اپنے آباء واُمّہات کو شامل کر سکتے ہیں۔ اِس کا مقصد یہ نشاۃ النسانیہ ہے تو اِس تحمید کے ساتھ آپ عالمِ ارکان اور عالمِ طبیعت وانسان سے ہر پیدا ہونے والے کی ترجمانی کر لیں گے، پھر آپ ہر پیدا ہونے والے سے مؤثر اور مؤثر فیہ کے درمیان نیابت سے ترقی کریں گے اور ہر زبان کے ساتھ اُس کی حمد بیان کریں گے اور ہر وجہ سے اُس کی طرف متوجّہ ہوں گے تو اِس مُقامِ کُلّی سے اللہ تبارک وتعالیٰ

www.maktabah.org

کے ہاں ہمارے لئے جزا ہو گی۔

سلام کا جواب آتا ہے

جیسا کہ میرے مشائخ میں سے ایک بزرگ نے مجھے کہا!
جب تو اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ کہے یا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہے۔ یعنی یہ کہے کہ ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر سلام ہو یا تو اپنے راستے میں کسی کو ملتے وقت السلام علیکم کہے اور تیرے دل میں یہ موجود ہو کہ زمین و آسمان میں اللہ تعالیٰ کا ہر نیک بندہ، مُردہ اور زندہ اس سلام میں شامل ہے تو اس مقام سے سلام تجھ پر لوٹ آئے گا اور کوئی مقرب فرشتہ اور پاک روح ایسا باقی نہیں رہے گا جس پر تیرا سلام پہنچے اور وہ تجھ پر سلام نہ لوٹائے اور یہ وہ دعا ہے جو تیرے حق میں قبول اور باعث نجات ہو گی۔

جن کو سلام نہ پہنچے

اللہ تبارک و تعالیٰ کے جن خاص بندوں کو اُن کے جلالِ خداوندی میں مشغول ہونے کی بناء پر تیرا سلام اُن کی طرف سے نیابت کے طور پر اللہ تعالیٰ تجھ پر سلام لوٹائے گا اور تیرے حق میں اس حیثیت سے یہ شرف کافی ہے کہ تجھ پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا سلام آئے۔
اندریں صورت تو کہے گا! کاش میرا سلام کوئی بھی نہ سنتا جس پر میں نے سلام کہا تھا۔ یہاں تک کہ اللہ تبارک و تعالیٰ سب کی نیابت سے تجھ پر سلام لوٹاتا۔ کیونکہ تیرے ساتھ یہ بڑا شرف ہے۔

www.maktabah.org

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السّلام کے حق میں تشریفاً فرمایا۔

وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا

مریم آیت ۱۵

اور اُس پر سلام ہو جس دن پیدا ہوا اور جس دن انتقال کیا اور جس دن زندہ کر کے اُٹھایا جائے گا۔

جب خدا واجب کر کے سلام کہے

یہ سلام فضیلت اور خبر ہے تو وہ سلام کیسا ہوگا جو اللہ تبارک وتعالیٰ حق نیابت واجب کر کے اُس کی طرف سے جواب دے گا جس نے سلام نہیں سُنا جب کہ فرائض کی جزاء سے اُس کے حق میں بہت بڑی ہے جس کے لئے کہا! وسلام علیہ یوم ولد۔ یعنی اُس پر سلام جس روز پیدا ہوا تو اُس کے لئے شرف کو دو فضیلتوں کے درمیان جمع کیا گیا۔

لفظ صَلواۃ تھا سلام نہیں

ابتداء میں صَلٰوۃُ اللّٰہِ عَلَیْنَا۔ یعنی ہم پر رحمت ہو وارد ہوا ہے اور میری طرف یہ نہیں پہنچا کہ کیا ابتداء میں سلام وارد ہوا ہے یا نہیں، جیسا کہ صَلواۃ وارد ہوا ہے۔ چنانچہ جو یہ روایت بیان کرے گا اور تحقیق کرے گا۔ میں نے یہ امانت اُس کی گردن میں ڈال دی، کہ وہ صلواۃ اللہ علینا کی طرح اِسے اِس مقام میں اِس باب میں مُلحق کر دے۔ یعنی سلامُ عَلَینا کی حدیث مل جائے تو اِس کتاب میں شامل کر دے۔ تاکہ مومنین کو بشارت ہو اور میری اِس کتاب کے لئے باعثِ شرف ہو، اور اللہ ہی معین و مددگار اور توفیق

www.maktabah.org

دینے والا ہے اُس کے سوا رَبّ نہیں۔

دو باپ دو مائیں

رہے! آباء و اُمّہاتِ طبعی تو اِن کا ذکر ہم نے نہیں کیا اور اِس سے امر کلّی کا ذکر کرتے ہیں۔

اُن کا حکم اُس مجتہد کے حُکم کی طرح ہے جس کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اُس مسئلہ میں بغیر اُس دلیل کے حُکم کرے۔ جس کی طرف اُس کا اجتہاد گیا ہے اور اُسے اُس کی دلیل عطا ہُوئی ہو اور نہ ہی اُس کے لئے یہ مناسب ہے کہ اپنے حُکم میں اپنے مخالف کو غلطی پر سمجھے کیونکہ شارع علیہ السلام نے اس حکم میں اُس کا بھی حق مقرّر کیا ہے۔ پس ادب کا اِقتضاء یہ ہے کہ شارعؑ کے مقرّر کردہ حُکم کو غلط نہ کہا جائے اور اُس کا کشف اور اُس کی دلیل اس پر اس حُکم کی اتباع کا حکم دیتی ہے جو اُس کے لئے ظاہر ہو اور اُس کی شہادت دیتی ہو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی حدیث میں آیا ہے کہ اس اُمّت کے عُلماء بمنزلہ بنی اسرائیل کے انبیاء کے ہیں یعنی جس منزلت کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے کیونکہ بنی اسرائیل کے انبیاء اپنے رسُولوں کی شریعت کا تحفّظ کرتے تھے اور ان میں اُس کے ساتھ حُکم قائم رکھتے۔ ایسے ہی اس اُمّت کے عُلماء اور امام حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے احکام کی لوگوں پر حفاظت کرتے ہیں جیسا کہ علماء صحابہ اور تبع تابعین سے جو اس مرتبہ سے تھے جیسا کہ امام ثوری، امام ابن علیہ، امام ابن سیرین، امام حسن، امام

www.maktabah.org

مالک، امام ابن ابی رباح اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور جو ان سے نیچے تھے۔ جیسا کہ امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور جو کوئی حفظِ احکام میں ان کی طرف جاری کرنے والا تھا۔

اسرارِ علوم کے محافظ

دوسرا طائفہ:۔ اس اُمّت کے عُلماء سے وہ لوگ ہیں جن پر رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے احوال اور اسرارِ علوم کی حفاظت کرتا ہے۔ جیسا کہ حضرت علیؓ، حضرت ابنِ عباس، حضرت سلمان فارسی، حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم،

اور تابعین سے جیسا کہ حضرت حسن بصری، حضرت مالک بن دینار، حضرت بنان حمال، حضرت ایوّب سختیانی اور جو اُن کے زمانہ میں ان کی منزلت والے تھے۔ جیسا کہ شبان راعی، فرجِ اسود، معمر، فضیل بن عیاض اور ذوالنّون مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔

اور جو ان سے نیچے ہیں جیسا کہ حضرت جُنید بغدادی اور حضرت امام تستری اور جو کوئی ان سادات کے قائم مقام حفظِ حالِ نبوی، علم الدنّی اور سرّ الٰہی میں تھا۔

پس حکم کی حفاظت کرنے والے اسرارِ کرسی میں دو قدموں کے پاس موقوف ہیں کیونکہ اُن کے لئے حالِ نبوی نہیں ہوگا جو اُنہیں سرّ الٰہی عطا کرتا، اور نہ علم الدُنّی تھا اور حالِ نبوی کے حفّاظ اور عُلماءِ علم الدُنّی اور حفّاظِ حکم وغیرھم کے اسرارِ عرش اور عماء کے نزدیک موقوف ہیں اور موقوف نہیں بھی ہیں اور ان میں سے وہ ہے جس کے لئے کوئی مقام ہے اور ان میں سے وہ ہے جس کے لئے کوئی مقام نہیں اور یہ مقام اُس کے لئے ہے جس کے ساتھ تمیز ہوتی ہے کیونکہ اصحابِ علامات

www.maktabah.org

کے درمیان ایسی علامت کو ترک کرنا ہے جو اُس پر تقیید کے ساتھ غیر محکوم محقق ہے اور یہ روشن علامتیں ہیں اور یہ اُسی کے لئے ہوگا جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارثوں میں صاحبِ تمکین کامل ہے۔

پہلی اُمتوں کے اقطاب

رہے اِس اُمت کے علاوہ اُمتوں کے مکمّل اقطاب کے بارے میں جو ہمارے زمانہ سے پہلے ہو چکے ہیں تو میرے لئے اُس جماعت کے تمام عربی زبان میں ذکر کئے گئے۔ جب مَیں نے اُن کا مشاہدہ کیا اور اُنہیں دیکھا تو وہ حضرت برزخیہ میں تھے اور مَیں قرطبہ کے ایک شہر مشہدِ اقدس میں تھا۔ پس اُن کے نام یہ ہیں۔

المفرق، مداوی الکلوم، لبقاء، مرتفع، شفاء، ماحق، عاقب، منحور، شجر الماء، عُنصرِ حیات، شرید، راجع، صانع، طیار، سالم، خلیفہ، مقسوم، حیّ، رامی، واسع، بحر، ملصق، ہادی، مصلح اور باقی، تو یہ وہ مکمّل لوگ ہیں جن کے حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے زمانہ تک ہمیں نام بتائے گئے۔

رہا! واحد و یکتا قطب، تو وہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی رُوحِ مُبارک ہے اور وہ تمام انبیاء و رُسل سلام اللہ علیہم کی مددگار ہے۔

اقطاب نشاۃِ انسانی کے وقت سے لے کر قیامت کے دن تک رہیں گے۔

جب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے پوچھا گیا کہ آپ کب سے ہیں، تو آپؐ نے فرمایا۔ مَیں اُس وقت نبی تھا جب آدم پانی اور مٹی کے درمیان تھا۔

مداوی الکلوم

مداوی الکلوم کی وجہ یہ ہے کہ وہ ہَوا کی جراحتوں کی خبر رکھنے والا اور دیکھنے

www.maktabah.org

والا ہے اور دُنیا و شیطان اور نفس کو ہر لسانِ نبوی یا رسالی یا لسان ولایت کو جاننے والا ہے اور اُس کی نظر اپنے جسم کی ولادت کے مقام مکّہ معظّمہ اور شام کی طرف تھی۔ پھر اِس وقت اُس نے اپنی نظر کو اُس زمین کی طرف پھیرا ہے جس میں بہت زیادہ گرمی اور خشکی ہے۔ اور اُس کی طرف کوئی بنی آدم اپنے جسم کے ساتھ نہیں پہنچ سکتا۔ اور بعض لوگوں نے اُسے مکّہ معظّمہ سے اپنے مکان میں بغیر منتقل ہونے کے دیکھا کہ اُس کے لئے زمین لپیٹ دی گئی تو اُسے دیکھ لیا گیا۔ ہم نے اُس سے بڑے بڑے مختلف علوم کے مآخذ اخذ کئے ہیں۔ اور اِس لئے عالم میں رُوحِ محمدیؐ کے مظاہر ہیں۔ اُس کا کامل ترین مظہر قطبِ زمان ہیں اور افراد ہیں اور ولایتِ محمدیؐ کے ختم میں ہے اور ختمِ ولایتِ عامہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام ہیں اور وہ اپنے مسکن کے ساتھ تعبیر ہوتے ہیں۔

اِس باب کے بعد انشاء اللہ العزیز عنقریب اُن کا ذکر آئے گا کہ مداوی الکلوم ہونے کی بنا پر اُس کے لئے اِسرار سے کیا ہے۔ اور جو علوم اُس سے منتشر ہوئے ہیں وہ کون سے ہیں۔ مداوی الکلوم کے حال کے ظہور کے بعد پھر یہ راز ایک دُوسرے شخص میں ظاہر ہوا جس کا نام مُستسلم للقضا و قدر ہے یعنی قضا و قدر کو تسلیم کرنے والا۔

پھر منظہرِ حق کی طرف اس سے حُکم منتقل ہُوا۔ پھر منظہرِ حق سے ہائج کی طرف منتقل ہُوا۔ پھر ہائج سے اُس شخص کی طرف منتقل ہُوا جس کا نام واضع الحکم ہے۔ اُس کے متعلق گمان ہے کہ وہ حضرت لقمان علیہ السّلام ہیں اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ کیونکہ وہ حضرت داؤد علیہ السّلام کے زمانہ میں تھے۔ اور مجھے اِس پر یقین نہیں کہ وہ حضرت لقمان علیہ السّلام ہی ہوں گے۔

پھر واضع الحکم سے کاسب کی طرف منتقل ہُوا۔ پھر کاسب سے جامع الحکم

www.maktabah.org

کی طرف منتقل ہُوا۔ اور میں نہیں جانتا کہ یہ اَمر اِن کے بعد کس کی طرف منتقل ہُوا۔ جب اِن اسمار کو جان لوں گا۔ کہ وہ کن علوم سے مختص ہیں تو اِس کتاب میں اِس کا ذکر کروں گا۔ اور ان شاء اللہ العزیز اِن میں سے ہر ایک کے مسئلے کا ذکر کروں گا۔ اور یہ مضمون میری زبان پر جاری ہے۔ پس میں نہیں جانتا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ میرے ساتھ کیا سلوک فرمائے گا اور اِس باب سے اسی قدر کافی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہ تیرھویں جُز اور چودھویں باب کا ترجمہ اختتام پذیر ہُوا۔

---

www.maktabah.org

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۝

پندرھواں باب

انفاس اور اُن کے محققین اقطاب کی معرفت اور اُن کے اسرار کا بیان

عالم الانفاس من نفسی　　وهم الاعلون فی القدس
مصطفاهم سید لسن　　وحیه یاتیه فی الجرس
تلن للبواب حین رای　　ما اقاسیه من الحرس
قال ماتبغیه یاولدی　　قلت قرب السید الندس
من شفیعی للامام عسی　　خطرة منه لمختلس
قال مایعطی عوارفه　　لغنی غیر مبتئس

میرے نفس سے انفاس کے عالم ہیں۔ وُہ قدس میں بلندیوں والے ہیں۔
اُن کا برگزیدہ زبان کا سردار ہے۔ اُسے گھنٹی کی آواز میں وحی آتی تھی۔
جب دربان نے مجھے دیکھا تو میں نے اُسے اُس کے نگران سے پہنچنے والی تکلیف کے بارے میں بتایا۔
اُس نے کہا۔ اے میرے بیٹے تجھے کیا چاہیئے؟ میں نے کہا اہلِ دانش کے سردار کی قُربت۔
میں اپنے شفیع کی امامت چاہتا ہوں۔ شاید مجھے مُختلس سے خطرہ دَرپیش آئے۔ کہا! اُس کے معارف غنی اور مایوس شدہ کو نہیں عطا ہوتے۔

www.maktabah.org

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔

عربی

ان نفس الرحمن یاتینی قبل الیمن

اردو

بے شک مجھے یمن کی سمت سے رحمٰن کی ہوا آتی ہے۔

صاحبِ راز قطب و امام

بعض نے کہا انصار اللہ تبارک و تعالیٰ کا نفس ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کے ساتھ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کفّار و مشرکین کی تکلیفوں کو دُور کیا۔ انفاس قربِ الٰہی کی ہوائیں ہیں، پس جب مشامِ عارفین اِن ہواؤں کی خوشبو کو پہچان لیتے ہیں تو اس مقام میں ثابت قدمی کے تحقق کی طلب کی طرف اُن سے وافر خواہشات ہوتی ہیں۔ انہیں اس مقامِ اقدس کے طے کرتے اور نفحاتِ کرم کے لئے ہمتوں اور تعرض کے ساتھ بحث کے بعد اسرار و علوم سے انفس کی پہچان سے اِن انفاس کے ساتھ جو کچھ آتا ہے اُس کی خبر دی جاتی ہے۔

یہ لوگ اُس شخصِ الٰہی کو پہچان لیتے ہیں جس کے پاس وہ راز ہوتا ہے جس کے وہ طلب گار ہیں اور وہ علم جسے وہ حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اُس سے حق قائم ہوتا ہے وہ اِن میں قطب ہوتا ہے جس پر اُن کا فلک دورہ کرتا ہے اور امام ہوتا ہے جس کے ساتھ اُن کا مُلک قائم ہوتا ہے۔ اُسے مدار الکلوم کہا جاتا ہے۔ اس سے اُن میں وہ علم، حکمتیں اور اسرار منتشر ہوتے ہیں، جن کا حصر کتاب نہیں کر سکتی اور پہلا راز جس پر اُس کو مطلع کیا گیا ہے پہلا زمانہ ہے جس سے زمانے پیدا ہوئے اور پہلا فعل ہے جسے وہ فعل عطا کیا گیا جو آسمانِ کیوان ہے اور ساتوں آسمانوں کی روحانیت کا تقاضا کرتا ہے۔

www.maktabah.org

سونے کی تلاش کیوں

یہ صاحبِ راز تدبیر سے لوہے کو چاندی اور خاصیّت کے ساتھ لوہے کو سونا بنا دیتا ہے اور یہ عجیب راز ہے کہ وہ مال پر رغبت کی بجائے حُسنِ مال میں رغبت طلب کرتا ہے تاکہ اس سے مرتبۂ کمال پر واقفیت حاصل کرے اور وہ تکوین میں اکتساب کرتا ہے کیونکہ پہلا مرتبہ بخاراتِ معدنیات سے حرکاتِ فلکیہ اور حرارتِ طبعیہ کے ساتھ پارہ اور گندھک ہیں اور معدن یعنی کان میں پیدا ہونے والی ہر چیز اپنی اُس غایت کو طلب کرتی ہے جو اُس کا کمال ہے اور وہ سونا ہے لیکن معدن میں اُس پر علل و امراض طاری ہو جاتے ہیں جو زیادہ خشکی یا تری یا گرمی اور سردی کی بنا پر ہوتے ہیں اور اُسے اعتدال سے خارج کر دیتے ہیں۔ چنانچہ سونے میں یہ مرض اثر کر جاتا ہے جو لوہے یا تانبے یا قلعی وغیرہ معدنیات کی صورت میں موسوم ہوتا ہے۔ پس اس حکیم کو عقاقیر و ادویاتِ مزیل کی معرفت عطا ہوتی ہے جس کے استعمال سے معدنیات کے درجۂ کمال کے طالب کی شخصیت پر طاری ہونے والی اس علّت کو دُور کرے اور معدنیات کا درجۂ کمال سونا ہے۔ پس علّتوں کو زائل کیا گیا تو سونا درست ہو کر چلا اور درجۂ کمال سے مُلحق ہو گیا۔

لیکن وہ دُرست قوّت کمالیت میں قوی نہیں ہوتی جس کے جسم میں مرض داخل ہوا اور وہ جسم جس میں مرض داخل ہو اُس کا کدُورت سے پاک اور خالص خلوص تک پہنچنا بعید ہے اور یہی اصلی خالص ہے جیسا کہ انبیاء کرام علیہم السّلام میں حضرت آدم اور حضرت یحییٰ علیہما السّلام ہیں اور غرض عبُودیت میں درجۂ کمالِ انسانی ہے۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان

www.maktabah.org

کو احسنِ تقویم پر پیدا فرمایا پھر اُسے اسفل السافلین میں لَوٹا دیا۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے عمل کیے۔ صحتِ اصلیہ پر باقی رہے۔ کیونکہ یہ اِس کی طبیعت میں ہے جو اغراض کی عِلتوں اور اغراض کے امراض کا اکتساب کرتا ہے۔ پس اِس حکیم نے ارادہ کیا کہ انسان کو احسنِ تقویم کی طرف لوٹا دے جس پر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے پیدا فرمایا تھا۔

کیمیا کا مقصد

پس اِس عقل مند شخص کا اِس صنعتِ کیمیا کی معرفت کا یہی مقصد تھا۔ اور یہ مقدار و اوزان کی معرفت کے سِوا کچھ نہیں۔ کیونکہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا تو وُہ آدمؑ تھا جو اِس نشاۃِ انسانیہ کی اصل ہے اور صورتِ جسمیہ طبعیہ عنصریہ ہے جب کہ اُس کا جسم گرمی، سردی اور رطب و یابس سے مرکّب ہے بلکہ سرد خشک اور سرد تر اور گرم تر اور گرم خشک کا مرکّب ہے اور یہی چاروں خلطیں سَودا، بلغم، خون اور صفرا۔ ہیں جیسا کہ وہ عالمِ کبیر آگ، ہَوا، پانی اور مٹّی کے جسم میں ہیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السّلام کے جسم کو طِین یعنی کیچڑ سے پیدا فرمایا اور وُہ پانی اور مٹّی کا امتزاج ہے۔ پھر اُس میں نفس اور رُوح کو پھونکا۔ اور یہ پہلی نبوّت میں بنی اسرائیل کے ایک نبی پر نازل ہونے والی ایک آسمانی کتاب میں وَارد ہُوا۔ اِس وقت اُس کی نَص بیان کروں گا۔ کیونکہ اُس کے ذکر کی ضرورت پڑ گئی ہے اور بہت سچّی خبریں وُہ ہیں۔ جو اللہ تبارک و تعالیٰ سے روایت کی گئی ہوں۔

www.maktabah.org

بیماری کیوں ہوتی ہے

ہم سے قرطبہ کے رہنے والے مسلمہ بن وضاح کی سند سے روایت بیان کی گئی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے انبیاء بنی اسرائیل پر نازل ہوتے والی ایک کتاب میں ارشاد فرمایا۔ میں نے آدم کو مٹی اور پانی سے پیدا فرمایا اور اُس میں نفس اور رُوح کو پھونکا۔ پھر درُست کیا اُس کے جسم کو مٹی کی قبولیت سے اور اُس کی رطوبت پانی سے ہے اور اُس کی حرارت نفس سے ہے اور اُس کی برُودت رُوح سے ہے فرمایا! پھر بعد ازاں اس میں یہ دُوسری چار انواع مقرر فرمائیں جو ایک دُوسری کے بغیر قائم نہیں ہوتیں۔ اور یہ دو پتے، خون اور بلغم ہیں۔ وہ ایک دُوسری میں ساکن ہو گئیں تو خشکی نے سوداء کے پتے میں اور حرارت نے صفراء کے پتے میں ٹھکانے بنایا۔ اور رطوبت کا مسکن خون میں اور سردی کا مسکن بلغم میں بنا۔

پھر اللہ جلّ شانہ، نے فرمایا! جو جسم میں یہ خلطیں معتدل رہیں گی، اُس کی صحت کامل ہو گی اور اُس کی بنیاد اعتدال پر ہو گی اور اگر ان میں سے کوئی خلط ان پر زیادہ ہو کر غالب آگئی تو اپنی زیادتی کے مطابق اُس جسم کو بیمار کر دے گی اور اگر اُن خلطوں کی مقاومت سے ضعف اور کمی کا شکار ہو گی تو اُن کے غلبے سے بیماری میں داخل ہو جائے گا۔ اور اُس کا ضعف اُن کی مقاومت سے ہے پس طِبّ کا علم یہ ہے کہ کمی میں زیادتی اور زیادت میں کمی کر کے اعتدال قائم کرے۔

ہم نے اپنے موعظہ حسنہ میں یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے طویل کلام سے بیان کیا ہے۔ پس یہ امام اس نشاۃِ طبعی اور عالم علوی کے انوارِ کواکب

www.maktabah.org

میں آثارِ مودّعہ اور اُن کی سیاحت کے علم کو لوگوں سے زیادہ جانتا تھا۔ اور یہ وَہ امر ہے جس کے متعلق اللہ تبارک وتعالیٰ نے آسمانوں میں اور اُن کے جمع ہونے میں اور اُن کے اُترنے اور چڑھنے اور بلندی و پستی میں وحی فرمائی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

واوحی فی کل سماء امرھا

اور اُس کے امر کی ہر آسمان میں وحی فرمائی

اور زمین کے متعلق ارشاد فرمایا؛

وقدر فیھا اقواتھا

اور اُس میں اُس کے مکینوں کی روزیاں مقرر کیں

وُہ مُردوں کو زندہ کرتا تھا

ہم نے ذکر کیا ہے کہ وہ شخص علوم و اموال میں صاحبِ وُسعت اور راسخ القدم تھا لیکن ذوقِ حال کے باب سے اُس کی قوّتِ نظر ساتویں آسمان سے آگے نہیں بڑھی لیکن جو کچھ فلک کوکب و اطلس میں ہے وَہ اُسے کشف و اطلاع سے حاصل ہو گیا تھا اور اُس کے گمان میں تبدیلیٔ اعیان غالب تھی۔ اور ہمارے نزدیک اعیان تبدیل نہیں ہوتے اور یہ شخص اپنی رُوحانیت کے ساتھ بحیثیت اپنی رَصد و فکر کے اپنے مقابل کے ساتھ اُس کے درجہ و دقائق میں تسبیح پڑھنا کبھی نہیں چھوڑتا تھا۔

اُس کے پاس مُردوں کو زندہ کرنے کے عجیب اسرار تھے اور اللہ

www.maktabah.org

تبارک وتعالیٰ نے اُسے یہ خصوصیت عطا فرمائی تھی کہ وہ جس خشک مقام پر جاتا اللہ تبارک وتعالیٰ اُس میں شادابی اور برکت پیدا فرما دیتا۔ جیسا کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حضرت خضر علیہ السّلام کے بارے میں فرمایا ہے۔ چنانچہ جب آپؑ سے حضرت خضر کے نام کے بارے میں پُوچھا گیا تو فرمایا! وہ جس خشک گھاس پر بیٹھتے وُہ آپ کے نیچے سے سرسبز ہو جاتی۔

صاحبِ مقام شاگرد

اِس امام کا ایک شاگرد معرفتِ ذاتیہ اور علمِ توت میں بڑا دخل رکھتا تھا اور اِس کے بیان کرنے پر اپنے ساتھیوں پر مہربانی کرتا اور اپنے ساتھیوں کو خوف کی وجہ سے عام لوگوں سے چھپائے رکھتا تھا۔ اِس لئے اُس کا نام مداوی الکلوم ہے۔ جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السّلام، حضرت یوسف علیہ السّلام کو اُن کے بھائیوں کے ڈر کی وجہ سے روکے رکھتے تھے۔

وہ اپنے ساتھیوں کو علمِ تدبیر اور اس جیسے علوم میں مشغول رکھتے تھے جن میں اس فن سے مشاکلت تھی جیسا کہ جسموں میں رُوحوں کی ترکیب، جسموں کا تحلیل و تالیف ہونا، جسم سے صُورت کا نکالنا اور اُس پر صُورت نکالنا، تاکہ اِس سے اللہ تعالیٰ علیم و حکیم کی صنعت سے واقفیت ہو جائے۔ عِلم عالم اِسی قطب سے نکلا ہے اور وہ ایک بڑا انسان ہے اور انسان جرم میں معنی کی مشابہت میں اُس کا مختصر ہے۔

اُس رُوح نے مجھے خبر دی ہے جس سے میں نے یہ کتاب اَخذ کی اور اپنی سپُردگی میں لی ہے کہ اُس نے ایک روز اپنے ساتھیوں کو شراب خانہ

www.maktabah.org

میں جمع کیا اور اُن میں کھڑے ہو کر خطبہ دیا اور اُس پر ہیبت طاری تھی۔ پس کہا میں اِس مقام میں جو بات رمز میں کروں اُسے سمجھ لیں اور اُس میں فکر کریں اور اُس کے خزانے کو نکالیں اور جس عالم میں اُس کا زمانہ تھا وہ وسیع ہو گیا اور میں تمہارے لئے نصیحت کرنے والا ہوں۔ ہر جاتا گیا پھیلتا ہے۔ ہر علم کے لئے مخصوص لوگ ہیں۔ نہ انفراد کے لئے ممکن ہے اور نہ دقت کے لئے گنجائش ہے۔ لازم ہے کہ جمع میں مختلف فطرتیں اور غیر مُلفتت اذہان ہوں، ہر جماعت کا مقصود ایک ہے میرے کلام کا قصد کرنے والے کے ہاتھ میں میری رمز کی کنجی ہے۔ ہر مقام کے لئے مقال، ہر علم کے لئے رجال اور ہر وارد کے لئے حال ہے۔ پس غور کریں۔ یعنی جو میں کہتا ہوں اُسے سُن کر یاد رکھیں۔

مجھے نور النور کی قسم ہے اور میں رُوحِ حیات اور حیات رُوح کی قسم کھاتا ہوں جہاں سے میں آیا ہوں تم سے لوٹنے والا ہوں۔ راس اصل کی طرف رجوع کر رہا ہوں جہاں سے میں نے وجود پایا، اِس ظلمت میں ٹھہرے ہوئے مجھے طویل عرصہ ہو گیا ہے اور اِس ظلمت کے ترادف سے میرا نفس تنگی محسوس کرتا ہے اور میں نے تمہاری طرف سے رحلت کی اجازت حاصل کر لی ہے میں رحلت کرنے والا ہوں۔ پس آپ لوگ میرے کلام پر ثابت قدم رہیں۔ جو میں کہتا ہوں۔ اتنے سال گزر جانے کے بعد آپ جان لیں گے۔ پس آپ نہ ہٹیں یہاں تک کہ اِس مدت کے بعد میں تمہارے پاس آ جاؤں اور اگر آپ ہٹ جائیں، تو دوبارہ اس مجلس کی طرف آنے میں جلدی کریں۔ اگرچہ اِس کا معنیٰ لطیف ہے اور اِس کا معنیٰ حرف پر غالب ہے۔ پس حقیقت حقیقت ہے اور طریقت طریقت ہے۔

دُودھ اور عمارت میں جنّت اور دُنیا کا اشتراک ہے۔ اگرچہ ایک مٹی اور بھوسہ سے بنی ہے اور دُوسری جواہرات اور سونے چاندی سے بنی ہے۔ یہ اُس

www.maktabah.org

کی اپنے بیٹوں کے لئے وصیّت تھی۔ اس مسئلہ کی رمز بہت بڑی ہے اور وہ چلی گئی جس نے اِسے جان لیا اُسے استراحت حاصل ہُوئی۔

قاضیٔ قرطبہ سے ملاقات

مَیں ایک روز قرطبہ کے قاضی ابی ولید بن رشد کے ہاں گیا۔ وُہ مجھ سے اُس وقت سے ملاقات کی رغبت رکھتا تھا جب اُس نے سُنا اور اُس تک وُہ امر پہنچا جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے میری خلوت میں مجھ پر کھولا تھا اور وہ میرے متعلق یہ باتیں سُن کر اظہارِ تعجب کرتا تھا۔ پس میرے والد صاحب نے ایک ضرورت کے لئے مجھے اُن کے پاس بھیجا اور مقصد یہ تھا کہ وہ مجھ سے ملیں۔ کیونکہ وُہ اُن کے دوستوں سے تھے اور مجھے اُس وقت داڑھی مُونچھ نہ آئی تھی۔

جب مَیں اُن کی خدمت میں حاضر ہُوا تو وُہ محبّت و تعظیم سے اپنی جگہ پر کھڑے ہو گئے اور مجھ سے معانقہ کیا اور مجھے کہا! ہاں ؛ مَیں نے کہا! ہاں تو وہ زیادہ خوش ہُوئے، مَیں نے اُن کی ہاں کا مطلب سمجھ لیا تھا۔ پھر اُن کی خوشی کا باعث پُوچھتے ہُوئے مَیں نے کہا! نہیں۔ پس اُنہیں انقباض لاحق ہو گیا اور اُن کا رنگ متغیّر ہو گیا۔ اُن کے نزدیک کوئی اَمر واقع ہو چکا تھا اور اُنہوں نے مجھے کہا۔ تم نے کشف اور فیضِ الٰہی میں یہ اَمر کیسا پایا؟ کیا یہ وُہی ہے جو ہمیں نظر عطا کرتی ہے؟ مَیں نے اُنہیں کہا! ہاں! نہیں اور ہاں اور نہیں کے درمیان اَرواح اپنے موادّ سے اور گردنیں اپنے اجسام سے پرواز کر جاتی ہیں۔ اُن کا رنگ زرد ہو گیا اور وُہ دِل گرفتہ ہو کر بیٹھ گئے اور اُسے جان گئے جس کی طرف مَیں نے اشارا کیا اور وہ اِس مسئلہ کی عَین ہے جس کا ذکر اِس قطبِ امام یعنی مداوی الکلوم نے کیا ہے۔ بعد ازاں میرے والد صاحب سے اُنہوں نے

www.maktabah.org

ہمارے ساتھ ملاقات طلب کی تاکہ جو اُن کے پاس ہے ہم پر پیش کریں کہ کیا وہ موافق ہے یا مخالف؟ کیونکہ وہ ارباب فکر و نظر عقلی میں سے تھے تو انہوں نے اس بات پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ وہ اس زمانے میں ہیں جس میں انہوں نے اپنی خلوت میں جاہل کو داخل ہوتے اور بغیر درس و بحث اور مطالعہ و پڑھائی کے اِس خروج کی مثل نکلتے دیکھا اور کہا! ہم نے اس حالت کا اثبات کیا ہے اور اِس کے ارباب کو نہیں دیکھا تھا۔ الحمدللہ کہ ہم اُس زمانے میں ہیں جس میں اِن بند دروازوں کو کھولنے والے ارباب میں سے ایک کو دیکھ رہے ہیں۔ خدا کا شکر ہے جس نے مجھے اِس رویّت سے مخصوص فرمایا۔

پھر مَیں نے دوسری بار اُن سے ملاقات کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ اُن پر رحم فرمائے۔ ایک واقعہ میں میرے لئے اُنہیں یوں قائم کیا کہ میرے اور اُن کے درمیان باریک پردہ تھا۔ جس میں سے مَیں اُن کی طرف دیکھ رہا تھا اور وہ مجھے نہیں دیکھ سکتے تھے۔ اور نہ ہی اُنہیں میرے مکان کا علم تھا۔ وہ مجھے جاننے بغیر اپنی ذات کے ساتھ مشغول تھے۔ مَیں نے کہا! وہ اُس مُراد پر نہیں جس پر ہم ہیں۔ بعد ازاں ہماری اُن سے ملاقات نہیں ہو سکی یہاں تک کہ اُن کا انتقال ہو گیا۔ اُن کی وفات ۵۹۵ھ میں مراکش شہر میں ہوئی۔ جہاں سے اُنہیں قرطبہ منتقل کیا گیا، جب اُن کا تابوت جس میں اُن کا جسم تھا سواری پر رکھا گیا تو اُس کے وزن کو برابر کرنے کے لئے دوسری طرف اُن کی تالیفات کو رکھ دیا گیا۔ میت کی روانگی کے وقت مَیں کھڑا تھا اور میرے ساتھ ادیب ابو الحسین، محمد بن جبیر کاتب، سید ابی سعید اور میرے ساتھی ابو الحکم عمر بن سراج ناسخ موجود تھے۔ ابو الحکم ہماری طرف متوجہ ہوا اور کہا۔ کیا آپ نے اُس شخص کی طرف دیکھا جو اپنی سواری میں امام ابن رُشد کے برابر ہے۔ یہ امام ہے اور اُس کی کتابیں اُس

www.maktabah.org

کے اعمال ہیں۔
ابن جبیر نے اُسے کہا! اے بیٹے ہاں! نہیں دیکھا تاکہ تجھے خاموش کرتا۔ پس میں نے اس وعظ و تذکیر کو اپنے پاس محفوظ کر لیا۔ اللہ تعالیٰ اُن سب پر پر رحم فرمائے۔ میرے سوا اُس جماعت سے کوئی شخص باقی نہیں۔ اور ہم نے اس میں کہا۔

ھٰذا الامام وھٰذہ اعمالہ

یالیت شعری ھل اتت امالہ

یہ امام اور یہ اُس کے اعمال تھے۔ کاش مجھے معلوم ہوتا کہ اُس کا آمال کیا ہُوا۔

فلک کا دَورہ خَلا کو پُر کرتا ہے

یہ قُطب مداوی الکلوم حرکتِ فلک کے راز کو ظاہر کرنے والا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے جس شکل پر پیدا فرمایا ہے۔ اگر وہ اس کے علاوہ شکل پر ہوتا تو صحیح نہیں کہ وجُود میں کوئی چیز پیدا ہو جو اُس کے حیّط کے اندر ہے۔ اس میں حکمتِ الٰہیہ کو ظاہر کیا گیا ہے۔ تاکہ اہلِ بصیرت اشیاء میں اللہ تعالیٰ کے علم کو دیکھیں اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر وہ جاننے والا اور حکمت والا اور معرفتِ ذات وصفات میں ایک علم ہے جس کی طرف اس قطب نے اشارہ کیا ہے۔ پس اگر بغیر دائرہ کے فلک حرکت کرتا تو اُس کی حرکت کے ساتھ خلاء نہ بھرتا۔ اور خلاء میں بہت سے کنارے باقی رہ جاتے اور اس حرکت سے تمام اَمر کی تقویم نہ ہوتی اور حرکت کے ساتھ ان کناروں کے معمور ہونے سے جس قدر کمی ہوتی اُسی قدر نقص ہوتا۔ اور یہ اللہ تبارک و

www.maktabah.org

تعالیٰ کی مشیت اور اسباب پیدا کرنے میں حکمت جاریہ ہے۔

محیط کا تقرّب

اِس قطب نے خبر دی ہے کہ عالم اُن کے مرتبوں اور افلاک کے چھوٹے بڑے ہونے پر محیط اور نقطہ کے درمیان موجود ہے جو کہ محیط کے زیادہ قریب ہے اور جو اُس کے جوف میں ہے اس سے زیادہ وسیع ہے۔ اُس کا دن بہت بڑا اور اُس کا مکان زیادہ فسیح اور اُس کی زبان زیادہ فصیح ہے اور یہ تحقق کی طرف قوت اور صفائی کے زیادہ قریب ہے اور جو عناصر کی طرف انحطاط پذیر ہوتا ہے۔ وہ اس درجہ سے کرۂ ارض کی طرف اُتر آتا ہے اور ہر محیط میں ہر جزء۔ اپنے مافوق ماتحت کے سامنے اپنی ذات کے ساتھ ہے اور ایک چیز دوسری پر زائد نہیں ہوتی۔ اگرچہ ایک وسیع اور دُوسری تنگ ہو۔

آخرت کی خواہشات جائز ہیں

یہ اَمر بڑے کو چھوٹے پر اور وسیع کو تنگ پر وارد کرنے سے ہے۔ بغیر اس کے کہ تنگ کو وسعت دی جائے یا وسیع کو تنگ کر دیا جائے اور سب اپنی ذات کے ساتھ نقطہ کی طرف دیکھتے ہیں اور نقطہ باوجود اپنے چھوٹے ہونے کے اپنی ذات کے ساتھ محیط کی ہر جزء کو دیکھتا ہے۔ پس مختصر محیط ہے اور اُس سے مختصر نقطہ ہے اور اُس کا بالعکس بھی ہے۔ پس دیکھیں جب عناصر کی طرف انحطاط پذیر ہو کر یہ اَمر زمین کی طرف مُنتہی ہُوا تو پانی کی طرح دانوں اور زیتون میں اُس کی مَیل کی زیادتی ہو گئی۔ اور ہر وہ مائع جو برتن میں ہوتا ہے۔ اُس کا میَل اُس کے نیچے چلا جاتا ہے اور مُصفّیٰ اُس کے اُوپر آجاتا ہے اور اس میں معنی یہ ہیں

www.maktabah.org

کہ جو اَمرِ عالمِ طبیعت پاتا ہے وُہ شہوانی کدورتوں، شبہات شرعیہ کے ساتھ علوم و تجلیات کے انوار کے ادراک سے مانع حجاب سے ہے۔ اور زبان، نظر، سماعت، کھلنے پینے لباس، مرکب و نکاح میں عدمِ فتویٰ سے ہے اور شہوانی کدورتوں پر شیفتہ ہونے اور اس میں استفراغ کے ساتھ ہے۔ اگرچہ وہ حلال ہوں اور آخرت میں خواہشات و شہوات سے منع نہیں کیا گیا اور وہ تجلّی کے باعث شہواتِ دُنیوی سے بہت بڑی ہوں گی۔ کیونکہ وہاں بصارتوں پر تجلّی ہوگی اور بصارتیں شہوات کا محل نہیں جب کہ یہاں دُنیا میں ظاہر کے علاوہ بصائر و بواطن پر تجلّی ہے اور بواطن محلِ شہوات ہیں۔ اور تجلّی اور شہوت ایک محل میں جمع نہیں ہوتے۔ اسی لئے عارفین و زُہاد اس دُنیا میں شہوانی لذات اور حطامِ دُنیوی کمانے سے بچتے ہیں اور پرہیز کرتے ہیں اور یہ وہ امام ہے جس نے اپنے ساتھیوں کو یہ بات سکھائی۔

اَبدال سات ہیں

پھر سات رجال ہیں جنہیں اَبدال کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے ذریعے ہفت اقلیم کی حفاظت کرتا ہے۔ ہر بدل کے لئے ایک اقلیم ہے اور اُنہی کی طرف رُوحانیّت کے ساتوں آسمان دیکھتے ہیں۔ اور اِن میں سے ہر شخص کی قوّت اُن انبیاء کی رُوحانیّت سے ہے جو اِن آسمانوں میں مکین ہیں۔ اور وہ حضرت ابراہیم خلیل علیہ السّلام ہیں جن سے حضرت مُوسیٰ علیہ السلام مِلے ہوُئے ہیں۔ اُن سے حضرت ہارون علیہ السّلام مِلے ہوُئے ہیں اُن سے حضرت ادریس علیہ السّلام اُن کے ساتھ حضرت یُوسف علیہ السّلام اُن کے ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور اُن کے ساتھ حضرت آدم علیہ السّلام مِلے ہوُئے ہیں جب کہ حضرت یحییٰ علیہ السّلام، حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور حضرت ہارون علیہ السّلام کے درمیان آتے جاتے ہیں۔

www.maktabah.org

اِن ساتوں اَبدالوں کے دِلوں پر اِن انبیاء علیہم السّلام کے حقائق کا نزول ہوتا ہے۔ اور یہ ساتوں کواکب اُن کی طرف دیکھتے ہیں اُس چیز کے ساتھ جو اللّٰہ تبارک و تعالیٰ نے اِن ساتوں، آسمانوں کی حرکت میں اسرار و علوم اور آثارِ علویہ و سفلیہ سے اُن کے سپرد کی ہے۔ اللّٰہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

واوحی فی کل سماء امرھا (پ۲۴ سورۃ حم السجدۃ آیت ۱۲)

اور اُس کا اَمر ہر آسمان میں وحی کیا گیا ہے۔

اَبدال کے علوم و اقالیم

پس اُن کے لئے اُن کے دلوں میں ہر ساعت میں اور ہر دن میں اُس کے مطابق ہوتا ہے جو اُسے اِس ساعت کا صاحب اور اُس دن کا سلطان عطا کرتا ہے۔ ہر علمی اَمر جو اتوار کے دن ہوتا ہے وہ حضرت ادریس علیہ السّلام کے مادہ سے ہوتا ہے اور اُس روز عنصر میں جو علوی اثر ہوا اور آگ میں ہوگا وہ صاحبِ آفتاب سے ہوگا اور اُس میں اُس کی نظر اللّٰہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ودیعت کی جاتی ہے اور اُس روز جو اثر پانی اور مٹی کے عنصر میں ہوگا۔ وہ چوتھے فلک کی حرکت سے ہے اور یہ اُس شخص کا مقام ہے جو ان اقالیم سے چوتھی اقلیم کی حفاظت کرتا ہے، اَبدال میں سے اِس مخصوص شخص کو اِس اقلیم کے علوم سے علم اسرارِ رُوحانیات، عِلم نُور و ضیاء، علم برق و شعاع اور ہر جسم مستنیر کا علم حاصل ہوتا ہے اِس لئے وُہ روشنی اور اُس کے مزاج کو جان لیتا ہے جو اُسے یہ قبولیت عطا کرتا ہے۔ جیسا کہ حیوانات سے جگنو اور جیسا کہ نباتات سے انجیر کے درخت کی جڑیں، جیسا کہ حجرِ مہی و یاقوت اور حیوانوں

www.maktabah.org

کے بعض گوشت ہوتے ہیں۔

علاوہ ازیں اُسے معدنیات و نباتات، حیوان و انسان اور فرشتے کے بارے میں علمِ کمال اور حرکت مستقیمہ کا علم ہوتا ہے۔ جہاں بھی وہ حیوانات یا نباتات میں ظاہر ہو اور اُسے علمِ معالم تاسیس و انفاس انوار اور علمِ خلع ارواح تدبرات حاصل ہوتا ہے اور اُسے مبہم امور کی وضاحت اور دقیق مسائل کی مشکل کے حل کا علم ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں اُسے نغماتِ فلکیہ و دولابیہ اور اوتاد وغیرہ سے آلاتِ طرب کی آوازوں کا علم اور دونوں کے درمیان اور طبائع حیوانات اور جو اِس سے نباتات کے لئے ہے علمِ مناسبت ہوتا ہے اور اُسے اُس کا علم ہوتا ہے جو اُس کی طرف رُوحانی معنے اور معطر خوشبوئیں منتہی ہوتی ہیں اور اُسے اُن خوشبوؤں کے مزاج کا علم ہوتا ہے کہ وُہ کیوں پھرتی ہیں اور ہوا انہیں کیسے سُونگھنے والے اِدراک کی طرف منتقل کرتی ہے۔ اور کیا وہ جوہر ہے یا عرض ہے۔

یہ ہر چیز اُسے پہنچتی ہے اور صاحب اقلیم ہٰذا اُس دن میں اور تمام دنوں میں اِس فلک حرکت کے حکم ساعتوں میں علم رکھتا ہے۔ اور جو اُس میں کواکب کا حکم اور جو اِس میں نبی کی رُوحانیت سے ہے۔ ایسے ہی جمعہ کا دَورہ پُورا ہونے تک ہوتا رہتا ہے۔

پیر کے دن کا عِلمی اَمر

ہر عِلمی اَمر جو پیر کے دن ہوگا۔ وُہ حضرت آدم علیہ السلام کی رُوحانیت سے ہے اور ہر اثرِ علوی جو ہوا اور آگ کے عُنصر میں ہوتا ہے وُہ چاند کی گردش سے ہوتا ہے اور ہر سفلی اثر جو پانی اور مٹّی کے عُنصر میں ہوتا ہے آسمانِ دُنیا کے

www.maktabah.org

فلک کی حرکت سے ہوتا ہے اور اِس شخص کے لئے ساتویں اقلیم ہے۔ اِس بدل کے لئے فی نفسہٖ علُوم سے جو پیر کے دن میں اور ایام جمعہ کی ساعتوں سے ہر ساعت میں حاصل ہوتا ہے اُس سے ہے جو اِس فلک کے لئے ہے۔ اِس میں عِلم سعادت و شقاوت اور عِلم اسماء، اور جو اُس کے خواص ہیں کا حکم ہوتا ہے۔ اور مدّوجزر اور نفع نقصان کا عِلم ہوتا ہے۔

منگل کا عِلمی اَمر

ہر عِلمی اَمر جو منگل کے روز ہوگا وہ حضرت ہارون علیہ السلام کی رُوحانیت سے ہے اور ہر علوی اثر جو آگ اور ہَوا کے عُنصر میں ہوتا ہے وہ رُوحانیتِ احمر سے ہوتا ہے اور ہر سِفلی اثر جو پانی اور مٹّی میں ہوتا ہے پانچویں فلک کی حرکت سے ہے اور اِس بدل کے لئے اقالیم سے تیسری اقلیم ہے۔ اِس دن میں اور دنوں کی ساعتوں میں جو علُوم اُسے عطا ہوتے ہیں وہ مُلک کی تدبیر اور سیاست کا علم اور حمیّت و حمایت اور لشکروں کی ترتیب و قتال اور جنگی چالوں کا عِلم ہے، علاوہ ازیں قربانیوں اور ذبح حیوان کا عِلم اور ایّام قربانی کے اسرار اور تمام مکانوں میں اُس کے سریان کا علم اور ہدایت و گمراہی کا عِلم اور دلیل سے شُبہ کی تمیز کا عِلم ہے۔

بُدھ کا عِلمی اَمر

ہر عِلمی امر جو بُدھ کے روز ہو گا وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رُوحانیت سے ہے اور وہ نُور کا دن ہے اور اس طریق میں ہمارے دخُول میں اُس کی نظر ہے جس پر ہم اِس روز ہیں اور آگ اور ہَوا کے عنصر میں جو اثر ہوتا ہے

www.maktabah.org

وُہ اپنے فلک میں کاتب کی گردش ہے اور ہر سفلی اثر جو پانی اور مٹی کے رُکن میں ہوگا وہ دوسرے آسمان کے فلک کی حرکت سے ہوتا ہے اور اس دن کے صاحبِ بدل کے لئے چھٹی اقلیم ہے اور آسے اُس روز میں اور دنوں سے اُس کی ساعت میں جو علوم حاصل ہوتے ہیں اُن میں سے علمِ اوہام والہام ووحی، علمِ قیاسات وآراء اور رویاء وعبادت، علمِ اختراعِ کاریگری اور عطروت، علمِ غلط جو عین الفہم کے ساتھ متعلق ہے، علمِ تعلیم وکتابت، علمِ آداب وزجر، علمِ کہانت وسحر اور طلسمات وعزائم ہے۔

جمعرات کا علمی اَمر

ہر علمی اَمر جو جمعرات کے دن میں ہوگا وُہ حضرت مُوسٰی علیہ السّلام کی رُوحانیت سے ہے اور آگ اور ہوا کے رُکن میں ہر علوی اثر مُشتری کی گردش سے ہوتا ہے اور پانی اور مٹی میں ہر سفلی اثر اُس کے فلک کی حرکت سے ہوتا ہے، اس بدل کے لئے اقلیموں سے دوسری اقلیم ہے اور اِس روز اور دنوں سے اُس کی ساعتوں میں جو علوم حاصل ہوتے ہیں اُن میں علمِ نباتات ونوامیس، علمِ اسبابِ خیر اور مکارمِ اخلاق، علمِ قربات، علمِ قبولِ اعمال اور اُن کے صاحب کی انتہاء کہاں ہے کا علم ہے۔

جُمعہ کا علمی اَمر

ہر علمی اَمر جو جمعۃ المبارک کے روز ہوگا اُس شخص کے لئے ہے جس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ پانچویں اقلیم کی حفاظت فرماتا ہے پس وہ حضرت یُوسف علیہ السّلام کی رُوحانیت سے ہے اور ہر علوی اثر جو آگ اور ہوا کے رُکن میں ہوگا، زہرہ

www.maktabah.org

ستارے کی نظر سے ہوتا ہے اور ہر سفلی اثر جو پانی اور زمین کے رکن میں ہوگا فلک زہرہ کی حرکت سے ہوتا ہے اور یہ اُس امر سے ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ ہر آسمان میں وحی فرماتا ہے اور یہ آثار وہی امرِ الٰہی ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے اور ہر وہ چیز جو دونوں کے درمیان پیدا ہوتی ہے جو اِس سے آسمان کے درمیان اور وہ جو زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے آسے اِس تنزول سے قبول کرتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ

یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

(الطلاق آیت ۲)

یعنی اُس نے سات آسمان پیدا فرمائے اور اُن کی مثل زمین سے ہے دونوں کے درمیان اَمر نازل ہوتا ہے تاکہ جان لو بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اور قدرت کا تعلق ایجاد کے ساتھ ہے پس ہم نے جان لیا کہ اِس تنزّل کا مقصود تکوین یعنی پیدائش ہے۔ اِس دن اور دنوں سے اُس کی ساعتوں میں جو علوم آسے حاصل ہوتے ہیں اُن میں سے حضرت جمال واِنس سے علم تصویر اور علم احوال ہے۔

ہفتہ کا علمی اَمر

ہر علمی اَمر جو ہفتہ کے دن میں ہوگا۔ اُس کا بدل وہ ہے جو پہلی اقلیم کی حفاظت کرتا ہے پس وہ حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کی رُوحانیت سے ہے اور اِس دن میں جو علوی اثر آگ اور ہوا کے رکن میں ہوگا وہ اپنے فلک میں کیوان ستارے کی حرکت سے ہوتا ہے اور جو سفلی اثر زمین اور پانی میں ہوگا وہ اُس کے فلک

www.maktabah.org

کی حرکت سے ہوگا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کواکب سیّارہ کے حق میں فرمایا ہے۔ کل فی فلک یسبحون اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا! وَبِالنجم ھُم یُھتَدُونَ یعنی وہ ہر فلک میں پھرتے ہیں اور وہ ستاروں کے ساتھ ہدایت پاتے ہیں پس انہیں اُن کے ساتھ ہدایت کے لئے پیدا کیا ہے، اِس دن میں اور باقی ایّام کے شب و روز سے اُس کی ساعتوں میں اُسے جو علوم حاصل ہوتے ہیں اُس میں علمِ ثبات و تمکین، علمِ دوام و بقاء اور اِن ابدال کے مقامات کے ساتھ اس اِمام کا علم اُن کے ہجیرہ سے ہے اور کہا کہ مقام اوّل اور ہجیرہ کی مِثل کوئی چیز نہیں اور اِس کا سبب اُس کی اوّلیت کا ہونا ہے کیونکہ اگر اُس کے لئے پہلے مِثل ہوتی تو اُس کی اوّلیت درست نہ ہوتی پس اُس کا ذکر اُس کے مقام کی مناسبت سے ہے اور دوسرے شخص کا مقام اُس کے ہجیرہ میں ہے۔ البتّہ میرے ربّ کے کلمات خرچ ہونے سے قبل سمندر خرچ ہو جائے گا اور یہ مقام علمِ الہٰی ہے اور اِس کا تعلّق لامتناہی ہے۔

یہ اوصاف میں سے دُوسرا وَصف ہے کیونکہ اوصاف میں سے پہلا وصف زندگی اور اُس کے بعد علم ہے۔ اس شخص کا ہجیر تیرا وَصف ہے اور اُس کا مقام ہے۔

وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔ اور وہ تمہارے نفسوں میں ہے کیا تم نہیں دیکھتے۔

اور یہ تیسرا مرتبہ ہے۔ کیونکہ پہلی نشانیاں اسمآ الٰہیہ اور دوسری نشانیاں آفاق میں ہیں اور وہ نشانیاں جو دوسری نشانیوں سے مِلی ہوئی ہیں ہمارے نفسوں میں ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِهِمْ

حٰمٓ السجدہ آیت ۵۳

ہم اُنہیں اپنی نشانیاں آفاق اور اُن کے نفسوں میں دِکھائیں گے۔

www.maktabah.org

پس اِس لئے ابدال سے اِس تیسری بحیر کے ساتھ مختص ہُوا اور بحیرہ میں چوتھا مقام یَا لَیۡتَنِیۡ کُنۡتُ تُرَابًا ہے۔ یعنی کاش میں مٹی ہوتا اور یہ اُن ارکان سے چوتھا رُکن ہے جو مرکز طلب کرتا ہے اُس کے نزدیک جو اِس کے ساتھ کہتا ہے۔

نقطہ کا قریبی کُرّہ زمین ہے

نقطہ کے لئے قریب تر کُرّہ زمین ہے اور یہ نقطہ محیط کے وجود کا سبب تھا۔ پس وہ اشیاء کے مُوجد اللہ تبارک و تعالیٰ سے قُرب طلب کرتا ہے جو اُسے سوائے تواضع کے حاصل نہیں ہوتا اور زمین سے بڑھ کر تواضع میں کوئی نہیں اُترتا۔ یہی منبع ہائے علوم ہیں جن سے نہریں پھوٹتی ہیں اور جو بارشوں سے پانی اُترتا ہے وہ رطوبتوں کے بخارات ہیں جو زمین سے اُٹھتے ہیں پس اِن سے چشمے اور نہریں جاری ہوتی ہیں اور اِن سے آسمانی فضا کی طرف بخارات نکلتے ہیں پس پانی حل ہوتا ہے اور بارش اُترتی ہے اِس لئے چوتھا چوتھے ارکان سے مختص ہُوا اور مقام پانچواں ہے۔

فَاسْئَلُوۡا اَھۡلَ الذِّکۡرِ اِنۡ کُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ٥

پس اہلِ ذکر سے سوال کرو۔ اگر تم نہیں جانتے۔

اور نہیں سوال کرتا۔ مگر مولود کیونکہ طِفل مقامِ طفولیت میں ہوتا ہے اور سوال کرتا ندا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَاللّٰہُ اَخۡرَجَکُمۡ مِّنۡۢ بُطُوۡنِ اُمَّھٰتِکُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ شَیۡئًا (النحل آیت ۷۸)

تمہیں تمہاری ماؤں کے بطنوں سے نکالا تم کسی چیز کو نہ جانتے تھے۔

پس وہ نہیں جانتا یہاں تک کہ سوال کرے پس بیٹا پانچویں مرتبہ میں ہے کیونکہ اُس کی مائیں چار ہیں اور وہ مائیں چاروں ارکان ہیں تو وہ عین

www.maktabah.org

پانچواں ہے اِس لئے ابدال کے درمیان پانچویں بدل کے بحیرکا سوال ہے۔ رہا چھٹے کا مقام تو وہ بحیرہ ہے۔ اُفَوِّضُ اَمرِیْ اِلَی اللّٰہِ۔ یعنی مَیں اپنا اَمر اللّٰہ کے سپُرد کرتا ہُوں اور یہ چھٹے کے لئے چھٹا مرتبہ ہے اور چھٹا اُس کے لئے ہوگا کیونکہ پانچویں مرتبہ میں ہے جیساکہ ہم نے پُوچھنے کا ذکر کیاکہ وُہ نہیں جانتا تھا۔ جب اُس نے پُوچھا تو اُسے اِس کا علم ہُوا اور جب علم ہوگیا تو اُس کا علم اُس کے رَبّ کے ساتھ متحقق ہوگیا۔ پس اُس نے اپنا اَمر اُس کے سپُرد کردیا۔ کیونکہ اُسے علم ہوگیا کہ اِس کا اَمر اُس کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے۔ وَاِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ۔ اور اللّٰہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

آدم کا ساتواں مرتبہ ہے

پس کہا! مَیں نے جان لیاکہ میرے اَمر کا مالک اللّٰہ تبارک وتعالیٰ ہے اور وُہی کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ مَیں نے جان لیاکہ اِس میں سپُرد کرنا میرے لئے زیادہ راجح ہے تو اِس کے لئے اُسے بحیر پکڑا اور ساتواں مقام انا عرضنا الامانۃ ہے۔ یعنی ہم امانت لَوٹاتے ہیں اور اِس کے لئے ساتواں مرتبہ ہے اور تکوینِ آدم جو انسان سے تعبیر ہے وہ بھی ساتویں مرتبہ میں ہے۔ کیونکہ وہ عقل سے پھر نفس پھر ہَبا، پھر دو فاعلوں اور پھر دو منفعلوں سے ہے یہ چھ ہیں پھر وُہ انسان جو حضرت آدم علیہ السلام ہیں ساتویں مرتبے میں پیدا ہوئے۔

اور جب انسان سُنبلہ میں تھا اور اِس کے لئے زمانہ سے دلالت میں سات ہزار سال تھے تو اُس مُدّت سے انسان ساتویں مرتبہ میں پایا گیا پس اُس نے امانت کو سات کے تحقق کے ساتھ اُٹھایا اور وُہ ابدال سے ساتواں تھا اِس لئے اُس نے اِس آیت کو بحیرہ پکڑا۔

www.maktabah.org

وہ اپنے ہیکل میں تھا

ہم نے آپ کے لئے ابدال کے مراتب ظاہر کر دیتے ہیں اور مجھے خبر دی گئی ہے کہ یہ قطب جو مداوی الکلوم ہے اپنی قید کے زمانہ میں اپنے ہیکل میں تھا۔ اور جب عالم میں اس کی ولایت وقف ہو گی تو اس کے لئے ستر تبلیلوں نے وہ سب کچھ وقف کر دیا جو ان میں معارفِ الٰہیہ اور اسرارِ وجود سے ظاہر ہوا تھا اور اس کا کلام سات سے کبھی نہیں بڑھا اور وہ اپنے ساتھیوں میں طویل عرصہ ٹھہرا رہا اور وہ اپنے زمانے میں اپنے ساتھیوں سے ایک فاضل شخص کا معین و مددگار تھا جو مجلس میں لوگوں سے اس کے زیادہ قریب ہوتا تھا اور اس کا نام مستسلم تھا۔

اس کا جانشین کون تھا

جب اس امام کا وصال ہوا تو مستسلم کو اس کی قطبیت کے مقام میں ولی اور قائم مقام بنایا گیا اور اس کا علمِ زمان اس کے علم پر غالب تھا اور یہ عجیب و غریب علم ہے جس سے ازل کی پہچان ہو جاتی ہے اور اس سے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تھا اور اس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی۔ اس علم کو رجال سے افراد کے سوا کوئی نہیں جانتا اور یہ دہرِ اول اور دہر الدہور سے تعبیر ہوتا ہے۔

اس ازل سے زمانہ پایا گیا اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام دہر ہوا اور وہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد ہے "لاتسبوا الدہر فان اللہ ہو الدہر" یعنی زمانے کو گالی نہ دو۔ بے شک اللہ تعالیٰ زمانہ ہے اور یہ حدیث درست اور ثابت ہے اور جیسے دہر یعنی زمانہ کا علم حاصل ہو جاتا ہے

www.maktabah.org

وہ کسی چیز کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب کرنے سے توقف نہیں کرتا کیونکہ اس کے لئے بہت بڑی گنجائش ہوتی ہے اور اس علم سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے حق میں متعدد مقالات ہیں جن سے عقائد کا اختلاف ہو گیا اور یہ علم اُن تمام کو قبول کرتا ہے اور ان سے کسی چیز کی تردید نہیں کرتا۔

یہ علم عام ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا ظرف ہے اور اس کے اسرار عجیب ہیں جس کے لئے عین موجود نہیں اور وہ ہر چیز میں حاکم ہے اور اُس کی نسبت کو حق تعالیٰ قبول کرتا ہے اور اس کی نسبت کو کائنات قبول کرتی ہے اور وہ تمام مُعینہ اور مبہم سے غائب اسماء کا سُلطان ہے۔

پس اس میں اس امام کے لئے یدِ بیضاء ہے اور اُس کے دَہر الدہُور کے علم سے اُس کے لئے حکمتِ دُنیا کا علم ہے جو اہلِ دُنیا کے لعب یعنی کھیل تماشے کے بارے میں ہے۔ اُس کا نام لعب کیوں ہے اور اللہ نے اُسے پیدا فرمایا ہے اور بہت سے لعب وہ ہیں جو زمانے کی طرف منسوب ہیں تو کہتے ہیں کہ زمانہ اپنے اہل کے ساتھ لعب میں مشغول ہے اور یہ سابقہ تعلق ہے اور وہ عاقبت میں حاکم ہے۔

یہ امام کسب کی معرفت رکھنے کے باوجود کسب کی بُرائی کرتا اور اس کے ساتھ نہ کہتا یعنی کسب کے حق میں نہ تھا لیکن وہ اس کے ساتھ اپنے ساتھیوں کی ہمتوں کے تعلق سے واسطوں کے ساتھ ترقی دیا کرتا تھا۔

جانشین کا جانشین

مجھے خبر دی گئی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں حق تعالیٰ کے اسرار سے چھتیس ہزار علوم کی تعلیم دے کر فوت ہوا اور خاص طور پر اُس نے علومِ علویہ سے

www.maktabah.org

پانچ سو علوم کی تعلیم دے کر انتقال کیا۔ اللہ تعالیٰ اُس پر رحم فرمائے، بعد ازاں اُس کا قائم مقام ایک فاضل شخص ہُوا جس کا نام مظہر الحق تھا۔ وہ ایک سو چالیس سال زندہ رہنے کے بعد اللہ کو پیارا ہو گیا اور اُس کے بعد اُس کا قائم مقام ہائج ہُوا یہ شخص بہت بڑی شان کا مالک تھا جو تلوار کے ساتھ ظاہر ہُوا۔ ہائج نے ایک سو چالیس سال کی عمر پائی اور ایک جنگ میں شہید ہو گیا۔ اس پر اسماءِ الٰہیہ سے اسمِ قہار کا غلبہ تھا۔ جب یہ قتل ہُوا تو اِس کے بعد اس کا قائم مقام جو شخص ہُوا اُسے لقمان کہتے ہیں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔

کیا وہ حضرت لُقمان تھے

لُقمان کا لقب واضح الحکم تھا وہ ایک سو بیس سال تک زندہ رہا اُسے ترتیب و ریاضی اور طبعیات و الٰہیات کے علوم کی معرفت حاصل تھی اور وہ اپنے ساتھیوں کو بہت زیادہ وصیت کیا کرتا تھا اگر وہ حضرت لُقمان علیہ السّلام ہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمارے لئے اُن کی اپنے بیٹے کو وصیت کا ذکر فرمایا ہے جو اُن کے علمِ باللہ میں اُن کے مرتبے پر دلالت کرتا ہے۔

وہ عموم احوال میں اشیاء میں قصد و اعتدال پر تحریض کرتے تھے اللہ تبارک و تعالیٰ اُن پر رحم فرمائے۔ اُن کا وصال حضرت داؤد علیہ السّلام کے زمانہ میں ہُوا۔ اُن کے بعد جو شخص اُن کا نائب بنا اُس کا نام کاسب ہے وہ عالمین کے درمیان علمِ مناسبت اور اُس مناسبتِ الٰہیہ میں راسخ القدم تھے جس کے لئے عالم کو اِس صورت پر پیدا کیا گیا جس پر وہ ہے۔

انسان مجموعۂ عالم ہے

یہ امام جب اظہارِ اثر کا ارادہ کرتا ہے جو وجودِ نظر

www.maktabah.org

میں فی نفسہٖ مؤثر کی طرف ہے جس میں عالمِ علوی سے معلوم کے وزن پر مخصوص نظر ہے تو یہ اثر اِس میں بغیر مباشرت اور طبعی حِیلہ کے ظاہر ہو جاتا۔ وہ کہتا تھا اللہ تبارک و تعالیٰ نے تمام علمِ افلاک میں ودیعت کیا ہے اور انسان کو تمام رقائقِ عالم کا مجموعہ بنایا ہے پس انسان سے عالم میں ہر چیز کی طرف رقیقہ ہے۔ یہ رقیقہ انسان میں اُس چیز سے ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس چیز کے نزدیک اُن امُور سے ودیعت فرمائی جو اللہ تعالیٰ نے اُن پر امین بنائی۔ تاکہ اس انسان کی طرف اَمانت لوٹاتے اور عارف انسان اِس رقیقہ کے ساتھ اس چیز کو حرکت دیتا ہے جو اُس کی مُراد ہے۔

پس عالم میں کوئی چیز نہیں مگر اُس کا انسان میں اثر ہے اور اُس میں انسان کا اثر ہے اِسی لئے اِن رقائق کا کشف اور اِن کی معرفت ہے اور یہ نُور کی شعاعوں کی مِثل ہے اور اِس امام نے اَسّی سال کی زندگی پائی جب اِس کا انتقال ہُوا تو اُس کا وارث ایک شخص بنا جس کا نام جامع الحکم تھا اُس نے ایک سو بیس سال کی عُمر پائی۔ اُس کا ابدال اور شیخ و شاگرد کے اسرار کے بارے میں عظیم کلام ہے اور وہ اسباب کے بارے میں کہا کرتا تھا اور اُسے نباتات کے اسرار عطا ہوتے تھے اور اُس کا ہر عِلم اِس طریق کے اہل کے لئے مختص تھا اور اِس میں پہلے جو ہم نے اُس کا ذکر اِس باب میں کیا ہے وہ بہت ہے اور اللہ ہی حق فرماتا اور سیدھا راستہ دِکھاتا ہے۔

اَلحمدُ للہ پندرھویں باب کا ترجمہ اختتام پذیر ہُوا

---

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

سولھواں باب

منازل سفلیۂ علوم کونیہ اور ان سے مبدا دِ معرفتِ الٰہی کا بیان اور معرفتِ اوتاد و ابدال اور ارواحِ علویہ سے جو اُن سے محبت کرتے ہیں اور اُن کے افلاک کی ترتیب

علم الکتائف اعلام مرتبۃ ... ھی الدلیل علی المطلوب للرسل
وھی التی حجبت أسرار ذی عمہ ... وھی التی کشفت معالم السبل
لھا من العالم العلوی سبعتہ ... من اھلال وخذ علوا الی زحل
لولا الذی أوجد الاوتاد أربعۃ ... رسی بھا الارض فایرنب من المیل
لما استقر علیھا من یکون بھا ... فاعجب لہ مثلا ناھیک من مثل

کثائف کا علم مرتب نشانیاں ہیں اور رسولوں کے لئے مطلوب پر یہی دلیل ہے
یہی وہ امر ہے جس نے نابینا سے اسرار کو چھپا لیا اور یہی وہ امر ہے جس نے راستوں کے معالم کھول دیئے۔

اُس کے لئے عالمِ علوی سے اُس کے سات ہیں جو ہلال سے اور زحل کی طرف بلند ہوتے۔

اگر وہ چار اوتاد پیدا نہ کرتا تو زمین اُس کی طرف میلان سے لڑھک جاتی۔

جب اس پر اس کے ساتھ ہونے والوں کو قرار حاصل ہوا تو اُس کے

www.maktabah.org

لئے خوشی ہے مثلاً آپ مثل سے روکیں۔

شیطان کدھر سے حملہ کرتا ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مدد فرماتے جاننا چاہیئے کہ ہم اس سے پہلے باب میں ابدال کی منازل، اُن کے مقامات اور ارواحِ علویہ سے اُن سے محبّت کرنے والوں اور اِن کے افلاک کی ترتیب اور آثار سے جو اِن میں تیّرات کے لئے ہے اور جو اُن کے لئے اقلیموں سے ہے بیان کر چکے ہیں۔ پس اِس باب میں جو باقی ہے اُس کو بیان کریں گے جس سے اِس پر منازل سفلیہ کا بیان ہے۔ یہاں اِن جہاتِ اربعہ سے عبارت ہے جہاں سے شیطان انسان کی طرف آتا ہے اِن کا نام ہم نے سفلیہ رکھا ہے کیونکہ شیطان عالمِ اسفل سے ہے چنانچہ وہ انسان کی طرف نہیں آتا۔ مگر اُن منازل سے جو اُس کے مناسب ہیں اور یہ دائیں بائیں اور آگے پیچھے کی سمتیں ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ثُمَّ لَآتِيَنَّهُم مِّن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَن شَمَائِلِهِمْ

(الاعراف آیت ۱۷)

پھر اُن کی طرف اُن کے آگے سے اور اُن کے پیچھے سے اور اُن کے دائیں اور اُن کے بائیں سے آؤں گا۔

شیطان انسان پر بالطبع مدد مانگتا ہے کیونکہ جب وہ شہوات کی اتباع کی طرف بلاتا ہے تو انسان اُس کے لئے مساعدت پیدا کرتا ہے۔ پس انسان کو امر ہُوا کہ وہ اِن جہات سے جنگ کرے اور اِن جہات کو قلعہ بنائے جس کے

www.maktabah.org

ساتھ اُسے شریعت نے حکم دیا ہے۔ اگر اُس کے ساتھ اس کا قلعہ ہوگا تو شیطان اُس سے اُس کی طرف داخلے کا راستہ نہیں پاتے گا۔ اگر وہ آپ کے پاس آپ کے سامنے سے آئے گا تو آپ اُسے ہنکا دیں گے۔ آپ پر اللہ تبارک و تعالیٰ کے احسان و جزاء کے طور ہر علوم میں سے آپ کے لئے علوم نور درخشاں ہوں گے۔ اس لئے کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کی جناب کو اپنی خواہشات پر ترجیح دی۔

علومِ نور

علومِ نور دو قسموں پر ہیں۔ ۱: علومِ کشف۔ ۲: صحیح فکر کے ساتھ علومِ برہان

پس طریقِ برہان سے اُسے جو حاصل ہوتا ہے وہ وجودِ حق تعالیٰ، اُس کی توحید اور اُس کے اسماء و افعال ہیں۔ گمراہ کُن قادح شبہ کو دُور کرتا ہے۔ پس برہان معطلہ پر رَدّ کرتی ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے وجود کے اثبات پر دلالت کرتی ہے جس کے ساتھ وہ اُن اہلِ شرک پہ رَدّ کرتا ہے جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ دُوسرے اِلٰہ مقرر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے معبود ہونے سے توحیدِ الٰہی پر دلالت کرتا ہے اور اِس کے ساتھ اُن پر رَدّ کرتا ہے جو اسماء الٰہیہ کے احکام اور کون میں اُس کے آثار کی صحت کی نفی کرتے ہیں اور وہ طریقِ اطلاق سے برہانِ سمعی کے ساتھ اُس کے اثبات پر اور معانی کے طریق سے برہانِ عقلی کے ساتھ دلیل دیتا ہے اور اِس کے ساتھ وہ فلاسفہ سے افعال کی نفی پر رَدّ کرتا ہے اور اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے فاعل ہونے پر دلالت پیش کرتا ہے اور یہ کہ مفعولات اُس کے لئے سمعاً و عقلاً مراد ہیں۔

علومِ کشف اور شیطان کا پیچھے سے حملہ کرنا

رہے علومِ کشف تو یہ وہ

www.maktabah.org

ہیں جو اُسے مظاہر کی تجلّیات میں معارفِ الٰہیہ سے حاصل ہوتے ہیں اور اگر شیطان آپ کے پاس آپ کے پیچھے سے آئے تو وہ آپ کو اِس طرف بُلائے گا کہ آپ اللہ تعالیٰ پر وہ کہیں جو نہیں جانتے اور آپ نبوّت و رسالت کا دعویٰ کرتے ہُوئے کہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی اُتاری ہے اور یہ اِس لئے ہے کہ شیطان ہر مِلّت میں اور ہر صِفت میں نظر رکھتا ہے جس پر اِس اُمّت میں شارع کی بُرائی آئی ہے۔ تو وہ آپ کو اِس کے ساتھ اَمر کرے گا۔ اور ہر وہ صفت جس پر اُس کی حمد و تعریف آئی ہے۔ اُس سے یہ علی الطلاق روکے گا اور فرشتہ اِس کے بالعکس آپ کو اس سے محمود کا حکم دے گا۔ اور مذموم سے روکے گا۔ تو جب آپ اُسے اپنے پیچھے سے دُور کریں گے تو آپ کے لئے علُومِ صِدق اور اُس کی منازل کے علوم ظاہر ہوں گے اور یہ علُوم کہ صاحبِ صِدق کہاں منتہی ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔ فِی مَقعدِ الصدق۔ خبردار یہ اُن کا صِدق ہے جو اُنہیں مقتدر بادشاہ کے نزدیک بٹھاتا ہے۔ کیونکہ اقتدار صِدق کے مناسب ہے۔ اِس لئے کہ صِدق کا معنیٰ طاقتور ہے۔ کہتے ہیں کہ رمحٌ صِدق یعنی طاقتور صلیب جب کہ اِس صادق کی صِفت اپنے نفس پر قوی ہونے کی حیثیت سے قوّت ہے تو وہ اُس کے ساتھ مزیّن نہیں ہوتا جو اُس کے لئے نہیں۔ اور وہ اپنے اَقوال و اَحوال اور اَفعال میں حق کا التزام کرتا ہے اور اِس صِدق میں وہ مقتدر بادشاہ کے پاس حق کے ساتھ بیٹھتا ہے یعنی وہ اُس قوّتِ الٰہیہ پر مطلع کرتا ہے۔ جو قوّت اُس کے اُس صِدق میں عطا ہُوئی جس پر وُہ تھا۔ کیونکہ ملک کا معنیٰ شدید بھی ہے تو وُہ مقتدر کے لئے مناسب ہے۔ قیس بن حطیم نے اپنے نیزے کے وَصف میں کہا ہے:

www.maktabah.org

اِس کے ساتھ میری ہتھیلی نے مجھے ہلاک کیا تو میں نے اِس کے سوراخ کو چلا دیا۔ اس کے پیچھے اس کے علاوہ قائم ہونے والے کو دیکھا گیا۔ یعنی میں نے اِس کے ساتھ اپنی ہتھیلی کو سخت کیا۔

کہتے ہیں ملکت العجین میں خمیر کا مالک ہُوں یعنی جب اُس کا خمیر سخت ہو جاتا ہے تو جب آپ کو شیطان کے اُس اَمر میں مخالفت ہو جائے گی جس کے ساتھ وہ آپ کے پاس آیا تو آپ کو ایجاد کے ساتھ اقتدارِ الٰہی کے تعلق کا علم ہو جائے گا۔ اور یہ ہمارے اصحاب سے اہلِ حقائق کے درمیان اختلافی مسئلہ ہے۔ اور آپ کو عصمت اور حفظ الٰہی کا علم حاصل ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ آپ میں آپ کا اور دوسرے کا وہم اثر پذیر نہیں ہو گا تو آپ اپنے رَبّ کے لئے خاص ہو جائیں گے۔

اگر شیطان کا حملہ دائیں طرف سے ہو

اور اگر وہ آپ کے پاس دائیں طرف سے آتا ہے تو آپ اُس پر طاقتور رہیں گے اور اُس کی مدافعت کریں گے۔ کیونکہ جب وہ قوت کے ساتھ موصوف اس جہت سے آپ کے پاس آئے گا تو وہ آپ کی طرف آپ کے ایمان و یقین کو کمزور کرنے کے لئے آئے گا اور آپ پر آپ کے دلائل و مکاشفات میں شبہ ڈالے گا۔ کیونکہ ہر وہ کشف جس پر آپ کو اللہ تعالیٰ نے اطلاع دی ہے شیطان کے لئے عالمِ خیال سے ایک اَمر ہے جس کے ساتھ وہ آپ کے اُس حال کے لئے مشابہت نصب کرے گا جس پر آپ اُس وقت میں ہیں۔ پس

www.maktabah.org

اگر آپ کے پاس طاقتور علم نہیں ہوگا جس کے ساتھ آپ حق کے اور اُس خیال کے درمیان امتیاز کر سکیں جو آپ کے دل میں آیا ہے تو آپ مقام موسوی پر ہوں گے اور اگر ایسا نہیں تو آپ پر یہ اَمر مُلتبس ہو جائے گا۔ جیسا کہ عوام کے لئے ساحروں نے خیال پیدا کر دیا تھا کہ یہ رَسّیاں اور لاٹھیاں سانپ ہیں جب کہ ایسا نہیں تھا اور جب حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام نے اپنے عصا کو ڈالا تو وہ حرکت کرتا ہُوا سانپ تھا جس سے وہ عادتِ جاریہ کے مطابق اپنے نفس پر خوفزدہ ہو گئے۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے سامنے اِس سے پہلے تمام جادوگروں کے جمع ہونے سے قبل یہ معرفت عطا کر دی تھی۔ تاکہ آپ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یقین پر ہوں کہ یہ نشانی ہے اور یہ آنہیں نقصان نہیں پہنچائے گی۔ اور آپ کا دُوسرا خوف اُس وقت تھا جب جادُوگروں نے رسّیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں تو وہ حاضرین کی نگاہوں میں سانپ بن گئے اور آپ اِس لئے ڈرے تھے کہ شاید لوگوں پر یہ اَمر مُلتبس ہو گیا ہو اور وہ خیال اور حقیقت کے درمیان یا اُس کے درمیان جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اُس کے درمیان جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں فرق نہ کر سکیں۔ پس دونوں خوفوں کا تعلق مختلف ہے کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام اپنے ربّ کی طرف سے ظاہر دلیل اور مضبوط قلب پر تھے جس کے ساتھ آپ کے لئے پہلے جب اِلقائے اوّل میں کہا گیا۔

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ طٰہٰ آیت ۲۱

یعنی اِسے پکڑ لیں اور ڈریں نہیں۔ عنقریب ہم اِسے اِس کی پہلی سیرت پر پھیر دیں گے۔ یعنی عصا لوٹ آئے گا۔ جیسا کہ آپ کی نظر میں تھا۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے عصا کو برزخ کے سانپ کی رُوحانیت میں چھپایا

www.maktabah.org

ہُوا تھا۔ پس جب اُس عَصا کو ڈالا گیا تو اُس نے جادُوگروں کے تمام سانپوں کو جو حاضرین کی نظروں نے خیال کئے تھے نگل لیا اور اِن رسّیوں اور لاٹھیوں سے اُن کی نگاہوں میں بظاہر نظر آنے والی کوئی چیز باقی نہ رہی اور یہ لاٹھیوں اور سانپوں کی صُورتوں میں اُن کی حُجتوں پر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کی حُجّت کا غلبہ تھا چنانچہ جب جادُوگروں نے اپنی رسّیوں اور لاٹھیوں کو ڈالا تو اُن کی اور لوگوں کی نگاہوں نے اُنہیں رسّیاں اور لاٹھیاں ہی دیکھا تو یہ اُنہیں نگل جانا تھا۔ ورنہ رسّیاں اور لاٹھیاں معدُوم نہ ہُوئی تھیں۔ کیونکہ اگر وُہ معدُوم ہو جاتیں تو اُن پر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کے عَصاء میں تلبّس ہوتا اور اُن پر شُبہ داخل ہو جاتا۔ چنانچہ جب لوگوں نے رسّیوں کو رسّیاں دیکھا تو جان لیا کہ یہ طبیعی تدابیر ہیں جنہیں رُوحانی تدابیر کی قوّت مدد دیتی ہے۔ پس حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کے عَصا نے سانپوں کی صُورتوں میں رسّیوں اور عَصاؤں کو نگل لیا۔ جیسا کہ ناحق جھگڑنے والے کے کلام کا ابطال دلیل اور حُجّت سے ہوتا ہے نہ کہ اُس کی لائی ہُوئی چیز معدُوم ہو جاتی ہے۔ بلکہ سامعین کے نزدیک وُہ چیز معقول و محفوظ ہوتی ہے اور اُس کے نزدیک اُس کی حُجّت زائل ہو جاتی ہے۔

جب جادوگروں کو اُس حُجّت کی قوّت کا علم اور اندازہ ہو گیا جو حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام لائے تھے اور جان لیا کہ اُس نے اُن کی لائی ہُوئی حُجتوں کو خارج کر دیا ہے اور اُن پر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کی لائی ہُوئی حُجّت کی صفائی متحقق ہو گئی اُن حُجتوں پر جو وہ لائے تھے اور اُنہیں معلوم ہو گیا کہ حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا خوفزدہ ہونا اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے تھا اور اگر اُن کے اپنے پاس سے ہوتا تو وہ خوفزدہ نہ ہوتے کیونکہ وُہ عادتِ جاریہ کو جانتے تھے۔ پس جادُوگروں کے نزدیک اُن کی نشانی اُن ؑ کا خوف اور لوگوں کے

www.maktabah.org

نزدیک اُن کی نشانی اُن کے عصا کا نِگل جانا تھا۔ پس جادوگر ایمان لے آئے. کہا گیا ہے کہ یہ اسّی ہزار جادوگر تھے اور اُنہوں نے جان لیا تھا کہ اِس مقام پر سب سے بڑی نشانی اُن صورتوں کو نِگل لینا ہے جو ناظرین کی نگاہوں میں تھیں۔ اور اُن کی نگاہوں میں حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا عصا سانپ کی صورت میں باقی رہا۔ اور اُن کے نزدیک حال ایک ہی تھا۔

پس اُنہوں نے حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کی سچّائی کو جان لیا جس کی طرف وُہ اُنہیں بُلاتے تھے اور یہ کہ جادُو میں معلوم حِیلوں اور صُورتوں سے جو اُمر خارج میں وُہ لاتے ہیں وُہ امرِ الٰہی سے ہے۔ اِس میں حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا عمل نہیں پس اُنہوں نے بصیرت پر اُن کی رسالت کی تصدیق کی اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے عذاب پر فرعون کا عذاب اختیار کیا اور دُنیا پر آخرت کو ترجیح دی اور اپنے عِلم سے جان لیا کہ.

ان اللہ علیٰ کل شیءٍ قدیر

بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے.

اور بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے عِلم کے ساتھ ہر چیز کو گھیرا ہُوا ہے.

اور یقیناً حقائق تبدیل نہیں ہوتے اور حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا عصا کا باطن سانپ کی صورت میں تھا اور لوگوں کی نگاہوں سے اور اُس سے جس نے آپ کو خوف میں مُبتلا کیا باطن میں تھا جس سے اُنہوں نے مشاہدہ کیا۔ پس یہ عِلم کا فائدہ ہے۔

اگر شیطان بائیں طرف سے آئے

اگر شیطان آپ کے پاس بائیں طرف

www.maktabah.org

سے شبہاتِ تعطیل کے ساتھ آئے یا اللہ تبارک وتعالیٰ کی الوہیت میں شریک کا وجود پیش کرے تو اُسے بھگا دیں کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس پر دلائلِ توحید اور علمِ نظر کے ساتھ قوت عطا فرمائے گا۔ کیونکہ پیچھا کرنا معطلہ کے لئے ہے اور اُن کی مدافعت اُس ضرورتِ علم کے ساتھ ہے جس کے ساتھ وجودِ باری تعالیٰ کا علم ہوتا ہے۔

پس خلف یعنی پیچھا تعطیل کے لئے بایاں شرک کے لئے دایاں ضعف اور کمزوری کے لئے اور سامنے سے حملہ آور ہونا اس میں تشکیک پیدا کرنے کے لئے ہے۔

سوفسطائیہ کی تلبیس

سوفسطائیہ پر یہاں تلبیس داخل ہو گئی ہے اس حیثیت سے کہ اُن کے لئے حواس میں غلطی پیدا ہو گئی اور یہی وہ امر ہے جس کی طرف اہلِ نظر اپنے دلائل کی صحت میں اور علمِ الٰہی وغیرہ میں بدیہات کی طرف سند پکڑتے ہیں۔ پس جب اُن کی غلطی ظاہر کی جائے تو کہتے ہیں۔ ہرگز ایسا علم نہیں جس کی توثیق کی جائے اگر انہیں کہا جائے کہ یہ بھی علم ہے کہ کوئی علم نہیں۔ پس تمہاری سند نہیں اور تم اس کے قائل نہیں ہو۔

وہ کہتے ہیں ہم ایسے ہی کہتے ہیں۔ اگر ہم کہتے ہیں کہ یہ علم نہیں اور یہ جملہ غلطیوں سے ہے۔ ہم انہیں کہتے ہیں کہ تمہارا یہ قول ہے کہ کوئی علم نہیں اور تمہارا یہ قول بھی ہے کہ جملہ اغالیط سے ہے تو یہ اُس کا اثبات ہے جس کی تم نفی کرتے ہو۔ پس اُن پر اس امر میں شبہ داخل ہو گیا جس میں وہ دلائل میں اُس کی طرف اپنے مقدمات کی ترکیب میں سند پکڑتے ہیں اور یہ

www.maktabah.org

اِس میں اِس کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اِس لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس سے ہماری حفاظت فرمائی۔ پس ہم نے حِس کے لئے ایک بھی غلط جُملہ مقرر نہیں کیا اور جس چیز کا اِدراک حِس کرتی ہے حق ہے کیونکہ مُوصل ہی حاکم بلکہ شاہد ہے اور عقل ہی وُہ حاکم ہے اور حُکم میں غلطی حاکم کی طرف منسُوب ہوتی ہے، قائلین کے نزدیک غلطی حِس سے معلوم ہوتی ہے اور غیر قائلین کے نزدیک عقل غلطی کرتی ہے جب کہ نظر فاسد ہو یعنی نظرِ فکری کیونکہ نظر صحیح اور فاسد کی طرف منقسم ہے تو یہ وہ ہے جو اُن کے سامنے سے ہوتا ہے۔

پھر البتہ جان لیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کے بدن کے شہر کی ترتیب میں دو قسمیں مُقرر فرمائی ہیں اور اُس سے دو قسموں کے درمیان مقرر فرمایا جیسا کہ دو چیزوں کے درمیان فاصل ہوتا ہے پس جس میں تمام حِسّیہ اور رُوحانیہ قویٰ ہیں وُہ سَر ہے جسے اعلیٰ قسم میں مقرر کیا گیا اور دوسرے نِصف میں حسّاس قویٰ سے احساسِ لمس کو مقرر فرمایا تو وہ سخت و نرم، گرم و سرد اور رطب و یابس کو اپنی حسّاس رُوح کے ساتھ اپنے بدن میں سرایت کرنے والی اِس خاص قوّت کی حیثیت سے ادراک کر لیتا ہے نہ کہ اِس کے علاوہ۔

قوّتِ جاذبہ اور بیماری کا آنا

رہا قویٰ طبعیہ سے جو اُمر تدبیرِ بدن سے متعلق ہے تو وُہ قوّتِ جاذبہ ہے جس کے ساتھ نفسِ حیوانی اُس چیز کو جذب کرتا ہے جو اعضاء سے جگر اور دِل کی دُرستی کرتی ہے اور قوّتِ ماسکہ اُس کو روکتی ہے جسے عُضو پر قوّتِ جاذبہ نے جذب کیا تھا یہاں تک کہ جو اُس کا منافع ہے اُسے اُس سے

www.maktabah.org

اَخذ کرے۔

اگر آپ کہیں کہ جب منفعت مقصود تھی تو جسم پر بیماری کہاں سے داخل ہوئی تو جاننا چاہیئے کہ جسم کے حق سے زیادہ یا کم غذا ملنے سے بیماری آجاتی ہے تو یہ قوّت اُس کے نزدیک میزانِ استحقاق ہے، چنانچہ جب قوّتِ جاذبہ اُس زیادہ یا کم غذا کو جذب کرے گی۔ جس کی جسم کو ضرورت نہیں تو بیماری ہو گی۔ کیونکہ اُس کی حقیقت جذب ہے میزان نہیں اگر وہ اُسے صحیح وزن پر اخذ کر لیتی ہے تو یہ اُس کے لئے اتفاقاً ہو جانے کے حکم میں ہے اور دوسری قوّت سے قصد کے حکم کے ساتھ نہیں ہوتا اور یہ اس لئے ہے تاکہ محدث اُس کی کمی کو جان لے۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

ایسے ہی اس میں قوّتِ مدافعت ہے جس کے ساتھ جسم کو پسینہ آتا ہے کیونکہ طبیعت مخصوص مقدار کے ساتھ دفع نہیں کرتی۔ اس لئے کہ وہ میزان سے ناواقف ہے اور وہ مزاج میں طاری ہونے والے اُس دوسرے فضول اَمر کے لئے محکوم ہے جسے شہوانی قوّت عطا کرتا ہے۔ ایسے ہی یہ سب بدن کے تمام بلند و پست میں ساری ہے۔

قویٰ کا محل

رہے تمام قویٰ تو اُن کا محل جسم کا اُوپر کا نصف حصّہ ہے اور یہ نصف دو زندگیوں حیاتِ خون اور حیاتِ نفس کے وجود کا محلّ اشرف ہے تو ان اعضا سے جو عضو مر جاتا ہے اُس سے وہ قویٰ زائل ہو جاتے ہیں جو اس میں وجودِ حیات کے ساتھ اُس کے مشروط وجود سے تھے، اور جو عضو نہیں مرتا اور محل پر کوئی قوّت طاری ہے تو خلل آجاتا ہے کیونکہ اُس کا حکم فساد اور

www.maktabah.org

خبط ہے اور علم صحیح عطا نہیں کرتی۔ جیسا کہ مُحِل خیال ہے۔ جب اُس میں کوئی علت طاری ہوگی تو خیال باطل نہیں ہوگا بلکہ اُس صحت کا قبول کرنا باطل ہو جائے گا۔ جس میں اُس نے علم کو دیکھا اور ایسے ہی عقل اور ہر رُوحانی قوت ہے۔

رہیں حِسّیہ قوتیں تو یہ بھی موجود ہیں لیکن اُن کے اور اُن کے مدرکات کے درمیان اُس عضوِ قائمہ میں حجاب طاری ہو جاتا ہے جس کے ساتھ اُس کی آنکھ وغیرہ سے پانی اُترتا ہے۔

رہے قویٰ تو یہ اپنے محلات میں ہمیشہ رہتے ہیں اور کبھی نہیں ہٹتے لیکن حجاب طاری ہو کر منع کرتے ہیں۔ پس نابینا حجاب کا مشاہدہ کرتا ہے اور وہ اُس کو دیکھتا ہے تو ظلمت کو پاتا ہے تو یہ ظلمت حجاب ہے اور اس کا مشہد حجاب ہے۔

چکھنے والا

ایسے ہی شہد اور شکر کو چکھنے والا جب اُسے کڑوا پاتا ہے تو عضوِ قائم کرنے کے لئے اُس کے ساتھ قوتِ ذائقہ مِلی ہوئی تھی جو کہ صفراء کا پتہ ہے اِس لئے اُس نے کڑواہٹ کا اِدراک کیا تو حِس کہتی ہے میں نے کڑواہٹ کا اِدراک کیا ہے اور حُکم دینے والا اگر غلطی کرے گا تو کہے گا کہ یہ شکر کڑوی ہے اور اگر صحیح کہے گا تو علت کو پہچان لے گا اور شکر پر کڑواہٹ کا حُکم نہیں دے گا اور حِس کا اِدراک قوت نے کیا تھا اُسے پہچان لے گا جب کہ حِس چیز کا مشاہدہ کرتی ہے تو اُسے پہچان لیتی ہے اور وہ ہر حال پر صحیح کہتی ہے اور قاضی خطا بھی کرتا ہے اور درست بھی کہتا ہے۔

www.maktabah.org

علمِ کون اور علمِ مرتبہ

فصل رہی اس منزل سے معرفتِ حق تو جاننا چاہیئے کہ علمِ کون کا ذات کے ساتھ ہرگز کوئی تعلق نہیں اور اس کا تعلق علمِ مرتبہ سے ہے اور وہ اللہ کا نام ہے اور وہ معرفتِ الٰہی پر محفوظ الارکان کی دلیل ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ پر اسماء افعال سے اور نعوتِ جلال سے ہیں اور اس تعریف کی گئی ذات سے عین و کیف سے غیر معروف مرتبہ کے ساتھ جو حقیقت ہوگی کون ضروری نہیں کہ جس کا صدور ہوگا۔

ہمارے نزدیک اس کے نہ جاننے میں اختلاف نہیں بلکہ اُس پر صفاتِ حدث کی نعوتِ تنزیہہ کا اطلاق ہوتا ہے اور اس کے لئے قِدم اور ازل کے وجود پر جو اطلاق ہوتا ہے وہ یہ اسماء ہیں جو نفیِ اوّلیت اور حدوث کے لائق سلوب پر دلالت کرتے ہیں اور اس میں متکلمین اشاعرہ کی جماعت کے کچھ لوگ ہمارے مخالف ہیں ان کا گمان ہے کہ وہ حق سے صفتِ نفسیہ ثبوتیہ کو جانتے ہیں۔ میں اس کے ساتھ اُن کے لئے حیران ہوں اور ہم نے متکلمین کے اُس گروہ سے اَخذ کیا ہے جسے ہم نے دیکھا ہے جیسا کہ عبداللہ کتانی، ابی عباس اشقر، علمِ کلام میں اور جوزہ کے مصنف ضریر سلاوی جنہوں نے ابوسعید خراز اور ابی حامد اور ان کی مثل لوگوں کے اس قول میں کلام کیا ہے۔ کہ نہیں پہچانتا اللہ کو مگر اللہ۔

رویتِ باری تعالیٰ

رویتِ باری تعالیٰ میں ہمارے اصحاب نے اختلاف کیا ہے جب کہ ہم

www.maktabah.org

اُسے دارِ آخرت میں آنکھوں سے دیکھیں گے تو وُہ کون ہے جسے دیکھیں گے۔ ہمارے اصحاب کے نزدیک اُن کا کلام معلوم ہے اور ہم اس کتاب میں اُس کی منازل وغیرہ کے متفرق ابواب میں یہ تحقیق لائے ہیں جو ایماء کے طریق سے ہے تصریح کے ساتھ نہیں کیونکہ میدان تنگ ہے اور عقلیں اِس میں اس کے دلائل کو توڑنے کے لئے متوقف ہیں۔

پس وہ سُبحانہٗ تعالیٰ اُس وجہ پر مرئی ہے جو اُس نے اور اُس کے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے بیان فرمائی اور جو اس سے اُس کے ارادہ پر ہے۔ کیونکہ ناظرین کا اُس فرمان کی تاویل میں اختلاف ہے جس کے متعلق رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ یہ ہمیں وحی کیا گیا ہے اور بعض سے بعض وجوہ اُولیٰ نہیں ہیں پس ہم نے اس میں غور وخوض ترک کر دیا ہے کیونکہ اِس میں ہمارے کلام کے ساتھ عالم سے اختلاف نہیں اُٹھتا۔ اور اُس کے ساتھ جو اِس میں وارد ہوا ہے۔

اَوتاد و اَبدال

<u>فصل</u> : رہی اوتاد کی وُہ بات جس کا تعلق اِس باب میں اُن کی معرفت سے ہے، تو جاننا چاہیئے کہ اَوتاد میں سے وُہ لوگ جن کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ عالم کی حفاظت فرماتا ہے چار ہیں۔ اُن کے لئے پانچواں نہیں۔ وُہ ابدال میں سے مخصوص ہیں اور اِن میں سے دو امام مخصوص ہیں اور قطب جماعت سے اخص الخاص ہوتا ہے۔

اِس طریق میں ابدال کا لفظ مشترک ہوتا ہے۔ اَبدال کا اطلاق اُس پر ہوتا ہے جس کی بڑی صفات، اچھے اوصاف میں تبدیل ہو جائیں۔ اور

www.maktabah.org

اِس کا اطلاق مخصوص تعداد پر ہوتا ہے جو بعض کے نزدیک چالیس ہے. اِس صِفت کے لئے جس میں وہ جمع ہیں اور اِن میں سے جو کہتا ہے اُن کی تعداد سات ہے. ہم سے جو لوگ کہتے ہیں سات ہیں. وہ اُوتاد میں سے سات ابدال الگ نکلے ہیں اور ہم سے جو کہتا ہے کہ ابدال سے چار اُوتاد ہیں تو لازماً ابدال سات ہیں اور اِن سات سے وہ چار اُوتاد اور دو امام اور ایک قطب ہے اور یہ جملہ ابدال ہیں. اِن کا نام ابدال اِس لئے ہے کہ اُن میں سے جب ایک فوت ہوتا ہے تو دُوسرا اُس کا بدل ہو جاتا ہے۔ اور چالیس میں سے ایک کو لے لیا جاتا ہے اور تین سو سے ایک کو لے کر چالیس کو پُورا کیا جاتا ہے اور تین سو کو ایک صالح مومن کے ساتھ پُورا کیا جاتا ہے.

اُوتاد و اَبدال کے مقامات

بعض نے کہا ہے کہ انہیں ابدال سے اِس لئے موسُوم کیا جاتا ہے کہ اُنہیں ایسی قوت عطا کی جاتی ہے کہ وہ جہاں چاہیں اپنا بدل چھوڑ دیتے ہیں تاکہ وہ اُن سے عِلم پر اُن کے نفوس میں اَمر قائم کرے اور اگر اُن کے عِلم پر نہیں تو وہ اِس مقام کے اصحاب سے نہیں اور بَدل کبھی صُلحاء اُمت سے اور کبھی افراد سے ہوتا ہے اور اُن ابدال کی طرح اُن چار اوتاد کی مثل ہوتی ہے جن کا ذکر ہم نے اِس سے پہلے باب میں رُوحانیتِ الٰہی اور رُوحانیتِ اَلیت میں کیا ہے۔

پس اِن میں سے وہ ہیں جو حضرت آدم علیہ السّلام کے قلب پر ہیں اور وہ ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے قلب پر ہیں اور وہ ہیں جو حضرت عیسٰے علیہ السّلام کے قلب پر ہیں اور وہ ہیں جو حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ

www.maktabah.org

علیہ وآلہ وسلّم کے قلب اطہرہ پر ہیں ۔

اِن میں سے بعض کی مددگار حضرت اسرافیل علیہ السّلام کی رُوحانیت ہے اور بعض کی مدد حضرتِ میکائیل علیہ السّلام کی رُوحانیت کرتی ہے۔ بعض کی امداد حضرت جبریل علیہ السّلام کی رُوحانیت اور بعض کی امداد حضرت عزرائیل علیہ السّلام کی رُوحانیت کرتی ہے۔

ہر وتد کے لئے بیت اللہ شریف کے ارکان سے ایک رُکن ہے تو جو وتد حضرت آدم علیہ السّلام کے قلب پر ہے اُس کے لئے رُکن شامی ہے اور جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے قلب پر ہے اُس کا رُکن حجرِ اسود ہے اور یہ بحمد اللہ ہمارے لئے ہے۔ ہمارے زمانہ میں بعض ارکان سے رُبیع بن محمود ماردینی لکڑہارا تھا۔ جب وہ فوت ہوا تو اُس کا جانشین دُوسرا شخص ہُوا، شیخ ابُو علی ہواری کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس کے کشف میں اُن پر مطلع فرمایا تھا۔ اس سے پہلے کہ وہ انہیں پہچانتا اور اُسے اُن کی صورتوں کا تحقق ہوتا۔ پس اُس نے اپنی وفات سے پہلے اُن میں سے تین اشخاص کو عالمِ حس میں دیکھ لیا تھا جن میں سے ایک تو ربیع ماردینی کو دیکھا تھا اور دُوسرا شخص جسے اُس نے دیکھا فارس کا تھا اور تیسرا شخص مَیں تھا جسے اُس نے دیکھا تھا۔ اور ہمارے ساتھ رہنے لگا۔ یہاں تک کہ وہ پانچ سو ننانوے (۵۹۹) ہجری میں فوت ہُوا اور مجھے اس کی خبر دیتے ہوئے کہا۔ مَیں نے چوتھے کو نہیں دیکھا اور وہ ایک حبشی تھا۔

اوتاد کے علوم

جاننا چاہیئے کہ یہ اوتاد بہت سے علوم پر حاوی ہوتے ہیں اور اُن کے

www.maktabah.org

لئے وہ علم لازمی ہے جس کے ساتھ وہ اوتاد ہوتے ہیں پس علوم سے زیادہ نہیں ہوتے۔ اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے پندرہ علوم ہیں اور اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے اٹھارہ[۱۸] علم لازمی ہیں اور اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے اکیس[۲۱] علم ہیں اور اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے چوبیس علم ہیں۔ اصنافِ علم کی تعداد کثیر ہے اِن میں سے ہر ایک کے لئے علوم کی اصناف ہیں جو اِس سے اُس کے لئے لازمی ہے۔ کبھی ایک یا وہ سب علم یا جماعت کے تمام علم اور زیادہ بھی جمع کر لیتے ہیں ولیکن اِن میں سے ہر ایک کے لئے خاص وہ ہیں جن کی تعداد ہم نے بیان کی ہے پس وہ اِس میں شرط ہے اور کبھی اُس کے لئے علم نہیں ہوتا اور نہ اُن میں سے کسی ایک کے لئے زائد علم ہوتا ہے اور اُس سے جو علم اُس کے ساتھیوں کے پاس علم ہے جس سے اُن کے پاس نہیں تو اُن سے جو اُس کے لئے اُس وجہ پر ہوتا ہے وہ علم ہے اور وہ اللہ تبارک تعالیٰ کا ابلیس کی طرف سے یہ قول ہے۔

ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ (الاعراف ۷)

پھر میں اُن کے پاس اُن کے سامنے سے اور اُن کے پیچھے سے اور اُن کے دائیں سے اور اُن کے پیچھے سے آؤں گا۔ اور ہر جہت کے لئے ایک وتد ہے جو قیامت کے دن اُس شخص کی شفاعت اُس جہت سے کرے گا جس طرف سے ابلیس اُس پر داخل ہوا ہوگا

اُوتاد کے علوم کا تعین جس وتد کے لئے وجہ یعنی سامنے کی سمت ہے

www.maktabah.org

اُسے یہ علوم حاصل ہوتے ہیں۔

عِلمِ اصطلام دو وجد اور شوق وعشق اور غامضاتِ مسائل، علمِ نظر، علمِ ریاضت، علمِ طبیعت، علمِ الٰہی، علمِ میزان، علمِ انوار، علمِ سبحات وجیہہ، علم مشاہدہ، علمِ فنا، علمِ تسخیر الارواح، علمِ استنزالاتِ رُوحانیتِ علوی، علمِ حرکت، علمِ ابلیس، علمِ مجاہدہ، علمِ حشر، علمِ نشر، علمِ موازینِ اعمال، علمِ جہنّم، علمِ صِراط،

جس وتد کے لئے بائیں سمت ہے اُسے یہ علوم حاصل ہوتے ہیں۔

علمِ اسرار، علمِ غیوب، علمِ کنوز، علمِ نبات، علمِ معدن، علمِ حیوان، علمِ امورِ مخفی، علمِ آب، علمِ تکوین، علمِ تکوین، علمِ رسوخ، علمِ ثبات، علمِ مقام، علمِ قدم، علمِ فصول مقوّمہ، علمِ اعیان، علمِ سکون، علمِ دنیا، علمِ جنّت، علمِ خلود، علمِ تقلبات یعنی تبدیلی۔

جس کے لئے دائیں سمت ہے اُسے یہ علوم حاصل ہوتے ہیں۔

علمِ برازخ، علمِ ارواحِ برزخیہ، علمِ گفتگوئے طائراں، ہواؤں کی زبان کا علم، علمِ تنزیل، علمِ استحالات، علمِ زجر، علمِ مشاہدۂ ذات، علمِ تحریک نفوس، علمِ میلان، علمِ معراج، علمِ رسالت، علمِ کلام، علمِ انفاس، علمِ احوال، علمِ سماع، علمِ حیرت، علمِ ھویٰ وخواہشات،

جس کے لئے پچھلی سمت ہے اُس کے لئے یہ علوم ہیں۔

علمِ حیات، عقائد سے متعلق علمِ احوال، علمِ نفس، علمِ تجلّی، علمِ منصّات، علمِ نکاح، علمِ رحمت، علمِ تعاطف، علمِ مودّت، علمِ ذوق، علمِ شرب، علم الرّی، علمِ جواہر القرآن، علمِ دُرّ الفرقان، علمِ نفس امّارہ۔

جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہر وتد کے لئے یہ علوم لازم ہیں تو جو اس پر اِن سے زیادہ ہے۔ وہ اختصاص الٰہی ہے۔ ہم نے اَوتاد کے مراتب بیان

www.maktabah.org

کر دیئے ہیں اور ہم اُس باب میں تھے جو پہلے بیان ہُوا اور جو ابدال کے ساتھ محقق ہے اور ہم نے اِس کتاب کی منازل کی فصل میں اُس اَمر کو بیان کر دیا ہے۔ جن اعضاوں کے ساتھ قطب اور دو امام مخصوص ہیں اِسے پُورے طور پر اِس کتاب کے دوسو سترویں باب میں بیان کیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ حق فرماتا اور سیدھا راستہ دِکھاتا ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہ سولھویں باب کا ترجمہ تمام ہُوا۔

---

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سترھواں باب

علومِ کونیہ کے تبدیل ہونے کی معرفت اور علومِ الٰہیہ معاونینِ اصلیہ کا بیان

علوم الکون تنتقل انتقالا　　وعلم الوجه لا یرجو روالا
فتنبتها وتنفیها جمیعا　　ونقطع نجدها حالا فحالا
الهی کیف یعلمکم سواکم　　وشلك من تبارك أو تعالی
الهی کیف یعلمکم سواکم　　وهل غیر یکون لکم مثالا
ومن طلب الطریق بلا دلیل　　الهی لقد طلب المحالا
الهی کیف تهواکم قلوب　　وما ترجو التألف والوصالا
الهی کیف یعرفکم سواکم　　وهل شیٔ سواکم لا ولا لا
الهی کیف تبصرکم عیون　　ولست النیرات ولا الظلالا
الهی لا أری نفسی سواکم　　وکیف أری المحال أو الضلالا
الهی أنت أنت وان انی　　لیطلب من انایتك النوالا
لفقر قام عندی من وجودی　　تولد من غناك فکان حالا
وأطلعنی لیظهرنی الیه　　ولم یرنی سواه فکنت آلا
ومن قصد السراب یرید ما　　یری عین الحیاة به زلالا
انا الکون الذی لا شیٔ مثلی　　ومن انا مثله قبل المثالا
وذا من اعجب الاشیاء فانظر　　عساك تری بمائله استحالا
فما فی الکون غیر وجود فرد　　تنزه أن یقاوم أو ینالا

www.maktabah.org

علوم کو ن منتقل ہوتے رہتے ہیں اور علم وجہ کے زوال کی امید نہیں۔
پس ہم اُن تمام کا اثبات اور نفی کرتے ہیں اور ہم حالاً فحالاً اُس کی بلندی کو قطع کرتے ہیں۔
الٰہی! آپ کو آپ کے سِوا کیسے جان سکتے ہیں اور کیا غیر آپ کی مثل ہو گا؟
الٰہی! جو بغیر دلیل کے راستہ تلاش کرتا ہے وہ محال کو تلاش کرتا ہے۔
الٰہی! تالیف و وصال سے نا اُمید قلوب آپ کی خواہش کیسے کرتے ہیں۔
الٰہی! آپ کے سِوا آپ کو کیسے پہچانا جا سکتا ہے۔ کیا آپ کے سِوا کوئی چیز ہے نہیں! نہیں۔ اور نہیں۔
الٰہی! آپ کو آنکھیں کیسے دیکھ سکتی ہیں اور آپ نہ نُور ہیں نہ سایہ ہیں۔
الٰہی! میں اپنے نفس کو آپ کے سِوا نہیں دیکھتا اور نہ محال و گمراہی کو کیسے دیکھ سکتا ہوں۔
الٰہی! آپ آپ ہیں اور بے شک میں میں ہوں تاکہ طالب آپ کی اَنانیت سے بخشش طلب کرے۔
میرے نزدیک میرا وجود محتاجی اور فقر سے قائم ہوا۔ اور آپ کی غِنا سے تولّد ہوا تو یہ حال پایا۔
مجھے مطلع کیا گیا تاکہ مجھے اُس پر ظاہر کیا جائے اور مجھے اُس کے سِوا نہیں دیکھا تو میں آلہ کار ہوں۔
اور جو پانی کے ارادے سے سراب کا قصد کرتا ہے کیا وہ اِس کے

www.maktabah.org

ساتھ چشمۂ حیات سے آبِ زلال دیکھتا ہے۔ میں وہ کائنات ہوں کہ میری مثل کوئی
چیز نہیں اور میں وہ ہوں جس کی مثل پہلی مثالیں ہیں۔
اور یہ تعجب خیز اشیاء سے ہے۔ دیکھیں شاید تمہیں اس کی مماثلت
محال ہو۔
کائنات میں غیر وجود نہیں۔ وہ اکیلا کسی اور وجود کے قیام اور پہنچنے سے
پاک ہے۔

اُس کی ہر روز نئی شان ہے

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرماتے۔ جاننا چاہیئے کہ عالم میں جو کچھ ہے۔ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا ہے پس عالمِ زمان ہر زمانہ میں اور عالم انفاس ہر نفس میں اور عالمِ تجلی ہر تجلی میں منتقل ہوتا رہتا ہے اور اس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد علت ہے۔

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَانٍ — الرحمٰن آیت ۲۹

وہ ہر روز نئی شان میں ہے۔
اور اس کی تائید اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد سے ہوتی ہے۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ — الرحمٰن آیت ۳۰

جنوں اور انسانوں ہم عنقریب تمہارے کام نپٹا دیں گے۔
ہر انسان اپنی حرکات و سکنات میں اپنی ذات سے اپنے دل میں طرح طرح کے خواطر پاتا ہے تو اس تبدیلی سے اعلیٰ و اسفل عالم میں نہیں ہو گا۔

www.maktabah.org

مگر جو ہوگا وہ توجہ الٰہی سے تجلّی خاص سے عین کے لئے ہوگا۔ تو اُس کا استناد اُس تجلّی سے اُسے اُس کی حقیقت عطا ہونے کی حیثیت سے ہوتا ہے۔

علومِ کونیہ

جان لیں کہ معارفِ کونیہ سے وہ علوم ہیں جو اکوان سے ماخوذ ہیں اور اُن کی معلومات اکوان ہیں اور وہ علوم ہیں جنہیں اکوان سے اُخذ کیا گیا اور اُن کی معلومات نسبتیں ہیں اور نسبتیں اکوان نہیں ہیں اور وہ علوم ہیں جو اکوان سے اُخذ ہوتے ہیں اور اُن کا معلوم ذاتِ حق تعالیٰ ہے اور وہ علوم ہیں جو حق تعالیٰ سے اُخذ کیے جاتے ہیں اور اُن کا معلوم اکوان ہیں اور وہ علوم ہیں جو نسبتوں سے اُخذ کیے جاتے ہیں اور اُن کا معلوم اکوان ہیں اور اِن سب کا نام علوم کونیہ ہے اور یہ بھی اپنی معلومات کی مُنتقلی کے ساتھ اپنے احوال اور صُورتِ انتقال میں مُنتقل ہوتے رہتے ہیں۔

انسان ابتدا میں اکوان میں سے کِسی کون کی معرفت طلب کرتا ہے۔ یا اکوان سے اپنی مطلوبہ کائنات پر دلیل پکڑتا ہے تو جب اُسے یہ مطلوب حاصل ہو جاتا ہے اُس میں اُس کے لئے وَجہ الحق کا ظہور ہوتا ہے اور اُس کے لئے یہ وجہ مطلوب نہیں ہوتا تو یہ طالب اُس کے ساتھ تعلق پیدا کر لیتا ہے اور پہلے قصد کو ترک کر دیتا ہے اور عِلم مُنتقل ہو کر اُسے طلب کرتا ہے جو اُسے یہ وجہ عطا کرتا ہے۔ اِن میں سے وُہ ہے جو اِسے پہچان لیتا ہے اور اِن میں سے وُہ ہے جس کا یہ حال ہے اور وُہ اُسے نہیں پہچانتا جو اُس سے منتقل ہُوا اور رہا جو اُس کی طرف منتقل ہوا۔ یہاں تک کہ بعض اہلِ طریق ڈگمگا جاتے ہیں۔ پس کہا جب تم ایسے شخص کو دیکھو جو ایک حال پر چالیس روز

www.maktabah.org

رہے تو جان لے کہ وہ آئینہ عجیب ہے اور کیا حقائق یہ بتاتے ہیں کہ دو زمانوں یا دو نفسوں سے کوئی ایک حال پر باقی رہے تو الوہیت اُسکے حق میں فعل معطل کر دیتی ہے یہ وہ امر ہے جسکا تصور سوائے اِس بات کے نہیں کیا جا سکتا کہ یہ عارف نہیں جانتا کہ امثال میں انتقال منتقل ہونے سے کیا مراد ہے، تو کسی چیز سے اُسکی مثل کی طرف مع الفاس کے منتقل ہو تو اُس پر صورت کا التباس اُس پر اُس شخص کے بدلنے سے ہے جس کا پہلا حال اُس کے تخیل میں تھا"

جیسا کہ کہتے ہیں خلاں ما زال الیوم ماشیا وما قعد اور شک نہیں کہ چلنا بہت سی حرکات ہیں اور یہ ہر حرکت دوسری کی عین نہیں بلکہ یہ اُس کی مثل ہے اور اور آپ جانتے ہیں کہ اِس کے انتقال کے ساتھ منتقل ہو تو کہتے ہیں، ما تغیر علیہ الحال وکم تغیرت علیہ من الاحوال"

فصل - علوم الٰہیہ کے انتقالات

رہے علوم الٰہیہ کے انتقالات تو یہ وہ استرسال ہے جس کی طرف امام حرمین ابو المعالی گئے ہیں اور وہ تعلقات ہیں جن کی طرف محمد بن عمر بن خطیب رازی گئے ہیں،

رہے ہم اہل طریقت میں سے قدم راسخ والے حضرات تو وہ یہاں لفظ انتقالات نہیں کہتے کیونکہ حق تعالٰے کے ہاں چیزیں مشہود و معلوم اور اعیان و احوال انہی صورتوں پر ہیں جن پر تھے۔ اور ان میں سے جو شخص ان اعیان کو اُس طرف پر پاتا ہے جو لا متناہی نہیں تو وہ نہ ابن خطیب، کے مذہب پر "تعلقات" کی بات کرتا ہے اور نہ امام حرمین ابو معالی کے مذہب پر استرسال ہوگا اللہ ان سب پر راضی ہو"

www.maktabah.org

درست عقلی دلیل

اور درست عقلی دلیل وہ امر عطا کرتی ہے جس کی طرف ہم گئے ہیں اور یہ وہ ہے جس کا ذکر اہل اللہ نے کیا ہے اور وہ اس پر اُس امر سے واقفیت رکھتے ہیں جو اُنہیں کشف اُس مقام سے عطا کرتا ہے جو طور عقل سے وراء ہے تو تمام نے اس کی تصدیق کی ہے اور ہر قوت اپنی حیثیت کے مطابق عطا کرتی ہے۔ تو جب اللہ تعالےٰ نے اعیان کو بنایا تو بیشک اُس کے لئے بنایا جو اُس کے لئے نہیں اور یہ اُس کے حالات ہیں جو مکان و زمان کے اختلاف پر مکان و زمان کے ساتھ ہیں تو اُس کے لئے اِن اعیان و احوال سے تتالی و توابع پر ایک کے بعد دوسری چیز کا کشف ہے اور یہ کشف محدود نہیں بلکہ لامحدود لامتناہی کی طرف ہو گا، تو اللہ تعالےٰ کی طرف نسبت کا امر ایک ہے جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا؛

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۢ بِالْبَصَرِ[1]

یعنی اور ہمارا کام تو ایک بات کی بات ہے جیسے پلک جھپکنا"

اور نفس میں گنتی کی کثرت ہے اور یہ امر ہمیں اِس وقت حاصل ہے اور ہم پر اس میں اختلال میں نہیں اور کثرت میں وحدت کا امر نہ ہمارے ہاں غائب ہوتا ہے اور نہ زائل اور اس امر کی ہر وہ شخص گواہی دے گا جو یہاں اِس مثال کو سمجھنے سے ذوق لے گا کہ وحدت میں کثرت اُسی طرح ہے جیسے ایک شخص کے مختلف احوال ہوتے ہیں"

---

[1] القمر آیت ۵۰

www.maktabah.org

صُورت کی صُورت کشی کی گئی جس پر وُہ ہے۔ ایسے ہی ہر شخص ہے اور آپ کے اور اِن صُورتوں کے درمیان پردہ ڈال دیا گیا۔ پس آپ کے لئے اُن سے صُورتیں کھولی جاتی ہیں اور آپ منجملہ اُس کے ہیں جس کے لئے اُس میں صُورت ہے پس پردہ اُٹھنے کے وقت ایک ہی نظر کے ساتھ آپ اُن سب کا اِدراک کرلیں گے۔

پس اِس مطابقت میں اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ نے اِن صُورتوں سے اعراض نہیں فرمایا بلکہ اُن کے لئے اُن سے کشف فرمایا اور اُن کے لئے اُن کی حالتِ وجُود کو ملتبس فرمایا۔ پس اُنہوں نے اپنے نفس کا معائنہ کیا جس پر وُہ صُورتیں ہمیشہ رہیں گی۔ اور حق تعالیٰ کی نظر کے حق میں نہ ماضی کا زمانہ ہے نہ مستقبل کا۔ بلکہ اِس میں صُورتوں کی تعداد کے ساتھ اُن کے مراتب اُسے معلوم ہیں اور اُن کے مراتب تناہی اور حصر کے ساتھ مُتّصِف نہیں اور نہ اُن کے لئے حَد ہے کہ اُس کے نزدیک توقّف ہو۔

اَیسے ہی تمام ممکنات کا اُن کے عدم و وجُود کے حال میں حق تعالیٰ کا اِدراک ہے تو اُس پر اُس کے خیال میں احوال متنوّع ہیں تو اُس کے علم میں نہیں۔ اِس علم کے لئے اُنہوں نے کشف سے استفادہ کیا ہے نہ کہ اُس حالت پر جو اُن کے نزدیک نہ تھی۔ پس اِس کی تحقیق کریں کیونکہ یہ مسئلہ مخفی اور گہرا ہے جس کا تعلّق قدر کے راز سے ہے۔ ہمارے اصحاب میں سے بہت کم لوگ اِس پر واقفیت رکھتے ہیں۔

خُدا کے ساتھ علم کی اقسام

رہا ہمارے عِلم باللہ کا تعلّق تو یہ دو قسموں پر ہے۔ قسمِ اوّل ذاتِ

www.maktabah.org

الٰہیہ کی معرفت ہے اور یہ شہود اور رویت پر موقوف ہے لیکن اس رویت کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا۔

قسمِ دوم اُس کے معبود ہونے کی معرفت ہے اور یہ دو امروں پر یا دونوں میں سے کسی ایک پر موقوف ہے اور وہ امرِ عطا ہے اور دوسرا امر نظر اور استدلال ہے اور یہ وُہی اکتسابی معرفت ہے۔

رہا اُس کے مختار ہونے کا علم؟ تو اختیار اُس کی احدیتِ مشیت کے معارض ہے تو جب اِس کے ساتھ توصیف ہوگی تو نسبت حق تعالیٰ کی طرف ہوگی، اور یہ اُس پر ممکن کی حیثیت سے ہے نہ کہ اُس حیثیت سے ہے جو اُس پر حق ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

وَلٰكِنْ حق القول منى

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا!

افمن حقت عليه كلمة العزاب

اور فرمایا!

ومايبدل القول لدى ق آیت ۲۹

ہمارے یہاں بات نہیں بدلتی۔

اور یہ آیت کتنے اچھے انداز سے پوری فرمائی۔

ومااانابظلام للعبيد ق آیت ۲۹

www.maktabah.org

اور میں بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔
اور یہاں قدر کے راز سے خبردار کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کی اس کی مخلوق پر حجتِ بالغہ ہے اور یہ وہ امر ہے جو جنابِ حق تعالیٰ کی شان کے لائق ہے اور یہی وہ امر ہے جو کائنات کی طرف لوٹتا ہے۔

وَلَوْشِئْنَا لَاٰتَیْنَا کُلَّ نَفْسٍ ھُدَاھَا ۔ السجدہ آیت ۱۳

اور اگر ہم چاہتے تو ہر ایک کو ہدایت پر لے آتے۔
پس ہم نے نہیں چاہا ولیکن استدراک توصیل کے لئے ہے کیونکہ ممکن اپنی حقیقت کے اعتبار سے ہدایت اور گمراہی کے قابل ہوتا ہے تو یہ مقام انقسام ہے اور اس پر تقسیم وارد ہوتی ہے اور نفس الامر میں اللہ تعالیٰ کے لئے اس میں نہیں مگر ایک امر اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک ممکن حال کی جہت سے معلوم ہے۔
مسئلہ :۔ ظاہر اور معقول امر ہے کہ شاہد کے حق میں عدم مثال کی اختراع اللہ تبارک و تعالیٰ کے امر میں ہمیشہ مشہود معلوم ہے جیسا کہ ہم نے کتاب معرفت باللہ میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے علم بالاشیاء میں مقرر کیا ہے۔
مسئلہ :۔ اسماء الٰہی نسبتیں اور اضافات ہیں جو عینِ واحدہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ کیونکہ یہاں اس میں وجودِ اعیان کے ساتھ کثرت درست نہیں جیسا کہ اس اہلِ نظر کا گمان ہے جسے علمِ باللہ حاصل نہیں۔
اگر اعیان کی صفات زائد ہوتیں اور وہ الٰہ نہیں مگر الوہیت ان کے ساتھ معلول ہوتی ہیں تو یہ امر خالی نہیں کہ یہ عین الٰہ ہوتیں۔ پس اپنی ذات کے لئے علت نہیں ہوتی یا وہ نہ ہوتی تو اللہ تبارک و تعالیٰ اس علت

www.maktabah.org

کے لئے معلول نہیں جو اُس کی عین نہیں۔ کیونکہ علّت رُتبہ کے ساتھ معلول پر مُقدم ہے تو اِس سے اللہ تعالیٰ کے لئے اِن اعیانِ زائدہ کے لئے معلول ہونے سے مُحتاجی لازم آتی ہے جو اُس کے لئے علّت ہیں اور یہ مُحال ہے۔

پھر یہ امر بھی ہے کہ معلول چیز کے لئے دو علّتیں نہیں ہوں گی اور یہ بہت سی ہیں اور اِلٰہ نہیں ہوگا مگر اِن کے ساتھ تو یہ باطل ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات پر اسماء و صفات اعیانِ زائدہ ہوں اور اللہ تبارک و تعالیٰ ظالموں کے قول سے بُلند و بزرگ ہے۔

مسئلہ:۔ آئینے کی صُورت میں برزخی جسم ہے جیسا کہ سونے والا اُس صُورت کو دیکھتا ہے جب وُہ خارجی صُورت کے موافق ہو۔ اور ایسے ہی مُردہ اور مکاشف ہے جب آئینہ ایک خاص شکل پر ہُوگا تو جو اُسے برزخ سے عطا کیا جائے گا۔ آئینے کی صُورت اُسے بہت سچ دکھائے گی اور جرم کی مقدار خاص ہوگی۔ اگر ایسا نہیں ہوگا تو جو اُسے عطا کیا جائے گا اُس کی پُوری تصدیق نہیں کرے گا۔ بلکہ بعض کی تصدیق کرے گا۔

جاننا چاہیئے کہ دیکھی جانے والی شکلیں مختلف ہیں تو صُورتیں بھی مختلف ہیں۔ اگر مرئیات کی طرف انعکاس کے ساتھ دیکھا جائے گا جیسا کہ بعض لوگ دیکھتے ہیں تو دیکھنے والا اُس کا اِدراک اُس حیثیت سے کرتا ہے جس پر اُس کا جُرم بڑا یا چھوٹا ہے اور ہم چھوٹے صقیل جسم کو دیکھنے میں بڑی صُورت کو فی نفسہٖ چھوٹی کو دیکھتے ہیں۔ ایسے ہی بڑا صقیل جسم دیکھنے والے کی آنکھ میں صُورت کو بڑا کر دیتا ہے اور اپنی حد سے نکل جاتا ہے ایسے ہی چوڑا لمبا اور موجزن ہے۔

انعکاسات یہ امر عطا نہیں کرتے تو ہمارا کہنا ممکن نہیں مگر یہ کہ صقیل

www.maktabah.org

جسم اُن امُور سے ایک ہے جو صُوَرِ برزخیہ عطا کرتا ہے۔ لہٰذا اس میں روئیت کا تعلق نہیں مگر محسُوسات کے ساتھ کیونکہ خیال صُورتِ محسُوسہ کو پکڑتا ہے یا اُسے پکڑتا ہے جو اجزاءِ محسُوسہ سے مرکّب ہو۔ جس کی ترکیب قوّتِ متصوّرہ سے ہو، پس وُہ صُورت عطا کرتی ہے جس کے لئے حِس میں ہرگز وجُود نہیں لیکن وُہ اجزاء ہیں جن سے اس محسُوسہ صُورت کی ترکیب ہُوئی۔ اِس لئے دیکھنے والے کو شک نہیں ہوتا۔

مسئلہ :- تمام کے نزدیک موجودات میں جو کامل ترین پیدائش ظاہر ہُوئی وُہ انسان ہے۔ کیونکہ انسان صُورت پر پیدا کیا گیا ہے نہ کہ یہ کمال حیوانِ ناطق انسان اور اُس کی صُورت کے لئے ہے لیکن یہ لازم نہیں آتا کہ وُہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک افضل ہو تو وُہ مجموعی اعتبار سے کامل تر ہو۔ اگر وُہ کہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ اَکْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ
وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ المومن آیت ۵۷

بے شک عقل مندوں کے نزدیک آسمانوں اور زمین کا بنانا آدمیوں کے بنانے سے بہت بڑھ کر ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

انسان کی بڑائی رُوحانیت کے اعتبار سے ہے

اِس آیت کریمہ سے معلوم ہُوا کہ جرم میں بڑا ہونا مُراد نہیں بلکہ معنیٰ میں بڑا ہونا مُراد ہے۔ ہم اس کے لئے کہتے ہیں کہ یہ سچ ہے۔ لیکن کس نے کہا کہ وُہ رُوحانیت میں اس سے بڑا ہے بلکہ آسمانوں اور

www.maktabah.org

زمین کے معنی اُس حیثیت سے ہیں جو دونوں میں سے ہر ایک پر دونوں کے اجرام کے لئے خاص نظم سے مُفرد معنی کے طریق سے دلالت کرتے ہیں تو یہ جسم انسان سے معنی میں بڑے ہیں نہ کہ ہر انسان سے، اِس لئے آسمانوں اور زمین کی حرکت سے مُولدات و تکوینیات کے اَعیان کا صدُور ہوتا ہے اور انسان اپنے جُرم کی حیثیت سے مُولدات سے ہے اور یہ انسان سے صادر نہیں ہوتا اِس سے ہی عناصر کی طبیعت ہے اِس لئے دونوں انسان کی تخلیق سے بڑے ہیں کیونکہ دونوں انسان کے لئے والدین کی طرح ہیں اور یہ اُس اَمر سے ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے اور ہم اُس اَمر کو انسانِ کامِل میں دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ وہ کامل تر ہے۔ رہا انسان کا اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک افضل ہونا ہ تو یہ اللہ تبارک و تعالیٰ وَحدَہٗ کے لئے ہے۔ کیونکہ مخلوق نہیں جانتی نفسِ خالق میں کیا ہے سِوائے اُس کے جس کا عِلم اُس کی طرف سے عطا ہو۔

مسئلہ:۔ حق تعالیٰ کے لئے نفیہ ثبُوتیہ صفت نہیں سِوائے ایک کے اُس کے لئے جائز نہیں کہ اُس کے لئے دو یا زائد صِفتیں ہوں۔ کیونکہ اگر ایسا ہوگا تو وہ دونوں سے یا اُن سب سے مُرکّب ہوگا اور ترکیب اُس کے حق میں مُحال ہے۔ پس ایک صِفت پر صفتِ زائدہ ثبُوتیہ محال ہے۔

اَسماء و صفاتِ الٰہی اشیا نہیں

مسئلہ:۔ صفاتِ خُداوندی نسبتیں اور اضافتیں ہیں اور نسبتیں امُورِ عدلیہ ہیں اور وہاں تمام وجُوہ سے ذاتِ واحد کے سِوا کچھ نہیں۔ اِس لئے دُوسرے اَمر میں بندوں کا رحمت کئے گئے ہونا جائز ہے اور اُن پر اُس کی رحمت

www.maktabah.org

کالاانتہا کی طرف نہ ہونا سرمدی اور دائمی نہیں ہوگا۔ کیونکہ اِس اَمر میں اُس پر کِسی کا جبر نہیں اور اسماء وصِفات وہ اَعیان نہیں جن پر اشیاء میں حُکم واجب ہو، پس تمام کے لئے رحمت کی شمولیت سے کوئی اَمر مانع نہیں اور بالخصوص وارد ہوا ہے کہ رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی۔ چنانچہ جب غضب رحمت کی طرف مُنتہی ہوگا رحمت کا حُکم ہوگا تو یہ اُسی اَمر پر ہوگا جو ہم نے کہا ہے۔ اِس لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا

اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت دیتا — الرعد آیت ۳۱

پس دُنیا میں اس مشیّت کا حُکم تکلیف کے ساتھ ہوگا۔ آخرت میں تو اِس کا حُکم اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کے لئے ہے۔ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ۔ یعنی وُہ جو چاہے کرتا ہے تو جو شخص اندازاً اِس پر دلیل لاتا ہے کہ اہلِ نار پر سرمدی عذاب ہے اور لازم ہے کہ عالم میں ایک پر ہو۔ یا سب پر یہاں تک کہ اسمِ مُعذّب، مُبلی، مُنتقم اور اِس کی امثال کا حُکم درست ہو اور اسمِ مُبلی اور اِس کی امثال نسبت واضافت ہے نہ کہ عین موجودہ اور موجُود ذات لاموجُود کے تحت کیسے ہو سکتی ہے۔ پس لَوْ شَاءَ اور لَئِن شِئْنَا کے ارشاد میں جو بیان ہُوا اِس اصل کے لئے ہے اور اس کے لئے اطلاق ہے اور وہاں نص نہیں جس کی طرف رجُوع ہو اور نہ اُس کی طرف سرمدی عذاب کرنے میں احتمال کا طریق ہو جیسا کہ ہمارے لئے سرمدی جنّت ہے تو جواز کے علاوہ باقی نہیں اور یقیناً وُہ دُنیا وآخرت میں رحمٰن ہے۔ اگر آپ اُس اَمر کو جس کی طرف ہم نے اشارا کیا ہے سمجھ لیں گے تو آپ کی تشغیب میں کمی آجائے گی۔ بلکہ بالکل زائل ہو جائے گی۔

www.maktabah.org

مسئلہ :۔ اللہ تبارک وتعالیٰ پر جواز کا اطلاق اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور میں سوءِ ادبی ہے اور جواز کا اطلاق ممکن پر کرنے سے مقصود حاصل ہو جاتا ہے اور یہی لائق ہے۔ کیوں کہ نہ اس کے ساتھ شریعت وارد ہوئی ہے اور نہ اس پر عقل دلالت کرتی ہے پس اس پر غور کریں اور اسی قدر کافی ہے کیونکہ علمِ الٰہی احاطہ واستقصاء سے وسیع تر ہے۔

وَاللّٰہُ یَقُولُ الحَقَّ وَھُوَ یَھْدِی السَّبِیْلَ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سترھویں باب کا ترجمہ پورا ہوا۔

www.maktabah.org

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ہ

اٹھارہواں باب

مُتہجدین کے علم اور جو اُس کے ساتھ مسائل سے تعلق رکھتے ہیں اور مراتب علوم میں اُس کی مقدار سے ہے اور جو وجُود میں اُس سے علوم ظاہر ہوتے ہیں کی معرفت کا بیان

علم التہجد علم الغیب لیس لہ	فی منزل العین احساس ولا نظر
ان التنزل یعطیہ وان لہ	فی عینہ سورا تعلو بہ صور
فان دعاہ الی المعراج خالقہ	بدت لہ بین اعلام العلی سور
فکل منزلۃ تعطیہ منزلۃ	اذا تحکم فی اُجنانہ السہر
مالم ینم ھذہ فی اللیل حالتہ	او یدرک الفجر فی آفاقہ البصر
نوافح الزھر لا تعطیک رائحۃ	مالم یجد بالنسیم اللین السحر
ان اعلوک ان جلت منا صبھا	ھا مع السوقۃ الاسرار والسمر

تہجّد کا علم علمِ غیب ہے اُس کے لئے منزل عین میں نہ احساس ہے نہ نظر۔ بے شک اُسے تنزّل عطا کرتا ہے اور اُس کی عین میں دیوار ہے جس کے ساتھ صُورتیں بلند ہوتی ہیں۔

اگر اُس کا خالق اُسے معراج کی طرف بُلائے تو اُس کے لئے بلند برجوں کے درمیان دیواریں ظاہر ہوں گی۔

www.maktaban.org

جب اُس کی پلکوں میں بیداری مضبوط ہو جاتی ہے تو ہر منزل اُسے منزلت عطا کرتی ہے۔

وُہ نہیں سوئے گا تو رات میں اُس کی یہی حالت رہے گی یا فجر اپنے آفاق میں بصر کا اِدراک کرے گی۔

جب تک، نرم نسیمِ سحر نہیں پاؤ گے بوئے گُل آپ کو خوشبو عطا نہیں کرے گی۔

بے شک بادشاہوں کے مناصب جلی ہیں اُن کے لئے رازوں کے بازار اور سمر کی معیّت ہے۔

تہجّد گُذار کون ہے اور اُس کا اِسم

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مدد فرماتے۔ جان لیں کہ تہجّد پڑھنے والوں کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کا خاص اِسم نہیں جو اُنہیں تہجّد عطا کرتا ہے۔ اور وُہ اِس میں قائم ہیں جیسا کہ پُوری رات قیام کرنے والے کے لئے ہے کیونکہ تمام رات قیام کرنے والے کے لئے اسمِ الٰہی ہے جو اُسے اپنی طرف بُلاتا ہے اور اُسے مُتحرّک کرتا ہے۔ کیونکہ تہجّد اُس سے عبارت ہے جو قیام کرتا ہے اور سو جاتا ہے اور پھر قیام کرتا ہے اور سو جاتا ہے اور پھر قیام کرتا ہے۔ جو شخص اپنے رَبّ کی مناجات میں رات کو اِس طرح نہیں کاٹتا وہ تہجّد گذار نہیں ہو سکتا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

عربی

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ‌ ‌ بنی اسرائیل آیت ۷۹

//

اور رات کے کچھ حصّہ میں تہجّد کریں یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے۔

www.maktabah.org

اور فرمایا !

اِنَّ رَبَّکَ یَعْلَمُ اَنَّکَ تَقُوْمُ اَدْنیٰ مِنْ ثُلُثَیِ المزمل آیت ۲۰

بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ تم قیام کرتے ہو. کبھی دو تہائی رات کے قریب کبھی آدھی رات کبھی تہائی۔

اور حق تعالیٰ کی طرف سے اُس کے لئے خاص علم ہے سوائے اِس کے کہ یہ حالت اسماءِ الٰہیہ میں نہیں پائی جاتی جو اُس کی طرف مستند ہو اور نہ ہی اِس کی طرف اسمِ حق سے قریب تر نسبت کو دیکھا ہے تو اس کی سند اسم حق کی طرف ہے اور اِسے یہ اسم قبول کرتا ہے۔ بس ہر وہ علم جو تہجد گذار کے پاس آتا ہے وہ اسمِ حق سے ہوتا ہے. کیونکہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صائم الدہر اور قائم اللیل شخص کو فرمایا !

ان لنفسك عليك حقا ولعينك عليك حقا فصم وافطر وقم ونم الحدیث

بے شک تجھ پر تیرے نفس کا حق ہے اور تجھ پر تیری آنکھ کا حق ہے۔ پس روزہ رکھ اور افطار کر اور قیام کر اور سو جا۔

پس اُس کے لئے قیام اور سونے کے درمیان آنکھ سے حقِ نفس کی ادائیگی کو اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے حقِ نفس کی ادائیگی کو جمع فرمایا گیا اور حقوق کی ادائیگی سوائے اسمِ حق کے نہیں ہوتی اور اسی سے ہوتی ہے اِس کے علاوہ سے نہیں. اِس لئے تہجد گذاروں کا اِستناد اِس اِسم کے لئے ہے. پھر تہجد گذار کے لئے دوسرا اَمر ہے جس کا کِسی کو عِلم نہیں اور مُناجاتِ تہجد کا پھل وُہی چکھتا ہے اور اُسے ہی اِس کے علوم حاصل ہوتے ہیں جس

www.maktabah.org

کے لئے رات کی نفلی نماز ہے۔

رہا اُس کی فرض نماز کا ناقص ہونا تو آ سے اُس کے نوافل سے پُورا کیا جاتا ہے اور اگر تہجّد گذار بندے کے نوافل فرائض میں غرق ہو جائیں اور اُس کے نوافل باقی نہ بچیں تو وُہ تہجّد گذار نہیں اور نہ ہی وہ صاحب نوافل ہے پس اُسے نوافل کے حال اور اُن کے علُوم و تجلّیات کا حصُول نہیں ہوگا۔

تہجّد گذار کی نیند اور نماز کا ثمر

جاننا چاہیئے کہ تہجّد گذار کی نیند اُس کی آنکھ کا حق ہے اور اُس کا قیام اُس کے رَبّ کا حق ہے۔ اُس کی نیند میں حق تعالیٰ جو علم اور تجلّی فرماتا ہے وہ اُس کے قیام کا ثمر ہے اور جو قوّت و نشاط اور دونوں کے علوم و تجلّیات اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے قیام میں عطا فرماتا ہے وہ اُس کی نیند کا ثمر ہے۔ ایسے ہی بندے کے وُہ تمام اعمال ہیں جو اُس پر فرض ہیں۔ تو تہجّد گذاروں کے علُوم کا داخل ہونا ایسے ہے۔ جیساکہ زُلف کی لَٹ گوندھنے کا تداخل ہے اور یہ علُوم نفوس کے لئے اِس التفات کے تلتف کی حیثیت سے ہیں تو اِس التفات یعنی لپٹنے کے لئے اعلیٰ و اسفل عالم کے اِسرار ظاہر ہوتے ہیں اور اسماء افعال و تنزیہہ پر دلالت کرتے ہیں۔ اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ القیامت ۲۹

اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی۔

یعنی دُنیا کا اَمر اَمرِ آخرت کے ساتھ مجتمع ہو گیا اور وُہ نہیں مگر دُنیا

www.maktabah.org

آخرت اور یہ وہ مقامِ محمود ہے جو تہجد کا نتیجہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ

رَبُّكَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا

بنی اسرائیل آیت ۷۹

اور رات کے کچھ حصہ میں تہجد پڑھو یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے

قریب ہے کہ تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔

عسیٰ یعنی عنقریب اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے واجب ہے اور مقام محمود وہ ہے جس کے لئے عواقب تنا، ہے یعنی ہر تنا، اُس کی طرف رجوع کرتی ہے، رہا نماز تہجد کا اندازہ تو وہ عزیز المقدار ہے اور وہ یہ ہے کہ اُس کے لئے وہ اسم الٰہی نہ تھا جس کی طرف استناد ہو سکے جیسا کہ تمام آثار جملہ کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ پھر وہ امر ہے جس سے صاحبانِ آثار اور آثار غائب ہو گئے تو طلب کیا جو وہ ہے تو نظر نے آسے اسمارِ الٰہیہ کے کشف کی طرف پھیرا۔ کیا یہ نسبتیں ہیں کہ آثار کا رجوع دیکھیں ؟ کیا یہ رجوع امرِ وجودی یا عدمی کی طرف ہے ؟ جب نظر نے دیکھا کہ اسماء اعیانِ موجودہ نہیں اور بے شک یہ نسبتیں ہیں تو مستند آثار کو امرِ عدمی کی طرف دیکھا۔ پس تہجد گذار نے کہا! یہ امر کم ہے کہ میرا رجوع عدمی امر کی طرف ہو۔ چنانچہ اس میں نگاہِ امعان کی تو اپنے نفس کو قیام اور نیند کی پیدائش دیکھا اور نیند نفس کا رجوع اُس کی ذات اور اُس کے طلب کہ وہ امر کی طرف دیکھے گی جب کہ قیام خود پر اللہ تبارک و تعالیٰ کے حق کو دیکھے گا۔

تہجد گذاروں کا صلہ

چنانچہ جب اُس کی ذات ان دو امروں سے مرکب

www.maktabah.org

ہوگی۔ تو حق کی طرف ذاتِ حق کی حیثیت سے دیکھے گا تو اُس کے لئے یہ ظاہر ہوگا کہ حق جب اپنی ذات کے لئے بذاتہٖ مُنفرد ہے تو عالم نہیں تھا اور جب عالم کی طرف متوجہ ہُوا تو اِس توجّہ کے لئے عین العالم کا ظہور ہوگیا۔ پس اِن مختلف نسبتوں کی توجہ سے تمام عالم کو موجود دیکھا۔ اور تہجّد گذار دیکھتا ہے کہ اُس کی ذات عالم کے علاوہ اُس کے نفس کے لئے نظرِ حق سے مرکّب ہے اور یہ سونے والے کے لئے نیستد کی حالت ہے اور اُس کی نظر سے جو عالم کی طرف ہے وہ اُس پر حق تعالیٰ کے حق کی ادائیگی کے لئے قیام کی حالت ہے۔

پس معلوم ہُوا کہ اُس کی عین کے وجود کا سبب بحیثیت اُن اسماء کی نسبتوں کے مُعرّا ذات کی طرف استناد کے اشرف الاسباب ہے جنہیں عالم اُس کی طرف طلب کرتا ہے پس متحقق ہوگیا کہ اُس کا وجود وجودِ اعظم اور اُس کا علم دُوسرے علوم سے درخشاں ہے اور آسے اُس کا مطلوب حاصل ہوگیا اور یہی اُس کی غرض تھی اور اِس کا سبب اُس کی انکساری اور اُس کا فقر تھا پس اپنی طلب اور ضرورت پوری کرنے میں اس سے متمثل کہا۔

رب لیل بتہ ما أتی فجرہ حتی انقضی وطری
من مقام کنت أعشقہ بحدیث طیب الخبر

اُس کی خدمت میں کئی راتیں گذار دیں مگر اُس کی فجر نہ آئی کہ میں اپنی ضرورت اور طلب کو پُورا کر دوں۔

اُس مقام سے جس کا میں طیّب خبرِ گفتگو کے ساتھ عاشق ہُوں۔

اور اسماء کے بارے میں فرمایا۔

لم أجد للاسم مدلولا غیر من قد کان مفعولا
ثم أعطتنا حقیقتہ کونہ للعقل معقولا
فتلفظنا بہ أدبا واعتقدنا انہ مجہولا

www.maktabah.org

سوائے مفعول کے میں نے اسم کے لئے مدلول نہیں پایا۔
پھر ہمیں اُس کی حقیقت عطا کی گئی۔ وہ عقل کے لئے معقول تھی۔
پس اُس کے ساتھ ہمارا تلفظ ادب اور ہمارا عقیدہ غیر معروف امر ہے۔

تہجد گذار کے لئے علوم

اُس کے علم کا اندازہ علوم میں بقدر اُس کے معلوم کے ہے اور وہ ذات معلومات میں ہے۔ پس علم تہجّد کے ساتھ تمام اسماء کے علم کا تعلق ہے اور اِس کے ساتھ اس کا زیادہ مستحق اسم قیوم ہے جو لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ہے۔ یعنی نہ اُسے اُونگھ پکڑتی ہے نہ نیند اور وہ عبد اپنی مناجات کے حال میں ہے۔
پس وہ اسماء کی تفصیل جانتا ہے یعنی ہر اسم علم ہے جو اُس پر اسرار وجودیہ پر اُس حیثیت پر حاوی ہوتا ہے جو حقیقت اُسے یہ اسم عطا کرتا ہے۔
اِس حالت کے ساتھ جن علوم کا تعلق ہے وہ یہ ہیں۔ علم برزخ، صورتوں میں تجلیِ الٰہی کا علم، علم سوق جنت اور خوابوں کی تعبیر کا علم نہ کہ اُس کے دیکھنے کی جہت سے نفس خواب کا علم اور یہ اُس طرف سے ہے جدھر سے وہ دیکھتا ہے پس کبھی دیکھنے والا وہ ہے جو اپنی ذات کے لئے دیکھتا ہے، اور کبھی اُس کے لئے دوسرا دیکھتا ہے اور اُس کے لئے تعبیر وہ کرتا ہے جسے نبوت کے اجزاء سے علم کی حیثیت سے کوئی جزء میسّر ہو جو اُس صورت کے ساتھ مراد اور اِس مقام کا صاحب ہے۔

---

www.maktabah.org

تہجد گذار محسود ہوتا ہے

جاننا چاہیئے کہ تہجد گذار کے لئے جو مقامِ محمود ہے وہ معین دعا والے کے لئے ہوگا اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وہ یہ ارشاد ہے جس کے ساتھ آپ کو امر کیا جاتا ہے۔

وَقُل رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ — بنی اسرائیل آیت ۸۰

اور کہیں اے ربّ مجھے سچی طرح داخل کر۔

یعنی اس مقام کے لئے کیونکہ یہ موقف خاص حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ہے جس میں آپ نے ان محامد کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کی حمد بیان کی جن کا علم اس وقت ہوا جب آپ اس مقام میں داخل ہوئے۔

وَاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ — بنی اسرائیل آیت ۸۰

اور سچی طرح باہر لے جا۔

یعنی جب میں اس سے علاوہ مقامات کی طرف منتقل ہو جاؤں اور اور مواقف اس کے ساتھ اس لئے اس کے خروج میں عنایتِ الٰہی ہوگی۔ جیسا کہ اس کی طرف دخول میں اس کے ساتھ تھی۔

عربی

وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا — بنی اسرائیل آیت ۸۱

اور مجھے اپنی طرف سے مددگار غلبہ دے۔

www.maktabah.org

یعنی اِس میں تنازعہ کرنے والوں سے کیونکہ یہ وہ مقامِ شریف ہے۔
جس کے صاحب کا ہمیشہ حسد کیا جاتا ہے۔ چونکہ نفوس اِس کی طرف نہیں پہنچتے تو اِس میں اُن کے اِس حال کی تعظیم کے لئے جس پر وہ ہیں، وجوہِ تدح سے وجہ طلب کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ اِس مقامِ شریف سے اُن کی طرف نقص منسوب نہ ہو سکے۔

پس اِس مقام والا اُس محبّت کے ساتھ نصرت طلب کرتا ہے جو اِس مرتبہ کے شرف کا انکار کرنے والوں کے لئے دلیل ہو۔

قل جَ ءَ الحقُّ وَزهقَ ا ُ ص ُ تَ اباطِلَ کانَ زَهُوقا ہ
بنی اسرائیل آیت ۸۱

اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا۔ بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا۔
اور اللہ حق فرماتا اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے
الحمدُللہ اٹھارویں باب کا ترجمہ ختم ہُوا۔

---

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اُنیسواں باب

علوم کی کمی اور زیادتی کے سبب وَقُل رَّبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد اِنَّ اللّٰہَ لا یقبض العلم انتزاعا ینتزعه من صدور العلماء ولیکن بقبض العلماء کے بیان میں ——————!

تجلی وجود الحق فی فلك النفس | دلیل علی ما فی العلوم من النقص
وان غاب عن ذالك التجلی بنفسه | فهل مدرك ایاه بالبحث والفحص
وان ظهرت للعلم فی النفس کثرة | فقد ثبت الستر المحقق بالنص
ولم یبد من شمس الوجود ونورها | علی عالم الارواح شیٔ سوی القرص
ولیست تنال العین فی غیر مظهر | ولو هلك الانسان من شدة حرص
ولا ریب فی قولی الذی قد بثثته | وما هو بالزور المموه والخرص

فلک نفس میں وجودِ حق کی تجلی اُس امر پر دلیل ہے جو علوم کی کمی سے ہے۔
اور اگر اِس تجلی سے وہ بنفسہٖ غائب ہو تو کیا مُدرِس بحث و تلاش سے اُس کا اِدراک کر سکے گا۔
اور اگر نفس میں علم کے لئے کثرت ہو تو بے شک نصّ کے ساتھ پردے کا اثبات محقق ہو جاتا ہے۔
شمسِ وجود اور اُس کی روشنی سے عالمِ ارواح پر ٹکیہ سے کوئی چیز

www.maktabah.org

ظاہر نہیں ہوتی۔

اور دوسرے منظہر میں آنکھ نہیں پہنچتی۔ اگرچہ انسان حرص کی شدّت سے ہلاک ہو جاتے۔

مَیں نے اپنے جس قول کو نشر کیا ہے وہ لاریب ہے اور یہ مُلمّع شدہ دروغ اور اٹکل نہیں۔

عِلم کا زیادہ ہونا

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مدد فرماتے جاننا چاہیئے کہ ہر ایک حیوان اور ہر ایک موصوفِ اِدراک ہے کیونکہ وہ ہر نفس میں اِس اِدراک کی حیثیت سے علمِ جدید میں ہے لیکن اِدراک کرنے والا شخص کبھی اُن سے نہیں ہوتا جو اِلا مقرر کرتے ہیں۔ یہ عِلم ہے تو یہ نفس الامر میں علم ہے پس عالم کے حق میں علُوم کے نقص کے ساتھ متّصف ہونا وُہ اَمر ہے کہ اُس کے اور اشیاءِ کثیرہ کے درمیان اِدراک حائل ہو جاتا ہے جن سے اگر یہ مانع اُس کے ساتھ قائم نہ ہوتا تو اِس کا اِدراک ہو جاتا جیسا کہ وہ شخص جس پہ اندھاپن اور بہرہ پن وغیرہ طاری ہو جاتا ہے چونکہ علوم حسبِ معلوم بلند و پست ہیں اِس لئے ہمتوں کا تعلّق اُن علومِ شریفہ وعالیہ کے ساتھ ہے کہ جب انسان اُن کے ساتھ متّصف ہو جاتا ہے تو اُس کا نفس پاکیزہ اور اُس کا مرتبہ عظیم ہو جاتا ہے، پس اِس کا اعلیٰ ترین مرتبہ عِلم باللہ ہے اور عِلم باللہ کی طرف اعلیٰ ترین راستہ عِلم تجلّیات ہے اور اِس کے نیچے عِلم نظر ہے اور عِلم نظر کے نیچے کوئی علم الٰہی نہیں اور سوائے اس کے نہیں کہ وُہ عمومِ خلق میں عقائد ہیں نہ کہ علوم اور یہ علوم وُہ ہیں جن کی زیادتی طلب کا

www.maktabah.org

اَمر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی علیہ السلام کو کیا۔ اِن میں سے اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

وَلَا تَعۡجَلۡ بِالۡقُرۡاٰنِ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ یُّقۡضٰۤی اِلَیۡکَ وَحۡیُهٗ ۫ وَ قُلۡ رَّبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا

اور قرآن میں جلدی نہ کرو جب تک اُس کی وحی پوری نہ ہولے۔ اور کہو اے میرے ربّ مجھے علم زیادہ دے

طٰہٰ آیت ۱۱۴

یعنی میرے عِلم کو اپنے کلام سے زیادہ فرما جو تیرے ساتھ عِلم کو زیادہ کرے کیونکہ یہاں عِلم سے زیادہ ہونا وحی کے وقت شرفِ تأنی کے ساتھ عِلم ہے اور مُعلّم کے ساتھ وُہ ادب کرتا ہے جو اِس کے ساتھ آپ کے رَبّ سے پہلے آیا۔ اِس لئے یہ آیت پیچھے ہے۔ اُس کا ارشاد ہے۔

وَعَنَتِ الۡوُجُوۡهُ لِلۡحَیِّ الۡقَیُّوۡمِ

اور سب منہ جھک جائیں گے زندہ اور قائم رہنے والے کے حضور۔ طٰہٰ آیت ۱۱۰

یعنی ذات تو علوم سے مُراد تجلّی ہے اور تحصیلِ علوم کی طرف تجلّی اشرف راستہ ہے اور یہ علوم اذواق ہیں۔

اسمِ ظاہر کی تجلّی

جاننا چاہیئے کہ زیادہ اور کم کے لئے ایک اور باب ہے۔ اِس کا بھی انشاء اللہ العزیز تذکرہ کیا جائے گا اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر چیز کے لئے اور نفسِ انسان کے لئے جملہ اشیاء سے ظاہراً اور باطناً مقرر فرمایا ہے۔ تو وُہ امور جن کا اِدراک ظاہر کے ساتھ ہوتا ہے اُن کا نام عین ہے، اور جن امور کا اِدراک باطن کے ساتھ ہوتا ہے اُن کا نام عِلم ہے اور حق سبحانہٗ ظاہر و باطن ہے اسی میں اِدراک واقع ہوتا ہے کیونکہ ہر ماسوا اللہ کو یہ قدرت

www.maktabah.org

نہیں کہ بنفسہٖ کسی چیز کا اِدراک کرے۔ اور اس کا اِدراک اُس اَمر کے ساتھ ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس میں مقرر فرمایا اور حق کی تجلّی ہر ایک کے لئے جس کے لئے عالمِ غیب یا شہادت سے تجلّی ہے اسمِ ظاہر سے ہے۔

اسمِ باطن سے تجلّی نہیں ہوتی

رہا اسمِ باطن، تو اِس کی نسبت حقیقت سے ہے اِس میں دُنیا و آخرت میں کبھی تجلّی واقع نہیں ہوگی کیونکہ تجلّی اُس کے ظہور سے عبارت ہے جس کے لئے اِس تجلّی گاہ میں تجلّی فرماتے۔ اور وہ اسمِ ظاہر ہے کیونکہ نسبتوں کی معقولیت غیر متبدّل ہے۔ اگرچہ اُس کے لئے وہ عینی وجود نہیں لیکن اُس کے لئے عقلی وجود ہے تو یہ معقول ہے۔

پس جب حق کی تجلّی اِس میں احسان یا سوال کے جواب میں ہوتی ہے تو ظاہر نفس کے لئے تجلّی کے لئے ہے تو برزخِ تمثّل میں صورت میں جس کے ساتھ اِدراک واقع ہوتا ہے۔

اگر عالمِ شریعت ہے

اگر حاملِ تجلّی علماءِ شریعت سے ہے تو اُس کے نزدیک علومِ احکام میں زیادتی ہوگی اور اگر منطقی ہے تو اُس کے علوم موازین زیادہ ہوں گے اور اگر نحوی ہے تو اُس کے میزانِ کلام کے علوم میں زیادتی ہوگی۔ ایسے ہی علومِ اکوان اور غیر اکوان کے ہر صاحبِ علم کے لئے اُس علم میں فی نفسہٖ زیادتی ہوگی جسے وہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔

www.maktabah.org

صاحبانِ کشف

پس اِسے طریقت والے جانتے ہیں کہ یہ زیادتیٔ علم اِس تجلّیٔ الٰہی ان اصناف کے لئے واقع ہوتی ہے. کیونکہ جو اُن کے لئے کشف ہوتا ہے وہ اُس کے انکار پر قادر نہیں جب کہ جو عارفین نہیں ہیں وہ زیادتیٔ علم کو محسوس کرتے ہیں اور اِسے اپنے افکار کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اِن دونوں کے علاوہ جو زیادتیٔ علم کو پاتے ہیں اور اِس زیادتی کو نہیں جانتے اِن کے اشیاف کی مثل میں ہے کہ؛

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ الجمعہ آیت ۵

گدھے کی مثال ہے جو پیٹھ پر کتابیں اٹھائے بری مثال ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں

اور یہ ہے زیادتیٔ علم اور اِس کی اصل اُن لوگوں پر تعجب ہے جو اِسے اپنے افکار کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اُس گروہ کا فرد نہیں جانتا کہ اُس کی فکر و نظر اور مسائل میں سے کسی مسئلہ پر اُس کی بحث میں جو علوم کی زیادتی ہے فی نفسہٖ اُس تجلّی سے ہے جس کا ہم نے ذکر کیا۔

علمِ حال کا حجاب

پس دیکھنے والا اپنی نظر کے متعلق اور اپنے مطلب کی غایت کے ساتھ مشغول ہوتا ہے اور وہ علمِ حال سے حجاب میں ہے۔ پس وہ مزید علم کا شعور نہیں کرتا اور جب اسمِ ظاہر کے ساتھ باطن نفس کے لئے بھی تجلّی واقع ہوتی ہے تو عالمِ حقائق اور موّاد سے مجرّد معانی میں بصیرت کے ساتھ اِدراک

www.maktabah.org

واقع ہوتا ہے اور یہ اُس سے نصُوص کے ساتھ تعبیر ہوتا ہے۔ کیونکہ نَص وَہ ہے جس میں نہ اشکال ہے اور نہ وجُوہ میں سے کِسی وجہ کے ساتھ احتمال ہو۔ اور یہ نہیں مگر معانی میں۔

پس صاحبانِ معانی تیے تکلیفِ فکر سے راحت میں آجاتا ہے تو تجلّی کے وقت اُس کے لئے علُومِ الٰہیہ، علُومِ اسرار، علُومِ باطن اور متعلّقاتِ آخرت میں زیادتی ہوتی ہے اور یہ اَمر ہمارے طریق والوں کے لئے مخصوص ہے تو یہ زیادتیٔ عِلم کا سبب ہے۔

عِلم کی کمی کا باعث کیا ہے

رہا اِس کے نقص اور کمی کا سبب، تو یہ نشاۃ کی اصل میں مزاج میں بُرائی یا اِس کی طرف بلانے والی قوّت میں عارضی فسادانیت ہے اور یہ زبردستی نہیں جاتی جیسا کہ حضرت خضر علیہ السّلام نے لڑکے کے حق میں فرمایا کہ یہ طبعاً کافر ہے اور یہ اصلِ نشاۃ کے بارے میں ہے۔

رہا امرِ عارضی، تو اگر قوّت میں طِیت کے ساتھ ہوگا تو زائل ہو جائے گا اور اگر نفس میں ہے تو اُس کا حُبِّ ریاست اور اتباعِ شہوات کا شُغل اُسے اُن علُوم سے روک دیتا ہے۔ جس میں اُس کا شرف اور اُس کی سعادت تھی تو یہ بھی دائمیٔ حق کے ساتھ اُس کے قلب سے زائل ہو جاتا ہے تو فکرِ صحیح کی طرف رجُوع کرتا ہے اور جان لیتا ہے کہ مُسافر کی منزلوں سے دُنیا ایک منزل ہے اور وُہ پُل کو عبُور کر رہا ہے۔

یہاں انسان کا نفس علوم و مکارمِ اخلاق اور طہارت و تنزیہہ سے ملاءِ اعلیٰ کی صفات کا محلّ نہیں ہوتا اور شہواتِ طبعیہ نظرِ صحیح سے پھیر دیتی

www.maktabah.org

ہیں۔ اور علومِ الہٰیہ سے روک دیتی ہیں تو اس میں وہ شروع کو پکڑتا ہے تو یہ بھی علوم کی کمی کا باعث ہے اور علوم کے نقص اور کمی کا معنیٰ انسان میں عیب نہیں مگر علومِ الہٰیہ کی کمی ہے۔ مگر حقیقت یہ عطا کرتی ہے کہ وہاں ہرگز نقص نہیں۔ اور انسان کو جو اُس کے حواس عطا کرتے ہیں اُس کی جہت سے اور اُس کے نفس و خاطر کے تقلبات کی جہت سے اُس کے علم میں ہمیشہ زیادتی ہوتی رہتی ہے لیکن اس میں نفع نہیں۔ اور گمان و شک نظر و جہل غفلت و نسیان اور اس کی مثل ہر اَمر کے ساتھ علم نہیں ہوگا جس میں آپ گمان و شک، یا نظر یا جہل یا غفلت و نسیان کے حکم میں ہیں۔

علومِ تجلّی کی کمی بیشی

رہی علومِ تجلّی میں کمی یا زیادتی، تو انسان دو حالتوں سے ایک پر ہے۔ انبیاء علیہم السلام کا تبلیغ کے لئے نکلنا یا اولیاء کرام کا وراثتِ نبویہ کے حکم سے تبلیغ کرنا، جیسا کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کو جب نیابت کا خلعت پہنایا گیا تو اُنہیں فرمایا! میری مخلوق کی طرف میری صفت کے ساتھ نکلیں جو آپ کو دیکھے گا وہ مجھے دیکھے گا تو اُنہیں اپنے ربّ کے اَمر کی اتباع کے سوا گنجائش نہ تھی۔ پس وہ اپنے ربّ کی طرف سے اپنے نفس کی طرف گامزن ہوتے ہی بے ہوش ہو گئے۔ پس جب ندا آئی کہ میرے دوست کو میری طرف لوٹا دو۔ اُس کے لئے مجھ سے صبر نہیں تو وہ حق میں ہلاک ہو چکے تھے۔

بارگاہ سے نکلنے کے بعد

جیسا کہ حضرت ابی عقال مغربی کو اُس مقامِ استہلاک کی طرف لوٹایا گیا۔

www.maktabah.org

جس میں اُن کے لئے ارواح ہو کلہ مویّد تھیں جب اُنہیں نکال دینے کا اُمر ہُوا تو اُنہیں حق کی طرف لوٹا دیا اور اُنہیں تذلّل و محتاجی اور انکساری کا خِلعت پہنا دیا تو اُن کی زندگی طیب ہو گئی اور اُنھوں نے اپنے رَبّ کو دیکھا تو اُن کے اُنس و استراحت میں اُس عاریتاً امانت کو اُٹھانے سے اضافہ ہو گیا جو اُن سے لازماً لے لی جاتی۔

معراجِ انسانی کے مدارج

انسان جس وقت معراج کے زینہ میں ہوتا ہے اُس وقت اُس کے لئے اُس کی معراج کے زینہ کے مطابق اللہ تبارک و تعالیٰ کی تجلّی ہوتی ہے کیونکہ اہلُ اللہ سے ہر شخص کے لئے مخصوص زینہ ہے اُس کے علاوہ اُس میں کوئی ترقّی نہیں کرتا۔ اگر کوئی کسی دوسرے کے زینہ میں ترقی کر سکتا تو نبوّت اکتسابی ہوتی۔ کیونکہ ہر زینہ اُس کی ذات کے لئے جو خاص مرتبہ عطا کرتا ہے ہر ایک اُسی میں ترقّی کرتا ہے۔ اگر عُلماء انبیاء کرام کے زینہ میں ترقی کر سکتے تو اِس ترقی کے ساتھ اُنہیں بھی نبوّت پہنچتی۔ اور یہ اَمر ایسے نہیں۔

اور تکرارِ اَمر کے ساتھ وُسعتِ الٰہی زائل ہو جاتی ہے؟ اور ہمارے نزدیک ثابت ہے کہ اُس کی جناب میں تکرار نہیں سوائے اِس کے کہ بلندیوں کے دَرجات میں تمام انبیاء و اولیاء اور مومنین و رسُول برابر پر ہیں اور زینے پر زینہ ایک درجہ بھی زیادہ نہیں ہوتا۔ پس پہلا درجہ اِسلام ہے اور وُہ اِتباع و انقیاد ہے۔ دُوسرا درجہ عُروج میں فناؔ اور خرُوج میں بقاء ہے اور دونوں کے درمیان جو باقی ہے وُہ ایمان و اِحسا[ن]

www.maktabah.org

علم، تقدیس و تنزیہہ، غِنا و فقر، ذِلّت و عزّت اور تلوین ہے اور اگر تو خارج ہوگا تو تلوین و فنا میں تمکین ہوگی اور اگر تو اُس پر داخل ہوگا تو بقا ہوگی۔ تیرے خروج میں اُس سے ہر درجہ میں تیرے باطن سے نقص ہوگا۔ بقدر اُن علوم تجلّی کے زیادہ ہونے کے جو تیرے ظاہر میں دُوسرے درجہ کی طرف منتہی ہوتے ہیں، پس اگر تو نکلے گا تو دوسرے درجہ کی طرف پہنچ جاتے گا جو تیرے ظاہر میں بذاتہٖ تیری قدر پہ ظاہر ہے اور تو اُس کی مخلوق میں اُس کا مظہر ہوگا اور تیرے باطن میں اُس سے ہرگز کوئی چیز باقی نہیں رہے گی۔ اور تجھ سے ایک جملہ تجلّیاتِ باطن زائل ہو جائیں گی۔

عَبد عَبد ہے رَبّ رَبّ ہے

پس جب تجھے اس کے دخول کی طرف بُلایا جائے گا تو یہ پہلا درجہ ہے جو تیرے لئے تیرے باطن میں بقدر اُس تجلّی کی کمی کے تجلّی کرے گا جو تیرے ظاہر میں دُوسرے درجے کی طرف منتہی ہوتی ہے تو وہ تیرے باطن پر بذاتہٖ ظاہر ہوگا اور تیرے ظاہر میں ہرگز تجلّی باقی نہیں رہے گی۔ اس کا سبب یہ ہے کہ بندہ اور رَبّ ہر ایک اپنی ذات کے لئے کمالِ وجود میں ساتھ ہیں۔ پس باوجود اس زیادتی اور کمی کے عبد ہمیشہ عبد اور رَبّ ہمیشہ رَبّ ہے۔

خُدا کے سِوا ہر موجود مُرکّب ہے

پس ظاہر و باطن میں علومِ تجلّیات کی کمی بیشی کا یہی سبب اور اس ترکیب کا باعث ہے اسی لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کی پیدا فرمودہ تمام مخلوق کی مُرکّب عین ہیں اُس کے لئے ظاہر ہے اور اُس کے لئے باطن ہے اور

www.maktabah.org

وہ جیسے بسائط میں سُنا جاتا ہے یہ امورِ معقولہ ہیں اِن کے لئے اعیان میں وجُود نہیں۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا ہر موجُود مرکب ہے۔ یہ اَمر ہمیں کشفِ صریح نے عطا کیا ہے جس میں رَیب و مریت نہیں اور یہی اُس کے لئے محتاجی کو ساتھ رکھنے کا موجب ہے۔ کیونکہ یہ اُس کا ذاتی وصف ہے۔

اگر تُو نے جان لیا ہے تو ہم نے تیرے لئے راستہ واضح کر دیا ہے اور تیرے لئے معراج کا زینہ نصب کر دیا ہے۔ پس راستہ پکڑ اور عرُوج حاصل کر اور اُسے دیکھ اور اُس کا مشاہدہ کر جو ہم نے تیرے لئے بیان کیا اور جب ہم نے تیرے لئے معارج کے درجے متعین کر دیئے تو تیرے لئے اُس نصیحت میں سے کچھ باقی نہیں چھوڑا جس کے ساتھ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ہمیں حکم دیا تھا۔ اگر ہم تیرے لئے ثمرات و نتائج تصنیف کر دیتے اور تیرے لئے راستہ مقرّر نہ کرتے تو یہ تیرے شوق کے لئے مشکل امر ہوتا کہ تُو اُس کی طرف ملانے والے راستہ کو نہ جان سکتا، قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے بے شک یہی معراج ہے۔

اور اللہ سچ فرماتا اور سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

اَلحمدُ للہ انیسویں باب کا ترجمہ تمام ہُوا۔

---

www.maktabah.org

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

بیسواں باب

علمِ عیسوی کا بیان اور یہ علم کہاں سے آیا اور کہاں منتہی ہوا۔ اور اِس کی کیفیت اور کیا اِس کا تعلق عالم کی لمبائی سے ہے یا چوڑائی سے یا دونوں سے ہے؟

علم عیسی هو الذی	جهل الخلق قدره
کان یحیی به الذی	کانت الارض قبره
قاوم النفخ اذن من	غاب فیه واُمره
ان لاهوته الذی	کان فی الغیب صهره
هو روح ممثل	أظهر الله سره
جاء من غیب حضرة	قد محا الله بدره
صار خلقا من بعدها	کان روحا فغره
وانتهی نیه اُمره	فجباه وسره !
من یکن مثله فقد	عظم الله أجره

حضرت عیسٰے علیہ السلام کا علم وہ ہے کہ اُس کی قدر کا مخلوق کو علم نہیں۔

آپ اِس علم کے ساتھ اُسے زندہ کرتے تھے جس کی قبر زمین ہوتی۔

www.maktabah.org

اُس میں جو اِذن اور اُس کا اَمر غائب ہے اُس کے مقابل میں پھونک آئی۔

بے شک اُس کا لاہوت وہ ہے جس کا سر غیب میں ہے۔

وہ مثالی رُوح ہے جس کا راز اللہ تبارک و تعالیٰ نے ظاہر فرمایا۔

غیب سے ایک حضرت کا ظہور رہوا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس کے بدر کو مِٹا دیا۔

وہ ایک رُوح تھی جو خلق ہوئی تو اُسے غفلت ہو گئی۔

اُس میں اُس کے اَمر کی انتہا ہوئی تو آسے اور اُس کے راز سے محبت ہو گئی۔

جو اُس کی مثل ہو گا اللہ تبارک و تعالیٰ اُس کے اَجر کو بڑا کرے گا۔

علمِ عیسوی پھونک ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ علمِ عیسوی علمِ حرُوف ہے اِس لئے اُنہیں پھونک عطا کی گئی اور یہ ہوا ہے جو جوفِ قلب سے خارج ہوتی ہے اور یہی رُوحِ حیات ہے۔ جب ہوا اپنے خروج کے راستے میں جسم کے حِصّہ کی طرف آتی ہوئی قطع ہوتی ہے تو اِن مقاماتِ انقطاع کا نام حرُوف ہے اور حرُوف کے وجود ظاہر ہو جاتے ہیں۔ پس جب حرُوف کا مِلاپ ہوتا ہے تو معانی میں حیاتِ حِسّیہ ظاہر ہوتی ہے اور یہی وہ اَمر ہے جو عالم کے لئے حضرتِ الٰہیہ سے پہلے ظاہر ہوتا ہے اور اَعیان کے لئے اُن کے عدم کے حال میں سوائے سمع کے کوئی نسبت نہ تھی، پس اُن کے عدم کے حال میں اُن کی ذوات میں اَمرِ الٰہی کو قبول کرنے کے لئے مستعد اَعیان تھے جب اُن پر وجود وارد ہوا۔

www.maktabah.org

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے وجود کا ارادہ کیا تو اُن کے لئے کُن فرمایا۔ تو وہ پیدا ہو کر اپنے اعیان میں ظاہر ہو گئے۔ پس کلامِ الٰہی وہ پہلی چیز ہے جس نے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اُس کلام کا اِدراک کیا جو اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کی شان کے لائق تھا۔

پس پہلا ترکیبی کلمہ کُن ہے اور یہ تین حروف سے "کاف" "واؤ" اور "نون" سے مرکب ہے اور ہر حرف میں تین حروف کا جذر ہے اور تینوں سے نو حروف ظاہر ہوتے ہیں اور یہ پہلے افراد ہیں جو کُن سے نو کے وجود کے ساتھ اعدادِ بسائط منتہی ہوتے ہیں۔ پس کُن کے ساتھ معدود اور عدد کی عین ظاہر ہوئی۔

اِس سے یہاں مقدمات کی اصلی ترکیب تین سے ہے اگرچہ چار میں ظاہر ہوتی ہے کیونکہ دونوں مقدموں میں واحد کا تکرار ہوتا ہے تو یہ تین ہیں اور کائنات فرد سے پیدا ہوئی ہے واحد سے نہیں۔

حق تبارک وتعالیٰ نے اپنے اِس ارشاد میں ہمیں پہچان کروادی ہے کہ مولدات کی صورتوں میں سببِ حیات نفخِ الٰہی ہے۔

فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ الحجرٰت ۲۹

توجب میں استوار فرما کر اس میں اپنی روح سے پھونکوں۔

اور یہ نفس ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ ایمان کے ساتھ زندہ فرماتا ہے تو وہ ظاہر ہوتا ہے۔ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا!

اِنَ نَفَسَ الرَّحْمٰنِ یَاتِیْنِیْ مِنْ قِبَلِ الْیَمَنِ!

بے شک مجھے یمن کی طرف سے رحمٰن کی ہوا آتی ہے!

www.maktabah.org

پس اس نفسِ رحمانی کے ساتھ مومنوں کے دلوں میں ایمان اور احکامِ مشروعہ کی صورت میں زندگی آئی اور حضرت السّلام کو یہ نفخِ الٰہی یعنی خدا کی پھونک اور اس کی نسبت عطا فرمائی گئی تھی۔ پس حضرت عیسٰے علیہ السّلام پھونک مارتے تو قبر میں صورتِ کائنہ کو یا پرندہ کو جسے مٹی سے بناتے اللہ تعالیٰ کے اُس اذن سے زندہ کر دیتے تھے جو اس پھونک اور ہوا میں ساری تھا۔

خدا کو خدا سے دیکھتے تھے

اگر اس میں اذنِ خداوندی کا سریان نہ ہوتا تو ہرگز کسی صورت میں حیات حاصل نہ ہوتی۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی طرف جو علمِ عیسوی آیا وہ نفسِ رحمان تھا۔ چنانچہ آپ اپنی پھونک سے مُردوں کو زندہ کرتے تھے اور یہ علم اُن صورتوں کی طرف منتہی ہوتا ہے جن میں پھونک لگائی جاتی ہے اور یہ وہ حصہ ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہر موجود کے لئے ہے اور اس کے ساتھ اُس کی طرف وصال ہوگا۔

جب اُس کی طرف یہ تمام اُمور ہو جاتے ہیں اور جب انسان اپنے پروردگار کی طرف اپنی معراج میں تحلیل ہو جاتا ہے اور اُس کے راستے میں ہر وہ چیز جو اُس کے مناسب ہے لے لی جاتی ہے تو اُس سے باقی نہیں رہتا مگر وہ راز جو اُس کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پس وہ اُسے یعنی خدا کو نہیں دیکھتا مگر اُس کے ساتھ اور اُس کا کلام نہیں سنتا مگر اُس کے ساتھ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اِس سے پاک ہے کہ اُس کا اِدراک ہو سکے مگر اُس کا اِدراک اُسی کے ساتھ ہوتا ہے۔

---

www.maktabah.org

خدا ہی اپنی حمد بیان کرتا ہے

جب یہ شخص اِس مشہد سے لوٹتا ہے اور وہ صورت ترکیب پاتی ہے جو اُس کی اپنے ربّ کی طرف معراج میں تحلیل ہو گئی تھی اور اُس کی طرف وہ تمام عالم لوٹا دیا جاتا ہے جو اُس سے اُس کے مناسب لے لیا گیا تھا۔ کیونکہ ہر عالم اپنی جنس سے متعدی نہیں ہوتا تو سب کا اجتماع اِس سرّ الٰہی پر ہو جاتا ہے اور اِس پر شمولیت ہو جاتی ہے، اسی کے ساتھ صورت حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کرتی ہے اور اپنے ربّ کی حمد بیان کرتی ہے کیونکہ اُس کی حمد اُس کے سوا کوئی بیان نہیں کرتا۔

اگر صورت سرّ الٰہی کی حیثیت کی بجائے اپنی اس حیثیت سے اُس کی حمد بیان کرتی تو اِس صورت پر اللہ تبارک و تعالیٰ کے فضل و امتنان کا ظہور نہ ہوتا جب کہ اُس کا احسان و امتنان تمام مخلوق پر ثابت ہے۔ پس ثابت ہوا کہ مخلوق کی طرف سے اللہ تبارک و تعالیٰ کی جو تعظیم و ثناء میں ہوتی ہے اسی سرّ الٰہی سے ہے۔ پس ہر چیز میں اُس کی رُوح سے ہے اور اُس میں کوئی چیز نہیں۔

پس حق وہ ہے جو اپنی ذات کی حمد کرتا ہے اور اپنی ذات کی تسبیح بیان کرتا ہے تو اِس صورت کے لئے اس تحمید و تسبیح کے وقت جو خیر الٰہی ہوتی ہے وہ احسان کے باب سے ہے استحقاق کونی کے باب سے نہیں۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے اُس کے لئے جو اِستحقاق مقرر فرمایا ہے اِسی حیثیت سے ہے کہ اُس شخص نے اِس اُمر کو خود پر واجب کر لیا۔

---

www.maktabah.org

کلمات حروف سے بنتے ہیں

کلمات حروف سے ہیں اور حروف ہوا سے ہیں اور ہوا نفسِ رحمانی سے ہے اور اسماء کے ساتھ اکوان میں آثار ظاہر ہوتے ہیں اور اِن کی طرف علمِ علیوی منتہی ہوتا ہے۔ پھر انسان اِن کلمات کے ساتھ حضرتِ رحمانی مقرر کرتا ہے جو اُسے اپنی ذات سے وہ امر عطا کرتا ہے جس کے ساتھ حیات قائم ہوتی ہے جس میں وہ اِن کلمات کے ساتھ سوال کرتا ہے، تو یہ امر دائمی دوری بن جاتا ہے۔

جاننا چاہیئے کہ حیاتِ ارواح حیاتِ ذاتیہ ہے۔ اِس لئے ہر ذِی روح اپنی روح کے ساتھ زندہ ہے اور جب سامری نے حضرت جبرئیل علیہ السّلام کو دیکھا تو اُس نے جان لیا کہ اُس کی روح اُس کی ذات کی عین ہے اور یہ کہ اُن کی حیات ذاتی ہے اور وہ کِسی مقام سے نہیں گذرتے۔ مگر وہ مقام اِن کی صُورتِ ممثلہ کی مباشرت سے زندہ ہو جاتا ہے پس اُس نے اُن کے نشانِ قدم سے ایک مٹھی بھری اور یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے جس میں اِس امر کی خبر دی گئی ہے۔

فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ طٰہٰ آیت ۹۶

تو ایک مٹھی بھر لی فرشتے کے نشان سے پھر اُسے ڈال دیا"

حضرت علیسیٰ رُوح ہیں

چنانچہ جب سامری نے دھات کا بچھڑا اور اُس کی صُورت بنالی تو اُس میں مٹی کی وہ مٹھی ڈال دی تو بچھڑا بولنے لگا۔

www.maktabah.org

حضرت عیسیٰ علیہ السلام رُوح تھے جیساکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کا نام رُوح رکھا اور جیساکہ انسانِ ثابتہ کی صُورت میں رُوح کو پیدا فرمایا۔ جبریل غیر ثابتہ اعرابی کی صُورت میں پیدا ہوئے۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اکیلی پھونک کے ساتھ زندہ کر دیتے تھے۔ پھر آن کی تائید رُوحُ القدس سے فرمائی گئی۔ پس وُہ امداد کرنے والی رُوح اکوان کے مَیل کچیل سے پاک رُوح کے ساتھ تھی اور اِس تمام کی اصل حیاتِ ابدیت کا سرچشمہ حیِّ اَزلی ہے۔

حرُوف کی لمبائی چوڑائی

سوائے اِس کے نہیں کہ ازل و اَبد کی دونوں طرفوں اور وجُودِ عالم اور اُس کے حدوثِ حیّ کا امتیاز کر دیا گیا ہے اور یہ عِلمِ عالم کے طُول یعنی علمِ رُوحانی سے متعلق ہے اور وہ عالمِ معانی و اَمر ہے اور اس کا تعلّق عالم کے عرض سے ہے اور وہ خلق و طبیعت اور اجسام کا علم ہے اور وہ سب اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے ہے۔

اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ الاعراف آیت ۵۴

خبردار خلق و اَمر اُس کے لئے ہے۔ سارے جہانوں کا پروردگار بہت برکت والا ہے۔

قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ بنی اسرائیل آیت ۸۵

فرمادیں رُوح میرے رَبّ کے اَمر سے ہے۔

www.maktabah.org

برکت والا ہے اللہ پروردگار عالموں کا۔

جب آپ ہمارے اہلِ طریق سے کسی کو حروف کے بارے میں گفتگو کرتے سنیں تو وہ کہے گا فلاں حرف کی لمبائی اتنے گز یا اتنے بالشت ہے اور ایسے ہی چوڑائی بیان کرے گا جیسا کہ حلاج وغیرہ ہیں۔ طول سے اُس کی مراد عالمِ ارواح میں اُس کا فعل ہے اور عرض سے مراد اُس کا عالمِ اجسام میں یہ فعل ہے۔ یہ مذکورہ مقدار وہ ہے جو اس کے ساتھ امتیاز کرتی ہے اور یہ اصطلاح حلاج کی وضع کردہ اصطلاحات سے ہے۔

محققین سے جو کُن کی حقیقت کو جان لیتا ہے وہ عالمِ علوی کو جان لیتا ہے اور جو شخص کائنات سے کسی چیز کو اپنی ہمت سے وجود میں لاتا ہے تو یہ امر اس علم سے نہیں۔

نو کے ہندسے کا ظہور کُن سے ہے

چونکہ نو کا ظہور ان تین حرفوں کی حقیقت میں ہوا ہے تو ان سے گنتی کے نو افلاک ظاہر ہوئے اور نو افلاک کی مجموعی حرکات اور کواکب کی رفتار سے دنیا و مافیہا کو وجود ملا جیسا کہ ان کی حرکات سے ہی دنیا برباد ہو گی۔

ان نو افلاک کی بلند حرکت سے جنت کو اور جو اُس میں ہے پیدا کیا گیا اور اس بلند حرکت کے وقت وہ تمام کچھ پیدا ہوا جو جنت میں ہے اور بلند حرکت سے ملحقہ دوسری حرکت سے جہنم اور جو اُس میں ہے اور قیامت و بعثت اور حشر نشر پیدا ہوا جس کا ہم نے ذکر کیا تھا کہ دنیا کا اُن نعمتوں سے امتزاج ہے جن کا امتزاج عذاب سے ہے اور اس کا بھی ہم ذکر کر چکے ہیں کہ جنت میں تمام نعمتیں ہیں اور جہنم میں تمام عذاب ہے اور یہ

www.maktabah.org

امتزاج اُن کے اہل میں تقسیم ہو جائے گا۔ پس نشاۃِ آخری نشاطِ دُنیوی کا مزاج قبول نہیں کرتی اور یہ وُہ فرمان ہے جو دُنیوی اور آخری نشاۃ کے درمیان ہے مگر جہنّم کی پیدائش یعنی جہنّمی لوگوں میں جب اللہ تبارک و تعالیٰ کا غضب اور اُس کی مُدّتیں منتہی ہو جائیں گی اور رحمت اُس کے ساتھ ملحق ہو جائے گی جو مُدّتوں میں سبقت لے گئی ہے تو جہنّمیوں میں اُس کا حُکم رجُوع کرے گا۔ اور اُس کی صُورت ہے تو اُس کی صُورت تبدیل نہیں ہو گی اور اگر تبدیل ہو گی تو اللہ تعالیٰ کے اِذن سے اُن پر پہلے حُکم میں عذاب ہو گا۔

اہلِ جہنّم کے عذاب کا دُورانیہ

فلکِ ثانی کی بُلندی سے حرکت اُس کی تولیّت ہے جس کے ساتھ ہر قابلِ عذاب کے لئے ہر مقام میں اُن میں عذاب ظاہر ہو گا۔ ہم نے ہر قابلِ عذاب کے مقام کے بارے میں کہا ہے اِس لئے کہ اِس میں ایسے بھی ہوں گے جو عذاب قبول نہیں کریں گے۔

پس جب یہ مُدّت ختم ہو جائے گی جو کہ بینتالیس ہزار سال ہے اور اِس مُدّت میں اہلِ جہنّم پر عذاب ہوتا رہے گا۔ اِس میں مُتصل اور پیہم عذاب کی مُدّت تیئیس ہزار سال ہے پھر اللہ تبارک و تعالیٰ ان پر نیند اُنیس سال فرمائے گا جس میں وہ احساس سے غائب ہو جائیں گے اور وُہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

یعنی نہ وُہ مریں گے اور نہ زندہ ہوں گے۔

www.maktabah.org

اور اہلِ جہنم کے بارے میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے۔

ھم الذین ھم اھلھا لا یموتون فیھا ولا یحیون

الحدیث

وہ لوگ جو اہلِ جہنم ہیں نہ اُس میں مریں گے نہ جئیں گے۔

اِن اوقات میں اُن کے حال سے مُراد اُن کا اپنے احساس سے غائب ہو جاتا ہے۔ اُس شخص کی مثل جو اہلِ عذاب سے دُنیا میں دَرد کی شدت اور زیادہ آلام کی قوت سے بے ہوش ہو جاتا ہے ایسے ہی اہلِ جہنم اُنتیس ہزار سال بے ہوش رہیں گے پھر اُن کی بے ہوشی ٹوٹے گی تو اللہ تعالیٰ اُن کی جلدیں دُوسری جلدوں میں تبدیل کر دے گا۔ پس اُنہیں پندرہ ہزار سال عذاب دیا جائے گا پھر اُن پر بے ہوشی طاری ہو جائے گی تو وہ گیارہ ہزار سال بے ہوشی کی حالت میں ٹھہرے رہیں گے پھر اُنہیں افاقہ ہوگا تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُن کی جلدوں کو دُوسری جلدوں میں بدل دے گا۔ تاکہ عذاب کا ذائقہ چکھیں تو وہ سات ہزار سال عذابِ الیم میں گرفتار رہیں گے پھر اُن پر تین ہزار سال بے ہوشی طاری رہے گی پھر اُن کی بے ہوشی رفع ہو گی تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُنہیں اُس شخص کی مثل لذت اور راحت نصیب فرمائے گا جو تکلیف میں سو جاتا ہے اور بیدار ہوتا ہے اور یہ اُس رحمت سے ہے جو اُس کے غضب پر سبقت لے گئی ہے اور ہر چیز میں وُسعت رکھتی ہے۔

اہلِ جہنم پر رحمت

پس اُس وقت رحمتِ الٰہیہ کا اَبدی حکم اسمِ واسع سے ہوگا جس کے ساتھ اُس کی رحمت اور علم ہر چیز پر وسیع ہیں، پھر اہلِ جہنم دَرد و اَلم نہیں

www.maktabah.org

پائیں گے اور یہ امر اُن کے لئے دائمی ہوگا۔ وہ اِسے غنیمت خیال کرتے ہوئے کہیں گے ہم بھول گئے۔ ہم سوال کرنے سے ڈرتے ہیں کہ ہمارے نفوس یاد دلا دیں گے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمارے لئے فرمایا ہے۔

اَخْسَاءُوْا فِیْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنَ　المومنون آیت ۱۰۸

اِس میں دھتکارے پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو

پس وہ سکوت اختیار کریں گے اور جہنم میں مُبلس ہوں گے اور اُن پر عذاب کے لوٹ آنے کے خوف کے سوا کوئی عذاب باقی نہیں رہے گا۔ پس جو عذاب اُن پر ہمیشہ رہے گا وہ اسی قدر ہے اور وہ خوف ہے اور وہ نفسی عذاب ہے حسّی نہیں اور جن اوقات میں وہ اِس عذاب سے غافل ہو جائیں گے اُن کے نعیم کو عذابِ حسّی سے راحت ہوگی جس کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ اُن کے دلوں میں یہ امر مقرر کر دے گا کہ وہ وسیع رحمت والا ہے! اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان ہے۔

لَا یَمُوْتُ فِیْهَا وَلَا یَحْیٰی

پس آج کے دن ہم تمہیں بھلا دیں گے جیسا کہ تم نے ہمیں بھلا دیا تھا۔ جب اہلِ جہنم کو آلام کا احساس نہیں ہوگا۔ وہ اس حقیقت سے کہیں گے اور ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِیَهُمْ　التوبہ آیت ۶۷

وہ اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے انہیں بھلا دیا۔

www.maktabah.org

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ الجاثیہ آیت ۳۴

اور ایسے ہی آج تمہیں بھلا دیا جائے گا۔

یعنی جہنم میں ترک کر دیا جائے گا۔ کیونکہ نسیان کے معنی ترک کرنا ہے اور ہمزہ کے ساتھ اس کا معنی مؤخر کرنا ہوگا۔ پس اہلِ جہنم کا جنت سے حصہ عذاب کا واقع نہ ہونا ہے اور عذاب سے ان کا حصہ عذاب کا متوقع رہنا ہے کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ان کے لئے اغیار کے طریق سے امان نہیں ہوگی اور وہ بعض اوقات متوقع خوف سے محجوب ہو جائیں گے جس سے ایک وقت دس ہزار سال ایک وقت دو ہزار سال اور ایک وقت چھ ہزار سال کا عرصہ ہوگا۔

یہ مدّت ہمیشہ رہے گی

اس مقدار مذکور سے کبھی نہیں نکلیں گے۔ زمانہ سے لازماً ان کے لئے اس قدر عرصہ ہوگا۔ جب اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے اسمِ رحمٰن سے انہیں نعمت عطا کرنا چاہے گا تو وہ اپنے جس حال میں اس وقت ہوں گے اور جس عذاب میں وہ تھے اس سے نکلنے پر غور کریں گے تو نظر سے اسی قدر نعمت پائیں گے۔ اس غور کرنے کی مدّت ایک وقت ایک ہزار سال ایک وقت نو ہزار سال اور ایک وقت پانچ ہزار سال ہوگی۔ پس اس مدّت میں کمی بیشی بھی ہوگی اور جہنم میں

www.maktabah.org

اُن کا یہ حال ہمیشہ رہے گا۔ کیونکہ وُہ جہنّم میں رہنے والے ہیں۔ یہ جو ہم نے ذکر کیا ہے تمام عیسوی علم سے ہے جو مقامِ محمدیؐ کے وِرثہ سے ہے۔

اور اللہ حق فرماتا ہے اور وُہ ہی سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

اَلحمدُ لِلّٰہ بیسویں باب کا ترجمہ اختتام پذیر ہُوا۔

صائم چشتی

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

اکیسواں باب

"ثلاثہ علومِ کونیہ کی معرفت اور اُن کا ایک دوسرے میں داخل ہو"

علم التوالج علم الفکر یصحبه — علم النتائج فانسبه الی النظر
هی الادلة ان حققت صورتها — مثل الدلالة فی الانثی مع الذکر
علی الذی اوقف الایجاد اجمعه — علی حقیقة کن فی عالم الصور
والواو لولا سکون النون اظهرها — فی العین قائمة تمشی علی قدر
فاعلم بان وجود الکون فی فلك — وفی توجهه فی جوهر البشر

علم توالج یعنی ایک کا دوسرے میں داخل ہونا علم فکر ہے۔ اُس علم کا سماتھی پس اس کی نظر نسبت کی طرف ہے۔

یہ دلائل ہیں اگر تم ان کی صورت کو تحقیق کے ساتھ جاننا چاہو تو اس کی مثل مونث میں مذکر کے ساتھ دلالت ہے۔

اُس ذات پر جس نے عالمِ صور حقیقت کُن پر تمام ایجادات کو واقفیت بخشی ہے۔ اگر نون ساکن نہ ہوتا تو واؤ عین میں ظاہر کرتی اور وہ اندازے پر چلتی۔
پس جان لیں فلک میں اور اس کی توجہ میں اور جوہر بشریہ میں وجود کون ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ یہ علم تولد و تناسل ہے اور یہ علومِ اکوان سے ہے اور اس کی اصل علمِ الٰہی سے ہے۔

پس ہم پہلے اُس صورت کو بیان کریں گے جو اکوان میں ہے۔ بعد ازاں آپ کے لئے علمِ الٰہی میں ظاہر کریں گے کیونکہ ہر علم کی اصل علمِ الٰہی سے ہے کیونکہ ہر ماسوا اللہ تبارک و تعالیٰ سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔!

www.maktabah.org

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ الجاثیہ آیت ۱۳ "وہ جو زمین و آسمان میں ہے تمام تمہارے لئے مسخر ہے"

پس یہ علم نوبلج ہر چیز میں جاری و ساری ہے۔ اور یہ علم التھام یعنی آپس میں میل جول یعنی نکاح کا علم ہے۔

ان میں سے حسی معنوی اور الٰہی علم ہے۔ پس جاننا چاہئے جب آپ اس کی حقیقت معلوم کرنا چاہیں تو پہلے عالم حس میں نظر کریں پھر عالم طبیعت میں پھر روحانی معانی میں، پھر علم الٰہی میں، علم حس میں اس طرح جان لیں کہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ چاہتا ہے کہ تیری ذات کو دو شخصوں کے درمیان ظاہر کرے اُن دونوں سے اس کا نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ اور یہ صحیح نہیں کہ ان دونوں میں تیسرا ظاہر ہو جب تک کہ دونوں کے ساتھ تیسرا حکم قائم نہ ہو۔

یہ ایسے ہی ہوگا؛

اور یہ ایسے ہوگا کہ دونوں میں سے ایک دُوسرے کے ساتھ مجامعت کی صورت مل جائے چنانچہ جب مخصوص وجہ اور شرط کے ساتھ اجتماع ہوگا اور مقام ولادت کے قابل ہو اور جب بیج کو قبول کرے تو اُسے فاسد نہ کر دے اگر بیج اُس میں صُورتِ افتتاح کو قبول کرے اور یہ اجتماع دو شرم گاہوں کا ملاپ اور شہوت کے ساتھ پانی یا ہوا کا انزال ہے۔

قبول کرے تو لازماً تیسرے کا ظہور ہوگا اور اُس کا نام بیٹا ہوگا۔ اور دونوں کا نام والدین ہوگا اور تیسرے کے ظہور کا نام ولادت اور دونوں کے اجتماع کا نام نکاح یا سفاح ہوگا۔ یہ امر حیوان میں محسوس اور وقوع پذیر ہوتا ہے۔

ہم نے مخصوص وجہ اور مخصوص شرط کا ذکر کیا ہے کیونکہ نکاح کے ساتھ

www.maktabah.org

مذکر د مؤنث کے اجتماع سے اولاد پیدا نہیں ہوتی مگر اُس شرط کے حصول کے ساتھ پیدا ہوتی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ عنقریب ہم اس کے معنی وضاحت سے بیان کریں گے جبکہ یہی مطلوب ہے۔

عالم طبعیات میں ہے کہ جب آسمان سے بارش کا پانی اترتا ہے اور زمین اُس کو قبول کر کے سیدھی ہوتی ہے۔ تو یہ اُس کا حمل ہے۔

ایک جنس سے مسرور و شادمان جوڑے اگاتی ہے ایسے ہی کھجور اور درخت کے پیوند کے لئے ہے۔ تو الد کے لئے فرمانِ خداوندی ہے۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ "ہم نے ہر چیز سے جوڑے پیدا کئے"

(الذاریات آیت نمبر ۴۹)

اشیاء یا مفرد ہیں یا مذکر

رہے معانی تو جان لیں کہ اشیاء دو قسموں پر ہیں مفردات اور مرکبات چنانچہ مرکبات کے علم سے مفرد کا علم مقدم ہے اور مفرد کا علم صفت اور حد کے ساتھ اور مرکب کا علم دلیل و برہان سے ہوتا ہے۔

جب آپ جاننا چاہیں کہ کیا وجود عالم سبب سے پہلے ہے تو دو مفردوں کی طرف اعتقاد کریں یا اس پر جو مقدمہ شرطیہ کی مثل دو مفردوں کے حکم میں ہے۔ دونوں میں سے ایک مفرد کو مبتدا کا موضوع مقرر کریں یا دوسرے مفرد کو اس کے ساتھ طریق جنبار پر حمل کریں پھر کہیں کل حادث ہے۔ اور اس کا نام مبتدا اس لئے ہے کہ اس کے ساتھ آپ نے ابتدا کی، کیونکہ یہ موضوع اول ہے جسے اس لئے وضع کیا ہے کہ اس پر اُسے حمل کیا جائے۔ جس کے ساتھ آپ اس سے خبر دیں۔

www.maktabah.org

اور وہ مُفرد ہے کیونکہ اسمِ مضاف مفرد کے حکم میں ہے ضروری ہے کہ آپ صفت کے ساتھ حدوث کے معنی جان لیں اور ہر اُس چیز کے معنی جان لیں جو اس کی طرف مضاف ہے۔ اور اُس کے لئے جیسا کہ محیط فصیل یعنی حصار قائم کیا گیا ہو کیونکہ زبان میں وضع کے ساتھ ہر چیز حصر کا اقتضاء کرتی ہے۔

جب آپ حادث کو جان جائیں گے اُس وقت آپ اُس پر دُوسرے مفرد کو حمل کریں گے اور یہ آپ کا قول ہے۔ تو اس کے لئے ایک سبب ہے جس کے ساتھ آپ اس سے خبر دیں گے تو ضروری ہے کہ آپ اس سبب کے معنی اور وضع میں اُس کی معقولیت کو بھی جان لیں۔

مفردات کا یہ وہ علم ہے جو حد کے ساتھ مقتنص ہے پس ان دونوں مُفردوں سے صُورت مرکبہ قائم ہوئی جیسا کہ حیوانیت اور گفتگو سے انسان کی صورت قائم ہوئی پس اس میں آپ انسان کو حیوان ناطق کہیں گے۔ مفردین کی ترکیب کو ایک دُوسرے پر حمل کہنے سے کچھ نتیجہ برآمد نہیں ہوتا۔ مگر یہ وہ دعوٰی ہے جس کا مدعی اُس کی صحت پر دلیل کا محتاج ہے یہاں تک کہ موضوع سے اُس خبر کی تصدیق ہو جس کی اُس کے ساتھ خبر دی ہے۔

ہم سے یہ امر اُس وقت تسلیم کیا جائے گا جب دعوٰی میں خاص طور پر ضرب المثل کے طور پر عرفِ طوالت ہو۔ اور میری یہ کتاب معانی کے میزان کا مقام نہیں اور سوائے اس کے نہیں کہ یہ علم منطق پر موقوف ہے کیونکہ ضروری ہے کہ ہر مفرد معلوم ہو اور جس کے ساتھ مفرد موضوع سے خبر دی جائے وہ حسّی، بدیہی یا نظری بُرہان کے ساتھ دونوں کی طرف راجع ہے۔

پھر آپ دُوسرا مقدمہ طلب کریں اور اُس میں وہی عمل کریں جو پہلے میں کیا اور لازم ہے کہ دونوں مذکور مفردوں کے دونوں مقدموں میں سے کوئی ایک ہو۔

www.maktabah.org

اور یہ ترکیب کی صورت میں چار اور معنی میں تین ہیں۔ انشاءاللہ ہم اس کا ذکر کریں گے۔ اور اگر اس طرح نہیں ہوگا تو ہرگز نتیجہ برآمد نہ ہوگا۔

پیدائش عالم سبب سے ہے

آپ کہیں گے کہ جس مسئلہ کی مثال ہم نے دوسرے مقدمہ میں بیان کی ہے عالم حادث ہے؟ اور اس میں معرفت کے ساتھ اس علم کو طلب کریں گے جو معرفت عالم سے پہلے مقدمہ میں طلب کیا تھا اور اسے اپنے قولِ حادثات کے ساتھ آپ نے حدوث پر حمل کیا ہے اور یہ قول حادثات جس مقدمے میں حمل کیا جائے گا وہ پہلے مقدمہ میں موضوع ہے۔ جب اس سبب پر حمل کیا تو دونوں مقدموں میں حادث کی تکرار ہوگی۔ اور دونوں کے درمیان رابطہ کرنے والا ہوگا۔

جب یہ ارتباط ہوگیا تو اس ارتباط کا نام وجہ دلیل ہوگا اور دونوں کے اجتماع کا نام دلیل اور برہان ہوگا اور نتیجہ یہ نکلے گا کہ حدوثِ عالم کے لئے لازماً سبب ہے۔ پس علتِ حدوث اور حکمِ سبب ہے تو حکم علت سے عام ہے۔ کیونکہ اس علم میں شرط ہے کہ حکم علت سے عام یا مساوی ہو اور اگر ایسا نہیں تو ان امورِ عقلیہ میں مصدق نہیں۔

اگر آپ شریعت میں اخذ کرنا چاہیں گے تو جب اس مثل کو جاننا چاہئیں گے کہ نبیذ حرام ہے تو اس طریقہ سے کہیں گے کہ ہر نشہ والی چیز حرام ہے اور نبیذ نشہ لاتی ہے تو وہ حرام ہے۔

حرمت کے اور سبب بھی ہیں

اس میں آپ کا اعتبار امورِ عقلیہ میں اعتبار کرنے کی صورت میں ہوگا جیسا

www.maktabah.org

کہ ہم نے آپ کے لئے مثال بیان کی پس تحریم کا حکم ہے اور علت اس کا حالہ ہے۔ یعنی نشہ کی حالت ہے۔ پس حرمت کے لئے حکم عقل موجبہ سے عام ہے کیونکہ تحریم کے لئے دوسرے امر میں نشے کے علاوہ دوسرا سبب بھی ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ غصب، سرقہ اور گناہوں میں حرکت ہے اور یہ وجود تحریم کی محرمات میں علتیں ہیں۔

پس اس خاص وجہ سے سچ نکلا اور آپ کے لئے اس تقریب کے ساتھ معانی کا میزان اور نتائج ہیں۔

فردیت کے علاوہ نتیجہ نہیں

سوائے اس کے نہیں کہ وہ لوالج کے ساتھ اُن دونوں مقدموں میں ظاہر ہوئے جو حس میں ماں باپ کی طرح ہیں اور یہ دونوں تین سے یا اس سے مرکب ہیں جو تین کے حکم میں ہیں۔ کیونکہ اضافت اور شرط میں جملہ کے لئے ایک ہی معنی ہوتا ہے پس فردیت کے علاوہ نتیجہ ظاہر نہیں ہوتا۔

اصل فاعل خدا

کیونکہ اگر شفع ہو اور ایک ساتھی کی خاص صحبت نہ ہو تو شفع سے کبھی کوئی درست چیز نہیں پائی جائے گی۔ پس وجودِ عالم میں شریک باطل ہے اور ایک کا فعل ثابت ہے اور موجودات سے اُس کے وجود کے ساتھ موجودات کا ظہور ہوا تو آپ کے لئے ظاہر ہے کہ اگرچہ فعل بندوں سے ظاہر ہوتے ہیں مگر اللہ تبارک و تعالیٰ نہ ہوتے تو فعل ظاہر نہ ہوتا، یہ میزان صورت اور ایجاد کے ساتھ بندوں کی طرف اعمال کی اضافت کے درمیان ہے جو افعال اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔

www.maktabah.org

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔!

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ "اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں اور تمہارے

صفات آیت ۹۶ اعمال کو پیدا کیا۔

یعنی تمہارے اعمال کو پیدا کیا تو عمل اُن کی طرف منسوب ہیں اور ایجاد اللہ تعالیٰ کی طرف مضاف ہے۔ خلق کا لفظ ایجاد کے معنوں میں بھی ہے اور تقدیر کے معنوں میں بھی جیسا کہ لفظ خَلق فِعل کے معنوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ جسکی مثال اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے۔

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں نے زمین اور آسمانوں کے بنانے

الکہف آیت ۵۱ کے وقت انہیں گواہ نہ بنایا تھا۔

نیز خَلق کا معنی مخلوق بھی ہوتا ہے۔ جس کی مثال اللہ تعالیٰ اس فرمان میں ہے۔

خَلَقَ اللّٰهُ فِيْۤ اَرْحَامِهِنَّ جو اللہ تعالیٰ نے اس کے ارحام میں پیدا

البقرہ آیت ۲۲۸ کیا۔

جاننا چاہیئے کہ یہ توالج و توالد علمِ الٰہی میں ہے اور حق تعالیٰ کی ذات سے ان میں ہرگز کوئی چیز ظاہر نہیں ہوتی۔

اہلِ حق کا مذہب

اُس کی ذات کی طرف دوسرا امر منسوب نہیں ہو سکتا اور اہلِ سنت اہلِ حق کے نزدیک اس ذات کی طرف یہ نسبت ہے کہ وہ ایجاد پر قادر ہے یا اُس کی طرف احتیاج ہے۔ ولیکن اس کے سیاق میں اہلِ حق کے مخالفین سے غرض ہے تاکہ اس کے نزدیک تقریر کریں کہ اُس کی ذات کے لئے وجودِ عالم کی نسبت

www.maktabah.org

اُس کی ذات ہونے کی بنا پر نہیں جبکہ وہ عالم کو اُس کے وجود کے ساتھ علت ہونے سے منسوب کرتے ہیں لہٰذا ہم ان کا مقالہ وارد کرتے ہیں باوجودیکہ یہ نسبت اُس کے قادر ہونے پر ہے تو لازماً تیسرا امر ہوگا اور وہ اِس عین مقصودہ کے لئے ایجاد کا ارادہ ہے۔ کہ اِسے وجود دیا جائے لازم ہے کہ وہ قصداً توجہ کے ساتھ قدرت کے ساتھ عقلاً اور شرعاً ایجاد کی طرف ہوگا۔

وجودِ کائنات فردیت سے ہے احدیت سے نہیں

خلقت کا وجود میں آنا فردیت سے ہے نہ کہ احدیت سے کیونکہ اُس کی احدیت دوسرے کو قبول نہیں کرتی اِس لئے کہ احدیت عدد نہیں پس علمِ الٰہی میں ظہورِ عالم تین حقائق معقولہ سے ہے اور وہ ایک دوسرے تو الد میں سرایت کئے ہوئے ہے۔ اِس لئے کہ اُس کی اصل کی یہی صورت ہے۔ اِس باب میں اِس قدر کافی ہے۔ یقیناً اِس انتباہ سے مقصود حاصل ہو گیا ہے کیونکہ یہ فن اہلِ اللہ کی طریق کی مثل میں ہے اِس سے زیادہ کا متحمل نہیں، اِس لئے کہ یہ کتاب علومِ فکر سے نہیں۔

سوائے اِس کے نہیں کہ یہ علوم تلقی و تدلّی سے ہیں اس میں اس کے علاوہ دوسرے میزان کی طرف حاجت نہیں۔ اگرچہ اُس کا اس کے ساتھ ارتباط ہو کیونکہ اُس سے ایک حملہ نہیں نکلتا مگر اس کے مفردات کے علم سے مقدمات کی درستگی کے بعد جو اُس کی صفت ہے وہ منع نہیں کرتی، اور مقدمات اُس برہان کے ساتھ ہیں جو اس باب میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد کے ساتھ دُور نہیں ہوتی۔

لَوْ كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ اگر دونوں (زمین و آسمان) کے درمیان

www.maktabah.org

تفسیر ثنائی · الانبیاء آیت ۲۲ · اللہ کے علاوہ معبود ہوتا تو برباد ہو جاتے

تو یہ وہ امر ہے جس کے ساتھ ہمیں اس باب میں اس آیت اور اس کی مثل آیات کے پیشِ نظر اس فن کو بیان کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی ، اس فن کے ساتھ علوم میں باب کشف سے اہلِ اللہ مشغول نہیں ہوئے تاکہ تضیعِ اوقات نہ ہو اور انسان کی عمر عزیز ہے ۔ انسان کا حق ہے کہ اسے سوائے اپنے ربّ کی مجالس اور اس کے ساتھ اس کی مشروع گفتگو کرنے کے اسے بسر نہ کرے

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

الحمد للہ پندرھویں جز اور اکیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا ۔

صائم چشتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بائیسواں باب

منزلِ منازل کے علم اور تمام علومِ کونیہ کی ترتیب کی معرفت

عجبا لاقوال النفوس السامیہ ان المنازل فی المنازل ساریہ
کیف العروج من الحضیض الی العلی الا انقہر الحضرۃ المتعالیہ
فصناعۃ التحلیل فی معراجھا نحو اللطائف والامور السامیہ
وصناعۃ الترکیب عند رجوعھا بسنا الوجود الی ظلام الھاویہ

نفوس سامیہ کے اقوال عجیب ہیں، کہ منزلوں میں منزلیں جاری وساری ہیں۔

پستی سے بلندی کی طرف کیسے عروج ہے مگر حضرت متعالیہ کے غلبہ کے ساتھ۔

پس اُس کی معراج میں لطائف اور امور سامیہ کی طرف صنعتِ تحلیل ہے اُس کے رجوع کے وقت صنعتِ ترکیب وجود کی روشنی کے ساتھ جہنم کے اندھیروں کی طرف ہے۔

علومِ الٰہیہ کے علاوہ علومِ ترکیبی ہیں

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی تائید فرمائے جاننا چاہیئے کہ جب کہ علم اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف منسوب ہوگا تو کثرت وترتیب کو قبول نہیں کرتا کیونکہ اِس کا اکتساب واستفادہ نہیں ہوتا، بلکہ اُس کا علم عین اُس کی ذات ہے۔ جیسا کہ اُس کی طرف منسوب ہونے والے اسماء وصفات ہیں اور ماسوٰی اللہ کے

www.maktabah.org

علوم لازماً مرتبہ محصورہ میں ہونگے خواہ وہ علوم وہبی ہوں یا کسبی برابر ہیں اس لئے کہ وہ ہماری بیان کردہ ترتیب سے خالی نہیں ہوتی اور وہ پہلے علم مفرد ہے پھر علم ترکیب پھر علم مرکب اور اس کے لئے چوتھا علم نہیں۔

اگر ترکیب کو قبول نہ کرنے والے مفردات سے ہے تو اُس کا علم مفرد ہے اور ایسے ہی باقی ہیں کیونکہ ہر معلوم لازماً مفرد ہوگا یا مرکب اور مرکب لازماً علم ترکیب تقدم کی استدعا کرتا ہے اور اُس وقت علم مرکب ہوتا ہے۔ تمام علوم کی یہ ترتیب آپ جان چکے ہیں چنانچہ ہم آپ کے لئے اس منزل میں منزلوں کا محصور ہونا بیان کرتے ہیں۔ اور وہ کثیر و لاتحصیٰ ہیں۔

مراتب اُمّہات کی تعداد

ان میں سے ہم اُسی قدر بیان کریں گے جن کا تعلّق ہماری شریعت کے ساتھ ممتاز و مختص ہے نہ کہ اُن کے ساتھ جن میں ہمارے اور دوسرے تمام مذاہب اور ملتوں کے علوم کے درمیان اشتراک واقع ہوتا ہے۔

جملہ مراتب اُمّہات انیس[۱۹] ہیں ان میں سے وہ ہیں جو منازل کی طرف متفرع اور بعض کی فروع ہیں۔

اَب ہم ان مراتب کے اسماء کا ذکر کرتے ہیں اور کیونکہ ہم حضرتِ الٰہیہ میں اس کے ساتھ ایسی ہی پہچان چاہتے ہیں اور ادب اُولیٰ ہے، بعد ازاں ہم ان منزلوں کے القاب اور اُن کے محقق ارباب و اقطاب کے احوال وصفات کو بیان کریں گے اور ان احوال سے ہر ایک کے حال کے وصف کا ذکر کریں گے پھر ان کے بعد انشاء اللہ ان انیس[۱۹] میں سے ہر صنف کا بیان ہوگا اور ان میں سے اُس کا ذکر بھی آئے گا جس پر منازل سے نہیں بلکہ بعض

www.maktabah.org

امّہاتِ منازل پر مشتمل ہیں کیونکہ علامات و دلالات کی منزلوں سے انوارِ جلی سے ایک سو سے زیادہ منزل کو بلکہ ہزاروں منزلوں کو شامل ہے اور اسرارِ خفیہ اور خواص جلیہ پر حاوی انتہائی منزلیں بہت تھوڑی ہیں پھر ہم اُس ذکر کی تلاوت کریں گے جو قدیم و جدید موجودات سے ان منازل کے لیے مشابہت رکھتا ہے اور پھر انشاء اللہ تعالیٰ اُن بعض معانی کا ذکر کریں گے، جن کا تعلق تقریب و اختصار پر اِس منازل سے ہے۔

منزلوں کے القاب اور اُن کے اقطاب کی صفات

۱۔ اِن میں سے ثناء مدح کی منزلیں ہیں اور وہ اربابِ کشف و فتح کے لئے ہیں۔

۲۔ ان میں سے رموز و اشارات کی منزلیں ہیں جو اہلِ حقیقت و مجاز کے لئے ہیں۔

۳۔ ان میں سے منازلِ دعا اہلِ اشارات و بُعد کے لئے ہیں۔

۴۔ منازلِ افعال اہلِ احوال و اتصال کے لئے ہیں۔

۵۔ منازل ابتداء اہلِ ہواجس و ابتداء کے لئے ہیں۔

۶۔ منازل تنزیہ مناظرات و استنباط میں اہلِ توجیہہ کے لئے ہیں۔

۷۔ منازلِ ترکیب غرباءٔ عاشقانِ الٰہی کے لئے ہیں۔

۸۔ منازل توقع اہلِ براقع کے سبحات کی بناء پر ہیں۔

۹۔ منازلِ برکات اہلِ حرکات کے لیے ہیں۔

۱۰۔ منازلِ اقسام روحانیین سے اہلِ تدبیر کیلئے ہیں۔

۱۱۔ منازلِ دھر اہلِ ذوق کے لئے ہیں۔

www.maktabah.org

۱۲۔ منازلِ اینت البصار سے مشاہدہ کرنے والوں کے لئے ہیں۔

۱۳۔ منازلِ لام الف اخلاق الٰہیہ سے متخلق ہونے والوں کے التفات کے لئے ہیں اور اہلِ سِتر کے لئے ہیں، جس کا انکساف نہیں ہوتا۔

۱۴۔ منازلِ تقریر علمِ کیمیا اور طبعیات اور روحانیت والوں کے لئے ہیں۔

۱۵۔ منازلِ فناء اکوان ضنائن المخدرات کے لئے ہیں۔

۱۶۔ منازل اُلفت اہلِ ایمان اور اہلِ غرفہ کے لئے ہیں۔

۱۷۔ منازل وعید عرشِ مجید کے ساتھ قائم متمکنین کے لئے ہیں۔

۱۸۔ منازلِ استخبار اہلِ اسرارِ دقیقہ کے لئے ہیں۔

۱۹۔ منازلِ اَمر اُن میں اُس کے راز کے حقائق کی تحقیق کرنے والوں کے لئے ہیں۔

اہلِ استنباط وُہ ہیں جو غلط بھی کرتے ہیں اور درست بھی اور وُہ معصوم نہیں۔

غُربا کے لئے انکسار اور لوافیح ہے۔

اہلِ براقع کے لئے خوف اور ڈر ہے۔

اہلِ حرکت کے لئے اسباب کا مُشاہدہ کرنا ہے۔

مدبرین کے لئے فکر اور ممکنین کے لئے حدُود ہیں۔

اہلِ مشاہدہ کے لئے انکار اور اہلِ پردہ کے لئے سلامتی ہے۔

اہلِ علم کے لئے معلوم پر تحکم ہے۔

اہلِ ستر پردہ اُٹھنے کا انتظار کرتے ہیں۔

اہلِ امن خُفیہ تدبیر کے مقام خوف میں رہتے ہیں۔

اہلِ قیام کے لئے بیٹھنا ہے۔

www.maktabah.org

اہلِ الہام کے لئے تحکّم و زبردستی کا حکم۔
اہلِ تحقیق کے لئے تین کپڑے ہیں، ایمان کا کپڑا، کفر کا کپڑا، منافقت کا کپڑا۔

اُن کے احوال کا ذکر

جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے نازل کے لئے منازل بنائے۔
مُعاقل کو روندنے کے لئے عاقل اور منزلیں طے کرنے کے لئے راحل ہیں۔
عالِم کے لئے اعلیٰ معالم اور قاسم کے لئے فضلِ مقاسم ہے۔
ٹوٹنے والوں کے لئے توڑنے والے اور عواصم کے لئے عواصم ہیں۔
بیٹھنے والوں کے لئے قواعد بلند کئے گئے، اور راصد کے لئے مراصد ترتیب دیئے گئے۔
سواروں کے لئے سواریاں مسخر کی گئیں اور جانے والوں کے لئے مذاہب کو قریب کیا گیا۔
تعریف کرنے والوں کے لئے محامد اور قصد کرنے والوں کے لئے آسان مقاصد ہیں۔
عارف کے لئے مَعارف پیدا کئے گئے اور ٹھہرنے والوں کے لئے مواقف ثبت کئے گئے ہیں۔
سالک کے لئے راستے مشکل کئے گئے، اور ناسک کے لئے عین مناسک ہیں۔
شاہد کو مشاہد کے لئے گونگا کیا گیا اور سونے والے کے فراقد کو نگہبان

www.maktabah.org

بنایا گیا۔

اُن کی صفات کے احوال

اللہ تبارکؐ وتعالیٰ نے نازل کو مقدر اور عاقل کو مفکر مقرر فرمایا رحلت کرنے والے کو تیار اور عالم کو مشاہد بنایا۔

قاسم کو تکلیف اُٹھانے والا اور قاصم کو مجاہد بنایا۔

عاصم کو معاون اور قاعد کو عارف بنایا۔

راصد کو واقف اور سوار کو محمول بنایا۔

جانے والے کو معلول اور حمد کرنے والے کو مسئول بنایا۔

قاصد کو مقبول عارف کو منجوت اور واقف کو مبہوت ٹھہرایا۔

سالک کو مردود، ناسک کو معبود، شاہد کو محکم اور راقد کو مسلم مقرر فرمایا۔

اُمّہاتِ منازل کا بیان

ہم نے اُن کی اِن اُنیس صِفات، کا ذِکر اُن کے احوال کی صنف میں کیا ہے۔

اَب ہم اُمّہات منازل کا تذکرہ کرتے ہیں۔ جو ہر صنف کو متضمن ہے

ان اُمّہات سے منازل سے ہر منزل چار اصناف پر مشتمل ہے۔

پہلی صنف کا نام منازلِ دلالات ہے۔

دُوسری صنف کا نام منازلِ حدود ہے۔

تیسری صنف کا نام منازلِ خواص ہے۔

چوتھی صنف کا نام منازلِ اسرار ہے۔ ان کی کثرت بے شمار ہے اِن

www.maktabah.org

میں سے ہم اُنیس[۱۹] منازل پر اختصار کرتے ہیں۔ اور اُن اعداد کا ذکر کرتے ہیں جو اِن پر اجہات سے محیط و منطوی ہیں اور یہ پہلی منزل مدح ہے ۔ اُس کے لئے منزلِ فتح فتحِ سرین اور منزلِ مفتاح الاوّل ہے ۔ ہمارے لئے اس میں جزء ہے جس کا نام ہم نے مفاتیح الغیوب ، منزلِ عجائب ، منزلِ تسخیر الارواحِ برزیہ اور منزلِ ارواح علویہ ، رکھا ہے اور اُس کے ہم نے بعض معانی کو منظوم کیا ہے۔

منازل مالها تناهی — منازل المدح والتباهی
مدائح القوم فی الذری هی — لا تطلبن فی السمو مدحا
یشرب من أعذب المیاه — من ظمئت نفسه جهادا

مدح و مباہات کی منازل لا متناہی ہیں۔
بلندی میں مدح نہ طلب کریں قوم کی مدحتیں اسی ہی میں ہوتی ہیں۔
جس کا نفس جہاد میں پیاسا ہے وہ لذیذ و شیریں پانی پئے گا۔

غلام اس تعریف کا مستحق نہیں

ہم کہتے ہیں کہ غلام اِس مدح کا مستحق نہیں کہ وہ آقا کے اوصاف سے متصف ہو جائے کیونکہ ایسا کرنا سوئے ادب ہے البتہ آقا چاہے تو غلام کی صفات اپنا سکتا ہے ۔ کیونکہ اُس پر حکم نہیں لہٰذا اپنے غلام کی طرف اُس کا نزول غلام پر احسان کرنا ہے تاکہ اُسے سرور و انبساط حاصل ہو اس لئے کہ غلام کے دل میں آقا بہت بڑا اجلال ہے جو اس پر دلالت کرتا ہے ۔ خواہ اُس کی طرف اُس کا نزول نہ ہوتا اور غلام کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اپنے آقا کے اوصاف کو اپنائے نہ اُس کی حضوری میں اور نہ اپنے غلام بھائیوں کے نزدیک خواہ آقا نے اُسے اُن پر حاکم بنایا ہو ۔ جیسا کہ حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

www.maktabah.org

نے فرمایا!

أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ۔ میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور اس پر فخر نہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ یہ آخرت کا گھر ہے ہم ان کے لئے کرتے ہیں جو زمین میں تکبّر نہیں چاہتے۔

القصص آیت ۸۳

کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے زمین کو مطیع کیا ہوا ہے۔ اور غلام عاجز و درماندہ ہوتا ہے۔ اور عجز بلندی کا اقتضاء نہیں کرتا پس جس نے اپنی قدر سے تجاوز کیا وہ ہلاک ہو گیا اور کہتے ہیں کہ جو اپنی قدر کو پہچان لیتا ہے وہ ہلاک نہیں ہوتا۔ اور یہ قول کہ "حالا تناہی"، یعنی اُس کے لئے انتہا نہیں تو اس میں کہتے ہیں کہ عبد میں اُس کی عبودیت کی انتہاء نہیں کہ جس انتہاء کی طرف پہنچ کر وہ رب ہونے کی طرف آپ جائے۔ ایسے ہی رب کے لئے انتہا نہیں، جس کی طرف منتہی ہو کر پھر وہ عبد بن جائے۔

پس نہایت غیر کی طرف رب، رب ہے اور غیر نہایت کی طرف عبد عبد ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ اللہ ہی رہتا ہے اور عبد عبد۔

اس لئے فرمایا! کہ لوگوں کی اچھائیاں اور تعریفیں تیری میں ہیں۔ اور یہ جگہ ساری زمین سے پست ہے۔ اور فرمایا پانی کی لذت کو پیاسا جانتا ہے اور اتصافِ عبودیت کی لذت وہی جانتا ہے، جو اتصاف ربوبیت کے وقت آلام کا ذائقہ چکھے۔

www.maktabah.org

خدا ہی رزق دے سکتا ہے

اور اُس کی طرف مخلوق کی احتیاج حضرت سلیمان علیہ السلام کی مثل ہے جب انہوں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور میں عرض کرتے ہوئے طلب کیا کہ اپنے بندوں کی روزی اُن کے ہاتھ دے دے۔

چنانچہ اُس وقت کھانے کی جو چیزیں تھیں وہ تمام ان کے پاس حاضر کر دی گئیں۔ تو سمندر کے جانوروں سے ایک جانور نکلا اور اُس نے اپنا کھانا طلب کیا، حضرت سلیمان علیہ السلام نے اُسے کہا کہ جس قدر کھانا تم ایک روز کھاتے ہو اس سے کھالو۔

اُس نے کھانا شروع کیا تو سارا کھانا ختم ہوگیا یہاں تک آخری لقمہ لیتے وقت اُس نے کہا میرا کھانا اور زیادہ کریں اس لئے کہ مجھے اللہ تعالیٰ اتنا کھانا ہر روز دس مرتبہ عطا فرماتا ہے۔ جب کہ میرے علاوہ مجھ سے بڑے جانور موجود ہیں جو مجھ سے زیادہ رزق پاتے ہیں۔ پس حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے رب کے حضور میں توبہ کی اور جان لیا کہ جو خالق تعالیٰ کی شان کے لائق ہے وہ مخلوق کی وسعت میں نہیں۔ کیونکہ انہوں نے اللہ تبارک سے ایسا ملک طلب کیا تھا جو اُن کے بعد کسی کو نہیں ملا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ تمام جہات سے جانور جمع ہو کر اُن سے اپنا اپنا رزق طلب کر رہے ہیں تو انہوں نے اس سے اپنے دل میں تنگی محسوس کرتے ہوئے اپنے سوال سے رجوع کر لیا۔

چنانچہ اس توبہ سے انہوں نے بے حد لذت حاصل کی جب کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کا سوال قبول کر لیا تھا۔

www.maktabah.org

منزلوں کا حال

اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے جان لیں کہ اگر ان میں سے کوئی منزل ہو تو وہ منازل پر حاوی ہوتی ہے ان میں سے وحدانیت، منزلِ عقلِ اوّل اور عرشِ اعظم اور صدا و عماء سے عرش کی طرف آنا۔ علمِ تمثل منزلِ قلوب وحجاب منزلِ استواء فہوانی، الوہیتِ سارہ یہ اور اسمداد کہاں و دہر ہیں۔ اور وہ منازل ہیں جن کے لئے ثبات نہیں اور ان میں سے کسی کے لئے ثبات نہیں اور ان میں سے منزلِ برازخ الٰہیہ اور زیادت وغیرت، منزلِ فقدو وجدان، منزل رفع شکوک اور وجودِ مخزون، منزلِ قہر وخسف اور منزلِ ارض الواسع۔

کشادہ زمین کی دلچسپ اور انوکھی منزل

میں جب اس وسیع زمین کی منزل میں داخل ہوا تو میں تیونس میں تھا مجھ سے وہاں ایسی چیخ نکلی جس کا مجھے علم نہیں کہ وہ مجھ سے واقع ہوئی سوائے اس کے جس نے مجھ سے یہ آواز سنی۔ ان میں سے ایسا کوئی شخص باقی نہ رہا جو غش کھا کر نہ گرا ہو۔ جو ہمسایہ عورتیں سطح پر تھیں وہ زمین پر گر گئیں اور ان میں سے بعض چھتوں کی بلندی سے گھر کے صحن میں گریں اور انہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچی۔

سب سے پہلے مجھے ہوش آیا اور ہم امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے میں نے وہاں سب کو بے ہوش پایا پھر اس سے کچھ عرصہ بعد وہ ہوش میں آگئے۔ تو میں نے کہا تمہیں کیا ہوا تھا؟

انہوں نے کہا آپ کا کیسا حال ہے؟ بے شک آپ نے ایسی چیخ

www.maktabah.org

ماری تھی جس کے اثرات اِس جماعت پر واقع ہوئے جو آپ دیکھ رہے ہیں۔
میں نے کہا! خدا کی قسم مجھے کچھ خبر نہیں کہ میں نے چیخ ماری تھی۔
علاوہ ازیں منزلِ آیاتِ غربیہ اور حکمِ الٰہیہ ہے اور منزلِ استعداد زینت ہے اور وُہ امر جس سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے افلاک سماویہ کو روکا ہوا ہے۔ اور منزل ذِکر و سلب وغیرہ ہیں اِن منازل میں میں نے کہا!

منازل الکون فی الوجود منازل کلها رموز
منازل للعقول فیها دلائل کلها تجوز
لما أتی الطالبون قصدا لنیل شیء وذاك جوروا
فیاعبید الکیان حوزوا هذا الذی ساقکم وجوزوا

تمام منازلِ کون جو وجُود میں ہیں وہ تمام منازلِ رموز ہیں۔
عقلوں کی منازل کے لئے ان میں تمام مجوّزہ دلائل ہیں۔
جب طالبین کسی چیز کے حصُول کے لئے قصد کر کے آتے ہیں تو وُہ اس کا بدلہ ہوتی ہے۔
اے بندگانِ کیان یہ چیز لے لو ___ اور گذر جاؤ یہ وہی ہے جو تمہیں چلا کر لائی ہے۔

رمز و لغز کے معنے

رمز اور لغز وہ کلام جو وہ معنے ظاہر نہ کرے جو اُس کے قائل کا مقصد ہے ایسے ہی وجُود میں منزلِ عالم ہے۔ جیسے اللہ تبارک و تعالےٰ اُس کی عین کے لئے وجُود میں نہیں لایا بلکہ اللہ تعالےٰ نے اُسے اپنی ذات کے لئے پیدا کیا ہے۔

www.maktabah.org

پس عالم اُس غیر کے ساتھ مشغول ہوا جو اُس کے لئے پیدا کیا گیا ہے
تو یہ اُس کے مُوجد کے مقصد کے خلاف ہے۔
اِس لئے عارفین کی ایک جماعت جِس کا حال دُوسروں سے اچھا ہے
نے کہا! اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں ہمارے لئے پیدا فرمایا ہے۔ جب کہ
محقق اور عبد یہ بات نہیں کہتا بلکہ وہ یہ بات کہتا ہے۔ ہمیں اُس نے اپنے لئے
پیدا فرمایا ہے اور اُس کی طرف اِس کی محتاجی نہیں یعنی انسان کو اپنے لئے پیدا
فرمانے کے باوجُود اِس کا محتاج نہیں۔
پس جو میرے رب کے لغز اُس کی رمز اور اشعارِ غاز کو جانتا ہے وہ ہمارے
ارادے کو جانتا ہے۔

جو ارادہ ہوگا وہی ملے گا

یہ شعر کہ جب طالبین کسی چیز کے حصُول کے لئے قصد کر کے آتے ہیں
تو وہ اُس کا بدلہ ہوتی ہے تو یہ مجازات سے ہے۔ کہتے ہیں کہ جس امر کے لئے
اللہ تعالیٰ کے لئے طلب کیا جائے وہ اُس کے طلب کے مطابق ملتا ہے اور
اُسے اِس کے علاوہ نہیں پہنچتا۔
یہ شعر کہ " اے بندگانِ کائنات یہ چیز لے کر گذر جاؤ یہ وہی ہے جو
تمہیں لے کر آئی "، تو اِس کا معنیٰ یہ ہے کہ بندہ جس چیز کے لئے اللہ تعالیٰ کی
عبادت کرتا ہے وُہ چیز اُس کا معبُود اور رب بن جاتی ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ
اُس سے بریت فرمالیتا ہے اور وُہ اُس کے لئے ہے جس کا وُہ بندہ ہے۔
اور یہ کہنا کہ خُوذُ وا یعنی وہ چیز لو جس کے لئے آئے ہو یعنی جس کے باعث
آئے ہو وجُوزُوا یعنی ہم سے چلے جاؤ کیونکہ تم ہماری طرف اور ہماری وجہ

www.maktabah.org

سے نہیں آئے۔

منزلِ دُعا

یہ منزل اُن منزلوں پر حاوی ہے جن میں سے منزلِ النسان بالشبتیہ، منزلِ تقدی، منزلِ مکر و طائف و حجب، منزلِ مقادیر وابتلا، منزلِ جمع و تفرقہ ومنع، اور منزلِ نواشتی و تقدیس ہے اِس منزل میں مَیں نے کہا ہے۔

لنا به الرحمن فيك منازل	فاجب نداء الحق طوعا يافل
رفعت اليك للرسلات أكفها	ترجو النوال فلا يخيب السائل
أنت الذى قال الدليل بفضله	ولنا عليه شواهد ودلائل
لولا اختصاصك بالحقيقة مازهت	بنزولك الاعلى لدىٰ منازل

اِس میں رحمٰن نے تیرے لئے منزلیں رکھی ہیں اے کاہل! ندائے حق کا خوشی سے جواب دے۔

مُرسلات نے تیری طرف ہتھیلیاں اُٹھا رکھی ہیں۔ یہ بخشش و نوال کی امید رکھتی ہیں۔ سائل کو خالی ہاتھ نہیں لوٹایا جاتا۔

تُو وہ ہے جس کے ساتھ اُس کے فضل کی دلیل ہے۔ اور ہمارے لئے اِس پر شواہد و دلائل ہیں۔

اگر فی الحقیقت تیرا اختصاص نہ ہوتا تو نزولِ اعلیٰ کے ساتھ تیرے سامنے منازل نہ ہوتیں۔

مَیں کہتا ہوں کہ اپنے بندے کو حق تعالیٰ کی ندا مرسلات کی زبان ہے جو اُس کے اسماء سے اِسم طلب کرتی ہے اور یہ بندہ اُس وقت ان اِسماء کے زیرِ تسلط ہوتا ہے۔ اور مرسلات لطائفِ خلق ہیں وہ اُس کی طرف ہتھیلیاں

www.maktabah.org

اُٹھاتی ہیں۔ جس کے دونوں ہاتھوں میں اسماء ہیں تاکہ وہ طالبِ اسماء پر جُود و بخشش کرے اور ہمیشہ اُس سے سوال کیا جاتا ہے جو اسماء کی حفاظت کا احتیاط رکھتا ہو۔

جیساکہ علیم اسے خبیر و حسیب اور محصی و مُفضل پر تقدم حاصل ہے۔ لہٰذا فرمایا! کہ تُو وہی ہے جو کہتا ہے کہ دلیل اُس کے فضل کے ساتھ ہے۔ اور در حقیقت جو اُس کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور اسماءِ الٰہیہ سے اسماء نے اپنے تحت مرتبہ میں اُس کا احاطہ کر رکھا ہے۔ کیونکہ قادر! مرید کے مرتبہ سے نیچے ہے اور عالم اپنے مرتبہ میں مرید سے اُونچا ہے۔ اور محصی کا مرتبہ ہر ایک کے اُوپر ہے۔

پس جو منازل اسمِ جامع کے احاطہ کے تحت ہیں وہ اپنی طرف اس کے نزول کے ساتھ فخر کرتی ہیں کہ یہ اُن کے سوال کا جواب ہیں۔

منزلِ افعال

منزلِ افعال مُتعدد منازل پر مُشتمل ہے جن میں سے منزلِ فضل والہام، منزلِ اسراءِ روحانی منزلِ تلطف اور منزلِ ہلاک ہے۔

ان منازل میں میں نے کہا!

لمنازل الافعال برق لامع — ورياحها ترحى السحاب زعازع
وسهامها فى العالمين نوافذ — وسيوفها فى الكائنات لوامع
ألقت الى العز المحقق أمرها — فالعين تبصر والتناول شاسع

منازلِ افعال کے لئے برقِ لامع ہے۔ ان کی ہوائیں لرزنے والے، بادلوں کو چلاتی ہیں۔

ان کے تیر تمام جہانوں میں نافذ ہیں اور ان کی تلواریں کائنات میں کام کے

www.maktabah.org

والی ہیں۔

اس کے امر کو عزِ محقق کی طرف ڈال دیا پس آنکھ دیکھتی ہے اور اُس تک پہنچنے میں دُور کا فاصلہ ہے۔

افعال دو قسم کے ہیں

بندوں کے افعال پر لوگوں کی دو قسمیں ہیں، ایک طائفہ افعال کو بندوں کی طرف سے دیکھتا ہے۔ اور ایک طائفہ افعال کو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے دیکھتا ہے۔ ہر طائفہ ظاہر ہے باوجود اس کے کہ اُس کا اعتقاد ہے کہ یہ چمکنے والی بجلی کے مشابہ ہے جس میں اُسے ایک گھڑی اس امر کے لئے عطا کی جاتی ہے جس سے وہ اس فعل کو منسوب کرنے کی نفی کرتا ہے۔ اور ہر طائفہ کے لئے اُس کے اور نسبتِ فعل کے درمیان ایک بادل حائل ہے جو اُس کے لئے اس سے غضب ناک ہے۔

یہ شعر کہ اُس کی ہوائیں سخت ہیں اس کا معنیٰ یہ ہے کہ یہ وہ اسباب و دلائل ہیں جس کے لئے نظر کے ساتھ مضبوط نسبت ہے۔ اور اُن لوگوں کے نفوس میں اُن کے تیروں کی صفت چل رہے ہیں جو یہ اعتقاد رکھتے ہیں اور ایسے ہی اُن میں کاٹنے والی تلواریں ہیں۔

اور کہا اکہ اَلْقَتَ اِلَی الْعِزِ الْمُحَقِقِ تو اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اس کی ایسی مضبوط حمایت کی گئی ہے جو مخالفت کو مؤثر ہونے سے روکتی ہے۔ پس وہ ہر ایک اُس پر باقی رہتا ہے۔ جس پر اُس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارادہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۔ ایسے ہی ہم نے ہر اُمت کو اُن کے

www.maktabah.org

الانعام آیت ۱۰۸ عمل اچھے دکھائے ہیں۔

اور یہ قول فَالعَینُ تُبصِر ؟ تو اس میں یہ کہا ہے کہ جس بندے کے فعل کا مشاہدہ کرتی ہے اور انسان اسے اپنے نفس سے پاتا ہے جس کے ساتھ اُس کے لئے اُس میں اختیار رہے۔

اور یہ قول کہ ! التناول شاسع تو اُس کا معنٰی یہ ہے کہ جو اُسے حس عطا کرتی ہے اُس کی نسبت دوسرے کی طرف کرنا اور نفس میں فاصلے کی دوری ہے مگر ضروری ہے کہ "برقِ لامع" یعنی چمکتی ہوئی بجلی اس فعل میں اُسے اُس کے لئے نسبت عطا کرے جس سے اُس کی نفی کی ہو اور اُس کے انکار پر قدرت نہ رکھتا ہو۔

منزلِ ابتداء

یہ منزل کئی منزلوں پر مشتمل ہے جن میں سے منزلِ علقہ دسجات، منزلِ تنزلات، علم بالتوحید الٰہی، منزلِ رحموت، منزلِ حق و فزع ہیں۔ اور اس منزل میں مَیں نے کہا!

للابتداء شواهد ودلائل	وله اذا خط الركاب منازل
بحوى على عين الحوادث حكمه	ويمده الله الكريم الفاعل
مابينه نسب وبين الاهه	الا التعلق والوجود الحاصل
لا تسمعن مقالة من جاهل	مبنى الوجود حقائق وأباطل
مبنى الوجود حقائق مشهودة	وسوى الوجود هو المحال الباطل

ابتداء کے لئے سواہد و دلائل ہیں۔ اور اُس کے منازل پر سواروں کا اُترنا ہے۔

www.maktabah.org

حادثوں کے چشمہ پر اُس کا حکم حاوی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کریم و فاعل مددگار رہے۔

اُس کے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے درمیان نسبتیں نہیں ہیں مگر تعلق اور وجود حاصل۔

اُس جاہل کی گفتگو نہ سن جو کہے کہ وجود و حقائق و باطل پر مبنی ہے۔

وجودِ حقائقِ مشہودہ پر مبنی ہے اور جو وجود کے علاوہ ہے وہ محال اور باطل ہے۔

میں نے کہا کہ ابتدائے اکوان عوالم کے لئے اس میں شواہد ہیں وہ اپنے نفوس کے لئے نہیں تھے پھر ہو گئے کہ، کی ضمیر ابتدا پر لوٹتی ہے جب سوار اتریں یعنی کہاں سے آیا تو اُس کا پیچھا کر دو تو وہ اسی کے پاس ہو گا جس نے انہیں وجود دیا۔ اس لئے اُس کے لئے بقا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے!

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ النحل آیت ۹۶ — جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔

جب آپ اُس کے پاس اُتریں گے تو اُس سے اُس کی اُس منزل کو جان لیں گے جس میں وُہ تھا کیونکہ وہ اپنی ذات کے لئے نہ تھا پس یہ اوّل منزل الٰہی ہے۔ اُس کا ارشاد ہے! هُوَ الْاَوَّلُ اور اس اوّلیت سے صُدورِ ابتداء ہے۔ اور اس سے تمام حوادث کو مدد حاصل ہوتی ہے۔ اور وہ اس میں حاکم ہے۔ اور یہ اُس کے حکم پر جاری ہے اور اُس سے نسبتوں کی نفی کرتی ہے۔ کیونکہ حق تعالیٰ کی اوّلیت بندے کی اوّلیت کی

www.maktabah.org

مدد گار ہے - اور کائنات کی اوّلیت کی کوئی چیز مدد گار نہیں - پس وہاں سوائے عنایت الٰہیہ کے نسبتیں نہیں - اور نہ اُس کے حکم کے سوا سبب ہے - اور نہ اس ازل کے بغیر کوئی وقت ہے - کہ اس گروہ کا مذہب ہے -

اور جو باقی ہے وہ ان تین کے حصر کے تحت داخل نہیں پس وہ اندھا پن اور تلبیس ہے - اس کی صراحت صاحبِ محاسنِ مجالس نے اسی طرح کی ہے -

اور یہ قول کہ وجود حقائق و اباطیل پر مبنی ہے - تو یہ نادرست ہے - کیونکہ باطل عدم ہے اور یہ درست ہے -

اس لئے کہ وجود مستفاد عدم کے حکم میں ہے - اور وجود حق کا وجود اپنی ذات کے لئے ہے - پس جو عدم وجود میں آیا تو وہ وجود میں نہیں آیا مگر اُس وجود سے جو اپنی ذات کے لئے نہیں اپنے غیر کے لئے موصوف تھا - اور استفادہ کرنے والا وجود اُس کی عین کے لئے تھا تو وہ محال باطل ہے جس کا وجود نہ اپنی ذات کے لئے ہے اور نہ اپنے غیر سے -

منزلِ تنزیہہ -

یہ منزل کئی منازل پر مشتمل ہے جن میں سے چند یہ ہیں - منزلِ شکر، منزل الیاس، منزلِ نشر، منزلِ تفرد جمع اور منزلِ ربح و خسران و استحالات اور ہم نے اس میں اشعار کہے ہیں -

لمنازل التنزیہ والتقدیس	سر مقول حکمہ معقول
علم یعود علی المنزہ حکمہ	فردوس قدس ردنہ مطلول
فنزہ الحق المبین مجوز	ماقالہ لمرامہ تضلیل

www.maktabah.org

تنزیل و تقدیس کی منازل کے لئے گفتگو کا راز اور اُس کا حکم معقول ہے۔
یہ وہ علم ہے جس کا حکم منزّہ پر لوٹ آتا ہے۔ جو فردوسِ قدس اور روضۂ مطلول ہے۔

پس حق المُبین منزّہ و مجوز ہے۔ جو اُس نے کہا لا اُس کا مرام گمراہی ہے۔
کہا! حقیقت پر منزّہ وہ ہے جس کی ذات کے لئے تنزیہہ ہے اور جو اُس کی تنزیہہ بیان کرتا ہے جائز ہے کہ اُس پر اُس سے تنزیہہ ہو اور وہ مخلوق ہے۔ اس لئے تنزیہہ منزّہ پر لوٹتی ہے۔ حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا!

اِنَّمَا هِيَ اَعْمَالُكُمْ تُرَدُّ عَلَيْكُمْ ط یہ تمہارے اعمال تم پر لوٹ کر جائیں گے۔ الحدیث

پس جس کا عمل تنزیہہ ہو گا اُس پر تنزیہہ لوٹ آئے گی اور اُس کا مقام اِس سے منزّہ ہو گا جس سے وہ اپنے اِس اعتقاد کے ساتھ قائم ہے۔ جو حق تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں اور یہاں جس نے سُبحانی یعنی میں پاک ہُوں کہا! اللہ تبارک و تعالیٰ کے جلال کی تعظیم کے لئے کہا! اِس لئے روضۂ مطلول یعنی طلائی باغ کہا کہ وہ اِس بندہ کے محل کی طرف نزولِ تنزیہہ ہے۔ جو اپنے خالق کی تنزیہہ بیان کرتا ہے۔

وَاللّٰہ یقولُ الحقّ وَیہدی السبیل

منزلِ تقریب

یہ منزل دو منزلوں پر مشتمل ہے ان میں سے ایک منزل خرقِ عادت اور دوسری منزل احدیّتِ کُن ہے اور میں نے اِس میں شعر کہے ہیں۔

www.maktabah.org

لمنازل التقریب شرط یعلم — ولھا علی ذات الکیان تحکم
فاذا أتی شرط القیامۃ واستوی — جبارھا خضع الوجود ویحدم
ھیھات لا تجنی النفوس ثمارھا — الا التی فعلت وأنت مجسم

منازلِ تقریب کی شرط معلوم ہونا چاہیئے اور اِن کے لئے ذاتِ اکوان پر تحکم و زبردستی ہے۔
جب قیامت آئے گی اور شرط قائم ہو گی وجودِ جبار کے حضور میں پست اور رام ہوں گے
افسوس نفوس وہی پھل چنیں گے جو اُنھوں نے کیا ہو گا۔ اور تو مجسم ہو گا۔
کہا کہ التقریب صفاتِ محدثات سے ہے کیونکہ محدثات تقریب اور اس کی ضد کو قبول کرتے ہیں ۔ اور حق تعالیٰ جل مجدہٗ الکریم قریب ہے ۔اگرچہ اس کی ذات اُس سے موصوف ہے کہ وہ اِس کے ساتھ قریب ہے ۔ اور اس سے متصورِ تقریب و تقرب ہے۔
اور جب کہا الشرط کا علم ہو تو وہ قبول تاثیر ہے ۔کہا اگر یہ عمر ما سوائے آخرت کے معروف و منکشف نہیں ہوتا۔
اور کہا النفوس وہی پھل چنیں گے جو انھوں نے اس دُنیا میں خیر و شر کی صورت میں کیا ہو گا۔ پس اُس کے لئے تقریب اُس کے اعمال سے ہو گی۔
فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ پس جس نے ذرہ برابر اچھا عمل کیا ہو گا اُسے دیکھے گا۔ الزلزال آیت ۷
وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ اور جس نے ذرہ برابر برا عمل کیا ہو گا اُسے دیکھے گا۔ الزلزال آیت ۸

www.maktabah.org

منزلِ توقّع

یہ منزل بھی دو منزلوں پر مشتمل ہے۔ منزل طریقِ الٰہی اور منزلِ سمع اور اِس میں نظم ہے۔

ظهرت منازل للتوقع بادیه	وقطوفها لبد المقرب دانیه
فاقطفن من اغصان الدنو ثمارها	لاتقطفن من الغصون العادیه
لاتخرجن عن اعتدالك والزمن	وسط الطريق تر الحقائق باديه

توقع کی روشن تر منزلیں ظاہر ہوگئیں اور اُس کے اثمار چننے کے لیے قریبی ہاتھ کے قریب ہوں گے۔

قربت کی شاخوں سے اُن کے پھل اتارلیں اور حد سے بڑھتی ہوئی شاخوں سے پھل نہ اتاریں۔

اپنے اعتدال سے نہ نکل اور طریقِ وَسط کو لازم کرلے گا تو حقائق کو ظاہر دیکھے گا۔

کہتے ہیں کہ انسان کی جو توقع تھی وہی ظاہر ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ جس چیز کا متوقع ہوتا ہے اُس کے باطن میں اُس کا ظہور ہوتا ہے۔ تو بے شک اس کے غائب سے وہ امر ظاہر ہوا جو اُس کے اُس باطن کی طرف ظاہر ہوا جس کی اُسے توقع تھی۔

پھر وہ اُس کے ظہور کا عالم شہادت میں متوقع ہوتا ہے۔ تو پہنچنے میں قریب تر ہوتا ہے۔ اور یہ قول کہ قطوف دانیہ یعنی پھل چننے والا اُس کے ہاتھ کے قریب ہوجاتا ہے۔ کہا کہ اعتدال کے طریق کا تحفظ کرو اور اُس سے انحراف نہ کرو اور یہاں تمہاری حقیقت کی تمہارے لئے ملازمت کے

www.maktabah.org

معنے میں ہے۔ اس سے مَت نکلنا جیسا کہ تکبر کرنے والے نکل گئے اور جس کا برزخ دو طرفوں کے درمیان ہو گا اُس کے لئے دو دلوں پر استشراف یعنی آگاہی حاصل کرنا ہے۔ جب وہ ایک کی طرف مائل ہو گا تو دُوسرے سے غائب ہو جائے گا۔

منزلِ برکاتُ

یہ منزل بھی دو منزلوں پر مشتمل ہے۔ منزلِ جمع و تفرقہ اور منزلِ خصامِ برزخی۔

اور یہی منزل ملک اور قہر ہے اور اس میں مَیں نے کہا ہے!

لمنازل البرکات نور یسطع — وله محبات القلوب توقع
فیها المزید لکل طالب مشهد — ولها الی نفس الوجود تطلع
فاذا تحقق سر طالب حکمة — بحقائق البرکات شد المطلع
فالحمد لله الذی فی کونه — أعیانه مشهودة تتسمع

برکات کی منازل کے لئے ایک درخشندہ نور ہے اور اُسے محبتِ قلوب کے ساتھ توقع ہے۔

اس میں مشاہدہ کے طالب کے لئے زیادتی ہے۔ اور اُس کے لئے نفسِ وجود کی طرف اطلاع ہے۔

جب طالبِ حکمت کا راز حقائقِ برکات کے ساتھ محقق ہو جائے تو بلندی کے لئے شدت ہے۔

شکر ہے اُس ذات کا جس کے کون میں اُس کے اعیان ظاہر سماعت کرتے ہیں۔

www.maktabah.org

برکات افزونی کو کہتے ہیں اور یہ شکر کے نتائج سے ہیں اللہ تبارک وتعالےٰ نے اپنی ذات کو شاکر و شکور کے اسم کے ساتھ مسمّٰی نہیں کیا مگر یہ کہ ہم اُس عمل کو زیادہ کریں جو ہمارے لئے مشروع ہے۔ اور اُس کے ساتھ عمل کریں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہمارے شکر کرنے کے ساتھ نعمتوں کو زیادہ فرماتا ہے۔ پس ہر نفس افزونی پر مُطلّع ہے۔

کہا حبِ حکمتوں کے طالب کے لئے زیادہ ہونا متحقق ہو جاتا ہے تو وہ امور کے ساتھ منفرد ہو جاتا ہے۔ اور جدوجہد کرتا ہے کہ اِس میں اُس کا کوئی شریک نہ ہو تاکہ اِس نوع سے زیادہ سے زیادہ حاصل کرے یہ مقام رکھنے والا اُس حال کے لئے مراقبہ کی حالت میں ہوتا ہے۔ جیسے وہ طلب کرتا ہے۔

منزلِ اقسام وایلاء

یہ منزل متعدد منازل پر مشتمل ہے۔ جن میں سے یہ ہیں۔

منزلِ فہوانیاتِ رحمانیہ، منزلِ قاسم روحانیہ، منزلِ رقوم، منزلِ مساقطِ نور، منزلِ شعرا، منزلِ مراتبِ روحانیہ، منزلِ نفسِ کلیہ، منزلِ قطب، منزلِ الفھاق الانوار علیٰ عالم الغیب، منزلِ مراتب نفسِ ناطقہ منزلِ اختلافِ طرق، منزلِ مودّت، منزلِ علومِ الہام، منزلِ نفوسِ حیوانیہ، اور منزلِ صلواۃ الوسطی۔

منازل الاقسام فی العرض — أحکامها فی عالم الارض
تجری بافلاك السعود علی — من قام بالسنة والفرض
وعلمها وقف علی عینها — وحکمها فی الطول والعرض

www.maktabah.org

اور میں نے اس میں کہا!

منازلِ اقسام عرش میں ہیں - اور اُن کے احکام عالمِ عرض میں ہیں -
وہ فلاکِ سعود کے ساتھ اُس پر جاری ہوتی ہیں جو سُنت اور عرش
کے ساتھ قائم ہو -

اُن کا علم اُن کی عین پر وقف ہے اُن کا حکم طُول و عرض پر جاری ہے -
کہا! کہ قسم تہمت کا نتیجہ ہے اور حق تعالیٰ جل شانہٗ مخلوق کے ساتھ
وہی معاملہ کرتا ہے جس پر وہ مخلوق ہے نہ کہ اُس حیثیت سے جس پر وہ خود
ہے - لہٰذا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ملائکہ کے لئے قسم نہیں کھائی کیونکہ وہ
عالمِ تہمت سے نہیں اور نہ مخلوق کا حق ہے کہ وہ مخلوق کی قسم کھائے -
یہ ہمارا مذہب ہے - اگر کوئی مخلوق کی قسم کھاتا ہے تو وہ ہمارے نزدیک
گنہگار ہے - اور اس کا کفارہ نہیں - جب کہ وہ جس میں واقع ہے اُس پر توبہ
کرے اور کچھ نہیں -

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے مخلوقات کے ذکر کے ساتھ کھائی تو بنفسہٖ
کھائی اور اسم کا حذف کرنا کتابِ عزیز سے متعدد مقامات میں اظہارِ اسم
پر ہے - مثلاً اُس کا یہ ارشاد ہے!

فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ — پس آسمان اور زمین کے رب کی قسم

الذاریات آیت ۲۳

بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ — مجھے تمام مشرقوں اور مغربوں کے رب کی قسم

المعارج آیت ۴۰

تو یہ اعلام اُن مقامات میں ہیں جہاں اسم کے لئے ظاہر طور پر ذکر
جاری نہیں - کیونکہ وہاں اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ کے ارادہ کے لئے اسم امر

www.maktabah.org

غائب ہوتا ہے۔ اسے نبی اور ولی ملہم سے وہی جانتا ہے جسے حق تعالیٰ اس کا عرفان عطا فرمائے۔ کیونکہ قسم اُس کی تعظیم پر دلیل ہوتی ہے جس کی قسم کھائی جائے اور بلا شک و ریب اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر بینا و نابینا کے لئے اس کا ذکر قسم میں کیا ہے۔

پس اس میں بلند و پست، مرضی و مغضوب، محبوب و غیر محبوب مومن و کافر اور موجود و معدوم داخل ہیں۔

اور منازل اقسام کو نہیں جانتا مگر وہ جسے عالم الغیب کی معرفت حاصل ہے۔

پس گمانِ غالب ہے کہ اسمِ الٰہی یہاں مضمر ہے۔ اور ہم نے آپ کو اس کی پہچان کرا دی ہے کہ عالمِ غیب طول اور عالمِ شہادت عرض ہے

عالمِ انیت

یہ منزل متعدد منازل پر مشتمل ہے جن میں سے منزلِ سلیمان علیہ السلام دوسرے انبیاء کے علاوہ منزلِ سترہ کامل منزلِ اختلافِ مخلوقات منزلِ روح اور منزلِ علوم اور میں نے اس میں کہا!

أنية قدسية مشهودة — لوجودها عند الرجال منازل
تفنى الكيان اذا تجلت صورة — فى سورة أعلامها تتفاضل
وتربك قبل وجودها بنعوتها — خلف الظلال وجودها لك شامل

حقیقتِ قدسیہ مشہودہ ہے مردوں کے نزدیک اس کے وجود کے لئے منزلیں ہیں۔

جب کسی سورت میں جس کی نشانیاں فاضل ہوں کوئی صورت تجلّی پذیر

www.maktabah.org

ہوتی ہے تو کائنات فنا ہو جاتی ہے۔

اور تجھ میں اپنے وجود کی تعریفوں کے ساتھ تجھے دیکھتی ہے اس کا وجود تیرے لئے سالوں کے پیچھے شامل ہے۔

کہا کہ حقیقتِ الٰہیہ مغوریہ تنزیہہ کی تعریفوں کے ساتھ ہے۔ جو اس کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ تو اِن کے سوا ہر ذات فنا ہو جاتی ہے۔ اگرچہ اس کے مشاہد شخصِ واحد میں اُس کے احوال کی حیثیت سے بڑھ گئے ہوں، اور اشخاص میں اُن کے احوال کے مختلف ہونے کی صورت میں ہے۔ چونکہ حقیقت یہ دیتی ہے کہ ہم سے کوئی مشاہدہ کرنے والا اس کا مشاہدہ نہیں کر سکتا مگر اپنی ذات کے ساتھ۔

جیسا کہ یہ حقیقت ہم سے سوائے اپنی ذات کے کسی چیز کا مشاہدہ نہیں کرتی۔ پس ہر حقیقت دوسری حقیقت کے لئے آئینہ ہوتی ہے۔

المومن مرأۃ اخیہ — یعنی مومن اپنے بھائی کا آئینہ ہوتا ہے۔

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ — اللہ تعالیٰ کی مثل کوئی شئے نہیں۔

الشوریٰ آیت ۱۱

منزلِ دھوُر

یہ منزل متعدد منازل پر حاوی ہے جن میں سے،

منزلِ سابقہ، منزلِ عزت، منزلِ روحانیتِ افلاک، منزل امرِ الٰہی، منزلِ ولادت، منزلِ موازنہ، منزلِ لبشارت باللقاء۔

اور اس میں میں نے کہا!

www.maktabah.org

ومن المنازل مایکون مقدّره مثل الزمان فانه متوهم
دلت علیه الدائرات بدورها ولہ التصرّف والمقام الاعظم

اور منازل سے جو زمانے کی مثل مقدر ہوں گی وہ وہم میں ہیں۔
اس پر دائرے گردش کے ساتھ دلالت کرتے ہیں اور اس کے ساتھ
تصرف اور مقام اعظم ہے۔

کہا! کہ حبیب حق تعالیٰ کے حق میں ازل امر متواہم تو زمانہ بھی حق
تعالیٰ کے حق میں امر متواھم ہو گا۔ یعنی قدرت متواھمہ جسے حرکات
افلاک قطع کرتی ہیں کیونکہ ازل مخلوق کے لئے زمانہ کی طرح ہے پس
اس پر غور کریں۔

منزلِ لام اِلف

یہ منزل التفاف ہے اور اس پر اعتلاف غالب ہے نہ کہ اختلاف
اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ اِلٰی رَبِّكَ يَوْمَئِذِ نِالْمَسَاقُ

اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی آپ کے رب کی طرف اس دن روانگی ہے۔

القیامۃ آیت ۳۰

اور یہ کئی منازل پر حاوی ہے۔ جن سے مجمع البحرین دجمع الامرین
اور منزلِ تشریفِ محمدی ہے۔ جو منزل محمدی کی جانب ہے۔ اور اس
میں میں نے کہا ہے!

منازل اللام فی التحقیق والالف عند اللقاء انفصال حال وصلھما

www.maktabah.org

هما الدليل على من قال ان أنا　　سر الوجود داني عينه فهما
نعم الدليلان اذ دلا بحالهما　　لا كالذی دل بالاقوال فانصرما

تحقیق میں لام اور الف ، کی منازل بقائے انفصال کے وقت دونوں کے وصل کا حال ہے۔

دونوں اُس پر دلیل ہیں جو کہتا ہے کہ میں سرّ الوجود ہوں اور میں اس کے فہم کی عین ہوں۔

دونوں دلیلیں اچھی ہیں جب دونوں کے حال کے ساتھ دلالت کریں نہ کہ اُس کی طرح جو اقوال کے ساتھ دلالت کرتا ہے اور الگ ہو جاتا ہے۔

کہا! کہ اگر لام اور الف کا ارتباط منعقد ہو تو دونوں کی عین ایک ہو جاتی ہے اور یہ حروف اٹھائیس مقامات میں واؤ اور یاء کے درمیان کے ازدواج سے ظاہر ہیں۔ پس لام اور الف دونوں کے لئے صحت و اعتدال ہے جب الف میں علّت ہے اور لام میں صحت ہے ہو تو اس کے اور دونوں حرفوں کے درمیان مناسبت واقع ہو گئی۔ پس صحیح سے حرفِ صحت ہوا اور معتل سے حرفِ علت پس اُس کے دونوں ہاتھ رحمت کے ساتھ کھلے ہوئے ہیں۔ اور اُس کی نقیض اور ضد کے ساتھ بند ہیں۔ اور لام الف کے لئے مفرد نظم میں صورت نہیں بلکہ وہ اُس میں پوشیدہ ہے اور واؤ اور یاء کے درمیان اُس کے حال پر مرتبہ اور اُس کی جگہ میں زائی حاء، اور طاء یا لیسہ قائم مقام ہوئے پس اُس کے لئے اُس غائب میں ساتواں آٹھواں اور نواں مرتبہ ہے۔

اور اُس کے لئے بدر و ہلال کے درمیان قمر کی منزل ہے۔

www.maktabah.org

پس اُس کے غیب وظہور میں اُس کے ساتھ ہمیشہ رتبہ برزخیہ ہے تو وہ چوبیسواں ہے جب کہ اُس کے لئے زاء کے ساتھ ساتواں حاء کے ساتھ آٹھواں اور طاء کے ساتھ نواں مرتبہ ہے۔ اور دن چوبیس گھنٹوں کا ہوتا ہے۔ آپ اِس کے ساتھ کسی بھی ساعت میں عَمل کریں۔ میزان عَمل پر وضع ہونے کے ساتھ آپ کا عَمل کامیابی حاصل کرے گا۔ کیونکہ وہ حرُوفِ رقم میں ہے نہ کہ طبعی حرُوف میں کیونکہ اُس کے لئے سوائے لام کے حرُوفِ طبعی نہیں۔ اور وہ حلق اور دونوں ہونٹوں کے درمیان حرُوف لسان سے ملا ہوا ہے۔ جب کہ الف حروف طبع سے نہیں تو وہ نائب نہیں ہوتا مگر ایک حرف کا نائب ہوتا ہے۔ اور وہ لام ہے جس سے الف اُس وقت پیدا ہوتا ہے جب اُس کی حرکت کو پُر کیا جائے پس اگر اُس کی حرکت سیر نہیں ہوگی تو ہمزہ ظاھر ہوگا۔

ایسے ہی بعض عُلماء نے لفظ طبعی میں نہیں رقم وضعی میں الف کو نصف حرف اور ہمزہ کو نصف حرف مقرر کیا ہے۔

لام اور الف کا ملاپ کیسے ہے؟

پھر ہم لوٹتے ہیں اور کہتے ہیں کہ لام الف کے ساتھ انعقاد پذیر ہوا جیسا کہ ہم نے کہا کہ وہ عین واحد یعنی ایک ذات ہو گئے کیونکہ اُن کی دونوں رائیں اُن کے دو ہونے پر دلالت کرتی ہیں پھر اُس کے اِسم کے ساتھ عبارت اُن کے دو ہونے پر دلالت کرتی ہے پس وہ دو اسموں سے ایک اِسم مرکّب ہے۔ دو ذالقول کے لئے ایک ذات لام ہے اور دُوسری الف ولیکن جب شکل میں ایک صورت پر ظاہر ہوئے تو دیکھنے والا دونوں کے درمیان

www.maktabah.org

فرق نہیں کر سکتا اور وہ امتیاز نہیں کر سکتا کہ دونوں راؤں میں لام کون سا ہے جس سے پتہ چلے کہ دوسری را ان الف ہو۔ پس اس میں اختلاف کتابت ہے چنانچہ ان میں سے بعض نے اس میں تلفظ کی رعایت کی ہے اور بعض نے اُس خط کے ابتدائی مقام کو اُس کا اول مقرر کیا ہے پس وہ دونوں جمع ہوئے کہ لام کو الف پر مقدم کیا جائے کیونکہ الف یہاں یقیناً لام سے پیدا ہوا ہے۔ اور ایسے ہی ہمزہ لام کے عقب میں ہے جیسا کہ!

لانتم اشد رهبة ۔ اور اس کی امثال ہیں۔

یہ حرف یعنی لام الف افعال میں حرف التباس ہیں پس مخلوق کے ہاں ظاہر فعل خالصی نہیں پاتا جس شخص کے لئے آپ نے کہا! کہ وہ اللہ کے لئے ہے۔ تو آپ نے سچ کہا اور اگر کہا! کہ وہ مخلوق کے لئے ہے تو سچ کہا! اور اگر یہ نہ ہوتا تو تکلیف اور بندے کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اضافتِ عمل درست نہ ہوتی۔ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا ہے کہ تمہارے یہ اعمال تم پر لوٹائے جائیں گے۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا النساء آیت ۱۲۷ اور تم جو کچھ نیکی کرتے ہو اللہ سب جانتا ہے۔

اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے!

اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ حم السجدة آیت ۴۰ اب جو تمہارا جی چاہے کرو بیشک وہ تمہارے سب کام دیکھ رہا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حق فرمایا ہے۔ ایسے ہی دونوں رائیں لام یا الف مقرر کی ہیں تو آپ نے سچ کہا! اگرچہ علماء کے نزدیک شکلیں وضع کرنے

www.maktabah.org

میں اختلاف محمل ہے۔ اور ہر وہ شخص جو صورت کے ساتھ تحقق کے لئے دونوں دالوں سے دلالت کرتا ہے کہ دوسرے کے بغیر ایک کے لئے فعل ہے۔ اور اس کا ساتھی منقطع ہو جاتا ہے اور ثابت نہیں ہوتا۔ اور اگر اس کے علاوہ اس میں اس شان کا مالک اُس کا مخالف ہے اور اپنے گمان میں دلالت کرتا ہے۔ اُس قول کے ساتھ جیسا کہ اُس کے مخالف کے ساتھ ہے تو یہ امر متعارض اور مشکل ہے۔ مگر اُس شخص پر مشکل نہیں جس کی بصیرت کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے روشن فرمایا ہے اور اُسے سیدھے راستے کی ہدایت کی ہے۔

منزلِ تقریر

تقررت المنازل بالسکون ودرجت الظهور على الكمون

ودلت بالعيان على عيون مفجرة من الماء المعين

ودلت بالبروق سحاب مزن اذا لمعت على النور المبين

منازل کا تقرر سکون کے ساتھ ہے اور ظہور پوشیدگی پر راجح ہے۔

ہم نے چشموں پر ایمان کے ساتھ دلالت کی ہے جو مصفا پانی سے جاری ہوئے۔

ہم نے برسنے والے بادل کے ساتھ دلالت کی جب ہم نے نورِ مبین پر روشنی دیکھی۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے! کہتے ہیں کہ ثبوت منازل کو مقرر کرتا ہے تو جو ثابت ہوا وہ ثابت ہوا۔ اور ہر علین کے لئے اس کی حقیقت پر ظاہر ہوا۔ کیا آپ نے دیکھا کہ جو آپ کو حرکت میں تیزی دی گئی تو اس سے شبہ واقع ہوتا ہے۔

www.maktabah.org

تو ناظر کسی چیز پر اُس کے خلاف حکم دیتا ہے جس پر وہ چیز ہے۔
پس وہ آگ کے حق میں کرتا ہے جس میں چنگاری یا سر میں بتی ہوتی ہے
جب اُسے عرض میں تیزی سے حرکت دی جاتی ہے تو وہ خطِ مستطیل بن جاتا ہے
یا اُسے تیزی سے پھیرتا ہے۔ تو ہوا میں آگ کا دائرہ دیکھتا ہے اور اِس کا
سبب عدم ثبوت ہے۔ جبکہ منازل کا ثابت ہونا اس پر دلالت کرتا ہے جو
علوم الہیہ سے اُس پر حاوی ہے۔

منزلِ مشاھدہ

فی فناء الکون منزل	روحہ فینا تنزل
انه لیلة قدری	ماله نور ولا ظل
هو عین النور صرفا	ماله عنه تنقل
فأنا الامام حقا	ملك فی الصدر الاول
عنده مفتاح أمری	فیولیکم ویعزل
سمهر یانی طوال	لست بالسماك الاعزل
فالمقام الحق فیکم	دائم لا یتبدل
وهو القاهر منه	وهو الامام الاعدل
لیس بالنور الممثل	جل من المهاة أکمل
وأنا منه یقینا	بمکان السر الافضل
فبعین العین أسمو	وبامر الامر أنزل

فنائے کون میں ایک منزل ہے۔ ہم میں اُس کی روح نازل ہوتی ہے
بے شک وہ لیلۃ القدر ہے اور اُس کے لئے نہ نور ہے نہ ظل
وہ عین نور پھرتا ہے اُس کے لئے اُس سے منتقل نہیں کیا جاتا۔
پس میں امامِ برحق ہوں اور صدرِ اوّل میں بادشاہ ہوں۔

www.maktabah.org

میرے امر کی نہی اُس کے پاس سے وہ تمہیں حاکم بناتا ہے اور معزول کرتا ہے۔

میری تاریکیاں طویل ہیں، میں معزول ہونے والی بلندی سے نہیں ہوں۔
پس تم میں ہمیشہ حق کا مقام ہے جو تبدیل نہیں ہوتا۔
اور وہ اُس سے غالب ہے۔ اور وہ امام عادل ہے۔
وہ نور متمثل کے ساتھ نہیں بلکہ آب دی گئی تلوار سے کامل تر ہے۔
میں یقیناً سر افضل کے مکان کے ساتھ اُسی سے ہوں۔
پس عین العین کے ساتھ بلند ہوں اور امر الامر کے ساتھ اُترتا ہوں۔

کہا کہ! لیلۃ القدر کی مثل حالتِ فناء میں نہ نور ہے نہ ظل پھر کہا! وہ ضیاء حقیقی اور ظلِ حقیقی ہے۔ کیونکہ یہ وہ اصل ہے جس کی ضد نہیں۔ اور انوار کے مقابل ظل ہے اور یہ اُس کے مقابل کوئی چیز نہیں اور کہا میں امام ہوں تو اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اُس خاص درجہ سے حق کے لئے حق کا شہود ہے اور وہ صدر اوّل ہے اور اس مقام سے صورتوں میں تفصیل کثرت اور اعداد واقع ہوتے ہوتے ہیں۔ اور تاریکیوں کو عالم میں تاثیر قیومہ سے کنایہ مقرر کیا۔ اور اس کے لئے ثبوت ہے۔ اور یہ اس لئے کہا کہ تاریکیاں تبدیل نہیں ہوتیں۔ اور اُس کے لئے غلبہ اور عقل ہے جو تشبیہ کو قبول نہیں کرتا ہے۔

پس میں شہودِ ذات کے ساتھ بلند ہوتا ہوں اور امرِ الٰہی کے ساتھ اُترتا ہوں۔ اور عالم میں امام ہوں۔

منزلِ الفت

اور یہ منزل ایک ہی ہے اس میں میں نے کہا!

www.maktabah.org

منازل الالفة مالوفه — وهي بهذا النعت معروفه
فقل لمن عرس فيها أقم — فانها بالامن محفوفه
وهي على الاثنين موقوفه — وعن عذاب الوتر مصروفه

اُلفت کی منزلیں مالوف ہوتی ہیں اور یہ اِس نعت کے ساتھ پہچانی جاتی ہیں۔

جِس کی نئی شادی ہوئی ہے اُسے کہیں کہ اِس میں قائم ہو کیونکہ وُہ اَمن کے ساتھ احاطہ کی گئی ہے۔

اور یہ دو پر موقوف ہے اور اکیلے کے عذاب سے پھیری گئی ہے۔

یہ منزل شادیوں اور سُرور فرحت کی منزل ہے اور یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اُس اِحسان کے ساتھ ہے جو اُس نے اپنے نبی کریم حضرت محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر فرمائے تو فرمایا!

لَوْ اَنفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ

اگر آپ تمام زمین میں جو کچھ ہے خرچ کر دیتے تب بھی ان کے دلوں کو باہم نہ ملا سکتے۔

الانفال آیت ۶۳

آپ پر ارادہ فرمایا تو ارشادِ ربانی ہُوا!

وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ

الانفال آیت ۶۳

لیکن اللہ تعالیٰ نے اُن کے دِلوں کو آپس میں ملا دیا۔

اِس سے یہ مُراد ہے کہ وہ آپ سے مودّۃ رکھتے ہیں اور آپ کی اطاعت کرتے ہیں اور آپ کی تصدیق کرتے ہیں۔

www.maktabah.org

منزلِ استخبار

یہ منزل متعدد منازل پر مشتمل ہے جن میں سے یہ ہیں منزلِ منازعتِ روحانیہ منزلِ حلیتِ السعداء، کیف تنظہر علی الشقیاء، منزلِ الکون قبل الانسان،

اِس میں مَیں نے کہا ہے !

اذا استفھمت عن أحباب قلبي أحالوني علی استفھام لفظي
منازلھم بلفظك لیس الا فیاشؤمي لذاك وسوء حظي
وعظت النفس لا تنظر الیھم فما التفتت بخاطرھا لوعظي
لفظتھمو عسی أحظی بکون فکانوا عین کوني عین لفظي
ومن عجب اني أحن الیھمو واسأل عنھم من أری وھمو معي
وترصدھم عیني وھم في سوادھا وتشتاقھم قلبي وھم بین أضلعي

جب آپ نے میرے قلبی احباب کے بارے میں پُوچھا تو انھوں نے مجھ پر استفہامِ لفظی پر محال کر دیا۔

اُن کی منازل آپ کے لفظ کے ساتھ نہیں مگر افسوس میری شومیِ قسمت اور اِس کے لئے میرا حِصّہ اچھا نہیں۔

میں نے نفس کو نصیحت کی کہ ان کی طرف نہ دیکھ تو اُس نے اپنی خاطر طبعی کے ساتھ میری نصیحت پر التفات نہ کیا۔

میں نے اُن سے یہ لفظ کہا! کہ شاید کون کے ساتھ حصّہ حاصل کرُوں تو وہ عین میرا کون ہے اور عین میرا لفظ ہے۔

عجیب ہے کہ میں اُن کی طرف راغب ہُوں اور اُن سے سوال کرتا ہوں جنہیں دیکھتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ ہیں۔

میری آنکھ اُن کا انتظار کرتی ہے اور وہ میری آنکھ کی سیاہی میں ہے۔

www.maktabah.org

میرا دل ان کا مشتاق ہے اور وہ میرے پہلو کے اندر ہیں۔

کہا کرا! جب میں نے اُن سے پوچھا تو وہ میری زبان ہیں جب میں نے اُن کی طرف دیکھا تو وہ میری آنکھ کی سیاہی میں ہیں، جب میں نے اُن میں غور دفکر کیا تو وہ میرے دل میں ہیں میں اُن کی طرف مشتاق ہوا تو وہ حال میں میرے ساتھ ہیں۔

پس وہ میری آنکھ ہیں اور میں اُن کی آنکھ نہیں ہوں۔ کیونکہ اُن کے پاس مجھ سے وہ نہیں جو اُن سے میرے پاس ہے

منزلِ وعید

یہ منزل ایک ہی ہے جو کون کے ساتھ تمسک کرنے اور جو روز بردستی پر حاوی ہے۔ اور اس میں مَیں نے کہا!

ان الوعید لمنزلان هما لمن ترك السلوك على الطريق الاقوم
فاذا تحقق بالكمال وجوده ومشى على حكم العلو الاقدم
عادا نعيما عنده فنعيمه فى النار وهي نعيم كل مكرم

بے شک وعید دو منزلوں کے لئے ہے۔ اور وہ دونوں اس کے لئے ہیں جس نے معتبر طریق پر چلنا چھوڑ دیا۔

جب اُس کا وجود کمال کے ساتھ متحقق ہوا اور علوِ قدیم کے حکم پر چلا۔ وہ اُس کے پاس نعمت کی صورت میں لوٹ آئیں پس اُس کی نعمت آگ میں ہے اور یہ نعیم ہر اکرام والے کا ہے۔

منزلِ روحانی عذابِ نفوس اور منزلِ جسمانی عذاب محسوس ہے اور یہ نہیں ہوتا مگر اُس کے لئے جو طریق شرع سے اپنے ظاہر و باطن سے

www.maktabah.org

پھر جاتا ہے۔ جب اس کے لئے استقامت ہوتی ہے اور اس کے لئے عنایت سبقت لے جاتی ہے تو وہ اس سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

اور اس سے مجاہدہ کی آگ کی نعمت کے ساتھ جنت کا مشاہدہ کرتا ہے۔

منزل امر

یہ کئی منازل پر مشتمل ہے جن میں سے یہ ہیں۔ منزلِ ارواح برزخیہ، منزلِ تعلیم، منزلِ سرّی، منزلِ سبب، منزلِ تمائم، اور منزلِ قطب و اماميين، اور ہم نے اس میں یہ کہا ہے۔

منازل الامر فهو أنية الذات	بها تحصل افراحي ولذاتي
فليتني قائم فيها مدى عمري	ولا أزل الى وقت الملاقاة
فقرة العين للمختار كان له	اذا تبرز في صدر المناجاة

منازلِ امر وہ انیت ذات ہے جس کے ساتھ فرحتیں اور لذتیں حاصل ہوتی ہیں۔

کاش میں عمر کی پوری مدت اس میں قائم رہتا اور ملاقات کے وقت تک زائل نہ ہوتا۔

پس آنکھ کی ٹھنڈک مختار کے لئے ہوتی ہے اور یہ اس کے لئے اس وقت ہوتی ہے جب وہ صدرِ مناجات میں ظاہر ہو۔

امرِ الٰہی صفتِ کلام سے ہے اور وہ شریعت کی جہت سے اولیاء اللہ کے سوا مسدود ہے اور حضرتِ الٰہیہ میں کوئی امر تکلیفی نہیں مگر وہ شروع ہو گا۔

www.maktabah.org

پس دلی کے لئے اس سماع کے مدد کچھ باقی نہیں۔ جب انبیائے کرام کو امر ہوتا ہے تو اس کی سماعت کے وقت یہ لذت اس کے وجود میں جاری و ساری ہو جاتی ہے۔ لیکن اولیاء اللہ کے لئے وہ مناجات باقی رہتی ہے جس میں کہانی اور گفتگو نہیں تو اہلِ کشف سے ہر وہ شخص جو یہ کہتا ہے کہ وہ اپنی حرکات و سکنات میں امرِ الٰہی کے ساتھ مامور ہے۔ تو یہ امر شرعی محمدی، تکلیفی کے مخالف ہے تو بے شک اس امر پر التباس ہے اگر وہ اس میں سچا ہے اور کہتا ہے کہ اس نے سنا تو یہ اس کے سوا ممکن نہیں کہ اس کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت میں تجلیٔ الٰہی ظاہر ہو۔

پس اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے نبی سے مخاطب ہو یا اپنے نبی کو خطاب کرتے وقت سماع میں اس ولی کو قائم فرمائے اور یہ اس لئے ہے کہ وہ حق تعالیٰ کے اس امر کو پہنچا تا ہے۔ جو امر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی کے ساتھ مقرر فرمایا ہے۔ اور ممکن ہے کہ وہ حق تعالیٰ سے کسی حضرت میں اس امر کو سن لے جو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلے لائے ہیں۔ تو وہ کہے کہ مجھے حق تعالیٰ نے اس کا امر فرمایا ہے اور یہ اس کے حق میں تعریف ہے۔ جس کے ساتھ اسے امر ہوا۔ اور یہ سبب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منقطع ہوا۔ اور اللہ تعالےٰ کے مشروع اوامر سے اس میں اولیاء اللہ کے لئے راسخ قدم ہے۔

پس یہ ان منازل سے وہی اصناف لائی گئی ہیں جن کا ذکر ہم نے کیا ہے اب ہم ہر منزل سے خاص صفات کا ذکر کرتے ہیں۔

منزلوں کی خاص صفات : وصلِ منزل لاح میں خاص صفات

www.maktabah.org

کا تعلّق لامتناہی عِلم کے ساتھ ہے۔

منزلِ رمُوز کی صفات کا خاص تعلّق خواص کے ساتھ اعداد و اسماء کا عِلم ہے۔ یہی کلمات و حرُوف ہیں اور اس میں سیمیا کا عِلم ہے۔

منزلِ دُعا کی خاص صِفات علومِ اشارہ اور تجلّیہ یعنی آراستہ ہونے سے ہے۔

منزلِ افعال کی خاص صِفات علمِ آلان یعنی علمِ دقت ہے۔

منزلِ ابتداء کی خاص صِفات عِلمِ مبدأ د معاد اور معرفتِ اَولیات سے ہر چیز ہے۔

منزلِ تنزیہہ کے لئے خاص صفات لباس پہننے اور اُتارنے کا عِلم ہے۔

منزلِ تقریب کی خاص صِفات عِلمِ دلالات ہے۔

منزلِ توقع کی خاص صِفات عِلمِ نسبت و اضافات ہے۔

منزلِ برکات کی خاص صِفات عِلمِ اسباب و شروط اور علل اور دلائل و حقیقت ہے۔

منزلِ اقسام کی خاص صِفات علومِ عظمت ہیں۔

منزلِ دہر کی خاص صِفات، عِلمِ ازل اور وجُود کی حیثیّت سے اللّٰہ ربّ العزّت کی ہمیشگی ہے۔

منزلِ انیّت کی خاص صفات عِلمِ ذات ہے۔

منزلِ لام الف کی خاص صفات مکوّن کی طرف کون کی نسبت ہے

منزلِ تقریر کی خاص صِفات عِلمِ حضُور ہے۔

منزلِ فناءِ کائنات کی خاص صفات عِلمِ قلبِ اعیان ہے۔

www.maktabah.org

منزلِ الفت کی خاص صِفات علمِ التحام ہے
منزلِ استفہام کی خاص صِفات "لیس کمثلہ شیٔ" کا علم ہے
منزلِ امر کی خاص صِفات علمِ عبودیت ہے۔

وصل : جاننا چاہیئے کہ اِن انیتس منازل سے ہر منزل ممکنات سے ہے پس ان میں ملائکہ کی صنف ہے۔ اور وُہ صنفِ واحد ہے اگرچہ اُن کے احوال میں اختلاف ہے۔

اٹھارہ عِلم اجسام

علمِ اجسام اٹھارہ ہیں جن میں سے افلاک کی گیارہ ۱۱ انواع ہیں ارکان چار ۴ ہیں، مولدات تین ۳ ہیں۔

اور اِس کے لئے دُوسری وجہ بھی ہے۔ حضرتِ الٰہیہ میں ان کے ممکنات سے ان کا مقابلہ ذات کے لئے جوہر ہے اور وہ اوّل ہے۔ دُوسرا اِعراض ہیں اور وہ صفات کے لئے ہیں تیسرا زمان ہے اور وُہ ازل کے لئے ہے۔ چوتھا مکان ہے اور وُہ استواء کی تعریفوں کے لئے ہے۔ پانچواں اضافات ہے جو اضافات کے لئے ہے۔ چھٹا فہو اینہ ہے جو انواع کے لئے ہے۔ ساتواں کمیات ہے جو اسماء کے لئے ہے۔ آٹھواں کیفیات ہے جو تجلیات کے لئے ہے۔ نواں تاثیرات ہے جو وجُود کے لئے ہے۔ دسواں انفعالات ہے جو اعتقاد کی صورتوں میں ظہور کے لئے ہے۔ گیارھواں خاصیت ہے اور یہ احدیت کے لئے ہے۔ بارہواں حیرت ہے اور یہ نزدلِ و فرحت اور قرض کے ساتھ اور اِن کی مثل وصف کے لئے ہے تیرہواں حیاتِ کائنات ہے۔ جو زندہ کے لئے ہے۔

www.maktabah.org

چودھواں معرفت ہے جو علم کے لئے ہے۔ پندرھواں ہوا حس ہے جو ارادہ کے لئے ہے۔ سولہواں البصار ہے جو بصیرت کے لئے ہے۔ سترھواں سمع ہے جو سمیع کے لئے ہے۔ اٹھارواں النسان ہے جو کمال کے لئے ہے اُنیسواں انوار اور اندھیرا ہے جو روشنی کے لئے ہے۔

اُنیس منزلوں کے نظائر

وصل: اِن کے نظائر قرآن سے وُہ حروفِ تہجی ہیں جو سورتوں کے اوّل میں ہیں۔ یہ چودہ حرف ہیں، جن میں اکیلا، ثنائیہ، ثلاثیہ، رُباعیہ، اور خماسیہ پانچ مرتبے ہیں، اِن کے نظائر جہنم کے اُنیس ۱۹ خازن فرشتے ہیں۔

تاثیر میں اُن کے نتائج بارہ بُرج اور سات ستارے ہیں۔ قرآن مجید سے اِن کے نظائر بسم اللّٰہ کے حروف اور رجال سے اُن کے نظائر بارہ ۱۲ نقیب اور سات ابدال ہیں۔ ان سات ابدالوں سے چار اوتاد دو امام اور ایک قُطب ہیں۔

حضرت الٰہیہ سے اور اکوانِ عالم سے ان منازل کے کثیر نظائر ہیں۔

امامِ مبین نے گھیرا ہوا ہے

وصل: جاننا چاہیئے کہ منزلِ منازل اُس منزل سے عبارت ہے جو اُن تمام منزلوں کو جمع کرے جو عالِم دنیا میں اور اس سے ثریٰ تک ہو اور یہ امام مبین سے موسُوم ہے۔

اللّٰہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے!

www.maktabah.org

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ○ یٰس آیت ۱۲
اور ہر چیز کو امامِ مبین میں گھیر رکھا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کے ارشاد "اَحْصَيْنٰهُ" سے اِس پر دلیل ہے کہ اِسے علوم لامتناہیہ ودلیعت کئے گئے ہیں۔

پس ہم نے دیکھا کہ کسی ایک کے لئے اِس کا عدد منحصر ہے پس وُہ باوجود متناہی ہونے کے خارج ہیں۔ کیونکہ اِس میں نہیں ہے۔ مگر وُہ جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تخلیقِ عالم کے دِن اُس کی طرف کا حال گزر جانے تک رکھا۔ اور عمارتِ آخرت کی طرف منتقل ہو جائے گی۔

پس ہم نے ثقہ علمائے باللہ سے پوچھا کہ کیا ان علوم کی اُمہات اُسی پر منحصر ہیں۔ جس پر یہ امامِ مبین حاوی ہے۔

اُس نے کہا! ہاں مجھے ایک ثقہ امین سچے ساتھی نے خبر دی ہے اور مجھ سے عہد لیا کہ میں اِس کے نام کا تذکرہ نہ کردں۔ کہ اُمہاتِ علوم اُم کو متضمن ہیں۔ جو کثرت کی بنا پر بے شمار ہیں۔ ان کے تعداد علوم میں سے ایک لاکھ ایک نوع سے انتیس ہزار اور ایک نوع سے چھ صد ہے۔ ہر نوع لاتعداد علوم پر حاوی ہے۔ جنہیں منازل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے شکر

میں نے اُس ثقہ آدمی سے پوچھا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے کسی کو پہنچی ہیں۔ اور اِس علم کے ساتھ کسی نے احاطہ کیا ہے؟

اُس نے کہا! نہیں۔

پھر کہا!

www.maktabah.org

وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ
مدثر آیت ۳۱

اور آپ کے رب کے لشکروں کو آپ کے ربّ کے سوا کوئی نہیں جانتا

جب لشکروں کا علم سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں اور حق تعالےٰ کے لئے کسی کا جھگڑا نہیں کہ اُسے مقابلے کے لئے ان لشکروں کی احتیاج ہو۔ اُس نے مجھے کہا تعجب نہ کریں۔

فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
الذاریات آیت ۲۳

پس قسم ہے آسمان اور زمین کے رب کی۔

نے کہا! وہ کیا!
حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ کے حق میں فرمایا ہے۔!

بے شک اللہ آپ کا مولیٰ ہے اور علاوہ ازیں جبریلؑ اور نیک مومن اور ملائکہ آپ کے مددگار ہیں۔
التحریم آیت ۴

تو یہ لشکروں سے عجیب تر ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کے عجیب اسرار ہیں۔
جب اُس نے مجھے یہ کہا تو میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ مجھے اِس مسئلہ کے فائدہ پر مطلع فرمائے اور اِس کی جو عظمت ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے فی نفسہٖ اِس کے مقابلہ میں مقرر فرمایا ہے اور جبریلؑ اور نیک بندے اور ملائکہ۔ تو مجھے اِس کی خبر دی گئی تو مجھے کسی چیز کے ساتھ اتنی شادمانی حاصل نہیں ہوئی جو اِس معرفت کے ساتھ ہوئی۔

ازواجِ مطہراتؓ کا کس پر بھروسہ تھا؟

مجھے یہ علم بھی حاصل ہوا کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو دلنوں

www.maktabah.org

ازواجِ مطہرات کو کس کا بھروسہ تھا اور انہیں کس چیز سے تقویت حاصل ہوئی تھی چنانچہ اگر اللہ تبارک و تعالیٰ اِس نصرت و امداد میں اپنی ذات کا ذکر نہ فرماتا تو فرشتوں اور مومنوں کو یہ استطاعت نہ تھی کہ آپ کی ازواجِ طاہرات و مطہرات کے بالمقابل کھڑے ہوتے۔ اور مجھے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اُن دونوں کو علم باللہ حاصل تھا اور جو تا نبر اُن دونوں کو عالم میں اِس قوّت نے عطا کی یہ اُسی علم سے تھی جیسا کردہ ہیبت پوشیدہ ہے۔

میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا سپاس گزار ہوں کہ اُس نے میری اِس پر مدد فرمائی تو میرا یہ گمان نہیں کہ مخلوق میں سے کسی اور نے بھی ایسا بھروسہ کیا ہو جو حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان دونوں ازواجِ مطہرات نے کیا ہے۔ حضرت لوط علیہ السلام کا بیان قرآن مجید میں اِس طرح آیا ہے

لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ	اگر تمہارے مقابلے کی مجھ میں طاقت ہو یا کسی مضبوط رکن کا سہارا ہوتا تو میں اُس کی پناہ لیتا۔

ھود آیت نمبر ۸۰

اور اُن کے پاس مضبوط رکن موجود تھا اور وہ اُسے نہیں جانتے تھے۔ پس حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِس کی شہادت دیتے ہوئے فرمایا!

یَرْحَمُ اللّٰہُ اَخِیْ لُوْطًا لَقَدْ کَانَ یَاْوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ۔	اللہ تعالیٰ میرے بھائی لوط علیہ السلام پر رحم فرمائے، وہ مضبوط رکن کی طرح پناہ مانگتے تھے۔

الحدیث

جب کہ اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ اور اُمّ المومنین حضرت حفصہ

www.maktabah.org

رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس رُکن کو جانتی تھیں اگر لوگوں کو اس بات کا علم ہوتا جس پر اُن دونوں کو آگاہی حاصل تھی تو!

اِس آیت کریمہ کے معنی جان لیتے۔

اور اللہ تعالیٰ ہی حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

الحمد للہ بائیسویں باب کا ترجمہ ختم ہوا

www.maktabah.org

تئیسواں باب

اقطاب مصونین اور اُن کی حفاظت کے اسرار کی معرفت

ان لله حکمة أخفاها في وجودي فليس عين تراها
خلق الجسم دار لهو وأنس فبناها وجوده سوّاها
ثم لما تعدّلت واستقامت جاء روح من عنده أحياها
ثم لما تحقق الحق علما حبه وانقياده لهواها
قال للموت خذ إليك عبيدي فدعاه له بما أحلاها
وتجلى له فقال الهي أين أنسي فقال ماتنساها
كيف أنسى دارا جعلت قواها من قواكم فهي التي لا تضاهي
يا الهي وسيدي واعتمادي ماعشقنا منها سوى معناها
أعلمتنا بما تريدون منا بلسان الرسول من أعلاها
فقطعنا أيامنا في سرور بك ياسيدي فما أحلاها
قال ردوا عليه دار هواه صدق الروح انه يهواها
فرددنا مخلدين سكارى طربا دائما الى سكناها
و بناها على اعتدال قواها وتجلى لها بما قواها

بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے پوشیدہ حکمت ہے میرے وجود میں اُس کو دیکھنے والی آنکھ نہیں۔

جسم کو لہو ولعب اور اُنس کا گھر تخلیق کیا۔ بس اُس کے وجود کی عمارت بنا کر راست کر کر دی۔

جب وہ گھر برابر ہو کر قائم ہوا تو اُسے زندہ کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے روح آگئی۔

موت کو فرمایا میرے بندوں کو اپنے پاس لے آ۔ تو اُسے اُس کے لئے

کے ساتھ بلایا۔
اُس کے لئے تجلی ہوئی تو اُس نے کہا! الٰہی میرے اُنس کا گھر کہاں ہے؟
تو کہا! تو اُسے بھول نہیں سکتا۔
میں اُس گھر کو کیسے بھول جاؤں جس کے قویٰ تمہارے قویٰ سے مقرر ہیں
تو یہ وُہ ہے جس کے مشابہہ نہیں۔
اے میرے اللہ اور میرے سردار اور میرے اعتماد ہم نے اِس سے سوائے
اِس کے معنوں کے عشق نہیں کیا۔
آپ نے ہمیں اُس چیز کا علم دیا جو ہم رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زبان
سے چاہتے ہیں وہ رسُول جو بلندی سے آتے ہیں۔
فرمایا! اُس پر اُس کی خواہش کا گھر لوٹا دو رُوح نے سچ کہا ہے کہ
وہ اِس کی خواہش رکھتا ہے۔
پس ہمیں ہمیشگی کے لشتے کی طرف لوٹا دیا۔ اور ہم وہاں ہمیشہ رہنے
والوں سے خوش ہیں۔
اُسے قویٰ کے اعتدال پر تعمیر کیا اور اُس کے لیے اور اُس کے لئے
تجلّی فرمائی جس کے ساتھ تقویت دی۔
اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ اس باب میں اللہ تبارک
وتعالیٰ کے اُن بندوں کا ذکر ہوگا جن کا نام ملامتیہ ہے یہ وہ لوگ ہیں
جو ولایت کے انتہائی درجہ کو پہنچ جاتے ہیں اور سوائے نبوّت کے
ان کے اوپر کوئی درجہ نہیں۔ ولایت میں اس مقام کا نام مقامِ قربت
ہے۔ اور قرآن مجید سے اُن کی آیت یہ ہے

www.maktabah.org

حُور، مَقصُورات فی الخیام — خوبصورت حُوریں خیموں میں پردہ نشین ہیں۔
الرّحمٰن آیت ۷۲

اُس نے ان کی خبر جنتی عورتوں کی تعریف سے دی ہے اور اُس کی حُوریں اللہ تبارک و تعالیٰ کے اُن بندوں کو کہا ہے جو اُس کی طرف قطع ہو چکے ہیں لینی علائق دنیوی کو ترک کر چکے ہیں۔

وُہ محبُوس محفُوظ ہیں

انہیں غیرتِ الٰہی کی حفاظت نے کائنات کے گوشوں کے خیموں میں محفوظ و محبُوس کر رکھا ہے۔ تاکہ اُن کی طرف نظر بڑھ کر انہیں مشغُول نہ کر دے، نہیں خدا کی قسم! انہیں اُن کی طرف خلقت کی نظر انہیں مشغول نہیں کر سکتی لیکن مخلوق میں یہ وُسعت نہیں کہ اِس طائفہ کے منصب کی بلندی کے لیے ان کا حق ادا کرنے پر کھڑے رہ سکیں۔

چنانچہ بندے اِس اَمر میں ٹھہر جاتے ہیں اور اُن کی طرف کبھی نہیں پہنچ سکتے کیونکہ اُن کے اعمال ظاہرہ سے ظواہر عادات و عبادات کو محبوس کر دیا جاتا ہے اور وُہ اِس سے فرائض و نوافل کی دائماً پابندی کرتے ہیں

خرق عادات سے مشہور نہیں ہوتے

یہ لوگ خرقِ عادت کے ساتھ متعارف نہیں ہوتے اور لوگ اُن کی تعظیم نہیں کرتے۔ اور ان کی طرف اُس درستگی اور اصلاح کا اشارہ کرتے ہیں۔ جو عُرف عام میں پائی جاتی ہے۔ باوجود اس کے کہ اُن میں فساد ظاہر نہیں ہوتا، پس یہ لوگ چھُپے ہُوئے، نیک اور امین ہوتے ہیں۔ اور دُنیا میں

www.maktabah.org

لوگوں سے چھپے رہتے ہیں۔

حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پروردگار عزوجل سے روایت بیان کی ہے۔

اِنَّ اَغْبَطَ اَوْلِیَائِی عِنْدِی لَمُؤْمِنٌ خَفِیْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنْ صَلوٰۃٍ اَحْسَنَ عِبَادَۃَ رَبِّہٖ وَاَطَاعَہٗ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَۃِ وَکَانَ غَامِضًا فِی النَّاسِ۔

الحدیث

میرے بہترین دوستوں سے میرے نزدیک وہ مومن ہے جو سبک سار نمازی اور جو اپنے پروردگار کی احسن طریقے سے عبادت کرتا ہے۔ اور ظاہر چھپے اُس کی عبادت کرتا ہے اور لوگوں میں پوشیدہ ہو کر رہتا ہے۔

مراد یہ ہے کہ یہ لوگ بہت بڑی بڑی عبادات کے ساتھ لوگوں میں پہچانے نہیں جاتے۔ اور ظاہر چھپے حرام چیزوں کے نزدیک نہیں جاتے۔

یہ سیاہ رُو ہوتے ہیں

بعض لوگوں نے ایک عارف سے ان کی صفت پوچھی تو اُس نے کہا یہ لوگ دنیا آخرت میں اسود الوجہ یعنی سیاہ رو ہوتے ہیں۔ کیونکہ اس سے مراد وہ امر ہے جو ہم نے اِس طائفہ کے احوال سے ذکر کیا سیاہ روئی سے مراد یہ ہے کہ تجلیات حق تعالیٰ میں دُنیا و آخرت کے تمام اوقات میں یہ لوگ فارغ ہوتے ہیں۔

ہمارے نزدیک النسان کے لئے آئینہ حق میں جو تجلی ہوتی ہے وہ اُس میں اپنی ذات اور مقام کے علاوہ نہیں دیکھتا اور وہ اکوان سے ایک کون ہے اور کون حق کی روشنی میں ظلمت ہوتی ہے چنانچہ اس کا مشاہدہ وہ اپنی سیاہی

www.maktabah.org

ے علاوہ نہیں کرتا۔ کیونکہ کسی چیز کی وجہ یا اُس کا چہرہ اُس کی حقیقت اور اُس کی ذات ہوتی ہے۔ اور تجلّی دائمی نہیں ہوتی مگر بطورِ خاص یہ تجلّی اِس طائفہ کے لئے ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ لوگ دنیا و آخرت میں حق تعالیٰ کے ساتھ ہیں ہم اُن کی دائمی تجلّی کا ذکر کر چکے ہیں اور وہ افراد ہیں دلیکن اگر تصویر سے مراد سیادت ہو اور وجہ سے مراد حقیقتِ انسان ہو یعنی دنیا و آخرت میں اُس کی سیادت ہے۔ تو یہ ممکن ہے اور یہ امر رسولوں کے لئے مخصوص ہے۔ کیونکہ یہ اُن کا کمال ہے۔ اور اولیاء میں کمی پائی جاتی ہے۔

کیونکہ رسول اظہارِ شریعت میں اضطراری حالت میں ہوتے ہیں اور اولیاءؑ کے لئے یہ امر نہیں۔ کیا آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ نے جب دین کو مکمّل فرمایا تو اُس سورت میں آپ کو آپ کے وصال کی کیسے خبر دی جس میں آپ کی طرف سے یہ آیات نازل فرمائیں۔

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ وَالۡفَتۡحُ ۙ وَرَاَيۡتَ النَّاسَ يَدۡخُلُوۡنَ فِىۡ دِيۡنِ اللّٰهِ اَفۡوَاجًا ۙ فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ وَاسۡتَغۡفِرۡهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۚ نصر آیت اوّل تا آخر۔

جب اللہ کی مدد اور فتح آپہنچے اور آپ لوگوں کو دین میں فوج در فوج داخل ہوتا دیکھ لیں تو اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید اور استغفار کریں یقیناً وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

یعنی آپ اپنی ذات اپنے رب کریم کی اُس پاکیزگی اور ثناء بیان کرتے میں مشغول رکھیں۔ جو اُس کی شان کے لائق ہے چنانچہ جب تبلیغ رسالت کا وہ کام مکمّل ہو گیا جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی مراد تھا۔ تو اِس امر کے ساتھ دنیا سے آپ کا انقطاع کر دیا اور استغفار کے ساتھ اِس امر کو طلب کیا تاکہ آپ کو اپنی حفاظت کے حجاب میں مخلوق سے پوشیدہ کر دے اور مخلوق سے الگ

www.maktabah.org

ہو کر آپ کا تعلق اُس کی ذات کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے منفرد ہو جائے کیونکہ تبلیغ و ارشاد کے زمانہ میں آپ حقوقِ رسالت کی ادائیگی میں مشغول تھے۔

چنانچہ اس میں بھی آپ کے لئے ایک ایسا وقت مقرر تھا جس میں آپ کے پروردگار کے سوا اور کسی کی گنجائش نہ تھی اور وہ تمام اوقات جن میں آپ خلقت کے امور پیشِ نظر رکھتے تھے۔ آپ کو اس ایک وقت کی طرف لوٹا دیا اور آپ خلقت کے ساتھ جن اوقات میں مشغول رہتے تھے ان کا حائل ہونا ختم کر دیا اگرچہ آپ کی وہ مشغولیت بھی حق تعالیٰ کے امر سے تھی۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ "اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا" یعنی اللہ تبارک مصاحبت کا رجوع فرمانے والا ہے۔ ان میں متعدد وجود کی وجہ سے مخلوق کے لئے آپ کے پاس اس میں مداخلت نہیں ہوگی

حضرت ابوبکرؓ کا رونا

جب حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس سورت کی تلاوت فرمائی تو باقی مجلس کے برعکس حضرت ابوبکر صدیقؓ اکیلے رونے لگے جب کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اللہ تبارک و تعالیٰ اس امر کا علم عطا فرما دیا گیا تھا کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس کا وصال ہو جائے گا اور ابوبکر اس امر کو زیادہ جاننے والے تھے اور حاضرین اُن کے رونے سے متعجب ہو گئے اور رونے کے سبب کو نہ جان سکے۔

ولی اپنا اختیار خدا کے سپرد کر دیتا ہے

اولیاءِ کبار جب اپنے نفوس کو ترک کر دیتے ہیں تو ان میں سے کوئی

www.maktabah.org

ایک بھی ظاہر ہونے کا ہرگز اختیار نہیں رکھتا، کیونکہ انہیں علم ہوتا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انہیں اُن کے لئے پیدا نہیں فرمایا اور نہ مخلوق میں سے کسی ایک کے لئے پیدا کیا ہے کہ وہ قصدِ اوّل کے ساتھ اُس سے تعلق رکھے اور بے شک اللہ تعالیٰ سبحانہٗ نے انہیں اپنے لئے پیدا فرمایا ہے۔ تو انہوں نے اپنے نفوس کو اُس کام میں مشغول کر لیا جس کے لئے انہیں پیدا کیا گیا تھا چنانچہ اگر حق تعالیٰ انہیں اُن کے اختیار کے بغیر ظاہر فرما دے جس کے ساتھ مخلوق کے دلوں میں اُن کی تعظیم مقرر کر دے تو یہ امر اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کی طرف اس میں اُن کا عمل اپنا نہیں اور اگر انہیں پوشیدہ فرما دے تو لوگوں کے دلوں میں قدر اور تعظیم پیدا نہ فرمائے تو یہ بھی اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہے تو ان کو اللہ تبارک و تعالیٰ کے اختیار کے ساتھ کوئی اختیار نہیں اور اگر انہیں اختیار حاصل ہو جائے تو لازماً اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے مخلوق سے پردہ اور انقطاع کر لیتے ہیں۔

جب کہ اُن کا حال اپنے نفوس سے اپنے مرتبوں کو چھپانا ہے۔ تو وہ اپنے غیر سے کیسے پردہ نہیں کریں گے۔

یہ لوگوں میں رہتے ہیں مگر؟

ہم پر لازم ہے کہ اُن کی حفاظت کی منزلیں بیان کریں چنانچہ اُن کی حفاظت کی منزلوں سے یہ ہے کہ وہ جماعت کے ساتھ فرائض نماز کی ادائیگی اور لوگوں کے ساتھ۔ ہر شہر میں داخل ہوتے ہیں۔ اور وہ اُس شہر کے لوگوں کی پوشاک نہیں پہنتے اور نہ ہی مسجد میں کسی مقام کو اپنا ٹھکانا بناتے ہیں بلکہ مسجد میں اُن کے ٹھکانے مختلف ہوتے ہیں۔ جس میں جمعۃ المبارک نماز ہوتی

www.maktabah.org

ہے یہاں تک کہ اُن کی آنکھ سے لوگوں کی کثرت میں ضیاع نہ ہو۔ جب لوگ گفتگو کرتے ہیں تو وہ بھی اُن کے ساتھ کلام کرتے ہیں۔ اور اس پر اپنے کلام میں حق تعالیٰ کو رقیب دیکھتے ہیں اور جب لوگوں کا کلام سنتے ہیں تو ایسے ہی سنتے ہیں اور سوائے اپنے ہمسائے کے دُوسرے لوگوں کے ساتھ مجلس نہیں کرتے یہاں تک کہ اُن کا شعور نہیں کیا جاسکتا۔ وہ چھوٹے بچوں اور بیوگان کی ضرورتیں پوری کرتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا کے مطابق اپنی اولاد اور اپنے اہل خانہ سے ہنستے کھیلتے اور مزاح کرتے ہیں۔ اور حق کے سوا کچھ نہیں کہتے۔ اور اگر کسی مقام میں پہچانے جائیں تو دوسرے مقام کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔ اگر منتقل کسی کے لئے ممکن نہ ہو تو اپنے جاننے والوں سے لوگوں کی حاجات پوری کرنے میں الحاح کے ساتھ سفارش کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے لوگ اُس سے مُنہ پھیر لیتے ہیں اور اگر اُس کے پاس صُورتوں میں تحویل کا مقام ہو تو تحویل کر لیتے ہیں۔ یعنی دُوسری صُورت میں آجاتے ہیں۔ جیسا کہ روحانی بنی آدم کی صُورت میں متشکل ہو جاتے ہیں۔ اور اُن کی پہچان نہیں ہوتی کہ یہ فرشتے ہیں۔ کذیب البان کا حال یہی تھا۔ اور یہ تمام اُس وقت تک ہوتا ہے جب اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کے اظہار اور اُس کی شہرت کا ارادہ نہیں کرتا۔ کہ وُہ پہچانا جائے۔

وُہ اللہ کے ساتھ ہوتے ہیں

پھر یہ طائفہ اُس مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں ہے اس لئے کہ اُن کے قلوب غیر اللہ کی مداخلت سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔

یا یہ کہ وُہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کائنات میں سے کسی کے ساتھ تعلق

www.maktabah.org

پیدا نہیں کرتے۔
اُن کا اُٹھنا بیٹھنا اور بات کرنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوتا ہے۔
وہ اللہ تبارک وتعالیٰ میں دیکھتے ہیں۔
وہ اللہ تعالیٰ کی طرف کوچ کرتے اور پھرتے ہیں۔
وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کلام کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے سنتے ہیں۔
اُن کا توکّل اللہ تعالیٰ پر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک رہتے ہیں۔
اُن کے لئے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معرُوف مشہود نہیں۔
وہ اپنے نفوُس سے اپنے نفوُس کی حفاظت کرتے ہیں۔
اور اُن کے نفوس اُنہیں نہیں جانتے۔

پس وہ غیابات الغیاب میں پردہ نشین ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ اور مخلصین لوگوں میں سے ہیں۔ وہ کھانا کھاتے ہیں۔ اور بازاروں میں چلتے ہیں مگر اُن کا چلنا اُن کا پردہ ہے۔ اور کھانا اُن کا حجاب ہے۔ اس باب میں مذکورہ اس طائفہ کی یہی حالت ہے۔

تتمّہ شریفہ

اِس باب سے ہم بیان کرتے ہیں کہ اِس حضرت سے رسُولوں کی بعثت ہوتی ہے اُن سب پر اللہ تعالیٰ کا سلام ہو۔ وہ شارع ہوتے ہیں اور اُن کے ساتھ اِن لوگوں کو اتباع کرنے والا پایا جاتا ہے۔ اور اُن کے امر کے ساتھ اور اُن کی عینِ واحدہ سے اُن کے امر کے ساتھ اُن کا قائم ہونا ہے۔ جس سے انبیاء ورُسل علیہم السّلام اپنی شریعتوں کو اخذ کرتے ہیں۔ اور اسی سے اولیاء اللہ اخذ کرتے ہیں۔ جو اس میں ان کی اتباع کرتے ہیں تو وہ عالمین کی

www.maktabah.org

بصیرت پر تابعین ہیں۔ جس امر کے ساتھ اُن کی اتباع کرتے ہیں اور جس امر میں اُن کی اتباع کرتے ہیں۔

یہ عارفین رسولوں کی منزلوں کو جاننے والے ہوتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے راستوں کے طریقوں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اپنے مقدر کو جانتے ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ سچ فرماتا ہے اور وہی سیدھے رستے پر چلاتا ہے۔

الحمد للہ سولھویں جزو اور بیسویں بارے کا ترجمہ ختم ہوا۔

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

چوبیسواں باب

علومِ کونیہ اور اُن کے ضمن میں آنیوالے عجائبات کی معرفت اور عالم سے ان علوم کو حاصل کرنے والوں کا بیان اور اُن کے اقطاب کے مراتب اور دونوں شریعتوں کے درمیان اسرارِ اشتراک اور عالمِ انفاس اور انفاس کے ساتھ عشق رکھنے والے قلوب اور اُن کی اصل اور ان کے لئے منزلوں کی انتہا کا بیان۔

تعجبت من ملك يعود بنا ملكا ومن مالك أضحى لمملوكه ملكا
فلملك ملك الملك ان كنت ناظما من اللؤلؤ المنثور من علمنا سلكا
فخذ عن وجود الحق علما مقدسا ليأخذ ذاك العلم من شاءه عنكا
فإن كنت مثلي في العلوم فقد ترى بأن الذي في كونه نسخة منكا
فهل في العلى شيء يقاوم أمركم وقد فتكت أسيافكم في الورى فتكا
فلو كنت تدري يا حبيبي وجوده ومن أنت كنت السيد العلم الملكا
وكان الله الخلق يأتيك ضعفما أتيت اليه ان تحققته ملكا

مجھے اُس بادشاہ سے تعجب ہے جس کی ملکیت ہمارے ساتھ لوٹتی ہے۔ اور اُس بادشاہ سے تعجب ہے جو اپنی مملوک کے لئے بادشاہ ہے۔

تو یہ ملک کا بادشاہ ہے اگر ہمارے علم سے بکھرے ہوئے موتیوں کو پرونا چاہو تو پرو لو۔

وجودِ حق سے پاکیزہ علوم لے لیں تاکہ خواہش مند آپ سے علم کو اخذ کرے اور اگر آپ علوم میں مجھ جیسے ہیں تو اُس کے ساتھ دیکھیں جو آپ سے اُس کی کون میں نسخہ ہے۔

www.maktabah.org

تو کیا بلندی میں کوئی چیز تمہارے امر کے مقابل ہو کیں تمہاری تلواریں وری میں جرأت کرتی ہیں۔

اے میرے حبیب اگر آپ اُس کے وجود کو جان لیتے اور یہ جان لیتے کہ آپ کون ہیں تو پرچم کے سردار اور بادشاہ ہوتے۔

اگر آپ خلقت نے معبود کو تحقق کے ساتھ بادشاہ مان لیتے تو وہ آپکے پاس اُس سے کئی گنا زیادہ آتا جتنا آپ اُس کے پاس آتے۔

بادشاہ رب تعالیٰ ہے

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جان لیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا ہے!

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ — تم مجھ سے دُعا کرو میں تمہاری دُعا قبول کروں گا

المومن آیت ۶۰

جب آپ نے یہ جان لیا تو جان لیں کہ یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ ہر چیز کا رب اور اُس کا مالک ہے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کے سوا ہے اس رب کا مربوب اور اُس حق سبحانہ تعالیٰ بادشاہ کی ملکیت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ عالم کا بادشاہ ہونا انہی معنوں میں ہے اور اُسی کا عالم میں تصرف ہے اور وہ اس پر بغیر رکاوٹ کے جو چاہے کرے اور عالم اُسی بادشاہ، سردار جلّ وعلا کا محلِ تاثیر ہے۔

جواب دو جواب

پس وہ حالات متنوع ہیں جن پر عالم ہے اور وہ اس میں حق تعالیٰ کا تصرف ہے جو چاہے حکم کرے۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

کَتَبَ رَبُّکُمْ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ — تمہارے رب نے اپنی ذات پر رحمت لکھ دی ہے

الانعام آیت ۵۴

www.maktabah.org

پس حق تبارک وتعالی نے رحمت کے وجوب میں اپنی ذات کے ساتھ اپنے بندے کو شریک کیا ہے اگرچہ وہی ذات ہے جس نے خود پر اُسے واجب کیا جو واجب لیا، پس اُس کا کلام سچا اور اُس کا وعدہ حق ہے جیسا کہ انسان ابتداء میں اپنی ذات پر نذر واجب کر لیتا ہے۔ جو اُس پر حق تعالیٰ نے واجب نہیں کی تو جب اللہ تبارک وتعالیٰ اُس پر واجب کر دیتا ہے جو انسان نے خود پر واجب کر لیا تھا تو اُس نذر کو پورا کرنے کا حکم دیتا ہے۔

پھر ہم نے دیکھا کہ اللہ تبارک تعالیٰ بندے کی دعا قبول نہیں کرتا مگر اُس کے دُعا کرنے کے بعد جیسا کہ مشروع ہے۔

جیسا کہ عبد حق تعالیٰ کو اُس وقت جواب دیتا ہے جب اُسے حق تعالیٰ اُس امر کی طرف بلاتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے! "فلیستجیبوالی" یعنی لوگ میری اطاعت کریں۔

پس عبد اور عالم جو کہ حق تعالیٰ کی ملکیت ہے اس میں تصرفِ الٰہی احمی کی جانب ہے جس کا ذاتی طلب میں حقیقتِ عالم اقتضاء کرتی ہے اور دوسری تصرف وہ ہے جس کا اقتضاء شریعت کا وضع ہونا کرتا ہے۔

جب یہ امر اُس بات پر ہے جس کا ہم نے ذکر کیا کہ حق تعالیٰ بندے کے امر کو اُس وقت قبول فرماتا ہے جب وُہ دعا کرتا ہے۔ اور اُس سے سوال کرتا ہے جیسا کہ بندہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے امر کو قبول کرتا ہے جب وہ اسے حکم دیتا ہے اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ ارشاد ہے!

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِیْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ — تم میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا۔

البقرہ آیت ۴۰

www.maktabah.org

توقیفیہ میں شرکت ہے جب کہ حق تعالیٰ بذاتہٖ اس اَمر کا اقتضاء کرتا ہے کہ اُس کے لئے بندے کا تذلّل یعنی عجز و نیاز مندی ہے اور یہ برابر ہے کہ اُس نے اپنے بندے کے لئے اعمال مشروع کئے ہوں یا نہ کیئے ہوں۔

ایسے ہی اُس کے وجودِ عین کی بقاء کے ساتھ بندہ کے لئے حفاظتِ حق ہے اور برابر ہے کہ حق تعالیٰ اُس کی شریعت کو مشروع کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ پھر جب بندہ کے لئے اعمال مشروع فرمائے اور جب بندے نے اُس پر عمل کیا تو اپنی ذات کیلئے قانون بنایا کہ اُس فعل پر بندے کو جزاء عطاء فرمائے جس کے ساتھ اُسے مکلّف فرمایا تھا۔

پس وہ جنابِ عالی اُس ملک یعنی عالم کی بادشاہ ہے جس کے ساتھ اس میں سوال کے وقت بندے کا اثر عطاء سے ظاہر ہوتا ہے۔ تو اُس پر اس صفت کا اطلاق ہوگا جس سے مالک الملک ہونا تعبیر ہوتا ہے تو وہ سبحانہٗ اس کا مالک اور بادشاہ ہے۔ جس کے ساتھ اپنے بندوں کو حکم فرماتا ہے اور وہ سبحانہٗ بادشاہ ہے کہ اُس کے حکم کے مطابق بندہ کہتا ہے "رَبِّ اغْفِرْ لِی" یعنی اے میرے پروردگار مجھے بخش دے جیسا کہ حق تعالیٰ نے اُسے فرمایا ہے۔

أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِي — اور میری یاد کے لئے نماز قائم رکھیں

طٰہٰ آیت ۱۴

خدا کا حکم بندے کی دُعا

پس حق تعالیٰ کی جانب سے جو کچھ بندے کے لئے ہوتا ہے اُس کا نام امر یعنی حکم ہے۔ اور جو کچھ بندے کی طرف سے حق تعالیٰ کے لئے ہوتا ہے اُس

www.maktabah.org

کا نام دعائے ادبِ الٰہی ہے اور یہ حقیقت امر پر ہے۔ کیونکہ یہ صفت ایک ساتھ دو امروں پر مشتمل ہے اور میرے علم میں سب سے پہلے اس اسم کی یہ اصطلاح محمد بن علی حکیم ترمذی سے آئی ہے۔ اور اس کے علاوہ یہ لفظ ہم نے کسی سے نہیں سُنا۔ ہو سکتا ہے کہ اس سے پہلے بھی کسی نے یہ اصطلاح استعمال کی ہو اور ہمیں نہ پہنچی ہو مگر یہ امر درست ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ پر عقلاً کسی امر کا واجب ہونا متکلمین میں سے اہلِ نظر کے درمیان اختلافی مسئلہ ہے چنانچہ بعض اس کے قائل ہیں اور بعض نہیں مگر واجباتِ شرعیہ؟ تو ان کا انکار وہی کر سکتا ہے جو خدا کے نازل کردہ پر ایمان نہیں لاتا

اسم نسبت سے قائم ہوتا ہے

جاننا چاہیے کہ دو اضافتوں والے کے لئے لازم ہے کہ دونوں اضافتوں سے ہر ایک کے لئے ایک اسم ہو جو اُسے اضافت عطا کرتا ہے جب آپ "زید" کہیں گے تو وہ بلاشک انسان ہے اس سے اس کے علاوہ نہیں سوچا جائے گا۔ اگر آپ عمرو کہیں گے تو وہ انسان ہے اس کے علاوہ نہیں سمجھا جائے گا چنانچہ جب آپ کہیں گے کہ زید بن عمرو یا زید عبد عمرو تو بلاشک زید کے لئے بیٹا ہونے کی بات ہوئی اور جب کہا کہ ابنِ عمرو تو زید کے اسم باپ کی بات ہوئی تو زید کی بنوّت عمرو کو اُبوّت اور زید کو بنوت عطا کرتی ہے تو دونوں اضافت والوں میں سے ہر ایک نے اپنے ساتھی کے لئے وہ معنی پیدا کیے جس سے وہ اضافت سے پہلے متصف نہ تھے۔

ایسے ہی زید عبد عمرو عبدیت عطا کرتا ہے کہ زید مملوک ہو اور عمرو مالک ہو تو بے شک مملوکیتِ زید نے عمرو کے لئے اسم مالک پیدا کیا اور عمرو

www.maktabah.org

کی ملکیت نے زید کو اِسمِ مملوک دیا تو اُس کے حق میں مملوک اور عمرو کے کے حق میں مالک کہا گیا۔

پس ان دونوں میں سے کسی ایک کے لئے اس اضافت کے پائے جانے سے پہلے یہ دونوں نام نہیں کہے جاتے تھے۔ پس حق حق ہے اور انسان انسان۔

اللہ تعالیٰ بادشاہ ہے

جب آپ کہیں گے کہ انسان یا لوگ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں تو اس سے لازماً آپ نے یہ کہا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ لوگوں کا بادشاہ ہے اگر آپ اس کے بادشاہ ہونے کے ایک جملہ کو ذہن سے وجود عالم کو اُٹھانے پر قادر ہیں تو ارتفاعِ عالم کے لئے وجودِ حق تعالیٰ کو نہیں اُٹھایا جا سکتا اور بادشاہ کے معنیٰ میں حق تعالیٰ سے ارتفاعِ وجود لازمی ہے۔

چونکہ وجودِ حق تعالیٰ کے ساتھ وجودِ عالم فعلاً اور اصلاً حیثاً مربوط ہے لہٰذا اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے اِسمِ ملک ازلی ہے اور اگرچہ عین عالم عین میں معدوم ہے لیکن جو موجودہ مفعولیت اِسمِ مالک کے ساتھ مربوط ہے وہ وجوداً اور تقدیراً اور قوۃً اور فعلاً اللہ تبارک و تعالیٰ کی مملوک ہے پس اس پر غور فرمائیں اور سمجھ لیں کہ حق اور عالم کے درمیان امتیازِ حقائق کے سوا ہرگز دوری کا شعور نہیں ہوتا۔

معیتِ الٰہی کیسے ہے؟

اللہ تبارک و تعالیٰ پاک اور سبحان ہمیشہ سے ہے ایسے ہی ہمیشہ

www.maktabah.org

رہے گا ایسے ہی اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں تو ہمارے ساتھ اُس کی معیت اُس طرح ہے جس طرح اُس کے جلال کا حق ہے اور جیسا کہ اُس کے جلال کو حق پہنچتا ہے۔ اگر وہ اپنی ذات کے لئے یہ نسبت نہ فرماتا کہ وہ ہمارے ساتھ ہے تو عقل اس کا اقتضاء نہیں کرتی کہ اُس پر معیت کے معنوں کا اطلاق کیا جائے جیسا کہ عقل سلیم اس سے نہیں سمجھ سکتی۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے معیت کا اطلاق اپنی ذات پر کیا تو یہ دُنیا کی ایک دُوسرے کے ساتھ معیت ہے کیونکہ "لیس کمثلہٖ شیٔ"، یعنی اُس مثل کوئی چیز نہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ — اور تم جہاں کہیں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہے۔

سورہ حدید آیت ۴

اور حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السّلام کے لئے فرمایا!

إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَىٰ — میں تمہارے ساتھ ہوں سب کچھ سُنتا اور دیکھتا ہوں۔

طٰہٰ آیت ۴۶

پس ہم کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ اُس صفت پر ہمارے ساتھ ہے جو اُس نے بیان فرمائی اور اُس معنیٰ کا ساتھ ہے جو اُس کا ارادہ ہے اور ہم نہیں کہتے کہ ہم حق کے ساتھ ہیں کیونکہ یہ وارد نہیں ہُوا اور نہ ہی عقل یہ امر عطا کرتی ہے کہ ہم خود کو حق کے ساتھ کہیں اور نہ ہمارے لئے عقلی اور شرعی وجہ ہے جس کے ساتھ یہ اطلاق ہو سکے کہ ہم حق کے ساتھ ہیں اور اہل اسلام سے جو اس انیت کی نفی کرتا ہے تو وہ ناقص الایمان ہے کیونکہ عقل اس سے انیت کے معنوں کی نفی کرتی ہے اور شرع سُنّت میں ثابت ہے نہ کہ کتاب میں، جو لفظِ انیت کے اطلاق کا اللہ تبارک و تعالیٰ پر اثبات کیا

www.maktabah.org

جائے تو یہ نہ متعدی ہے اور نہ اس پر قیاس کیا جا سکتا ہے اور اس کا اطلاق اُس مقام پر ہو گا جہاں شارع نے اطلاق فرمایا ہے۔

خدا کہاں ہے؟

حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اُس سیاہ کنیز کو فرمایا جسے اُس کے آقا نے مارا تھا کہ اللہ کہاں ہے؟ اُس نے آسمان کی طرف اشارا کر دیا، پس آپ نے اُس کے اشارے کو قبول فرمایا اور اُس کے آقا سے فرمایا! اسے آزاد کر دے کیونکہ یہ مومنہ ہے۔

پس اینیت کے لئے سوال کرنے والا تمام لوگوں سے زیادہ عالم ہے اور وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہیں۔ بعض علمائے رسوم نے اس کنیز کے آسمان کی طرف اشارہ کو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے قبول فرمانے کی یہ تاویل کی ہے کہ زمین میں لوگ اللہ تبارک وتعالیٰ کے علاوہ معبودوں کو پوجتے ہیں یعنی انہوں نے زمین پر معبود بنا رکھے تھے عجب کہ یہ تاویل امر واقعی کو نہ جاننے والے جاہل کی ہے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ عرب آسمان کے ستارے کی عبادت کرتے تھے جس کا نام شعری تھا اور جسے اُن کے لئے ابوکشبہ نے مقرر کیا تھا اور اُن لوگوں کا اس میں یہ یہ اعتقاد تھا کہ وہ رب الارباب ہے مجھے اُن کی مناجات پر ایسے ہی واقفیت حاصل ہوئی ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس لئے فرمایا ہے۔

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى اور یہ کہ وہی ستارہ شعری کا رب ہے۔

سورہ النجم آیت ۴۹

اگر آسمان میں ستارے کی پرستش نہ ہوتی تو اس تاویل کرنے والے

www.maktabah.org

کے لئے اِس تاویل کی گنجائش ہوتی اور یہ ابُوکبشہ جس نے شعریٰ کی عِبادت رائج کی تھی حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی والدہ مکرّمہ کے اجداد کے خاندان سے تھا اور اسی لئے عرب کے لوگ حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی نِسبت اُس کی طرف کرتے ہوئے کہتے ابنِ ابی کبشہ نے کیسا دین نکالا ہے جس میں ایک معبُود کی عبادت کے لئے کہا جاتا ہے جیساکہ ابُوکبشہ نے کی بدعت جاری کی تھی۔

اِس مقام کے اقطاب

اِس مقام کے اقطاب میں سے ہم سے پہلے محمد بِن علی حکیم ترمذی اور ہمارے مشائخ سے ابُومدین رحمۃ اللہ علیہ تھے، جب کہ عالمِ علوی میں ابی نجادیہ تھے جِن کا نام اہلِ روحانیت میں معرُوف ہے وہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے قرآن مجید سے میری سُورت "تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ" ہے۔

اِسی بنا پر ہم اُن کے حق میں کہا کرتے ہیں کہ وُہ دو اماموں میں سے ایک امام ہیں کیونکہ یہ امام کا مقام ہے۔

پھر ہم کہتے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ عبدِ مُضطر کی اُس دُعا کو قبول فرماتا ہے جو اُس نے سوال کیا تھا تو وُہ اِس متصرّف کی مانند ہے۔ اسی لئے ابُومَدین نے اپنے قول میں اشارہ کرتے ہُوئے کہا کہ وُہ مالک المُلک ہے۔

اور رہی اِس اضافت کی صِحت تو یہ اِس لئے ہے کہ بندے کے ہر سانس میں یہ اَمر مُتحقق ہو جائے کہ وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ملکیّت ہے، بغیر اِس کے کہ اِس حال کے دعوٰی میں تناقض خلل انداز ہے۔

جب یہ مشابہت ہو گی تو اُس وقت اُس پر صادق آئے گا کہ وُہ اُس کے

www.maktabah.org

نزدیک ملکیّت ہے۔ اگرچہ دعوٰی سے اُس کا کچھ حِصّہ پہنچا ہو اور یہ اِس طرح کہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ملکیت میں اُس کے حضُور سے عاری ہو کہ اپنی ذات کے لئے ملکیت کا دعوٰی کرے تو یہ وُہ اَمر ہے جس کا اُس نے اپنی ذات کے لئے ملک نام رکھا اور ملک اِس مقام پر نہیں اور نہ اُس کے لئے درست ہے کیونکہ حق تعالیٰ کے لئے کہا جاتا ہے کہ وہ مالک الملک ہے اگرچہ نفس الامر میں ایسے ہو مگر اُس نے اپنے جہل سے اِس دعوٰی کے ساتھ خُود کو اِس سے نکال دیا کہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ملکیّت ہے خواہ وہ کسی اَمر میں غافل ہُوا۔

پس اِس مقام والا میزان عظیم کا محتاج ہے جس سے وُہ اپنے ہاتھوں سے اور اپنے نصب العین سے نہیں نکلتا۔

دو شریعتوں کا اشتراک

وصل: رہا! دونوں شریعتوں کے درمیان اشتراک کے اسرار کا بیان تو وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اِس ارشاد کی مثل ہے۔

وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِي میری یاد کے لئے نماز قائم رکھیں

سورہ طٰہٰ آیت ۱۴

یہ مقام ختم الاولیاء کا ہے اور اِن دِنوں اِس کے رجال حضرت خِضر اور حضرت الیاس علیہما السّلام ہیں اور یہ ثانوی تقریر ہے جسے اوّل نے اُس درجہ سے ثابت کیا ہے جو اُسے مغائرتِ زمان کے باوجود ثابت کرتی ہے تاکہ متقدّم ومتاخر درُست ہوں۔

www.maktabah.org

بیک وقت دو شریعتوں والے

جب مکان اور حال تبدیل نہ ہو تو دوسرے کے لئے عین سے تکلیف کے ساتھ وہ خطاب واقع ہوتا جو اوّل کے لئے واقع ہوا تھا۔ اور جب یہ وجہ وہ ہو جو بغیر زمانے کے قید کے دونوں کو جمع کرتی ہے۔ اور اُس سے اخذ کرنا بھی زمانہ کی قید کے ساتھ نہیں تو دو شخصوں سے شریعت میں اشتراک جائز ہے۔ مگر عبارت اُس کے زمانے اور اُس کی زبان کو مختلف کردے گی۔ بشرطیکہ دونوں ایک ہی وقت میں ایک زبان کے ساتھ گفتگو کریں جیسا کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہا السلام ہیں۔ ان دونوں کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى — جاؤ طرف فرعون کے اُس نے سر اُٹھایا۔

سورہ طٰہٰ آیت ۴۳

باوجود اِس کے ان دونوں کو فرمایا!

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا — سو کہو اِس سے بات نرم

سورہ طٰہٰ آیت ۴۴

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے ارشاد قولاً کو نکرہ بیان فرمایا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بالخصوص فرماتے تھے کہ حضرت ہارون علیہ السلام مجھ سے زیادہ فصیح اللسان ہیں۔

پس ممکن ہے کہ دو شخص ایک مجلس میں عبارت میں مختلف ہو جائیں۔ چنانچہ دونوں کو ایک شخص یعنی فرعون کی طرف ایک رسالت

www.maktabah.org

کے ساتھ ایک مقام اور ایک وقت میں مبعوث فرمایا۔

ہمارے اصحاب و شیوخ سے ایک جماعت نے اس مثال کے وجود کو منع کیا ہے جیسا کہ ابو طالب مکی اور اُن کے علاوہ وہ شخص جو یہ بات کہتا ہے اور اس طرف گیا ہے اور یہی ہمارے نزدیک درست ہے کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ ایک شخص پر تجلی کی تکرار نہیں فرماتا اور نہ اس میں وسعت الٰہی کے لئے دو شخصوں کے درمیان اشتراک کرنا ہے۔ اور سوائے اس کے نہیں کہ دیکھنے اور سننے والے کا اُس مشابہت کے لئے وہم ہے۔ جیسے علیحدہ کرنا اُس کے لئے دشوار ہے۔

مگر اہلِ کشف اور متکلمین میں سے اِس کے قائلین کو دشوار نہیں جن کا کہنا ہے کہ عرض دو زمانوں میں باقی نہیں رہ سکتا۔

اور وسعتِ الٰہی سے ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر چیز کو اُس کی تخلیق عطا فرمائی اور عالم میں امر کے ساتھ ہر چیز میں امتیاز کیا۔ یہ وُہ امر ہے۔ جس سے اُس کے غیر سے تمیز ہوتی ہے۔ اور یہ ہر چیز کی انفرادیت ہے تو ایک مزاج میں دو چیزوں کا اجتماع نہیں ہوتا۔

وفی کل شیءٍ له آیة تدل علی انه واحد

اُس کے لئے ہر چیز میں نشانی ہے جو اُس کے واحد ہونے پر دلالت کرتی ہے

خلا اجتماعِ ضدین پر قادر ہے۔

چنانچہ سوائے ہر چیز کی احدیت کے علاوہ نہیں اور اس اَمر میں دو چیزیں ہرگز جمع نہیں ہوتیں جس میں امتیاز واقع ہو اور اگر اس میں اشتراک واقع ہوتا تو امتیاز نہ ہوتا جب کہ عقلاً اور کشفاً امتیاز ثابت ہے۔

www.maktabah.org

اِس باب میں اِس منزل سے چھوٹے پر بڑے کے اور تنگ پر کھلے کے وارد ہونے کا علم ہوتا ہے بغیر اِس کے کہ تنگ کو وسیع یا وسیع کو تنگ کیا جائے یعنی کسی چیز کو اُس کے حال سے تبدیل نہ کیا جائے نہ کہ اُس کی وجہ پر جس میں متکلمین سے حکماء اور اہلِ نظر گئے ہیں وہ حد حقیقت میں دونوں کے اجتماع کی طرف گئے ہیں نہ کہ جز میہ میں کیونکہ کسی چیز کا بڑا چھوٹا ہونا دونوں کے لئے حقیقت جامع میں مؤثر نہیں ہوتا۔

اِس باب میں یہ بھی ہے جو ابوسعید فرازؒ نے کہا!

ما عرف الله الا بجمعه بين الضدّين	یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نہیں پہچانا گیا مگر اُس کے دو ضدّوں کے درمیان جمع کرنے سے۔

پھر اُنھوں نے یہ آیت تلاوت کی۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ	وہ اوّل اور آخر اور ظاہر و باطن ہے

سورہ حدید آیت ۳

اُن کی مراد ایک وجہ سے ہے نہ کہ مختلف نسبتوں سے جیسا کہ عُلماءِ رسُوم سے اہلِ نظر اُسے دیکھتا ہے۔

حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی شریعت کیا ہوگی

جاننا چاہیئے کہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام لازماً نزول فرمائیں گے اور حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شریعت کے ساتھ ہم میں لازماً حُکم دیں گے جس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ اُن کی طرف اُن کے نبی ہونے کی وجہ سے وحی فرمائے گا۔ کیونکہ نبی سوائے اپنے مُرسل کے شریعت

www.maktabah.org

نہیں لیتا۔ چنانچہ فرشتہ اُن کے پاس اُس شریعت کی خبر لایا کرے گا جس کے ساتھ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے ہیں۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ اُنہیں الہام فرمائیں گے تو آپ اشیاء کی حلت وحرمت میں وہی حکم فرمائیں گے جو حکم حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اور اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام موجود ہوتے تو یہی حکم فرماتے ۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے ساتھ مجتہدین کے اجتہاد اُٹھ جائیں گے۔ اور ہم میں وہ اُس شریعت کے ساتھ حکم نہیں دیں گے جس پر وہ اپنے رسالت و دولت کے زمانہ میں تھے اور جس میں آپ، اُس کے ساتھ بحیثیت وحیِ الٰہی کے عالم تھے اور وہ جس کے ساتھ رسول اور نبی تھے اور وہ اُس شریعت پر ہونگے جس پر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں کیونکہ وہ اس امر میں آپؐ کے تابع ہونگے اور کبھی اُن کو بحیثیت کشف حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ مبارک پر اطلاع ہوگی۔ اور وہ آپ سے اُس امر کو اخذ کریں گے جو اُن کے لئے اللہ تعالیٰ کی شریعت ہوگی اور وہ اس کے ساتھ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت میں حکم دیں گے۔

حضرت عیسیٰ ؑ حضورؐ کے صحابی ہونگے

پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وجہ سے آپؐ کے تابع اور صحابی ہونگے اور اس وجہ سے خاتم الاولیاء ہونگے اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ شرف حاصل ہے کہ نبی اور صاحبِ کرامت رسول جو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں آپ کی اُمت کے ختم الاولیاء ہوں گے۔

www.maktabah.org

اور وہ اس اُمّتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام میں افضل ہیں۔

دو حشر ہوں گے

حکیم ترمذی نے اپنی کتاب ختم الاولیاء میں یہ خبر دی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور دوسرے لوگوں سے افضل ہیں۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اگرچہ اس اُمّت اور ملّتِ محمّدیہ کے ولی ہیں مگر نفس الامر میں وہ نبی اور رسول ہیں۔

پس قیامت کے دن اُن کے دو حشر ہوں گے ایک حشر نبوت و رسالت کے پرچم کے ساتھ انبیاء مرسلین علیہم السّلام کے ساتھ اپنے صحابیوں اور تابعیوں میں ہوگا اور ایک حشر حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پرچم کے نیچے اس اُمّت کے اولیاء کی جماعت میں ہمارے ساتھ ہوگا، وہ حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تابع ہونگے۔ اور حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر دنیا کے آخری ولی تک تمام اولیاء اللہ سے آگے ہوں گے یعنی اُن کے پیشوا ہوں گے۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ اُن کے لیئے ظاہر طور پر ولائیت اور نبوّت کو جمع فرمائے گا۔ اور قیامت کے دن سوائے حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے کوئی ایسا رسول نہیں ہوگا جس کی اتباع رسول نے کی ہو۔

کیونکہ قیامت کے دن حضرت عیسیٰ اور حضرت الیاس علیہ السّلام کا حشر حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے متبعین میں ہوگا اگرچہ حضرت آدم علیہ السّلام سے لیکر تمام نبی میدان محشر میں حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ہی اس پرچم کے نیچے ہوں گے اور آپ کا یہ پرچم عام ہوگا۔

www.maktabah.org

مخصوص ختم کا مقام

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُمت کے ساتھ بہ رحم کے بارے میں ہمارا کلام مخصوص ہے۔ اور ولائیتِ محمدیہ مخصوصہ کے لئے اس شریعت کے ساتھ جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لئے نازل ہوئی ایک مخصوص ختم ہے۔ جس کا رتبہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کم ہے۔ اس لئے کہ وہ رسول ہیں۔ اور ختم ہمارے زمانے میں پیدا ہوا اور میں نے اسے دیکھا بھی اور میں نے اس سے ملاقات کی۔ اور اس میں ختمیت کی نشانی دیکھی پس اس کے بعد ہر ولی اُسی کی طرف راجع ہوگا۔

جیسا کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا مگر آپؐ کی طرح راجع ہوگا۔ جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں پس قیامت تک ہر ولی کی نسبت اس ختم کے بعد ولائیت میں اُس طرح ہوگی۔ جیسا کہ ہر نبی کی نسبت نبوت میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد ہے۔ جیسا کہ اس اُمت میں حضرت الیاس، حضرت عیسیٰ اور حضرت خضر علیہم السلام ہیں۔

میں نے آپ کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کا بیان کر دیا ہے اس کے بعد جو چاہیں کہہ لیں اگر چاہیں تو دونوں شریعتوں کو عینِ واحدہ کہہ لیں اور اگر چاہیں تو شریعتِ واحدہ کہہ لیں۔

انفاس کا تعشق

وصل: دلوں کا انفاس کے ساتھ معاشقہ ہے کیونکہ ارواح

www.maktabah.org

رُوحانیہ کے خزائن نے مناسب کے لئے انفاسِ رحمانیہ کے ساتھ عشق کیا ہے۔

یمن سے رحمان کی ہوا

حضور رسالتِ مآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا! مجھے یمن کی جانب سے رحمان کی ہوا آتی ہے۔ مگر یہ کہ رُوحِ حیوانی نفس ہے۔ اور ان انفاس کی اصل عُشّاق کے دِلوں میں ہے جِس کے ساتھ وہ نفسِ رحمانی ہے جو یمن کی طرف سے ہے جِس کو اُس کے وطن سے نکالا گیا اور اُس کو اُس کے مسکن اور اُس کی سکونت کے درمیان حائل کیا گیا تو اِس میں قرب اور دُکھوں کو دُور کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔

اور حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا!

اِن للہ نفحاتِ فتعرضوا النفحات ربکم۔ اللہ تعالیٰ کے لئے ہوائیں ہیں پس اپنے رب کی ہواؤں سے لپٹ جاؤ۔

انفاس کی تعداد

اِن انفاس کی تعداد تین سو (۳۰۰) منازل کو منتہی ہوتی ہے۔ اور اِن منزلوں سے ہر منزل میں تینتیس نفس ہیں جو تین سو تیس (۳۳۰) کو تین سو تیس (۳۳۰) سے ضرب دینے سے نکلتے ہیں۔ پس حاصل ضرب اُن انفاس کی تعداد ہے جو عالمِ لبشری میں حق تعالیٰ کی طرف سے اُس کے اسمِ رحمان سے پیدا ہوتے ہیں یعنی ۳۳۰ × ۳۳۰ = ۱۰۸۹۰۰

میں نے اِن منازل کی جو تحقیق کی ہے اُس کے مطابق خاص حضرت

www.maktabah.org

اسفہوانیہ میں منازلِ انفاس کی تعداد دو سو سے زیادہ ہے۔

جب تین سو تیس (۳۳۰) کو پانچ سو تیس (۵۳۰) سے ضرب دی جائے گی تو اس ضرب کے بعد، آپ کے لئے جو عدد نکلیں گے وہ عالمِ انسانی میں انفاسِ رحمانیہ کی تعداد ہے یعنی ۳۳۰ × ۵۳۰ = ۱۷۴۹۰۰۔

صاحبِ منزل

وہ منازل جو غیر کے لئے نہیں اُن سے ہر نفس خاص تجلّیِ الٰہی سے مستقل علمِ الٰہی ہے۔ تو جو اِن انفاس سے خوشبو سونگھ لیتا ہے وہ ان کی مقدار کو جان لیتا ہے میں نے اِن اہلِ منازل میں سے کسی کو نہیں دیکھا جنہیں لوگ پہچانتے ہوں یہ حضرات اکثر طور پر بلادِ اندلس میں رہتے ہیں اِن میں سے میری ایک شخص سے بیت المقدّس اور مکّہ معظمہ میں ملاقات ہوئی تو میں نے ایک ۔سوزنہ اُس سے ایک مسئلہ کے بارے میں سوال کیا اُس نے مجھے کہا! کیا تو نے کسی چیز کی خوشبو سونگھی ہے اِس سے میں نے جان لیا کہ یہ اِس مقام پر فائز ہے اُس نے کچھ عرصہ میری خدمت کی علاوہ ازیں میرے والدِ گرامی کے سگے بھائی یعنی میرے سگے چچا جن کا نام عبدُاللہ بن محمّد عربی تھا وہ اِس مقام پر حِسّاً اور معناً فائز تھے۔ میں نے اپنے دورِ نادانیت اور اِس طریق کی طرف رجوع کرنے سے پہلے اُن سے اِس امر کا مشاہدہ کیا تھا اور اللہ تعالیٰ حق فرماتا اور راہِ ہدایت پر چلاتا ہے۔

الحمدللہ چوبیسویں باب کا ترجمہ ختم ہوا

www.maktabah.org

پچیسواں باب

وتد مخصوص معمر کی معرفت اور علوم اور ستر منزل سے اربعہ اصناف کے ساتھ مختص اقطاب کے اسرار و منازل اور اُس کا بیان جو اِس میں عالم سے داخل ہوا

ان الامور لها حد ومطلع | من بعد ظهر و بطن فيه تجتمع
في الواحد العين سر ليس يعلمه | الا مراتب أعداد بها تقع
هو الذي أبرز الاعداد أجمعها | وهو الذي ماله في العد متسع
مجاله ضيق وحب فصورته | كمناظر في مراة حين ينطبع
فما تكثر اذا أعطت مراتبه | تكثرا فهو بالتنزيه يمتنع
كذلك الحق ان حققت صورته | بنفسه وبكم تعلو وتتضع

یقیناً امور کے لئے پُشت کے پیچھے اور پیٹ میں حد اور مطلع ہے جس میں اُن کا اجتماع ہوتا ہے۔

ایک عین میں ایک بھید ہے جسے اُن مراتب اعداد کے علاوہ کوئی نہیں جانتا جو اِس کے ساتھ واقع ہوتے ہیں۔

وہی اللہ تعالیٰ ہے جس نے تمام اعداد کو ظاہر فرمایا اور وہی ہے جس کے لئے عدد میں وُسعت اور گنجائش نہیں۔

اُس کا میدان تنگ و وسیع ہے پس اُس کی صورت اُس ناظر کی طرح ہے جو آئینے میں خود کو منطبع ہونے کے وقت دیکھتا ہے۔

پس کثرت نہیں جب مراتب عطا کئے جاتے ہیں تو کثرت ہوتی ہے اور وہ تنزیہ کے ساتھ منع کرتا ہے۔

ایسے ہی حق تعالیٰ ہے اگر اپنی ذات کے ساتھ اُس کی صورت کا

www.maktabah.org

تحقق حاصل رہیں تو آپ کے ساتھ بلندی اور پستی ہے۔

حیاتِ خضر علیہ السلام

اے دوست! اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ بہ تند حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس وقت تک ان کی عمر طویل کی ہوئی ہے اور ہم نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے انہیں دیکھا ہے۔ اور ہمارے لئے اُن کی شان میں امر عجیب ہے۔

خضر علیہ السلام سے پہلی ملاقات

یہ اس طرح ہے کہ ہمارے شیخ ابو العباس عریبی رحمۃ اللہ علیہ اور میرے درمیان ایک ایسے شخص کے حق میں مسئلہ چل نکلا جس کے ظہور کی بشارت حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دی تھی۔

شیخ ابو العباس نے مجھے کہا وہ شخص فلاں بن فلاں ہے۔

میں اس کو شخص کو نام سے جانتا تھا مگر دیکھا نہیں تھا مگر اس کے پھوپھی زاد بھائی کو میں نے دیکھا تھا، میں نے اس میں توقف کیا اور اُن کی بات کو قبول نہ کیا کیونکہ میں اپنے امر میں بصیرت پر تھا مگر بلاشبہ شیخ ابا العباس کا تیر اس امر پر لوٹ آیا اور اُن کو باطنی طور پر تکلیف پہنچی اور میں اس بات کو نہ جان سکا کیونکہ میں اپنے امر کے ابتدائی دور میں تھا چنانچہ اُن کی خدمت سے اپنے گھر کو لوٹ آیا۔

میں راستے ہی میں تھا کہ میری ملاقات ایک شخص سے ہوئی جسے

www.maktabah.org

نہیں جانتا تھا، اُس نے ایک محبت و مشفق کے سلام کے انداز سے مجھ پر سلام کی ابتداء کی اور مجھے کہا! اے محمد ابن العربی شیخ ابا العباس نے تیرے ساتھ فلاں شخص کے بارے میں جو ذکر کیا تھا وہ سچے ہیں اور مجھے اُس شخص کا نام بتایا جس کا ذکر ابا العباس عریبی نے کیا تھا۔

میں نے کہا! ٹھیک ہے اور اُس کے ارادے کو جان کر اُسی وقت شیخ کی طرف لوٹ آیا تاکہ انہیں یہ ماجرا بتاؤں، چنانچہ جب میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا تو اُنھوں نے مجھے فرمایا! اے ابا عبد اللہ! جب میں تجھے کوئی مسئلہ بتاتا ہوں تو تُو اُسے قبول کرنے پر توقف کرتا ہے۔ اور مجھے تیرے ساتھ حضرت خضر علیہ السّلام کی ضرورت پڑ جاتی ہے کہ وہ تیری طرف اِس مسئلہ کو لوٹائیں اور تجھے کہیں کہ فلاں شخص نے جو تیرے ساتھ بات کی ہے وہ سچی ہے اور تیرے لئے اِس میں کہاں تک اتفاق ہوگا کہ تو مجھ سے جو مسئلہ سُنتا ہے اُس میں ہی توقف کر لیتا ہے؟

میں نے کہا! توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

اُنھوں نے فرمایا! توبہ کی قبولیت واقع ہوگئی۔

پس میں نے جان لیا کہ وہ شخص حضرت خضر علیہ السلام ہیں اور اِس میں شک نہیں کہ میں نے شیخ سے استفہام کیا کہ کیا وہ وُہی تھے؟

اُنھوں نے فرمایا! ہاں وُہ خضر علیہ السّلام تھے۔

حضرت خضر علیہ السّلام سے دُوسری مُلاقات

پھر دوسری مرتبہ اُن سے ملاقات کا اتفاق ہوا میں تیونس کی بندرگاہ پر کشتی میں سوار ہوا تو میرے پیٹ میں درد شروع ہو گیا۔

www.maktabah.org

اہلِ کشتی سوئے ہوئے تھے اور میں کشتی کی ایک جانب کھڑا تھا، اُس رات چاند کی چودھویں تھی مَیں نے چاند کے طلُوع کے بعد چاندنی میں سمندر کی طرف ایک شخص کو دیکھا جو پانی پر چلتا ہُوا میرے پاس آگیا اور کھڑا ہوگیا اُس نے ایک پاؤں اٹھایا اور دُوسرے پاؤں کو اُس کا سہارا بنالیا تو میں نے اُس کی پُشت پا کو دیکھا جسے تری نہ پہنچی تھی پھر اُس نے دُوسرا پاؤں اُٹھا کر پہلے پاؤں کا سہارا بنایا تو وہ بھی ویسے ہی تھا یعنی اُس میں بھی پانی کی تری کا نشان نہ تھا۔

پھر اُس نے میرے ساتھ جو گفتگو کرنا تھی، کی اور سلام کہہ کر اُس مینار کی طلب میں لوٹ گئے جو ساحلِ سمندر پر ایک ٹیلے کے اُوپر تھا۔ ہمارے اور اُس مینار کے درمیان دو میل سے زیادہ فاصلہ تھا اور اُنھوں نے یہ فاصلہ دو یا تین قدموں میں طے کرلیا، میں نے اُن کی آواز سُنی جو مینار پر ظاہر ہوتی تھی کہ وہ اللہ تبارکؐ وتعالیٰ کی تسبیح پڑھ رہے ہیں۔

تصدیق اِس ملاقات کی

ایک مرتبہ میں اپنے شیخ جراح بن خمیس کتانی کی خدمت میں حاضر ہُوا اور وُہ قوم کے سرداروں میں سے تھے اور عیذون کی بندرگاہ میں رہائش پذیر تھے میں اُسی شب اُن کی خدمت میں حاضر ہوگیا تھا جس رات میری اُس شخص سے ملاقات ہوئی تھی جو پانی پر چل کر آیا تھا۔

چنانچہ جب میں صُبح کو شہر میں داخل ہُوا تو میری ملاقات ایک صالح شخص سے ہُوئی اُس نے مجھے کہا! حضرت خضر علیہ السلام کیساتھ آپکی گذشتہ شب کیسی رہی؟ آپ نے اُن سے کیا کہا اور اُنھوں نے آپ سے کیا کہا؟

www.maktabah.org

تیسری ملاقات ہوا میں

اس تاریخ کے بعد جب میں بحرِ محیط کے ساحل کی طرف سیر کو نکلا تو میرے ساتھ ایک ایسا شخص تھا جو صالحین کے خرقِ عادات کا انکار کرتا تھا، میں اور میرا یہ ساتھی ایک ویران مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے داخل ہوئے تو ہم پر ایسے سیاحوں کی ایک جماعت داخل ہوئی جنہوں نے دنیا سے انقطاع کر رکھا تھا۔ وہ لوگ نماز پڑھنے کا ارادہ کر رہے تھے اور ان میں وہ شخص بھی تھا جس نے مجھ سے تمہید پر گفتگو کی تھی اور جس کے متعلق بتایا گیا تھا کہ وہ حضرت خضر علیہ السّلام ہیں۔

علاوہ ازیں ان میں ایک بڑی قدر و منزلت والا بہت بڑا آدمی بھی تھا اور اس کے ساتھ میری اس سے پہلے بھی دوستی کی ملاقات تھی۔ میں نے کھڑے ہو کر اسے سلام کہا تو اس نے مجھ پر سلام لوٹایا اور میرے ساتھ مل کر اظہارِ مسرّت کیا اور آگے کھڑے ہو کر ہمیں نماز پڑھائی۔

جب ہم لوگ فارغ ہوئے تو امام باہر نکلا اور میں بھی اس کے پیچھے نکلا اور مسجد کے دروازہ پر آ گئے یہ دروازہ بحرِ محیط کے سامنے مغربی جانب اس جگہ تھا جسے بکّہ کہتے ہیں، میں مسجد کے دروازہ پر کھڑا اُن سے گفتگو کر رہا تھا کہ اسی اثناء میں وہ شخص بھی آ گیا جس کے بارے میں میں نے بتایا تھا کہ وہ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

انھوں نے مسجد کی محراب سے ایک چھوٹا سا مصلّٰی اٹھا کر ہوا میں کھول دیا۔ یہ مصلّی زمین سے سات گز کے قریب بلندی پر کھولا گیا تھا۔ اور وہ ہوا میں اس مصلّے پر کھڑے ہو گئے۔ اور نوافل ادا کرنے لگے۔

میں نے اپنے ساتھی کہا! تو نے اس شخص کو دیکھا کہ وہ کیا کر رہا ہے؟

www.maktabah.org

اُس نے کہا! جا اور اُن سے پوچھ لیں۔

مَیں نے اپنے ساتھی کو دہیں پر کھڑے چھوڑا اور اُن کی طرف آگیا وہ نماز سے فارغ ہُوئے تو میں نے انہیں سلام کہا۔ اور اپنی ذات کے لئے نظم، پڑھی۔

شغل المحب عن الھواء بسرہ   فی حب من خلق الھواء وسخرہ
العارفون عقولھم معقولۃ   عن کل کون ترتضیہ مطھرہ
فھمو لدیہ مکرمون وفی الوری   أحوالھم مجھولۃ ومستترہ

محبّ نے ہوا سے رد کا ہُوا ہے اور اُس کی محبّت میں اُسے مسرور کرتا ہے جس نے ہوا کو پیدا کیا اور مسخّر کیا

عارفوں کی عقلیں ہر کون سے معقول ہوتی ہیں وُہ پسند ہیں کیونکر وہ پاک ہیں۔

اُن کے احوال دریٰ میں غیر معروف اور پوشیدہ ہیں اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاں صاحبِ تکریم ہیں۔

انھوں نے مجھے فرمایا! اے فلاں تُو نے کیا کیا تو نے جو کچھ دیکھا ہے اُس منکر کے حق میں ہے اور میرے ساتھی کی طرف اشارہ کیا جو خرقِ عادات کا انکار کرتا تھا اور مسجد کے صحن میں بیٹھا اُس کی طرف دیکھ رہا تھا۔

"اور یہ اِس لیے ہے" تاکہ وُہ جان لیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ جو چاہے جس کے ساتھ کر سکتا ہے۔

پس میں نے اُس مُنکر کی طرف رُخ کرتے ہُوئے کہا! اب کیا کہتا ہے؟
اُس نے کہا! جو دیکھنے کے بعد کہا جاتا ہے وہی کہوں گا۔

پھر میں اپنے ساتھی کی طرف لوٹ آیا اور وُہ مسجد کے دروازہ پر میرا منتظر

www.maktabah.org

تھا۔ میں نے اُس کے ساتھ ایک ساعت گفتگو کی اور اُسے کہا! یہ شخص کون ہے جس نے ہوا میں نماز پڑھی!

اُس نے کہا! یہ حضرت خضر علیہ السّلام ہیں حالانکہ میں نے اُس کے ساتھ اُن سے اپنی پہلی ملاقات کا ذکر نہیں کیا تھا۔ پھر ہم خاموش ہو گئے اور وہ جماعت واپس لوٹ گئی تو ہم بھی موضع ردطہ کی طرف لوٹ آئے۔ جہاں دنیا سے انقطاع کر لینے والے صالحین رہا کرتے تھے۔ یہ جگہ بحرِ محیط کے ساحل پر شذنکصار کے قریب ہے۔

بہرکیف! یہ وہ ماجرا ہے جو ہمیں اِس وتد کے ساتھ پیش آیا اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کی روحِ سے ہمیں فائدہ پہنچائے۔

اُس کو یعنی حضرت خضر علیہ السلام کو علم الدنی اور ہر شخص کے مرتبے کے لائق عالم کے ساتھ رحمت حاصل تھی اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس پر اُن کی ثناء کی ہے۔

حضرت خضر کا خرقہ

ہمارے مشائخ میں سے ایک شخص علی بن عبداللہ بن جامع سے میری ملاقات ہوئی، علی بن عبداللہ علی متوکل اور ابی عبداللہ قضیب البان کے ساتھی تھے۔ قضیب البان مقلی ہیں۔ اور موصل کے باہر اُن کا باغ تھا اور حضرت خضر علیہ السّلام نے علی بن عبداللہ کو قضیب البان کی موجودگی میں خرقہ پہنایا تھا اور شیخ نے اُس مقام پر مجھے خرقہ پہنایا جہاں اُس باغ میں حضرت خضر علیہ السلام نے انہیں اُن کے باغ میں خرقہ پہنایا تھا۔ اور اُسی صورت میں پہنایا جو اُن کے پہننے میں ظاہر ہو گئی تھی۔

www.maktabah.org

حضرت خضر کا دُوسرا خرقہ

علاوہ ازیں میں نے حضرت خضر علیہ السلام کا خرقہ دُوسرے طریق سے اپنے ساتھی تقی الدین عبد الرحمٰن بن علی بن میمون بن اب۔ الورزی کے ہاتھ سے پہنا تھا اور اُنھوں نے دیارِ مصر کے شیخ الشیوخ صدر الدین ابنِ حمویہ کے ہاتھ سے پہنا تھا۔ اُس وقت سے میں خرقہ پہننے کے لئے کہتا ہُوں اور لوگوں کو پہناتا ہوں۔ جب میں نے دیکھا کہ حضرت خضر علیہ السّلام اسے مُعتبر گردانتے ہیں جب کہ پیش ازیں میں اس وقت تک خرقہ معروفہ کا قائل نہیں تھا کیونکہ ہمارے نزدیک خرقہ سے مراد یہ تھی کہ صُحبت و ادب اور تخلّق کو اختیار کیا جائے۔ اس لئے کہ خرقہ پہنا حضُور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ساتھ متصل نہیں یعنی آپؐ خرقہ نہیں پہناتے تھے ولیکن ادب اور صحبت کا اتصال پایا جاتا ہے اور وہ لباس تقویٰ کے ساتھ عبارت ہے۔

خرقہ کیوں پہناتے ہیں؟

پس اصحابِ احوال کی عادتِ جاریہ ہے کہ اپنے ساتھیوں میں سے جب کسی میں نقص یا کمی پاتے ہیں تو چاہتے ہیں کہ اس کا حال مکمّل کر دیں تو اس کا شیخ اُس کے ساتھ متحد ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اس اتحاد کے بعد شیخ کا لباس اُس کے حال میں حال وارد کر دیتا ہے چنانچہ شیخ اُس لباس کو اُتار کر اُسے پہنا دیتا ہے جس کے حال کو مکمّل کرنے کا ارادہ ہوتا ہے تو یہ حال اُس میں سرایت کر جاتا ہے۔

ہمارے نزدیک یہی لباس معرُوف ہے اور ہمارے مشائخ میں سے

www.maktabah.org

محققین سے بھی منقول ہے۔

مردانِ خدا کے چار مرتبے

جاننا چاہیئے کہ مردانِ خدا چار مراتب پر ہیں۔

۱۔ وہ رجال جن کے لئے ظاہر ہے

۲۔ وُہ رجال جِن کے لئے باطن ہے

۳۔ وہ رجال جِن کے لئے حد ہے

۴۔ وَہ رجال جن کے لئے مَطلع ہے

کیونکہ اللہ تبارک نے جَب دُوسری مخلوق پر نبوّت اور رسالت کا دروازہ بند کر دیا ہے تو اُن کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اِس اَمر میں فہم کا دروازہ کُھلا رکھا۔ جس کے ساتھ اپنی کتاب عزیز میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف وحی فرمائی تھی۔

حضرت علی ابنِ ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے بعد وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ ادھر ہمارے ہاتھوں میں کچھ باقی نہیں مگر وہ جس کا اللہ تبارک و تعالیٰ اِس قرآن مجید سے بندے کو فہم عطا فرما دے۔

ہمارے اصحاب اہلِ کشف کا اِس حدیث کی صحت پر اتّفاق واجماع ہے۔ کہ حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے قرآن مجید کے بارے میں فرمایا!

قرآن مجید کی ہر آیت کے لئے ایک ظاہر ہے ایک باطن ہے ایک حد ہے اور ایک مطلع ہے۔

www.maktabah.org

ان مراتب سے ہر مرتبہ کے لئے رجال ہیں اور ان گروہوں سے ہر طائفہ کے لئے ایک قطب ہے اور اس قطب پر اُس کشف کے فلک کا دورہ ہے۔

مردانِ خدا کی تقسیم

میں غرناطہ میں اہلِ باغہ سے اپنے شیخ ابی محمد عبداللہ شکاز کی خدمت میں ۵۹۵ھ میں حاضر ہوا، اس طریق میں جن حضرات سے میری ملاقات ہوئی وہ ان میں بہت بڑے آدمی تھے میں نے اس طریق میں اُن کی مثل اجتہاد میں کسی کو نہیں دیکھا۔ اُنھوں نے مجھے فرمایا! رجال چار قسم کے ہوتے ہیں۔

۱۔ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ جنہوں نے اپنا وعدہ اللہ تعالیٰ سے کیا تھا سچ کر دکھایا۔
سورہ احزاب آیت ۲۳

اور یہ رجال ظاہر ہیں۔

۲۔ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ایسے لوگ جنہیں کوئی سودا اور خرید و فروخت ذکرِ الٰہی سے نہ روکے
سورہ نور آیت ۳۶

۳۔ یہ رجال باطن ہیں حق تعالیٰ کے جلیس ہیں اور اُن کے مشورت ہے۔

رجالِ اعراف اور یہ رجال حد ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے!

وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ اور ایک پردے پر آدمی
سورہ اعراف آیت ۴۶

یہ لوگ سونگھنے والے تمیز کرنے والے اور اوصاف سے الگ تھلگ ہوتے ہیں اور ان کے لئے کوئی صفت نہیں ان میں سے حضرت بایزید بسطامیؒ تھے۔

www.maktabah.org

ہم یہ وہ رجال ہیں جنہیں حق تعالیٰ اپنی طرف بلاتا ہے تو جواب دینے کے لئے بغیر سواریوں کے تیزی سے اُس کی طرف آتے ہیں۔

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا اور لوگوں میں حج کے لئے ندا کریں کہ تیری طرف پاپیادہ چل کر آئیں

الحج آیت ۲۷

اور یہ رجال مُطلع ہیں۔

رِجالِ ظاہر کا تصرّف

پس رجالِ ظاہر وہ لوگ ہیں جن کے لئے عالمِ مُلک و شہادت میں تصرّف ہے اور یہ وُہ لوگ ہیں جن کی طرف شیخ محمد بن قائد اوانی نے اشارہ کیا ہے۔ اور یہ وہ مقام ہے جسے شیخ عاقل ابُوسعود بن شبل بغدادی نے اللہ تبارک و تعالیٰ کے اَدب کی وجہ سے چھوڑ دیا تھا۔

مجھے ابوالبدر تماشکی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے خبر دیتے ہُوئے کہا! محمّد بن قائد آدانی ابی مسعُود سے ملے تو انھوں نے کہا! ابی مسعُود اللہ تبارک و تعالیٰ نے میرے اور آپ کے درمیان مملکت کو تقسیم کر دیا ہے آپ اس میں تصرّف کیوں نہیں کرتے جیسا کہ میں کرتا ہُوں!

ابی سعُود نے کہا! اے ابنِ قائد میں نے اپنا حصّہ تجھے دے دیا ہم نے اپنے لئے تصرّف کرنا حق تعالیٰ پر چھوڑ دیا ہے اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا نہیں کوئی معبُود مگر وہ تو اُس کو وکیل پکڑ۔

المزمل آیت ۹

تو میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم کی اتباع کرتا ہوں۔

www.maktabah.org

ابُو البَدر نے مجھے کہا کہ مجھ سے ابُوسعُود نے کہا! مجھے اُس کو چھوڑنے کے قول کی تاریخ سے پندرہ سال قبل سے عالم میں تصرّف کرنا عطا کیا گیا ہے اور مجھ پر اس سے کوئی چیز ظاہر نہیں ہوئی۔

رجالِ باطن کا تصرّف

رہے رجالِ باطن! تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے عالمِ غیب و ملکوت میں متصرّف ہونا ہے یہ لوگ اپنی ہمتوں سے ارواحِ علویہ کو اتار لیتے ہیں اور جو چاہتے ہیں تصرّف کرتے ہیں یعنی ارواحِ کواکب کو ملائکہ کی ارواح کو نہیں اتارا جاسکتا اور یہ امر مانعِ الٰہی قویٰ کے لئے ہے۔ جس کا اقتضاء فرشتوں کا قائم رہنا کرتا ہے اور جس کی خبر اللہ تعالیٰ نے حضرت محمّد مُصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے حضور میں حضرت جبریلؑ کے قول میں دیتے ہوئے فرمایا!

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ — ہم نہیں اُترتے مگر آپ کے رَبّ کے امر سے۔

مریم آیت ۶۴

تو اپنے پروردگار کے علم سے اترتا ہے اُس میں خاصیّت موثّر نہیں ہوتی اور نہ اُسے اتارا جاسکتا ہے۔ ہاں! ارواحِ کواکب کو اسماء دبخورات، اور ان کی مثل سے اُتارا جاسکتا ہے کیونکہ یہ تنزّلِ معنوی ہے اور اُس کے لئے اس میں خیالی صُورتوں کا مُشاہدہ ہوتا ہے، کیونکہ کواکب کی ذات کو آسمان سے اپنی جگہ سے نہیں ہٹایا جاسکتا اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کی شعاعوں کو عالمِ کون وفساد میں عارفوں کے نزدیک ان کے ساتھ عادت کی گئی تاثیرات کا ٹھکانہ بنایا ہے۔ جیسا کہ پانی پینے کے وقت پیاس کھانے کے وقت بھوک اور بارش اترنے کے ساتھ دخُولِ فصل کے وقت، دانے کی نباتات اور علیم حکیم

www.maktabah.org

عزّوجلّ کا اُسے صحوِ حکمت ودیعت کرنا تو اِن رجال کے لئے نازل شدہ کُتب، پاک صحیفوں اور تمام کلام باطن میں کھولا جاتا ہے، اور حروف و اسماء کی تنظیم اُن کی معانی کی جہت سے جو ان لوگوں کے علاوہ کے لئے نہیں ہوتی اختصاصِ الٰہی ہے۔

رجالِ حد کا تعارف

رہے رجالِ حد! تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے عالم ارواحِ ناریہ، عالم برزخ اور اور عالمِ جبروت میں تصرف کرتا ہے۔ کیونکہ وہ جبر کے تحت ہے۔

کیا آپ اسے دُمدار ستاروں کے تسلط کے تحت مقہور نہیں دیکھتے اور یہ طائفہ وہ ہے جن میں سے شہاب ثاقب ہے، چونکہ اُن کا قہر اپنی جنس کے ساتھ ہوتا ہے چنانچہ اِن رجال کے نزدیک رُوحوں کا اتارنا اور انہیں حاضر کرنا ہے۔ اور یہ رجالِ اعراف ہیں۔ جب کہ اعراف ایک دیوار ہے جو جنت اور دوزخ کے درمیان برزخ ہے، اُس دیوار کا باطن وہ ہے جس میں رحمت ہے اور اُس کا ظاہر وہ ہے جو اُس کا عذاب قبول کرتا ہے پس سعیدوں کے گھر اور شقیوں کے گھر کے درمیان اور دارِ رویئت اور دارِ حجاب کے درمیان حد ہے۔

یہ رجال اُس دیوار کی معرفت کے ساتھ اسعد النّاس ہیں اور اُن کے لئے ہر دو نقیضوں کے درمیان خطوطِ متوہمہ کا شہود ہے اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد کی مثل۔

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ ۚ دونوں کے درمیان برزخ ہے دونوں بغاوت نہیں کرتے۔

الرحمٰن آیت ۲۰

چنانچہ یہ حد سے تجاوز نہیں کرتے اور یہ وہ رجالِ رحمت ہیں جو بہر چیز سے وسیع ہے پس اُن کے لئے ہر حضرت میں دخول و استشراف ہے۔

www.maktabah.org

اور یہ اُن صفات کی معرفت رکھتے ہیں جن کے ساتھ موجوداتِ عقلیہ حسیہ سے ہر موجود کا اس کے غیر سے امتیاز واقع ہوتا ہے۔

رجالِ مطلع کا تعارُف

رہے رجالِ مطلع! تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے اسماءِ الٰہیہ میں تصرف کرنا ہے۔ پس یہ اس کے ساتھ اُن اسماء کو اُتارتے ہیں جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ وا ہے اور یہ عمر ان کے علاوہ دُوسروں کے لئے نہیں اور یہ اس چیز کے ساتھ اس چیز کو اتار لیتے ہیں۔ جو رجالِ حد، رجالِ ظاہر اور رجالِ باطن ان کے زیرِ تصرف ہے۔ اور یہ رجالِ اعاظم اور اہلِ ملامت میں یہ ان کی مخلوق میں ہے اور ان پر کوئی چیز ظاہر نہیں ہوتی۔

اِن میں سے ابو سعود وغیرہ ہیں پس ظہورِ عجز اور ظاہری عادات میں وہ اور عام لوگ برابر ہیں۔ اور ان رجال میں ابو سعود کا امتیاز ہے بلکہ وہ ان میں بہت بڑے تھے۔ اور جو ہم نے بیان کیا ہے ابو البدر نے اُن سے بالمشافہ سُنا ہے انہوں نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے رجال سے وہ بھی ہیں جو خاطر یعنی دل پہ کلام کرتے ہیں اور وہ خاطر کے ساتھ نہیں ہوتا یعنی اسے اپنے ساتھی کا علم نہیں ہوتا اور نہ اس کے ساتھ تعریف کا قصد ہوتا ہے۔

جب عمر بزاز اور ابو البدر وغیرہ ہما نے ہمیں اس شیخ کے اوصاف بتلائے تو ہم نے اسے اس حضرت عالی کے احوال سے جارہ دیکھا، ابوالبدر نے مجھے کہ وہ اکثر طور پہ یہ شعر پڑھا کرتے تھے اور میں نے یہ شعر ان کے سوا کسی سے نہیں سنا۔

واثبت فی مستنقع الموت رجله
وقال لها من دون أخمصك الحشر

www.maktabah.org

اُس کا پاؤں موت کے چشمے میں ثابت ہے اور اُس کے لئے کہتا ہے
تیری ایڑی تلے حشر ہے۔

وہ کہتے ہیں پنجگانہ نماز انتظارِ موت کے سوا کچھ نہیں اور اس کلام کیلئے بڑا علم ہے۔ اور کہا کرتے تھے مردِ خدا اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوڑتے ہوئے پرندے کی طرح ہے۔ جس کا منہ مشغول اور پاؤں دوڑ رہا ہے۔ اور یہ تمام اللہ کے ساتھ رجال کے بہت بڑے حالات ہیں۔ کیونکہ رجال میں سے بڑا آدمی وہ ہے جو ہر مقام کے ساتھ وہی معاملہ کرتا ہے جس کا وہ مستحق ہو، اور ممکن نہیں کہ محقق اس دنیا کے مقام سے وہ معاملہ کرے جس کا ذکر اُس شیخ نے کیا ہے۔

جب اس دار یعنی دنیا میں کسی شخص سے اس معاملہ کے خلاف ظاہر ہوتا ہے تو علم ہو جاتا ہے کہ پھر وہ امر ذات ہوگی اور لازماً وہ مامور ہوگی جس کے ساتھ اُس سے ظاہر ہوا اور وہ رسول اور انبیا علیہم السلام ہیں اور اُن کے بعض ورثاء کے لئے ایک وقت میں ایک امر ہوتا ہے اور وہ خفیہ تدبیر ہے کیونکہ یہ اُس مقامِ عبودیت سے علیحدہ ہوتا ہے جس کے لئے انسان کو پیدا کیا گیا۔

منزلوں کا راز

رہا منزل و منازل کا راز ؛ تو یہ حقائق اللہ تعالیٰ کا اپنے ماسوا تمام صورتوں میں تجلّی کے ساتھ ظہور ہے اگر ہر چیز کے لئے اُس کی تجلّی نہ ہوتی تو اُس چیز کا چیز نہ ہونا ظاہر نہ ہوتا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے!

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ — جو چیز ہم کرنا چاہتے ہیں اُسے ہم کہتے ہیں ہو جا۔

النحل آیت ۴۰

www.maktabah.org

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد " اردنا " یعنی جب ہم اس کا ارادہ کرتے ہیں تو یہ اُس چیز کے پیدا کرنے کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی توجہ ہے۔ پھر فرمایا "اَنْ نَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ "۔ یعنی اُس کے لئے کہتے ہیں ہو جا تو حق تعالیٰ کے خطاب کو اُس چیز کے نفس کا سن لینا اُس چیز کا ہو جاتا ہے۔ اور یہ متعدد منازل میں بمنزلہ ایک سریان کے ہے چنانچہ ان منازل میں ایک وجود کے ساتھ لامتناہی اعداد کا ظہور ہو جاتا ہے۔ اور اگر اس میں اس کی عین کا وجود نہ ہوتا تو اعیانِ اعداد کا ظہور نہ ہوتا اور نہ اُن کے لئے اسم ہوتا۔

اگر اس منزلت میں واحد یعنی ایک اس اسم کے ساتھ ظاہر ہوتا اس عدد کے عین ظاہر نہ ہوتی اور اس کی عین اُس کا اسم کبھی ایک ساتھ جمع نہ ہوتے اور لامتناہی تک ایک، دو، تین، چار، پانچ کہا جاتا اور جو معین عدد سے واحد یعنی ایک کو ساقط کرتا ہے۔ اُس عدد کا اسم زائل ہو جاتا ہے۔ اور اُس کی حقیقت زائل ہو جاتی ہے۔

ایک ہی حفاظت کرتا ہے۔

واحد اعیانِ اعداد کے وجود کو تحفظ دیتا ہے۔ اور اپنے اسم کے ساتھ اُسے معدوم کرتا ہے۔ ایسے ہی جب آپ قدیم کہیں گے تو حادث فنا ہو جائے گا اور جب آپ اللہ کہیں گے تو عالم فنا ہو جائے گا۔ اور جب آپ خیال کریں گے کہ عالم اللہ تعالیٰ کی حفاظت سے ہے۔ تو عالم کا وجود نہ ہوگا اور وہ فنا ہو جائے گا اور جب اللہ تعالیٰ کی حفاظت عالم میں ساری ہوگی تو عالم باقی اور موجود ہوگا۔

پس اُس کے ظہور اور تجلی کے ساتھ عالم کی بقا ہے اور اسی پر ہمارے اعتما

www.maktabah.org

کا طریقہ ہے اور یہی طریقہ نبوّت ہے اور متکلمین اشاعرہ بھی اسی پر ہیں اور وہ الحق کی ذات کے لئے الدوام کے قائل ہیں۔ اور اس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف عالم کی اپنی بقا کے لئے ہر سانس میں محتاجی درست ہے۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ علی الدوام ہمیشہ خالق ہے۔

اِن کے علاوہ جو اہلِ نظر میں سے ہیں اُن کے لئے یہ مقام دُرست نہیں اور علمائے رسُوم میں سے اہلِ نظر کی ایک جماعت نے مجھے خبر دی ہے کہ حکماء کے ایک طائفہ کو اِس امر کی واقفیت حاصل ہے۔ اور اُس نے ابنِ سیّد بطلیوسی کی کتاب میں اُس کا یہ مذہب دیکھا ہے جو اُس نے اِس فن پر تالیف کی ہے۔

وَاللہُ یَقُولُ الحق وھو یھدی السبیل

الحمدللہ چھبیسویں باب کا ترجمہ تمام ہُوا۔

صائم چشتی

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چھبّیسواں باب

اقطاب رموز کی معرفت اور طریق میں اُن کے اسرار و علوم کی تلویحات کا بیان

ألاان الرموز دلیل صدق ‏ علی المعنی المغیب فی الفؤاد
وان العالمین له رموز ‏ والغاز لیدعی بالعباد
ولولا اللغز کان القول کفرا ‏ وادّی العالمین الی العناد
فهم بالرمز قد حسبوا افعالوا ‏ ماهراق الدماء و بالفساد
فکیف بنا لواُن الامر یبدو ‏ بلاستر یکون له استنادی
لقام بنا الشقاء هنا یقینا ‏ وعند البعث فی یوم التنادی
ولکن الغفور أقام سترا ‏ لیسعد با علی رغم الاعادی

خبردار دِلوں میں مخفی معنوں پر رموز دلیل صداقت ہیں۔
بے شک عالمین کے لئے رموز اور غاز ہیں تاکہ بندوں کی دعوت دی جائے
اگر غاز نہ ہوتا تو بات کفر ہوتی اور عالمین عناد کی طرف لوٹ جاتے۔
پس وہ رمز کے ساتھ گمان کرتے ہیں اور خون ریزی اور فساد کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
ہمارے ساتھ کیسی بیتے گی کہ وہ امر ظاہر اور بے پردہ ہو گیا جس کے لئے سند ہو گی۔
ہمارے ساتھ یقیناً یہاں اور قیامت کے دن حشر کے وقت شقاوت اور بدبختی قائم ہو جاتی۔

www.maktabah.org

ولیکن بخشنے والے نے پردہ کھڑا کر دیا تاکہ دشمن کے بالعکس ہمیں سعادت نصیب کرے۔

اللہ تعالیٰ کی مثالیں

اے مخلص دوست اللہ تعالیٰ آپ کی روح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہئے اور آپ کو فہم عطا فرمائے کہ رموز اور غاز اس کی ذات کے لئے مراد نہیں اور مراد وہ ہے جس کے لئے رمز ہوتی ہے۔ اور جس میں معمہ ہوتا ہے۔ اور یہ قرآن مجید کے مقامات اور معتبر آیات سے ہیں۔ اور اس پر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے اس ارشاد میں آگاہ فرمایا ہے!

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ — ہم یہ مثالیں لوگوں کے لئے بیان فرماتے ہیں۔

سورہ حشر آیت ۲۱

پس امثال اپنی ذات کے لئے مطلوب نہیں اور یہ اس لئے آتی ہیں تاکہ اس سے اس امر کا علم ہو جائے جس کے لئے اس کی ضرب اور نصب ہے۔

جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً

اُس نے آسمان سے پانی اُتارا تو نالے اپنی سمائی کے مطابق پانی لے کر بہہ نکلے تو پانی کی رَو اُبھرے ہوئے جھاگ اُٹھالی اور جن چیزوں کو زیور یا دوسرا سامان بنانے کے لئے آگ میں دہکاتے ہیں اُن سے بھی ایسے جھاگ اُٹھتے اسی طرح اللہ حق اور

www.maktabah.org

باطل کی مثال بیان فرماتا ہے۔ پس میل
سورۃ الرعد آیت ۱۷
پھیل کا جھاگ مٹ جاتا ہے۔

تو اُس جھاگ کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے باطل کی طرح مقرر فرمایا جیسا کہ فرمایا!
"وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ"، یعنی باطل مٹ جانے والا ہے پھر فرمایا!

وَ اَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْكُثُ فِی الْاَرْضِ ؕ
جس میں انسان کا نفع ہے وہ زمین میں ٹھہری ہوئی ہے۔

الرعد آیت ۱۷

تو اس کی مثال حق کے لئے دی ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ مثالیں بیان فرماتے ہیں اور فرمایا!

فَاعْتَبِرُوْا یٰۤاُولِی الْاَبْصَارِ
تو اے بصیرت والو اس سے عبرت حاصل کرو۔
الحشر آیت ۲

اِشاروں کی زبان

یعنی استعجاب و مسرت سے گزرتے ہوئے اُس کی طرف عبور کرو جس کا اس تعریف کے ساتھ ارادہ کیا ہے۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ
بے شک اس میں اہل البصار کے لئے عبرت ہے۔

الِ عمران آیت ۱۳

وادی کو عبور کرنا اُس وقت ہے جب گذر جاؤ ایسے ہی اشارہ ایماء ہے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت ذکریا علیہ السلام کو فرمایا!

اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ؕ
لوگوں سے تین دن گفتگو نہ کریں مگر

www.maktabah.org

رمز سے۔

یعنی اشارے سے کلام کریں اور ایسے ہی حضرت مریم علیہا السلام کے قصہ میں آیا ہے "فَاَشَارَتْ اِلَیْہِ"، یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اشارہ کر دجب انھوں نے رحمان کے لئے خاموش رہنے کی منت مانی تھی۔

یہ علم بڑے لوگوں کا ہے۔

اِس علم کے لئے بڑے بڑے عالی رجال ہوتے ہیں اُن کے اسرار سے ازل و ابد کا راز، حال و خیال، رؤیا و برازخ اور ان کی مثل نسبتِ الٰہیہ کا علم ہے اور ان کے علوم سے حروف و اسماء کے خواص کا جاننا اور عالم طبعی کی ہر چیز سے مرکب و مفرد کے خواص کا علم ہے۔ اور یہ طبیعتِ مجہولہ ہے۔

ازل کیا ہے؟

رہا رازِ ازل کا علم؟ تو جاننا چاہیئے کہ ازل نفیٔ اولیت سے عبارت ہے۔ جس کے لئے وہ اس کے ساتھ موصوف ہے۔ اور وہ وصف اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے اُس کے اِلٰہ ہونے سے ہے۔ اور جب اللہ تبارک وتعالیٰ کے اِلٰہ ہونے کی بنا پر اُس سے اولیت کی نفی ہو گی تو وہ متکلم ہونے کی وجہ سے اس پر اسم کے ساتھ ازل سے ہے جس کے ساتھ اُس کی ذات موسوم ہے۔

پس وہ عالِم حي، مرید، قادر، سمیع، بصیر، متکلم، خالق، باری، مصوّر اور ملک ہے۔ اور ہمیشہ ان ناموں سے موسوم ہے۔ اور اُس سے اولیت کی قید کی نفی ہو گئی۔ تو سننے والے کا سننا اور دیکھنے والے کا دیکھنا ہے وغیرہ وغیرہ۔

www.maktabah.org

اعیانِ مسموعات ہم سے ہیں اور مبصرات معدوم غیر موجود ہیں اور وہ انہیں ازل سے دیکھتا ہے۔ جیساکہ انہیں ازل سے جانتا ہے۔ اوران کی تمیز و تفصیل ازل سے کرتا ہے۔ اوران کے لئے وجود نفسی عینی میں عین نہیں بلکہ یہ مرتبۂ امکان میں اعیانِ ثابتہ ہیں۔

پس امکانیّت اُن کے لئے ازل ہے جبکہ اُن کے لئے یہ حال ہے اور ابد اُن کی ذات کے لئے ہرگز واجب نہیں ہوگا۔

پھر ممکن کی طرف لوٹ آئے اور محال نہ تھے پھر ممکنہ کی طرف لوٹ آئے بلکہ وجودِ ذاتی کا وجوب اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے ازلی ہے۔ ایسے ہی عالم کے لیئے وجوبِ امکان ازلی ہے۔

ممکن معدوم ہو یا موجود ممکن ہے

پس اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے اسماء کے مرتبہ میں تعریف و توصیف کیا گیا ہے۔ پس نسبتِ اوّل اس کے عین نسبتِ آخر اور ظاہر باطن ہے۔ اور نہیں کہتے کہ نسبتِ اوّل ایسے ہے۔ اور نہ نسبتِ آخر کے ساتھ کہا جائے گا۔ کیونکہ ممکن اپنے وجود میں واجب الوجود کے ساتھ مربوط ہے اور وجود میں اس کے عدم کا ارتباط اس کی محتاجی کی طرف ہے۔ کیونکہ اُسے وجود دیا گیا تو وہ ہمیشہ اپنے امکان میں تھا اور اگر وہ معدوم تھا تو ہمیشہ اپنے امکان سے تھا۔

جیساکہ ممکن پر اس کے عین کی وجود میں معدوم ہونے کے بعد اُسے امکان سے زائل کرنے کی صفت داخل نہیں جو اس کی ذات کے لئے اس کے وجود کے وجوب کو زائل کردے پس حق کا شعور نہیں ہوتا مگر اسی طرح اور نہ ممکن کا شعور کیا جاسکتا ہے۔

www.maktabah.org

مگر اسی طرح اگر آپ نے اسے سمجھ لیا ہے تو آپ حدوث کے معنی اور قدم کے معنی جان لیں گے بعد ازاں جو چاہیں کہیں۔

اوّلیت و آخر کا مفہوم

عالم کی اولیت اور اس کی آخریت اضافی امر ہے۔ اگرچہ اس کے لئے آخر ہے۔ رہا وجود میں۔ تو ارباب کشف کے نزدیک اس کے لئے ہر زمانے میں آخر فرد اور انتہا ہے۔ اور حسبانیہ نے اس پر موافقت کی ہے۔ جیسا کہ اشارہ نے موافقت کی ہے۔ کہ عرض دو زمانوں میں باقی نہیں رہ سکتا۔

اوّل عالم سے اس نسبت کے ساتھ ہے۔ جو اس کے اوپر تخلیق ہوا۔ اور آخر عالم سے اس نسبت کے ساتھ ہے۔ جو اس سے پہلے پیدا ہوا۔ ایسے ہی اوّل و آخر اور ظاہر و باطن کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسم کی معقولیت ہے۔

عالم متعدد ہیں اور حق تعالیٰ واحد ہے اور متعدد نہیں اور ہمارے لئے اس کا اوّل ہونا درست نہیں ہو گا۔ کیونکہ اس کے مرتبے کی ہمارے مرتبے سے مناسبت نہیں اور ہمارا مرتبہ اس کی اوّلیت کو قبول نہیں کرتا۔ اور اگر ہمارا مرتبہ اس کی اوّلیت کو قبول کر لے تو ہم پر اسم اوّل محال کے لئے ہو گا۔ بلکہ ہم پر اس کی اوّلیت کے لئے اسم ثانی کا اطلاق ہو گا۔ اور ہم اس اللہ تبارک و تعالیٰ کے ثانی نہیں ہیں تو وہ ہمارے لئے اوّل نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ اس کی اوّلیت عین اس کی آخریت عیاناً ہے اور اس کا ادراک زبردست مشکل ہے۔ جس شخص کو ان علوم الہیہ کے ساتھ انس نہیں جو نظر اور تجلی کے ساتھ عطا ہوتے ہیں۔ اس کا تصوّر اس بات کو جاننے ہے۔

www.maktabah.org

معذور اور قاصر ہے۔

ابوسعید خراز نے اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کو اجتماعِ ضدین کرنے سے پہچانا ہے پھر پڑھا!

هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ

ہم نے آپ کو رازِ ازل کے بارے میں بتا دیا ہے کہ وہ سلبی تعریف ہے، رہا رازِ ابد؟ تو وہ آخریت کی نفی ہے۔ کیونکہ جنت اور اس میں قیام نہایت کیلئے ہے۔ ایسے ہی اولیت موجوداتِ زمانیہ کی ترتیب کی نسبت کے ساتھ معقولہ موجود ہے۔

چنانچہ عالم اس اعتبارِ الٰہی کے ساتھ ہے اس میں اول و آخر نہیں کہا جائے گا اور دوسرے اعتبار کے ساتھ وہ دو مختلف نسبتوں کے ساتھ اول و آخر ہے۔ اور حق تبارک وتعالیٰ پر اس اطلاق کے بارے میں علماء باللہ کے نزدیک اختلاف پایا جاتا ہے۔

حال کا راز

رہا حال کا راز؟ تو وہ دائمیت ہے۔ اور اس کے لئے اوّل و آخر نہیں اور وہ ہر موجود کا وجودِ عین ہے، پس ہم نے آپ کو اُن بعض اسرار و رموز سے آگاہ کر دیا ہے۔ جنہیں رجال جانتے ہیں۔ اور بہت سے اسرار و رموز سے خاموشی اختیار کر لی ہے۔ کیونکہ اس کا دروازہ وسیع ہے۔ اور علم رؤیا برزخ اور نسبتِ الٰہیہ اسی قبیل سے ہے اور اس میں گفتگو کرنا باعثِ طوالت ہے۔

www.maktabah.org

حروف و اسماء کی تاثیر

رہے حروف و اسماء میں اُن رجال کے علوم ؟ تو جاننا چاہیئے کہ حروف کے لئے خواص ہیں۔ اور یہ تین اقسام پر ہیں ان میں سے حروفِ رقمیہ، لفظیہ اور مستحضرہ ہیں۔ مستحضرہ کے معنی وہ حروف ہیں جنہیں انسان اپنے وہم اور تخیل و تصور میں موجود کرتا ہے۔

اگر حروفِ رقمیہ یا حروفِ لفظیہ کو حاضر کرتا ہے تو وہاں حروف کے لئے دوسرا مرتبہ ہے۔ چنانچہ موجود کئے گئے الفاظ کے ساتھ وہ وہی کرے گا جو کتابت و تلفظ کیئے گئے حروف کے ساتھ کرتا ہے۔

رہے حروفِ تلفظ یعنی لفظی حروف ؟ تو یہ اسماء کے علاوہ کچھ نہیں ہوتے اور یہ اسماء کے خواص ہیں۔

رہے حروفِ مرقومہ یعنی تحریر کئے گئے حروف ؟ تو ان کے لئے اسماء نہیں ہوتے۔

اس عالم کے اصحاب میں حروف واحد کا اختلاف ہے۔ کہ آیا وہ کام کرتا ہے یا نہیں ؟ تو میں نے اُن میں سے اُن لوگوں کو دیکھا جو اس سے منع کرتے ہیں اور اس میں شک نہیں۔

جب میں نے اُن کے ساتھ اس مثل میں غور کیا تو انہیں اس میں اُن کی اُس غلطی پر آگاہ کیا جس کی طرف وہ گئے تھے۔ اور جو اس سے درست تھا۔ اور جو نقص تھا انہیں بتایا اور غلط اور درست مقام کی نشاندہی کی تو انھوں نے اعتراف کیا جیسا کہ دوسروں نے اعتراف کیا تھا۔

www.maktabah.org

ورنہ حرفوں کی تاثیر بتاتا

میں نے اُن دونوں گروہوں کے لئے وہی کہا جس پر تمہیں مطلع کیا اور جو ہم نے تمہارے لئے بیان کیا اِس میں تم تجربہ کر دا ُن لوگوں نے اس میں تجربہ کیا تو وہی اَمر پایا جِس کا ہم نے ذکر کیا تھا۔ تو وہ اس کے ساتھ خوش ہُوئے۔

اگر میں نے اپنے آپ کے ساتھ مضبُوط عہد نہ کیا ہوتا کہ میں حرف کی تاثیر ظاہر نہ کردں گا تو وہ اِس سے عجائبات کو دیکھتے۔

حَرف کی تاثیر کب ظاہر ہوتی ہے؟

جاننا چاہیئے کہ حرفِ واحد یعنی اکیلا حرف خواہ مرقومہ ہو یا ملفوظہ برابر ہے۔ جب قاصد اِس کے ساتھ عمل کے لئے رقم یا لفظ کی صُورت میں اُسے اپنے خیال میں حاضر نہیں کرتا تو وہ صِرف عمل نہیں کرتا اور جب اُس کے ساتھ موجُود ہوتا ہے تو عمل کرتا ہے۔ کیونکہ موجود ہونے والے حَرف کا مرکّب بولنے یا لکھنے سے ہوتا ہے۔ اور اکیلے حرف کے ساتھ موجُود کرنے کی صُورت دونوں گروہوں سے غائب ہے۔

چنانچہ اکیلے حَرف کے ساتھ دوراَئے عمل موجُودگی کا اتّفاق ہُوا اور وہ موجودگی سے غافل رہا تو اُس نے عمل کی نِسبت اکیلے حَرف کے لئے کردی اور جیسے اکیلے حرف کے ساتھ تلفظّ یا رقم کا حَرف کی موجودگی کے بغیر اتفاّق ہُوا اور اُس حَرف نے کِسی چیز کا عملی اثر ظاہر نہ کیا تو اُس شخص نے اِس سے روگ دیا یعنی یہ حَرف بے تاثیر ہے۔ اور ان میں سے کِسی نے

www.maktabah.org

بھی استحضار یعنی موجود ہونے کے معنی پر غور نہ کیا۔

یہ حروفِ مرکبہ مثال ہیں۔ جیسا کہ دو واؤ وغیرہ تھا پس جب ہم نے انہیں اس مثل پر خبردار کیا تو انہوں نے اس کا تجزیہ کیا اور اسے درست پایا اور یہ عقلاً اور شرعاً علمِ ممقوت ہے۔

یہ علمِ اولیاء اللہ کا ہے

حروفِ نفطیہ کے لئے عمل میں کئی مرتبے ہیں اور بعض حروف بعض سے عملاً عام ہیں۔ پس واؤ علا حروفِ عام سے ہے کیونکہ اس میں تمام حروف کی قوت ہے اور ہاء حروف سے عملاً بہت چھوٹی ہے اور جو حروف سے ان دونوں کے درمیان ہے وہ ان مراتب کے اعتبار سے عمل کرتا ہے۔ جو ہم نے کتاب المبادی والغایات میں مقرر کئے ہیں۔ جس میں آیات کے عجائبات سے حروفِ معجم اسے شامل ہیں۔

اس علم کا نام علم اولیاء ہے اور اس کے ساتھ کائنات کے اعیان کا ظہور ہوتا ہے۔ کہ آپ نے دیکھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے ارشاد "کُنْ فَیَکُوْنُ" میں آگاہ کیا ہے۔

ظہورِ کائنات حرفوں سے ہے۔

کائنات کا ظہور حروف سے ہے۔ اور اسی سے یہاں ترمذی نے اسے علمِ اولیاء قرار دیا ہے۔ اسی سے اکیلے حرف کے ساتھ عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ کیونکہ اس نے دیکھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اقتدارِ الٰہی کے باوجود استعمال کئے ایک حرف غیبی اور دو ظاہر۔

www.maktabah.org

جب کائن یعنی پیدا ہونے والا ایک ہو تو کاف اور نون کہا جاتا ہے اور اگر ایک پر زیادہ کرنا ہو تو تین حرف ظاہر ہوتے ہیں ۔ تو یہ ان رجال کے علوم ہیں جن کا ذکر اس باب میں کیا گیا اس علم کے بہت سے جاننے والوں نے جدول بنائے ہیں ۔ اور ان میں غلطی کی ہے جو درست نہیں ۔

میں نہیں جانتا کہ انھوں نے یہ عمل قصداً کیا ہے ۔ یہاں تک کہ لوگوں کو اندھیرے میں چھوڑ دیا یا انھیں واقفیت نہ تھی کہ متاخر اس میں متقدم کے طریقے پر چلتا رہا اور اسی کے ساتھ سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام کے شاگرد اور دوسروں نے کہا ہے اور یہ وہ جدول ہے جو حروف کے طبائع کے بارے میں ہے۔

گرم	سرد	خشک	تر
ا	ب	ج	د
ھ	و	ز	ح
ط	ی	ک	ل
م	ن	س	ع
ف	ص	ق	ر
ش	ت	ث	خ
ذ	ض	ظ	غ

گرم سرد اور خشک و تر حروف

ان میں سے ہر وہ حرف جو عار یعنی گرم کے جدول میں واقع ہے ۔ وہ گرم ہے

www.maktabah.org

اور جو بارد یعنی سرد کے جدول میں واقع ہے وہ سرد ہے اور ایسے ہی خشکی اور تری کا معاملہ ہے اور میں نے ہر عمل میں اس ترتیب کو درست نہیں دیکھا بلکہ اتفاق کے ساتھ عمل کرتے ہیں ۔ جیسا کہ اعداد دِ وفق ہیں ۔

جاننا چاہیئے کہ ان میں سے ایک خاصیت ان کے حروف ہونے سے نہیں بلکہ ان کے لئے خاصیت ان کی اشکال ہونے سے ہے پس حسب اشکال کی ذوات ہوں گی شکل کی خاصیت ہوگی ۔ اس لئے قلموں کے اختلاف سے ان کا عمل مختلف ہو جاتا ہے ۔

حروفِ تحریر زائل ہو سکتے ہیں

رہے حروفِ رقمیہ ؟ تو ان کی شکل آنکھ کے ساتھ محسوس کی جاتی ہے جب اُن کی ذوات اور اُن کی ارواح کی صحبت اور اُن کی حیاتِ ذاتیہ پائی جائے چنانچہ حرف کی خاصیت اُس کی شکل اور اُس کی رُوح کے ساتھ اُس کی ترکیب کے ساتھ ہو گی ایسے ہی شکل دو یا تین یا زیادہ حرفوں سے مرکب ہوتی ہے شکل کے لئے دُوسری رُوح ہوتی ہے اور وہ رُوح نہیں ہوتی ۔ جو حرف کے لئے اُس کی انفرادیت پر ہوتی ہے ۔

کیونکہ یہ رُوح چلی جاتی ہے اور اُس کے ساتھ حرف کی زندگی باقی رہتی ہے اس لئے وہ ایک شکل کو سوائے ایک رُوح کے تدبیر نہیں کرتا اور حرفِ واحد کی یہ رُوح روحوں کے ساتھ برزخ کی طرف منتقل ہو جاتی ہے ۔ کیونکہ شکل کی موت اُس کے زائل ہونے اور مِٹ جانے سے ہوتی ہے اور یہ وہ دوسری شکل ہے جو دو یا تین حرفوں سے مرکب ہو یا دہ حرفِ اوّل کی عین نہ ہو اور وُہ جو مرکب نہ ہو کیونکہ عُمر زائد عین نہیں اگرچہ اُس کی مثل ہے ۔

www.maktabah.org

حروفِ لفظی زائل نہیں ہوتے

رہے حروفِ لفظیہ؟ تو یہ ہوا میں متشکل ہو جاتے ہیں اس لئے وہ اُس صورت پر سماعت کے ساتھ متصل ہوتے ہیں جس صورت کے ساتھ متکلم کا نطق ہوتا ہے چنانچہ جب یہ ہوا میں متشکل ہوتے ہیں تو ان کے ساتھ رُد میں قائم ہو جاتی ہیں۔ اور ان حروف کو ہوا زائل نہیں کرتی۔ اور ان پر ان کی شکلیں ٹھہرائے رکھتی ہے۔

اگرچہ ان کا عمل ختم ہو جائے کیونکہ ان کا عمل اُس وقت ہوتا ہے جب پہلے ہوا میں متشکل ہوں بعد ازاں یہ تمام اُمتوں کے ساتھ ملحق ہو جاتے ہیں تو ان کا، شغل اپنے رب کی تسبیح ہوتا ہے اور بلندی کی طرف چڑھتے ہیں۔ طیب کلمات اوپر چڑھتے ہیں اور کلمہ کی شکل میں عین وہی ہوتی ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ تسبیح پڑھنے والے کی ہوتی ہے۔ اور اگر کفر یہ کلمہ ہو تو اُس کا وبال اُس متکلم پر لوٹ آتا ہے جس نے یہ کلمہ کہا نہ کہ اُن حروف پر اس لئے شارع علیہ السلام نے فرمایا ہے!

ان الرجل لیتکلم بالکلمۃ من سخط اللہ مالا یظن ان تبلغ ما بلغت یھوی بھا فی النار سبعین خریفا

بے شک انسان ایسا کلمہ کہہ دیتا ہے جس سے اللہ تبارک وتعالیٰ ناراض ہوتے ہیں اور اُسے گمان بھی نہیں ہوتا کہ اُس کی بات وہاں تک پہنچے گی جہاں پہنچ گئی جس کے ساتھ وہ ستر سال جہنم میں چلا جاتا ہے۔

سزا متکلم کو ہے کلمات کو نہیں

عقوبت اور سزا لفظ کہنے والے کے لئے اس سبب کے ساتھ مقرر کی جاتی

www.maktabah.org

ہے۔ اور یہ انہیں یعنی لفظوں کو پیش نہیں آتی۔

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا وہ کلام جو مصحفوں میں رقم ہوتا ہے اُس کی تعظیم اور تمجید و تقدیس کی جاتی ہے اور اُسے اللہ تعالیٰ کی قربت کی جہت سے پڑھا جاتا ہے اور اس میں وہ تمام جو یہودیوں اور عیسائیوں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے حق میں کفر اور سب و شتم کیا ہے اِن کفریہ کلمات کا وبال اُس کے قائل پر لوٹتا ہے اِس کے دروازہ پر کلمات باقی رہتے ہیں جو قیامت کے دن کہنے والوں کا عذاب یا اُن کی نعمتوں کے متولی ہوں گے۔

حروفِ لفظیہ زندہ رہتے ہیں

اِن حروفِ ہوائیہ لفظیہ کو حروفِ رقمیہ کے بالعکس اِن کے وجود کے بعد موت کا سامنا نہیں ہوتا کیونکہ حروفِ رقمیہ اور کلمیہ رقمیہ یعنی تحریر کردہ حروف و کلمات تغیّر و زوال کو قبول کر لیتے ہیں اِس لئے یہ قبول کرنے کے محل میں ہیں اور اشکال لفظیہ ایسے محل میں ہیں جو اسے قبول نہیں کرتے اسی وجہ سے ان کے لئے بقا ہے۔

لیکن وہ تمام جو کلامِ عالم سے مملو ہے اور اہلِ کشف اسے قائم صورتوں میں دیکھتے ہیں اور حروفِ مستحضرہ یعنی متصورہ حروف بھی ایسے ہی باقی ہیں کیونکہ اِن کی اشکال کا وجود برزخ میں ہے حس میں نہیں اور ان کا فعل تمام حروف سے زیادہ قوی ہے۔

حروف کی خاصیّت کا ظہور

لیکن جب ان کے استحضار یعنی موجودگی کا تسلط مستحکم ہو جاتا ہے اور

www.maktabah.org

اُس کے لئے مستحضر یعنی ذہن میں موجود لفظ کے لئے اتحاد ہو جائے اور اس میں اس کے علاوہ کے لئے گنجائش نہ ہے - اور اُس کی جو خاصیت ہے اسے وہ جانتا ہو۔ یہاں تک کہ اُسے خیال میں موجود کرلے تو اس کے اثر کو دیکھے گا پس فعل کی یہ نسبت ہمت کے ساتھ ہوتی ہے اگرچہ اُسے نہ جانتا ہو یہاں تک کہ وہ خیال جو اُسے عطا کیا گیا ہے کیونکہ وہ اُس کے وجود میں واقع ہو جاتا ہے - اور اسے اس کا علم نہیں ہوتا۔

ایسے ہی ہر مرتبہ میں تمام حروف کی شکلیں ہیں اور یہ خیال میں موجود کئے گئے حرف کے ساتھ جس کا اُسے علم نہیں ہوتا ہمت اور صدق سے تعبیر ہوتی ہیں اور ایسے ہوتا نہیں ہے۔

اگرچہ خیال میں حاضر کئے گئے حرف کے لئے ہمت روح ہوتی ہے مگر متصوّر حرف کی عین شکل نہیں ہوتی اس حضرت میں تمام لفظی اور تحریری حروف عام ہیں۔ جب آپ خواصِ اشکال کو جان لیں گے تو اس کے ساتھ علمی طور پر کتابتاً یا تلفظاً فعل واقع ہوگا اور اگر انفعال کی ماہیت کے ساتھ ارتباط کا تعین نہیں ہوگا تو اُس کا علم نہیں ہوگا۔

قرآن مجید کی آیت کے اثرات

ہم نے ایک شخص کو قرآن مجید کی آیت پڑھتے دیکھا اور اُسے خبر نہ تھی تو اس نے دورانِ تلاوت میں عجیب وغریب اثر دیکھا وہ ایک ذہین آدمی تھا اُس نے جلد ہی تلاوت کی طرف رجوع کیا تاکہ اس آیت کو دیکھے جس آیت کے ساتھ یہ اثر مختص تھا پس اُس نے پڑھنا شروع کیا اور نظر رکھی جب وہ اُس آیت پر پہنچا جس کا یہ اثر تھا تو اس کے فعل کو دیکھ کر آگے گزر گیا تو اس

www.maktabah.org

اثر کو نہ پایا پھر واپس لوٹ کر اُس آیت کو بار بار پڑھا یہاں تک کہ اُسے متحقق ہو گیا اور اُس نے اِس کے انفعال و تاثیر کو اخذ کر لیا اور جب کبھی اِس انفعال کو دیکھنے کا ارادہ کرتا ہے اِس آیت کی تلاوت کرتا تو اُس کے لئے اُس کا اثر ظاہر ہوتا۔

اور یہ علم فی نفسہٖ عجیب ہے مگر اِس سے سلامت رہنا عزیز ہے چنانچہ اِس کی طلب کو ترک کرنا اُولیٰ ہے کیونکہ یہ وہ علم ہے جس کے ساتھ منجملہٗ اولیاء اللہ کا اختصاص ہے۔

اگرچہ اِس علم میں سے بہت کم دُوسرے لوگوں کے پاس بھی ہے لیکن وہ صالحین کے علاوہ طریق سے حاصل کرتے ہیں اِس لئے عوام النّاس میں جس کے پاس یہ علم ہوتا ہے وہ شقی اور بدبخت ہوتا ہے اور سعادت مند نہیں ہوتا اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں عُلماء باللہ کے زمرہ سے کرے اور اللہ ہی حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

الحمدللہ چھتّیسویں باب کا ترجمہ ختم ہوا۔

صابر حسین

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ستائیسواں باب

"صَلِّ فَقُدْ نَوَیْتُ وِصَالَكَ" [1] کے اقطاب کی معرفت کا بیان یہ منزل عالم نورانی سے ہے"

ولولا النور ما اتصلت عیون	بعین المبصرات ولا رأتها
ولولا الحق ما اتصلت عقول	باعیان الامور فادرکتها
اذا سئلت عقول عن ذوات	تعدّ مغایرات أنکرتها
وقالت ما علمنا غیر ذات	تمد ذوات خلق أظهرتها
هی المعنی ونحن لها حروف	فهما عینت أمر اعنتها

اور اگر روشنی نہ ہوتی تو آنکھیں دیکھنے والوں کی عین سے متصل نہ ہوتیں اور نہ اُسے دیکھ پاتیں۔

اور اگر حق نہ ہوتا تو اُمور کے اعیان کے ساتھ عقلیں متصل نہ ہوتیں کہ اُن کا ادراک کر سکیں۔

جب عقلوں سے ذوات کے بارے میں پُوچھا گیا تو اُنھوں نے ذوات کو مغائرات میں شمار کر کے انکار کر دیا۔

اور کہا ہمیں اُس ذات کے علاوہ کا عِلم نہیں جو مخلوق کی ذوات کی مددگار اور اُنہیں ظاہر کرنے والی ہے۔

یہ معنیٰ ہیں اور ہم اُس کے حُروف ہیں پس متعین امر اُن کی تکلیف کا باعث ہے۔

---

[1] : نماز پڑھ بے شک میں نے نیت کی تیرے وصال کی یا یہ کہ وصال طلب کر میں نے تیرے وصال کی نیت کی ہے

www.maktabah.org

عشق اوّل در دلِ معشوق کی مثال

اے محبوبِ دوست اللہ تبارک و تعالیٰ اپنی عنائیت کے ساتھ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز میں ارشاد فرمایا ہے۔

فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗٓ
المائدہ آیت ۵۴

عنقریب اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو لائے گا جن سے اللہ محبت کرتا ہے اور وہ اُس سے محبت کرتے ہیں۔

پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کی محبت پر اپنی محبت کو مقدم رکھا اور فرمایا!

اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ
البقرہ آیت ۱۸۶

میں دعا کرنے والے کی دعا کو قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارے تو وہ میری اطاعت کریں

اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہماری دعا کے قبول ہونے کو مقدم رکھا ہماری دعا کی قبولیت پر جب ہم دعا کریں اور جب وہ ہمیں بلائے اور قبولیت بندہ دل سے مقرر کی اس لئے کہ وہ اجابت سے زیادہ پہنچی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کو قبول کرنے سے کوئی مانع ہیں جب وہ اللہ تبارک و تعالیٰ سے اُس کی طرف دُعا کرے اور یہ امور خواہش، نفس، شیطان اور دنیا ہیں اس لئے قبول کرنے کا حُکم دیا، کیونکہ استفعال کا صیغہ مبالغہ میں افعال کے صیغہ سے زیادہ سخت ہے" اور استخراج سے اخراج کہاں ہے۔

www.maktabah.org

خدا مدد کرتا ہے مدد مانگتا نہیں

یہی وجہ ہے کہ کائنات اپنے افعال میں اللہ تبارک وتعالیٰ سے مدد طلب کرتی ہے اللہ تبارک وتعالیٰ پر محال ہے کہ وہ مخلوق سے مدد طلب کرے چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہماری تعلیم کے لئے اس باب سے ہمیں فرمایا کہ ہم! " وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ "، کہیں یعنی ہم تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔

چنانچہ اس باب میں کہا! " صَلِّ فَقَدْ نَوَیْتُ وِصَالِکَ "، یعنی نماز پڑھ میں نے تیرے وصال کی نیت کی تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ارادات کو مقدم کیا گیا تو فرمایا صَلِّ، جب تو وصل میں تعمیل کرے گا تو یہ تیرے سا تھ عین اس کا وصل ہے۔ اس لئے اسے عمل کی بجائے نیت قرار دیا اور فرمایا! فقد نویت

خدا بندے سے بڑھ کر قریب ہوتا ہے

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے!

یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْہُ ذِرَاعًا الحدیث۔

اللہ تبارک نے فرمایا! جو شخص میری طرف ایک بالشت آتا ہے میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہوتا ہوں

اس مخصوص قرب کا مرجع اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف اعمال واحوال سے تقرب حاصل کرنا ہے۔ کیونکہ عام قرب میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ
ق آیت ۱۶

اور ہم اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

www.maktabah.org

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ	اور ہم تو تمہاری جان سے بھی زیادہ قریب ہیں مگر تم جانتے نہیں ۔

الواقعہ آیت ۸۵

پس قُرب کو ہاتھ سے تشبیہہ دے کر دُوگنا کر دیا کیونکہ ہاتھ بالشت سے دُوگنا ہوتا ہے۔ یعنی اُس کا فرمان ہے حَق اور یہ قرب ہے پھر اُس کی طرف بالِشت کی قربت ہے تو تجھ پر ظاہر ہوگا کہ تُو نے اُس کی طرف قُربت حاصل نہیں کی مگر اُس کے ساتھ کیونکہ اگر وہ تجھے نہ بلاتا اور تیرے لئے قُربت کا راستہ بیان نہ کرتا اور اس میں تیری پیشانی کو اخذ نہ کرتا تو تیرے لئے ممکن نہ تھا کہ تو اُس راستے کو جان لیتا جس سے اُس کی قُربت حاصل ہُوئی ہے اور اگر جان بھی لیتا تو تیرے لئے طاقت اور قوّت نہ تھی مگر اس کے ساتھ

چُونکہ تقرب سلوک اور اُس کی طرف سفر کے ساتھ حاصل ہوتا ہے اِس لئے نُور کی صِفت میں سے ہے کہ اُس کے ساتھ راستہ دیکھا جا سکے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے !

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ الانعام آیت ۹۷	وہی ہے جس نے تمہارے لئے ستارے بنائے تاکہ تم اُن سے خُشکی اور تری کی اندھیریوں میں راستہ پاؤ

بَر یعنی خشکی کا سُلوک ظاہری ہے جو اعمال بدنیہ کے ساتھ تعلق رکھتا اور بحر یعنی تری کا سلوک باطنی معنوی ہے جس کا تعلق اعمالِ نفسیہ سے ہے ۔

یہ معارف اکتسابی ہیں

اِس باب کے اصحاب کے معارف وہبی نہیں اکتسابی ہیں اور اُن کا کھانا

www.maktabah.org

اُن کے قدموں کے نیچے ہے یعنی اُن کے لئے اُن کے کسب سے حاصل ہوتا ہے اور اس کے اصُول میں ان کا اجتہاد ہے اور اگر اُن کے لئے حق تعالیٰ کا ارادہ نہ ہوتا تو انہیں توفیق نہ ہوتی اور نہ وہ عمل کر سکتے جب انھیں معنیٰ کے ساتھ دُور ہٹایا اور انھیں امر کے ساتھ بلایا تو انہیں اُس اسباب کے استعمال سے جسے انھوں نے حضرتِ قُرب سے وصُول کا طریق مقرّر کیا اُس کے وصول سے محرُوم کر دیا۔ اور اس کے لئے انھیں بشارت دیتے ہُوئے فرمایا! ”صَلِّ فَقَدْ لَوَیْتُ وِصَالِکْ“

نماز میں منزلیں ہیں

اُن کے لئے عنایت سبقت لے گئی تو وہ چلنے لگے اور یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے نماز میں جُوتے پہننے کا حکم دیا ہے کیونکہ بیٹھنے والا جوتا نہیں پہنتا اور بے شک یہ چلنے والے کے لئے بنایا گیا ہے۔ اس میں دلیل یہ ہے کہ نماز پڑھنے والا اپنی نماز میں اور اُن آیات میں اپنے پرورد گار کی مناجات میں جن میں وُہ منزل منزل مناجات کرتا ہے ہر آیت منزل اور حال ہے اور اُن کے لئے فرمایا!

یَا بَنِیْ آدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ — اے اولادِ آدم ہر نماز کے وقت خود کو آراستہ کرو۔

ایک صحابی فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہُوئی تو ہمیں جوتوں سمیت نماز پڑھنے کا حکم ہُوا تو یہ نماز پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبردار کیا گیا ہے کہ وہ اپنی نماز میں قرآن مجید کی سُورتوں سے جو تلاوت کرتا ہے منزلوں کی طرف چلتا ہے کیونکہ لغت میں ان سُورتوں کا نام منازل ہے نابغہ نے کہا ہے!

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ أَعْطَاكَ سُوْرَةً
تَرَى كُلَّ مَلْكٍ دُوْنَهَا يَتَذَبْذَبُ

www.maktabah.org

حضرت مُوسیٰ کا نعلین اُتارنا

سُورت سے مُراد منزلت ہے۔ اور حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کو فرمایا! "اَخْلَعَ نعلیکَ" یعنی اپنی نعلین اتار دیں آپ اپنی منزل کو پہنچ گئے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن سے بغیر واسطہ کے اور بغیر ترجمان کے کلام فرمایا اس لئے ہمارے لئے اس تعریف میں مصدر کے ساتھ تاکید فرمائی پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا!

وکلم اللّٰہ مُوسیٰ تکلیما — اور اللہ نے مُوسیٰؑ سے خود کلام کیا۔

النسا آیت ۱۶۴

اور جو منزل تک پہنچ جاتا ہے وہ نعلین اُتار دیتا ہے۔ تو ظاہر ہو جاتا ہے کہ جُوتے سمیت نمازی کا کیا مرتبہ ہے اور یہ بھی ظاہر ہو جاتا ہے کہ نماز میں مناجات کے کیا معنی ہیں۔ اور یہ اُس کلام کے معنی نہیں جو حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کو حاصل ہوئے کیونکہ نمازی کے حق میں فرمایا کہ وہ مناجات کرتا ہے اور مناجات دو فاعلوں کا فعل ہے تو نعلین پہننا ضروری ہوا کہ نمازی دو حقیقتوں کے درمیان متردد ہوتا ہے اور تردد دو عملوں کے درمیان چلنے والے کو دونوں کے درمیان نعلین پہننے کے لفظ کے ساتھ معنی کے ساتھ دلالت کرتا ہے۔

نماز کی تقسیم

اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد دلالت کرتا ہے۔ جس کی ترجمانی حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کرتے ہوئے فرمایا!

قسمتُ الصّلوٰۃَ بَینِی وَبَینَ عَبدِی نِصفَینِ فَنِصفُھَا لِی وَنِصفُھَا لِعَبدِی — میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان تقسیم کیا ہے پس نصف میرے لئے اور نصف میرے بندے کے لئے۔

الحدیث

www.maktabah.org

پھر فرمایا! بندہ کہتا ہے الحمد للہ رب العٰلمین تو الحمد للہ رب العٰلمین کے قول میں اُس کا وصف اُس کی ذات کے ساتھ ہے جسے اُس کا خالق اور مناجات کرنے والا دونوں سُنتے ہیں۔

پھر بندہ اپنے قول کی منزل سے اپنی سماعت کی منزل کی طرف چلتا ہے تاکہ اس قول پر اللہ تعالیٰ کے جواب کو سُنے اور یہی وہ سفر ہے۔ پس اس لئے وہ نعلین پہنتا ہے تاکہ دونوں جوتوں کے ساتھ اُس راستے پر چلے جو ان دونوں منزلوں کے درمیان ہے۔

نماز میں منزلیں طے کرنا

چنانچہ جب وہ اپنی سمع کی منزل کی طرف آغازِ سفر کرتا ہے تو حق تعالیٰ اُس کی بات سُن کر اُس کے لئے فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میری تعریف کی ہے پس وہ سمع کی منزل سے اپنے قول کی طرف روانہ ہوتا ہے تو کہتا ہے الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، جب فارغ ہوتا ہے تو وہ سمع کی منزل کی طرف روانہ ہوتا ہے جب وہ اس منزل پر اترتا ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُس کی بات سُن کر اُس کے لئے فرماتا ہے میرے بندے نے مجھ پر میری ثناء کہی، تو ہمیشہ وہ اپنی مناجات میں قول سے تردّد کرتا رہتا ہے۔

پھر اُس کے لئے نماز میں حالتِ قیام سے دُوسری روانگی اُس کے رکوع کی حالت کی طرف ہے۔ تو صفتِ قیومیہ سے صفتِ عظمت کی طرف روانگی ہوتی ہے تو کہتا ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ — پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا اور اُس کی حمد ہے۔

www.maktabah.org

پھر اُٹھتا ہے تو یہ مقامِ تعظیم سے مقامِ نیابت کی طرف روانگی ہے تو کہتا ہے "سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ" یعنی اللہ تعالیٰ سنتا ہے جو اُس کی حمد کرتا ہے۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے! کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے بندے کی زبان پر فرماتا ہے "سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ" تو کہو "رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ" یعنی اے ہمارے رب تیرے لئے حمد ہے، چنانچہ اسی لئے ہم نے رکوع سے سر اٹھانے کو حق کی طرف سے نیابت اور قیومت کی طرف رجوع کرنا مقرر کیا ہے۔

جب سجدہ کرتا ہے تو رفعتِ الٰہیہ میں عظمت مندرج ہو جاتی ہے۔ تو سجدہ کرنے والا کہتا ہے سبحانَہٗ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ۔ کیونکہ سجود بلندی کی نقیض ہے جب سجدہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کے لئے بلندی کو خالص کر لیتا ہے تو پھر سجدے میں سر اُٹھا لیتا ہے اور سیدھا ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔ اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی — رحمٰن نے عرش پر غلبہ فرمایا۔

طٰہٰ آیت ۵

پس بندہ کہتا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَعَافِنِیْ وَاعْفُ عَنِّیْ۔ — اے رب مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے راستہ دکھا اور مجھے رزق عطا فرما اور مجھے اجر عطا فرما اور مجھے عافیت عطا فرما اور مجھ سے درگزر فرما۔

نماز میں نعلین کیوں نہیں پہنتے؟

تو نماز میں یہ تمام فعل منزلیں اور چشمے ہیں وہ یعنی نمازی ایک حال سے دوسرے

www.maktabah.org

حال کی طرف سفر کرتا ہے تو جس کا حال دائمی سفر ہے۔ اُسے کیسے نہ کہا جائے کہ وہ نعلین پہن لے یعنی اپنی سیر میں کتاب و سنّت سے استعانت چاہو اور یہ ہر نماز کی زینت ہے۔

کیونکہ نماز کے احوال اور جو اس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے کلام سے طاری ہوتا ہے۔ اور جو اس میں غوامض و دقیق آیات میں شُبہ سے تلاوت کیا جاتا اور جو اس میں تعرّض ہوتا ہے یہ اُس سے ہے۔

نعلین کیا ہے؟

انسان نماز میں ہو تو اللہ تبارک و تعالیٰ کو اپنا قبلہ مقرر کرتا ہے تو اسے پالیتا ہے تو یہ سب کچھ بمنزلہ راستے کے کانٹوں اور خس و خاشاک کے ہے اور بالخصوص راستہ تکلیف دہ ہے۔ اس لئے نعلین پہننے کا حکم ہوا تاکہ دونوں پاؤں کے ساتھ اُس اذیت سے محفوظ رہے جس کا ہم نے ذکر کیا سالک کے دونوں پاؤں اُسکے ظاہر اور باطن سے عبارت ہیں لہٰذا ہم نے دونوں کو قرآن سنّت قرار دیا ہے۔

حضرت مُوسیٰ نے نعلین کیوں اتارے؟

رہے حضرت مُوسیٰ علیہ السلام کی نعلین تو وہ دونوں یہ نہیں کیونکہ اُن کے لئے اُن کے ربّ نے فرمایا!

اخلع نعلیک انک بالوادی المقدس آپ جُوتے اُتار لیں بے شک آپ پاک وادی میں ہیں۔

ہم سے روائیت بیان کی گئی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے نعلین مردار گدھے کے چمڑے سے بنے ہوئے تھے تو ان میں تین اسماء جمع تھیں۔

www.maktabah.org

ایک یہ کہ وہ بہرہ تھا اور وہ ظاہر امر تھا یعنی آپ ہر احوال میں ظاہر کے ساتھ نہ تھے۔

دوسری یہ کہ گدھے کی طرف بلادت و حماقت منسوب ہے۔

تیسری یہ کہ وہ مرا ہوا اور ناپاک تھا اور موت جہل ہے۔ جب تو مرا ہوا ہو گا تو اُس کا شعور نہ کر سکے گا جو تو کہے گا اور جو تجھ سے کہا جائے گا۔

اور مناجات کرنے والا لازماً اس صفت کے ساتھ ہوتا ہے کہ جو وہ کہے اور اُس سے کہا جائے اُس کا شعور رکھتا ہو کلام کے مواقع کے ساتھ زندہ دل، فہیم اور اُن معانی میں غوطہ لگانے والا ہو اور جس کے ساتھ مناجات کر رہا ہے، اُس کے ساتھ قصیدہ کو جانتا ہو پس جب نماز سے فارغ ہو تو حاضرین کو سلام کہے وہ سلام جو اپنے رب کے پاس سے اپنی قوم کے پاس تحفہ لے کر آیا تھا۔

ہم نے آپ کو نماز میں ظاہر امر میں نعلین پہننے کی مراد بتادی ہے اور اُس مراد سے بھی آگاہ کر دیا ہے جو راہِ خدا پر چلنے والے عارفوں کے نزدیک ہے

نماز نور ہے

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ صلواۃ نور ہے تو یہ لوگ محمدی موسوی ہیں انہیں نور کی زبان کے ساتھ بید کے درخت سے منسوب کیا جاتا ہے جو مصباح یعنی چراغ کے مشابہ ہوتا ہے وہ نور ظاہر ہے جسے تاثیرِ جہات سے منزہ خطِ اعتدال میں زیتون کے مبارک درخت کے تیل میں نور باطن امداد دیتا ہے۔

تیل چراغ کا مددگار ہے

جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے درخت سے کلام ہوا تھا تو وہ نورٌ علیٰ نور ہے یعنی نورٌ من نور تو مِن کا لفظ علیٰ سے بدل گیا جیسے قرینۂ حال کے

www.maktabah.org

ساتھ سمجھا جا سکتا ہے اور کبھی علی اُس کے دروازے پر ہوتا ہے کیونکہ چراغ کی روشنی ظاہر میں حسّی طور پر تیل کی روشنی پر بلند ہوتی ہے۔ اور باطنی طور پر تیل چراغ کی امداد کرتا ہے۔

اگر تیل کی رطوبت چراغ کی مددگار نہ ہو تو چراغ کو یہ دوام حاصل نہ ہو ایسے ہی علم کو تقوے کی امداد حاصل ہوتی ہے جس سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے ان ارشادات میں ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ — اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے

البقرہ آیت ۲۸۲

اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا — اگر تم اللہ سے ڈرتے رہے تو تمہارے لئے فرقان مقرر کر دے گا

الانفال آیت ۲۹

اِس کے قُطبوں کے راز

یہ علمِ الٰہی قطع نہیں ہوتا کیں تیل کی روشنی تیل میں پوشیدہ ہے جو اس میں محمول ہے اور اس سے چراغ کے نور کی بقاء کے لئے رقائقِ غائب سے رقیقہ میں لطیف معنی کا سریان ہے۔

اس مقام کے قُطبوں کے لئے بہت سے راز و اسرار ہیں جن میں سے سرّ امداد سرّ نکاح، سرّ اعضاء، سرّ غیرت، اور سرّ عنین ہے اور عنین وہ ہے جو نکاح کے ساتھ قائم نہ ہو سکے اور سرّ دائرۂ زمہریر، اور سراب میں سرّ وجودِ حق، سرّ حجاباتِ الٰہیہ پرندوں اور حیوانات کے نطق کا راز، سرّ بلوغت اور سرّ صدیقین۔

"واللہ یقول الحق و ھو یھدی السبیل"

الحمد للہ ستائیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا۔

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اٹھائیسواں باب

الم ترکیف کے اقطاب کی معرفت کا بیان

العلم بالکیف مجہول ومعلوم لکنہ بوجود الحق مرسوم

فظاھر الکون تکییف و باطنہ علم یشار الیہ فھو مکتوم

من أعجب الامر أن الجھل من صفتی بما لنا فھو فی التحقیق معلوم

وکیف أدرک من بالعجز أدرکہ وکیف أجھلہ والجھل معدوم

قد حرت فیہ وفی أمری ولست أنا سواہ فالخلق ظلام ومظلوم

ان قلت انی یقول الان منہ أنا أو قلت انک قال الان مفھوم

فالحمد للہ لا أبغی بہ بدلا واذا الرزق بالتقدیر مقسوم

علم کیف کے ساتھ مجہول و معلوم ہے لیکن وہ وجودِ حق کے ساتھ موسوم ہے کائنات کا ظاہر کیف اور اس کا باطن علم ہے۔ اس کی طرف وہ اشارہ کیا جاتا ہے جو چھپا ہوا ہے۔

تعجب خیز امر ہے کہ جہل میری وہ صفت ہے جسے ہم نہیں جانتے اور وہ تحقق میں معلوم ہے۔

میں اُس کا ادراک کیسے کروں جس کا ادراک عجز سے ہوتا ہے اور اُس کا علم کیسے نہ حاصل کروں جب کہ جہل معدوم ہے۔

یقیناً میں اس میں اور اپنے امر میں متحیر ہوں اور میں اس کے سوا نہیں ہوں پس مخلوق تاریکیاں اور ظلمتیں ہیں۔

اگر میں کہتا ہوں انی یعنی میں ہوں تو وہ کہتا ہے کہ میں اس وقت اُس سے ہوں

www.maktabah.org

یا میں کہوں انک یعنی تُو ہے تو فرمایا اِس وقت مفہوم ہے۔
پس الحمدللہ میں نے اِس کے بدلہ کے ساتھ تجاوز نہیں کیا اور بے شک رزق تقدیر کے ساتھ مقسُوم ہے۔

اللہ تعالیٰ سے کیسے سوال کریں؟

جاننا چاہیئے کہ اُمہات مطالب چار ہیں اور ان میں سے ھَل وجُود سے سوال ہے اور مَا اُس حقیقت سے سوال ہے جس سے ماہیت کو تعبیر کیا جاتا ہے اور کَیف حال سے سوال ہے اور لِم علّت اور سبب سے سوال ہے۔ اور اِس میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ کہ ان میں سے کون سا اَمر درُست ہے جس کے ساتھ حق تعالیٰ سے سوال کیا جائے تو کلمہ ہَل پر اُنھوں نے اتفاق کیا ہے کیونکہ اِس کے ساتھ حق تعالیٰ سے سوال کا تصوّر کیا جا سکتا ہے۔

ان میں سے جو باقی اُمہات مطالب ہیں اُن میں اختلاف کرتے ہیں چنانچہ اُن میں سے بعض لوگ منع کرتے ہیں اور بعض لوگ جائز کہتے ہیں اور ان میں سے جو منع کرتا ہے وہ فلسفی ہے۔ اور ایک گروہ سے ایک جماعت نے اِسے عقلاً منع کیا ہے۔ اور ایک جماعت نے اسے شرعاً منع کیا ہے۔

خُدا مرکّب نہیں

رہی اُن کی عقلاً منع کرنے کی صوُرت؟ تو یہ مَا کے مطلب میں کہتے ہیں کہ وہ ماہیت سے سوال کرتا ہے۔ تو وہ سوال حد سے ہے۔ اور حق سبحانہٗ تعالیٰ لامحدُود ہے۔ کیونکہ حَد جنس اور فصل سے مرکّب ہے۔

اور یہ امر حق تعالیٰ کے حق میں منع ہے کیونکہ اُس کی ذات اُس اَمر سے غیر مرکّب

www.maktabah.org

ہے۔ جس میں اشتراک واقع ہو جب کہ اُس کے ساتھ شرکت جنس میں ہوگی اور اس اَمر میں امتیاز واقع ہے اور وہاں اللہ تبارک وتعالیٰ اور مخلوق ہے جب کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اور عالم کے درمیان اور صانع اور مصنُوع کے درمیان نہ مناسبت ہے نہ مشارکت ہے نہ جنس ہے اور نہ فصل ہے۔

جو شخص عقلاً جائز اور شرعاً منع کرتا ہے اُس کا کہنا ہے کہ میں یہ نہیں کہتا کہ حد جنس اور فصل سے مرکب ہے۔ بلکہ میں کہتا ہُوں کہ اُس اَمر کے ساتھ سوال کرنا ہے جس سے اُس کی اُس حقیقت کے ساتھ سوال کیا جائے جس کا علم طلب کیا جاتا ہے۔ اور لازماً ہر معلوم یا مذکور کے لیے حقیقت ہے جو فی نفسہٖ کے لئے اُس پر برابر ہے۔ خواہ اُس کے لئے اُس حقیقت پر اس میں اشتراک واقع ہو یا حقیقت پر اُس کے لیے اُس میں اشتراک واقع نہ ہو۔

پس سوال اُس سے ہے جس کے ساتھ متصوّر ہو ولیکن شریعت اس کے ساتھ وارد نہیں پس ہم نے اس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ سے سوال کرنا منع کیا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ، یعنی اُس کی مثل کوئی چیز نہیں۔

کیفیت کے ساتھ سوال

رہا اُن کا کیفیت کے متعلق سوال کرنے سے منع کرنا؟ تو یہ سوال کیف کے ساتھ ہے۔ اور اس میں بھی وہ لوگ دو قسموں میں تقسیم ہو گئے ہیں۔

چنانچہ ان میں سے ایک گروہ ہے جو کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کیلئے کیفیت نہیں کیونکہ حال امر معقول اُس کی ذات ہونے پر زائد ہے اور جب امر وجودی اُس کی ذات کے ساتھ قائم ہوگا تو وہ ازلی ذاتوں کے لئے واجب الوجود کے

www.maktabah.org

دعوٰی کا مطالبہ کرے گا جب کہ اس محال پر دلیل قائم ہو چکی ہے۔ کیونکہ اس کے علاوہ اپنی ذات کے لئے کوئی واجب نہیں۔

تو کیفیت عقلاً محال ہے۔

اور جو کہتا ہے کہ اس کے لئے کیفیت ہے۔ ولیکن میں اسے نہیں جانتا تو یہ شرعاً ممنوع ہے نہ کہ عقلاً کیونکہ ہمارے نزدیک کیفیاتِ معقولہ سے خارج ہے پس اسے نہیں جانتے اور بے شک فرمایا! لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ یعنی ہر اس امر میں جو اس کی طرف منسوب ہے اور جسے اس نے اپنی ذات کی طرف منسوب کیا ہے کہا کہ وہ اس امر پر ہے جیسے حق تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اگر لفظ میں اشتراک واقع ہو تو معنی مختلف ہیں۔

لفظِ لِمَ کے ساتھ سوال کرنا۔

رہا لِمَ کے ساتھ سوال؟ تو یہ بھی ممنوع ہے۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے افعال کے لئے علتیں نہیں اس لئے کہ علت فعل کا موجب ہوتی ہے۔ تو حق تبارک و تعالیٰ موجب کے تحت داخل ہوگا۔ اور اس کی ذات پہ یہ فعل زائد واجب ہوگا اور اس کے علاوہ دوسروں نے ابطال کیا ہے۔ کہ لِمَ یعنی کیوں کا اطلاق شرعاً اس کے فعل پر نہیں ہوتا۔

اس کے ساتھ کہا کہ اس کی طرف وہ امر منسوب نہ کرو جو اس نے اپنی ذات کی طرف خود منسوب نہیں کیا۔

تو میرا یہ قول کہ یہ عمل شرعاً نہیں اور جب ہم نے اس کے شرعاً منع ہونے پہ سب ذکر کیا ہے۔ اس کی نہی اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے وارد ہو چکی ہے اور یہ تمام کلام مدخول ہے اس سے صحت و فساد کے ساتھ تخلیص یعنی خلاصی واقع نہیں ہوتی

www.maktabah.org

مگر عظیم طوالت کے بعد اور یہ وہ طریقہ ہے جس کا ذکر ہم نے منع سے کیا ہے۔

جن علماء نے جائز کہا

رہا! علماء کا ان مطالب کے ساتھ اس سے حق تعالیٰ کے متعلق سوال کو جائز کہنا تو یہ علماء اہلِ شریعت ہیں اور ان میں سے ان کی اجازت کا سبب اس لئے ہے کہ یہ کہتے ہیں شریعت نے ہمیں جس چیز سے روکا ہے ہم اُس سے رک گئے ہیں اور ہم پر اس میں غور و خوض واجب نہیں اور جس امر میں منع نہیں کیا گیا اور نہ ہی وہ واجب ہے تو وہ معاف ہے۔ اگر ہم چاہیں تو اُس میں کلام کریں اور اگر نہ چاہیں اُس سے خاموش رہیں۔ اور اُس سبحانہٗ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان پر فرعون کو اُس کے سوال سے منع نہیں کیا جو اُس نے کیا تھا کہ "وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ"، یعنی رب العلمین کیا ہے؟ بلکہ جنابِ الٰہی سے اُس کے لائق جواب دیا۔

اگر سوال کے مطابق جواب واقع نہیں ہوا تو یہ اصطلاح قائم کرنے والے کی اصطلاح کو لحع ہے۔ کہ وہ اس کے ساتھ ماہیتِ مرکبہ کے علاوہ سوال نہیں کر سکتا۔

اور اصطلاح اس جواب پر ہے کہ اُس شخص کے لئے اس کے ساتھ جواب نہیں ہوگا جو مَا کے ساتھ سوال کرتا ہے۔ اور یہ اصطلاح مخالفت کرنے والے کو لازم نہیں تو اس صیغہ کے ساتھ اس سوال کا اطلاق اُس پر منع نہیں کیونکہ الفاظ اپنی ذات کے لئے مطلوب نہیں اور یہ اس لئے مطلوب ہوتے ہیں کہ اُن معانی پر دلالت کریں جو اُن کے لئے وضع ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ وضع کے حکم کے ساتھ ہیں اور جو الفاظ ہر طائفہ نے مَا کے مقابلہ میں وضع کئے ہیں دوسرے طائفہ نے وہ وضع نہیں کئے پس یہ اختلاف عبارت میں ہوگا۔ نہ کہ حقیقت میں اور خلاف کا اعتبار نہیں مگر معانی میں

www.maktabah.org

کیفیت میں اجازت دینے والے

رہا یہ امر کہ انھوں نے "اللہ تبارک و تعالیٰ" کی کیفیت میں اجازت دی ہے تو اُن کی یہ اجازت مَا کے ساتھ سوال کرنے کی مثل ہے۔ اور وہ اس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد سے حجت پکڑتے ہیں۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ
الرحمٰن آیت ۳۱

اے جنّوں اور انسانوں ہم عنقریب تمہیں فارغ کر دیں گے۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے اللہ تعالیٰ کی آنکھ ہے اور آنکھیں ہیں۔ اور ہاتھ ہے اور اس کے ہاتھ میں میزان ہے جسے نیچے اُوپر کرتا ہے اور یہ تمام کیفیات ہیں اگرچہ اس میں عدم شبہ کے لئے غیر معروف ہیں۔

لِمَ کے ساتھ اجازتِ سوال دینے والے

رہا اُن کا لِمَ کے ساتھ سوال کی اجازت دینا؟ تو یہ سوال علت سے ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ٥

تو لیعبدون کا لام علّت اور سبب ہے۔ کیونکہ اس میں اُس کے سوال کا جواب ہے جو کہے لِمَ خَلَقَ اللّٰهُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ "یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ نے جنّوں اور انسانوں کو کیوں پیدا کیا؟ تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس سائل کے لئے فرمایا"

لِيَعْبُدُوْنَ، یعنی میری عبادت کریں۔

پس جو مُدّعی ان عبارات کے اطلاق میں منع کرتا ہے۔ تو اُس پر دلیل کے ساتھ

www.maktabah.org

بات کرنا واجب ہے ۔ چنانچہ تمام متشرع جائز کہنے والوں اور منع کرنے والوں کو کہا جائے گا۔ آپ نے جو سب کچھ کہا ہے وہ صحت کو نہیں پہنچتا اور آپ نے منع اور جواز میں جو چیز بیان کی ہے اس میں تمہارا اپنا دخل ہے باوجود اس کے کہ آپ متشرع ہیں آپ کو منع یا جواز میں توقف بہتر تھا۔

غیر شرع لوگوں کا باعث کرنا

رہے حکماء سے غیر شرع لوگ تو اُن کے ساتھ اس میں غور و خوض کرنا جائز نہیں۔ ہاں! اگر شریعت میں یہ مباح ہو یا اُسے واجب کہا گیا ہو تو غور کر سکتے ہیں اور اگر شارع علیہ السلام اِس میں غور و خوض کے متعلق وارد نہیں ہوا تو اس میں اُن کے ساتھ بحث و تمحیص میں کوئی راستہ نہیں۔ پس اس کے متعلق حکم میں توقف کیا جائے اور اس میں خوض اور بحث کرنے والے کے حق میں نہ صحیح کا حکم دیا جائے گا نہ وہ غلطی پر ہے۔ ایسے ہی اُس کے حق میں ہے جس نے بحث چھوڑ دی ہے۔ کیونکہ شریعت کے سلاوہ حکم نہیں اس کے جواز میں لفظ کہا جائے یا نہ کہا جائے، یہ اطاعت ہو گی یا نافرمانی

خدا تعالیٰ سے مشابہت نہیں ہو سکتی

اے دوست ہم نے آپ کے لئے ان مطالب میں لوگوں کے مآخذ تفصیل سے بیان کر دیئے ہیں۔

رہا اِس میں نفع بخش علم! تو اس میں میں یہ کہوں گا کہ جیسے اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کی کسی چیز سے مشابہت نہیں ایسے ہی اشیاء میں مشابہت نہیں اور معنی کے طریق سے تشبیہ کی نفی اور تنزیہہ کے اثبات پر عقلی اور شرعی دلیل قائم ہو چکی ہے اور کوئی اَمر باقی نہیں مگر اللہ تبارک و تعالیٰ پر اُس لفظ کے اطلاق میں جس کا اُس پر اطلاق

www.maktabah.org

ہمارے لئے قرآن مجید یا اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان پر مباح قرار دیا جا چکا ہے۔

رہا اُس پر اس کا اطلاق ؛ تو یہ اُس اَمر سے خالی نہیں کہ اس اطلاق کے ساتھ وہ عبد مامور ہوگا تو اِس کا یہ اطلاق کرنا اطاعت اَور فرض ہے اور یہ لفظ کہنے والا ماجور و مطیع ہوگا۔

اس کی مثل تکبیرِ تحریمہ میں اللہ اکبر کہنا اور یہ لفظ اُس کا وزن ہے جو مفاضلت کا اقتضا کرتا ہے ۔ اور وہ سبحانہ تعالیٰ مفاضل نہیں ، یعنی تفضیل میں اُس کے مقابلہ میں اور کوئی موجود ہی نہیں کیونکہ اکبر اصغر کے مقابلہ میں ہوتا ہے۔

رہا اختیار دیا جانا تو یہ لفظ کہنے والے کے حسب قصد اور اس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے حسبِ حکم ہوگا۔ اور جب ہم اِس کا اطلاق کریں گے تو انسان اِس اَمر سے خالی نہ ہوگا۔ کہ اِس کا اطلاق کرے اور اِس اطلاق میں اُس کی ذات اِس کے اُس معنیٰ و مفہوم کے ساتھ ہو جو اُس سے وضع میں اِس زبان کے ساتھ ہیں۔

شرعی حکم سے اِطلاق کیسے ہوگا؟

یا اِس کا اطلاق نہیں کرے گا مگر شرعی حکم سے اِس میں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی مراد ہے اُس تصوّرِ معنیٰ کے بغیر ہے جو اِس زبان میں اُس کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ جیسا کہ اہلِ فارسی جو عربی زبان کو نہیں جانتا اور وہ تلاوتِ قرآن پاک کرتا ہے۔ اور اُس کے معنے کو نہیں جانتا تو اُس کے لئے تلاوت کا اجر ہے۔

ایسے ہی عرب کا رہنے والا قرآن وسنت سے اُس لفظ کے مشابہہ کہ تلاوت کرتا ہے "جس کا معنیٰ دوسرا ہے۔" یا اُن کے ساتھ اپنے رب کا ذکر للہ تعالیٰ کی اُس مراد پر کرتا ہے جس میں وہ اپنی کسی مخصوص کردہ ذات کی طرف میلان نہیں۔

www.maktabah.org

کرتا۔

کیونکہ تنزیہہ اور نفی تشبیہ اُس سے طلب کرتی ہیں کہ ان آیات کی تلاوت کے وقت اُس کے وہم کے ساتھ توقف ہو۔

خُدا کی طرف لوٹا دو

بندے کے حق میں بہتری اور سلامتی یہی ہے کہ وہ ان الفاظ کا اطلاق اللہ تبارک وتعالیٰ کی اُس کی اپنی مراد کی طرف لوٹا دے مگر یہ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اُسے اس پر مطلع فرما دے۔

ان الفاظ کی مراد کیا ہے؟ اس سے نبی، ولی، محدث یا مُلہم جانتا ہے، جو اس میں اُس کے رب کی طرف سے اُس پر ظاہر ہوا یا الہام ہوا یا کلام کیا گیا تو یہ اُس کے لئے مباح بلکہ اُس پر واجب ہے۔ کہ اُس مفہوم کا اعتقاد رکھے۔ جو اُسے الہام کیا گیا یا گفتگو میں بتایا گیا۔

آیات متشابہات آزمائش ہیں

جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے آیات متشابہات کا نزول بندوں کی آزمائش کے لئے ہوا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ سبحانہ نے اپنے بندوں کی نصیحت کے متعلق خبر پہنچائی ہے۔ اور انہیں متشابہات کے حکم کے ساتھ اتباع کرنے سے منع فرمایا یعنی وہ اس پر کسی چیز کے ساتھ حکم نہ دیں کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا ان کی تاویل کو کوئی نہیں جانتا ہاں اگر علمائے راسخین کو ان کا علم ہے تو وہ اللہ تبارک کے اعلام سے ہے نہ کہ اُن کے فکر واجتہاد سے ،، اس لئے کہ یہ بہت بڑا امر ہے جس کا مستقل ادراک بغیر اخبار الٰہی کے عقول نہیں

www.maktabah.org

کر سکتے۔ پس تسلیم کر لینا بہتر ہے۔ اور تمام تعریفیں اللہ رب العلمین کے لئے ہیں۔

الم تر کیف میں کیفیت

رہا ارشادِ خداوندی اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ؟ تو نظر کا اطلاق کیفیات پر ہے اس لئے کہ اس کے ساتھ بدیہی مراد مکیفات ہے۔ تکییف نہیں کیونکہ تکییف اس حالتِ معقولہ کی طرف راجع ہے جس کی نسبت مکیف کی طرف ہے اور وہ یعنی مکیف اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذاتِ اقدس ہے۔ اور اشیاء کی ایجاد کے وقت ان کے ساتھ قدرتِ الٰہیہ کے تعلق کا کوئی شاہد نہیں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرتے وقت انہیں گواہ نہیں بنایا۔
الکہف آیت ۵۱

پس کیفیاتِ مذکورہ وہ ہیں جن کی طرف ہمیں نظر کرنے کے ساتھ امر ہوا ہے نہ کہ ان کیفیتوں میں گفتگو کرنے کا اور یہ اس لئے ہے کہ تاکہ ہم اس سے عبرت پکڑیں اور ان کے لئے دلالت ان کی کیف سے ہے یعنی ان میں کیفیات موجود موجود ہے۔ اور یہ وہ ہیئتیں ہیں جن پر مخلوقات مکیفات ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ کیا وہ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے پیدا کیا گیا ہے۔
الغاشیہ آیت ۱۷

وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ اور وہ پہاڑوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے نصب کئے گئے ہیں
الغاشیہ آیت ۱۹

اور اس کے علاوہ بھی فرمایا ہے اور ان کی موجودگی کے بغیر ان کا دیکھنا درست نہیں پس اس کی طرف دیکھیں کہ ان کی ہیئتوں کا اختلاف کیسے ہے؟

www.maktabah.org

اور اگر کیف کے ساتھ حالتِ ایجاد مُراد ہے تو یہ نہیں فرمایا کہ اس کی طرف دیکھیں کیونکہ وہ موجود نہیں۔

معلُوم یہ ہُوا

پس ہم نے جان لیا کہ کیف مطلوب رویتِ اشیاء کے منافی ہے اور یہ وہ نہیں جس کا اس کے ساتھ وہم ہوتا ہے جس کا اُسے علم نہیں۔

کیا آپ نے دیکھا کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ کی مراد جب نظر سے فکر ہوتی ہے تو اس کے قریب حرفِ فِی کو کر دیتا ہے اور کیف کو اس لفظ کا ساتھی نہیں بنایا پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِیْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ — کیا انھوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی کو نہیں دیکھا

اعراف آیت ۱۸۵

اس میں يَنْظُرُوْا کے معنی یفکروا ہیں تو جان لیں کہ یہ اپنی ذات کے ساتھ قائم نہیں بلکہ اُسے دُوسرے نے قائم کیا۔ اور یہ نظر ہے۔

اور اس سے اُس نظر کی مثل اعیان کا وجود لازم نہیں آتا جو پہلے بیان ہوئی۔

آنکھ سے نہیں فکر سے دیکھیں وہ مشابہ نہیں

انسان اپنی فکر کے ساتھ نظر کرنے کا مکلّف ہے نہ کہ اپنی آنکھ کے ساتھ ملکوت سے وہ جو غیب ہے اور وہ جو حاضر ہے تو ہمیں حرفِ فِی کے ساتھ ہرگز امر نہیں کیا گیا مگر مخلوقات میں نہ کہ اللہ تعالیٰ کے حق میں تاکہ اس پر اس کے ساتھ استدلال کریں کہ وہ مخلوق کے مشابہ نہیں۔ کیونکہ اگر وہ اس کے مشابہ ہوتا تو اس پر مشابہت کے لحاظ سے وہ امر جائز ہوتا جو مخلوق پر جائز ہے اور یہ

www.maktabah.org

اُمر دو فسادوں میں سے ایک کی طرف لے جاتے گا۔

اوّل یہ کہ وہ جمیع وجوہ سے مخلوق کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو اور یہ محال ہے اِس کا ذکر ہم کر چکے ہیں۔ یا بعض وجوہ سے مُشابہ ہوتا ہے اور بعض سے مشابہ نہ ہوتا ہو اس طرح اس کی ذات دو امروں سے مرکّب ہوتی ہے اور حق تعالیٰ کی ذات میں ترکیب محال ہے پس تشبیہہ محال ہے۔ اور جو کلام اس باب کے لائق ہے اس کو مجموعی طور پر ایک باب میں وارد کرنے میں معذوری ہے۔ اس لئے کہ کمزور انہام کے لئے اس میں دقائق کا سمجھنا دشوار ہے ولیکن ہم نے اس کتاب کے ابواب میں اس مسٔلہ کو بکھیر دیا ہے پس آپ اس کتاب کے ابواب میں اس باب کے پورے مجموعہ کو پڑھیں گے تو جان لیں کے بالخصوص جہاں آپ کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کی تجلّی کا مسٔلہ واقع ہو تو وہاں توقف کریں اور اُس بات کو دیکھیں جو ہم نے آپ کے لئے اس باب کے لائق ذکر کی ہے تو اُسے پالیں گے۔

قرآن مجید کیفیات سے بھرا ہوا ہے کیونکہ کیفیات احوال ہیں اور ان میں سے مکیف کے لئے احوال ذاتی بھی ہیں اور غیر ذاتی بھی۔ ان کا حکم مکیف کے حکم کے برابر ہے مکیف اپنی کیفیت میں مکیف سے استدعا کرے یا اپنی تکییف کے لیے مکیف سے استدعا نہ کرے بلکہ اُس کی یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ کی کیفیت عین اس کی ذات ہے اور اُس کی ذات غیر کو طلب نہیں کرتی کیونکہ وہ اُس کی ذات کے لئے ہے ایسے ہی یہ اُس کی کیفیت ہے کیونکہ وہ اُس کی عین ہے اور اس کی غیر نہیں اور نہ اُس پر زائد ہے پس اس پر غور کریں اور اللہ تبارک و تعالیٰ حق کہتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

الحمد للہ اٹھائیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا

www.maktabah.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اُنتیسواں باب

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے راز اور اہلِ بیت سے اُن کے الحاق کی معرفت میں اور اُن کے وارث ہونے والے اقطاب اور اُن کے اسرار کا بیان

العبد مرتبط بالرب ليس له — عنه انفصال يرى فعلا وتقديرا
والابن انزل منه فی العلی درجا — قد حرّر الشرع فيه العلم تحريرا
فالابن ينظر فی أموال والده — اذ كان وارثه شحا وتقتيرا
والابن يطمع فی تحصيل رتبته — وان يراه مع الاموات مقبورا
والعبد قيمته من مال سيده — اليه يرجع مختارا ومجبورا
والعبد مقداره فی جاه سيده — فلا يزال بستر العز مستورا
الذل يصحبه فی نفسه أبدا — فلا يزال مع الانفاس مقهورا
والابن فی نفسه من أجل والده — عز فيطلب توقيرا وتعزيرا

عبد رب کے ساتھ مربوط ہے اُس کے لئے انفصال اور علیحدگی نہیں وہ فعل اور تقدیر میں دیکھتا ہے۔

بیٹا بلندیٔ درجات میں باپ سے نیچے ہوتا ہے۔ شریعت نے اس علم میں تحریر رقم کی ہے۔

بیٹا اپنے باپ کے اموال میں دیکھتا ہے جب اُس کا وارث کنجوسی اور بخل سے کام لے۔

بیٹا باپ کے حصول کا لالچ کرتا ہے۔ اگرچہ اُسے قبر میں مُردوں کے ساتھ دیکھتا ہے۔

www.maktabah.org

عَبد کی قیمت اُس کے آقا کے مال سے ہوتی ہے وہ مختاری و مجبوری میں اُسی کی طرف رجُوع کرتا ہے۔

عَبد کی قدر و قیمت اُس کے آقا کے جاہ و مرتبہ میں ہوتی ہے تو وہ ہمیشہ عزت کے ستر میں مستوُر رہتا ہے۔

اُس کے نفس میں اُس کی صحبت کا عجز ہمیشہ رہتا ہے اور وہ انفاس کے ساتھ ہمیشہ ملغوب رہتا ہے۔

بیّانی نفسہ اپنے باپ کی عزت سے ہوتا ہے پس وہ عزت و توقیر طلب کرتا ہے۔

مخلوق سے کِنارہ کشی

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرماتے جاننا چاہیے کہ ہم سے حضرت امام جعفر صادق کی حدیث روایت کی گئی جو انھوں نے اپنے باپ حضرت امام محمد باقر بن علی سے انھوں نے اپنے باپ علی بن حُسین سے انھوں نے اپنے باپ حسین بن علی سے انھوں نے اپنے والدِ گرامی علی ابنِ ابی طالب علیہم السّلام سے اور انھوں نے حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کی ہے آپؐ نے فرمایا!

"مولیٰ القوم منہم" یعنی قوم کا مولیٰ قوم سے ہوتا ہے۔

الحدیث

اور ترمذی نے رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے حدیث کی تشریح کی کہ آپؐ نے فرمایا!

اَہلَ القرآن ھم اہل اللہ وخاصتہ، اہلِ قرآن اہل اللہ اور اُس کے خاص لوگ ہیں۔

الحدیث

www.maktabah.org

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے مخصوص بندوں کے حق میں "ابلیس" سے فرمایا!

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ الحجر آیت ۴۲ میرے بندوں پر تیرا تسلّط نہیں ہوگا

ہر وہ اللہ کا بندہ جس پر مخلوق کا حق ہوگا اس حق کے مطابق اس کی اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے عبودیت ناقص ہوگی کیونکہ یہ مخلوق اس سے اپنا حق طلب کرے گی اور اس کا اس عبد پر تسلّط ہوگا تو یہ شخص محض اللہ تعالیٰ کے لئے مخلص بندہ نہیں ہو اور یہ وہ امر ہے جس کی طرف مخلوق سے انقطاع کرنے والے منقطعین رجوع کرتے ہیں اور خود پر سیر وسیاحت اور جنگلوں اور دریاؤں کے کناروں پر رہنا لازم کر لیتے ہیں اور لوگوں سے فرار حاصل کر کے حیوانیت کے ملک سے نکل جاتے ہیں اس لئے کہ وہ تمام کو ان سے حریت اور آزادی چاہتے ہیں۔

جب میں نے دنیا سے انقطاع کیا

میرے ایام سیاحت میں مجھ سے ایک بڑی جماعت کی ملاقات ہوئی اس زمانہ سے مجھے اس میں یہ مقام حاصل ہوا کہ میری ملکیت میں ہرگز کوئی حیوان نہیں تھا بلکہ میرے پاس کپڑا بھی نہیں تھا جسے میں پہن لیتا، کیونکہ میں کپڑا نہیں پہنتا تھا مگر اس معین شخص سے لے کر پہنتا تھا جو مجھے عاریتاً دے کر اس میں تصرّف کی اجازت دے دیتا۔

اور وہ زمانہ جس میں کوئی چیز میری ہوتی ہے اس وقت میں اس حال سے نکل چکا ہوں۔

مگر یہ کہ اس چیز کو ہبہ کر دوں یا آزاد کر دوں اگرچہ میں اسے آزاد کر دیتا ہوں یہ مقام مجھے اس وقت حاصل ہوا جب میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے مخصوص عبودیت کے تحقق کا ارادہ کیا مجھے کہا گیا کہ یہ مقام تیرے لئے درست نہیں

www.maktabah.org

یہاں تک کہ تجھ پر کسی کی محبّت قائم نہ ہو۔

میں نے کہا اگر اللہ تبارک وتعالیٰ چاہے تو اللہ تعالیٰ کے لئے بھی محبت قائم نہ ہو۔
مجھے کہا گیا یہ تیرے لئے کیسے درست ہے کہ تجھ پر اللہ تعالیٰ کے لئے محبت قائم نہ ہو۔

میں نے کہا محبتیں انکار کرنے والوں پر قائم ہوتی ہیں نہ کہ اعتراف کرنے والوں پر، اور محبتیں دعویٰ کرنے والوں اور حصّہ لینے والوں پر قائم ہوتی ہیں نہ کہ اُس پر جو کہتا ہے میرا کوئی حق اور حصّہ نہیں۔

اہلِ بیت کو پاک کر دیا گیا ہے۔

حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدحّض مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو پاک فرمایا اور آپ کے اہلبیتِ کرام کی تطہیر فرمائی اور اُن سے ہر رجس کو دُور فرما دیا اور رجس وہ ہے جو انھیں معیوب کرتا ہے۔ کیونکہ عربوں کے نزدیک رجس قذر کو کہتے ہیں۔ ایسے ہی فرائنے کہا ہے!؟ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا

سوائے اس کے نہیں کہ اہلبیت اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے رجس کو دُور کر کے تمہیں خوب خوب پاکیزہ فرمادے

احزاب آیت ۳۳

پس اہلبیت کی طرف پاک النسان کی اضافت ہوگی۔ اور لازم ہے کہ یہ مضاف اُن کی طرف اُن سے مشابہت رکھنے والے کے لئے ہو اور وہ اپنی ذوات کے لئے نسبت اور اضافت قبول نہیں کرتے مگر جس کے لئے طہارت اور تقدیس کا حکم ہو۔

www.maktabah.org

حضرت سلمانؓ فارسی کا اعزاز

تو یہ شہادت حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے طہارت، وعصمت اور حفاظتِ خداوندی کا ہونا ہے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس میں فرمایا! سلمانؓ ہمارے اہلبیت سے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہلبیت کی طہارت اور اُن سے رجس کو دور کرنے کی گواہی دی ہے۔ اب جب کہ اہلبیت کرام کی طرف سوائے پاک اور مُطہر کے نسبت واضافت نہیں ہوسکتی تو اُسے اکیلی اضافت کے ساتھ عنایتِ الٰہی حاصل ہوگئی۔

اہلبیت کے گناہ بخش دیئے گئے ہیں

اہلبیت کے لئے اِس میں نیز اکیا گمان ہے؟ وُہ پاک ہیں بلکہ وہ عین طہارت ہیں۔ اور یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہلبیت کرام کو اپنے ارشاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شریک کیا ہے۔

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ — تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کو پہلے اور پچھلے ذنب[ـه] سے بری کر دے

الفتح آیت ۳

گناہوں سے زیادہ اور کون سا میل کچیل اور غلاظت ہے۔ لیکن اللہ تعالےٰ سبحانہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مغفرت کے ساتھ پاک فرمادیا۔

ذنب کا معنیٰ گناہ بھی ہے اور الزام بھی یہاں الزام ہی مناسب تھا مگر شیخ ابنِ عربی نے گناہ کے معنوں میں لیا ہے واللہ اعلم

www.maktabah.org

وہ امر جو ہماری طرف ذنب کی نسبت سے ہے اگر حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے واقع ہو تو وہ صورتاً ذنب ہوگا نہ کہ معنی میں کیونکہ اس پر اللہ تبارک وتعالےٰ کی طرف سے اور شرعاً ہماری طرف سے حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ ذم کا اطلاق نہیں ہوتا۔

پس اگر اس کا حکم ذنب کا حکم ہوتا تو آپ کے لئے ذنب مذمت کے معنوں میں ہوتا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کی تصدیق نہ ہوتی۔

لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

اے اہلِ بیت تم سے رجس کو دور کر کے خوب خوب پاکیزہ فرما دے۔

الاحزاب آیت ۳۳

اہلبیت بخشے ہوئے اٹھائے جائیں گے

اس میں حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی اولاد پاک سے قیامت تک تمام شرفاءِ سادات اس آیت کے حکم سے غفران میں داخل ہیں اور وہ جو حضرت سلمان فارسیؓ کی مثل ہیں۔ پس اہلِ بیت کرام اللہ تبارک وتعالیٰ کے اختصاص وعنایت سے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شرف کے لئے پاک اور مطہر ہیں اور اہلِ بیت کے لئے اس شرف کا حکم دارِ آخرت میں ظاہر ہوگا، اس لئے کہ وہ بخشے ہوئے اٹھائے جائیں گے۔

اگر اہلبیت پر حد قائم ہو۔

رہا دنیا میں ان میں سے جس پر حد قائم کی جائے؟ جیساکہ تائب جب حاکم کو اس کا امر پہنچے کہ اس سے زنا، سرقہ یا شراب پینا سرزد ہوا ہے تو اس پر مغفرت

www.maktabah.org

کے متحقق ہونے کے باوجود حد قائم کی جائے گی جیسا کہ عزت اور اس کی امثال اور اس کی مذمت جائز نہیں اور ہر مسلمان کا حق ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ساتھ ایمان لائے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے نازل فرمودہ اس حکم کی تصدیق کرے۔

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَ یُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا ۚ الاحزاب آیت ۳۳

اے اہلبیت اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے رجس کو دور کر کے تمہیں خوب پاکیزہ تر فرمادے۔

مومن کیا کرے؟

مومن کو چاہیئے کہ اہلِ بیت کرام سے صادر ہونے والے تمام امور میں یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انھیں معاف فرما دیا ہے اور کسی مسلمان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ ان کے ساتھ مذمت اور برائی کو ملائے اور اسے عیب لگا کر اس سے رخ پھیر لے جن کی طہارت اور اس کے گناہوں کو دور کرنے کی گواہی اللہ تبارک و تعالیٰ نے دی ہو اور یہ اعزاز اس عمل کے ساتھ نہیں جو انھوں نے کیا اور نہ کسی کی خیر اور بھلائی کی بنا پر ہے جو انھوں نے کی بلکہ ان کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کی عنایت نے سبقت کی ہے۔

ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ صاحبِ فضلِ عظیم ہے۔

حضرت سلمانؓ فارسی بھی پاک ہیں

جب حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں وارد ہونے والی خبر

www.maktabah.org

درست ہو گی تو اُن کیلئے یہی درجہ ہے۔ کیونکہ اگر حضرت سلمانؓ ظاہر شرع میں کسی معیوب امر پر ہوں اور ان کے عامل کے ساتھ مذمت اور برائی لاحق ہو تو اس کا مضاف اُس اہلبیت کی طرف ہو گا جس سے رجس کو دور نہیں کیا اور اہلِ بیت کے لئے اُس سے اُسی قدر رہ گا جو اُن کی طرف مضاف ہوا اور وہ نفس کے ساتھ پاک ہیں۔

تو بلاشک سلمانؓ ان سے ہیں۔

مجھے امید ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد کو یہ عنائیت لاحق ہو گی جیسا کہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام کی اولاد و عقب اور اہلبیت کرام کے موالی کو لاحق ہو گی کیونکہ اے دوست اللہ تبارک و تعالیٰ کی رحمت وسیع ہے۔ اور جب اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک مخلوق کی منزلت اس مشابہت کے ساتھ ہو گی تو اُن سے منسوب ہونے والا اُن کے شرف کے ساتھ مشرف ہو جائے گا۔ اور اُن کا شرف اُن کی ذات کے لئے نہیں بلکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انھیں برگزیدہ فرما کر شرف کا حلہ پہنایا ہے۔

جو خدا سے منسوب ہو جائے

اے دوست وہ شخص کیسا ہو گا جو اُس ذات کی طرف منسوب ہے جس کی ذات کے لئے حمد و تعریف اور شرف و مجد ذاتی ہے پس وہ سبحانہٗ تعالیٰ بزرگی والا ہے۔ اُس کے بندوں سے جو لوگ اُس کی طرف منسوب ہیں وہ اُس کے بندے ہیں۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جن پر آخرت میں مخلوق میں سے کسی کا تسلط اور غلبہ نہیں ہو گا، اللہ تبارک و تعالیٰ نے ابلیس لعین کو فرمایا!

"عَنْ عِبَادِیْ" یعنی جو میرے بندے ہیں" پس انھیں اپنی طرف منسوب کر کے فرمایا! لَیْسَ لَکَ عَلَیْھِمْ سُلْطَانٌ یعنی ان پر تیرا غلبہ اور تسلط نہیں ہو گا۔

www.maktabah.org

اللہ تبارک وتعالیٰ کی پاک ذات کی طرف منسوب ہونے سے قرآن مجید میں نہیں پائے جاتے مگر جو بطورِ خاص سعید اور خوش قسمت ہیں جب کہ دوسروں کے حق میں عباد کا لفظ آیا ہے۔ پس تیرا معصومین ومحفوظین کے ساتھ کیا گمان ہے جو اپنے آقا کی حدود کے ساتھ اُس کے مراسم کے پاس قائم اور ٹھہرے ہوئے ہیں۔ پس ان کا شرف اعلیٰ واتم ہے۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جو اس مقام کے قطب ہیں اور اقطاب میں سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جنہوں نے مقام اہلبیت کے شرف کی وراثت پائی۔

اللہ تعالیٰ کے اُس کے بندوں پر حقوق اور بندوں پر جو اُن کے اپنے اور دوسری مخلوق کے حقوق ہیں کو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں سے زیادہ جانتے تھے اور ان حقوق کی ادائیگی میں لوگوں سے زیادہ طاقتور تھے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سلسلہ میں فرمایا ہے!

"لَوْ كَانَ الْاِيْمَانُ بِالثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ مِنْ فَارِسْ" یعنی ایمان ثریا پہ پہنچ جائے تو فارس کے مرد اتار لیں گے۔

الحدیث

اور اس میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اشارہ ہے اور اس حدیث میں آپؐ کا دوسرے کواکب کے بالعکس ثریا کے ذکر کی تخصیص فرمانا سبعہ صفات کا اثبات کرنے والوں کے لئے بر لعیت ہے کیونکہ وہ سات ستارے ہیں۔

تو اس پر غور کریں۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے اہل بیت میں شامل کرنا اور اُن کے معاہدے کی ادائیگی کرنا حضرت

www.maktabah.org

سلمانؓ فارسی کے لئے باعثِ مسرت تھا اس میں عجیب قصہ ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت سلمانؓ فارسی حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آزاد کردہ ہیں اور آزاد کردہ غلام انہیں لوگوں سے ہوتا ہے جن کا غلام ہوتا ہے اور تمام لوگ حق تعالیٰ کے موالی اور غلام ہیں اور اُس کی رحمت ہر چیز پر وسیع ہے اور ہر چیز اُس کی عبد اور غلام ہے۔

اہلِ بیت کی بُرائی کسی حال میں نہ کرو

آپ کے لئے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اہلِ بیت کی قدر و منزلت بیان ہو چکی ہے۔ اِس کے بعد مسلمان کو حق نہیں پہنچتا کہ اُن سے واقع ہونے والے امور پر ان کی مذمت کرے کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنھیں پاکیزہ فرما دیا ہے پس اُن کی مذمت کرنے والے کو جان لینا چاہیئے کہ یہ مذمت کرنا اُسی کی طرف لوٹ آئے گا۔

اہلِ بیت کا ظُلم ظلم نہیں تقدیرِ الٰہی ہے

اگر اہلِ بیت کرام اُس پر ظلم کریں تو یہ ظُلم اُس کے اپنے گمان میں ہوگا نہ کہ نفس الامر میں اگرچہ ظاہر شریعت میں یہ ظُلم کے حکم میں ہو بلکہ درحقیقت اہلِ بیت کا ظُلم ہم پر تقدیروں کے جاری ہونے کے مُشابہ ہے کہ تقدیرِ الٰہی نے ہمارے جان و مال کو ڈبو دیا یا جلا دیا اور اس کے علاوہ جو مُہلک امور واقع ہوتے ہیں پس کسی کے دوستوں سے کسی کا جل جانا یا فوت ہو جانا یہ اُس کی اپنی ذات پر مصیبت نازل ہونا اور یہ سب کچھ اُس کی غرض کے موافق ہیں تاہم اُس کے لئے جائز نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور اُس کے فیصلے کی مذمت کرے بلکہ اُس کا حق ہے کہ اِن کو سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے خوشی سے قبول کرے

www.maktabah.org

اسی میں خیر ہے

اگر اس مرتبہ سے رکر جائے تو صبر کے ساتھ اور اگر اس مرتبہ سے بلند ہو جائے تو شکر کے ساتھ کام لے کیونکہ اس مرتبہ کو طے کرنے میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے اس مصیبت اٹھانے والے کو نعمتیں عطا کی جاتی ہیں - اور جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اس کے علاوہ خیر نہیں - کیونکہ اس کے علاوہ بے قراری ناراضگی عدم رضا اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور میں سوئے ادبی پائی جاتی ہے -

ایسے ہی مسلمان کا حق ہے کہ اس پر اہلِ بیت کرام کی طرف سے جو تمام امور اس کے جان و مال اور اہل و اقرباء کے سلسلہ میں طاری ہوں ان تمام کو تسلیم و رضا اور صبر کے ساتھ قبول کرے، اور ان کے ساتھ ہرگز ہرگز مذمت اور برائی کو ملحق نہ کرے -

اگرچہ ان پر شریعت کے مقرر کردہ احکام عائد ہوتے ہیں اور اس امر میں کوئی قدح نہیں بلکہ یہ مقدرات کے جاری ہونے کی طرح جاری ہیں

اور ہم نے جو ان کی مذمت کے متعلق منع کیا ہے تو وہ اس لئے ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان امور کے ساتھ انہیں ہم سے الگ کر دیا ہے - جن میں ہمارے لئے ان کے ساتھ قدم نہیں -

خدا نے اہلِ بیت کی برائی نہیں کی

رہا شرعی حقوق کی ادائیگی کرنا تو یہ ایسے ہیں - کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یہودیوں سے قرض لیتے تھے اور جب وہ اپنے حقوق طلب کرتے تھے تو آپ ممکن حد تک احسن طریقہ سے ادا کرتے اور اگر یہودی اس پر اپنی بات

www.maktabah.org

طلبی کرنا تو آپ فرماتے صاحبِ حق کو بات کرنے کا حق ہے۔ اور حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر فاطمہؓ بنت محمدؐ چوری کرتیں تو میں اُس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا تو یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے احکام کو دفع کرنا ہے جیسا چاہے دفع فرمائے اور جو نسے حال میں چاہے کرے تو یہ حقوق اللہ ہیں اور باوجود اس کے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اہلِ بیت کرام کی مذمت نہیں کی اور ہمارا کلام ہمارے اپنے حقوق کے بارے میں ہے اور اُس چیز کے بارے میں ہے جو ہماری ہے کہ اُس کے ساتھ لوگوں سے مطالبہ کریں، پس ہمیں اختیار ہے کہ چاہیں تو ہم لیں اور چاہیں تو چھوڑ دیں جب کہ چھوڑ دینا بالعموم افضل ہے۔

یہ عام لوگوں کی بات ہے۔ تو اہلِ بیت کرام سے کیسا سلوک کرنا چاہیئے اور جب ہمیں کسی کی بھی مذمت کا حق نہیں پہنچتا تو اہلِ بیت کی مذمت کیسے جائز ہوگی، جب ہم اپنے حقوق کے طلب کرنے پر اُتر آتے ہیں اور ان سے اس میں درگذر کر لیتے ہیں یعنی اس میں جو ہمیں جو تکلیف پہنچی تھی تو اس کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک ہمارے لئے عظیم ہاتھ اور قربت کی جگہ ہے۔ کیونکہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے امر سے کچھ مطالبہ نہیں فرمایا مگر اپنے اقرباء کی محبت و مودت طلب کی ہے اور اس میں صلہ رحمی کا راز ہے۔

اور جو شخص اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ سوال قبول نہیں کرتا جس سوال کو پورا کرنے پر قادر ہے۔ تو وہ کل قیامت کے دن کس منہ سے آپؐ سے ملاقات کرے گا۔ یا آپؐ کی شفاعت کی اُمید رکھے گا اور جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طلب کردہ اپنے قرابت داروں کی مودت کا حق ادا نہیں کیا تو وہ آپ کے اہلِ بیت کرام کی مودت کا حق کیسے ادا کرے گا۔

www.maktabah.org

مؤدّت کا تقاضا یہ ہے

اہلِ بیت کرام آپ کے خاص اقرباء ہیں پھر آپ نے لفظ مؤدّت ارشاد فرمایا ہے۔ اور یہ محبت پر ثابت قدم رہتا ہے کیونکہ جب کسی امر میں مودّت ثابت ہو گی تو وہ ہر حال میں اس کے ساتھ ہو گی اور جب ہر حال میں مودّت اس کے ساتھ ہو گی تو وہ اہلِ بیت سے اپنے اس حق کا مواخذہ نہیں کر سکتا جو اس کے حق میں ان کی طرف سے طاری ہوا ہو گا اور وہ اپنے مطالبے کو محبت اور ذاتی ایثار کی وجہ سے چھوڑ دے گا۔

ایک سچے محب کا قول ہے کہ محبوب جو کچھ کرتا ہے وہ محبوب ہوتا ہے۔ اور اس نے حُبّ کا اسم استعمال کیا ہے۔ جب حُبّ کا یہ عالم ہے تو مودّت کا حال کیسا ہو گا۔ اور بشارت سے یہ امر ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے اسمِ وُدود وارد ہوا ہے۔ اور اس کے ثبوت کے کوئی معنی نہیں مگر ہر طائفہ کے لئے اس کا انعامِ آخرت اور آگ میں بالفعل ہو گا جس کا اقتضاء ان میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی حکمت کرے گی۔

دوسرے نے اس معنی میں کہا! أُحِبُّ لِحُبِّهَا السُّودَانَ حَتّٰى

أُحِبُّ لِحُبِّهَا سُودَ الْكِلَابِ

میں اس کی محبت کی وجہ سے کالے رنگ والوں سے محبت کرتا ہوں اور اس کی محبت کی وجہ سے کالے رنگ کے کتوں سے محبت کرتا ہوں۔

اور ہم نے اس میں یہ شعر کہا ہے۔

أُحِبُّ لِحُبِّكَ الْحُبْشَانَ طُرًّا ۔۔۔ وَأَعْشَقُ لِاسْمِكَ الْبَدْرَ الْمُنِيرَا

www.maktabah.org

میں آپ کی محبت کی وجہ سے حبشیوں سے محبت کرتا ہوں اور میں آپ کے بدرِ منیر اِسم کا عاشق ہوں۔

بعض نے کہا اُسے سیاہ رنگ کے کتوں نے کاٹ لیا تھا اور وہ اُن سے محبت کرتا تھا تو محبت میں محب کا یہ فعل ہے جو اُسے اللہ تعالیٰ کے ہاں سعادت نہیں بخشتا اور نہ ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے اُسے قربت پہنچ سکتی ہے۔ تو یہ کیا ہے؟ سوائے اس کے کہ محبت کی سچائی اور نفس میں دوستی کا ثبوت ہے۔

اہلِ بیت کی محبت پر خدا کا شکر ادا کریں۔

اگر آپ کی اللہ تبارک و تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ محبت درست ہے۔ تو آپ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلِ بیت کرام سے محبت کریں گے۔ اور اُن سے اپنے حق میں صادر ہونے والے ہر اُس امر کو جو آپ کی طبیعت اور غرض کے موافق نہیں خوبصورت دیکھیں گے اور اُن سے جو کچھ آپ کے حق میں واقع ہو گا اُسے نعمت خیال کریں گے۔

پس اُس وقت آپ جان لیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ کے لئے لطف و عنایت ہے۔ کہ آپ اہلِ بیت کرام سے محبت کرتے تھے نیز یہ کہ آپ جس سے محبت کرتے ہیں وہ آپ کو یاد کرتا ہے اور اُس کے دل میں آپ کا خیال ہوتا ہے تو یہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلبیت کرام ہیں۔ جو آپ کو آپ کی محبت کی وجہ سے یاد رکھتے ہیں۔

پس اِس نعمت پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ وہ اپنی اُن پاک زبانوں

www.maktabah.org

کے ساتھ آپ کو یاد کرتے ہیں جن کی تطہیر اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمائی ہے اور آپ کا علم اس طہارت اور پاکیزگی تک نہیں پہنچ سکتا۔

اگر اہلِ بیت کی محبت نہیں تو

جب ہم آپ کو اس حالت کے مخالف دیکھتے ہیں، باوجود اس کے کہ آپ اہلِ بیت کرام کے محتاج ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق کی ہدایت کی ہے کہ ہم تمہاری محبت کی کیسے توثیق کر دیں کہ جو تمہارے گمان میں میرے ساتھ شدید محبت اور میرے حقوق یا میری جانب کی رعائیت کرنا ہے جب کہ تم اپنے نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی اہلِ بیت کے حق میں اس صورت میں ہو جو تم میں واقع ہوتی ہے۔

خدا کی قسم یہ تمہارے ایمان کی کمی ہے۔ اور تم اللہ تبارک وتعالیٰ کی خفیہ تدبیر اور استدراج کی گرفت میں ہو اور تمہیں اس کا علم نہیں۔

کیا تم پر اہلِ بیت کا کوئی حق نہیں

مکر کی صورت یہ ہے کہ تم عقیدہ رکھتے ہو کہ تم اس فعل سے اللہ تبارک وتعالیٰ کے دین اور شریعت کی حمایت کرتے ہو اور اپنا حق طلب کرنے میں کہتے ہو کہ تم وہی طلب کرتے ہو جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمہارے لئے جائز اور مباح کیا ہے۔ اور اس شرعی طلب میں برائی، بغض، رنجیدگی اور تمہارے نفس کا اہلِ بیت پر ایثار مندرج ہوتا ہے اور تم نہیں جانتے کہ اس کے ساتھ اس پیچیدہ بیماری سے دوا شافی ہے۔

کیا تم اپنی ذات کے لئے ان کے ساتھ کوئی حق نہیں دیکھتے اور اپنے حق سے اتر آتے ہو کہ شاید اس کی طلب میں مندرج ہو جس کا میں نے تمہارے لئے ذکر کیا ہے۔

www.maktabah.org

